Scorpio
عقرب
ایم الیاس

**بہار** کی صبح جاڑے کی صبح کی طرح بہت حسین اور پیاری ہوتی ہے۔ ہلکی کہر کا جال توڑ کر ج کی کرنیں سونا لٹا رہی ہوں تو یہ صبح اور بھی حسین معلوم ہوتی ہے۔ آج کی صبح بھی، برآمدے میں پگھلا سونا بہہ رہا تھا۔ ایسے میں کرسی پر بیٹھ کر گرم گرم کافی پی جائے تو بہت لطف آتا ہے۔ سلیل ناشتا چکا تھا۔ وہ ہوٹل کے برآمدے میں گرم گرم کافی پی رہا تھا۔ اسے ٹیکسی والے کا انتظار تھا۔ ویٹر نے رات اس سے کہا تھا کہ صبح سورج نکلنے کے بعد ٹیکسی والا آجائے گا۔

سلیل نے جیسے ہی اپنی کافی ختم کی اسے ویٹر کے ساتھ ایک معمر اور باریش شخص آتا دکھائی دیا۔ اس نے پاس آ کر بڑے تپاک سے سلام کیا۔ ویٹر نے سلیل سے کہا۔ "آپ اس سے کرایہ طے کر لیں۔ آپ کو کالام لے جائے گا۔"

سلیل نے اس سے کرایہ طے کیا۔ ویٹر اس کے کمرے سے سامان لے آیا۔ باہر ٹیکسی کھڑی تھی۔ سامان ڈگی میں رکھ دیا گیا اور سلیل اگلی نشست پر ڈرائیور کے ساتھ بیٹھ گیا۔ پھر اس نے سو روپے کا ایک نوٹ نکال کر ویٹر کو دیا۔ ٹیکسی چل پڑی۔ تھوڑی دیر کے بعد سلیل نے اس سے پوچھا۔ "آپ کا نام کیا ہے؟"

"میرا نام سلجوق ہے۔" اس نے سڑک پر سے نگاہیں ہٹا کر سلیل کی طرف دیکھا۔

"آپ مقامی معلوم نہیں ہوتے ہیں؟" سلیل نے اس کے چہرے پر اپنی نگاہیں مرکوز کر کے کہا۔ چہرے کے خدوخال اور نام سے آپ کسی اور خاندان اور ملک کے باشندے معلوم ہو رہے ہیں۔"

"آپ نے بالکل درست اندازہ لگایا۔" سلجوق کے ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیل گئی۔ "میرا تعلق ترکی سے ہے۔ سلجوق ترک خاندان کو کہتے ہیں۔ کیا میں آپ کا نام پوچھ سکتا ہوں؟"

"میرا نام سلیل ہے۔" اس نے جواب دیا۔ "سلیل کے معنی ہیں ننگی تلوار......"

"آپ کا تعلق کہاں سے ہے؟" ٹیکسی ڈرائیور سلجوق نے سوال کیا۔ "آپ کوہ پیما معلوم ہوتے ہیں۔"

"میں چونکہ ایک سیاح ہوں، اس لئے میرا تعلق ہر ملک، خطے اور وادی سے ہے۔" سلیل بتانے لگا۔ "میں نے دنیا کی بہت ساری چھوٹی بڑی چوٹیاں سر کی ہیں۔ ان میں ہمالیہ، کے ٹو، یورپ کی بھی چوٹیاں شامل ہیں۔ دراصل میں اب بہت تھک چکا ہوں۔ میں کالام کی چوٹی فلک سیر سر کرنے کے ارادے سے آیا ہوں۔ اس کے بعد پھر میں کوئی چوٹی سر نہیں کروں گا۔ میں اپنا گھر بسا کر اپنی نئی زندگی کا آغاز کرنا چاہتا ہوں۔"

"بڑا نیک خیال ہے۔" سلجوق نے کہا۔ "کیا آپ وادی سوات پہلی بار تشریف لائے ہیں؟"

"جی ہاں......" سلیل نے اپنا سر ہلایا۔ "میں نے وادی کالام اور فلک سیر چوٹی کی بہت تعریف سنی۔ چوں کہ آپ کالام میں پیدا ہوئے ہیں، جتنا آپ جانتے اور بتا سکتے ہیں کوئی اور نہیں بتا سکتا ہے۔"

"یہ آپ سے کس نے کہا کہ میں کالام میں پیدا ہوا ہوں۔ آپ نے کیسے جانا؟" وہ حیرت سے بولا۔

"ویٹر نے بتایا تھا۔" سلیل نے جواب دیا۔ "میں نے رات ویٹر سے کہا تھا کہ کسی ایسے ٹیکسی والے سے ملاؤ جو کالام سے تعلق رکھتا ہو، تاکہ میں اس سے وادی کالام کے بارے میں معلوم کر سکوں..... وہ کالام میں میری رہائش کا مسئلہ بھی حل کر سکے۔ میں ذہنی طور پر وادی کالام میں زندگی بسر کرنے کے لئے تیار ہو کر آیا ہوں۔"

"میں ایک ٹیکسی ڈرائیور ہی نہیں بلکہ گائیڈ بھی ہوں۔ یوں تو وادی سوات کی ایک ایک جگہ اور مقام کے بارے میں بتا سکتا ہوں۔ وادی سوات کے حسن کے ماتھے کے جھومر کا نام کالام ہے۔ وہ یہاں یعنی سیدو شریف سے سو کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے اور یہ سطح سمندر سے چھ ہزار آٹھ سو بیس فٹ بلند ہے۔ اس وقت یہاں کی آبادی بیس سے تیس ہزار کے اندر ہے۔ فلک سیر چوٹی بیس ہزار فٹ بلند ہے۔"

"فلک سیر کی اور کیا خوبی ہے جو اکثر سیاح اور کوہ پیما ادھر آتے رہتے ہیں؟" سلیل نے پوچھا۔

"یہاں ہر وقت برف گرتی رہتی ہے اور جہاں مختلف برف کی رنگین چٹانیں بھی موجود ہیں۔" سلجوق نے جواب دیا۔

"رنگین چٹانیں.....؟" سلیل نے حیرت سے کہا۔ "اس کا مطلب یہ ہے کہ اسے سر کرتے ہوئے بہت لطف آئے گا۔ اس کا حسن اور رنگینی ایک دلکش نظارہ اور سماں پیدا کرے گا۔"

"جی ہاں....." وہ بولا۔ "کالام کو بجا طور پر حسن کا مرقع کہا جا سکتا ہے۔ سوات کی سیر کالام کی سیر کئے بغیر ادھوری اور بے کیف سی رہ جاتی ہے۔ ایک مقامی شاعر کے بقول۔

جام تک آئے مے گلفام تک آئے تو نہیں
جو سوات آئے مگر کالام تک آئے نہیں

"آپ شعری ذوق بھی رکھتے ہیں۔" سلیل ہنس پڑا۔ "آپ نے بہت اچھا شعر سنایا ہے۔"

"قدرت نے کالام کی وادیوں، اوشو اتروڑ اور گیرالی کو دوسرے علاقوں سے زیادہ رعنائی بخشی ہے۔ یہ وادی کشادہ اور کسی حد تک بیضوی بھی ہے۔ تین میل کے کھلے میدانوں والی اس وادی میں ہر طرف سے جھرنے اور چشمے آ کر اس مقام پر دریا میں ملتے ہیں۔ رنگ برنگ پھولوں کے تختے، اخروٹ اور سیب کے جھومتے ہوئے درخت اور جوار کے لہلہاتے ہوئے کھیت ایک عجیب اور پرکیف سماں پیش کرتے ہیں۔ پہاڑوں کے دامن میں، سرسبز چراگاہوں میں، بھیڑوں کے ریوڑ، [illegible] دریا کا مسلسل شور اور دھوپ میں چاندی کی مانند چمکتی برف، یہ سب مل کر انسان کو مسحور کر دیتے ہیں۔ دل و دماغ کو بڑی فرحت بخشتے ہیں۔"

"بابا! آپ تو کالام کی تعریف شاعرانہ انداز [illegible] رہے ہیں۔" سلیل مسکرایا۔ "آپ بہت جذباتی معلوم ہوتے ہیں۔"

"اس لئے کہ کالام کی وادی اتنی حسین ہے کہ ہر شخص اسے دیکھ کر شاعر اور جذباتی بن جاتا ہے۔"



وہ کہنے لگے۔ "کالام کا علاقہ کالام کے نام سے زیادہ پرانا اور قدیم ہے۔ عہد قدیم میں آتش پرستی اور ناگ پرستی کے زمانے میں ان مذاہب کا مرکز رہا ہے، جہاں پرتاگاپال کی حکومت تھی اور جو پورے علاقے میں اپنی قوت اور جادو کے لئے مشہور تھا۔"

"جادو.....؟" سلیل نے چونک کر حیرت سے پوچھا۔ "کیا یہ علاقہ جادوگروں کا مسکن بھی رہا ہے؟"

"جی ہاں....." سلجوق نے سر ہلایا۔ "یہاں بڑے زبردست جادوگر گزرے ہیں۔ کچھ جادوگر تھے جو یہاں سے ہجرت کر گئے۔ ان کے بارے میں کچھ نہیں معلوم کہ وہ کہاں جا کر بس گئے۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے وہ اسی علاقے میں کہیں رہائش پذیر ہیں۔"

"جادوگر تو ماضی کا حصہ بن گئے ہیں....." سلیل نے کہا۔ "کیا جادو کی باقیات کہیں موجود ہیں؟"

"اس علاقے میں جو قدرتی جھیلیں ہیں ان کا آپ نہ صرف لطف اٹھا سکتے ہیں بلکہ ایسا جادو دیکھ سکتے ہیں جو ناقابل یقین ہے۔ یہ حیرت انگیز بات ہے کہ ان قدرتی جھیلوں میں برف اور پانی کیسے جمع ہو جاتا ہے۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ یہاں پریاں نہانے اور شادی کرنے اور ڈوبی ہوئی بارات پر ماتم کرنے اور سونے کی کٹوریاں نکالنے کی لئے آتی ہیں۔ پتہ نہیں وہ کیسے اور کہاں سے آتی ہیں۔ ہر شخص کو یہ پریاں وغیرہ دکھائی نہیں دیتی ہیں۔"

"آپ نے کبھی کسی جھیل پر کسی پری کو دیکھا ہے؟" سلیل نے پوچھا۔ "کبھی اس بات کی کوشش کی تھی؟"

"میں نے ایک جھیل پر ان کی آوازیں سنی ہیں۔ صرف ایک مرتبہ..... یہ دس برس پہلے کی بات ہے۔"

"یہاں جو سیاح اور کوہ پیما آتے رہے ہیں ان میں سے کسی نے کسی پری وغیرہ کو دیکھا ہے؟" سلیل نے دریافت کیا۔

"جی نہیں....." وہ بولا۔ "سیاح اور کوہ پیما اس بات پر یقین نہیں رکھتے ہیں۔ جب وہ یہ روایت سنتے ہیں تو اسے قصہ کہانی سمجھتے ہیں۔ ان غیر ملکی سیاحوں کو اس بات پر بھی یقین نہیں ہے کہ یہاں کبھی جادوگر آباد تھے۔ جادوگروں کے یہاں سے چلے جانے کی وجہ یہاں کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی ہے۔"

"آپ نے جس طرح یہاں کے حسن اور رنگینی کی تعریف کی ہے اس نے یہاں میری رہائش اختیار کرنے کی خواہش شدید کر دی ہے۔ میں نے کے ٹو کی چوٹی سر کرنے کے بعد وہاں سے فلک سیر کی چوٹی دیکھی تھی۔ معلوم نہیں کیوں مجھے کالام کی کشش یہاں کھینچ لائی ہے۔ ایسا لگ رہا ہے کہ کسی جادوئی طاقت نے مجھے یہاں آنے پر مجبور کیا ہو۔" سلیل نے کہا۔

"شاید۔ اس لئے کہ آپ بہت ہی خوبصورت اور سحر انگیز شخصیت کے مالک ہیں۔" سلجوق نے سڑک سے نظریں ہٹا کر اس کی طرف دیکھا۔ "ہر خوب صورت چیز، ہر خوبصورت چیز کو کھینچتی ہے جس طرح پیسہ، پیسے کو کھینچتا ہے۔"

"میں اس قدر خوبصورت نہیں ہوں جس قدر آپ سمجھ رہے اور میری تعریف کر رہے ہیں.

سلیل نے کہا۔

"ماشاءاللہ...... آپ نہ صرف بہت خوب صورت، بہت پرکشش شخصیت کے مالک ہیں بلکہ مردا
وجاہت سے بھرپور ہیں۔ آپ کا جسم ورکاٹھی، چوڑا چکلہ سینہ دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ آپ کوئی غیر معمو
آدمی ہیں۔ آپ کا جسم فولادی ہے۔ میں نے اپنی زندگی میں شاید ہی آپ جیسا طاقت ور شخص دیکھا ہو
آپ سے نہ صرف عورتیں بلکہ مرد بھی متاثر ہو جاتے ہوں گے۔"

"سلجوق بابا!" سلیل مسکرا دیا۔ "آپ نے میری تعریف میں زمین آسمان ایک کر دیا ہے۔
حالانکہ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ میں ایک عام قسم کا شخص ہوں۔ چوں کہ میں جوان ہوں۔ میرا جسم کسر[illegible]
ہے۔ اس لئے آپ کو ایسا محسوس ہو رہا ہے۔ چوں کہ سیاحت اور کوہ پیمائی میں دس برس گزر چکے ہیں اس
لئے جسم مضبوط اور توانا دکھائی دیتا ہے۔ میں اپنے جسم اور غذا کا بہت خیال رکھتا ہوں بلکہ رکھنا پڑتا ہے۔
کسی بھی چوٹی کو سر کرنے کے لئے طاقت اور مضبوط جسم کا ہونا بہت ضروری ہے۔"

"آپ ایک یونانی دیوتا کی طرح دکھائی دیتے ہیں۔" سلجوق کہنے لگا۔ "میں جب بیس برس کا تھ
تو میرے دادا مجھے اپنے آبائی وطن دکھانے اور اپنے خاندان کے لوگوں سے ملانے لے گئے تھے۔ تب
مجھے ان کے ساتھ یونان جانے کا اتفاق ہوا تھا۔ میں نے وہاں سیر و سیاحت کے دوران یونانی دیوتاؤں
کے مجسمے دیکھے تھے۔ انہوں نے مجھے مسحور کر دیا تھا۔ اس طرح آج آپ مجھے مسحور کر رہے ہیں۔ آج مجھے
یونانی دیوتا کے مجسمے یاد آ رہے ہیں جن کی خوبصورتی مثالی اور نادر تھی۔ میں مبالغہ آمیزی نہیں کر رہا ہوں
میں نے ایسا کوئی مجسمہ نہیں دیکھا جو آپ سے زیادہ خوبصورت ہو۔"

"دراصل یہ آپ کی محبت، خلوص اور سادگی ہے جو آپ میری اتنی تعریف کر رہے ہیں۔" سلیل
نے کہا۔ "اس وادی اور اس کے باشندوں کی میں نے بہت تعریف سنی ہے۔ بڑے نیک ایمان دار اور
سیدھے سادے اور پرخلوص لوگ ہوتے ہیں۔ اس لئے میں نے سوچا کہ اب میں اپنی زندگی اس
علاقے میں گزار دوں۔"

"یہاں بڑے خطرناک لوگ بھی ہیں لیکن ان کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے۔" سلجوق
نے کہا۔ "اس وادی میں سارے فرشتے ہی نہیں رہتے ہیں۔ انسانوں میں اچھے برے ہوتے ہیں۔ اس
کے علاوہ بہت سارے جرائم پیشہ جو بڑے چھوٹے شہروں میں رہتے ہیں وہ قانون کے ہاتھوں سے بچنے
کے لئے سیاحوں کے بھیس میں آ جاتے ہیں۔ یہ لوگ بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔ یہ سیاحوں کو دھوکا
دے کر لوٹنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔"

"ساری دنیا میں ایسے اچھے برے لوگ ہوتے ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔ ایک
کاروان زندگی ہے جو چل رہا ہے اور چلتا رہے گا۔ اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔" سلیل نے
جواب دیا۔

"کیا آپ اکیلے فلک سیر کی چوٹی سر کریں گے؟" سلجوق نے متعجب لہجے میں پوچھا۔ "کیا آپ
ساتھی نہیں ہیں؟"



"جی نہیں......" سلیل نے سر ہلایا۔ "چوں کہ اس موسم میں اکثر کوہ پیماؤں کی جماعتیں چوٹیاں سر
کرنے نکلتی ہیں۔ اس لئے اس بات کا امکان ہے کہ یہاں بھی کوئی جماعت آ نکلے۔ میں کالام میں ایسی
کسی جماعت کا انتظار کروں گا۔ جب کوئی جماعت آ جائے گی تو میں ان میں شامل ہو جاؤں گا۔ میری
جماعت کے لوگ قراقرم کی ایک چوٹی سر کرنے گئے ہوئے ہیں۔ لیکن میں یہاں کسی اور ارادے سے آیا
ہوں۔ اس لئے ان کے ساتھ شامل نہیں ہوا ہوں۔"

"آپ رات دس بجے کے بعد ہوٹل سے سیر و تفریح کے لئے نہ نکلا کریں تو بہتر ہے۔" سلجوق نے
مشورہ دیا۔

"وہ کس لئے......؟" سلیل نے متعجب نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔

"اس لئے کہ چاند کی ابتدائی تاریخیں ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی پری آپ کو دیکھ کر آپ پر فدا
ہو جائے اور اپنے ساتھ لے جائے...... سنا ہے کہ چاندنی راتوں میں پریاں پرستان سے آتی ہیں۔"
سلجوق نے کہا۔ "لیکن یہ پریاں پر والی نہیں ہوتی ہیں۔ چوں کہ بہت حسین ہوتی ہیں اس لئے انہیں
پریوں سے تشبیہ دی جاتی ہے۔"

"یہ تو بہت اچھی بات ہے۔" سلیل نے ہنستے ہوئے کہا۔ "اس طرح میں پرستان چلا جاؤں گا۔
وہاں ساری زندگی کے لئے رہ جاؤں گا...... کیا کسی شخص کو کوئی پری پرستان لے گئی ہے؟ ایسی کوئی مثال
موجود ہے؟"

"سنا ہے کہ دو سو برس پہلے ایک ایسا واقعہ پیش آیا تھا۔ زرملک نامی ایک نوجوان جو کسی شہزادے کی
طرح چودھویں کی رات ایک جھیل کی طرف جا نکلا۔ وہاں ایک پری آ نکلی اور اسے اپنے ساتھ لے گئی۔"

"اس بات کا علم کیسے اور کیوں کر ہوا؟" سلیل نے پوچھا۔ "کیا کسی شخص نے اس شخص کو پری کے
ساتھ جاتے ہوئے دیکھا تھا؟"

"ایک جادوگر کے ذریعے سے۔" سلجوق نے جواب دیا۔ "زرملک کی اچانک اور پراسرار گمشدگی
نے اس کے والدین اور پورے علاقے کے لوگوں کو بہت پریشان کر دیا تھا۔ اس زمانے میں یہاں بڑے
بڑے جادوگر ہوتے تھے۔ ان میں ایک جادوگر نے اپنے علم کی مدد سے بتایا کہ وہ پرستان میں موجود ہے اور
ایک پری کے ساتھ رہ رہا ہے۔ اس جادوگر نے اسے اور پری کو جادو کے گولے میں دکھایا تھا۔"

سلیل کچھ کہتے کہتے رک گیا۔ کیوں کہ کچی اور ناہموار سڑک پر ایک شخص کھڑا ٹیکسی کو رکنے کا اشارہ
کر رہا تھا۔ دائیں جانب ایک مال بردار ٹرک کھڑا تھا۔ اس کا اگلا پہیہ ایک دو فٹ کے گڑھے میں اتر گیا
تھا۔ ٹرک کے پاس چار پانچ آدمی اور موجود تھے۔ سلجوق نے ٹیکسی کی رفتار کم کر کے اس کے پاس لے جا
کر اسے روک دیا۔

ٹیکسی کے رکتے ہی وہ شخص سلجوق کے دروازے کی کھڑکی کے پاس آیا۔ اسے سلام کر کے بولا۔ "
سلجوق بابا! ٹرک کا پہیہ گڑھے میں پھنس گیا ہے۔ ہمارا جیک بھی خراب ہو گیا ہے۔ آپ اپنا جیک دے
دیں تا کہ ٹرک نکال سکیں۔"

''اتفاق سے میں بھی اپنا جیک گھر بھول آیا ہوں۔'' سلجوق بابا نے کہا۔ ''ایک ہی صورت ہے کہ اسے دھکا دے کر نکالا جائے یا پھر کسی ٹرک کا انتظار کر لیں۔ ہوسکتا ہے کہ کوئی ٹرک ادھر آ نکلے......''

''ہم لوگ کوئی گھنٹے بھر سے اسے گڑھے سے نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس عرصے میں ایک ٹرک بھی ادھر سے نہیں گزرا۔ آپ کی پہلی گاڑی ہے جو نظر آئی۔ ہمیں بہت جلدی بھی ہے۔ ٹرک میں پھل لدے ہوئے ہیں انہیں پہنچانا بھی ہے۔''

''جب تک سارا مال اتارا نہیں جائے گا اس وقت تک ٹرک کو گڑھے سے نکالنا مشکل ہے۔'' سلجوق نے کہا۔

''اس میں تو سارا دن لگ جائے گا۔'' اس شخص نے پریشانی کے عالم میں کہا۔ ''کوئی اور تدبیر بتائیں۔''

''ہم دونوں مل کر آپ لوگوں کا ساتھ دیتے ہیں۔'' سلیل نے کہا۔ ''شاید ٹرک کا پہیہ گڑھے سے نکل آئے۔''

اتنا کہہ کر سلیل اتر آیا۔ سلجوق بھی اتر گیا۔ وہ ٹرک کی طرف بڑھتے ہوئے مایوسی سے بولا۔ ''دو آدمیوں سے کیا ہوتا ہے؟ یہ ناممکن سی بات ہے۔ کوئی ٹیکسی یا جیپ نہیں ہے۔ یہ مال بردار ٹرک ہے۔ اس میں تین ٹن مال لدا ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ ٹرک بہت بڑا اور بے حد وزنی ہے۔ اسے نکالنا تو درکنار ہلانا بھی ممکن نہیں ہے۔''

''کوشش کر کے دیکھنے میں کیا حرج ہے۔'' سلیل نے کہا۔ ''ہم کل سات آدمی ہیں۔ سبھی صحت مند اور مضبوط جسم کے مالک ہیں۔''

تھوڑی دیر کے بعد سارے لوگ ٹرک کے سامنے کھڑے ہو گئے۔ سب نے مل کر اسے پیچھے کی طرف دھکیلا۔ اگلے ہی لمحے ٹرک اس طرح سے نکل آیا جیسے وہ کوئی موٹر سائیکل ہو۔ ان لوگوں نے حیرت سے ایک دوسرے کی صورت دیکھی۔ انہیں یقین نہیں آیا۔ ایک ناممکن سی بات ممکن ہوگئی تھی۔ صرف ایک لمحے میں ان کی مشکل حل ہوگئی تھی۔

اگلے لمحے ان لوگوں نے حیرت اور غور سے سلیل کی طرف دیکھا۔ وہ اس کی شخصیت سے مسحور ہوئے بغیر نہ رہ سکے تھے۔ انہوں نے پہلے اس کی طرف توجہ نہیں دی تھی۔ ان میں سے ایک نے کہا۔ ''یہ تو معجزہ ہوگیا۔''

''ہم سب کی طاقت نے ناممکن کو ممکن بنایا ہے۔'' سلیل نے جواب دیا۔ ''اتفاق اور اتحاد سے ہی معجزے رونما ہوتے ہیں۔''

''آپ کچھ بھی کہہ لیں میری عقل حیران ہے۔'' ٹرک ڈرائیور نے کہا۔ ''دو فٹ کے گڑھے سے مال سے لدے ٹرک کا پہیہ سو آدمی بھی نہیں نکال سکتے ہیں۔ جب کہ ہم سات آدمیوں نے مل کر اسے گڑھے سے نکال دیا۔''

''اب آپ لوگ حیرت اور باتوں میں وقت ضائع نہ کریں۔'' سلیل نے کہا۔ ''آپ لوگوں کا وقت



پہلے ہی بہت برباد ہو چکا ہے۔ لہٰذا اب آپ لوگ جلدی سے روانہ ہو جائیں۔''

وہ دونوں ٹیکسی میں آ بیٹھے۔ تھوڑی مسافت طے کرنے کے بعد سلجوق نے سڑک پر سے نظریں ہٹا کر اس کی طرف دیکھا اور تحیر زدہ لہجے میں بولا۔ ''صاحب جی! آپ بالکل سچ سچ بتائیں کہ آخر آپ ہیں کون؟''

''میں......؟ میں آپ کی طرح ایک انسان ہوں۔'' سلیل نے جواب دیا۔ ''یہ بات آپ کس لئے پوچھ رہے ہیں؟''

''اس لئے کہ ایک انسان اس قدر طاقت ور نہیں ہوسکتا ہے؟ آپ کوئی جادوگر معلوم ہوتے ہیں؟''

''میں بہت زیادہ طاقت ور نہیں ہوں۔'' سلیل نے کہا۔ ''آپ نے میری طاقت کا اندازہ کیسے اور کس طرح سے لگایا ہے؟''

''آپ اس قدر طاقت ور ہیں کہ میں نے اپنی زندگی میں کسی کے بارے میں نہیں سنا کہ وہ آپ جیسا طاقت ور تھا۔'' سلجوق کے لہجے میں ابھی بھی تحیر بھرا ہوا تھا۔ ''میں نے اس کا اندازہ اس طرح سے لگایا کہ...... آپ نے تن تنہا اس ٹرک کو گڑھے سے نکال دیا۔''

''اکیلے میں نے نہیں سلجوق بابا! آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ میں اکیلا تو اسے ہلا بھی نہیں سکتا تھا۔ ہم سب کی ساری طاقت جو یکجا ہوگئی تھی اس کے زور پر یہ ٹرک نکل آیا ہے۔ ہم سب ہی تو طاقت ور اور صحت مند لوگ تھے۔''

''صاحب جی! میری عمر ستر برس کی ہے۔ میرے سر کے سارے بال اور داڑھی جو سفید ہے وہ دھوپ میں سفید نہیں ہوئے ہیں۔ آپ اپنے آپ کو چھپا رہے ہیں۔ میں اڑتی چڑیا کے پر گن سکتا ہوں میں نے دنیا دیکھی ہوئی ہے۔ ہم لوگوں نے ٹرک پر ہاتھ رکھا تھا۔ ابھی زور بھی نہیں لگایا تھا کہ آپ نے تن تنہا زور لگا کر اسے گڑھے سے نکال دیا تھا۔ میں نے اس لمحے آپ کو بغور دیکھا تھا۔ آپ میرے ساتھ کھڑے تھے۔ آپ کے چہرے پر ایک جلال سا آ گیا تھا۔''

''مجھ میں دو ایک آدمیوں کی طاقت ہوگی۔ میں نے کبھی اپنی طاقت کا اندازہ نہیں کیا۔ آپ کو میری بات سے بڑی غلط فہمی ہوئی ہے۔ میں اس کے بارے میں کیا کہہ سکتا ہوں۔'' سلیل نے جواب دیا۔

''آپ یا تو جادوگر ہیں یا پھر مافوق الفطرت انسان ہیں۔'' سلجوق نے کہا۔ ''میں آپ کو کبھی بھول نہیں سکوں گا۔''

☆......☆......☆

جب ٹیکسی کالام میں داخل ہوئی تو دریا کے مسلسل شور نے سلیل کو جیسے خوش آمدید کہا۔ اس نے سفر کے دوران اور اس راستے میں میدانوں کی شادابی اور سرسبزی کے مناظر دیکھے۔ وہ دل میں عش عش کر اٹھا۔ سلیل نے مقبوضہ کشمیر کی بھی سیر کی تھی۔ لیکن اسے یہ علاقہ اس سے کہیں حسین دکھائی دیا تھا۔ یہ سارا علاقہ مری اور وادی کاغان سے کہیں خوبصورت اور بہترین مناظر کا ایک گلدستہ تھا۔ جس میں خوشبو بھی تھی بھینی بھینی مہک بھی اور پھر اس نے اس علاقے کے گرد پہاڑ دیکھے۔ قدرت نے سخاوت اور فیاضی کی

انتہا کردی تھی۔ اسے ایسا لگا جیسے وہ جنت کے کسی ٹکڑے میں پہنچ گیا ہو۔

بس اڈے پر ٹیکسی کا ایک ٹائر بھی پنکچر ہو گیا جس کی وجہ سے اسے ٹیکسی سے اترنا پڑا۔ اس۔ سلجوق کو مقررہ کرایہ ادا کیا اور ایک سو روپے اضافی دیئے، جو سلجوق نے معمولی تذبذب سے قبول کر لے اور شکریہ ادا کیا۔ سلیل نے اپنا سفری بیگ اٹھالیا۔ اس وقت ایک جیپ آ کر رکی۔ اس میں سے بھی کچھ سیاح اترے۔ سلجوق اسے اپنے ساتھ لے کر ایک ہوٹل کی طرف بڑھا جس کے کھانے بہت اچھے عمدہ اور ذائقہ دار ہوتے تھے۔ اس کے علاوہ کمرے صاف ستھرے اور بستر آرام دہ تھے۔ ہوٹل کا عملہ بھی بہت بااخلاق اور خدمت گزار تھا۔ اس ہوٹل میں سیاح اور کوہ پیماؤں کی جماعتیں بھی قیام کرتی تھیں۔

سلیل بڑے باوقار انداز سے سلجوق کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔ پھر وہ اس علاقے کے بازار میں داخل ہوئے۔ سڑک کے دو رویہ دور تک ایک بازار پھیلا ہوا تھا۔ خوانچہ فروشوں، ٹھیلے والوں او خریداروں نے بازار کی رونق دو چند کردی تھی۔ وہ اس بازار میں سب سے منفرد نظر آ رہا تھا۔ لوگ اسے اس طرح دیکھ رہے تھے جیسے وہ کوئی آسمانی فرشتہ ہو۔

سلیل نے پہلی منزل پر کمرہ لیا۔ تاکہ کھڑکی سے بازار اور باہر کا نظارہ کیا جا سکے۔ یہ ایک بستر کمرہ تھا لیکن بہت کشادہ اور صاف ستھرا تھا۔ بستر بھی صاف ستھرا اور آرام دہ تھا۔ غسل کرنے کے بعد اس نے سلجوق کو بھی کھانے میں شریک کرلیا۔ واقعی اس ہوٹل کے کھانے بہت عمدہ لذیذ اور ذائقہ دار تھے۔ سلیل اور سلجوق نے سیر ہو کر کھایا۔ سلجوق چلا گیا تھا کہ وہ اپنی گاڑی کے ٹائر کا پنکچر بنوا سکے۔ سلیل کو اب اس کی خدمات کی ضرورت نہ تھی۔

سلیل رات کے کھانے سے فراغت پانے کے بعد چہل قدمی کے لئے ہوٹل سے نکلا۔ تمام دکانیں بند تھیں۔ چاروں طرف ایک گہرا سناٹا طاری تھا۔ اس سناٹے میں دریا کے مسلسل شور کی گونج تھی جو کسی نغمے کی طرح سنائی دے رہی تھی۔ چاروں طرف ہلکی سی دودھیا چاندنی کی چادر تنی ہوئی تھی۔ ابتدائی تاریخوں کا چاند تھا۔ فضا بڑی حسین تھی۔ ماحول بڑا ہی سحر انگیز تھا۔ سلیل سحر زدہ سا چلنے لگا۔ اس نے اس چاندنی میں آبادی کی طرف دیکھا۔ سارے مکانات اور ہوٹل تک لکڑی کے بنے ہوئے تھے۔ بہت سارے مکانوں کی کھڑکیوں میں سے روشنی باہر جھانک رہی تھی۔ موسم خشک اور معتدل سا تھا۔ نرم ولطیف ہوا چل رہی تھی۔ وہ چلتے چلتے اتنی دور نکل آیا کہ آبادی نظروں سے اوجھل ہو گئی۔

وہ ایک ایسی جگہ آ گیا جہاں ایک وسیع و عریض اور سرسبز و شاداب میدان تھا۔ اس کے شمال میں جنگل تھا۔ اس میدان کے وسط میں ایک بہت بڑا خیمہ لگا ہوا تھا۔ اس میں روشنی ہو رہی تھی۔ خیمہ کے عقب میں ایک جیپ کھڑی ہوئی تھی۔ اس خیمے میں اسے کوئی دکھائی نہیں دیا۔ مشرق کی جانب ایک پہاڑ تھا۔ رات کی گہری خاموشی میں آزاد فضا میں خود مختار پرندوں اور جانوروں کی آوازیں، جنگل اور کوہساروں میں گونج رہی تھیں۔

سلیل اس خیمے کی جانب بڑھا۔ اس نے یہ خیال کیا کہ شاید کوہ پیماؤں کی کوئی جماعت خیمہ زن ہے۔ کوہ پیما ہوٹلوں میں ٹھہرنے سے احتراز کرتے تھے۔ جب اس نے خیمے کے پاس پہنچ کر اندر جھانکا تو



ے کوئی نظر نہیں آیا۔ اسے کوئی سامان بھی دکھائی نہیں دیا۔ فرش پر ایک بہت بڑی دری بچھی ہوئی تھی۔ ے بڑی حیرت ہوئی کہ یہ لوگ بغیر ساز و سامان کے کس لئے یہاں آئے ہیں۔ ایک تپائی پر ایک بڑا سا ہراغ جل رہا تھا۔

سلیل نے جیپ کے پاس آ کر جھانکا تو پچھلے حصے میں اسے دو دستی بیگ اور ایک کلاشنکوف دکھائی ی۔ وہ انہیں دیکھ ہی رہا تھا کہ اچانک انسانی آوازیں سنائی دیں۔ ان میں ایک نسوانی آواز بھی نمایاں ھی۔ اس نے آواز کی سمت دیکھا۔ تین چار مرد ایک مرد اور عورت کو بڑی بے رحمی سے کھینچتے ہوئے اس لرف لا رہے تھے۔

سلیل فوراً ہی جیپ کے نیچے لیٹ گیا۔ اس نے قیاس کرلیا تھا کہ یہ چاروں مرد بدمعاش ہیں۔ یہ ردا اور عورت ان کے ظلم و ستم کا نشانہ بن رہے ہیں۔ یہ دونوں اس پہاڑ کے کسی غار میں روپوش تھے۔ ان کا تعاقب اور تلاش کر کے انہیں لایا جا رہا ہے۔ یہ بدمعاش ان دونوں کے خون کے پیاسے ہو رہے یں۔ وہ چاروں بدمعاش مسلح نظر آ رہے تھے۔

عورت ہذیانی لہجے میں چیخ چیخ کر کہہ رہی تھی۔ ”ظالمو! ہمیں چھوڑ دو۔ ہم بے قصور ہیں۔ ہمیں نہ ارو۔“

”اپنی بکواس بند کرو۔“ ایک کرخت آواز نے اسے ڈانٹا۔ ”تم جھوٹ بول رہی ہو۔ تم دونوں حافی کے قابل نہیں ہو۔“

”ہم واقعی بے قصور ہیں...... تم ہماری بات سنتے اور مانتے کیوں نہیں ہو۔“ مرد نے گڑگڑاتے دے کہا۔

”ابھی معلوم ہو جاتا ہے کہ تم بے قصور ہو کہ نہیں۔ تمہارا قصور تمہارے فرشتے بتائیں گے۔“ اس لرخت آواز نے کہا۔

تھوڑی دیر کے بعد وہ سب خیمے پر پہنچے۔ عورت زارو قطار رو رہی اور رحم کی بھیک مانگ رہی تھی۔ لڑ گڑا رہی تھی۔ مرد جو اس عورت کے ساتھ تھا اس سے کہہ رہا تھا۔ ”ان درندوں سے رحم کی بھیک نہیں کو...... یہ انسان نہیں ہیں...... یہ غنڈے، بدمعاش اور خون آشام بھیڑیئے ہیں...... رحم کی بھیک مانگنے ے بجائے ان کے منہ پر تھوک دو...... یہ اسی قابل ہیں...... ان پر خدا کی لعنت ہو......“

ان بدمعاشوں کے سرغنہ نے اس مرد کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ رسید کیا تو ایسا لگا جیسے پٹاخہ چھوڑا یا ہو۔ پھر اس مرد نے اس سرغنہ کے منہ پر تھوک دیا۔ وہ بدمعاش مشتعل ہو گیا۔ پھر اس نے ایک اور ھپڑ اس مرد کے منہ پر دے مارا۔ پھر اس کے ساتھی لاتیں اور گھونسے مارتے ہوئے اسے خیمے میں لے ۔ ایک بدمعاش نے جیپ کے پاس آ کر اس میں سے ایک بیگ اٹھایا اور خیمے کے اندر چلا گیا۔ ل کچھ دیر تک اسی طرح نرم نرم گھاس پر لیٹا رہا۔

پھر سلیل جیپ کے نیچے سے نکلا۔ اس نے اپنے کپڑے جھاڑ کر صاف کئے۔ وہ خیمے کے ازے کے قریب ٹھٹک کر رک گیا۔ بدمعاشوں کا سرغنہ کرختے لہجے میں کہہ رہا تھا۔ ”اس عورت کے

کپڑے اتاردو تاکہ میں اپنی آرزو پوری کرسکوں۔"

"نہیں ...... نہیں۔" مرد نے ہیجانی لہجے میں چیختے ہوئے کہا۔" خدا کے لئے اس کی عزت تباہ و برباد نہ کرو۔"

"تم نے میرے منہ پر تھوکا......" وہ دہاڑا۔" اس لئے میں یہ بدلہ لے رہا ہوں۔ تم نے مجھے ذلیل کیا، میں تمہیں ذلیل کرر ہا ہوں۔"

"تم بھی میرے منہ پر تھوک دو...... مجھے گولی ماردو۔ میرا گوشت کتوں کو کھلا دو لیکن اس کی بے حرمتی نہ کرو۔" مرد گڑگڑایا۔

"یہ سب کچھ بعد میں ہوگا۔" بدمعاشوں کے سرغنہ نے استہزائی لہجے میں کہا۔" پہلے میں، پھر میرے ساتھی ایک، ایک کر کے اپنی حسرتیں تمہاری نظروں کے سامنے پوری کریں گے۔ اس کے بعد ہم سب تمہارے منہ پر تھوکیں گے۔ پھر ہم چاروں مل کر تمہارے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کریں گے۔ پھر تمہارا گوشت کتوں کے آگے ڈال دیں گے تاکہ تمہاری آخری خواہش پوری ہو۔"

"حرام زادو!......" مرد نفرت اور غصے سے چیخا۔" یہ میری بیٹی ہے۔ کیا تمہیں خوف خدا بھی نہیں ہے۔ کچھ تو لحاظ کرو۔ شرم کرو۔"

"حرام زادوں...... درندوں کو کسی کا خوف نہیں ہوتا ہے۔ نہ خدا کا نہ قانون کا۔ خدا کا کوئی وجود نہیں ہے۔ اگر وہ ہوتا تو تمہاری فریاد سن کر اب تک تمہاری مدد کو آ چکا ہوتا۔ اس دنیا میں کچھ نہیں ہوتا ہے۔ کس قدر خون ریزی ہوتی ہے۔ عورتوں کی عزت روندی جاتی ہے۔ ظلم وستم ہوتا ہے۔ لیکن خدا ان کی مدد نہیں کرتا ہے۔ کیوں نہیں کرتا ہے؟ اس لئے کہ اس کا کوئی وجود نہیں ہے ایک ڈھکوسلہ ہے۔ فریب ہے۔"

"بابا جان...... ان لوگوں سے آپ رحم کی بھیک مانگ رہے ہیں، جو اپنی ماں اور بہنوں کی بے حرمتی کرتے ہیں۔" عورت ناگن کی طرح پھنکاری۔" جو خدا کی ذات پر یقین نہیں رکھتا وہ یہ بھی کرسکتا ہے۔"

"تم لوگ کھڑے تماشا کیا دیکھ رہے ہو؟" سرغنہ پوری قوت سے دہاڑا۔" اس کے کپڑے اتار... یہ بہت چہک رہی ہے۔ ابھی اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ میں کون ہوں۔ کیا ہوں۔ میں دیکھتا ہوں۔ خ... اس کی کیا مدد کرتا ہے۔"

تینوں بدمعاش اس عورت کی طرف بڑھے جو ایک کونے میں کھڑی ہوئی تھی۔ وہ بہت حسین ا... نوجوان تھی۔ اس کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا اور اس کی خوبصورت بڑی بڑی آنکھیں شعلے برسا رہی تھیں۔ ا... نے ایک بدمعاش کے منہ پر تھوک دیا۔ وہ بدمعاش رک گیا۔ اس نے اپنے ہاتھ کی پشت سے تھوک صاف کیا۔ اس نے آگے بڑھ کر عورت کی طرف ہاتھ بڑھایا تو وہ ایک قدم تیزی سے پیچھے ہٹی۔ پھر ا... تینوں بدمعاشوں نے اسے نرغے میں لے لیا۔ اس بدمعاش نے جس کے منہ پر عورت نے تھوکا تھ... عورت کے گریبان کی طرف ہاتھ بڑھایا۔

"رک جاؤ۔ خبردار جو تم نے اس عورت کو ہاتھ بھی لگایا۔" ایک گرجدار آواز نے تحکمانہ لہجے میں کہا... ان تینوں اور سرغنہ نے دروازے کی طرف پلٹ کر حیرت سے دیکھا۔ وہ سلیل کو دیکھ کر چو...



... ایک لمحے کے لئے مبہوت سے ہوگئے۔ سلیل کی خوبصورتی اور اس کی شخصیت کے سحر نے انہیں ... یا تھا۔ پھر سرغنہ نے حیرت سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔" کون ہو تم......؟"

"میں ایک انسان ہوں۔" سلیل نے جواب دیا۔" میرا نام سلیل ہے۔ سلیل کے معنی ننگی تلوار ... تے ہیں۔"

"ننگی تلوار ہو یا زہریلی تلوار......؟" سرغنہ نے طنزیہ لہجے میں کہا۔" یہاں کس لئے آئے ہو؟"

"اس لئے آیا ہوں کہ اس عورت کی عزت اور اس کے باپ کی جان بچاؤں......" سلیل نے ... نے کہا۔" میں نے باہر کھڑے ہو کر تم لوگوں کی باتیں سن لی ہیں۔ میں تمہارے ناپاک ارادوں کو ... ب ہونے نہیں دوں گا۔"

"اگر تمہیں اپنی جان اور جوانی پیاری ہے تو یہاں سے چلے جاؤ اور ہمارے معاملات میں دخل ...۔" سرغنہ نے کہا۔

"میری نہیں اپنی اپنی جانوں کی فکر کرو۔ ان دونوں کو چھوڑ دو۔ میں ان دونوں کو اپنے ساتھ لے ... گا۔"

"میں تم سے آخری بار کہہ رہا ہوں۔ میں تمہیں منع کر رہا ہوں۔ تم نہیں جانتے ہو کہ میں اور میرے ... ی کون ہیں۔"

"میں تم چاروں کو بہت اچھی طرح جانتا ہوں۔" سلیل نے کہا۔" تمہارا نام عجیل ہے۔ تم ایک ... پیشہ اور پیشہ ور قاتل ہو۔ تم ایک مفرور قیدی ہو۔ ایک ماہ پیشتر تم ساہیوال جیل سے فرار ہوئے ہو۔ ... بہت سارے الزامات ہیں۔ تم نے دس عورتوں کو مختلف دیہاتوں اور شہروں سے اغواء کر کے ان کی بے حرمتی کی...... شادی ... پانچ عورتوں کو ورغلا کر انہیں مجرمانہ حملوں کا نشانہ بنایا اور افشائے راز کے خوف سے انہیں بے رحمی ... کر کے دفن کر دیا۔ اس کے علاوہ تم منشیات فروش ہو اور منشیات کی اسمگلنگ بھی کرتے رہے ہو۔ تم ... ٹ گارڈ کے تین اہلکاروں کو اغوا کر کے قتل کر دیا، جس کے بارے میں پولیس کو علم نہیں ہے کہ انہیں ... قتل کیا۔ وہ اب تک ان کے گمنام قاتلوں کو تلاش کر رہی ہے۔"

... یل بھونچکا سا ہو گیا۔ اس کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ اس پر چند ثانیوں تک سکتے کی سی ... طاری رہی۔ اس کی پیشانی عرق آلود ہو گئی۔ اس نے اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے ... اپنی آواز ویران، کھوکھلی اور بہت دور سے آتی ہوئی سنائی دی۔" تم...... تم یہ سب کیسے جانتے ... میرے بارے میں اتنی ساری باتیں کس نے بتائیں......؟ کچھ باتیں تو میرے فرشتے بھی ... جانتے ہیں۔"

"میں تمہارے بارے میں اتنا کچھ جانتا ہوں کہ تم تصور بھی نہیں کر سکتے ہو...... اس کے علاوہ ... ان تین ساتھیوں کے بارے میں بھی بتا سکتا ہوں۔ جس نے لال شرٹ اور نیلی پتلون پہن ... اس کا نام عابر ہے۔ یہ تمہارے گروہ سے تعلق رکھتا ہے۔ تمہارا دست راست ہے۔ یہ شخص بھی دو...

زمین داروں کو قتل کر چکا ہے یہ بھی تمہارے ساتھ اپنی بیوی اور اس کے آشنا کو قتل کرنے کے الزام میں سزا بھگت رہا تھا۔ یہ تمہارے ساتھ ہی جیل سے فرار ہوا ہے۔ دوسرا ساتھی بہت بڑا چور اور رہزن ہے۔ اس کا نام عاشق ہے۔ اس قدر ذلیل اور کمینہ ہے کہ اس نے اپنے محسن چچا کو قتل کیا اور ان کی ساری دولت لے کر لاہور آ گیا۔ ایک طوائف کے پیچھے لٹادی۔ پھر اسے قتل کر کے اس کی ساری رقم لے اڑا اور جہلم چلا گیا۔ پھر تمہارے ساتھ آ کر مل گیا...... یہ تیسرا آدمی بہت ہی مکار عیار اور خبیث قسم کا ہے۔ اس کا نام شرافت ہے۔ اس میں شرافت نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ پولیس کو یہ مختلف مقدمات میں مطلوب ہے اور روپوش ہے۔ یہ بردہ فروش ہے۔ اس نے اپنی ماموں زاد بہن کو اس لئے قتل کر دیا کہ اس نے غلط راستے پر چلنے سے انکار کر دیا تھا۔"

وہ تینوں بدمعاش حیرت اور خوف سے ایک دوسرے کی شکلیں دیکھنے لگے۔ ان کے چہرے فق ہو گئے۔ وہ چاروں حیران و پریشان تھے کہ یہ اجنبی شخص ان کے بارے میں اتنا کچھ کیسے جانتا ہے۔ جب کہ وہ اسے جانتے نہیں ہیں۔ اسے کبھی دیکھا تک نہیں...... اس نے انہیں جیسے برہنہ کر کے رکھ دیا۔

"تم ہمارے بارے میں اتنا کچھ کیسے جانتے ہو؟ کیا تمہارا تعلق سی آئی ڈی سے ہے؟" عابر سراسیمگی سے پوچھا۔

"یہ ایک راز کی بات ہے۔" سلیل نے جواب دیا۔ "میرا تعلق سی آئی ڈی یا کسی ایجنسی سے نہیں ہے۔ پولیس تمہارے اور تمہارے ان ساتھیوں کے بارے میں اتنا کہاں سے جانتی ہے جتنا میں جانتا ہوں۔ یہ جیپ بھی تم نے مردان سے چرائی ہے تا کہ باپ بیٹی کا تعاقب کر سکو۔ اس جیپ کے مالک کو تمہارے ایک ساتھی خان زادہ نے یرغمال بنا رکھا ہے۔"

"تمہیں اس کا بھی علم ہو چکا ہے؟" عجیل کے چہرے پر پسینہ پھوٹ پڑا تھا۔ "آخر تم کیا چاہتے ہو؟"

"میں یہ چاہتا ہوں کہ تم دونوں باپ بیٹی کو چھوڑ کر ابھی اور اسی وقت یہاں سے دفع ہو جاؤ۔" سلیل نے سخت لہجے میں کہا۔

"ہم ان دونوں کو سزا دیئے بغیر نہیں جائیں گے۔ کیوں کہ ان دونوں نے ہمیں ذلیل کیا ہے۔ ہمارے منہ پر تھوکا ہے۔" عجیل نے کہا۔ "تمہاری بہتری اسی میں ہے کہ تم ہمارے راستے سے ہٹ جاؤ۔ اپنی راہ لو۔ ورنہ اچھا نہیں ہوگا۔"

"ان دونوں نے تمہیں اس لئے ذلیل کیا ہے کہ تم لوگ اس کے مستحق بھی ہو۔ تمہارے ساتھ ایسا ہی سلوک ہونا چاہئے۔" سلیل نے کہا۔ "تم مجھے دھمکیاں دے رہے ہو۔ میں پولیس کو اطلاع دوں تو سب اندر ہو جاؤ گے۔"

"میں تم سے آخری بار کہہ رہا ہوں جس طرح آئے ہو اسی طرح واپس چلے جاؤ۔" عجیل دھمکی آمیز لہجے میں بولا۔ "تم نے ہمارے خلاف پولیس میں رپورٹ کی تو پھر تم ہمارے ہاتھوں سے زندہ نہیں بچ سکو گے۔"

"میں صرف ایک شرط پر یہاں سے جا سکتا ہوں کہ باپ بیٹی کو میرے ساتھ بھیج دو۔" سلیل



"...ں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ تم لوگوں کے خلاف پولیس میں رپورٹ درج نہیں کرواؤں گا۔"

"تم نہیں جانتے ہو کہ یہ دونوں میرے مجرم ہیں۔ میں اپنے دشمنوں کو معاف نہیں کرتا ہوں۔" ...سخت لہجے میں کہا۔

"یہ تمہارے مجرم کیسے ہو گئے؟" سلیل نے کہا۔ "یہ شیخ برکت علی صاحب ہیں۔ استاد ہیں۔ ...تعلیم کے زیور سے آراستہ کرتے ہیں۔ انتہائی نیک اور شریف آدمی ہیں۔ باعزت شخص ہیں۔ یہ ...کی اکلوتی بیٹی جمیلہ ہے۔ یہ بھی ایک اسکول میں استانی ہے۔ ایک نیک اور پاک دامن عورت...... ...ن کا قصور صرف اتنا ہے کہ انہوں نے تمہارے خلاف پولیس میں رپورٹ درج کرائی۔ تم چاروں ...ہاری مجرم ہو...... تم نے انہیں دھمکی دی کہ رپورٹ واپس لے لی جائے۔ تمہیں کسی طرح اس بات کا ...گیا تھا کہ شیخ صاحب نے پولیس کو تمہارے بارے میں اطلاع دے دی ہے۔ شیخ صاحب نے ...ٹ واپس نہیں لی تو تم لوگوں نے باپ بیٹی کو اغواء کرنے کی کوشش کی۔ باپ بیٹی دہشت زدہ اور ...ماں ہو کر کالام آ گئے۔ کیوں کہ یہاں ان کے ایک رشتہ دار رہتے ہیں۔ شیخ صاحب نے خواب و ...ن بھی نہیں سوچا تھا کہ تم لوگ ان کے تعاقب میں پہنچو گے۔ شیخ صاحب سے یہ غلطی سرزد ہو گئی کہ ... نے اپنے پڑوس کو اعتماد میں لے کر بتا دیا تھا کہ وہ کچھ دنوں کے لئے کالام جا رہے ہیں...... تم ... نے ان کے پڑوسی کو دھمکی دے کر اور ہراساں کر کے یہ معلوم کر لیا کہ شیخ صاحب اپنی بیٹی کے ...کالام چلے گئے ہیں۔ شیخ صاحب نے پولیس کی مدد اس لئے حاصل نہیں کی کہ انہیں پولیس پر اعتماد ...ہا۔ کیوں کہ ان کے رپورٹ کرنے کے باوجود پولیس نے تم لوگوں کو گرفتار نہیں کیا تھا۔

آج شام شیخ صاحب نے تم لوگوں کو دیکھا تو وہ اپنی بیٹی کو ساتھ لے کر اس پہاڑ کی طرف آ گئے اور ...یہاں ...چھپ گئے۔ وہ اپنے رشتہ دار کو کسی مصیبت میں ڈالنا نہیں چاہتے تھے۔ اتفاق سے تم لوگوں ...دونوں کو جاتے دیکھ لیا تھا۔ پہلے تو تم لوگوں نے انہیں جنگل میں تلاش کیا۔ پھر اس پہاڑ کی طرف ...اگر شیخ صاحب نے غار میں روشنی کی ہوئی نہ ہوتی تو تمہارے ہتھے نہیں چڑھتے۔ میں ادھر چہل ...نے آیا تھا۔ ان کی آوازیں سن کر ادھر آ گیا۔"

"...ہیں تو رتی رتی بات کی خبر ہے۔" عجیل بھونچکا سا ہو گیا۔ "تم جو بھی ہو خطرناک ہو۔ ہمارے ...ن کا خطرہ ہو۔"

"...ں نے تم سے اپنا تعارف کراتے ہوئے کہا نہیں تھا کہ میں ایک ننگی تلوار ہوں۔ تلوار خطرناک ...ہے۔"

...ل جدھر کھڑا ہوا تھا اس کے پاس ہی ان لوگوں کی کلاشنکوفیں رکھی ہوئی تھیں۔ یہ اسلحہ بہت قیمتی ...ں سے بن کر نیا نیا آیا تھا۔ ہر کسی کے پاس نہیں ہوتا تھا۔ عجیل نے اپنے ایک ساتھی کو آنکھوں ہی ...ں اشارہ کیا کہ وہ ایک کلاشنکوف پر تو قبضہ کر لے۔ یہ اشارہ اس نے عاشق کو کیا تھا۔ عاشق کو ...جیپ میں ایک کلاشنکوف رکھی ہوئی ہے۔ وہ اسے لانے کے ارادے سے دروازے کی جانب ...عاشق کا راستہ سلیل نے روک لیا۔ "تم جیپ میں سے کلاشنکوف لانے کے لئے جا رہے

ہونا......؟ میں نے اسے جیب سے نکال کر ایک جگہ چھپا دیا ہے۔"
عاشق اس کی بات سن کر ششدر رہ گیا۔ "تم نے کیسے اندازہ کر لیا کہ میں کلاشنکوف لانے جا رہا ہوں۔"

"میں نے تمہارے ارادے کو تمہارے چہرے پر پڑھ لیا تھا۔ تم اپنی جگہ جا کر کھڑے ہو جاؤ...... شیخ صاحب! آپ اپنی بیٹی کو لے کر ادھر آ جائیں...... عجیل! تم کان کھول کر سن لو...... تم یہ سمجھتے ہو کہ کلاشنکوف کے زور پر تم مجھے اور شیخ صاحب کو بے بس کر کے قتل کر دو گے...... پھر ان کی بیٹی کی بے حرمتی کرو گے، غلطی پر ہو...... میں چاہوں تو کلاشنکوف اٹھا کر تم سب کو بھون سکتا ہوں۔ لیکن میں قانون کو ہاتھ میں نہیں لوں گا۔"

"آپ کلاشنکوف اٹھا لیں۔" جمیلہ نے اپنی جگہ سے چیخ کر کہا۔ "آپ اسے کیوں نہیں اٹھاتے ہیں؟"

"اس لئے کہ یہ کلاشنکوفیں ناکارہ ہیں۔ اب یہ کسی کام کی نہیں رہی ہیں۔" سلیل نے کہا۔ "اب یہ صرف کھلونے ہیں۔"

"یہ آپ کس بنا پر کہہ رہے ہیں؟" جمیلہ نے حیرت سے پوچھا۔ "ابھی تو آپ نے کہا کہ میں چاہوں تو ان سے انہیں بھون سکتا ہوں۔ ابھی آپ کہہ رہے ہیں کہ یہ ناکارہ ہیں۔ اب صرف کھلونے ہیں، میری سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا ہے۔"

"بی بی! بات صرف اتنی سی ہے کہ یہ صرف میرے ہاتھ میں قابل استعمال ہیں۔ کیا آپ کو میری بات کا یقین نہیں آ رہا ہے؟"

"جی ہاں۔" جمیلہ نے اپنا سر ہلایا۔ "آپ کی باتیں نہ صرف عجیب ہیں بلکہ میری سمجھ سے بالا ہیں۔ ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟"

"اس دنیا میں سب کچھ ہو سکتا ہے۔" سلیل نے کہا۔ "کوئی بات ناممکن نہیں ہے۔ ابھی میری بات کی تصدیق ہو جاتی ہے۔"

سلیل نے ان تینوں کلاشنکوفوں میں سے ایک کلاشنکوف اٹھا لی۔ پھر وہ عجیل کی طرف اچھال دی۔ عجیل نے اسے فضا میں ہی تیزی سے پکڑ لیا۔ کلاشنکوف اس کے ہاتھ میں آتے ہی اس کے چہرے کے تاثرات بدل گئے۔ حیرت و خوف کی جگہ درندگی ابھر آئی۔ اس کے ساتھی بھی خوش ہو گئے۔ دونوں کلاشنکوفیں بھی سلیل نے اس کے ساتھیوں کو اٹھا کر دے دیں۔

ان تینوں کے ہاتھوں میں کلاشنکوفیں آتے ہی وہ شیر ہو گئے۔ انہیں یقین نہیں آیا۔ جمیلہ اور صاحب کے چہرے سفید پڑتے چلے گئے۔ وہ حیرت اور دہشت سے ان بدمعاشوں کو دیکھنے لگے۔ درندوں کی طرح دکھائی دے رہے تھے۔

عجیل کے ہونٹوں پر مکروہ مسکراہٹ پھیل گئی۔ اس نے سلیل کو نشانے کی زد میں لیتے ہوئے استہزائیہ انداز سے کہا۔ "شکریہ میرے احمق دشمن! تم نے خود اپنی موت کو دعوت دی۔ اپنے پیروں پر کلہاڑی ماری۔ ہماری مشکل آسان کر دی۔"



"زندگی اور موت خدا کے ہاتھ میں ہے۔" سلیل نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔ "جب تک اس کا حکم ...ہمارا بال تک بیکا نہیں کر سکتے ہو۔ ان کھلونوں سے ہمیں ڈرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان کی کوئی ...نہیں ہے۔"

...خدا......" وہ تمسخر سے بولا۔ "تمہاری زندگی اور موت اب میرے ہاتھ میں ہے، اب خدا میں ...میں دیکھتا ہوں کہ تمہارا خدا تمہیں کیسے بچاتا ہے...... یہ کھلونے نہیں ہیں موت کے فرشتے ہیں۔ ...بالکل نئی اور جدید ترین بندوقیں ہیں۔ انہیں کلاشنکوف کہا جاتا ہے۔ یہ روس سے افغانستان آئی ہیں۔ ...ہمارے ملک میں انہیں متعارف نہیں کرایا گیا ہے۔ یہ بالکل نئی اور جدید ترین ایجاد ہے۔ بہت قیمتی ...ہیں۔ ہم انہیں آج صبح بھی چلا کر دیکھ چکے ہیں۔ اس کا ایک برسٹ دس آدمیوں کو بیک وقت موت ...مار سکتا ہے۔ یہ کھلونے ہیں یا اصلی، ابھی تمہیں پتا چل جائے گا۔"

"تم فرعون بن کر بات کر رہے ہو عجیل!" سلیل نے بڑے سکون اور اطمینان سے کہا۔ "تم خود ...لو گے کہ اوپر والا ہمیں کیسے بچاتا ہے اور تمہیں کیسی عبرت ناک اور اذیت ناک سزا دیتا ہے۔ تمہیں ...اس اسلحے پر ہے اور مجھے بھروسا اوپر والے پر ہے۔ تم بھی دیکھو گے اور میں بھی دیکھوں گا۔ جیت ...کی ہوتی ہے۔"

"میں تمہیں سب سے پہلے ختم کروں گا۔" عجیل نے سفاک لہجے میں کہا۔ "اس لئے کہ تم ایک ...خطرناک شخص ہو۔ میں نے سنا تھا کہ کالام میں جادوگر ہوتے ہیں، تم بھی شاید جادوگر ہو۔ تم نے ...جادو کے زور پر ہم سب کے بارے میں معلوم کر لیا۔ تمہیں سب سے پہلے میں اس لئے ختم کرنا ...ہوں کہ تم موذی ناگ ہو۔ تم زندہ رہے تو ہمیں ڈس لو گے۔"

...ل نے اتنا کہہ کر اس کے سینے کا نشانہ لیا۔ عابر نے کہا۔ "باس! ایک منٹ! ابھی اسے ختم نہ ..."

...ل نے اس کی طرف حیرت سے دیکھا۔ "وہ کس لئے......؟ اسے زندہ چھوڑنا ہمارے لئے ...لغزی کر سکتا ہے۔"

"اس لئے کہ ہم اس کے مرنے سے پہلے ایک خوبصورت، رنگین اور سنسنی خیز کھیل کیوں نہ ...؟" عابر نے کہا۔

"کیسا کھیل......؟" عجیل نے متعجب نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔ "میں تمہاری بات سمجھا ...صاف صاف کہو۔"

"اس لڑکی کے ساتھ جو کھیل آپ اور ہم کھیلیں گے وہ کھیل یہ اور اس کا باپ بھی دیکھ لیں۔ پھر ہم ...ختم کر دیں گے۔"

"یہ بات تو میں بھول ہی گیا تھا۔" عجیل چونک کر بولا۔ "اچھا ہوا تم نے مجھے یاد دلا دیا۔ اب کھیل ...ہونا چاہئے۔ اس لڑکی کو درمیان میں لاؤ...... میں اسے اپنے ہاتھوں سے بے لباس کروں گا۔"

...ل لپک کر باپ بیٹی کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ وہ ان کے لئے ڈھال بن گیا۔ شرافت آگے

بڑھا۔اس نے سلیل کے سینے پر کلاشنکوف کی نالی رکھ دی۔پھر سلیل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال ک
غرایا۔"او کتے کے بچے......سامنے سے ہٹ جا......"

سلیل نے کلاشنکوف کی نالی پکڑ کر اس کے ہاتھ سے کلاشنکوف چھین کر فرش پر پھینک دی۔شرافت
دیکھتا ہی رہ گیا۔پھر اس نے شرافت کو دونوں ہاتھوں سے اس طرح اوپر اٹھالیا جیسے وہ پلاسٹک کی گڑ
ہو۔پھر اسے فضا میں اچھال دیا۔وہ دھپ سے فرش پر آ گرا۔گرتے ہی اس کے منہ سے ایک کراہ نکلی
پھر وہ درد اور تکلیف سے چیخا اور ڈگمگاتے ہوئے اٹھ کھڑا ہوا......وہ بری طرح دہشت زدہ سا ہو گیا۔اس
کی آنکھیں پھٹی پھٹی رہ گئیں۔اس کے دل میں ایسا ڈر اور خوف سمایا کہ اس کا بدن لرزنے لگا۔اسے یقین
نہیں آیا کہ اسے کوئی آسانی سے اٹھا کر اس طرح پھینک بھی سکتا ہے۔وہ پونے چھ فٹ اور بھاری بھر
جسم کا تھا۔

باپ اور بیٹی نے یہ منظر بڑی حیرت سے دیکھا۔ان کے چہرے خوشی سے دمک اٹھے۔انہیں یقین
نہیں آیا کہ سلیل اس بدمعاش کو اس طرح اٹھالے گا جیسے وہ کھلونا ہو اور اسے ایک کھلونے کی طرح
پھینک بھی دیا تھا۔

عجیل اور اس کے دونوں ساتھی دنگ رہ گئے۔پھر عجیل کا چہرہ لال ہو گیا۔اس نے کلاشنکوف کا رخ
سلیل کی طرف کر کے اس کی لبلبی پر انگلی رکھی اور دبایا۔کلاشنکوف چلی نہیں۔اس نے برسٹ مارنے کی
بہت کوشش کی لیکن وہ ناکارہ ہو گئی تھی۔پھر اس نے اپنی کلاشنکوف پھینک کر باری باری ساتھیوں سے
کلاشنکوف لے کر چلائی۔ان میں سے ایک گولی بھی نہیں نکل سکی۔عجیل اور اس کے ساتھیوں کے چہرو
اور آنکھوں میں جو درندگی اور سفاکی تھی اس کی جگہ حیرت اور دہشت نے لے لی۔ان کی کچھ سمجھ میں
نہیں آ رہا تھا کہ آخر یہ سب کیا ہے۔ان کی حالت اس وقت مردوں سے بھی بدتر ہو رہی تھی۔

سلیل نے شرافت کی کلاشنکوف فرش پر سے اٹھالی۔پھر اس نے عجیل سے کہا۔"میں نے تم سے
بات کہی تھی اسے تم نے مذاق سمجھا...... یہ تمہارے لئے کھلونے ہیں اور میرے لئے اسلحہ ہے اب تم ذ
اس کا مظاہرہ دیکھو۔"

سلیل نے ایک جانب رخ کر کے برسٹ مارا خیمے کے پردے میں بہت سارے سوراخ ہ
گئے۔یہ دیکھ کر ان چاروں کے اوسان خطا ہو گئے۔ان کی حالت مردوں سے بھی بدتر ہو رہی تھی۔وہ خو
پر قابو پانے کی کوشش کرنے لگے۔

چند ثانیوں کے بعد عجیل نے اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے کہا۔"تم تینوں جا سکتے ہو۔"
"ہمیں تمہاری اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔"سلیل نے کلاشنکوف کو فرش پر پھینکتے ہوئے کہا۔
ہم جا رہے ہیں لیکن میں یہ بات جانتا ہوں کہ اب بھی تمہارے دل میں شیطانی بھری ہوئی ہے۔تم
منصوبہ بنا رہے ہو کہ کسی طرح سے تم مجھے اور شیخ صاحب کو نشانہ بنا دو...... پھر جمیلہ کو یرغمال بنا کر دل کے
ارمان پورے کرو۔ابھی بھی تمہاری عقل ٹھکانے نہیں آئی ہے۔"

عجیل کا چہرہ متغیر ہو گیا۔"تم......تم قیاس کی بنا پر کہہ رہے ہو۔اب میرے ایسے کوئی ارادے نہیں



تمہارے کہنے سے کیا ہوتا ہے؟ تمہارے دل میں جو کچھ ہے اور جو تم سوچ رہے ہو مجھے اس کی خبر
ہے۔یہ سب کچھ لاحاصل ہے۔تمہاری کوئی حرکت ہمارا کچھ بگاڑ نہیں سکتی ہے۔ہمیں قابو میں نہیں
کر سکتے۔اگر تم نے کوئی شیطانی کی تو یاد رکھو میں تم چاروں کو ایسی عبرت ناک اور اذیت ناک سزا دوں گا
کہ زندگی یاد رکھو گے۔موت مانگو گے تو تمہیں موت بھی نصیب نہیں ہو گی۔"سلیل نے کہا۔

سلیل نے اپنی بات ختم کر کے گھوم کر باپ بیٹی کی طرف دیکھا۔"چلئے شیخ صاحب! ہم لوگ چلتے
ہیں۔"

وہ تینوں دروازے کی طرف بڑھے۔انہوں نے چند قدم طے کئے ہوں گے کہ عجیل نے اپنے
ساتھیوں کو اشارہ کیا کہ وہ کلاشنکوفیں اٹھا کر سلیل پر حملہ آور ہو جائیں۔اس نے وہ کلاشنکوف اٹھالی جس
سے سلیل نے فائر کیا تھا۔جمیلہ باپ کے پیچھے چل رہی تھی۔ان بدمعاشوں نے لپک کر جمیلہ اور شیخ
صاحب کو ایک طرف ہٹا کر دھکا دیا۔سلیل کو گھیر لیا۔عجیل نے کلاشنکوف کی لبلبی دبائی۔اس میں سے ایک
گولی بھی نہیں نکلی۔پھر ان چاروں نے بیک وقت سلیل پر حملہ کر دیا۔

سلیل ان بدمعاشوں سے غافل نہیں تھا۔وہ ان کے حملے سے قبل ہی تیزی سے ان کی طرف گھوم
گیا۔جمیلہ اور شیخ صاحب ایک طرف کھڑے حیرت سے دیکھ رہے تھے کہ سلیل کس طرح بیک وقت
چاروں سے نبرد آزما ہے۔دو بدمعاشوں نے اپنی اپنی کلاشنکوف کے بٹ سلیل کے سر اور اس کی پیٹھ
پر پوری طاقت سے دے مارے۔سلیل پر کوئی اثر نہ ہوا۔عجیل اور شرافت نے سامنے سے سلیل پر حملہ
کیا۔سلیل نے ان کے وار اپنے ہاتھوں پر روکے،چشم زدن میں ان دونوں سے ان کی کلاشنکوفیں چھین
کر ایک طرف پھینک دیں۔پھر انہیں بالوں سے پکڑ کر ان کے سر ٹکرائے۔پھر ان کے بال چھوڑ دیئے۔
ان کی کھوپڑیاں بج اٹھی تھیں۔وہ ڈگمگائے اور فرش پر آ رہے۔

پھر سلیل ان دونوں کی جانب تیزی سے پلٹا۔ان دونوں کی حالت یہ دیکھ کر دگرگوں ہونے لگی
کہ ان کے حملوں کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوا۔سلیل کی جگہ کوئی اور شخص ہوتا تو نہ صرف اس کا سر پھٹ
کر بھیجا باہر نکل آتا۔اور پھر اس کی پیٹھ کی ہڈیاں بھی ٹوٹ جاتیں اور دم بھی نکل جاتا۔جب ان
دونوں نے سلیل کے سر اور پیٹھ پر کلاشنکوف کے بٹ مارے تھے انہیں ایسا لگا تھا جیسے اس کا جسم گوشت
کا نہیں بلکہ پتھر کا ہے۔

سلیل نے ان دونوں بدمعاشوں کو گریبان سے پکڑ کر اوپر اٹھایا۔اس کے دائیں ہاتھ میں ایک
اور دوسرے ہاتھ میں دوسرا بدمعاش تھا۔اس نے دائیں ہاتھ والے بدمعاش کو زمین پر پوری
قوت سے گیند کی طرح دے مارا۔پھر دوسرے بدمعاش کو بھی اسی طرح زمین پر دے مارا۔
وہ دونوں درد اور تکلیف سے ماہی بے آب کی طرح تڑپنے لگے۔نہ صرف ان کا سر پھٹ کر خون
بہہ رہا تھا بلکہ ان کے جسم کی ہڈیاں بھی ٹوٹ گئی تھیں۔وہ کراہنے لگے تھے۔سلیل نے اسی پر اکتفا نہیں
کیا۔اس نے پہلے عجیل اور شرافت کی درگت بنائی۔ان پر نیم بے ہوشی طاری تھی۔اس نے دونوں کے

ہاتھ پیروں کو گاجر مولی کی طرح توڑ کر رکھ دیا۔ ان کے دونوں ہاتھوں اور پیروں کو توڑ کر معذور اور اپاہج کر دیا تھا۔ پھر اس نے ان دونوں بدمعاشوں کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا۔ انہوں نے دل خراش چیخوں سے آسمان سر پر اٹھا لیا۔ ان کی چیخیں سننے والا کوئی نہیں تھا۔

جمیلہ اور شیخ صاحب حیرت، خوف اور خوشی کے ملے جلے تاثرات سے سلیل کو دیکھ رہے تھے۔ جوان کے لئے کسی مسیحا کی طرح تھا۔ ایک غیر معمولی انسان، غیر معمولی طاقت ور، حیرت انگیز طور ناقابل یقین...... انہیں یہ سب کچھ ایک خواب کی طرح لگ رہا تھا۔ انہیں ان درندوں کے ہاتھوں سے بچنے کی ایک فیصد امید بھی نہ تھی۔

سلیل نے عجیل سے کہا۔ "تم نے اپنے ظلم و ستم، گھمنڈ اور غرور کا انجام دیکھ لیا؟ کہاں گئی تمہار طاقت......؟ تم نے خدا کے وجود سے انکار کیا تھا...... تم طاقت کے نشے میں یہ بھول گئے تھے کہ مار والے سے بچانے والا بڑا ہوتا ہے۔ ان شریف باپ بیٹی کی عزت اور جان کے درپے ہو گئے تھے۔ لیک اب بازی الٹ چکی ہے۔ اب تم ہمارے رحم و کرم پر ہو...... بتاؤ...... تمہارے ساتھ کیا کیا جائے؟"

عجیل نے درد اور تکلیف سے کراہتے اور تڑپتے ہوئے جواب دیا۔ "تم نے میرے جسم ہڈیاں...... دونوں ہاتھوں اور پیروں کو توڑ کر رکھ دیا...... اب بھی تم پوچھتے ہو کہ کیا کیا جائے؟"

"آپ ان چاروں کو گولی مار کر ختم کر دیں۔" جمیلہ نے ان درندہ صفت بدمعاشوں کی طر دیکھتے ہوئے کہا۔

"یہ چاروں موذی سانپ ہیں۔ یہ اس قابل نہیں ہیں کہ انہیں زندہ چھوڑ دیا جائے۔ یہ زندہ ر تو پھر ڈس لیں گے...... یہ ذلیل انسان میرے باپ کے سامنے میری بے حرمتی کرنا چاہتے تھے۔ ان باپ بیٹی کے رشتے کا تقدس بھی نہیں رہا...... انہیں جان سے مار ڈالیں۔ ان کے جسم کے ٹکڑے کے کتوں کو کھلا دیں۔"

"آپ بہت جذباتی ہو رہی ہیں۔" سلیل نے کہا۔ "اگر ہم انہیں گولی مار دیں گے تو ان کی مو اور زندگی آسان ہو جائے گی...... ایک طرح سے ان پر ایک احسان ہوگا...... ان کی سب سے بڑی سز ہے کہ یہ زندہ رہیں۔ اس طرح یہ ساری زندگی اذیتناک اور اپاہج کی زندگی گزاریں گے...... درد و تکل سے تڑپتے اور سسکتے رہیں گے۔ ان کے لئے اس سے بڑی سزا کوئی اور نہیں ہو سکے گی۔ لہٰذا انہیں ز ہی رہنے دیں۔"

"یہ ٹھیک کہہ رہے ہیں بیٹی!" شیخ صاحب نے تائیدی لہجے میں کہا۔ "ان درندوں کا زندہ رہ کے لئے کسی دردناک عذاب سے کم نہیں ہوگا۔ یہ ہزار مرتبہ مر مر کے جیتے رہیں گے۔ ان کے لئے سے بڑی سزا کوئی اور نہیں۔ ...... یہ اسی سزا کے مستحق ہیں۔"

"ہم لوگ جا رہے ہیں۔" سلیل نے عجیل سے کہا۔ "پولیس کو تم لوگوں کے بارے میں اط دے دوں گا۔ وہ تم لوگوں کو آ کر لے جائیں گے اور جیل میں سڑائیں گے۔ دو سزائیں ایک ساتھ گے۔ قانون کے نزدیک تمہارے جرائم ناقابل معافی نہیں ہیں۔"



سلیل ان دونوں کو ساتھ لے کر باہر نکل آیا۔ گہرے سکوت میں ان چاروں کی دردناک چیخیں ...ے رہی تھیں۔ کچھ دور تک تینوں خاموشی سے چلتے رہے۔ جمیلہ ایک طرف بہت خوش تھی۔ دوسری ...وہ یہ سوچ کر کانپ جاتی تھی کہ اگر وہ بدمعاش اپنے مذموم ارادوں میں کامیاب ہو جاتے تو...... نہ ...وہ عزت بلکہ باپ کی زندگی سے محروم ہو جاتی اور پھر اسے بے عزت کرنے کے بعد اسے بھی ...ی نیند سلا دیتے۔ اس شخص نے آ کر نہ صرف ان کی عزت بلکہ جان بھی بچا دی۔ لیکن وہ بھی ...در بھی کہ...... کیا ایک انسان اس قدر غیر معمولی طاقت اور مضبوط جسم کا مالک بھی ہو سکتا ہے کہ اس ...وف کی کاری ضرب بھی اثر نہ کر سکی۔ اس کے لئے اس سے زیادہ حیران کن بات یہ تھی کہ وہ اس کا ...اس کے باپ کا نام اور ان کے پیشوں سے بھی واقف تھا۔ بدمعاشوں کے بارے میں ایک ایک بات ...واقف تھا۔ اس نے اپنے باپ کے بشرے سے محسوس کیا کہ وہ بھی یہی کچھ سوچ رہے ہیں۔

شیخ صاحب نے چلتے چلتے سلیل کی طرف دیکھتے ہوئے حیرت سے کہا۔ "بیٹے! کیا تم ہمیں اپنے ...میں کچھ بتانا پسند کرو گے؟"

سلیل ان کی طرف دیکھ کر مسکرا دیا۔ "میرا نام سلیل ہے۔ میں ایک سیاح بھی ہوں اور کوہ پیما ... میں یہاں فلک سیر پہاڑ کی چوٹی سر کرنے کے لئے آج ہی پہنچا ہوں۔ اتفاق سے رات کے ...نے کے بعد چہل قدمی کرتا ہوا ادھر آ نکلا۔ خیمہ دیکھ کر قریب آیا۔ میں یہ سمجھا کہ کوہ پیماؤں کی جماعت ...شاید کیمپنگ کی ہے۔ جب میں خیمہ کے پاس آیا تو میں نے دیکھا۔ بدمعاش آپ لوگوں کو پکڑ کر ...ہیں۔"

"لیکن تم نے یہ نہیں بتایا کہ تمہیں ہمارے اور ان بدمعاشوں کے نام وغیرہ کے بارے میں کیسے ...علوم ہوا؟" انہوں نے پوچھا۔

"میں خود بھی اس امر پر حیران ہوں۔" سلیل نے جواب دیا۔ "ایک نادیدہ آواز نے میرے دل ...آپ دونوں اور ان چاروں بدمعاشوں کے بارے میں بتایا۔ اس نادیدہ آواز نے جو کچھ بتایا وہ ...یہی تھا۔"

"اسے ٹیلی پیتھی کہتے ہیں۔" شیخ صاحب نے کہا۔ "تم شاید ٹیلی پیتھی کے علم سے واقف معلوم ... کیوں؟"

"میں نے یہ علم نہیں سیکھا ہے۔" سلیل نے جواب دیا۔ "قدرتی طور پر میں اس علم کو جانتا اور ...کرتا ہوں۔ جب میں کسی کی طرف دیکھتا ہوں اور اس کے بارے میں سوچتا ہوں تو میرے ذہن ...کے بارے میں تمام باتیں ایک ایک کر کے آ جاتی ہیں۔ اس کی سوچ کا بھی علم ہو جاتا ہے۔ میں ...نے اس علم کے بارے میں آج تک کسی کو نہیں بتایا۔ صرف آپ کو بتایا ہے۔ میں نے اپنے اس علم ...بہت سارے لوگوں کو ظلم و ستم سے نجات دلائی ہے۔"

"اچھا میرے ایک اور سوال کا جواب دے دو تو تمہاری بڑی نوازش ہوگی۔" شیخ صاحب نے کہا۔ ...بدمعاش نے تمہارے سر کے پچھلے حصے پر پوری قوت سے کلاشنکوف کا بٹ دے مارا۔ تمہاری جگہ

کوئی اور شخص ہوتا تو اس کی کھوپڑی کے دو ٹکڑے ہو جاتے۔ لیکن تم پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ دوسرے بد معاش نے تمہاری پیٹھ پر اسی وقت کلاشنکوف کا بٹ پوری قوت سے دے مارا۔ تمہارے جسم کی ایک ہڈی بھی نہیں ٹوٹی، نہ چٹخی؟"

"آپ نے ان بدمعاشوں کو ہاتھوں میں اس طرح اور اس آسانی سے اٹھا لیا جیسے وہ کرکٹ کی گیند ہوں۔ اس طرح انہیں زمین پر دے مارا جیسے کوئی کھلاڑی گیند زمین پر مارتا یا پھینکتا ہے؟" جمیلہ نے کہا۔

"مجھے ایسے خطوں میں جہاں پہاڑ اور جنگلات ہیں، انواع واقسام کی ایسی جڑی بوٹیاں ملی تھیں جن کے کھانے سے انسان کا جسم غیر معمولی طور پر سخت مضبوط اور فولاد کی طرح ہو جاتا ہے اور اس کے اندر غیر معمولی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ جڑی بوٹیاں نایاب اور بے حد قیمتی ہوتی ہیں۔ میرے والد مرحوم نے مجھے ان جڑی بوٹیوں کے بارے میں بتایا تھا کہ وہ کیسی اور کس قسم کی ہوتی ہیں۔ ان کی پہچان کیا ہے۔ انہیں کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک کو پیا کے لئے ضروری ہے کہ وہ بے حد صحت مند، طاقت ور، اور مضبوط جسم کا مالک ہو۔ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ مجھے وہ جڑی بوٹیاں مل گئیں۔ جن کے استعمال سے آج میں ایک مضبوط جسم اور غیر معمولی طاقت کا مالک ہوں۔"

"اللہ تمہارے اس علم اور طاقت میں اور بے پناہ اضافہ کر دے، تاکہ تم اسی طرح مظلوموں کی مدد کرتے رہو۔" شیخ صاحب نے اسے پرستائش نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "مجھے اس بات سے بڑی خوشی ہوئی کہ تم نے اپنے علم اور طاقت سے ہماری مدد کی۔ تم نے جو نیکی کی ہے اس کا اجر تو تمہیں اللہ دے گا۔ تم نے اس علم اور طاقت سے نیکی کی اور مشن جاری رکھا تو یہ انسانیت کی بہت بڑی خدمت ہوگی۔ علم کی یہ صلاحیت ہر کسی کو نصیب نہیں ہوتی ہے۔ اللہ کرے زور بازو اور زیادہ......"

"میرا خیال ہے کہ میں نے کبھی آپ جیسے شخص کے بارے میں نہ کہیں پڑھا ہے اور نہ سنا ہے۔" جمیلہ نے کہا۔ "آپ اس صدی کے حیرت انگیز، مافوق الفطرت اور بے مثال شخص ہیں۔ مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ میں صدیوں پہلے کے دور میں پہنچ گئی ہوں۔ جہاں محیر العقول قسم کے جادوگر اور عجیب وغریب شخصیت کے مالک ہوتے تھے۔ مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ آپ دیومالائی کہانیوں کا کردار ہیں۔ اگر میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور سنا نہ ہوتا تو میں اس بات کو تسلیم نہیں کرتی کہ ایک شخص ہے جو ٹیلی پیتھی جانتا ہے اور چٹان کی طرح مضبوط ہے۔ اس دنیا اور اس دور میں موجود ہے۔"

سلیل مسکرایا۔ "اب آپ کی رہائش گاہ قریب آ گئی ہے۔ آپ مجھے اجازت دیں تاکہ میں جا کر آرام کروں...... اور ہاں...... اب آپ کو کسی بات کے ڈر اور خوف کی ضرورت نہیں ہے۔ دل میں جو وسوسے اور اندیشے ہیں وہ دل سے نکال دیں۔ دشمن اس قابل نہیں رہا ہے کہ برسوں تک ہل جل سکے۔ پولیس کو یہ جو بیانات دیں گے پولیس ان کی کسی بات کا یقین نہیں کرے گی۔ بالفرض محال پولیس نے یقین کر لیا اور آپ لوگوں سے رابطہ کیا تو آپ یہ کہیں کہ یہ چاروں بدمعاش جمیلہ کے حصول کے لئے آپس میں لڑ پڑے اور اپنی ہڈیاں تڑوا لیں۔ بات بن جائے گی۔"



"کاش! ہم آپ کے احسان کا صلہ دے سکتے۔" جمیلہ نے اس کی طرف ممنون نگاہوں سے کہا۔

"مجھے میرا صلہ مل گیا۔" سلیل نے ایک دل کش مسکراہٹ سے کہا۔ "مجھے آپ لوگوں کی مدد کر کے جو خوشی ملی ہے میں اسے الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا ہوں۔ یہ خوشی ہی میرے لئے بہت بڑا صلہ ہے۔"

سلیل، باپ بیٹی کو رخصت کر کے ہوٹل آیا۔ اس کا چہل قدمی کے لئے جانا مفید ہی رہا تھا۔ اسے ایک نادیدہ طاقت کشاں کشاں اس طرف لے گئی تھی تاکہ وہ ان کی مدد کر سکے۔ یہ پہلی ... ہوا تھا۔

★......★......★

صبح وہ بیدار ہو کر منہ ہاتھ دھو کر ناشتہ کرنے کے لئے ڈائننگ ہال میں آیا۔ دو تین میزوں پر لوگ ... ئے تھے۔ ایک میز پر ایک نوجوان امریکی جوڑا بیٹھا ہوا تھا۔ دونوں میاں بیوی خوبصورت تھے۔ ... مادے سے لگ رہے تھے۔ اس ہال میں جتنے لوگ بیٹھے تھے وہ ان کی نگاہوں کی توجہ کا مرکز بن ... ان کی شخصیت ہی کچھ ایسی تھی کہ لوگ اس کی طرف پرستائش نظروں سے دیکھنے کے لئے مجبور ... تے تھے۔

... وقت وہ چائے پی رہا تھا اس نے ایک افغانی کو اندر داخل ہوتے ہوئے دیکھا۔ اس کا قد سوا ... تھا۔ وہ اپنی وضع قطع اور چہرے مہرے سے جرائم پیشہ لگ رہا تھا۔ اس کی آنکھوں سے وحشیانہ پن ... رہا تھا۔ اور چہرے پر سفاکی تھی۔ اس کے کندھے سے بندوق لٹک رہی تھی۔

اس شخص نے ہال کا جائزہ لیا، پھر وہ اس میز کی طرف بڑھ گیا جس پر امریکی جوڑا بیٹھا ہوا تھا۔ اس ... نے اس شخص کو دیکھا تو ان کے چہرے دمک اٹھے۔ ان دونوں نے کھڑے ہو کر اس کا بڑا ... اور گرم جوشی سے استقبال کیا۔ اس افغانی نے میاں بیوی سے باری باری ہاتھ ملایا۔ پھر وہ کرسی ... بیٹھ گیا۔ امریکی مرد نے ویٹر کو بلا کر اپنے مہمان کے لئے پرتکلف ناشتا منگوایا۔ وہ تینوں ناشتے ... ان گفتگو کرتے رہے۔ افغانی بڑے شستہ لہجے میں فر فر انگریزی زبان بول رہا تھا۔

... ناشتے سے فراغت پانے کے بعد وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ امریکی جوڑا بھی کھڑا ہوا۔ پھر وہ امریکی جوڑا ... کو اپنے ساتھ لے کر کمرے کی طرف بڑھ گیا۔ ان کے جانے کے تھوڑی دیر کے بعد سلیل اپنی ... اٹھا۔ کچھ دیر کے بعد وہ اس امریکی جوڑے کے کمرے کے دروازے پر دستک دے رہا تھا۔

... ثانیوں کے بعد دروازہ کھلا۔ عورت سلیل کے سامنے کھڑی تھی۔ اس نے حیرت اور سوالیہ ... سلیل کی طرف دیکھا۔ "فرمایئے...... میں آپ کی کیا خدمت کر سکتی ہوں؟" اس نے اپنی ... میں کہا۔

"کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟" سلیل نے صاف وشستہ انگریزی زبان میں کہا۔

"آپ کو کس سے ملنا ہے؟" عورت نے اسے ساکت پلکوں سے دیکھا۔ "آپ کیا ہیری سے ملنا ... میں نے آپ کو تھوڑی دیر پہلے ڈائننگ ہال میں دیکھا تھا؟ آپ بھی شاید اسی ہوٹل میں

ٹھہرے ہوئے ہیں؟"

"جی ہاں...... میں مسٹر ہیری سے ملنا چاہتا ہوں۔" سلیل نے جواب دیا۔ "میں وہی شخص ہوں جسے آپ دیکھ چکی ہیں۔ میں بھی اسی ہوٹل میں ٹھہرا ہوا ہوں...... میرا کمرہ نمبر اکیس ہے۔"

"اندر آجائیں۔" عورت نے ایک طرف ہٹ کر اسے اندر آنے کا راستہ دیا۔ "ہیری مہمان سے باتیں کر رہے ہیں۔"

سلیل کمرے میں داخل ہوا۔ اس نے دیکھا ہیری صوفے پر افغانی سے بیٹھا باتیں کر رہا تھا۔ ان دونوں نے توقف کر کے سلیل کو دیکھا۔ عورت دروازہ بند کر کے مڑی اور ہیری کی طرف بڑھتی ہوئی بولی۔ "ڈارلنگ! یہ جناب تم سے ملنے کے لئے آئے ہیں۔"

سلیل نے ہیری کے پاس جا کر اس سے اپنا تعارف کرایا۔ "میرا نام سلیل ہے میں بھی ایک سیاح ہوں۔"

"میرا نام ہیری ہے۔" ہیری نے سلیل کی طرف مصافحے کے لئے ہاتھ بڑھایا۔ "آپ کو مجھ سے کیا کام ہے؟"

افغانی نے سلیل کو بڑی ناگواری اور خشمگیں نظروں سے گھورتے ہوئے ہیری سے کہا۔ "اس شخص سے کہو کہ یہ کسی اور وقت آ کر تم سے مل لے، ہم دونوں بہت ضروری باتیں کر رہے ہیں۔"

ہیری نے سلیل سے معذرت آمیز لہجے میں کہا۔ "کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ آپ دو بجے دن کے وقت ملاقات کر لیں؟"

"میں ایک ایسے ضروری کام سے آیا ہوں جس میں آپ میاں بیوی کا فائدہ ہے۔" سلیل نے کہا

"کیسا فائدہ......؟" ہیری نے سلیل کو حیرت سے دیکھا۔ "کیا آپ بھی......؟" اس نے اپنا فقرہ ناتمام چھوڑ دیا۔

"میں اس لئے آیا ہوں کہ آپ کو شاہ باز خان سے ہیروئن خریدنے کے لئے باز رکھوں۔" سلیل نے کہا۔

ہیری، عورت اور شاہ باز خان اس کی باتیں سن کر بڑے زور سے چونکے۔ شاہ باز خان کا چہرہ لال ہو گیا۔ اس کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔ وہ غرایا۔ "تم کون ہوتے ہو ہمارے معاملات میں دخل دینے والے؟"

"آپ کو کس نے بتایا کہ میں شاہ باز خان سے ہیروئن خرید رہا ہوں؟" ہیری کا چہرہ زرد پڑ گیا

"آپ شاہ باز خان کے بارے میں کچھ نہیں جانتے ہیں۔ صرف اتنا جانتے ہیں کہ یہ سیاحوں کے ہاتھ ہیروئن بیچتا ہے۔ لیکن آپ اس کی فطرت اور اصلیت سے واقف نہیں ہیں۔ یہ شخص ایک نمبر فراڈی ہے، دھوکے باز ہے۔ یہ سیاحوں کو بے وقوف بنا رہا ہے۔ آپ اس سے سودے بازی نہ کریں۔

ہیری کا چہرہ فق ہو گیا۔ اس نے اگلے لمحے اپنے آپ کو سنبھال لیا۔ "آپ نے یہ نہیں بتایا کہ کس نے آپ کو بتایا ہے۔ میں اس شخص سے ہیروئن خرید رہا ہوں؟ یہ جھوٹ ہے۔" ہیری نے تکرار کی۔



"کسی کو بتانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔" سلیل کہنے لگا۔ "یہ بات ساری دنیا جانتی ہے کہ شاہ باز خان منشیات فروش ہے۔ اس کا تعلق اسمگلروں کے گروہ سے ہے۔ لیکن یہ بے ایمان شخص ہے۔ اس کی سودے بازی میں دیانت داری نہیں کی۔ وہ اس چکر میں ہے کہ آپ سے دس ہزار ڈالر لے کر فرار ہو جائے۔ آپ کو ہیروئن کے بجائے سفید پوڈر دے دے۔ اور پھر اس نے آپ کی اہلیہ کو اور میرا اغوا کر کے مردان لے جانے کا منصوبہ بنایا ہوا ہے۔ آپ اس کے سائے سے بھی بچیں۔"

شاہ باز خان ایک جھٹکے سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کا چہرہ غصے سے چقندر کی طرح ہو گیا۔ اس کی آنکھیں شعلے برسانے لگیں۔ اس نے بندوق اٹھا کر سلیل پر تان لی۔ "دفع ہو جاؤ۔ ورنہ تمہیں شوٹ کر دوں گا۔"

کمرے کی فضا ایک دم سے بدل گئی۔ تناؤ کی سی کیفیت پیدا ہو گئی۔ ڈورس اور ہیری نے چونک کر ... اور خوف سے شاہ باز خان کی طرف دیکھا۔ انہیں اس کے بشرے سے ایسا لگا جیسے وہ واقعی سلیل کو گولی مار دے گا کیوں کہ وہ سلیل کی باتیں سن کر غصے سے بے قابو ہو گیا تھا۔ ان دونوں نے سنا ہوا تھا کہ افغانی اور پٹھان لوگ اپنے مزاج کے خلاف کوئی سخت بات سنتے ہیں تو مشتعل ہو جاتے ہیں اور بات بات پر بندوق نکال لیتے ہیں اور خون خرابا کرنے سے باز نہیں آتے ہیں۔ انہیں اب تک ایسی کوئی بات دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا تھا۔ ان دونوں نے دوران سفر اور سیاحت کرتے ہوئے اس علاقے کی قوم کو غیرت مند، پرخلوص اور سادہ مزاج پایا تھا۔ سلیل نے چونکہ اس کی شخصیت کے بارے میں اس کے منہ پر بڑی صاف گوئی سے کہہ دیا تھا اس لئے اسے یہ باتیں برداشت نہ ہو سکی تھیں۔

ان دونوں میاں بیوی کو یہ دیکھ کر بھی سخت تعجب ہوا تھا کہ سلیل بڑے سکون واطمینان سے بندوق کے سامنے سینہ تانے کھڑا ہوا ہے۔ اس پر خوف یا گھبراہٹ کے کوئی آثار نہ تھے...... سلیل بھی دراز قد اور ... جسم کا مالک تھا لیکن وہ دیوپیکر شاہ باز خان کے سامنے ایک بچے کی طرح دکھائی دے رہا تھا۔

"شاہ باز خان!" سلیل نے اسے بڑے پرسکون لہجے میں مخاطب کیا۔ "اس قدر برہم ہونے کی کیا ضرورت ہے؟ میں نے تمہارے بارے میں جو کچھ کہا ہے کیا وہ غلط ہے! کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ تم دس ہزار ڈالر کے عوض ہیروئن دینے کے بجائے سفید پوڈر نہیں دے رہے ہو؟ کیا تم نے اس کی ... اور ڈورس کے اغوا کا منصوبہ نہیں بنایا ہوا ہے؟"

"تم جھوٹ بول رہے ہو۔ بکواس کر رہے ہو۔" شاہ باز خان مشتعل ہو گیا۔ "مجھ پر الزام تراشی کر ... میں تمہیں جانتا تک نہیں ہوں۔ میں آج تمہیں پہلی بار دیکھ رہا ہوں۔ تم میرے بارے میں کیا جان سکتے ہو؟"

"جھوٹ کیا ہے سچ کیا ہے یہ ابھی معلوم ہو جاتا ہے۔" سلیل نے جواب دیا۔ "تم مجھے نہیں جانتے ... یہ سچ ہے لیکن اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے، کیوں کہ تمہیں بہت سارے لوگ جانتے ہیں۔ تم ... شیطان کی طرح مشہور ہو۔ میں تمہارے بارے میں اور بھی بہت کچھ جانتا ہوں...... اگر میں الزام ... لگا رہا ہوں تو تم اسے غلط ثابت کر دو۔ ہمیشہ سودا اس ہاتھ لے اس ہاتھ دے ہوتا ہے۔ تم ہیری سے

دس ہزار ڈالر پیشگی کیوں لے رہے ہو؟ ایسا کہیں ہوتا ہے۔ اگر تم سچے ہو ایمان دار آدمی ہو تو ادھر مال رکھو اور ہاتھوں ہاتھ رقم لے کر جاؤ۔"

"میں جس طرح بھی سودا طے کروں تمہیں اس سے کیا۔ میں جانوں اور مسٹر ہیری جانیں۔" شاہ باز خان چڑ کر بولا۔ "اور یہ بات بالکل غلط ہے کہ میں نے مسز ڈورس کو اغوا کرنے کا منصوبہ بنایا ہوا ہے۔"

"لیکن میں یہ سودا ایسے ہونے نہیں دوں گا۔ کیوں کہ تمہارے دل میں کھوٹ ہے اور اب ہیری بھی مال لئے بغیر تمہیں ایک ڈالر بھی نہیں دیں گے......" سلیل نے کہا۔ "مسز ڈورس کو اغوا کرنے کے منصوبے کے بارے میں میں یہ جانتا ہوں کہ تمہارے تین ساتھی ہیبت خان، جلاد خان، اور زور خان اس گاڑی کو اس وقت روک لیں گے جس میں دونوں میاں بیوی سوار ہوں گے۔ تم لوگ گن پوائنٹ پر مسز ڈورس کو لے جاؤ گے۔ کیا میں غلط کہہ رہا ہوں؟"

شاہ باز خان کا چہرہ ایک لمحے کے لئے متغیر ہو گیا۔ پھر اس نے خود پر قابو پا لیا۔ لیکن اس کے چہرے پر حیرت جیسے چسپاں ہو گئی۔ وہ بھونچکا سا ہو رہا تھا کہ سلیل کو اس کے منصوبے کے بارے میں کیسے پتا چلا۔ اس نے کیسے جان لیا کہ وہ ہیری سے دھوکے بازی کر رہا ہے۔ یہ کون مردود ہے جو کباب میں ہڈی بن گیا ہے۔

"تم میرے خلاف ہیری کو اس لئے بھڑکا رہے ہو کہ اپنا الو سیدھا کر سکو...... اسے مجھ سے بدظن کر سکو...... تم ایک جواری کی طرح گہری چال چل رہے ہو کہ جب تم ہیری اور اس کی بیوی کو اپنے اعتماد میں لینے میں کامیاب ہو جاؤ گے۔ تب اس کی رقم اور حسین و جمیل بیوی پر ہاتھ صاف کر سکو۔" شاہ باز خان نے تڑختے ہوئے لہجے میں کہا۔

"میں نہ تو تمہاری طرح منشیات فروش ہوں نہ منشیات کا اسمگلر ہوں اور نہ ہی جرائم پیشہ ہوں۔ تم افغانیوں اور پٹھانوں کی روایات کے خلاف ہو اور ان کے کردار پر ایک بدنما داغ ہو۔ پٹھان قوم کا ہر فرد سچا کھرا اور قول کا پکا ہوتا ہے۔ وہ اپنی زبان اور وعدے کا پاس کرتا ہے۔ چاہے اس کی جان کیوں نہ چلی جائے۔"

"کیا میں پٹھان نہیں ہوں......؟" شاہ باز خان نے اسے قہر آلود نظروں سے گھورا۔ "تم نے کیسے اندازہ کر لیا کہ میں ان دونوں کو دھوکا دے رہا ہوں...... ذلیل آدمی! تم میری غیرت کو للکار رہے ہو۔"

"تم پٹھان نہیں ہو اور نہ ہی تم افغانی ہو......" سلیل نے کہا۔ "تم روسی ہو۔ تم نے ایک افغانی کا بہروپ بھرا ہوا ہے۔ تم مسلمان کا نام رکھ کر دنیا والوں کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہو۔"

"کیا کہا میں روسی ہوں؟" شاہ باز خان نے ایک بھونڈا قہقہہ لگایا۔ بڑے زور سے ہنسا۔ لیکن اس کا قہقہہ اور ہنسی بے جان سی تھی۔ "مجھے تم پاگل آدمی معلوم ہوتے ہو۔ بہکی بہکی باتیں کر رہے ہو۔"

"تمہارے پردادا افغانستان میں آ کر بس گئے تھے۔ تمہاری ماں بھی روسی تھی۔ مستقل رہائش، آب و ہوا ماحول کی وجہ سے تم مقامی باشندوں کی طرح دکھائی دینے لگے۔ ظاہر شاہ کی حکومت جانے کے بعد تم سخاوت سے شاہ باز خان بن گئے۔ پھر منشیات کے بین الاقوامی گروہ میں شامل ہو کر جرائم پیشہ بن گئے۔



کر افغانیوں کو بدنام کر رہے ہو...... یہ بات تمہارے سوا کوئی نہیں جانتا ہے کہ تم روسی ہو۔"

شاہ باز خان اس طرح اچھل پڑا جیسے اسے کرنٹ لگا ہو۔ وہ ششدر ہو کر سلیل کو دیکھنے لگا۔ اس سے بندوق چھوٹتے چھوٹتے رہ گئی۔ اس کی پیشانی عرق آلود ہو گئی۔ لیکن اس نے فوراً ہی خود پر ۔ وہ سلیل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر غرایا۔ "کہیں تم کے بی بی کے آدمی تو نہیں ہو؟"

"نہیں......" سلیل نے سر ہلایا۔ "میں ایک سیاح اور کوہ پیما ہوں۔ میں یہاں فلک سیر پہاڑ کی رنے کے لئے آیا ہوں۔ چوں کہ مجھے کسی سے تمہارے بارے میں معلوم ہوا تھا کہ تم جرائم پیشہ ے تعلق رکھتے ہو اور غیر ملکی سیاحوں کو دھوکا دیتے ہو...... تمہارے ہاتھوں غیر ملکی سیاح اور ان کی باد ہو چکی ہیں۔ اس لئے میں مسٹر ہیری کو تمہارے جال سے نکالنے کے لئے آ گیا۔ بہتر ہے کہ تم دو اور اس علاقے سے نکل جاؤ۔"

"میں تمہارا منصوبہ کامیاب ہونے نہیں دوں گا۔" شاہ باز خان نے پھر سلیل پر بندوق تان لی۔ " خلاف میاں بیوی کو بہکا اور ورغلا رہے ہو۔ تم بھی ایک اسمگلر ہو۔ تم یہ چاہتے ہو کہ اپنا ملاوٹ الا ہیری کے ہاتھ بیچ کر چلے جاؤ۔ کیا تم مجھے بے وقوف سمجھتے ہو کہ میں اتنا بھی نہیں سمجھ سکتا ہوں۔"

شاہ باز خان اندر ہی اندر پیچ و تاب کھا رہا تھا اور حیران تھا کہ اس کے بارے میں یہ شخص کیسے اس شخص نے اس کے بارے میں جو کچھ کہا تھا وہ سچ تھا۔ ایک بات بھی غلط نہ تھی۔ اس شخص ل میں بھنگ ملا دیا تھا۔ دونوں میاں بیوی اسے مشکوک نظروں سے گھور رہے تھے۔

"اب مسٹر ہیری فیصلہ کریں گے کہ انہیں کیا کرنا ہے۔" سلیل نے کہا۔ "انہیں میری مدد کی ہیں ہے۔ تو میں یہاں سے چلا جاؤں گا...... میں اس بات کو پسند نہیں کرتا ہوں کہ لوگوں کو بے نایا جائے۔"

"میں اسی صورت میں رقم ادا کروں گا جب مال میرے سامنے رکھا جائے۔" ہیری نے کہا۔ "میں کروں گا۔ اس ہوٹل کے ویٹر نادر خان جس نے مجھے تم سے ملایا ہے اسے ہیروئن کی پہچان مال پاس کر دینے کی صورت میں رقم ادا کر دوں گا...... اب آپ جا کر مال لے آئیں۔"

"تم دو گے تو اس رقم سے مال خرید کر لاؤں گا۔" شاہ باز خان نے کہا۔ "ہمارے درمیان یہ بات ئی تھی۔ اب تم اس شخص کی باتوں میں آ کر مکر رہے ہو؟ یہ غلط بات ہے مسٹر ہیری!......"

"میں مکر نہیں رہا ہوں۔" ہیری نے جواب دیا۔ "یہ اصولی بات ہے۔ سودا اسی طرح ہوتا ہے۔ اس ہاتھ دے۔"

"تم سیدھی طرح نکالتے ہو کہ نہیں؟" شاہ باز خان سیخ پا ہو گیا۔ "مجھے ابھی اور اسی وقت دس اس لئے کہ میں کسی سے وعدہ کر کے اور اسے زبان دے کر آیا ہوں، مال تمہیں دو دن کے ۔"

"ہزار ڈالر ایک خطیر رقم ہے۔" ہیری نے کہا۔ "میں تم پر اعتبار نہیں کر سکتا ہوں۔ جس شخص اسے اپنے ساتھ لے آؤ۔ میں اس کے اور تمہارے آمد و رفت کے اخراجات برداشت

کرنے کے لئے تیار ہوں۔"

"میں تمہارے باپ کا نوکر نہیں ہوں جو جا کر اسے اپنے ساتھ لیتا آؤں ......" شاہ باز خان برافراختہ ہو گیا۔

"شاہ باز خان!" سلیل نے ٹھنڈے لہجے میں کہا۔ "یہ کاروبار ہے۔ تم سچے آدمی ہو، تمہاری نیت میں فتور نہیں ہے تو اس آدمی کو لے آؤ، جس سے تم ہیروئن خرید کر مسٹر ہیری کے ہاتھ بیچنا چاہتے ہو۔ تم نے مسٹر ہیری سے جس لہجے میں بات کی اور جو کچھ کہا ہے وہ تمہیں زیب نہیں دیتا ہے۔ تم ان سے معافی مانگو...... یہ سوچو کہ وہ تم پر کیسے اعتبار کر سکتے ہیں۔ جب کہ انہیں تمہارے ٹھکانے کا پتا نہیں ہے۔ وہ سیاح اور اجنبی ہیں اس ملک میں۔"

"مجھے ابھی اور اسی وقت دس ہزار ڈالر چاہئیں۔ میں کچھ نہیں جانتا۔" غصے سے شاہ باز خان کی زبان لڑکھڑانے لگی۔

"دس ہزار ڈالرز تو کیا میں دس ڈالر بھی دینے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ پہلے مال لاؤ۔ پھر رقم ۔ جاؤ۔" ہیری نے کہا۔

"تم کیا تمہارا باپ بھی دس ہزر ڈالر دے گا......؟" شاہ باز خان نے ہیری پر بندوق تان لی۔ "تم نے رقم نہیں دی تو میں تینوں کو گولی مار دوں گا۔ اور رقم لے کر چلا جاؤں گا۔ زندگی عزیز ہے تو جلدی رقم دے دو۔"

ڈورس کا جسم دہشت سے لرزنے لگا۔ وہ غش کھا کر گرنے لگی تو سلیل نے آگے بڑھ کر اسے سنبھال لیا۔ سہارا دے کر بستر پر لٹا دیا پھر وہ شاہ باز خان کی طرف متوجہ ہو کر بولا۔ اب صاف ظاہر ہے کہ تمہاری نیت میں فتور ہے۔ تم فریب اور دھوکے سے رقم حاصل کرنا چاہتے تھے۔ تمہاری بہتری سلامتی اسی میں ہے کہ تم چلے جاؤ۔ یہ گیدڑ بھبکیاں کسی اور کو دینا۔"

"سب سے پہلے تو میں تمہیں گولی مار دوں گا۔ کیونکہ تم سارے فساد کی جڑ ہو۔ تم نے ہیری کو ...... ہے۔" شاہ باز خان نے کہا۔ پھر اس نے بندوق کی نالی کا رخ سلیل کی طرف کر دیا۔ "اب تم مرنے کے لئے تیار ہو جاؤ۔"

"انسان کو ہر وقت مرنے کے تیار رہنا چاہئے۔ لہٰذا میں بھی مرنے کے لئے تیار ہوں...... لیکن شاہ باز خان! تمہاری بندوق تو ناکارہ اور فضول سی چیز ہے۔ یہ چل نہیں سکتی ہے۔ تم اس سے کیسے گولی مار سکتے ہو۔" سلیل نے ہنس کر کہا۔

"یہ جدید ترین بندوق ہے۔ ساختہ روس ہے۔ اس کی ایک گولی شیر اور کسی بھی درندے کے لئے کافی ہے، جب کہ تم انسان ہو۔ اس کی ایک گولی سے تمہارے پرخچے اڑ جائیں گے۔" شاہ باز خان استہزائی لہجے میں کہا۔

"نہیں ...... نہیں ......" ہیری ہذیانی لہجے میں بولا۔ "شاہ باز خان! تم اس شخص کو گولی نہیں مار سکتے۔ اس شخص نے تمہارا کچھ نہیں بگاڑا ہے۔ یہ تمہارا میرا معاملہ ہے۔ یہ شخص بے قصور اور بے گناہ ...



... بات اور ..."

... اس کے بعد تمہارا نمبر ہے۔" شاہ باز خان نے کہا۔ اس کی آنکھوں سے وحشیانہ پن جھلکنے لگا۔ "... مرنا چاہتے ہو؟"

"... نے بندوق چلائی تو اس کا شور سن کر لوگ آ جائیں گے اور تمہیں پکڑ کے پولیس کے حوالے کر ..." ہیری نے کہا۔

"... کی مجال نہیں کہ مجھے پکڑ کر پولیس کے حوالے کرے۔ پولیس بھی میرے نام سے کانپتی ہے ... مانتی ہے۔ اس لئے کہ ہم لوگ ان کی پرورش کرتے ہیں۔ تم دونوں کو ختم کر کے نہ صرف رقم ... خوبرو بیوی کو بھی لے جاؤں گا۔ اسے اپنی بیوی بنا کر رکھوں گا ...... تمہاری بیوی بھی کیا چیز ... بہت پسند آئی ہے۔"

"تمہارا ایک خواب بھی پورا نہیں ہو گا شاہ باز خان!" سلیل نے کہا۔ "تمہیں لینے کے دینے پڑ ..." وہ سینہ تان کر اس کی طرف بڑھا۔ "چلو...... جلدی گولی چلاؤ۔ میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ ... بندوق کیسی ہے؟"

شاہ باز خان نے فوراً ہی لبلبی دبا دی۔ ہیری نے اسے لبلبی دباتے دیکھ کر اپنی آنکھیں بند کر لی ... اور جو ہوش میں آ چکی تھی۔ اس کے اوسان خطا ہو گئے۔ شاہ باز خان نے ایک نہیں تین مرتبہ ... ۔ ایک فائر بھی نہیں ہو سکا۔ کمرے کی خاموش فضا میں کلک کی آواز گونج کر رہ گئی۔ شاہ باز ... ان پریشان ہو گیا۔ وہ اپنی بندوق کو الٹ پلٹ کر دیکھنے لگا۔ سلیل نے اس کے ہاتھ سے بندوق ... اس کے دونوں سرے پکڑ کر اپنی ران پر دے مارا تو اس کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ سلیل نے ان ... کو فرش پر پھینک دیا۔

... ق کو ٹکڑے ہوتے ہوئے دیکھ کر شاہ باز خان اچھل پڑا اور اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ ... جیسے یقین نہیں آیا۔ اسے ایسا لگا جیسے کسی جادوگر نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا ہو۔ کمال دکھایا ... ندی کر دی ہو۔ اس قدر مضبوط بندوق کو ایک آدمی کا اس طرح توڑ دینا، جیسے وہ کوئی کھلونا ہو۔ ... حیرت کا مجسمہ بنا ہوا کبھی سلیل کو تو کبھی بندوق کے ٹکڑے دیکھ رہا تھا، اور پھر اس کی سمجھ میں یہ ... رہی تھی کہ اس کی بندوق چلی کیوں نہیں۔ وہ نئی بھی تھی اور جدید ترین بھی۔ اس نے کل ہی اس ... اپنے ایک دشمن پر فائرنگ بھی کی تھی۔

... اور ہیری نے بھی بھونچکا ہو کر ایک دوسرے کی شکلیں دیکھیں۔ ان کے چہروں پر گہرا ... چھایا ہوا تھا اور آنکھیں پھیل گئی تھیں۔ ہیری اور ڈورس نے چونک کر اپنے سینے پر صلیب کا نشان ... سلیل نے بندوق کو کھلونے کی طرح توڑ کر ان کی عزت اور جانیں بچا لیں تھیں۔

... باز خان یک لخت چونک کر سلیل کی طرف بڑھا تو اس کے دائیں ہاتھ میں ایک خوفناک قسم کا ... تھا۔ ایسی ہی چمک اس کی آنکھوں میں سے بھی جھانک رہی تھی۔ اس خنجر کا پھل بہت ہی ... اور اس کی دھار بھی چمک رہی تھی۔ اب وہ اپنی ہار ماننا نہیں چاہتا تھا کیوں کہ اس نے اپنی

زندگی میں ہار کبھی نہیں مانی تھی۔ سلیل اس کے لئے یوں بھی بے حد خطرناک تھا کیوں کہ اس کے با
میں وہ بہت کچھ جانتا تھا۔ یہ بات کسی کے علم میں نہ تھی کہ وہ افغانی نہیں روسی ہے۔

"شاہ باز خان!" سلیل نے اسے کرخت آواز میں مخاطب کیا تو وہ ٹھٹک کر رک گیا۔ پھر
نے کہا۔ "لگتا ہے کہ ابھی بھی تمہاری عقل ٹھکانے نہیں آئی ہے۔ تم کیوں اپنی شامت کو دعوت دے
ہو؟ شرافت سے واپس چلے جاؤ۔"

"میں تمہیں موت کے گھاٹ اتارے بغیر نہیں جاؤں گا۔ یہ خنجر دیکھ رہے ہو؟ اس کا پھل زہ
بجھا ہوا ہے۔ اس کی جسم میں چبھن اور خراش سے بھی لمحوں میں آدمی موت کے منہ میں چلا جاتا ہے
موت کا فرشتہ ہے۔"

"کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے لئے موت کا فرشتہ بن جائے۔" سلیل نے کہا۔ "بازی الٹ
سکتی ہے؟"

شاہ باز خان نے اس کی بات کا جواب دینے کے بجائے آگے بڑھ کر اس پر حملہ کر دیا۔ سلیل
اور ہوشیار تھا۔ اس نے بجلی کی سرعت سے ایک طرف ہو کر بڑی پھرتی سے شاہ باز خان کی کلائی پکڑ
پھر اس کا فولادی ہاتھ پکڑ کر اس کی کمر پر لے گیا تو اس کی چیخ نکل گئی۔ سلیل نے اس کی کلائی اتنے
سے دبائی تھی کہ وہ چیخ گئی اور اس کے ہاتھ سے خنجر چھوٹ کر فرش پر گرا تو سلیل نے لات مار کر اس
پلنگ کے نیچے کر دیا۔ شاہ باز خان نے مزاحمت کرنے اور ہاتھ چھڑانے کی کوشش تو سلیل نے اس کا
اس زور سے مروڑا کہ وہ کہنی کے پاس سے ٹوٹ گیا اور اس کے منہ سے چیخیں نکل گئیں۔ پھر سلیل
اس کا ہاتھ چھوڑ دیا اور اس کی کمر پر ایک لات رسید کی۔ وہ اپنا توازن قائم نہ رکھ سکا۔ لڑکھڑاتا ہوا
سے جا ٹکرایا۔ اس کی کھوپڑی بج اٹھی۔ آنکھوں کے سامنے تارے ناچ گئے۔ اس کی پیشانی پھ
تھی۔ ناک کی ہڈی اور جبڑا بھی ٹوٹ گیا تھا اور ناک سے خون ٹپ ٹپ گرنے لگا۔

سلیل نے اس مہلت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پلنگ کے نیچے سے خنجر اٹھالیا۔ شاہ باز خان
جیسے ہی خنجر پر پڑی وہ دروازہ کھول کر اس طرح سے بھاگا جیسے کتا دم دبا کر بھاگتا ہے۔ اس نے
ٹوٹے ہاتھ درد، تکلیف اور زخمی چہرے کی بھی پروا نہیں کی......

سلیل نے اس خنجر کو اس کیپ میں رکھ دیا جس میں شاہ باز خان نے رکھا ہوا تھا۔ وہ کمرے
فرش پر پڑا ہوا تھا۔ ڈورس نے لپک کر دروازہ بند کر دیا اور اندر سے چٹخنی لگائی۔ وہ بڑی ہراساں
تھی۔ اس کا چہرہ سفید پڑ گیا تھا۔

"آپ کا بہت بہت شکریہ۔" ہیری نے ممنونیت سے کہا۔ "آپ نے ہم دونوں کو ایک ش
کے ہاتھوں قتل سے بچالیا۔"

"اچھا..... آپ لوگ یہ بتائیں کہ آپ لوگ ہیروئن اسمگل کر کے لے جانے کے چکر میں
لئے پڑ گئے ہیں؟"

"دولت مند بننے کے لئے....." ڈورس نے بڑی صاف گوئی سے کہا۔ "دولت مند بننے کا



ان اور شارٹ کٹ راستہ یہی ہے۔ امریکہ میں اس کی بہت مانگ ہے۔ بہت زیادہ قیمت ملتی
کلو ہیروئن لے جائیں تو کروڑ پتی بن سکتے ہیں۔ ہم اس لئے اس ملک میں آئے ہیں۔"

"لیکن آپ دونوں نے دیکھ لیا کہ غلط راستہ کس قدر پرخطر ہوتا ہے۔" سلیل نے کہا۔ "میرا خیال
دولت محنت، ذہانت اور صلاحیت سے بھی کمائی جا سکتی ہے۔ ہزاروں لاکھوں افراد اس طرح
بنتے ہیں اور بن ہی رہے ہیں۔ محنت کی دولت راس بھی آتی ہے اور بے پناہ خوشیاں بھی ملتی
"

★.....★.....★

وئی تین دن کے بعد ایک کوہ پیماؤں کی جماعت چین سے آئی۔ اس میں چار جوان مرد تھے۔ وہ
دات کی سیر و سیاحت کے لئے آئے تھے بلکہ فلک سیر کی چوٹی سر کرنے کے لئے..... اس کے
یا کی دوسری بڑی چوٹی کے ٹو اور اس کے بعد ہمالیہ کی چوٹی سر کرنا چاہتے تھے۔ سلیل اس
میں شامل ہو گیا۔ چینی باشندوں نے اس کی شمولیت پر بڑی گرم جوشی اور خوشی کا اظہار کیا۔

پہلے دن اس جماعت نے کوئی ایک ہزار فٹ سر کر لیا۔ چوں کہ اس وقت شام ہو رہی تھی۔ شام
نے گہرے ہو رہے تھے۔ اس لئے مزید پہاڑ پر چڑھنا فضول اور خطرے کا باعث تھا۔ سلیل نے
اس کے ساتھی بہت تھک چکے ہیں۔ اس جماعت نے اسے اپنا لیڈر بنا لیا تھا۔ کیوں کہ وہ کئی
سر کر چکا تھا۔ اسے بہت تجربہ بھی تھا۔ جہاں انہیں ٹھہرنا تھا اس جگہ ایک غار تھا۔ اس کا دہانہ ایک
ے پتھر کی وجہ سے بند تھا۔ گو کہ اس چٹان پر اتنی بڑی کھلی جگہ تھی کہ وہاں خیمہ لگایا جا سکتا تھا۔ ایک
نے بڑی حسرت سے کہا۔ "کاش! یہ پتھر نہ ہوتا تو ہم اس غار میں رات بڑے سکون و آرام اور
ے گزارتے۔"

"کیوں نہ ہم سب مل کر اس پتھر کو غار کے دہانے سے ہٹانے کی کوشش کریں۔" سلیل نے
ے تجویز پیش کی۔

اس کے ساتھی اس کی بات سن کر ہنسنے لگے۔ دوسرے ساتھی نے کہا۔ "جناب! یہ پتھر دو تین من
ہے۔ یہ تو مجھے پورے چھ سات ٹن کا لگ رہا ہے۔ اس سے کم نہیں بلکہ زیادہ ہی ہو سکتا ہے۔"

"کوشش کر کے دیکھنے میں کیا حرج ہے۔" سلیل نے کہا۔ "یہ بات کچھ عجیب سی لگتی ہے۔ لیکن
بات کا قائل ہوں کہ دنیا میں کوئی بات ناممکن نہیں ہوتی ہے۔ پتھر اس طرح سے رکھا ہوا ہے کہ
یا لڑھک جائے۔"

"اس پتھر کو لڑھکانا یا ہٹانا تو درکنار ہم اسے ہلا تک نہیں سکتے ہیں۔" تیسرے ساتھی نے خیال ظاہر کیا۔

"میں چاہتا ہوں کہ ایک کوشش کر کے دیکھ لیا جائے۔ کوشش کر کے دیکھنے میں کیا حرج ہے؟"
پھر سابقہ بات دہرائی۔

ل کے بے حد اصرار پر اس کے ساتھی تیار ہو گئے۔ پھر ان پانچوں نے مل کر اس پتھر کو گہرائی کی
یہ دیکھ کر ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی کہ پتھر نہ صرف اپنی جگہ سے ہٹ گیا بلکہ لڑھکنے لگا۔ وہ

زیادہ بھاری معلوم نہیں ہوا۔ انہیں ایسا لگا وہ کسی گاڑی کو دھکا دے رہے ہیں۔ چند ثانیوں کے بعد لڑھکتا ہوا گہرائی میں جا گرا۔

غار کے دہانے سے پتھر ہٹ جانے سے ان کے چہرے دمک اٹھے اور ان پر ایک سرشاری طاری ہو گئی۔ انہیں یقین نہیں آیا۔ وہ خواب کی سی حالت میں کھڑے گہرائی میں جھانک رہے تھے جہاں وہ پتھر گرا تھا۔ اندھیرے کی وجہ سے انہیں کچھ دکھائی نہیں دیا کہ اس پتھر کے گرنے کی وجہ سے اس کا کیا حشر ہوا۔

ایک ساتھی نے سلیل سے کہا۔ ”مجھے تو اب بھی یقین نہیں آ رہا ہے کہ ہم نے ٹنوں وزن کے پتھر کو لڑھکا دیا۔“

”میں نے اس پتھر کو دھکیلتے ہوئے ایک عجیب سی بات محسوس کی کہ وہ اس قدر بھاری نہیں تھا۔ جتنا دیکھنے میں لگ رہا تھا۔ ہم نے کتنی آسانی سے اسے دس فٹ تک دھکیلا اور گہرائی میں لڑھکا دیا۔“ دوسرے ساتھی نے کہا۔

”میں نے بھی ایسا ہی محسوس کیا۔“ تیسرے نے کہا۔ ”بلکہ مجھے ایسا لگا جیسے میں کسی گاڑی کو دھکا دے رہا ہوں۔“

”آپ نے کیا محسوس کیا؟“ چوتھے ساتھی نے سلیل سے پوچھا۔ ”آپ کے کہنے پر ہم اس کو دھکا نہ دیتے تو ہمیں ساری رات باہر کاٹنا پڑتی۔ ہم سب نے مل کر ایک بڑا معرکہ سر کیا ہے۔“

”میرے بھی وہی محسوسات ہیں جو آپ لوگوں کے ہیں۔“ سلیل نے کہا۔ ”اصل بات یہ ہے کہ یہ پتھر اندر سے کھوکھلا تھا اور پھر اتنا بھاری نہیں تھا جتنا دکھائی دے رہا تھا۔ مجھے ایسے پتھروں سے کئی پہاڑ پر واسطہ پڑ چکا ہے۔ اس لئے میں نے آپ لوگوں سے کہا کہ آئے ہم سب مل کر دہانے پر سے ہٹانے کی کوشش کرتے ہیں۔“

سلیل اپنے ساتھیوں کو اپنی بے پناہ قوت کے بارے میں بتانا نہیں چاہتا تھا۔ وہ تنہا ہی اس پتھر کو اس جگہ سے ہٹا کر کھائی میں گرا سکتا تھا۔ اس کے لئے کوئی مشکل نہ تھی۔

پھر وہ لوگ اپنا اپنا سامان اٹھا کر غار کے اندر داخل ہوئے۔ ایک ساتھی نے اندر داخل ہونے سے پہلے مشعل روشن کر لی تھی۔ اس کی روشنی میں سلیل نے غار کا جائزہ لیا۔ غار بہت بڑا اور صاف ستھرا تھا۔ اس میں پچاس ساٹھ آدمیوں کے ٹھہرنے کی گنجائش بھی تھی۔ اس پتھر کی وجہ سے غار کا دہانہ چونکہ بند ہو گیا تھا اس لئے اس میں گرد و غبار نہ تھا۔

ان لوگوں نے چند ثانیوں میں تیزی سے بستر کھول کر بچھا دیئے۔ ایک ساتھی آگ روشن کر کے قہوہ تیار کرنے لگا، تاکہ قہوہ پی کر تازہ دم ہو جائیں۔ انہیں یوں بھی اس وقت قہوہ کی طلب بڑی شدت سے محسوس ہو رہی تھی۔ قہوہ پی کر کچھ دیر آرام کر کے پھر کھانے کی تیاری کرنا چاہتے تھے۔ غار کے اندر ٹھنڈک بھری ہوئی تھی۔ تاہم باہر موسم اس قدر سرد نہ تھا کہ قلفی جم جائے۔ خوشگوار موسم سے ان کی تھکن دور ہونے لگی۔



رات کا کھانا کھانے کے بعد سب نے مل کر قہوہ پیا اور کچھ دیر تک خوش گپیاں کرتے رہے پھر وہ سونے کے لئے بستر پر دراز ہو گئے۔ چوں کہ بہت تھکے ہوئے تھے، اس لئے بستر پر پڑتے ہی گہری نیند سو گئے۔ لیکن سلیل جاگ رہا تھا۔ اس کی نیند کوسوں دور تھی۔ وہ سخت حیران تھا کہ اسے نیند کیوں نہیں آ رہی ہے۔ کچھ دیر تک وہ بستر پر بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا۔ پھر بے زار ہو کر اٹھ بیٹھا۔

تھوڑی دیر کے بعد وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ پھر اس نے مشعل بجھا دی۔ کیوں کہ آسمان کے سینے پر مسکراتا ہوا چاند غار میں جھانک رہا تھا اور اس کی چاندنی بکھری ہوئی تھی۔ چاند کی روشنی کافی تھی۔ اس نے اپنے ساتھیوں کی طرف دیکھا۔ جو دنیا و مافیہا سے بے نیاز گہری نیند سو رہے تھے۔ ان کے خراٹے غار میں گونج رہے تھے۔ پھر وہ مسکراتا ہوا غار سے نکل آیا تھا، تاکہ چاندنی رات کا نظارہ کر سکے۔ اسے چاندنی راتیں پسند تھیں۔

چاروں طرف چاندنی کھل کر برس رہی تھی۔ چاندنی کا ایک بہتا ہوا دریا تھا جس نے رات کا حسن نکھار دیا تھا۔ حد نگاہ تک پہاڑوں کا ایک لامتناہی سلسلہ تھا۔ فلک سیر کا پہاڑ بھی پہاڑوں سے چاروں طرف سے گھرا ہوا تھا۔ چاندنی میں ان پہاڑوں کا منظر بہت دل فریب اور دل کش دکھائی دے رہا تھا۔ قدرت کی رعنائیاں بکھری ہوئی تھیں۔ فضا پر ایک ابدی سکوت سا چھایا ہوا تھا۔ یہاں سے کے ٹو کی چوٹی اور اس کی چٹانیں بھی دکھائی دے رہی تھیں۔ وہ غار سے باہر ایک پتھر پر بیٹھ گیا تاکہ چاندنی کا نظارہ کرتا رہے۔

وہ اپنی دوربین بھی لے آیا تھا، تاکہ اس کی مدد سے دور کا نظارہ کر سکے۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ دوربین آنکھوں سے لگا کر کے ٹو کے پہاڑ کی طرف دیکھنے لگا۔ دیکھتے دیکھتے اچھل پڑا۔ اسے اپنی نظروں پر یقین نہیں آیا۔ کہیں یہ اس کا واہمہ تو نہیں؟ کہیں وہ خواب تو نہیں دیکھ رہا ہے؟ اس نے اپنے بدن میں چٹکی لے کر بھی دیکھ لی۔ یہ خواب نہیں ایک حقیقت تھی۔ وہ اسے جھٹلا نہیں سکتا تھا۔ کے ٹو کے ایک چٹان پر اس نے ایک عورت کو دیکھا۔ وہ سفید براق لباس میں ملبوس تھی۔ اس کا بدن اس طرح جھلک رہا تھا جیسے کانچ کی صراحی میں شراب چھلکتی ہے۔ سفید لباس میں چمکنے والے بدن کی چاندنی بڑا دل نظر نواز تھا۔ وہ چند ثانیوں تک پلکیں جھپکانا اور نظریں ہٹانا بھول گیا۔ اس دہکتے چاندنی کے پیکر کو وہ اس عورت کا سراپا دیکھتا رہا۔ وہ اس سحر میں ایسا کھویا کہ اسے اپنا ہوش ہی نہیں رہا۔ دوربین طاقت ور تھی۔ وہ عورت اسے بہت قریب اور واضح طور پر دکھائی دے رہی تھی۔

سلیل کو ایسا لگ رہا تھا جیسے آسمان سے اس پہاڑ کی چٹان پر چاند اتر آیا ہو۔ لیکن یہ عورت اتنی حسین و جمیل تھی کہ چاند بھی شرما جائے۔ اس نے اپنی زندگی میں کبھی اتنی حسین اور بھرپور عورت نہیں دیکھی تھی۔ وہ حسن و شباب کا ایک دل کش تراشا ہوا مجسمہ دکھائی دے رہی تھی۔ وہ عورت چٹان پر بڑے ناز و تمکنت سے کھڑی ہوئی تھی۔ اس کا انگ انگ چاندنی میں نہا رہا تھا جس نے اسے اور قیامت بنا دیا تھا۔

اس عورت نے ایک مرتبہ بھی اس کی طرف دیکھا نہیں۔ وہ اس کی سمت دیکھتی بھی تو وہ اسے دکھائی

نہیں دیتا۔ کیوں کہ ان کے درمیان جو فاصلہ تھا وہ میلوں کا تھا۔ وہ دوربین کی وجہ سے اسے دیکھ پایا۔ بغیر
دوربین کے وہ دیکھتا تو اسے وہ عورت دکھائی نہیں دیتی۔ وہ عورت کچھ دیر تک کھڑی چاند اور دودھ
چاندنی کو دیکھتی رہی پھر وہ بڑی تمکنت سے چلتی ہوئی چٹان کی اوٹ میں چلی گئی۔ پھر وہ اس کی نظروں
سے اوجھل ہوگئی۔

یہ عورت سلیل کے دل سے اوجھل نہ ہوسکی تھی۔ وہ تڑپ کر رہ گیا۔ اس عورت نے اس کا دل گھائل
دیا تھا۔ یہ پہلی عورت تھی جسے دیکھ کر وہ پہلی نگاہ میں اس پر عاشق ہوگیا تھا وہ اس کے دل و دماغ پر چھا گئی تھی
وہ دوربین سے اس پہاڑ کی چٹانوں پر اس عورت کو تلاش کرنے لگا۔ لیکن وہ اسے پھر دکھائی نہیں دی۔

یہ عورت کون ہوسکتی ہے جس نے اسے اپنا جلوہ دکھا کر اس کا دل مسخر کرلیا؟ کہیں یہ کوہ پیما عورت
نہیں ہے؟ لیکن کوہ پیما عورت اس قدر حسین لباس میں نہیں آسکتی تھی۔ کیوں کہ موسم بے حد سرد تھا۔
ٹو کے پہاڑ اور اس علاقے میں ان مہینوں میں یخ بستہ سردی پڑتی تھی۔ پھر اسے ٹیکسی ڈرائیور سلجوق بابا کی
باتیں یاد آئیں۔ اس نے بتایا تھا کہ کالام کی جھیلوں پر چاندنی راتوں میں پریاں اترتی ہیں۔ وہ جھیلوں
میں نہاتی بھی ہیں۔ کہیں یہ عورت کوئی پری نہ ہو۔ وہ اس وقت کے ٹو کے پہاڑ پر سیر کرنے کے لئے چلی
آئی ہو۔

وہ بت بنا بیٹھا آنکھوں سے دوربین لگائے اس پہاڑ کی چٹانوں کی طرف دیکھتا رہا۔ اس امید
کہ شاید اس عورت کی جھلک دکھائی دے جائے۔ شاید وہ اس چٹان پر پھر نمودار ہوجائے۔ خاصی
دیر بیت گئی۔ انتظار کی گھڑیاں بڑی کرب ناک ہوگئیں۔ لیکن وہ پری پیکر اسے دکھائی نہیں دی جس کی
تصویر اس کے دل پر نقش ہوگئی تھی۔

پھر وہ ناامید ہوکر غار میں چلا آیا اور بستر پر آکر لیٹ گیا۔ جب تک اسے نیند نہیں آئی وہ اس کی
نظروں کے سامنے لہراتی رہی۔ پھر وہ گہری نیند سوگیا۔ بیدار ہونے تک اس کے خواب دیکھتا رہا۔ اس
عورت نے اس سے صبر و قرار چھین لیا تھا۔ اس نے ناشتا کرتے وقت اپنے ساتھیوں سے اس عورت
تذکرہ نہیں کیا۔ اس لئے کہ وہ اسے تسلیم نہیں کرتے اور اسے اس کی نظروں کا واہمہ قرار دیتے۔ ان کے
نزدیک یہ بات نہ صرف عجیب و غریب بلکہ ناممکن سی ہوتی۔

دوسرے دن شام کے وقت انہوں نے ایک چٹان پر پڑاؤ ڈالا۔ اس چٹان پر بھی ایک چھوٹا سا غار
تھا جو ان لوگوں کے لئے کافی تھا۔ سلیل بڑی بے چینی اور کرب سے رات کا انتظار کرنے لگا۔ وقت
کہ گزرنے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ لمحہ لمحہ اس پر صدی کی طرح بھاری ہونے لگا۔ جیسے جیسے وقت گزر
جا رہا تھا، اس کی بے چینی اور اضطراب میں اضافہ ہونے لگا۔ اس کے ساتھیوں نے اس بات کو محسوس
نہیں کیا۔ کیوں کہ وہ اپنے اپنے گھر والوں کے بارے میں باتیں کرنے میں مصروف تھے۔ جب
چاروں گہری نیند کے سمندر میں غرق ہوگئے، تب وہ غار سے نکل آیا۔ پھر وہ دوربین سے کے ٹو کے پہاڑ
کی اس چٹان کی طرف دیکھنے لگا جہاں وہ عورت اسے کل دکھائی دی تھی۔ اسے عورت دکھائی نہیں دی
لیکن وہ ناامید نہیں ہوا۔ اس کا دل بار بار کہہ رہا تھا...... وہ آج کی رات بھی اپنا جلوہ دکھائے گی۔



تھوڑی دیر کے بعد وہ عورت چٹان کی اوٹ سے نمودار ہوئی تو اس کا دل دھڑکنے لگا۔ وہ آج بھی
لباس میں ملبوس تھی جس طرح کل تھی۔ اس کا جسم شراب کی طرح چھلک رہا تھا۔ انگ انگ سے
پڑ رہی تھی۔ وہ کسی شہزادی کی سی شان کے ساتھ کھڑی ہوئی چاند کی طرف دیکھ رہی تھی۔ اس کی
لمبے لمبے سیاہ بال تھے وہ کالے بادلوں کی طرح چھائے ہوئے سے لگ رہے تھے۔

سلیل اس عورت کے طرح دار حسن، سراپا کی قیامتوں اور اس کے رنگین شباب کی رعنائیوں کو اپنی
میں جذب کرتا رہا۔ اس کے پورے بدن میں ایک میٹھی سی سنسنی دوڑتی رہی۔ اس کے دل کے
نے میں یہ خیال آیا، کہیں یہ عورت کوئی روح تو نہیں ہے؟ صدیوں پہلے کی شہزادی کی روح......
ق بابا کے یہ علاقہ قدیم عہد میں آتش پرستی اور ناگ پرستی کے زمانے میں ان مذاہب کا مرکز رہا
ہاں پر ناگا پال کی حکومت تھی اور جو پورے علاقے میں اپنی قوت اور جادو کے لئے مشہور تھی۔ شاید
ل کے خاندان کی کوئی راج کماری ہو۔ اس کی روح کسی وجہ سے بھٹکتی پھرتی ہو۔ کے ٹو کے پہاڑ پر
اپنا مسکن بنایا ہوا ہو...... دو سال پیشتر جب اس نے ایک کوہ پیما جماعت میں شامل ہوکر کے ٹو کی
کی تھی۔ تب اسے یہ عورت دکھائی نہیں دی تھی۔ ہوسکتا ہے کہ پہلے اس کا مسکن کہیں اور ہو، اب
نے بدل لیا ہو۔

اس کے دل کی حسرت پوری بھی نہ ہوسکی۔ کہ وہ قتالہ عالم سبک خرامی سے چلتی ہوئی چٹان کی اوٹ
لی گئی۔ وہ اسے بے بسی سے جاتا ہوا دیکھتا رہ گیا۔ وہ تڑپ کر رہ گیا۔ وہ اسے جی بھر کے دیکھ بھی
تا تھا۔

وہ آنکھوں سے دوربین لگائے اس طرف دیکھتا رہا۔ چند ثانیوں کے بعد اس نے محسوس کیا کہ فضا
نی بھینی خوشبو پھیل رہی ہے۔ اس کا دل و دماغ معطر سا ہو رہا ہے۔ نس نس میں فرحت سی پھیل رہی
ھر اس نے محسوس کیا کہ کوئی اس کی پشت پر خاموشی سے آکھڑا ہوا ہے۔ وہ سمجھ گیا کہ اس کا کوئی
بیدار ہوکر اسے دیکھنے کے لئے غار سے باہر آگیا ہے اور اس کی حرکات و سکنات کو خاموشی سے
ہے۔ اس خیال کے آتے ہی اس نے دوربین نظروں سے ہٹالی۔ لیکن وہ یہ سوچے بغیر نہیں رہ سکا
شبو کہاں سے آرہی ہے؟ یہ کس چیز کی خوشبو ہے؟

اس نے جو مڑ کر دیکھا تو بھونچکا سا ہوگیا۔ وہی عورت جو اس نے کے ٹو کے پہاڑ کی چٹان پر
ی جو اس کے دل کی رانی بن گئی تھی۔ اس کے دل کی دھڑکن تھی۔ خوبصورت سا خواب تھی اس کی
کے سامنے کھڑی تھی۔ اس حسن کی کرشمہ سازیاں واضح تھیں۔ رات کی رانی کی طرح مہک رہی
یقین نہ آنے والی بات تھی۔ وہ کے ٹو کے پہاڑ سے کیسے اور کس طرح آگئی؟ چند ثانیوں میں......
ہی اس طرح آسکتی ہے۔ لیکن یہ روح نہیں لگ رہی تھی کیوں کہ وہ روحوں کو پہچان سکتا تھا۔
''سلیل!'' اس عورت نے اپنی رسیلی آواز میں اس کا نام لیا تو وہ دنگ رہ گیا۔ وہ اس کے نام سے
ی۔ وہ بڑی محبت اور اپنائیت کے لہجے میں بولی۔ ''تم مجھے دیکھنا چاہ رہے تھے؟ مجھے یاد کر رہے
ں حاضر ہوگئی۔''

''لیکن تم نے کیسے جان لیا کہ میں تمہیں یاد کر رہا تھا...... میں تمہیں دیکھنا چاہ رہا تھا؟''سلیل نے حیرت سے پوچھا۔اس نے اس عورت کا ذہن پڑھنا چاہا لیکن وہ پڑھ نہیں سکا۔اس نے محسوس کرلیا کہ اس عورت نے اپنے علم سے اس کے علم کی صلاحیت عارضی طور پر سلب کرلی ہے۔

''دل سے دل کو راہ ہوتی ہے۔''وہ دل فریب انداز سے مسکرائی۔''جب سے میں نے تمہیں دیکھا تب سے میں بھی تمہاری محبت کی آگ میں برابر جل رہی ہوں۔میری بھی وہی حالت اور کیفیت ہے جو تمہاری اپنی ہے۔''

''تم نے مجھے کب اور کہاں دیکھا......؟''سلیل نے حیرت سے پوچھا۔

''کل رات جب تم نے چٹان پر قدم رکھا اور ساتھیوں کے ساتھ مل کر پتھر کو گہرائی میں لڑھکا تھا۔''اس عورت نے جواب دیا۔

''میں نے اس غار کو اپنا مسکن بنایا ہوا تھا۔تمہیں دیکھتے ہی مجھے ایسا لگا تم ہی میرے خواب ہو شہزادے ہو۔میری زندگی ہو جس کا میں برسوں سے انتظار کر رہی تھی۔''

''تم ہی تو میرا خواب اور محبت ہو......''سلیل نے کہا۔''مجھے شاید اب تک کوئی عورت اس لئے پسند نہیں آئی کہ تم میرے نصیب میں لکھی ہوئی تھیں۔قدرت اور حالات نے ہم دونوں کو ملا دیا۔''

''میں اس بات سے بہت خوش ہوں کہ تم نے مجھے پسند کیا اور مجھ سے محبت کرتے ہو؟''وہ سر... ہو کر بولی۔

''کیا تم مجھے اپنا نام اور اپنے بارے میں نہیں بتاؤ گی؟''سلیل نے اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے پوچھا۔

''میرا نام گل نشاط ہے۔''اس نے جواب دیا۔''میں تان کی بیٹی ہوں جو کالام کا بہت مشہور جادوگر تھا۔بہت سارے پراسرار علوم کا ماہر...... آج اس دنیا میں اس پائے کا جادوگر شاید ہی کوئی ہو۔جب میں نے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھا تو وہ مجھے اس پہاڑ پر لے آیا اور اس غار میں سکونت اختیار کر لی۔پھر اس نے مجھے بہت سارے علوم سکھائے۔اپنا سارا جادو مجھے سکھایا۔اس کے علاوہ بڑے سے بڑے جادو، سفلی علم کا توڑ بھی بتایا۔میں کالے جادو سے بھی بڑا جادو جانتی ہوں۔اس جادو کا توڑ کسی اور کے پاس نہیں ہے۔اس نے مرنے سے پہلے مجھے نصیحت کی کہ میں اپنے اس جادو سے انسانیت کی خدمت کروں۔ظلم ستم کے خلاف ڈھال بن جاؤں۔جس روز تم نے میرے علوم اور جادو کو انسانیت کے خلاف استعمال کیا وہ تمہاری زندگی کا آخری دن ہوگا۔''

''معلوم ہوتا ہے کہ تمہارا باپ بڑا نیک دل انسان تھا۔اسے دنیا سے رخصت ہوئے کتنا عرصہ ہوا ہے؟''

''دس برس ہو گئے......''گل نشاط نے جواب دیا۔''اس کے انتقال کے بعد سے میں نے یہیں قیام کیا ہوا ہے۔''

''تم نے باپ کے جادو اور اس کے پراسرار علوم سے انسانیت کی کیا خدمت کی؟''سلیل نے



...سے دریافت کیا۔

''میں اس علاقے تک محدود ہوں۔''وہ کہنے لگی۔''میں سوات سے باہر کبھی نہیں گئی۔میں غریبوں مظلوم عورتوں کی مدد اور خدمت کسی نہ کسی شکل میں کرتی چلی آ رہی ہوں۔میں ابھی تک اپنی اصلی شکل و ...میں کبھی ظاہر نہیں ہوئی ہوں۔اس وادی اور کالام کے لوگ مجھے اور میرے باپ کو بھول چکے ان لوگوں کے لئے ہم باپ بیٹی قصہ پارینہ بن چکے ہیں۔میں مردانہ بہروپ میں ظاہر ہوتی سانپ کے کاٹے کا علاج کرتی ہوں۔عورتوں کی عزت و آبرو درندہ صفت مردوں سے بچاتی شوہروں کو اپنی بیویوں پر ظلم و ستم سے باز رکھتی ہوں۔یہ سب کچھ پس پردہ اور غائبانہ طور پر کرتی اس کے علاوہ کوہ پیماؤں کی حفاظت کے لئے فلک سیر اور کے ٹو کی چوٹی پر موجود رہتی ہوں۔میں ...سے سیاحوں کی عزت جانیں اور ان کی دولت کو بدمعاشوں سے دور اور محفوظ رکھا ہے۔''

''تم نے کیا کیا علوم سیکھ رکھے ہیں؟''سلیل نے تجسس سے پوچھا۔اس کے لہجے میں بڑا اشتیاق تھا۔

''ایک علم ہے ذہن پڑھنے کا، جس سے تم بھی واقف ہو اور اس پر پوری دسترس رکھتے ہو۔''وہ

''لیکن میں تمہیں سامنے پا کر وہ علم بھول چکا ہوں۔''سلیل نے کہا۔''مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ تم نے اس علم سے محروم کر دیا ہے۔''

''اس علم کو تم بھولے نہیں ہو اور نہ میں نے اس سے تمہیں محروم کیا ہے۔صرف کچھ دیر کے لئے اس علم کو مفلوج کر دیا ہے۔''

''ہاں تم اور کیا کیا جانتی ہو......؟''سلیل نے کہا۔''کوئی امر مانع نہ ہو تو تم ان کے بارے میں بتا سکتی ہو۔''

''...صرف میں بتا سکتی ہوں بلکہ تمہیں سکھا بھی سکتی ہوں۔''گل نشاط کہنے لگی۔''دوسرا علم عمل تنویم ...ایک وقت میں دو سو آدمیوں کو ساکت و جامد کر سکتی ہوں۔انہیں چاہے تو دس دن تک بھی جامد کر کے رکھ سکتی ہوں۔

...شخص ساکت و جامد ہو جاتا ہے وہ سب کچھ محسوس کر اور سن سکتا ہے۔لیکن حرکت نہیں کر سکتا۔تا... اپنا عمل ختم نہ کر دوں۔میں غائب ہو سکتی ہوں۔ایک لمحے کے ہزارویں حصے میں جہاں ...سکتی ہوں۔میرے سوچنے کی دیر ہوتی ہے۔میں وہاں پلک جھپکتے پہنچ جاتی ہوں۔جس بیمار اور ...ہاتھ رکھ دوں وہ فوراً صحت یاب ہو جاتا ہے۔اس کے علاوہ اور بھی چھوٹے موٹے جادو جانتی ...بندی بھی کر سکتی ہوں۔''

''تم نے ایک اور جادو کے بارے میں نہیں بتایا......؟''سلیل نے اس کے چہرے پر نگاہیں مرکوز

''کون سا جادو......!''گل نشاط کے حسین چہرے پر گہرا استعجاب چھا گیا۔

''وہ جادو جس نے مجھے تمہارا اسیر بنا دیا......''سلیل نے اس کے قریب آ کر کہا۔

گل نشاط سرخ ہوگئی۔اس کی آنکھوں میں محبت کا خمار چھا گیا۔وہ خواب ناک لہجے میں بولی
یہ میرا نہیں دل کا جادو تھا۔اس جادو کا کوئی توڑ نہیں ہے۔یہ جس پر اثر کر جاتا ہے وہ ساری زندگی کے
اسیر ہو کر رہ جاتا ہے۔''

''تم سچ کہتی ہو؟''سلیل نے اس کی آنکھوں میں دزدیدہ نظروں سے جھانکتے ہوئے کہا۔''
حسین و جمیل عورتوں نے مجھ پر اپنے حسن و شباب کا جادو چلایا لیکن میں ان کا اسیر نہیں بن سکا۔ان
سے کسی نے مجھ پر دل کا جادو چلانے کی کوشش نہیں کی۔تم نے میرے دل پر اپنے دل کا جادو چلا کر
اپنا اسیر بنالیا۔''

''مجھے بھی تمہارے سوا کبھی کوئی مرد پسند نہیں آیا۔یوں بھی میں تمہارا دس برسوں سے انتظار کر
تھی؟''

''دس برس سے.....؟''سلیل کے چہرے پر استعجاب چھا گیا۔

''ہاں پورے دس برس سے میرے سلیل!''گل نشاط کہنے لگی۔''میرے باپ نے اپنی ز
میں مجھ سے کہا تھا کہ تمہارا جو جوڑا بنایا گیا ہے وہ صرف اور صرف سلیل کے ساتھ ہے۔اس دنیا میں تم
شوہر صرف سلیل ہوگا۔میں نے اپنے باپ سے پوچھا تھا کہ یہ سلیل کون ہے؟ کہاں رہتا ہے؟ یہ
کب آئے گا؟ میرے باپ نے بتایا تھا کہ سلیل نہ صرف بہت خوب صورت اور وجیہہ اور یا
دیوتاؤں کی طرح ہے بلکہ نیک دل سچا اور ایک کھرا شخص ہے۔قدرت نے اسے جو طاقت دی ہے وہ
تک کسی انسان کو نہیں بخشی ہے۔اسے کوئی ختم نہیں کر سکتا ہے۔اس پر کوئی چیز اثر نہیں کر سکتی ہے
صرف طبعی موت مر سکتا ہے۔اور پھر وہ بھی کچھ علوم جانتا ہے۔اس کا سب سے بڑا علم یہ ہے کہ وہ ہر
کا ذہن نہ صرف پڑھ سکتا ہے بلکہ اس کے ماضی حال میں پلک جھپکتے پہنچ سکتا ہے اور بتا بھی سکتا۔
لیکن تمہیں اس کا انتظار کرنا ہوگا۔کیوں کہ ستارے بتا رہے ہیں کہ وہ ابھی تمہارا نہیں ہو سکتا ہے او
اس کے یہاں آنے کا وقت ابھی نہیں آیا ہے۔وہ اس وقت تمہارا ہوگا جب وہ یہاں آئے گا۔حال
اسے لے آئیں گے۔تمہیں اس کا انتظار کرنا ہوگا۔ستاروں کی چال دیکھو کب بدلتی ہے۔وہ یہاں آ
کے بعد واپس نہیں جائے گا، بلکہ اس علاقے میں مستقل طور پر اپنی رہائش اختیار کرے گا۔اسے
علاقے کی کشش نہیں بلکہ تمہارے دل کی کشش کھینچ لائے گی۔

آخر میرے باپ کی پیش گوئی درست نکلی۔کل رات میں نے تمہاری خوشبو محسوس کی۔میرے
نے کہا کہ تم آگئے ہو۔کل رات میں نے یہ دیکھنے کے لئے کہ تمہارے دل میں میرے لئے جگہ
نہیں اپنی ایک جھلک دکھائی تھی۔میرے باپ نے تمہارا ایک خاکہ اپنے جادو کے زور سے بنایا
میں نے اس روز سے تمہاری تصویر اپنے من کے نہاں خانے میں نقش کر لی۔ان دس برسوں میں کوئی
ایسا نہیں تھا جو میں نے تمہاری راہ دن رات نہ دیکھی ہو۔تمہیں تصور اور خواب میں نہ دیکھا ہو۔ا
کے یہ دن۔گھڑیاں، مہینے اور سال کس قدر کرب ناک تھے۔تمہیں کیا بتاؤں؟''تم ملے تو مجھے ایسا لگ
ہے جیسے یہ ایک سندر سا سپنا ہو۔''



سلیل نے اسے اپنے بازوؤں کے حصار میں قید کر لیا۔''اب نیک کام میں کس بات کی دیر؟''
گل نشاط اسے خود سپردگی کی نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔''میں بھی یہی چاہتی ہوں۔میں آج
رات اپنے باپ کی روح کو بلا کر اس سے شادی کی اجازت لوں گی۔''

''اجازت کس لئے؟''سلیل نے متعجب نظروں سے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔

''میرے باپ کی روح نے کہا تھا کہ میں شادی کرنے سے پہلے اس سے اجازت ضرور لوں، نہ
صرف اجازت مل جائے گی بلکہ روح اس بات سے بہت خوش ہوگی کہ میں تم سے شادی کر رہی ہوں۔''

''تمہارے باپ کی روح خود ہی آتی ہے یا تمہارے بلانے سے آتی ہے؟''

''دونوں صورتوں میں آتی ہے۔''گل نشاط نے جواب دیا۔

ان کی پر مسرت ازدواجی زندگی کا آغاز ہوگیا۔سلیل نے کالام میں ویدوں کے مقدس دریا
...ولی کے قریب بنا ہوا مکان خرید لیا تھا۔ایک برس کے بعد گل نشاط ایک بہت ہی خوبصورت اور
...ے بچے کی ماں بن گئی۔وہ دونوں اس بچے کا کیا نام رکھیں، فیصلہ نہیں کر پا رہے تھے۔اس رات
...نشاط کے باپ کی روح نمودار ہوئی۔اس نے کہا۔''بچے کا نام عقرب رکھ دو۔''

''بابا! عقرب کے معنی تو بچھو کے ہوتے ہیں۔''گل نشاط حیرت سے بولی۔

''ہاں.....لیکن یہ بچہ ان لوگوں کے لئے بچھو ثابت ہوگا جو شیطان ہیں۔جنہوں نے دنیا کا سکون
...ا کیا ہوا ہے۔جن کے جرائم بڑھتے جا رہے ہیں اور ان کے آگے قانون بھی بے بس ہو کر رہ گیا ہے
...انہیں ڈنک مار کر ان کے جرائم کی سزا دے گا.....''

''لیکن بابا!''گل نشاط نے اپنے باپ کی روح کی بات سن کر تکرار کے انداز میں کہا۔''کیا ہمارا
...بڑے بڑے اور بے حد خطرناک شیطانوں سے لڑ سکے گا۔جنہوں نے ساری دنیا میں قتل و غارت
...خون ریزی اور دہشت گردی سے انسانیت کو روند دیا ہے۔ان سے تنہا مقابلہ کر سکے گا؟''

''وہ مقابلہ کیوں نہیں کر سکتا؟''اس کے باپ کی روح نے کہا۔

''اس لیے کہ اس دنیا میں آئے دن بے حد مہلک اور خطرناک ترین ہتھیار وجود میں آ رہے
...''گل نشاط کہنے لگی۔''جب ہمارا بیٹا جوان ہوگا اور اپنے مشن پر جائے گا اس وقت تک دنیا جانے
...ے کہاں پہنچ چکی ہوگی۔یہ شیطان جو انسان کے روپ میں ہوں گے۔بے حد خطرناک اور ظالم
...ہوں گے۔ایسی صورت میں اس کا ان ہتھیاروں اور شیطانوں سے نمٹنا آسان نہ ہوگا۔''

''عقرب ایک غیر معمولی اور ناقابل تسخیر، عظیم قابلیت اور صلاحیتوں کا مالک ہوگا۔تمہیں فکر مند
...شان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔تم میاں بیوی میں جو طاقت اور صلاحیتیں ہیں وہ اس کے وجود
...ائی ہیں۔وہ جیسے جیسے بڑا ہوتا جائے گا۔ویسے ویسے اس کی قابلیت اور صلاحیت ظاہر ہوتی جائے
...اس کے علاوہ میں اسے اپنے تمام علوم بھی سکھا دوں گا۔وہ ان کی بدولت بڑے سے بڑے
...ان پر فتح یاب ہوگا اور انہیں زیر کرے گا۔مہلک اور خطرناک ترین ہتھیار اس کے بال تک بیکا نہیں
...ے، وہ اکیلا سینکڑوں پر نہیں ہزاروں پر بھاری ہوگا۔''

"سچ بابا!......؟" گل نشاط کا چہرہ دمک اٹھا۔ اس کی آنکھیں خوشی سے چمکنے لگیں۔ "آپ سچ کہہ رہے ہیں؟"

"اس میں کوئی مبالغہ نہیں ہے۔" اس کے باپ کی روح کہنے لگی۔ "تم میاں بیوی اس بات کا خیال رکھنا کہ وہ اپنی طاقت صلاحیت قابلیت اور علوم کو انسانیت کی خدمت کے لیے بروئے کار لائے۔ جس دن اس میں غرور تکبر اور گھمنڈ پیدا ہوا...... اس نے انسانیت کے خلاف کام کیا۔ غلط راستے پر پڑا۔ وہ ان سب باتوں سے محروم ہو کر ایک عام قسم کا شخص بن جائے گا۔ اور اسے اپنی صلاحیتیں اور علوم پوشیدہ رکھنا ہوگا۔"

"بابا!" سلیل نے کہا۔ "ہم اس بات کی پوری پوری کوشش کریں گے کہ عقرب کو انسانیت کا نمونہ بنائیں۔ وہ اپنی ساری زندگی غریبوں اور مظلوموں کی مدد کے لیے وقف کر دے۔ اپنے علوم صلاحیتوں کا بے جا استعمال نہ کرے۔ اس میں غرور اور تکبر پیدا نہ ہو۔ وہ ایک مثالی انسان ثابت ہو۔" تھوڑی دیر کے بعد گل نشاط کے باپ کی روح مطمئن ہو کر چلی گئی۔ سلیل نے اپنے بیٹے کا عقرب رکھ دیا۔ ان دونوں کو یہ نام بہت پسند آیا تھا۔

گل نشاط بستر پر لیٹی ہوئی تھی۔ اس کے پہلو میں عقرب گہری نیند سو رہا تھا۔ میاں بیوی نے ا... بیٹے کو محبت سے دیکھا۔ سلیل اس پر جھک کر اسے پیار کرنے لگا۔ اس پر بوسوں کی بارش کر دی۔ عقرب میاں بیوی کو غیر معمولی خوبصورت اور منفرد سا دکھائی دے رہا تھا۔ اس کے چہرے پر فرشتوں کی معصومیت چھائی ہوئی تھی دل موہ لینے والی دل کشی اور جاذبیت نے اس میں ایک عجیب سا حسن کر دیا تھا۔

"اپنے بیٹے پر بہت پیار آ رہا ہے؟" گل نشاط نے اس کی طرف محبت بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے شوخ لہجے میں کہا۔ "کبھی تمہیں مجھ پر اتنا پیار نہیں آیا؟"

"اس لیے اس پر بے اختیار پیار آ رہا ہے کہ یہ ہماری محبت کی نشانی ہے۔" سلیل نے اس کی آنکھوں میں ڈوبتے ہوئے کہا۔ "ہمارے پیار و محبت کا سب سے بڑا ثبوت عقرب ہے۔ کیا تم نے میرے پیار میں کبھی کوئی کمی یا شدت محسوس کی؟ میں تم سے کتنا پیار کرتا ہوں، کیا تمہیں ابھی اس کا اندازہ نہیں ہو سکا؟"

"میں جانتی ہوں کہ تمہارا پیار کیسا انمول ہے۔" گل نشاط نے اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام لیے۔ پھر انہیں بے تحاشہ چوما اور آنکھوں سے لگایا۔ پھر وہ سلیل کی مخمور آنکھوں میں جھانکتی ہوئی بولی۔ "ہاں سلیل!" اس کا لہجہ جذباتی ہوگیا۔ "میں جانتی ہوں کہ تم مجھے کتنا چاہتے ہو؟ مجھ سے پیار کرتے ہو۔ تمہاری چاہت میں کیسی دیوانگی ہے...... میں آج تک تمہاری محبت اور پیار کی گہرائی کا اندازہ نہیں کر سکی۔ عقرب کی پیدائش نے ہماری محبت کی جڑیں اور گہری اور مضبوط کر دی ہیں۔ ہماری محبت آخری سانسوں تک سلامت رہے گی۔"

سلیل نے شادی کے بعد جو مکان سرسوتی دریا کے قریب خریدا تھا وہ بہت خوشنما، کشادہ اور ...



...ا تھا۔ گل نشاط نے اپنی زندگی پہاڑوں اور غاروں میں گزاری تھی۔ وہ اس مکان میں منتقل ہو کر ...ش تھی۔ جیسے کسی زنداں سے چھوٹ کر برسوں بعد اپنے گھر آئی ہو۔ اس کی سرشاری دیکھ کر سلیل ...ش ہوتا اور اس کی صراحی دار گردن میں باز و حمائل کر کے کہتا۔ "بے شک تم جنت سے چرایا ہوا کوئی ...ل ہو۔" اس پھول کی خوشبو سلیل کی سانسوں کا جز و بنتی تو اس کی ساری تھکن دور ہو جاتی تھی۔ عقرب ...ائش کے بعد ان کی زندگی میں چپکے سے بہار آ گئی تھی۔ گھر کی رونق میں اضافہ ہو گیا۔ اس گھر کے ...ن میں ایک پھول کھلا اس کی بھینی بھینی خوشبو سے صرف گھر ہی نہیں ان کے وجود بھی مہکنے لگے۔ ان ...یوں کا ٹھکانہ نہیں رہا۔ عقرب ان کی آنکھوں کا تارا بن گیا تھا۔ وہ اس کی بڑے ناز و نعم سے ...ش کرنے لگے۔

...لیل نے اس بات کو اس علاقے میں پوشیدہ رکھا تھا کہ...... گل نشاط کس کی بیٹی ہے۔ اس کے ...ا اسے اس علاقے کے لوگ بھول چکے تھے۔ وہ کسی وجہ سے بتانا بھی نہیں چاہتے تھے۔ گل نشاط ...ن کا چرچا اس روز سے ہی اس علاقے میں ہونے لگا جس روز سے وہ اس مکان میں آئی تھی۔ ...ں گل نشاط سے پوچھتی تھیں کہ...... وہ کون ہے...... ؟ کس کی بیٹی ہے...... ؟ اس کا شوہر کون ... قدرت نے تم دونوں کی جوڑی کتنی حسین بنائی ہے۔ عقرب کے پیدا ہونے کے بعد اس کی ...ی پورے علاقے میں مشک کی خوشبو کی طرح پھیل گئی۔ وہ جیسے جیسے بڑا ہوتا گیا اس کی شہرت اور ...یں بھی اضافہ ہوتا گیا۔ کیوں کہ وہ اپنی خوبصورتی اور معصومیت میں یکتا تھا۔

بارہ سال کا عرصہ خواب کی طرح گزر گیا۔ سلیل نے اس کی تعلیم و تربیت کا بڑا خیال رکھا تھا۔ اس ...میں ایک سوئس کالونی بھی تھی۔ ایک انسان دوست نے اس کالونی کو اس لیے آباد کیا تھا کہ ...لینڈ کے اہل علم اپنے مشاہدات اور تجربات کی روشنی میں یہاں کی زراعت، جنگلات، پھلوں، ...اور چراگاہوں کی دنیا کی حالت سدھار دیں۔ وہ رات دن اس کی تعمیر و ترقی میں لگ گئے تھے۔ ...دوسرا سوئٹزرلینڈ بنا رہے تھے۔ اس کالونی میں ان کے بچوں کے لیے ایک اسکول بھی تھا۔ عقرب ...ں تعلیم حاصل کر رہا تھا۔

...قرب کا بچپن شرارتوں اور کارناموں سے بھرا ہوا تھا۔ لیکن اس نے کبھی کسی کی دل آزاری نہیں ... شرارتیں تکلیف دہ نہیں بنیں۔ اس کی شرارتیں بڑی معصومانہ ہوتی تھیں۔ اس میں ماں باپ ...تیں قدرتی طور پر موجود تھیں وہ ان سے فائدہ بھی اٹھاتا تھا۔ وہ اکثر قدرتی جھیلوں کا لطف ...دوستوں کے ساتھ کھیلنے نکل جاتا۔ ایک روز وہ سوئس کالونی کے اسکول سے پڑھ کر واپس آ رہا ...نے ایک نسوانی چیخ سنی۔ یہ چیخ اسے ایک مکان کے عقب سے سنائی دی تھی۔ یہ مکان آبادی ...ٹ کر بنا ہوا تھا۔ وہ لپک کر گیا۔ اس نے ایک عورت کو تھر تھر کانپتے ہوئے دیکھا۔ اس نے ...پہچان لیا۔ یہ چاچا رحمت خان کی بیوی تھی۔ اس مکان میں رہتی تھی۔

...ب نے اس کے پاس جا کر پوچھا۔ "کیا بات ہے چچی! آپ نے چیخ کیوں ماری تھی؟"

..."

''میرے گھر میں ایک کالا ناگ داخل ہوگیا ہے۔'' چچی نے جواب دیا۔ اس کا چہرہ سفید تھا۔ اس کی آواز کانپ رہی تھی۔ ''ایک کمرے میں بچے سو رہے ہیں۔ خدا کے لیے انہیں بچاؤ...... سے کسی کو بلاؤ۔''

''میں اندر جا کر دیکھتا ہوں کہ ناگ کہاں ہے؟ کہیں وہ بچوں کے کمرے میں تو نہیں گھ ہے؟'' عقرب نے کہا۔

''نہیں...... نہیں...... تم اندر نہیں جانا۔'' رحمت خان کی بیوی خوف زدہ لہجے میں بولی۔ ا آنکھیں پھیل گئیں۔

''چچی! آپ گھبرائیں نہیں...... میں ابھی اسے پکڑ کر لاتا ہوں۔'' عقرب نے اسے دلاساد

''ارے بیٹے!...... وہ بلی کا بچہ نہیں ہے...... دس فٹ لمبا کالا ناگ ہے۔'' رحمت خان کی سراسیمگی سے بولی۔

''ویسے سانپ اور ناگ بچوں کو کاٹتے یا نقصان نہیں پہنچاتے ہیں۔ وہ بچوں سے کھی ہیں۔'' عقرب نے کہا۔ جب وہ رحمت خان کی بیوی کے ہاتھ میں بستہ تھما کر دروازے کی طرف لگا تو اس نے دہشت زدہ ہو کر عقرب کا بازو پکڑ لیا۔ ''عقرب بیٹے! تم نہ جاؤ...... میری بات ما ناگ کا کوئی بھروسا نہیں ہوتا ہے۔ یہ موذی جانور فوراً ہی ڈس لیتا ہے۔ تم جلدی سے جا کر کسی کو خدا کے لیے اپنی جان خطرے میں نہ ڈالو۔ مجھے تم میرے بچوں کی طرح سے زیادہ عزیز ہو۔''

''ارے چچی! آپ بالکل بھی نہ گھبرائیں۔'' عقرب نے اسے دلاسا دیا۔ ''آپ نہیں جا مجھے ناگوں اور سانپوں کو پکڑنا آتا ہے۔ آپ ذرا تماشا دیکھیں...... میں اسے کس طرح پکڑ ہوں۔''

رحمت خان کی بیوی عقرب کو روکتی رہ گئی۔ وہ تیزی سے عقبی دروازے کی طرف لپکا۔ داخل ہوگیا۔ اندر داخل ہو کر ٹھٹک کر رہ گیا۔ ناگ صحن میں کنڈلی مارے بیٹھا ہوا تھا۔ ناگ نے آہٹ اور انسانی بو محسوس کی اس نے اپنا پھن اٹھایا۔ پھر اپنا پھن اور اوپر اٹھا کر عقرب کو دیکھنے لگا۔ لال لال آنکھوں میں ایک وحشیانہ چمک سی کوندی۔ پھر اس نے اپنی زبان باہر نکالی۔ وہ عقرب کرنے کے لیے پر تولنے لگا۔ عقرب بے خوفی اور بڑے اطمینان سے اس کی طرف بڑھا۔ ا سامنے پہنچ کر اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں۔ عقرب چند ثانیوں تک اس کی آنکھ آنکھیں ڈالے رہا۔ ناگ نے اس پر پھن مارنا چاہا لیکن وہ بے بس ہوگیا۔ پھر اپنی جگہ جامد و ہوگیا۔

عقرب نے آگے بڑھ کر اس کے پھن کو چھوا۔ ناگ بے حس و حرکت ہی رہا۔ لیکن وہ ا آنکھوں سے اسے گھورتا رہا۔ اس پر کسی مجسمے کا دھوکا ہو رہا تھا۔ عقرب نے ادھر ادھر اپنی دوڑائیں۔ ایک کونے میں دو لمبی اور موٹی رسی پڑی ہوئی تھی۔ پھر وہ رسی اٹھا کر لایا اور ناگ میں پھندا ڈال کر اسے کس دیا۔ رحمت خان کی بیوی خوف، دہشت کے عالم میں کھڑی تھر تھر کا



... دل میں عقرب اور بچوں کی سلامتی کے لیے گڑگڑا کر دعا مانگ رہی تھی۔ اس کی رگوں میں لہو منجمد ... اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ کیا کرے۔ معاً اس کی نگاہ اس کے شوہر رحمت خان پر پڑی جو ... اٹھاتا ہوا اس کی طرف چلا آ رہا تھا۔ جب رحمت خان اس کے پاس آیا تو اس نے سارا ماجرا ... سنایا۔ رحمت خان نے اپنے کندھے سے بندوق اتاری۔ وہ دروازے کی طرف بڑھتے ... کے رہ گیا۔ ان دونوں نے دیکھا۔ عقرب ناگ کو گھسیٹتا ہوا لے کر آ رہا ہے۔ ناگ کی گردن کو ... ایک رسی سے باندھا ہوا ہے۔ یہ منظر دیکھ کر دونوں بھونچکے سے ہو گئے۔

عقرب ان کے پاس آ کر رکا۔ رحمت خان نے دیکھا...... ناگ نیم جان ہو رہا ہے۔ اس نے تحیر ... میں کہا۔ ''عقرب بیٹے! تم نے اسے کس طرح بے بس اور قابو کر لیا......؟ رسی سے باندھ بھی ...

''یہ ناگ بیمار سا معلوم ہوتا ہے۔'' عقرب کہنے لگا۔ ''جب میں اندر داخل ہوا تو یہ صحن کے بیچوں ... سا پڑا تھا۔ پھر میں نے اسے رسی سے باندھ لیا اور باہر لے آیا۔ اب آپ اسے گولی مار کر ختم ...

''تم بڑے بہادر بچے ہو عقرب!'' رحمت خان نے تعریفی لہجے میں کہا۔ پھر اس کی پیٹھ تھپکی۔ ''تم ... جان کی بھی پرواہ نہیں کی اور ناگ کو پکڑنے چلے گئے۔ پھر اسے پکڑ کر بھی لے آئے۔ وہ تمہیں ...''

''آپ اسے جلدی سے گولی مار کر اس کا قصہ ختم کریں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ ہوش میں آ کر ڈس ...'' عقرب نے کہا۔ رحمت خان نے کالا ناگ کو ہلاک کرنے میں ایک پل کی بھی دیر نہیں کی۔ اس ... ناگ کے سر پر دو گولیاں مار کر اسے ختم کر دیا۔ پھر اس کی لاش کو ایک قریبی پہاڑی پر لے جا کر ... میں پھینک دیا۔ اس واقعے نے اس پورے علاقے میں عقرب کی بہادری، ہمت اور جرأت ... بادی کہ اس نے کس طرح اپنی جان پر کھیل کر ایک بہت بڑے اور خطرناک ناگ کو قابو میں ... کر لوگ اس کے قریب جانے سے گھبراتے ہیں۔ ایک بچے نے رحمت خان کے بچوں ... لیے اپنی جان کی بھی پرواہ نہیں کی۔ لوگوں کے دلوں میں عقرب کی عزت اور بہادری کی ... جو بھی ملتا اسے نہ صرف مبارکباد دیتا بلکہ داد بھری نظروں سے بھی دیکھتا تھا۔

... دنوں کے بعد سلیل اور گل نشاط خریداری کے لیے منگورہ گئے تو انہوں نے عقرب کو بھی ساتھ ... ایک کوچ میں روانہ ہوئے۔ منگورہ بہت بڑا تجارتی مرکز تھا۔ یہاں دنیا کی ہر چیز دستیاب ... وقت وہ لوگ کوچ سے اتر کے ایک ہوٹل کے سامنے سے گزرتے ہوئے بازار کی طرف ... عقرب کی نگاہ معاً ایک جیپ کی طرف اٹھ گئی۔ اس نے جیپ سے چار آدمیوں کو اترتے ... لیا۔ یوں تو یہاں ہر شخص مسلح ہی ہوتا تھا۔ عقرب نے ان کی وضع قطع چہروں مہروں سے اندازہ ... خطرناک پیشہ ور مجرم ہیں۔ اس نے ان کے بشروں پر دل کے تاثرات دیکھے تو اس کے ... ان کے دل و دماغ کو جیسے پڑھ لیا۔ ان کے ارادے اچھے نہیں تھے۔ وہ ایک جیولری شاپ کو

لوٹنے کے ارادے سے آئے تھے۔ جیپ سے اتر کر اس دکان کی طرف بڑھ رہے تھے۔ عقرب اپنے والدین سے ان بدمعاشوں کے بارے میں کچھ نہیں کہا۔ جب وہ ایک ملبوسات کی دکان میں ہوئے تو وہ وہاں سے چپکے سے کھسک گیا۔ دکان میں چونکہ رش تھا اس لیے بھی ماں باپ کو اس خیال نہیں رہا۔ وہ ملبوسات دیکھنے لگے تھے۔ عقرب نے جیپ کی طرف جاتے ہوئے ان بدمعا دیکھا جو جیولری شاپ میں داخل ہو گئے تھے۔ اس دکان میں خریداروں کا بے پناہ رش تھا۔ ان میں سیاح بھی تھے۔ اس دکان کا دروازہ اندر سے بند کر کے چٹخنی لگا دی گئی تھی۔ باہر ایک بدمعاش کھڑ پہرہ دینے لگا۔ اندر ایک بدمعاش گاہکوں سے نقدی اور ایک ایک سے پرس لے کر ایک تھیلے میں جا رہا تھا۔ دوسرا بدمعاش بندوق تانے کھڑا دھمکیاں دے رہا تھا۔ جب کہ تیسرا بدمعاش دکا شوکیس، ور الماریوں میں سے زیورات اور ہیرے جواہرات نکال کر ایک بڑے سے تھیلے میں ڈالت تھا۔ ان کی لوٹ۔ز عقرب کی عقابی نظروں سے محفوظ نہ رہ سکی۔

عقرب نے جیپ کے پاس جا کر اس کے گرد ایک بہت بڑا دائرہ کھینچ دیا۔ پھر وہ کچھ فاصلے کھڑا ہو گیا تا کہ تماشا دیکھ سکے۔ کوئی دس بارہ منٹ کے بعد وہ چاروں بدمعاش تھیلے اٹھائے تیز لپکتے ہوئے جیپ کے پاس آئے اور اس میں سوار ہو گئے۔ ایک بدمعاش نے فوراً ہی اسٹیرنگ پ اس کا انجن اسٹارٹ کیا۔ انجن اسٹارٹ تو ہو گیا لیکن جیپ ایک انچ بھی آگے نہ بڑھ سکی۔ ڈرا حیران اور پریشان ہوا۔ اس نے اپنا پورا زور لگا دیا۔ گیئر بھی بدل ڈالے۔ پھر اس نے اپنے ساتھیو کچھ کہا۔ وہ اتر کے جیپ کو پوری طاقت سے دھکا دینے لگے۔ جیپ نے ہلنے تک کا نام نہیں لیا۔ و حیران و پریشان اور سراسیمہ سے ہو گئے۔ ان کی حالت غیر ہونے لگی۔ کیونکہ کسی بھی لمحے پولیس تھی۔ دکان دار ٹیلی فون کر کے پولیس کو اطلاع دے سکتا تھا اور شاید دے بھی چکا ہو۔ یہ خیال پریشان کر رہا تھا۔

ایک ساتھی نے کچھ فاصلے پر کھڑی ہوئی ایک خالی جیپ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ک لے جاتے ہیں۔ وہ ابھی جیپ سے تھیلے نکال کر اس جیپ کی طرف جانے کا ارادہ کر رہے تھے دکان کے اندر موجود تمام گاہک، دکان دار اور دکان کے سیلز مین، دکان سے باہر آ کر شور لگے ''ڈاکو...... ڈاکو...... پکڑو...... پکڑو......''

یہ دیکھ کر ان میں سے دو بدمعاشوں نے اپنی اپنی بندوقیں کندھوں سے اتار لیں تا کہ ان کیا جا سکے۔ جب انہوں نے فائر کرنے کے لیے لبلبی دبائی تو لبلبی دب نہ سکی۔ دونوں بندوقو جام ہو گئی تھی۔ ایک فائر بھی نہ ہو سکا۔ وہ حیران تھے کہ ان کی بندوقوں میں یہ اچانک خرابی ہو گئی۔ پھر انہوں نے اپنے دونوں ساتھیوں سے بندوقیں لے کر فائرنگ کرنا چاہا۔ ان کی لبلبی ہو گئی۔ یہ دیکھ کر ان کا سرغنہ چیخا۔ ''جلدی سے نکل بھاگو...... وقت ضائع مت کرو......''

لیکن وہ چاروں دائرے سے باہر نہ نکل سکے۔ جیسے ہی دائرے کی لکیر کے پاس پہنچے نادیدہ طاقت نے نہ صرف روک لیا بلکہ دھکا دے کر زمین پر گرا دیا۔ وہ بھونچکے سے ہو گئے۔



انہوں نے ایک دوسرے کی شکلیں دیکھیں۔ ان کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ ان کے ساتھ کیا ...

وہ چاروں بجلی کی سی سرعت سے کھڑے ہو گئے۔ پھر انہوں نے دوڑنے کی کوشش کی لیکن وہ ...ے باہر نکل نہ سکے۔ وہ پھر چاروں شانے چت ہو گئے۔ ان کے ہاتھ سے کسی نادیدہ طاقت ...یں چھین کر جیسے پھینک دیں۔ وہ حواس باختہ اور دہشت زدہ ہو گئے۔ یہ سارا تماشا بہت سارے ...ر ہے تھے۔ ان میں وہ بھی شامل تھے جنہیں ان بدمعاشوں نے بندوق کے زور پر لوٹا تھا۔ اسی ... پولیس کی موبائل آ گئی۔ دکان کے مالک نے پولیس کو ٹیلی فون کر کے اطلاع دے دی تھی۔ ...آ کر انہیں گرفتار کر لیا۔

ان بدمعاشوں کو گرفتار کرانے میں کس کا ہاتھ تھا۔ یہ کس کا کارنامہ تھا۔ کوئی نہیں جانتا تھا سوائے ...والدین کے۔ وہ عقرب کو دکان میں نہ پا کر اور باہر شور سن کر دکان سے نکل آئے تھے۔ انہوں ...تماشا اور کھیل دیکھا تھا کہ وہ کس طرح سے ایک دائرے میں مقید ہو گئے۔ جیپ نکال کر نہ لے ... فائرنگ بھی نہ کر سکے۔ کیوں کہ ان کی بندوقیں جام ہو کر رہ گئی تھیں۔ جب ان بدمعاشوں نے ...ے باہر آنا چاہا تو نادیدہ طاقت نے انہیں گرا دیا اور ان کے ہاتھوں سے بندوقیں چھوٹ گئی

...قرب نے ماں باپ کو دیکھا تو وہ مسکراتا ہوا ان کی طرف بڑھا۔ ماں باپ نے ایک دل کش ...ے اس کا استقبال کیا۔ سلیل نے بیٹے کی پیٹھ تھپکتے ہوئے کہا۔ ''شاباش بیٹے! تم نے دکان ...وں کو لٹنے اور خون ریزی سے بچایا۔ ورنہ یہ بدمعاش اپنے بچاؤ اور اپنی حفاظت کی خاطر دو تین ...وں کو ہلاک کر دیتے۔''

''وہ چاروں بدمعاش کیسے حیران و پریشان اور دہشت زدہ سے ہو رہے تھے۔'' گل نشاط ہنستی ...ولی۔ ''ان کے چہرے فق اور سفید پڑ گئے تھے۔ ان کی کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ یہ ان کے ساتھ ...''

''ان بدمعاشوں سے زیادہ حیران اور خوش دکان دار، سیلز مین اور گاہک ہو رہے تھے کہ وہ بھاگنے ...نہیں ہو سکے تھے۔ بدمعاشوں کے ساتھ جو کچھ پیش آ رہا تھا اس کا یقین انہیں نہیں ہو رہا تھا۔ ...اس طرح دیکھ رہے تھے جیسے کوئی سنسنی خیز کھیل ہو۔ جب پولیس نے ان بدمعاشوں کو گرفتار کیا ...جان میں جان آئی۔''

...دار، سیلز مینوں اور گاہکوں نے پولیس والوں کو گھیر لیا۔ دکان دار پولیس والوں کو ان ...ڈکیتی کی واردات کے بارے میں بتانے لگا۔ بھیڑ میں اضافہ ہونے لگا تو گل نشاط اور سلیل ...لے کر ملبوسات کی دکان میں داخل ہو گئے۔ کیوں کہ ان کی خریداری نہیں ہوئی تھی۔

...اچھے لوگ ہوتے ہیں وہاں برے لوگ بھی ہوتے ہیں۔ تجارتی مراکز میں ہر طرح کے ...تے ہیں۔ یہاں بھی جیب کترے، ٹھگ اور نوسرباز موجود تھے۔ سلیل خریداری کرنے کے

بعد گل نشاط اور عقرب کو ساتھ لے کر ایک ہوٹل میں داخل ہوا تاکہ دوپہر کا کھانا کھا لیا جائے۔ کھانے کا وقت ہو رہا تھا۔ بھوک بھی لگ رہی تھی۔ سلیل کو ایک ہوٹل بہت پسند تھا۔ اس کے کھانے بہت لذیذ، ذائقہ دار اور مزے دار ہوتے تھے۔ جب کبھی وہ بیوی اور بیٹے کو خریداری کے لیے منگورہ لے کر آتا اس ہوٹل میں انہیں کھانا کھلانے لے جاتا۔ اس کی بیوی اور بیٹے کو بھی اس ہوٹل کے کھانے بہت مزے کے لگتے تھے۔ اس لیے اس ہوٹل کے سوا کسی اور ہوٹل میں جا کر نہیں کھاتے تھے۔

یہ ہوٹل بہت مصروف تھا۔ عمدہ اقسام کے کھانوں کی وجہ سے بہت چلتا بھی تھا۔ اس لیے ہر وقت اس میں گاہک موجود ہوتے تھے۔ غیر ملکی سیاح بھی یہاں آ کر لطف اندوز ہوتے تھے۔ جب وہ ہوٹل میں داخل ہوئے اس کے ہال میں ایک میز بھی خالی دکھائی نہیں دے رہی تھی۔ اتفاق سے اس ایک کونے والی میز خالی ہوئی تو وہ تینوں اس میز پر جا کر بیٹھ گئے۔ ایک خالی کرسی پر سامان رکھ دیا۔

ان تینوں کو کڑاہی گوشت بہت پسند تھا۔ اس لیے سلیل نے کڑاہی گوشت کا آرڈر دے دیا۔ تیار ہو کر آنے میں پندرہ بیس منٹ کی دیر تھی اس لیے قہوہ منگوا لیا۔ قہوہ آیا تو سلیل، گل نشاط سے ملبوسات کے بارے میں بات کرنے لگا۔ عقرب ہال کا جائزہ لینے لگا۔ کیوں کہ اسے اس موضوع سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ پھر اس کی نگاہ ایک میز پر جم گئی جس کے گرد پانچ آدمی ابھی ابھی آ کر بیٹھے تھے۔ ایک شخص نے لال رنگ کا شلوار سوٹ پہن رکھا تھا۔ وہ بہت چہک رہا تھا۔ اپنی جیب بھی تھپتھپا رہا تھا۔ یہ ایک ایسا ہوٹل تھا۔ ہر آدمی اس میں قدم رکھنے کی جرأت نہیں کر سکتا تھا۔ اس شخص نے ویٹر کو جو کھانے کا آرڈر دیا وہ بہت ہی پرتکلف اور انواع و اقسام کے کھانوں کا تھا۔ اس کی وضع قطع سے اس کی مالی حالت عیاں تھی۔ اس کی اوقات ایسی نہیں تھی کہ وہ اپنے دوستوں کی ایسی شان دار خاطر مدارت کر سکے۔ وہ مال مفت کھول کر اڑا رہا تھا۔

عقرب نے ماں باپ سے کہا کہ وہ تھوڑی دیر کے لیے باہر جا کر آ رہا ہے۔ پھر وہ اپنی کرسی سے اٹھا اور اس میز کے پاس سے ہوتا ہوا باہر کی طرف بڑھا جس پر وہ پانچ آدمی کھانے کے انتظار میں قہوہ پی رہے تھے۔ عقرب کی جیب میں نہ صرف اس لال رنگ کے شلوار سوٹ والے کا پرس آ گیا اس کے ساتھیوں کی رقمیں بھی اس کی جیب میں آ گئی تھیں۔ ان کے فرشتوں کو بھی رقم غائب ہونے کی خبر نہ ہوئی۔ وہ خوش گپیوں میں مصروف تھے۔ عقرب باہر چلا گیا پھر تھوڑی دیر کے بعد ہوٹل میں داخل ہوا۔ جب وہ میز سے گزر رہا تھا۔ تب اس نے لال شلوار سوٹ والے کو کہتے سنا۔ وہ کہہ رہا تھا۔ ''زندگی میں نے پہلا اتنا اونچا ہاتھ مارا ہے....'' تھوڑی دیر کے بعد ویٹر کھانا لے آیا۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ان آدمیوں کی میز پر ایک سالم بھونا ہوا دنبہ ویٹر نے لا کر رکھا۔ وہ پانچ کے پانچ اس دنبے پر ٹوٹ پڑے۔ ایسے وحشیوں کی طرح کھانے لگے۔ ان لوگوں نے دنبہ ہضم کرنے کے بعد سویٹ ڈش منگوائی۔ پھر کولڈ ڈرنکس... جب ویٹر بل لے کر آیا تو لال شلوار سوٹ والے نے مسکراتے ہوئے بڑے انداز سے اپنی جیب میں ہاتھ ڈالا۔ اس جیب میں رقم نہ پا کر وہ گھبرا گیا۔ اس نے اپنی جیبیں کئی بار ٹٹولیں۔ رقم غائب پا کر اس کے ہوش اڑ گئے۔ چہرہ متغیر ہو گیا۔



''میری جیب سے کسی نے بیس ہزار کی رقم نکال لی....'' وہ بھونچکا ہو کر بولا۔ ''یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ ہوٹل میں داخل ہوتے وقت میری جیب میں پوری رقم تھی... رقم بیٹھتے ہی کیسے غائب ہو گئی؟''

''جس وقت ہم بس سے اترے تھے اس وقت تم سے ایک آدمی ٹکرایا تھا۔ کہیں اس نے تمہاری رقم غائب نہیں کر لی؟''

اس کے ایک ساتھی نے خیال ظاہر کیا۔ ''اچھی طرح یاد کرو۔''

''نہیں.... '' لال شلوار سوٹ والے نے سر ہلایا۔ ''رقم میں نے اندر کی جیب میں رکھی تھی۔ قمیض کے اوپر بٹن لگا رکھے تھے۔ تھوڑی دیر پہلے کھانے سے پہلے میں نے اپنی جیب تھپتھپائی تھی۔ اس میں رقم موجود رہی تھی۔''

''ہو سکتا ہے کہ تم رقم کالام میں رکھ کر بھول آئے ہو؟'' دوسرے ساتھی نے کہا۔

ویٹر جو بل لیے کھڑا تھا اس نے بیزاری سے کہا۔ ''یہ بارہ سو بیس روپے کا بل ہے۔ آپ لوگ اس کو ادا کرنے کے لیے رقم کا بندوبست کریں۔ میں تھوڑی دیر میں آتا ہوں۔'' وہ بل میز پر رکھ کر چلا گیا۔

''دیکھو... کل ساٹھ ہزار کی رقم تھی۔'' اس نے سرگوشی میں کہا۔ ''پرسوں دن میں میں نے اس میں سے تم پانچوں کو فی کس دس دس ہزار روپے حصے کے طور پر دیئے پھر میں نے اپنا حصہ سنبھال کر رکھا۔ ہم لوگ ایک ساتھ ہی آئے ہیں۔ میری رقم تم لوگوں کے ساتھ ہوتے ہی غائب ہو جانا سمجھ سے بالاتر ہے۔''

''مجھے تو ایسا لگ رہا ہے کہ کسی نے جادو کے زور سے تمہاری رقم غائب کر دی ہے؟'' اس کے ایک ساتھی نے کہا۔

''بکواس بند کرو.....'' لال شلوار سوٹ والے نے کہا۔ ''کیسا جادو...؟ کہاں کا جادو...؟ یہاں کہاں...؟ آج کل کے دور میں جادو، وادو کہاں ہے۔ کون جادوگر ہے جو میری رقم غائب کرے؟ کسی جادوگر کو کیا معلوم کہ میرے پاس اتنی بڑی رقم موجود ہے۔ یہاں تو کسی جادوگر کے ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔''

''تمہارے خیال میں تمہاری رقم کیسے اور کیوں کر غائب ہو گئی ہو گی؟'' ایک اور ساتھی نے پوچھا۔

''میں کچھ نہیں کہہ سکتا ہوں۔'' وہ بولا۔ ''یا یہ ہو سکتا ہے کہ تم لوگوں میں سے کسی نے رات کے وقت مجھے بے ہوش کر کے رقم نکال لی اور اس کی جگہ کاغذ رکھ دیئے جنہیں میں رقم سمجھتا رہا۔''

''بالفرض محال ہم میں سے کسی نے رقم غائب کر کے اس کی جگہ کاغذ رکھ دیئے... سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ کاغذ کے ٹکڑے کہاں ہیں.... تم ہم لوگوں پر شک کر رہے ہو جب کہ ہم نے تمہیں ڈبل کر دیا۔''

''تم ٹھیک کہتے ہو۔'' اس نے کہا۔ ''میری جیب سے واقعی کاغذ کے ٹکڑوں کو نکلنا چاہیے تھا۔ لیکن

میری تمام جیبیں بالکل خالی ہیں۔ ان میں ایک روپیہ تک موجود نہیں ہے۔ یقیناً یہ کسی جادوگر کی
ہے۔"

"وہ جادوگر اس وقت شاید اس ہال میں موجود ہو...... اس نے اپنا جادو دکھایا ہو؟" ایک سا
خیال ظاہر کیا۔

"ہاں...... ایسا ممکن ہے۔" وہ ہال کا سرسری جائزہ لیتے ہوئے بولا۔ "تمہارا اندازہ درست
سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان لوگوں میں جادوگر کون ہوسکتا ہے؟ یہاں ایسا کوئی شخص دکھائی نہیں
ہے جس پر گمان ہوسکے۔"

ہوٹل کا ویٹر اس اثناء میں میز پر آ کر کھڑا ہوگیا۔ "جلدی سے بل ادا کر دیجئے...... مجھے
ہے۔"

اس نے اپنے ایک ساتھی سے کہا۔ "تمہارے پاس جو رقم ہے اس میں سے بل ادا کرو۔ میں
بعد میں رقم دے دوں گا۔" اس نے پس و پیش کے بعد اپنی جیب میں ہاتھ ڈلا۔ اس میں رقم نہ تھی۔
نے ایک ایک کر کے اپنی ساری جیبیں دیکھ لیں۔ وہ بالکل صاف تھیں۔ وہ گھبرا کر بولا۔ "میری
غائب ہے اور تمہاری دی ہوئی رقم بھی......"

"یہ کیسے ہوسکتا ہے؟" لال شلوار سوٹ والے نے کہا۔ اس کے لہجے میں حیرت تھی۔ "پھر
جیبیں دیکھو۔"

اس نے دوبارہ اپنی ایک ایک جیب میں ہاتھ ڈال کر دیکھا۔ اس کا چہرہ فق ہوگیا۔ "میری
جیبیں خالی ہیں۔" پھر اس کے تینوں ساتھیوں نے اپنی اپنی جیبیں دیکھ ڈالیں۔ ان میں کچھ نہ
سب حیرت اور پریشانی کے عالم میں ایک دوسرے کی صورتیں دیکھنے لگے۔ ہال ایئر کنڈیشنڈ تھا۔
ان کو پسینے آ گئے تھے۔ ان کے چہروں پر ہوائیاں اڑنے لگیں۔

"آپ لوگوں کی یہ ڈرامابازی نہیں چلے گی......" ویٹر نے بگڑ کر برہمی سے کہا۔ "ٹھہریئے!
صاحب کو بلا کر لاتا ہوں۔ یہ مفت کا مال نہیں تھا۔ آپ لوگوں کو جیل کی ہوا کھانا پڑے گی۔"

"ہماری بات تو سنیں۔" لال شلوار سوٹ والے نے کہا۔ "کسی نے ہم سب کی جیبیں کا
ہیں۔ ہمارے پاس ساٹھ ہزار سے زیادہ رقم تھی...... ہمیں ایک دو گھنٹے کی مہلت دیں۔"

"یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ بیک وقت پانچ آدمیوں کی جیب کٹ جائے۔" ویٹر نے تیز
کہا۔ "آپ لوگ کسی اور کو بے وقوف بنائیں...... ہمیں آپ جیسے لوگوں سے روزانہ واسطہ پڑ
ہے۔"

"آپ ایسا کریں کہ ہم پانچوں کی گھڑیاں گروی رکھ لیں۔" لال شلوار سوٹ والے نے کہ
سب کی گھڑیاں بہت قیمتی ہیں۔ ایک ایک گھڑی دو ہزار روپے سے زائد قیمت کی ہے۔ نئی بھی ہیں
"اچھا...... لائیں۔ اپنی گھڑیاں جمع کرا دیں۔ بعد میں رقم ادا کر کے لے جائیں۔" و
تیزی سے کہا۔ جب ان پانچوں نے اپنی اپنی آستینوں کے کف اوپر کیے کہ دستی گھڑیاں اتار دیں



...ہو چکے ہوگئے کہ ان کی گھڑیاں بھی غائب ہیں۔ کسی کی کلائی پر گھڑی نہ تھی۔ ننگی کلائیاں ان کا منہ
...رہی تھیں۔

ویٹر نے تاڑ لیا کہ یہ پانچوں ایک نمبر فراڈی ہیں اور اسے بے وقوف بنانے کی کوشش کر رہے
... وہ فوراً ہی تیزی سے کیش کاؤنٹر کی طرف لپک گیا۔ اس نے منیجر کو مختصر طور پر صورت حال سے آگاہ
... کے کہنے پر ایک ویٹر نے پولیس اسٹیشن ٹیلی فون کر دیا۔ وہ منیجر کو مطمئن نہ کر سکے۔ تھوڑی دیر میں
...ئی۔ انہیں حراست میں لے کر باہر نکل گئی۔ عقرب کے ہونٹوں پر ایک معنی خیز مسکراہٹ دوڑ
...گل نشاط اور سلیل اس کے اس کارنامے سے بے خبر آئس کریم کھا رہے تھے۔

...دیر کے بعد وہ تینوں ہوٹل سے باہر آئے۔ گل نشاط کو یاد آیا کہ اسے کچھ چادریں اور تکیے کے
...خریدنے ہیں۔ عقرب دوکان کے باہر رک گیا۔ سامان بھی اپنے پاس رکھ لیا۔ چند لمحوں کے بعد
...نے ایک شخص کو دیکھا جس کا چہرہ زرد ہو رہا تھا۔ اس کی آنکھوں سے وحشت برس رہی تھی۔ بال الجھے
...تھے۔ لباس پر شکنوں کا جال پھیلا ہوا تھا اور لباس پر گرد کی تہہ جمی ہوئی تھی۔ وہ اس سے چند قدم پر
...حال کھڑا ادھر ادھر دیکھ رہا تھا۔

عقرب نے اسے آواز دی۔ "جناب سنیے...... آپ تھوڑی دیر کے لیے میرے پاس آسکتے ہیں۔
...ی صاحب ہیں نا؟" اس شخص نے چونک کر عقرب کی طرف دیکھا۔ وہ ایک اجنبی لڑکے کی
...نے اپنا نام سن کر بڑے حیران ہوئے۔ پھر وہ اس کے پاس آ کر بولے تو ان کا لہجہ حیران کن تھا۔"
...بیٹے! میں نے تمہیں نہیں پہچانا؟ کیا نام ہے تمہارا؟"

"میں نے کچھ دنوں پہلے آپ کو کالام میں ایک گائیڈ کے ساتھ دیکھا تھا۔ اس نے آپ کو قریشی
...کے نام سے پکارا تھا۔" عقرب نے جواب دیا۔ "میرا نام عقرب ہے۔ میں اپنے والدین کے
...داری کے لیے آیا ہوا ہوں۔"

"کیا تم اس گائیڈ کو پہچانتے ہو......؟ کیا تم اس کے نظر آنے پر اس کی شناخت کر سکتے ہو۔
...صاحب نے بے تابی سے کہا۔

"...یت تو ہے؟" عقرب نے پوچھا۔ "آپ کو اس گائیڈ کی تلاش کیوں ہے؟ آپ کو اس نے کیا
..."

"...یت ہی نہیں ہے بیٹے!" انہوں نے مضطرب لہجے میں جواب دیا۔ "اس شخص نے اپنا نام
...خان بتایا تھا۔ وہ میرے لیے ایک قطعی اجنبی شخص تھا۔ اس نے مجھ سے کہا کہ وہ گائیڈ ہے۔ میں
...کی مختلف جگہوں کی سیر و تفریح کی خواہش ظاہر کی تو اس نے مجھ سے کالام کی بڑی تعریف کی۔
...ایک ساتھی کی ٹیکسی میں لے گیا۔ قدرتی جھیلوں کی سیر کرانے کے بہانے ایک جھیل پر لے
...نے کہا کہ یہاں رات کے وقت پریاں آتی ہیں اور جھیل میں نہاتی ہیں۔ رات کے وقت پریاں
...یں البتہ چار بدمعاش آ گئے جو مسلح تھے اور انہوں نے منہ پر ڈھاٹے باندھے ہوئے تھے۔
...بندوقوں کے زور پر نہ صرف میری قیمتی دستی گھڑی اتار لی بلکہ مجھ سے ساٹھ ہزار کی رقم بھی

چھین لی۔اس شخص نے مجھے پولیس اسٹیشن لے جا کر ان بدمعاشوں کے خلاف رپورٹ درج کر
ایک گھنٹے کے بعد وہ پراسرار طور پر غائب ہوگیا۔ٹیکسی کا بھی پتا نہیں تھا۔
میری جیب بالکل خالی ہوگئی۔میں نے ایک مقامی شخص سلیل سے پانچ سو روپے قرض ما
پھولوں کے کاروباری ہیں۔اس شریف آدمی نے مجھ پر اعتماد کر کے پانچ سو روپے قرض دے
اس نے میرا نام پتا بھی دریافت نہیں کیا۔یہ فرشتہ صفت شخص میری مدد نہیں کرتا تو جانے میرا
ہوتا..... میں نے اس دھوکے باز شخص کو بہت تلاش کیا۔یہاں آ کر اسے دو دن سے تلاش کر رہا
ایک ٹیکسی ڈرائیور نے مجھے بتایا کہ اس نے اس حلیے کے آدمی کو آج صبح کالام سے آنے والی
اترتے دیکھا ہے۔''

''یہاں کسی ناواقف شخص کو گائیڈ بنانا سب سے بڑی غلطی ہے۔''عقرب نے کہا۔''آپ
ایسی غلطی نہ کریں۔''

''واقعی مجھ سے بہت بڑی بھول ہوئی۔''انہوں نے تاسف انگیز لہجے میں کہا۔''مجھ سے ہ
ملازم نے بھی یہ بات کہی تھی۔مگر میں اس شخص کی باتوں میں آ گیا۔اس نے اپنی چرب زبانی
اپنے جال میں پھنسا لیا۔''

''محنت اور حلال کی کمائی اور کوئی ہضم نہیں کر سکتا۔''
عقرب نے کہا۔''آپ کو میں یہ بتا دوں کہ وہ فراڈی اور اس کے چاروں ساتھی ہوٹل کا
کرنے کے الزام میں تھوڑی دیر پہلے گرفتار کر لیے گئے ہیں۔وہ حوالات میں بند ہیں۔وہ بار
روپے کا کھانا اس طرح کھا گئے جیسے یہ ہوٹل ان کے باپ کا ہو۔''

''تمہیں کیوں کر معلوم ہے کہ یہ وہی بدمعاش ہیں؟''قریشی صاحب نے حیرت سے اس
دیکھی۔''تم انہیں کیسے جانتے ہو؟''

''انہوں نے جس ہوٹل میں کھانا کھایا ہم نے بھی اسی ہوٹل میں کھایا......ان کی میز ہمارے
قریب تھی۔وہ اشاروں کنایوں میں اپنے کارنامے کا ذکر کر رہے تھے۔اس سے میں نے اند
کہ یہ وہی بدمعاش ہیں۔''

''ٹھیک ہے۔ میں تھانے جا کر دیکھتا ہوں کہ آیا یہ وہی بدمعاش ہیں یا کوئی اور ہیں؟
صاحب نے کہا۔

''آپ تھانے مت جائیں بلکہ ہوٹل جائیں..... ''عقرب نے اسے مشورہ دیا۔''حوالا
سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔''

''میں ہوٹل جا کر کیا کروں..... ؟''قریشی صاحب نے ایک گہرا سانس لیا۔''تھانے ج
ایک فائدہ یہ ہوگا کہ پولیس ان بدمعاشوں سے میری رقم وصول کر کے دے دے گی۔میرے
آئی آر کا پی موجود ہے جو میں نے کالام میں ان کے خلاف کٹوائی ہے۔اسے اس تھانے میں پیش
گا۔''



''اصل بات یہ ہے کہ نہ ان بدمعاشوں کے پاس آپ کی رقم ہے اور نہ آپ کی قیمتی دستی گھڑی۔''
...بولا۔''اگر ان کے پاس رقم ہوتی تو وہ ہوٹل کا بل ادا کر دیتے؟''
''میری رقم کہاں ہے اور کس کے پاس ہے! کیا ان سے رقم کسی نے چھین لی ہے؟''وہ تحیر زدہ
...

''...کی گھڑی اور ساٹھ ہزار سے زائد رقم آپ کے سوٹ کیس میں موجود ہے۔''عقرب نے
''...اسٹیشن جانے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔آپ اپنی رقم لیں اور واپس جائیں۔ناواقف
...ہوشیار رہیں۔''

''...سوٹ کیس میں......؟''قریشی صاحب نے اسے ایسی نظروں سے دیکھا جیسے عقرب
...''میرے سوٹ کیس میں کیسے آ سکتی ہے؟ تمہاری بات کا مجھے بالکل یقین نہیں آ رہا ہے۔
...بات ہے۔''

''آپ کا ہوٹل زیادہ دور نہیں ہے......''عقرب نے کہا۔''ایک نظر سوٹ کیس میں دیکھ لینے سے
...گا؟''

''...رہے ہو تو میں ایک نظر دیکھ لیتا ہوں۔''
...ہوئے لہجے میں بولے۔''تمہاری بات کا یقین کرنے کو دل نہیں چاہ رہا ہے۔رقم اپنے
...کیس میں آنے سے رہی۔تم نے مجھے عجیب کشمکش میں ڈال دیا ہے۔''قریشی صاحب
...اپنے ہوٹل کی طرف بڑھ گئے جس میں انہوں نے کمرہ کرائے پر لیا ہوا تھا۔عقرب کی بات
...یقین نہیں تھا۔عقرب نے کچھ وثوق اور ایسے اعتماد سے کہا تھا کہ اس کا دل رکھنے کے لیے وہ
...تھے۔بڑی عجیب و غریب اور ناممکن سی بات تھی کہ ان کے سوٹ کیس میں رقم اور دستی گھڑی
...انہوں نے سوچ لیا تھا کہ سوٹ کیس دیکھنے کے بعد وہ تھانے جا کر زہرد خان کے خلاف
...کریں گے۔جب تک رقم مل نہیں جاتی وہ یہیں رہیں گے۔
...انہوں نے کمرے میں داخل ہو کر دروازہ بند کیا۔سوٹ کیس پلنگ کے نیچے سے نکال کر میز پر
...بڑی بے دلی سے کھولا۔انہوں نے جیسے ہی کپڑا ہٹا کر دیکھا وہ حیرت اور خوشی سے اچھل
...آنکھیں پھیل گئیں۔انہیں یقین نہیں آیا۔ان کی رقم جو ہزار اور پانچ سو کے نوٹوں کی
...وہ موجود تھی۔وہی نوٹ تھے۔اس کے علاوہ سو اور پچاس کے کچھ نوٹ بھی تھے۔سوٹ
...صرف ان کی ایک دستی گھڑی نہیں بلکہ چار اور قیمتی گھڑیاں بھی تھیں۔کہیں وہ خواب تو نہیں دیکھ
...؟ کہیں اس لڑکے نے انہیں ہپناٹائز تو نہیں کر دیا؟ انہوں نے اپنے بدن میں بڑے زور کی
...اپنی انگلی بھی چبا لی۔یہ خواب تھا اور نہ انہیں ہپناٹائز کیا گیا تھا۔یہ ایک حقیقت تھی۔ایک ایسی
...سے انکار نہیں کیا جا سکتا تھا۔ان کی مسرت کی انتہا نہ رہی۔ان کی نس نس میں خون رقصاں
...جذبات سے مغلوب ہو گئے۔آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔قریشی صاحب نے رقم گنی تو
...ار آٹھ سو بیس روپے تھے۔پھر انہوں نے سوچا کہ وہ لڑکا کیا کوئی مسیحا تھا؟ کیا تھا......؟ انہوں

نے سوچا کہ چل کر اس لڑکے سے مل کر معمہ حل کرنا چاہیے۔ ورنہ وہ ساری زندگی اس عجیب و غر
واقعے اور معجزے کے بارے میں سوچتے رہیں گے۔

جب وہ اس جگہ آئے جہاں ان کی ملاقات عقرب سے ہوئی تھی۔ وہاں عقرب نہیں تھا۔ ا
نے صرف منگورہ ہی نہیں سیدو شریف کا چپہ چپہ چھان مارا۔ انہیں ان کا محسن اور مسیحا کہیں دکھائی نہیں

کوئی بیس دن کے بعد عقرب اپنے تین دوستوں کے ساتھ منگورہ اور سیدو شریف سیر و تفریح
لیے آیا۔ اس نے اس علاقے کی سیر نہیں کی تھی۔ وہ اپنے ماں باپ کے ساتھ صرف خریداری کے
آتا رہا تھا۔ خریداری کر کے ہوٹل میں کھانا کھا کر چند گھنٹے گزار کر واپس چلا گیا تھا۔

بیس دن پہلے وہ دو سال کے بعد منگورہ آیا تھا۔ اس نے دیکھا تھا کہ منگورہ سے سیدو شری
علاقہ دلہن کی طرح سجا ہوا ہے۔ بہترین سڑک، اسپورٹس اسٹیڈیم، وودودیہ ہال، اسٹار ہاسٹل، کا
جہاں زیب کالج، عجائب گھر، گرلز کالج، حیوانات کا اسپتال، سائنس لیبارٹری، کالج کالونی، دارا
اسلامیہ کالج کیمپس، شاہی مہمان خانہ، اللہ اکبر مسجد، سرینا ہوٹل اور بہت ساری نفیس اور بڑی عما
تھیں جو اس کے حسن کو دوبالا کرتی تھیں۔ وہ ان سب کو دیکھنا چاہتے تھے۔ عقرب کو منگورہ اس
بہت بھایا تھا کہ یہ بہت صاف ستھرا ہے۔ دریائے سوات کے کنارے آباد اور پہاڑوں سے گھ
ہے۔ بدبو گندگی اور مچھر بھی نہیں تھے۔ سیدو شریف اور منگورہ جڑواں شہر ہیں۔ اس طرح آپس میں
ہوئے ہیں کہ سیاحوں کو پتا نہیں چلتا ہے کہ اس میں منگورہ کونسا ہے اور سیدو شریف کونسا ہے۔ عقرب
والدین نے اسے دوستوں کے ساتھ جانے کی اجازت دے دی تھی۔

منگورہ پہنچ کر عقرب کے دوست منان خان نے جو عقرب سے عمر میں پانچ برس بڑا تھا اور
سات مہینے میں کسی نہ کسی کام سے منگورہ آتا رہتا تھا۔ مین بازار کے ایک ہوٹل میں ایک کمرہ کرا
لیا۔ اس میں چار آدمیوں کے ٹھہرنے کی گنجائش تھی۔ دو دوست جو اور تھے ان کے نام مرغوب اور
خان تھے۔ وہ بھی عقرب سے عمر میں دو دو سال بڑے اور صحت مند و توانا تھے۔ یہ آپس میں چاروں
ہی گہرے دوست تھے۔ عقرب نے بھولے سے بھی اپنے کسی دوست کو نہیں بتایا اور اعتماد میں لیا
وہ کن کن صلاحیتوں، علوم اور پراسرار قوتوں کا مالک ہے۔ ماں باپ نے بھی سختی سے تاکید کی ہوئی
وہ اس راز سے کسی کو آگاہ نہ کرے۔ اپنے دوستوں میں اس کی کاٹھی بھرپور جوان مردوں کی سی تھی
کی اٹھان سے اس کی عمر کے بارے میں لوگ کہتے تھے کہ یہ بیس برس کا ہے۔ اس کے تینوں دوست
حال گھرانوں سے تعلق رکھتے تھے۔ انہیں کسی بات کی کمی نہیں تھی۔ ان کے والدین آلو اور سیب کے
اور باغات کے مالک تھے۔

وہ چاروں دوپہر کے وقت منگورہ پہنچے تھے۔ سامان رکھنے اور منہ ہاتھ دھو کر تازہ دم ہوتے
وہ کھانا کھانے کے لیے ہوٹل کے ڈائننگ ہال میں آئے۔ کھانا کھاتے ہوئے انہوں نے ایک افغانی
جو سوا چھ فٹ کا ہوگا۔ دیوہیکل تھا۔ کسی جلاد کی طرح دکھائی دے رہا تھا۔ وہ ایک میز پر بیٹھا شرط لگا کر
رہا تھا۔ ایک جرمن سیاح اور ایک امریکی جو چھ چھ فٹ کے تھے۔ اس سے پچاس پچاس ڈالر کی شر



ہار گئے تھے۔ ایک دو مقامی باشندوں نے بھی پچاس پچاس روپے کی شرط لگائی تو ہار گئے وہ لوگوں کو چیلنج
کر رہا تھا تو ایک روسی نژاد کو وہ بیا جو قد و قامت اور جسامت میں تقریباً اس کے برابر تھا اس نے اس
کے چیلنج کو قبول کر لیا اور ایک ایک ہزار روپے کی شرط لگائی۔

اس میز پر ایک بھیڑ سی لگ گئی۔ عقرب اور اس کے دوست چونکہ کھانے سے فراغت پا چکے تھے
وہ بھی اس بھیڑ میں شامل ہو کر تجسس سے ان دونوں کے درمیان ہونے والا مقابلہ دیکھنے لگے۔
کبھی روسی کا پلہ بھاری ہو جاتا کبھی افغانی کا...... دونوں اپنا پورا زور لگا رہے تھے۔ ان کے درمیان بڑا
مقابلہ ہو رہا تھا۔ یہ ایک لسانی مقابلہ بھی تھا۔ لوگ ان دونوں کے حق میں بٹ گئے تھے۔

آخر کار افغانی جیت گیا۔ روسی نے اپنی شکست تسلیم کر لی۔ اس نے اپنی جیب سے ایک ہزار
روپے نکال کر اسے دے دیئے۔ وہ بڑے فاتحانہ انداز سے اپنی داڑھی پر ہاتھ پھیرنے لگا۔ اس نے رقم
جیب میں رکھنے کے بعد بڑے متکبرانہ انداز میں کہا۔ ”کوئی ہے مائی کا لال......؟ کسی نے ماں کا
دودھ پیا ہو تو آ کر مقابلہ کرے۔ ڈبے کا دودھ پینے والا میرے مقابلے پر نہ آئے۔ ورنہ اس کے ہاتھ
کی ہڈی ٹوٹ جائے گی۔“ عقرب کو اس کا غرور اور تکبر بہت ہی ناگوار لگا۔ وہ بھیڑ کو چیرتا ہوا اس کرسی پر
جا بیٹھا جس پر روسی نے بیٹھ کر مقابلہ کیا تھا۔ وہ کرسی خالی پڑی تھی۔ روسی اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ عقرب کو اس
کرسی پر آتا دیکھ کر سبھی حیران ہوئے۔ وہ افغانی بھی حیران ہوا۔ اسے جیسے یقین نہیں آیا۔ ”کیا
تم یہاں کس لیے بیٹھے ہو؟“ افغانی نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔

”میں تم سے پنجہ لڑانے اور تمہارا غرور خاک میں ملانے آیا ہوں۔ تمہیں ایک افغانی ہونے کے
ناتے ایسی بات نہیں کہنا چاہیے تھی۔ افغانی قوم بڑی بہادر، غیور اور با اخلاق ہوتی ہے۔“

”تم مجھ سے پنجہ لڑاؤ گے......؟“ وہ ہنسنے لگا۔ پھر استہزائی لہجے میں بولا۔ ”تم بچے ہو...... تمہارے
کھانے پینے کے دن ٹافی اور آئس کریم کھانے کے ہیں۔ یہ لو دس روپے...... اس سے من پسند چیز خرید کر کھا
لو۔“ اس نے جیب سے دس روپے کا نوٹ نکال کر عقرب کی طرف بڑھایا۔

عقرب نے نوٹ کو نظر انداز کرتے ہوئے تیزی سے کہا۔ ”تم مجھ سے مقابلہ کرنے سے کترا رہے
ہو تو میدان میں آ جاؤ۔“

”تم چیلنج کر رہے ہو......“ وہ سنجیدہ ہو گیا۔ ”اچھی طرح سوچ لو منے میاں...... مجھے تمہاری
نازک سی کلائی پر ترس آ رہا ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ تم اپنی کلائی تڑوا بیٹھو۔ لو دس روپے لو۔ جا کر کچھ

”میں نہ صرف چیلنج کر رہا ہوں بلکہ دس ہزار روپے کی شرط بھی لگا رہا ہوں۔ بولو منظور

”دس ہزار روپے کی شرط......؟“ افغانی ششدر رہ گیا۔ ”تمہارے پاس دس ہزار روپے بھی

”ہیں......“ عقرب نے جواب دیا۔ پھر اس نے منان سے کہا۔ ”دس ہزار روپے نکال کر

میز پر رکھ دو۔"

"عقرب! تم ہوش میں ہو......؟" منان نے حیرت سے کہا۔ "دس ہزار بہت بڑی رقم ہوتی اور پھر تمہارا اس کا کیا مقابلہ...... خدا کے لیے تم اس سے مقابلہ کرنے سے باز آ جاؤ۔ اس سے کرنے کی حماقت نہ کرو۔"

"منان!" عقرب نے کہا۔ "میں پوری طرح ہوش میں ہوں۔ تم رقم کی پرواہ نہ کرو۔ میر تمہارے پاس پانچ ہزار کی رقم جمع کروائی ہے۔ ہارنے کی صورت میں رقم منگوا کر دے دوں گا۔ میرے بابا کے ایک کاروباری دوست ہیں۔ میرے بابا نے کہا ہے کہ مجھے جتنی رقم کی ضرورت پڑے سے لے لینا۔" منان نے جب یہ دیکھا کہ عقرب اپنی بات پر ڈٹا ہوا ہے تو اس نے باول نخواستہ دس روپے نکال کر میز پر رکھ دیئے۔ افغانی نے بھی اپنی جیب سے دس ہزار روپے نکال کر رکھ دیئے۔ نہ بھیڑ میں سنسنی پھیل گئی بلکہ اس میں اضافہ بھی ہو گیا۔

دونوں کے درمیان مقابلہ شروع ہوا۔ افغانی کا خیال تھا کہ وہ بڑی آسانی سے اس لڑکے کو ہر گا۔ لیکن جب اس نے زور آزمائی شروع کی تو اسے احساس ہوا کہ اتنا آسان نہیں ہے جتنا اس تھا۔ عقرب کا ہاتھ اسے فولاد کی طرح لگا۔ اس نے اپنا پورا زور لگا دیا۔ وہ ایک بار بھی عقرب کے ہاتھ سکا اور نہ نیچے کر سکا۔ عقرب بڑے سکون و اطمینان سے بیٹھا رہا۔ اپنے حریف کو دیکھ دیکھ کر مسکرا افغانی کے چہرے پر شکست کے احساس سے پسینہ پھوٹ پڑا تھا۔ اس کے علاوہ زحمت اور شرمن خیال بھی اسے کسی سانپ کی طرح ڈس رہا تھا کہ اس نوعمر لڑکے سے وہ مقابلہ کر نہیں پا رہا ہے۔ وہ لو اس افغانی سے مقابلہ کر کے ہار چکے تھے وہ حیرت اور خوشی سے اس مقابلے کو دیکھ رہے تھے۔ ہمدردی اور دعائیں عقرب کے ساتھ تھیں۔ پوری بھیڑ عقرب کی کامیابی کے لیے دعا کر رہی تھی۔

تھوڑی دیر کے بعد بازی نے پلٹا کھایا۔ عقرب کا ہاتھ آہستہ آہستہ نیچے ہونے گا۔ افغانی بھاری ہو رہا تھا۔ اپنی اس کامیابی پر افغانی کے چہرے پر خشونت کی سرخی نمایاں ہونے لگی۔ لوگ د یہ مقابلہ دیکھ رہے تھے۔ عقرب کو شکست اور ناکامی کی دہلیز پر دیکھ کر ان کے دلوں کو ایک صدمہ تھا۔ اس نے [illegible] سوچ رہے تھے کہ عقرب نے اس دیوزاد سے مقابلہ کرنے کی شرط لگا بڑی حماقت کی ہے اور مفت میں دس ہزار روپے بھی گنوا رہا ہے۔ عقرب کا ہاتھ میز کی سطح سے ایک گیا تب افغانی نے اپنا دباؤ اور بڑھا دیا۔ عقرب نے ابھی تک اپنی طاقت کا مظاہرہ نہیں کیا تھا او زور آزمائی کی تھی۔ وہ افغانی کو موقع دیتا رہا۔ پھر اس نے یک لخت افغانی کے ہاتھ کو آہستہ آہ اٹھانا شروع کیا۔ افغانی نے اپنا پورا زور لگا دیا۔ لیکن وہ اپنے ہاتھ کو زیر ہونے سے نہ روک سکا۔ نے بڑے اطمینان سے اس کا ہاتھ میز کی سطح سے لگا دیا۔ عقرب کی جیت پر تالیاں بج اٹھیں۔ فضا گونجنے لگا۔ افغانی کے چہرے پر نفرت کی سرخی پھیل گئی۔ عقرب نے میز پر سے رقم اٹھانا چاہی تو نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔ پھر اس نے کرخت لہجے میں کہا۔ "تم صرف اپنی رقم ہو...... میری رقم کو ہاتھ بھی نہیں لگانا۔"



"میں تمہاری رقم کیوں نہیں لے سکتا......؟" عقرب نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا۔ "تم یہ چکے ہو۔ اصولی طور پر میں اس رقم کا حقدار ہوں۔ تم مجھے رقم لینے سے نہیں روک سکتے ہو۔" "تم ساتھ بے ایمانی کی ہے۔" وہ غرایا۔ "تم نے میرے ہاتھ میں کوئی چیز چبھو دی تھی۔ اس لیے [illegible]"

"تم نہ صرف بے ایمانی کر رہے ہو بلکہ جھوٹ بھی بول رہے ہو۔" عقرب نے کہا۔ "بالفرض میں ہاتھ میں کوئی چیز چبھوئی تھی تو اس وقت کیوں نہیں روکا......؟ اپنا ہاتھ چھڑا کیوں نہیں [illegible] بغلیں جھانکنے لگا۔ پھر بے شرمی اور ڈھٹائی سے بولا۔ "میں تمہیں اپنی رقم نہیں دوں گا...... یہ باپ کی رقم نہیں ہے جو تم لے جاؤ...... نہ میری حرام کی کمائی ہے۔"

"دیکھو...... درمیان میں میرے باپ کا نام نہ لاؤ۔" عقرب نے غصہ ضبط کرتے ہوئے کہا۔ "تم نے جن جن کو ہرا کر جو رقم جیتی ہے وہ انہیں واپس کر دو...... تم نے اپنے دو افغانی بھائیوں پانچ سو روپے جیتے ہیں وہ بے چارے غریب اور پریشان حال بھی ہیں۔"

"کیا تم نے ساری دنیا کا ٹھیکہ لے رکھا ہے؟" اس نے طیش میں آ کر عقرب کا ہاتھ نوٹوں پر سے لیکن وہ عقرب کے ہاتھ کو ہلا تک نہ سکا۔ "میں نے جیتی رقم واپس کرنا سیکھا ہی نہیں ہے۔"

"اگر یہی بات میں تم سے کہوں تو......؟" عقرب نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا۔

"تم مجھے میری رقم دیتے ہو کہ نہیں......" وہ دھمکی آمیز لہجے میں بولا۔ "تمہیں زیادہ اکڑ دکھانے [illegible] نہیں۔ مجھے غصہ آ گیا تو پھر تمہیں تمہاری رقم بھی نہیں ملے گی...... سمجھے۔"

"خان...... یہ گیدڑ بھبکیاں کسی اور کو دینا...... شرافت اسی میں ہے کہ یہ رقم چپ چاپ میرے [illegible] تا کہ میں اسے ہارے ہوئے لوگوں میں تقسیم کر دوں...... اس صورت میں تم گھاٹے میں نہیں [illegible]"

[illegible] میں سے کسی نے کہا۔ "خان تم ہار گئے ہو...... لہٰذا شرافت اور ایمان داری سے ہار مان لو اور [illegible]"

"ہاں...... ہاں...... تم ہار گئے ہو خان...... اس بچے کو رقم دے دو......" اس کی تائید میں [illegible] یک وقت ابھریں۔ "میں اپنے باپ کو یہ رقم نہ دوں...... کسی کے باپ میں ہمت ہے تو مجھ [illegible] کر کے دکھا دے۔" وہ دہاڑا۔

[illegible] خور اور جرائم پیشہ ہے۔ اس کا نام ہیبت خان ہے افغانی حکومت نے اسے اشتہاری مجرم [illegible] ہے۔ اس لیے یہ رقم دینا نہیں چاہ رہا ہے......" بھیڑ میں سے ایک بھاری بھرکم آواز آئی۔

عقرب نے ایک گھونسہ اس کے جبڑے پر رسید کر دیا۔ وہ اپنا وزن قائم نہ رکھ سکا۔ وہ فرش پر [illegible] اتفاق سے اس کی پشت پر کوئی نہیں کھڑا تھا۔ وہاں ایک ستون تھا۔ میز نہ تھی۔ وہ فرش پر گرا تو [illegible] ستون سے بری طرح ٹکرا گیا۔ اس کی کھوپڑی بج اٹھی۔ اس کی آنکھوں کے سامنے تارے ناچ [illegible] ثانیوں کے لیے اندھیرا چھا گیا۔ چند لمحوں کے بعد وہ سنبھل گیا۔ کراہتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کا

جبڑا اور دو دانت ٹوٹ گئے تھے اور منہ سے خون بہہ رہا تھا۔ وہ خون دیکھ کر مشتعل ہوگیا۔ وہ ششدر تھا۔ وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ اس لڑکے میں زبردست قوت موجود ہے۔

بھیڑ بھی عقرب کو حیرت سے دیکھ رہی تھی۔ عقرب نے اس کو غرور کا مزا چکھا دیا تھا۔ منان میز سے فوراً ہی رقم اٹھالی۔ ہیبت خان نے اپنی جیب سے چاقو نکال کر اس کا بٹن دبا دیا۔ وہ کھٹاک سے کھل گیا۔ اس کے پھل کی دھار بہت تیز تھی۔ پھل بھی بہت خطرناک تھا۔ وہ کرسیوں کو لات مارتا ہٹاتے اور میز کو الٹتے ہوئے عقرب کی طرف بڑھا۔ اس کے چہرے پر درندگی ابھر آئی تھی اور آنکھ میں خون اتر آیا تھا۔ ”میں تجھے ذبح نہ کردوں تو میرا نام ہیبت خان نہیں...... تیری یہ مجال کہ تو نے مجھ پر ہاتھ اٹھایا۔“

ہیبت خان پر جنون سا سوار تھا۔ اس کے برعکس عقرب بڑے اعتماد اور سکون سے کھڑا ہوا اس کے حملے کا منتظر تھا۔ ہیبت خان کی دھمکی اور اس کے ہاتھ میں چاقو دیکھ کر بھیڑ کو جیسے سانپ سونگھ گیا۔ فضا خوف و دہشت کی سی ہوگئی تھی۔ عقرب کے دوست خوف زدہ ہوگئے تھے۔ ان کے پاس اتنا وقت نہ تھا کہ ہیبت خان کو روکیں اور اس پر سب مل کر حملہ کردیں۔ تیر کمان سے نکل چکا ہے۔ ہیبت خان جیسے ہی عقرب پر حملہ آور ہوا عقرب نے اس کی کلائی پکڑ لی۔ ہیبت خان نے پورا زور لگا دیا کہ کلائی چھڑا لے وہ چھڑا نہ سکا۔ عقرب اس کا ہاتھ موڑ کر اس کی پشت پر لے گیا۔ اس کی کلائی مروڑی تو اس کے منہ سے ایک دلخراش چیخ نکلی اور اس کے ہاتھ سے چاقو چھوٹ کر فرش پر آ رہا۔ پھر عقرب نے اس کی کمر پر اپنا گھٹنا دے مارا تو وہ لڑکھڑاتا ہوا اپنی میز پر منہ کے بل جا گرا۔ وہ فوراً ہی تیزی سے سنبھل کر اٹھ کھڑا ہوا۔ اس نے بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ کی کلائی پکڑ لی۔ اب اس کے چہرے کے تاثرات مختلف تھے۔ اس کے چہرے پر خوف و دہشت چسپاں ہوگئی تھی۔ آنکھیں پھٹ سی گئی تھیں۔ وہ درد سے کراہتا ہوا بولا۔ ”تم آدمی ہو یا جن...... تم نے میری کلائی توڑ دی......“

”اب میں تمہارا سر بھی توڑنا چاہتا ہوں۔“ عقرب مکا تان کر اس کی طرف بڑھا۔ ”تم اس قابل ہو کہ تمہیں......“ عقرب کو اپنی طرف بڑھتا ہوا دیکھ کر وہ بھیڑ کو چیرتا ہوا دم دبا کر بھاگا۔ پھر وہ ہوٹل سے باہر نکل گیا۔ ہیبت خان کے جاتے ہی لوگ عقرب کی بہادری اور طاقت کو سراہنے اور رشک کرنے لگے۔ سب سے زیادہ حیران اور خوش عقرب کے دوست تھے۔ غیر ملکی سیاحوں نے اسے دل کھول کر شاباش دی۔ انہیں یقین نہیں آیا کہ ایک نوجوان لڑکا غیر معمولی طاقت کا مالک ہے۔ عقرب نے ان کی رقمیں واپس کرنا چاہیں تو انہوں نے یہ کہہ کر لینے سے انکار کردیا کہ وہ اس کا حق دار ہے۔ عقرب نے بہت زیادہ اصرار کیا تو انہوں نے اپنی رقمیں لے کر عقرب کو انعام کے طور پر دے دیں۔ روسی باشندے نے اپنی نصف رقم عقرب کو دے دی۔ وہ سب عقرب کے بہت ممنون تھے۔ ان سیاحوں نے عقرب کی تصویریں بھی کھینچیں۔ جب وہ اپنے کمرے میں آئے تو منان نے تحیر زدہ لہجے میں پوچھا۔ ”عقرب تم میں اتنی طاقت کہاں سے آگئی جو تم نے اپنے سے چار گنا طاقت ور بدمعاش کو اس مقابلے میں ہرا دیا؟“

”دراصل اس مقابلے میں طاقت کی نہیں عقل کی ضرورت تھی۔ میں نے اپنی کہنی میز پر اس طرح



...تھی کہ وہ میرے ہاتھ کو ہلا تک نہیں سکا تھا۔ آخر میں نے اپنا ہاتھ نیچے لے جاتے ہوئے اسے ...ڈھیل رکھا۔ پھر میں نے اپنا پورا زور لگا کر اس کا ہاتھ ایک جھٹکے سے میز کی سطح پر لگا دیا۔ یہ ایک ...جو مجھے بابا نے بتائی ہوئی ہے۔“ عقرب نے بات بنائی۔

”تم نے ایک ہی مکا رسید کر کے اس کا جبڑا اور دو دانت توڑ دیئے۔ تم اس قدر طاقت ور ہو ہمیں ...تھا... تم نے اس شیطان کو خوب سبق دیا۔ دل باغ باغ کردیا۔“ مستان خان نے کہا۔

”میرا مکا چونکہ اس کے جبڑے کے اس حصے پر پڑا جو کمزور تھا۔ اس لیے اس کا جبڑا اور دانت ...“

”لیکن تم نے اس کی کلائی کیسے توڑ کر رکھ دی......؟ مجھے تو ابھی تک یقین نہیں آ رہا ہے۔“ مرغوب ...نے کہا۔

”وہ نشے کا عادی ہے منشیات کے استعمال سے جسم کی ہڈیاں کمزور پڑ جاتی ہیں۔ میں نے اس کی ...کلائی کو... زوردار جھٹکا دیا اور اسے دبایا تو نہ صرف اس کے ہاتھ سے چاقو چھوٹ گیا بلکہ اس کی کلائی ...ٹوٹ گئی۔“

”وہ تم سے اس طرح خوف زدہ ہو کر بھاگا جیسے تم اس کی گردن مروڑ کر رکھ دو گے؟“ منان نے ...کہا۔ ”کہیں وہ تمہارے خلاف پولیس میں رپورٹ کرنے نہ گیا ہو کہ تم نے اس پر قاتلانہ حملہ ...کر کے اس کی کلائی توڑ دی۔“

”وہ پولیس کے پاس اس لیے نہیں جا سکتا ہے کہ وہ ایک مفرور ملزم ہے اور اسے یہاں پہچان لیا ...اس نے مجھ پر قاتلانہ حملہ کیا تھا۔ اس کے گواہ ہوٹل کا منیجر اور ویٹر بھی ہیں۔“ عقرب نے ...

”کیا تمہیں اپنی کامیابی کا یقین تھا جو تم نے ہیبت خان سے پنجہ لڑانے کا فیصلہ کر لیا تھا؟“ منان ...نے پوچھا۔

”میں نے اسے سبق دینے کے لیے پنجہ لڑانے کا فیصلہ کیا تھا۔ کیونکہ وہ تکبر اور تمسخر پر اتر آیا تھا۔ ...میں اسے ہرانے اور شرط جیتنے کی کوئی تمنا نہیں تھی۔ میں نے اسے پنجہ لڑاتے ہوئے دیکھا تو ...مجھے ایک خیال آیا کہ میں اسے ایک تدبیر سے ہرا سکتا ہوں۔ لہٰذا میں نے اسے ہرا دیا۔“

☆......☆......☆

...دوسرے دن اس کے دوست اپنے اپنے رشتہ داروں سے ملنے گئے ہوئے تھے۔ انہوں نے ...بھی ساتھ چلنے کے لیے کہا تھا لیکن عقرب نے انکار کردیا تھا۔ ان کے جانے کے تھوڑی دیر ...بازار کی سیر کرنے اور وقت گزارنے کے خیال سے باہر نکلا۔ وہ اپنے کمرے کا تالا لگا کر ...زینے کے پاس جو کمرہ تھا اس کا دروازہ کھلا ہوا دیکھا۔ ایک جوان امریکی مرد بیٹھا شراب ...اور کمرے کے فرش پر جا بجا سگریٹ کے ٹوٹے پڑے ہوئے تھے۔ میز پر جو ایش ٹرے ...وہ بھی سگریٹ کے ٹوٹوں سے بھرا ہوا تھا۔ ایسا لگ رہا تھا۔ جیسے وہ ساری رات سگریٹ اور

شراب پیتا رہا ہو۔ اس کی آنکھیں سوجی ہوئی تھیں۔ پپوٹے بھاری ہو رہے تھے۔
عقرب ٹھٹک کر رک گیا۔ اس نے اس امریکی جوان کو گہری نظروں سے دیکھا۔ پھر اس
دروازے پر دستک دی۔ امریکی جوان نے نظریں اٹھا کر عقرب کی طرف دیکھا۔ اور اداس لہجے
بولا۔ ''کیا بات ہے؟''

''کیا میں اندر آسکتا ہوں......؟'' عقرب نے صاف شستہ انگریزی میں کہا۔ وہ سوئس اسکول
تعلیم حاصل کرنے کی وجہ سے نہ صرف انگریزی بلکہ فرنچ بھی بڑی روانی سے بول اور لکھ پڑھ
تھا۔ امریکی جوان اس کی زبان سے صاف شستہ انگریزی سن کر حیران ہو گیا۔ اس نے سر ہلایا۔
آ جاؤ۔'' جب عقرب اندر داخل ہوا تو اس نے کہا۔ ''تم کون ہو......؟ کس لیے آئے ہو؟''

''میرا نام عقرب ہے اور میں کالام سے یہاں گھومنے اور خریداری کرنے کے لیے آیا ہوں''
عقرب نے جواب دیا۔ ''میں نے تمہیں افسردہ اور پریشان دیکھا تو تمہاری مدد کرنے چلا آیا
دوست کی طرح......''

''تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ میں افسردہ اور پریشان حال ہوں۔'' اس نے حیرت سے کہا۔

''تمہاری حالت بتا رہی ہے کہ تم بہت پریشان اور دل گرفتہ ہو...... '' عقرب کہنے لگا۔ ''سارا
تم جاگتے، سگریٹ اور شراب بھی پیتے رہے ہو۔ تمہاری آنکھیں سوجی ہوئی ہیں۔ چہرہ بھی ستا ہوا۔

''ہاں میرے دوست! میں بہت پریشان ہوں۔'' وہ دل گرفتہ لہجے میں بولا۔ ''تم نے صحیح
لگایا......لیکن یہ بتاؤ کہ تم نے اتنی عمدہ اور شستہ انگریزی کہاں سے اور کس سے سیکھی۔ جب کہ تم
باشندے ہو۔''

''میں سوئس کالونی کے ایک انگلش میڈیم اسکول میں کے جی کلاس سے پڑھ رہا ہوں۔''
نے اسے بتایا۔ ''اس کے علاوہ میں فرنچ بڑی روانی سے بول اور لکھ پڑھ سکتا ہوں۔''

''یہ تو بہت اچھی بات ہے کہ تم انگلش بہت اچھی بول لیتے ہو......'' اس نے سگریٹ کا ٹوٹا
پھینک کر مسل دیا۔ ''ایک منٹ صبر کرو۔ میں روم سروس والے کو بلا کر کمرہ صاف کروا دوں۔ غم اور
حالت میں میں نے کمرے کی حالت خراب کر دی ہے۔ اب مجھے اس بات کا احساس بھی ہو رہا ہے''
پھر اس نے ریسیور اٹھا کر ایک نمبر ڈائل کر کے منیجر سے بات کی۔ چند لمحوں میں سو بیرا آ
فوراً ہی کمرے کی صفائی کر کے چلا گیا۔ عقرب نے اس سے پوچھا۔ ''آپ کو کیا غم ہے۔'' اس
فون پر دو کپ کریم کافی کا آرڈر دیا۔ پھر اس نے عقرب سے کہا۔ ''میرے دوست تم عمر میں
آٹھ دس سال چھوٹے ہو۔ ابھی نوجوان ہو۔ تمہیں اپنا دکھ کیسے بتاؤں؟ تم کیا سمجھو گے؟''

''میں تم سے عمر میں چھوٹا ضرور ہوں لیکن اتنا سمجھ دار ہوں کہ ہر ایک کے دکھ کو سمجھ سکوں۔
کام آسکوں تم مجھے بتاؤ کہ تمہارا غم کیا ہے؟ تم پر ایسی کیا آفت پڑی جو تم نے اپنی یہ حالت
ہے؟'' عقرب نے کہا۔

''اس میں کوئی شک نہیں کہ تم بہت مخلص اور اچھے لڑکے ہو۔ بے حد سمجھدار اور درد آشنا



...رے دوست یہ دل کا معاملہ ہے۔ ابھی تمہاری عمر ان معاملات کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ جب تم
...یس برس کے ہو جاؤ گے تب تمہیں معلوم ہوگا کہ دل کی دنیا کیا ہوتی ہے؟ دراصل میرا دل کسی ظالم،
...ال اور خود غرض نے توڑ دیا ہے۔'' اس نے ٹوٹے ہوئے لہجے میں کہا۔

''تم کسی لڑکی سے محبت کرتے تھے۔'' عقرب نے کہا۔ ''اس لڑکی نے تم سے بے وفائی......؟
...یہی بات ہے؟''

''تم بالکل ٹھیک سمجھے ہو......'' اس نے کہا۔ ''ایستھر نے میرے ساتھ بے وفائی کی۔ مجھ سے
...نے اسے چھین لیا۔''

''تمہیں چھوڑ کر کیا وہ کسی دولت مند شخص کے ساتھ چلی گئی؟'' عقرب نے اس کے چہرے پر اپنی
...مرکوز کر دیں۔

''اسے دولت مند شخص نے اپنی امارت کے بل بوتے پر مجھ سے چھین لیا ہے۔'' وہ
...تھر اور بلس اسی وادی بلکہ اسی شہر میں ہیں۔ یہ دو دن پہلے کی بات ہے۔ بلس نے میری محبت پر
...''

''...ں تمہیں اپنی پوری کہانی سناتا ہوں۔'' اس نے کہا۔ ''ایک منٹ صبر کرو۔ ویٹر کافی لے کر آ رہا

...ٹر کافی لا کر دے گیا۔ پھر اس امریکی جوان نے کہنا شروع کیا۔ ''میرا نام چارلس ہے۔ کوئی میرا
...شاید میرے جذبات اور احساسات کو ٹھیک طور پر سمجھ پاتا۔ چونکہ میرے دل کی بھڑاس اسی
...نکل سکتی ہے۔ اور میرا غم بٹ سکتا ہے کہ تمہیں اپنی پوری کہانی سنا دوں۔ عورت کیا ہے تم اس
...کے جب تم چوبیس پچیس برس کے ہو جاؤ گے۔ اس عمر میں ایک شخص ایک عورت کی ضرورت
...ہے۔ اسے طلب ہوتی ہے۔ تب جب وہ تنہائی محسوس کرتا ہے اسے کوئی ساتھی عورت مل
...کے سکون اور خوشی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ میری تنہا زندگی میں ایک خلاء پیدا ہوا تھا۔ ایستھر
...اس خلاء کو پر کر دیا۔ وہ میری ذات میں اس طرح سما گئی جیسے میرا وجود ہو۔ عورت صرف بستر
...انے کے لیے نہیں ہوتی ہے۔ وہ مرد کو جو مسرت اور سکون دیتی ہے وہ دولت اور خزانے بھی
...تے ہیں۔''

...اس نے اپنی کافی ختم کرنے کے بعد سگریٹ سلگایا۔ پھر وہ اس کا کش لے کر کہنے لگا۔ ''میں
...کر اپنے اور تمہارے معاشرے کا موازنہ کیا۔ ہمارے ہاں جو زندگی ہے تم اس کا تصور بھی
...۔ وہاں ہر سمت عورت ہی عورت ہے۔
...کے بعد مرد اور عورت کو ہر قسم کی آزادی حاصل ہے۔ ایک پارٹی میں میری ایستھر سے
...مجھے اس کے حسن سے زیادہ اس کے چہرے کی معصومیت نے متاثر کیا۔ ہم دونوں گہرے
...۔ یہ دوستی محبت میں تبدیل ہو گئی۔ ہم دونوں نے محبت سے بہت فائدہ اٹھایا اور حد سے
...۔ ہم دونوں نے فیصلہ کیا کہ شادی سے پہلے ہم ایشیا کی سیر و سیاحت کر کے آتے ہیں۔

وہ تیار ہوگئی۔ ہم دونوں ایران ہوتے ہوئے پشاور پہنچے۔ پشاور کے جس ہوٹل میں ہم ٹھہرے تھے
ہوٹل میں بلس بھی ٹھہرا تھا۔ وہ امریکہ سے اس لیے سوات آیا کہ قدیم نوادرات خرید سکے۔ اس
سوات کے زمرد کی یورپ اور امریکہ میں بڑی مانگ ہے۔ ڈائنگ ہال میں وہ ایستھر کو دیکھتے ہی
فریفتہ ہوگیا۔ ہماری میز پر آ گیا۔ میں یہ سمجھا کہ وہ ہم سے دوستی کا خواہاں ہے۔ میرا ہم وطن بھی
دوسرے دن میں بیدار ہوا تو ایستھر بستر پر نہیں تھی۔ جب میں تیار ہو کر نیچے آیا تو وہ دونوں ڈائنگ
میں موجود تھے۔ ایستھر اس سے ہنس ہنس کر بڑی لگاوٹ سے باتیں کر رہی تھی۔ وہ دونوں ایک د
کی آنکھوں میں ڈوبے ہوئے تھے۔ جب میں ان کی میز پر گیا تو وہ دونوں مجھے دیکھ کر خاموش ہو
کچھ دیر کے بعد جب ایستھر میرے کمرے میں آئی تو اس نے مجھ سے کہا کہ بلس ایک ا
شخص ہے۔ نیویارک میں اس کی نوادرات کی بہت بڑی دکان ہے۔ وہ سوات نوادرات کی خ
کرنے آیا ہوا ہے۔ اس نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ وہ مجھے نوادرات خرید کر تحفے میں پیش کرے
نے ایستھر سے کہا کہ ...... دولت مندوں کے فریب میں نہ آتے۔ وہ تمہارے حسن پر ریجھ گیا
تمہیں بے وقوف بنا رہا ہے۔ دوسرے دن میں بیدار ہوا تو کمرے میں ایستھر نہ تھی نہ اس کا سو
تھا۔ البتہ میز پر اس کا لکھا ہوا ایک پرزہ تھا۔ اس پر مختصر سی عبارت تحریر تھی۔ میں بلس کے ساتھ
ہوں۔ تم مجھے بھول جاؤ۔ اس تحریر کو پڑھتے ہی مجھ پر بجلی سی آ گری۔ میں کل سوات پہنچا۔ اس ہ
کمرہ لے کر سامان رکھا۔ پھر میں ایستھر کی تلاش میں نکل پڑا۔ یہ تو مجھے معلوم ہوگیا کہ وہ دونو
ہوٹل میں ٹھہرے ہوئے ہیں۔ ایک کمرہ لیا ہوا ہے۔ لیکن وہ اس وقت ہوٹل میں موجود نہیں تھے
سیر و تفریح کی غرض سے گئے ہوئے تھے۔

کل سہ پہر کے وقت وہ مجھے اس مین بازار کی ایک جیولری شاپ میں دکھائی دیئے تھے
وہ دونوں باہر آئے تو ایستھر مجھ سے بڑی بے رخی سے ملی۔ بلکہ اس نے مجھے بری طرح جھڑ
بلس نے مجھ سے صاف صاف کہہ دیا کہ میں ان کے راستے کی دیوار بننے کی کوشش نہ کروں۔
کے رویے سے میرے دل کو سخت تکلیف پہنچی۔ ایستھر سے مجھے اس بے رخی، بے اعتنائی اور
کی ذرہ برابر بھی امید نہیں تھی۔ مجھے اپنی دنیا میں چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آ
ایستھر نے دولت کی خاطر دو برس کی محبت کو خاک میں ملا دیا۔ میرے لیے یہ صدمہ ناقابل
تھا۔ کوئی شخص ایسا نہیں جو میری دل جوئی کرتا۔ میرے زخم پر مرہم رکھتا۔ اس لیے میں نے سگر
شراب کا سہارا لیا۔ میں ساری رات سوچتا رہا کہ اب کیا کروں؟ کس طرح سے ایستھر
کروں۔ ایستھر اب بک گئی ہے۔ دولت نے اسے خرید لیا ہے۔ اب وہ میری کسی قیمت پر نہ
ہے۔

میرے دل میں مجرمانہ خیالات بھی پیدا ہونے لگے کہ کیوں نہ میں کسی نہ کسی طرح
کر دوں۔ اس کی موت کے بعد ایستھر میری ہو جائے گی۔ مجھے مل جائے گی۔ پھر مجھے خیا
ایستھر مجھ پر الزام عائد کر کے مجھے گرفتار کرا دے گی۔ وہ مجھ سے انتقام لے گی۔ میں قانون



ہاتھوں پھر مجھے پھانسی کی سزا ہو جائے گی۔
ساری رات کی سوچ بچار کے بعد میں نے فیصلہ کیا کہ اب مجھے اپنے وطن واپس چلا جانا چاہیے۔
ایستھر کو بھول جانا چاہیے۔ میرے وطن میں ایسی لڑکیوں کی کوئی کمی نہیں ہے جو ایستھر کی کمی پورا
ں۔ بلس ایستھر سے جی بہلانے کے بعد اسے دودھ میں گری مکھی کی طرح نکال کر پھینک دے گا۔
نہ جانے کیا بات ہے کہ میرا دل نہیں مان رہا ہے کہ میں واپس چلا جاؤں...... میں یہ چاہ رہا ہوں کہ
ایسی تدبیر کروں کہ ایستھر بلس سے متنفر اور بدظن ہو کر مجھے مل جائے۔ لیکن کوئی تدبیر میرے ذہن
میں نہیں آ رہی ہے۔ میں خدا کی ذات اور اپنی محبت سے ابھی تک ناامید نہیں ہوا ہوں۔"
چارلس اپنی کہانی سنا چکا تو عقرب نے کہا۔ "ہاں...... ایسی کوئی تدبیر کی جا سکتی ہے کہ ایستھر
تمہارے پاس لوٹ آئے۔ ناامید ہونا بھی نہیں چاہیے۔ نہ حوصلہ ہارنا چاہیے۔" عقرب نے اسے
دلاسا دیا۔

"کیا تمہارے ذہن میں ایسی کوئی تدبیر آ رہی ہے کہ میری ایستھر مجھے سدا کے لیے مل جائے؟"
اس نے اشتیاق بھرے لہجے میں تجسس سے پوچھا۔ "کاش! ایسا ہو جائے تو کتنا اچھا ہوگا۔"
"ہاں اور ایستھر کو دیکھنے اور ملنے کے بعد شاید کوئی نادر تدبیر میرے ذہن میں آ جائے۔" عقرب
نے جواب دیا۔ "کیا تم مجھے ان لوگوں سے ملا سکتے ہو...... ؟ ابھی چل سکتے ہو؟"
"چلو ہم چلتے ہیں۔" چارلس نے کہا۔ "شاید وہ دونوں خریداری کرنے کے لیے نکل پڑے
ان سے اس بازار میں یا پھر سیدو شریف کے بازار میں مڈبھیڑ ہو سکتی ہے۔"
تھوڑی دیر کے بعد دونوں ہوٹل سے نکلے۔ پھر وہ دونوں ہوٹل سرینا پہنچے۔ وہ دونوں ڈائنگ ہال
کی میز پر موجود تھے۔ چارلس نے دور سے ایستھر اور بلس کو دکھا دیا تھا۔ عقرب ان دونوں کو
کچھ دیر تک غور سے دیکھتا رہا پھر اس نے چارلس سے کہا۔ "میرے ذہن میں ایک تدبیر آ گئی
ہے۔ تمہاری ایستھر مل جائے گی۔ تمہیں فکرمند اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔"
چارلس خوش ہو گیا۔ "تمہارے ذہن میں کیا تدبیر آئی ہے۔ تم مجھے بھی بتاؤ۔ پلیز۔" وہ
عقرب کو ممنونیت سے اسے دیکھنے لگا۔ "اگر مجھے میری ایستھر مل گئی تو میں تمہارا یہ احسان ساری زندگی نہیں
بھولوں گا۔"

"تم مجھے ان کی میز پر لے چلو اور خاموشی سے دیکھتے رہو کہ میں ان کے ساتھ کیا کرتا ہوں۔"
عقرب نے کہا۔

"چلو" چارلس نے ان کی میز کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔ "میری دعا ہے کہ تمہاری تدبیر
کامیاب ہو جائے۔"

وہ دونوں ان کی میز پر پہنچے تو ایستھر اور بلس نے چونک کر ان دونوں کو دیکھا۔ ایستھر کے
چہرے پر ناگواری اور تندی چھا گئی۔ بلس کے چہرے پر غصے کی سرخی پھیل گئی اس نے عقرب کو حیرت سے
اور چارلس کو دیکھ کر ایستھر نے بھی منہ بنایا تھا۔ چارلس اور عقرب نے ان دونوں کی پرواہ نہیں کی۔ وہ

دونوں کرسی کھینچ کر بیٹھ گئے۔ ایستھر نے چارلس سے زہرخند لہجے میں کہا۔ ''تم کیوں اور کس۔ ہو... ؟ کیا میں نے تم سے نہیں کہہ دیا تھا کہ اب ہم دونوں کے درمیان کوئی تعلق نہیں رہا۔ ہم دو راستے جدا جدا ہیں۔''

''مجھے تمہاری محبت کھینچ لائی ہے۔ ایستھر ڈارلنگ!'' چارلس نے بڑے جذباتی۔ کہا۔ ''میں دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر آیا ہوں... تم میری محبت ہو ایستھر! خدا کے لیے ٹھکراؤ... ورنہ محبت......''

''چارلس'' ۔ ایستھر کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ ''یہ ہیرے کی انگوٹھی دیکھ رہے ہو؟ یہ منگنی کی انگو رات ہم دونوں نے منگنی کر لی ہے۔ بلس نے تیس ہزار ڈالر کی انگوٹھی میری انگلی میں پہنائی ہے۔''

''وہ تیس ہزار کیا تین لاکھ ڈالر کی انگوٹھی بھی پہنا سکتا ہے۔ لیکن تمہیں وہ محبت نہیں دے سکے میں دے سکتا ہوں۔ میری محبت اس سے کہیں قیمتی اور انمول ہے۔ میری محبت کی قدر کرو۔ اس نہیں۔''

''مسٹر چارلس'' ۔ بلس برافروختہ ہو گیا۔ ''تمہیں یہ بات نہیں بھولنا چاہیے کہ مس ایستھ منگیتر ہے۔ تمہیں شرم نہیں آتی ہے تم میری منگیتر کے سامنے عشق جھاڑ رہے ہو۔ بہتر یہی ہے کہ ساتھی کو لے کر یہاں سے دفع ہو جاؤ''۔

''شرم تمہیں آنی چاہیے کہ تم نے میری محبت پر ڈاکہ مارا ہے۔ ہماری محبت کو پامال کرد ایستھر میری ہے۔ میری محبت ہے۔ ایستھر کو دنیا کی کوئی طاقت مجھ سے نہیں چھین سکتی ہے۔'' نے تیز لہجے میں کہا۔

''چارلس! تم جاتے ہو کہ نہیں......'' ایستھر نے نفرت اور غصے سے کہا۔ ''میں مینیجر۔ تمہاری شکایت کرتی ہوں کہ تم ہمارے ساتھ بدمعاشی کرنے آئے ہو... ہراساں کر رہے ہو۔ ڈ دے رہے ہو۔'' ایستھر ایک جھٹکے سے اٹھ کھڑی ہوئی تو اس کا جسم کانپ رہا تھا۔ عقرب نے اس پکڑ کر اسے کرسی پر بٹھا دیا۔ ''مس ایستھر اس قدر غصے میں آنے اور نفرت کا اظہار کرنے کی ضر نہیں۔ اس لیے کہ آخر مسٹر چارلس ہی آپ کے کام آئیں گے۔'' ایستھر اور بلس اسے اس قد شستہ لہجے میں انگلش بولتے ہوئے سن کر حیران رہ گئے۔ اگلے لمحے ایستھر نے اسے تیز نظرو گھورا۔ ''تم کون ہو ؟ تم نے میرے ساتھ بدتمیزی کیوں کی...''

''آپ مجھے اپنا خادم اور دوست سمجھیں......'' عقرب نے کہا۔ ''میں آپ کی خدمت کر آپ کی رہنمائی کرنے کے لیے حاضر ہوا ہوں... دراصل میں ایک نجومی ہوں۔ ستاروں کی چ آدمیوں کی قسمت کے بارے میں بتاتا ہوں۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ مسٹر بلس فراڈ چار سو بیس نمبری ہے۔''

''کیا کہا... ؟'' بلس نے غصے سے میز پر مکا مارا۔ ''یہ تم کیا بکواس کر رہے ہو؟ میں تمہارا دوں گا۔''



''تم میرے منگیتر پر الزام تراشی کر رہے ہو؟'' ایستھر کا پارہ چڑھ گیا۔ ''تمہارے پاس کیا ثبوت مسٹر بلس فراڈی ہیں...... مسٹر بلس امریکہ کے ممتاز تاجروں میں سے ہیں۔ چلو... تم ان سے ... اور چلتے پھرتے نظر آؤ۔''

''ان کے فراڈی اور چار سو بیس ہونے کا سب سے پہلا اور بڑا ثبوت یہ ہے کہ اس شخص نے ... سیدھے سادھے شخص سے ٹھگ لیا۔ آپ نے فوراً ہی منگنی کر لی۔ عنایتوں کی بارش کر دی۔''

''شٹ اپ......'' ایستھر بگڑ کر بولی۔ ''میں نے چارلس سے کبھی محبت نہیں کی۔ ہم دونوں صرف ... ہیں۔''

''...ھر! خدا کے لیے اتنا بڑا جھوٹ تو نہ بولو...... کیا محبت کے ساتھ ساتھ تمہارا ضمیر بھی مردہ ... ہے۔'' چارلس تڑپ کر بولا۔

''دوسرے فراڈ کے بارے میں سنیئے۔'' عقرب نے کہا۔ ''منگنی کی انگوٹھی جو ہے۔ یہ تیس ہزار ڈالر ... تیس ڈالر کی ہے۔ اس میں جو ہیرا جڑا ہوا ہے۔ وہ نقلی ہے۔ اس شخص نے تمہیں بے وقوف بنایا

''ایک لمحے کے لیے بلس کا چہرہ متغیر ہو گیا۔ اگلے لمحے اس نے اپنے آپ کو سنبھال لیا۔ ''تم میرے ... کی منگیتر کو بہکا رہے ہو...... تنفر کر رہے ہو؟ تم نے اپنی زندگی میں کبھی ہیرا دیکھا ہے؟''

''ہاتھ کنگن کو آرسی کیا......'' عقرب مسکرایا۔ ''ہمارے ساتھ بازار چلے چلو...... بہت ساری جیولری ... ان میں سے کسی ایک دکان میں جا کر یہ انگوٹھی دکھاتے ہیں۔ اگر وہ یہ کہہ دے کہ یہ انگوٹھی ... مسٹر چارلس تیس ہزار ڈالر تمہیں ادا کر دیں گے۔ نقلی ہونے کی صورت میں تم تیس ہزار روپے ...''

''...کوئی ضرورت نہیں کسی کو یہ بتانے کی کہ یہ انگوٹھی اصلی ہے یا نقلی۔'' بلس نے عقرب کو قہر آلود ... گھورا۔

''مس ایستھر! یہ انگوٹھی آپ چیک کروائیں تاکہ بلس کی اصلیت کا پتا چل سکے۔'' عقرب نے ... آپ کو ایک اور بات بتاؤں کہ یہ شخص حقیقتاً کوئی بڑا تاجر نہیں ہے۔ جعلساز، چور ہے۔ ڈکیت ... نے آپ کو آلہ کار بنانے کے لیے آپ سے دوستی گانٹھی ہے۔ آپ کو محبت کے جال میں ... سبز باغ دکھائے ہیں۔ اب بھی وقت ہے آپ ہوش میں آ جائیں۔''

''تم مجھ پر بہتان طرازی کر رہے ہو۔'' بلس نے ہذیانی لہجے میں کہا۔ ''تم نے کوئی بکواس کی تو ... توڑ دوں گا۔''

''...ھر'' ۔ چارلس نے درمیان میں کہا۔ ''کیوں نہ تم کسی بھی جیولری شاپ میں چل کر اس انگوٹھی ... تصدیق کر لو...... مجھے بھی یہ شخص ایک نمبری فراڈی لگ رہا ہے۔''

''ڈارلنگ'' ۔ ایستھر نے بلس کو مخاطب کیا۔ ''کیوں نہ تم چل کر تصدیق کرا دیتے؟''

''...ھر! کیا تمہیں مجھ پر اعتماد نہیں جو تم ان کی باتوں میں آ رہی ہو۔ یہ دونوں بدمعاش ہیں۔ ... خلاف بھڑکا رہے ہیں...... آؤ ہم چلتے ہیں۔ یہ منحوس معلوم نہیں کیوں آ گئے؟'' بلس نے تلخی

سے کہا۔

"مجھے تم پر اعتماد ہے ڈارلنگ"۔ ایستھر نے محبت بھری نظروں سے بلس کی آنکھوں میں ج
میں اس لیے تصدیق کروانا چاہتی ہوں کہ انہیں ذلیل کیا جا سکے۔ پھر ان کے پاس کہنے کے لی
ہو۔ سچ کیا ہے۔ جھوٹ کیا ہے۔ انہیں پتا چل جائے۔"

"یہ کون ہوتے ہیں جن سے ہم جھوٹ اور سچ کا سرٹیفکیٹ وصول کریں۔" بلس
بولا۔ "معلوم نہیں یہ کون ہے جسے چارلس سکھا پڑھا کر لے آیا ہے اور الٹی سیدھی بکواس کر رہا ہے۔
طرازی کر رہا ہے۔ یہ ہوٹل کا ڈائننگ ہال نہ ہوتا تو اب تک میں اس کی بتیسی نکال کر رکھ دیتا۔"

"مس ایستھر!" عقرب نے کہا۔ "اس کا اصل نام بلس نہیں ہے۔ اس کا اصل نام
فریڈ...... یہ شخص نوادرات کی ایک دکان میں سیلز مین ہے۔ اس نے امریکہ میں ایک فراڈ میں
ڈالر اڑا لیے۔ پولیس کے ہاتھوں سے بچنے کے لیے پاکستان آ گیا۔ پھر اس نے تم پر ڈورے ڈا
تمہارے ساتھ وقت گزاری کی جا سکے۔" بلس نے ششدر ہو کر اس کی شکل دیکھی۔ وہ اندر ہی ا
تاب کھانے لگا۔ وہ حیران تھا کہ ایک اجنبی لڑکا جسے وہ پہلی بار دیکھ رہا ہے اس کی اصلیت کے
میں کیسے اور کیوں کر جانتا ہے۔ وہ جو کچھ بھی اس کے بارے میں بتا رہا تھا۔ سو فیصد درست تھا۔
انکار نہیں کیا جا سکتا تھا۔ "تم میرے منگیتر کو ذلیل کرنے کے لیے بے پر کی اڑا رہے ہو؟" ایستھ
وتند لہجے میں کہا۔ "تم اور چارلس یہاں سے چلتے پھرتے نظر آؤ ورنہ میں ابھی پولیس کو ٹیلی فو
بلاتی ہوں۔ تم دونوں کو دہشت گردی کے الزام میں اندر کرواتی ہوں...... تم مسلسل بکواس کیے ج
تا کہ میں بلس سے متنفر ہو جاؤں اور چارلس کے پاس چلی آؤں...... ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ میرے
بلس کی جو محبت جاگزیں ہو گئی ہے اسے تم جیسے دس شاطر لوگ بھی نہیں نکال سکتے ہیں۔ یہ بات
کر سن لو۔"

"آپ آخر میری بات کی تصدیق کیوں نہیں کر لیتی ہیں کہ یہ انگوٹھی نقلی ہے یا اصلی......
نے کہا۔ "رات اس نے آپ کو جو قدیم زیورات دکھائے اور ان کی مالیت کے بارے میں جو
دس لاکھ ڈالر کے ہیں۔ وہ بھی غلط ہے۔ وہ سارے قدیم زیورات نقلی ہیں۔ اس نے بینکاک
دو ہزار ہانگ کانگ ڈالر میں خریدے ہیں۔ یہ زیورات دیکھنے میں بالکل اصلی معلوم ہوتے ہیں
کے لوگ نہ صرف دھوکا کھا جاتے ہیں بلکہ بے وقوف بھی بن جاتے ہیں۔ آپ بھی اس کی با
آ کر بے وقوف بن گئی ہیں۔"

بلس اور ایستھر اس کی باتیں سن کر اچھل پڑے۔ بلس کے چہرے کا رنگ اڑ گیا۔ ایس
ہو کر بولی۔ "یہ بات تمہیں کس نے بتائی کہ بلس نے رات مجھے زیورات دکھائے؟ وہاں کوئی
موجود نہیں تھا۔"

"میں نے پہلے ہی بتا دیا تھا کہ میں ایک نجومی ہوں۔ علم نجوم کا ماہر ہوں۔ اس علم کے ذ
بہت ساری باتیں ایک پل میں معلوم کر لیتا ہوں۔ میں آپ کے اور اس فراڈی بلس کے با



... کے بارے میں بہت کچھ بتا سکتا ہوں...... پہلے آپ یہ بتائیں کہ زیورات کے بارے میں جو
... بتایا وہ صحیح ہے یا غلط۔"

"... میں نہیں جانتی ہوں کہ زیورات اصلی ہیں یا نقلی......" ایستھر حیرانی سے بولی۔ "لیکن یہ
... کہ رات بلس نے مجھے زیورات دکھائے تھے۔ میں ان زیورات کو دیکھ کر بہت مرعوب اور
... ئی۔"

"... آپ سے بلس نے یہ نہیں کہا تھا کہ یہ زیورات امریکہ میں بیس سے پچیس لاکھ ڈالر میں
... ہیں؟" عقرب نے ایستھر سے کہا۔

"... بلس نے یہ بات کہی تھی۔" ایستھر نے سر ہلا کر اعتراف کیا۔ اس کی خوبصورت
... پھیل گئیں۔ بلس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔ اس کا چہرہ تمتما گیا۔ وہ ایستھر سے بولا۔ "اس
... ساری باتیں کمرے کے باہر کھڑے ہو کر سنی ہیں۔ کی ہول میں سے جھانک کر دیکھتا بھی رہا
... چور بدمعاش ہے۔ بلیک میلر ہے تم اس کی باتوں میں نہ آؤ...... چارلس نے تمہیں مجھ سے
... کے لیے اس کی خدمات حاصل کی ہیں۔"

"... وٹ کیا ہے سچ کیا ہے یہ ابھی معلوم ہو جاتا ہے۔" عقرب نے کہا۔ "بلس نے رات تمہیں دو
... ڈالر کے نوٹوں کی بالکل نئی گڈیاں بھی دکھائی تھیں...... یہ سارے نوٹ جعلی ہیں۔ اس نے
... خریدے ہیں۔ اس علاقے میں دنیا کی تمام کرنسی اعلیٰ پیمانے پر چھاپی جاتی ہے اور کروڑوں
... ت ہوتی ہے۔ بلس یہ سارے جعلی نوٹ آپ کے ہاتھوں سے چلانا چاہتا ہے...... تا کہ اس
... سکے......"

... ھر کا منہ حیرت اور خوف سے کھل گیا۔ اس نے بلس کی طرف دیکھ کر پوچھا۔ "کیا یہ لڑکا سچ کہہ

"... تم کس کی بات کا یقین کر رہی ہو؟" بلس کی آواز ویران اور کھوکھلی سی ہو رہی تھی۔ "یہ
... تیر چلا رہا ہے۔ اس کی باتوں کا سر ہے نہ پیر...... یہ ہم دونوں کو ایک دوسرے کے خلاف
..."

"... یہ بات بالکل سچ ہے کہ رات تم نے مجھے دو لاکھ ڈالر کے نوٹوں کی نئی گڈیاں دکھائی تھیں......"
... نے تم سے کہا تھا کہ یہ کی ہول سے سب کچھ دیکھتا اور سنتا رہا ہے۔ یہ سارا کیا دھرا چارلس کا
... ت بھرے لہجے میں بولا۔ "یہ ہمارا دماغ خراب کر رہا ہے۔ میں ابھی منیجر سے اس کی شکایت
... کو بلاتا ہوں۔"

... اٹھنے لگا تو عقرب نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے بٹھا لیا۔ "کمرے کے دروازے پر کوئی کی ہول
... باہر کھڑے ہو کر باتیں سننے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کیوں کہ دوسری منزل پر صرف تمہارا
... اور بھی کمرے ہیں۔ رات ایک بجے تک مسافروں کی آمد و رفت رہتی ہے اور ہوٹل کے
... ن ہر وقت گزرتے رہتے ہیں...... تم بلاوجہ کی الزام تراشی کر رہے ہو۔"

''تم نے شاید ہماری غیر موجودگی میں کمرے میں کوئی ٹرانسمیٹر نصب کر دیا ہوگا۔ پھر تم نے کمرے میں بیٹھ کر ساری گفتگو سنی ہوگی۔ تم نے یقیناً برابر کا کمرے لے رکھا ہے۔ اس لیے ایک بات سچ بتا رہے ہو۔''

''کیا یہ بات بھی سچ ہے کہ وہ قدیم زیورات اور امریکی جعلی کرنسی جعلی ہے؟'' چارلس نے فو[راً] اس سے سوال کیا۔

''نہیں یہ جھوٹ ہے مجھ پر اس لیے الزام تراشی کی جا رہی ہے کہ میں ایستھر سے دستـ[بردار] ہو جاؤں۔'' بلس بولا۔

''تم میرے ساتھ منیجر کے پاس چلو اور اس سے معلوم کرو میں نے ہوٹل میں کوئی کمرہ لیا نہیں.....؟'' عقرب نے کہا۔ ''ابھی معلوم ہو جاتا ہے کہ تمہارا خیال صحیح ہے یا غلط ہے؟''

''مجھے تم کوئی شعبدہ باز معلوم ہوتے ہو۔ قیافہ شناس اور ماہر نفسیات...... تم نے کسی تہ کی ہماری گفتگو سن لی ہے۔ تم ہمارے درمیان نفرت کی دیوار کھڑی کر رہے ہو؟ تم جا سکتے ہو۔'' ایستھر نے کہا۔

''مس ایستھر! جذبات کی رو میں بہنے کی ضرورت نہیں ہے۔'' عقرب نے کہا۔ ''آپ ... شخص پر بھروسا کیا تو ساری زندگی پچھتائیں گی۔ اس نے بہت بڑا منصوبہ بنایا ہوا ہے۔ یہ آپ ... سامان میں امریکہ جاتے وقت ہیروئن چھپا کر لے جانا چاہتا ہے۔ اس لیے کہ پکڑے جانے کی صـ[ورت] میں آپ جیل کی ہوا کھائیں گی۔ یہ بچ جائے گا۔ بچ نکلنے کی صورت میں اس کے وارے نیـ[ارے] ہو جائیں گے۔ یہ آپ کو ڈبل کراس کر رہا ہے۔ میں کوئی شعبدہ باز نہیں ہوں۔ ماہر علم نجوم ہوں... اپنے علم کے زور سے آپ کے ماضی کے بارے میں بتا سکتا ہوں۔ جب آپ پندرہ برس کی [تھیں تو] گاڑی کے ایک حادثے میں شدید زخمی ہوگئی تھیں۔ کیا یہ بات بھی غلط ہے؟ آپ اسپتال میں ... تک زیر علاج رہی تھیں۔''

''اوہ مائی گاڈ!'' ایستھر کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ ''سو فیصد درست ہے۔ اس میں مبالغہ نہیں ہے۔''

''کیا یہ بات بھی سچ ہے کہ جب آپ ہائی اسکول میں پڑھتی تھیں آپ کے چھ ہم جماعت آپ کو اور آپ کی ہم جماعت سوزن کو پکنک کے بہانے ایک ویرانے میں لے گئے تھے۔ ایک موبائل کے آنے کی وجہ سے آپ دونوں کی عزت اور جان بچ گئی۔ اس وقت آپ اور سوزن سوا... کی ہوا کرتی تھیں۔''

ایستھر ایک دم سے اچھل پڑی۔ ''تمہیں اس واقعے کا بھی علم ہے۔ تم نے اس کے بارے میں بھی معلوم کر لیا؟''

''میں آپ کے ماضی کے اور بہت سارے واقعات کے بارے میں بتا سکتا ہوں۔'' عقرب نے کہا۔ ''آپ چاہیں تو اپنے ماضی میں مجھ سے کوئی سوال کر سکتی ہیں۔ کچھ بھی پوچھ سکتی ہیں۔''



''اچھا تم یہ بتاؤ کہ میرے ڈیڈی اور ممی کا تعلق کہاں سے تھا؟'' ایستھر نے تجسس سے پوچھا۔

''آپ کے ڈیڈی کا تعلق فرانس سے تھا۔ وہ ایک بہت مشہور اور معروف صحافی تھے۔ فرانس کے لی مونڈ یے کے امریکہ میں نمائندے تھے۔ ان کا نام آرسین تھا۔ آپ کی ممی امریکن تھیں۔ وہ ایک ... لیکچرار تھیں۔ ان کا نام سوسن تھا۔ تمہارے ممی اور ڈیڈی تین سال پیشتر کرسمس کے دن گاڑی کے ... نے میں موت سے ہمکنار ہوگئے۔ پھر آپ اپنی خالہ جوزفین کے ہاں رہنے لگیں جو ایک اسکول ٹیچر ...''

''اوہ مائی گڈ!'' وہ حیرت سے پرمسرت لہجے میں بولی۔ ''تم نے تو میری ممی اور ڈیڈی کے نام تک ... ہیں۔ ان کے پیشے کے بارے میں بتا دیا...... واقعی تم بہت بڑے ماہر علم نجوم ہو......''

''اچھا اب تم مسٹر بلس کے ماضی پر کچھ روشنی ڈالو تا کہ ان کی اصلیت معلوم ہو سکے۔'' چارلس نے ... ئے لہجے میں کہا۔ ''میں یہ چاہتا ہوں کہ بلس کا اصل چہرہ سامنے آ جائے۔'' بلس گھبرا گیا۔ اس کا ... پڑ گیا۔ پھر وہ سفید پڑتا چلا گیا۔ کیوں کہ عقرب اس کے بارے میں جو بتا چکا تھا اس میں ایک ... غلط نہ تھی اور اب اس کا بھانڈا پھوٹنے والا تھا۔ اس نے اٹھ کر بھاگنا چاہا تو وہ اٹھنا تو درکنار اپنی ... رکت تک نہ کر سکا۔ ساکت و جامد ہو گیا۔ جیسے کوئی بت ہو۔ مجسمہ ہو۔ اسے جیسے کسی نادیدہ ... نے بے بس اور منجمد کر کے رکھ دیا ہو۔ وہ سب کچھ دیکھ اور سن رہا تھا لیکن اپنی جگہ سے اٹھ نہیں سکتا ... اس نے محسوس کیا کہ اس کی قوت گویائی بھی سلب ہو کر رہ گئی ہے۔

''... س کا باپ یہودی تھا۔ اس کا نام میکائل تھا۔ اس کی ماں بھی ایک یہودن عورت تھی۔ اس کی ... امیلا ہے۔ یہ خاندان تل ابیب میں رہائش پذیر تھا۔ بلس کے باپ کا کام سود پر لین دین تھا۔ ... غریب لوگوں کا خون چوس چوس کر انہیں تباہ و برباد کر دیا۔ اس کی آنکھوں میں سور کا بال تھا۔ اس ... کے ساتھ ایک پینی کی رعایت نہیں کی۔ آخر اس کے ستائے ہوئے ایک شخص نے اسے قتل ... اس کے جسم میں چاقو کے اتنے شگاف ڈالے کہ ان کی گنتی مشکل ہوگئی۔ بلس کی ماں اپنے بیٹے کو ... یارک آ گئی۔

... یارک آ کر بری صحبتوں کا شکار ہو گیا۔ اسے گاڑی چوری کرنے کے الزام میں سزا ہوئی۔ ... اندر رہا ہوا۔ اس تین ماہ میں اس نے جیل میں بہت کچھ سیکھ لیا تھا۔ پھر اس نے ماں کے ... ی شاپ میں سروس کر لی۔ لیکن وہ پھر بھی جرائم پیشہ بن گیا۔ ذہین، شاطر، چالاک اور قیافہ ... اس لیے ایک نمبر کا فراڈی، جعل ساز اور دھوکے باز بن گیا۔ اس نے عورتوں کو بہت بے ... انہیں محبت کے نام پر فریب دے کر انہیں تباہ و برباد بھی کیا۔ جب اس نے دیکھا کہ ہیروئن کا ... ں پر چل رہا ہے اور لوگ راتوں رات لکھ پتی بن رہے ہیں تو پھر وہ ایک منصوبہ بنا کر ایشیا کی ... ہانگ کانگ اور بنکاک گیا۔ پھر وہ پاکستان آ گیا۔ اس کا پہلے تو یہ ارادہ تھا کہ وہ اکیلا ... امریکہ لے جائے گا۔ پھر اس نے کچھ خطرات محسوس کیے۔ پھر اسے ایک ساتھی کی ضرورت ... ہیروئن اسمگل کرنے میں اس کی مدد کر سکے۔ وہ کوئی خطرہ مول لینا نہیں چاہتا تھا۔

پشاور ہوٹل میں اس نے آپ کو سبز باغ دکھا کر چارلس سے متنفر اور بدظن کردیا۔ دولت او
ناک زندگی کی کمزوری نے آپ کو بلس کے طرف راغب کردیا۔ پھر اس ذلیل شخص نے رات
انگلی میں منگنی کی انگوٹھی پہنا کر منگنی کرلی۔ مزید اعتماد میں لینے کے لیے نقلی زیورات اور جعلی امر
دکھائی۔ پھر ہیروئن اسمگل کرنے کے لیے اعتماد میں لیا اور نصف حصہ دینے کی پیش کش بھی
کیوں یہ تمام باتیں سچ ہیں نا......؟''

''بالکل سچ ہیں۔'' ایستھر نے سر ہلایا۔ ''آپ نے مجھے بلس کے والدین کے جو نام بتا
وہی نام بلس نے بھی بتائے ہیں لیکن اس نے مجھ سے اپنا اصلی نام چھپایا اور جھوٹ بولا کہ وہ ایک
تاجر ہے۔ لیکن میں بلس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتی ہوں...... وہ کیسے اور
معلوم کروں......؟''

''امریکی قونصل خانہ اسلام آباد سے اس کے بارے میں معلومات حاصل کی جا سکتی
چارلس نے کہا۔ ''اب تم اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرکے کیا کرنا چاہتی ہو جب
اصل چہرہ بے نقاب ہوگیا ہے۔ ایستھر خدا کے لیے اب تم ہوش میں آجاؤ...... اس ریاکار شخص
اپنی زندگی اور محبت کو برباد نہ کرو۔ تم سمجھنے کی کوشش کرو۔ تم بچی نہیں ہو جو اس کی باتوں میں آجاؤ۔

ایستھر نے بلس کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔ ''اس لڑکے نے تمہارے بارے میں جو
کیا وہ سچ ہے؟''

''نہیں......'' بلس نے جواب دیا۔ اس نے یک لخت اپنے آپ کو آزاد اور ہلکا پھلکا
کیا۔ ''اس کی زبان اور جسم نے حرکت کی۔ اس کی کوئی بات درست نہیں ہے۔ سوائے میرے
کے ناموں کے۔''

''یہ کیسے ہوسکتا ہے۔'' ایستھر نے تکرار کی۔ ''اس نے میرے اور ماضی کے بارے میں ج
اس میں بڑی صداقت تھی۔ تمہارے بارے میں غلط کیسے ہوگیا...... ! بلس کیا تم حقیقت کو چھپا نہیں
ہو؟ بولو......''

عقرب نے دائیں جانب کی ایک میز کی طرف اشارہ کیا۔ اس میز پر دو آدمی بیٹھے ہو
رہے تھے۔ وہ ادھیڑ عمر کے مہذب اور باوقار شخص تھے۔ عمدہ تراش کے سوٹ میں ملبوس تھے
نے کہا۔ ''یہ دونوں صاحبان ایک جیولری شاپ کے حصہ دار ہیں مالکان ہیں۔ انہیں سونے،
بڑی پرکھ ہے۔ آپ ایسا کریں...... کمرے میں جاکر قدیم زیورات اور نئے نوٹوں کی گڈی
صرف ایک نوٹ نکال کرلائیں۔ انہیں اپنی منگنی کی انگوٹھی، زیورات اور امریکی ڈالر دکھائیں۔
دودھ پانی کا پانی الگ ہوجائے گا۔''

''تم ٹھیک کہتے ہو......؟'' ایستھر بولی۔ ''میں ابھی جاکر یہ تمام چیزیں لے آتی ہو
اصلیت کھل جائے گی۔''

بلس نے چاہا کہ ایستھر کو جانے نہ دے لیکن وہ اسے نہ تو روک سکا اور نہ ہی زبان سے کچھ



پر پہلے والی کیفیت اس پر طاری ہوگئی۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ اپنے پرس میں کرنسی اور زیورات
لے آئی۔ چارلس نے اپنی جگہ سے اٹھ کر دونوں آدمیوں کو اپنی میز پر آنے کی دعوت دی۔ جب وہ
میز پر آئے تو ایستھر نے اپنی انگلی سے انگوٹھی نکال کر ان کے سامنے رکھ دی۔ ''کیا آپ بتا سکتے
اس میں جو ہیرا جڑا ہوا ہے۔ وہ اصلی ہے......؟'' ان دونوں نے اس انگوٹھی کو باری باری دیکھا۔
سے ایک نے جواب دیا۔ ''ہیرا نقلی ہے۔ انگوٹھی بھی نقلی ہے یہ سونا نہیں ہے۔ اس پر سونے کا پانی
گیا ہے؟''

''اچھا تو ان زیورات کے بارے میں کیا خیال ہے؟ کیا یہ قدیم زیورات اور اصلی زیورات
چارلس نے پوچھا۔ ان دونوں نے ان زیورات کا جائزہ لیا۔ پھر دوسرے شخص نے کہا۔ ''نہ اصل
نہ قدیم ہیں۔ یہ سب جھوٹے ہیں۔ انہیں بنکاک میں بنایا جاتا ہے۔ ان کا استعمال فلموں میں عموماً
ہے۔''

''ان ڈالر کے بارے میں کیا خیال ہے؟'' ایستھر نے ایک نوٹ نکال کر ان کے سامنے رکھا۔''
ہے کہ یہ جعلی نوٹ ہے۔ آپ بتا سکتے ہیں کہ میرا شبہ درست ہے؟'' ان دونوں نے اس نوٹ کا
جائزہ لیا۔ پھر ان میں سے ایک نے کہا۔ ''آپ کا اندازہ اور شبہ بالکل درست ہے۔ یہ نوٹ
چھپتے ہیں۔ آپ کسی سے ڈالر یا کوئی بھی غیر ملکی کرنسی خریدتے وقت اس کی اچھی طرح جانچ
محتاط رہیں۔ کسی بینک میں جاکر اپنی تسلی کرلیں۔''

ستھر اور چارلس نے ان دونوں کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔ وہ دونوں اپنی میز پر جاکر بیٹھ گئے تو
ت اور غصے سے بلس سے بولی۔ ''تم واقعی بہت ذلیل اور کمینے...... ریاکار اور فراڈی شخص ہو۔ تم
باغ دکھا کر میری محبت پر ڈاکہ مارا...... ذلیل انسان! تم نے چارلس کو مجھ سے چھین لیا۔ تم نے
پر اکتفا نہیں کیا بلکہ میرے دل میں اس کے خلاف نفرت کا زہر بھر دیا...... تم نے ایسا کیوں
س جواب کیا دیتا۔ اس کی قوت گویائی سلب ہوچکی تھی۔ اس نے بہت کوشش کی کہ دل کی بات
۔ اس نے پھر اپنی صفائی پیش کی۔ نہ کرسکتا تھا۔ کیوں کہ لاچار اور بے بس سا ہوگیا تھا۔
اپنے تئیں یہ سمجھی کہ بلس لاجواب سا ہوگیا ہے۔ اس لیے اس کی بات کا جواب نہیں دے
اس کی خاموشی نے ایستھر کو اور چراغ پا کردیا۔ وہ شعلہ بار نگاہوں سے گھورتی ہوئی
اندازہ نہ تھا کہ تم اس قدر خود غرض اور مکار شخص ہو...... نیچ اور ذلیل شخص ہو...... مجھ سے محبت
اس لیے رچایا کہ...... مجھے ہیروئن اسمگلنگ کرنے کے لیے آلہ کار بناؤ۔ میرے کندھے پر
چلاؤ...... تم ایک تیر سے دو شکار کرنا چاہتے تھے؟''
سانس لینے رکی تو چارلس نے کہا۔ ''دیکھو...... کس قدر معصوم اور شریف بن رہا ہے۔ بت
اب جواب دو نا......؟ چپ کیوں ہو؟ کیا سٹی گم ہوگئی ہے؟''
اصل صدمے نے اس کے دل و دماغ پر بجلی گرادی ہے۔'' عقرب نے کہا۔ ''چوں کہ اصلیت
اس لیے اس کے حلق سے آواز نہیں نکل رہی ہے۔ یہ بہت دیر تک بول نہیں سکے گا۔''

"یہ لواپنی منگنی کی انگوٹھی......" ایستھر نے اپنی انگلی سے انگوٹھی نکال کر اس کے سامنے پھینک دی۔ "اس تیس ہزر ڈالر کی انگوٹھی کو تعویذ بنا کر گلے میں ڈال لو...... میں تھوکتی ہوں تم پر اور تمہاری پر......"

"ایستھر ڈارلنگ!" چارلس نے نرمی اور آہستگی سے کہا۔ "اپنے آپ کو قابو میں رکھو...... آہستہ"

"مجھے دل کی بھڑاس نکالنے دو چارلس! یہ شخص اس قابل ہے کہ اسے خوب ذلیل کیا جائے۔" ایستھر خار کھا کر بولی۔

"میں نہیں چاہتا ہوں کہ وقت ضائع کیا جائے۔" چارلس نے کہا۔ "تم نے اسے جو ذلیل کیا وہ کافی ہے۔"

"سنو بلس!" ایستھر نے حقارت آمیز لہجے میں کہا۔ "میں واپس اپنے چارلس کے پاس جا رہی ہوں۔ چارلس مجھ سے سچی محبت کرتا ہے۔ اس کی محبت بے غرض اور بے لوث ہے۔ تم کیا جانو... محبت کیا ہوتی ہے۔ یہ جذبہ کیسا ہوتا ہے؟ تم...... انسان نہیں جانور ہو...... درندے ہو۔" وہ اپنی بات ختم کر کے چارلس سے بولی۔ "تم میرے ساتھ کمرے تک چلو تا کہ میں اپنا سوٹ کیس لے آؤں۔ اگر اس ذلیل نے مجھے روکنے کی کوشش کی تو تم اس کے ہاتھ توڑ دینا۔"

"چلو......" چارلس اٹھ کھڑا ہوا۔ "تم اس خبیث کی ذرا بھی فکر نہ کرو۔ اس نے دیوار بننے کی کوشش کی تو میں اس کا دماغ درست کر دوں گا...... ویسے یہ مردود تمہارا بال تک بیکا نہیں کر سکتا۔"

"چلو......" ایستھر نے بلس کو نفرت بھری نظروں سے گھورتے ہوئے کہا۔ "میں اس کی شکل دیکھنا نہیں چاہتی ہوں۔"

"عقرب! تم یہیں بیٹھو۔ ہمارے آنے تک ہلنا نہیں۔ نہ اس کمینے کو کمرے میں آنے دینا۔" بلس نے اپنا زور لگا دیا کہ وہ ایستھر کا ہاتھ پکڑ کر اسے روک لے۔ اس سے بات کرے۔ اپنی صفائی پیش کرے اور کہے کہ عقرب نے جو باتیں اس سے منسوب کی ہیں وہ جھوٹی اور من گھڑت ہیں۔ اس کے خلاف سوچے سمجھے منصوبے کے تحت سازش کی گئی ہے۔ یہ انگوٹھی اور اس میں جڑا ہوا ہیرا اصلی ہے۔ زیورات اور ڈالر بھی اصلی ہیں۔ اس پر دوبارہ پہلی والی کیفیت طاری ہو گئی تھی۔ وہ سن ہو کر رہ گیا۔ کیا ہو گیا ہے؟ وہ حرکت کیوں نہیں کر پا رہا ہے؟ اس کی قوت گویائی جواب کس لیے دے گئی۔ معمہ ہے؟ وہ بڑی حسرت بھری نظروں سے ایستھر اور چارلس کو زینے کی طرف جاتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔

"بلس! کیا بات ہے تم بت بن کر رہ گئے ہو۔" عقرب نے انجان بن کر کہا۔ "شاید صدمے نے تمہاری زبان بندی کر دی ہے اور تم اس لیے اپنی جگہ سے حرکت بھی نہیں کر پا رہے ہو۔ میں تمہیں ایک بات اور بتا دوں میں نے علم نجوم کی مدد سے تمہارے بارے میں اتنا کچھ معلوم کر لیا ہے کہ تم تصور بھی نہیں کر سکتے ہو...... تمہاری بہتری اور سلامتی اسی میں ہے کہ تم ایستھر کا خیال دل سے نکال دو اور اپنی راہ لو۔ اب تمہیں ایستھر کسی قیمت پر نہیں مل سکتی ہے اور ہاں تم نے چارلس اور ایستھر کو کوئی نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو پھر میں پولیس کو تمہارے بارے میں سب کچھ بتا دوں گا



پھر پولیس جعلی کرنسی رکھنے کے الزام میں گرفتار کر سکتی ہے۔ پھر تمہیں کئی برس کی جیل ہو جائے گی۔" بلس بڑی حیرانی سے اس غیر معمولی نوجوان کو دیکھ رہا تھا جس کے علم نجوم نے اس کا سارا بھانڈا پھوڑ دیا تھا۔ ایستھر اس کے ہاتھ سے نکل گئی تھی۔ پھر سے چارلس کی ہو گئی تھی۔ ایک شکار کو اس نے جس فریب اور مکاری سے پھانسا وہ اس کے جال سے نکل گیا تھا۔ سب کچھ دھرا رہ گیا تھا...... یہ نوجوان کون ہے جو غیر معمولی صلاحیت کا مالک ہے یہ چارلس کو کیسے اور کہاں ٹکرا گیا؟

کمرے میں قدم رکھتے ہی ایستھر، چارلس کے سینے سے لگ کر سسک پڑی پھر وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ پھر اس کی ہچکیاں بند گئیں۔ چند لمحوں کے بعد وہ ہچکیوں کے درمیان بولی۔ "چارلس! میرے پیارے چارلس! میں بہت شرمندہ ہوں۔ پلیز! مجھے معاف کر دو۔"

"ایستھر ڈارلنگ! یہ تم کیسی باتیں کر رہی ہو؟" چارلس نے اس کے بالوں کو سہلاتے ہوئے کہا۔

"میں نے تمہارے ساتھ بلس کے بہکانے میں آ کر جو بے وفائی کی...... تمہیں جھڑک دیا...... تمہاری محبت کی جو ناقدری کی اس نے مجھے خود اپنی نظروں میں گرا دیا ہے۔" چارلس نے اپنی جیب سے رومال نکال کر اس کے آنسوؤں کو اس میں جذب کیا جو اس کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ گر رہے تھے۔ جب اس کے آنسو تھمے تو اس نے ایستھر کو اپنے بازوؤں کے حصار میں لے لیا۔ پھر چارلس نے کہا۔ "میں نے تمہیں معاف کر دیا ایستھر! آئندہ تم میرے ساتھ بے وفائی نہیں کرنا۔ اگر تم نے بے وفائی کی تو پھر میں زندہ نہیں رہوں گا۔ میں خودکشی کر لوں گا۔ اس لیے کہ میں تم سے سچی محبت کرتا ہوں۔"

"ایسا نہ کہو چارلس پیارے!" ایستھر نے تڑپ کر اس کے ہونٹوں پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔ "مجھے پہلے تمہاری محبت کی قدر نہیں ہوئی تھی۔ احساس ہو رہا ہے کہ تم اور تمہاری محبت کس قدر عظیم اور بلند ہے۔ تم ایک انمول اور نایاب ہیرا ہو...... تمہاری جتنی بھی قدر کی جائے کم ہے۔"

"ایستھر!...... ایستھر!......" چارلس نے اپنے بازوؤں کا حلقہ اس کے گرد تنگ کر لیا۔ پھر وہ اس کے حسین چہرے پر جھک گیا۔ دونوں بے حد جذباتی ہو گئے۔ تھوڑی دیر تک جذبات کی رو میں بہتے رہے۔ پھر چارلس نے اپنا چہرہ اوپر اٹھا کر کہا۔ "چلو ایستھر اب ہم چلتے ہیں۔" ایستھر نے اس کے بازوؤں سے نکل کر اپنے بال اور لباس کی شکنیں درست کیں پھر اس سے پوچھا۔ "چارلس یہ عقرب تمہیں کہاں اور کب ملا؟"

"میں نہیں جانتا ہوں کہ یہ کون ہے؟" چارلس نے جواب دیا۔ "ایک اتفاقیہ لمحے نے ملا دیا۔ یہ جو کچھ بھی ہے غیر معمولی اور انتہائی حیرت انگیز شخصیت کا مالک ہے۔ اس میں علم نجوم کی بے پناہ صلاحیت ہے۔ اس کی باتیں ایک جوان، سلجھے ہوئے اور سنجیدہ بردبار مرد کی سی ہیں۔ یہ تمہیں نہ ملتا تو تم مجھے نہیں ملتی...... بلس نے تمہیں پوری طرح قابو میں کر لیا تھا۔ اس لڑکے کی بدولت ہم دونوں نے ایک دوسرے کو پھر سے پا لیا ہے۔ یہ ہم دونوں کا محسن ہے۔"

"تم ٹھیک کہہ رہی ہو ایستھر!" چارلس نے سر ہلایا۔ "جب میری اس سے ملاقات ہوئی تب مجھے معلوم نہیں تھا کہ یہ کن صلاحیتوں کا مالک ہے۔ یہاں آنے کے بعد پتا چلا ہے۔"

''چلو......ہم اب چلتے ہیں۔'' ایستھر نے اپنا سوٹ کیس اٹھا کر اس کی طرف بڑھایا۔ دونوں نیچے آئے۔ بلس اپنی جگہ ساکت وجامد سا بیٹھا خلا میں گھور رہا تھا۔ عقرب اس سے کہا ''اب ہم لوگ جا رہے ہیں۔ تمہیں جو سبق ملا ہے اسے یاد رکھنا بھولنا نہیں۔'' ہوٹل پہنچ کر عقر، اجازت چاہی تو ایستھر نے پوچھا۔ ''تمہاری کیا فیس ہے؟ جو بھی فیس ہے بتاؤ......ہم ادا کر۔ لیے تیار ہیں......لیکن ہم تمہارا احسان کبھی نہیں اتار سکتے ہیں۔''

''میری فیس یہ ہے کہ آپ دونوں خوش رہیں اور جلدی سے شادی کر لیں۔'' عقرب نے دیا۔ ایستھر سرخ ہو گئی۔ پھر بولی۔ ''تم ہمارے ساتھ سیر وتفریح کے لیے چلنا پسند کرو گے؟ ہم ا پہر تک کچھ مقامات دیکھ کر پشاور چلے جائیں گے۔ تم لنچ بھی ہمارے ساتھ کرو گے؟''

''ضرور چلوں گا۔ میں شام تک فری ہوں۔ پھر میرے دوست آ جائیں گے۔ پھر میں وق دے سکوں گا......آپ کس مقام کی سیر کرنا چاہتے ہیں؟'' عقرب نے پوچھا۔

''آثار قدیمہ کے مرکز کا بت کدہ دیکھنا ہے جو بڑی تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ ہزاروں سال پہلے بدھ بھکشو رہتے تھے۔'' ایستھر نے کہا۔

عقرب اپنے کمرے میں چلا گیا۔ کیوں کہ ایستھر اور چارلس نے تیار ہونے کے لیے نصف کی مہلت مانگی تھی۔ کوئی نصف گھنٹے کے بعد وہ تینوں ہوٹل سے نکلے۔ اس تاریخی علاقے کر آثار قدیمہ کی سیر کرنے لگے۔ کوئی ڈیڑھ گھنٹے تک وہ ہزاروں مجسموں کو دیکھتے رہے۔ اد یہاں سیاح بھی اکا دکا دکھائی دے رہے تھے۔ اسی ڈیڑھ گھنٹے میں عقرب اور ان کے درمیا اپنائیت سی پیدا ہو گئی۔ جب وہ ایک سنسان گلی سے گزر رہے تھے۔ اچانک بلس ان کے سامنے اس کے ہاتھ میں ایک خوفناک قسم کا ریوالور تھا۔ اس نے عقرب کا نشانہ لیتے ہوئے سفاک کہا۔ ''نجومی کے بچے! تو نے میرے ارمانوں کا خون کیا ہے......میں تیرا خون کر دوں گا۔ تو مر لیے تیار ہو جا۔''

بلس کے ہاتھ میں ریوالور دیکھ کر ایستھر اور چارلس کے چہرے فق ہو گئے اور ان کی آنکھ کی پھٹی رہ گئیں۔ انہیں اپنی نظروں کے سامنے بلس موت کا فرشتہ بنا کھڑا نظر آیا۔ وہ جانتے عقرب کو موت کی نیند سلانے کے بعد بلس ان دونوں کو بھی جان سے ختم کر دے گا۔ پھر وہ یہاں ہو جائے گا۔ پھر اسے قانون کے محافظ گرفتار کر پائیں گے؟

لیکن انہیں یہ دیکھ کر سخت حیرت ہو رہی تھی کہ عقرب بڑے سکون واطمینان سے کھڑا ہوا بلس رہا ہے۔ ذرا برابر بھی خوف زدہ اور ہراساں دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ جیسے بلس اس سے مذاق کر اسے گولی نہیں مارے گا۔

''بلس!......'' عقرب نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔ ''تم نے ان دونوں کے ارمانوں کا خو جس کا تمہیں حق نہیں پہنچتا تھا۔ میں نے ان دونوں کو اس لیے آپس میں ملا دیا کہ یہ دونوں ایک د کو سچے دل سے چاہتے ہیں۔ چاہنے والے کے علاوہ اچھے اور مخلص دوست ہیں۔ ایک دوسر



سکتی ہیں۔ بہتر ہے کہ تم اپنی راہ لو......اس لیے کہ اب تم ایستھر کو کسی قیمت پر حاصل نہیں کر سکتے ...رہی بات میرے خون کرنے کی......میرا خون کرنا تو در کنار تم میرا بال تک بیکا نہیں کر سکتے ہو۔ ...ریوالور کو اپنی جیب میں رکھ لو اور جس سے خریدا ہے اسے واپس کر دو۔ ورنہ تم غیر قانونی طور پر اسلحہ ...کے الزام میں دھر لیے جاؤ گے۔ وطن جانے کے بجائے جیل کی ہوا کھاؤ گے۔''

''میں تمہیں پہلے گولی ماروں گا پھر ان دونوں کو ختم کر دوں گا۔'' وہ پیچ وتاب کھاتے ہوئے بولا۔ ...ایستھر میری نہیں ہو سکتی ہے تو چارلس کی بھی نہیں ہو سکتی ہے۔ میں تم تینوں کو قتل کر کے فرار ہو جاؤں۔ تم ...کیا کر سکتے ہو؟''

''میں نے تم سے کہا نا کہ تم کچھ بھی نہیں کر سکتے ہو۔'' عقرب نے کہا۔ ''تم ہم میں سے کسی ایک کو ...موت کی نیند سلا نہیں سکتے ہو۔ اس لیے کہ زندگی اور موت تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے۔ ایستھر، ...چارلس ہے وہ اس کی قسمت میں لکھی جا چکی ہے اب دنیا کی کوئی طاقت ایستھر کو چارلس سے چھین نہیں ...تم کیا ہو......میں تمہیں بتا چکا ہوں۔ میں تمہیں ایک بے وقوف اور عاقبت نا اندیش شخص ...سمجھتا ہوں۔ غصے اور نفرت نے تمہارا دماغ ماؤف کر دیا ہے۔''

''تم ایک بے وقوف لڑکے ہو......میں تمہیں جہنم رسید کر رہا ہوں۔ مرنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔''

...اس نے اپنی بات ختم کر کے ریوالور کی لبلبی پر انگلی دبائی۔ اس لمحے فائر نہ ہوا۔ اس کے ہاتھ سے ...ریوالور چھوٹ کر زمین پر اس طرح سے گرا جیسے کسی انجانی طاقت نے چھین کر پھینک دیا ہو۔ چارلس نے ...پیچھے کر لیا تھا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آیا تھا کہ وہ بلس کو کس طرح فائر کرنے سے باز رکھے اور ...بچائے۔ اس کی سمجھ میں کوئی تدبیر نہیں آئی تھی کہ بلس نے لبلبی دبا دی تھی۔ جب اس کے ہاتھ ...ریوالور چھوٹ کر زمین پر گرا تو چارلس نے سکون کا سانس لیا اور ریوالور اٹھانے کے لیے وہ برق ...لپکا۔ اس سے پہلے کہ چارلس ریوالور اٹھاتا بلس نے اسے اٹھا لیا۔ پھر ایک دم سے اس طرح ...پھینک دیا جیسے وہ کوئی دہکتا ہوا انگارہ ہو۔ وہ بھونچکا سا ہو گیا تھا۔

...چارلس نے فوراً ہی وہ ریوالور اٹھا لیا تو بلس کی آنکھیں حیرت اور خوف سی پھیل گئیں۔ چارلس نے ...ریوالور کی زد میں لے لیا پھر وہ اس سے تیکھے لہجے میں بولا۔ ''بلس! اب تم کیا کہتے ہو......؟ کیا میں ...فائر کر دوں؟''

...بلس نے اس کی بات کا جواب نہیں دیا۔ وہ حیرت سے چارلس کو دیکھ رہا تھا جس کے ہاتھ میں ...اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ اچانک ریوالور اس کے ہاتھ میں انگارہ کیسے بن گیا۔ جبھی تو اس ...نے پھینک دیا تھا۔ جب دوبارہ اس نے ریوالور کو ہاتھ لگایا تو وہ انگارے کی طرح دہک رہا تھا۔ ...ریوالور چارلس کے ہاتھ میں تھا۔ چارلس اسے کھلونے کی طرح لیے کھڑا تھا۔ اس کی نال اس کی ...طرف موت کے فرشتے کی طرح گھور رہی تھی۔

...بلس اچانک تیزی سے مڑا اور مخالف سمت سر پر پیر رکھ کر بھاگا۔ اس نے مڑ کر بھی نہیں دیکھا۔ پھر

وہ نظروں سے اوجھل ہوگیا چارلس کے پاس ایستھر آ کر کھڑی ہوگئی۔ اس نے اپنے سینے
نشان بناتے ہوئے چارلس سے کہا۔

"یہ بلس کو کیا ہوگیا تھا جو ایک دم سے اس کے ہاتھ سے ریوالور چھوٹ گیا۔ پھر اس نے
ریوالور اٹھا کر اس طرح سے پھینک دیا جیسے اس کا ہاتھ جھلس گیا ہو؟..... تم نے ریوالور اٹھایا تو
نہیں ہوا؟"

"میں نے اس بات پر غور نہیں کیا۔" چارلس حیرت سے بولا۔ "یہ بات تم عقرب سے
کرو۔ وہی تمہیں سچ بتا سکتا ہے اور وضاحت بھی کر سکتا ہے۔ تمہارے کہنے سے مجھے ان باتو
آ رہا ہے۔ میں خود بھی حیران ہوں کہ یہ کیا ماجرا ہے اس ذلیل شخص نے ہم تینوں کو قتل کرنے کا
اگر ریوالور چل جاتا تو ہم میں سے کوئی بھی نہیں بچتا۔"

"عقرب!" ایستھر نے اسے مخاطب کیا۔ "کیا تم بتا سکتے ہو کہ یہ کیا معجزہ ہے؟ کیا تم
کمال دکھایا؟"

"بات صرف اتنی سی ہے کہ وہ احساس جرم سے اس قدر خوف زدہ ہوگیا تھا کہ اپنے ہوش
بیٹھا اس کی حالت غیر ہوگئی۔ اس کے نتیجے میں اس کے پسینے چھوٹ گئے۔ ہاتھ کانپ گیا
چھوٹ گیا جب اس نے دوبارہ ریوالور اٹھایا تو اس کی یہ کیفیت برقرار تھی اور وہ اسے اپنی
نہیں لے سکا۔ جب ایک شخص اپنے حواس کھو دے تو وہ اپنے آپ میں نہیں رہ پاتا ہے۔" یہی
عقرب نے بڑی خوب صورتی سے بات بنا دی۔

"نہیں..... کوئی اور بات ہے جو تم ہم سے چھپا رہے ہو اور بتانا نہیں چاہتے ہو۔" ا
کہا۔ "بلس ایک جرم پیشہ شخص ہے ایسے لوگ اپنے حواس پر پوری طرح قابو رکھتے ہیں۔ ان
کو قتل کرنا بہت آسان ہوتا ہے۔"

"تمہارے خیال میں کیا بات ہو سکتی ہے جسے تم سمجھ رہی ہو؟" عقرب نے مسکرا
پوچھا۔ "صاف صاف کہو۔"

"میرے خیال میں تم نے اسے ہپناٹائز کر دیا تھا جس کی وجہ سے وہ ریوالور
پا سکا۔" ایستھر بولی۔

"تم لوگ جو بھی سمجھ لو۔" عقرب نے کہا۔ "میں جو بات بھی کہوں گا اس کا تم لوگ یقی
گی..... اور پھر ان باتوں میں رکھا بھی کچھ نہیں ہے۔ بات صرف اتنی سی ہے کہ جو بچانے
مارنے والے سے بڑا ہوتا ہے اس نے ہم تینوں کی جانیں کسی نہ کسی بہانے سے بچا دیں اس
شکر ادا کریں کم ہے۔ اب یہ ریوالور مجھے دے دو۔
اسے تمہارے پاس رکھنا خطرے سے خالی نہیں ہے میں اسے کسی نالے یا دریا میں پھینک
چارلس نے اس کی طرف ریوالور بڑھایا تو ایستھر ممنونیت سے بولی۔ "اس بات سے ا
جا سکتا ہے کہ تمہاری وجہ سے ہماری جان بچی ہے۔ اس بات سے انکار نہیں ہے کہ اوپر والا ہر ک



کا امین ہے۔ تم ایک پراسرار لڑکے اور پراسرار قوت کے مالک ہو۔ ہم دونوں تمہارے بہت
ہیں۔ تم نے بچھڑوں کو ملا دیا۔ مجھے میری محبت دلا دی۔ ہماری جانیں بچائیں ہم تمہیں کبھی نہیں
سکیں گے۔ تمہارے یہ احسانات تمہاری یاد دلاتے رہیں گے۔"

"تم اسے محض رسمی شکریہ نہیں سمجھنا عقرب!" چارلس نے کہا۔ "میرے بھی وہی جذبات ہیں جو
ہیں واقعی ہم تمہیں زندگی کے آخری سانس تک بھلا نہ سکیں گے۔ ایک ناقابل فراموش ہستی۔
سلامت رکھے۔"

ایستھر نے آگے بڑھ کر اس کے رخسار پر بوسہ ثبت کیا۔ "عقرب! تم بہت پیارے اور ایک عظیم
کاش! ہم تمہارے کام آ سکتے..... ؟ تمہاری خدمت کر سکتے۔ ہم ہر سال تمہیں کرسمس پر کوئی
رہیں گے۔"

"تم لوگ مجھے یاد رکھو گے تو میرے لیے یہ سرمایہ ہے محبت اور خلوص سے بڑی دولت دنیا میں کوئی
" عقرب نے کہا۔

"تم ایک عظیم اور بے لوث لڑکے ہو۔ تم میں جو ذہانت، عقل، بردباری ہے وہ بڑے آدمیوں کی
ہم ...س روانی سے انگریزی اور فرانسیسی زبان بولتے ہو وہ تمہاری قابلیت اور صلاحیت کا منہ بولتا
"

اس کی بات سن کر عقرب نے کہا۔ "اچھا اب اجازت دو۔ تم دونوں سیر و سیاحت کرو۔ میں
رہا ہوں۔"

"ہم بھی ہوٹل واپس چلتے ہیں۔" ایستھر بولی۔ "اب سیر و تفریح کا کوئی موڈ نہیں رہا ہے۔ میں
...ہوں۔"

"تم ...بس سے خوف زدہ ہو رہی ہو۔" عقرب نے کہا۔ "اب وہ تم دونوں کا بال تک بیکا
... بے فکر رہو۔"

"وہ ایک خطرناک، خبیث اور ذلیل ترین شخص ہے۔" چارلس نے کہا۔ "اس کا کوئی بھروسا نہیں
ہے کہ ہم لوگ ہوٹل واپس جائیں ہم کل یہاں سے کراچی کے لیے روانہ ہو جائیں گے
...ان رکیں گے تاکہ وہاں جو تاریخی مقامات ہیں ان کی سیر کریں، آئندہ سال اس وادی
...سیر و سیاحت کریں گے۔"

"تم دونوں بلس کا خوف اپنے اپنے دل سے نکال دو۔" عقرب نے انہیں دلاسا دیا۔ "اب
...خبیث شخص کی ذات سے کسی بات کا کوئی خطرہ نہیں رہا ہے۔ اس کے دل میں ہم لوگوں کی
...ہوگئی ہے کہ تم دونوں اس کا بالکل بھی اندازہ نہیں کر سکتے ہو۔ ہو سکتا ہے کہ وہ ہوٹل پہنچ کر
...چلتا بنے۔"

...ہوں میرا من نہیں مان رہا ہے کہ اب ہم لوگ یہاں ایک دن کیا ایک گھنٹے کے لیے
...کے لہجے میں ہلکا سا ارتعاش تھا۔ "اس لیے ہم کل صبح ہوتے ہی یہاں سے روانہ ہو

جائیں گے۔ پہلے پشاور جائیں گے وہاں ایک دو دن رہ کر پھر راول پنڈی اور اسلام آباد روا
گے وہاں شاید ایک دن رہیں پھر لاہور رخت سفر باندھیں گے البتہ لاہور میں تین چار دن
مقامات کی سیر کریں گے ہم یہاں رہ کر اس منحوس اور ذلیل شخص کی شکل تک دیکھنا نہیں چا
کا کوئی بھروسا نہیں۔''

''جو تم دونوں کی مرضی اور خوشی......'' عقرب نے کہا۔ ''میں تمہیں روکوں گا نہیں دل ک
والے ہی سمجھ سکتے ہیں ویسے تم دونوں بھی مجھے بہت یاد آؤ گے۔ تم دونوں سے مل کر مجھے
ہوئی۔''

دس برس پلک جھپکتے گزر گئے۔ یہ طویل عرصہ جیسے خواب تھا اب عقرب پچیس برس کا
عقرب کا بچپن اور تو جوانی ایسے ہی واقعات اور کارناموں سے بھری پڑی تھی اس نے جس
مصیبت کی گھڑی میں مدد کی وہ فطری انداز کی تھی۔ کبھی کسی کو اس بات کا شک وشبہ تک نہ ہوا
قوتوں کا مالک ہے جن سے اس نے مدد کی اور ظالموں سے بچایا۔ ظالموں کو ایسا سبق دیا کہ وہ
کوستانہ سکیں۔

لوگ عقرب کی جرأت، بہادری اور صلاحیتوں کے معترف تھے اور اس کی شہرت کا
سے نکل کر اس پوری وادی سوات میں پھیل چکی تھی جب کوئی کسی مصیبت میں گرفتار ہو جاتا
مدد لینے آتا تھا۔ اس نے کبھی انکار یا مایوس یا نامراد نہیں کیا۔ اور پھر عقرب نے کبھی گھمنڈ، غر
غرضی، نام ونمود اور شہرت کو پاس پھٹکنے نہیں دیا۔ اس کے دل میں کبھی دولت کا لالچ پیدا نہیں
اس کے دل میں کسی ہوس نے جنم لیا۔

ماں باپ نے مل کر ایک خاص انداز سے اس کی ایسی تربیت کی تھی کہ وہ ایک اچھا اور
ذات ایک غیر معمولی انسان بنانا چاہتے تھے ان کی دلی خواہش تھی کہ ان کا بیٹا اپنے آپ کو
خدمت کے لیے وقف کر دے ان کے عظیم، بلند اور ارفع خوابوں کو پورا کرے۔ انسانیت کا نام ر
سوئس کالونی کے اسکول میں اس نے غیر ملکی اساتذہ سے نہ صرف اعلیٰ تعلیم حاصل کی
سائنسی اور ادبی کتابوں کو بھی وہ پڑھتا رہتا تھا۔ اسے مطالعے کا شوق بچپن سے ہی تھا اس سوئ
امریکہ اور یورپ سے رسائل وجرائد اور اخبارات بھی آتے تھے وہ انہیں بھی بڑے شوق
پڑھتا تھا اور اسے اس بات کا اندازہ ہوتا تھا کہ دنیا کہاں سے کہاں جا رہی ہے۔

ایک رات کھانے سے فراغت پانے کے بعد گل نشاط، سلیل اور عقرب قہوہ پی رہے
نے اپنے بیٹے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ ''عقرب بیٹے! میں تمہیں ایک مشن سونپنا چاہتا ہوا
''کیسا مشن بابا جانی!؟'' عقرب نے اپنے باپ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔ ''میر
مشن پورا کرنے کے لیے تیار ہوں۔''

''کراچی سے میرے ایک دیرینہ دوست اقد سعیہ کا خط آیا ہے۔'' سلیل کہنے لگا۔ ''
بڑا نیک، مخلص اور ملک وقوم کا سچا ہمدرد ہے محب الوطن ہے۔ وہ ہر وقت انسانیت کی خدم



رہتا ہے۔ اس نے بڑے صدمے اور افسوس سے لکھا ہے کہ معاشرہ ہر سطح پر بگڑتا جا رہا ہے بلکہ
مسخ ہوتی جا رہی ہے کس کس بات کا رونا رویا جائے ظلم وستم حد سے بڑھ گیا ہے اور بڑھتا جا رہا
فرعون اور خون آشام بھیڑیا بن گیا ہے انسانیت سسک رہی ہے دم توڑ رہی ہے قانون کی
نہیں رہی ہے۔ قانون کے محافظوں میں اتنی کالی بھیڑیں شامل ہو گئی ہیں کہ وہ خود ہی قانون اور
پامال کر رہے ہیں۔ ایسی صورت میں قانون کی حکمرانی اور بالادستی کیسے قائم رہ سکتی ہے ہر شخص
بے ایمان اور خود غرض بن گیا ہے ملک وقوم سے کوئی بھی مخلص نہیں ہے دولت کی ہوس اندھے
مبتلا ہو گئی ہے دنیا والے کہتے ہیں کہ ہمارا ملک دنیا کے کرپٹ ترین ملکوں میں دوسرے نمبر پر
ابھی نہیں کہتے ہیں لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے اس وجہ سے ظلم وستم حد سے زیادہ بڑھ گیا ہے
ت، جان اور آبرو محفوظ نہیں رہی ہے۔

صرف بے شرمی، بے غیرتی بے حیائی حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے بلکہ برائی کی کوئی حد نہیں رہی
تم کو اب کوئی سدھار نہیں سکتا ہے۔ کیوں کہ اوپر سے نیچے تک کا آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے
جانتا ہے کہ قہر خدا کب نازل ہوگا۔ ہر شخص موت اور اللہ کے خوف کو بھلا بیٹھا ہے۔ ہر شخص یہ
وہ مرے گا نہیں بلکہ زندہ رہے گا۔ وہ خدا کو بھی جواب دہ نہیں ہوگا۔ وہ دنیا میں پیش آنے
ت سے بھی عبرت حاصل نہیں کرتا ہے میرے اس خط لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ تم عقرب کو
شہروں، گاؤں، قصبوں کی طرف روانہ کرو ایک اکیلا عقرب اس قوم اور پوری معاشرے کو
سکتا ہے لیکن یہ تو ہوگا کہ وہ ظلم وستم کے خلاف ایک سیسہ پلائی دیوار بن سکتا ہے۔ ظالموں
سکتا ہے تم نے اپنے بیٹے کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے اس کے پیش نظر میں یہ چاہتا ہوں
مشن لے کر نکلے اس ملک میں بہت سارے مافیا پیدا ہو گئے ہیں عقرب کا ایک زہریلا
وجود کے خاتمے کے لیے کافی ہوگا اس طرح کتنے لوگ تمہیں اور تمہارے بیٹے کو دعائیں

۔ اس دوست کے خط نے مجھے بہت متاثر کیا ہے۔'' سلیل نے قدرے توقف کے بعد
ت ملک اور معاشرے کے حالات سے بہت دل برداشتہ ہے اسے ذہنی صدمے نے
میرے بیٹے! واقعی ملک وقوم کو اس وقت تمہاری سخت ضرورت ہے میں یہ چاہتا ہوں
میں اپنے مشن پر روانہ ہو جاؤ۔''

بیٹا!'' گل نشاط تائیدی لہجے میں بولی۔ ''اب تم ایک غیر معمولی طاقت ور اور عظیم
مالک ہو۔ ہم دونوں نے اپنی تمام پراسرار قوتوں کا مالک تمہیں بنا دیا ہے۔ تمہیں وہ کچھ
تم تصور بھی نہیں کر سکتے ہو۔ تم پر کوئی جادو اثر نہیں کر سکتا ہے بڑے سے بڑے شیطان
نہیں کر سکتے ہیں۔ دنیا میں بڑے بڑے خطرناک شیطان موجود ہیں جن سے لوگ
خوف زدہ ہیں تمہیں ان کا نام صفحۂ ہستی سے مٹانا ہے۔''

ایک بات کی نصیحت کرنا چاہتا ہوں۔'' سلیل نے کہا۔ ''اس بات کی حتی الامکان

کوشش کرنا کہ کسی کی جان بلاوجہ نہ لو۔ نہ قانون کو ہاتھ میں لینا اور نہ قانون شکنی کرنا۔ اس ۔
مشن جو ہے وہ انسانیت کی خدمت اور قانون کی بالادستی ہے۔ آج غریب شخص بہت پریشان
اور مظلوموں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے اس بات کو بھی ذہن نشین رکھنا کہ دنیا بہت آگے جا
سینکڑوں سائنسی ایجادات وجود میں آچکی ہیں گو کہ تم ایسی حیرت انگیز طاقت اور پراسرار علوم
ایک ناقابل تسخیر انسان اس کے باوجود خدا کی ذات کو فراموش مت کرنا۔ کبھی گھمنڈ اور تکبر نہ
آپ کو انتہائی حقیر سمجھنا۔ جس روز تم میں تکبر پیدا ہوا اس روز تم تمام علوم اور صلاحیتوں سے مح
گے۔ اللہ سے بڑا اور عظیم اس دنیا میں کوئی نہیں ہے۔"

"بابا جانی! آپ اور علم نے بہت کچھ سکھایا ہے میں یہ جانتا ہوں، سمجھتا ہوں کہ اللہ کی
برتر اور عظیم اور کوئی نہیں ہے میں اس مشن پر جاؤں گا اپنی زندگی انسانیت کی خدمت کے
کردوں گا۔ ہر اس شخص کے خلاف ڈٹ جاؤں گا جو ظالم بنا ہوا ہے۔" عقرب نے کہا۔

"اس بات کی پوری پوری کوشش کرنا کہ تم جن صلاحیتوں اور علوم کے ماہر وہ دلوگو
ہوں۔ ان کی پردہ پوشی کرنے کی پوری پوری کوشش کرنا۔ بعض اوقات ایسا بھی ہو سکتا ہے ک
مشکل ہو جائے اس کی فکر نہ کرنا کسی مافیا کے آلہ کار نہ بننا۔ تم سے ہر قسم کا فائدہ اٹھانے کے
شراب اور دولت کا چارہ بھی ڈال سکتے ہیں ان سے اجتناب کرنا ایک بات ذہن نشین کر لو ک
برائی کا خاتمہ اور اچھائی کو قائم کرنا ہے۔"

عقرب نے پشاور شہر کے ایک ہوٹل میں کمرہ لیا وہ ایک دو دن اس شہر میں گزارنا اور اِر
چاہتا تھا وہ چھ برس کے بعد اس شہر میں آیا تھا ان چھ برسوں میں اس شہر میں بڑی تبدیلی آئی
اس نے محسوس کیا تھا کہ لوگوں کی معاشرت میں بھی بڑا فرق آیا ہے۔ دولت کی فراوانی اور بڑ
ہے غریب اور غریب ہو گیا ہے امیر اور امیر ہو گیا ہے اس کے علاوہ اس نے ایک بات ا
عورتوں کے پردے میں بہت کمی آ گئی ہے جو عورتیں پردہ کرتی ہیں ان کا پردہ بڑا سخت ہے کوئ
تو در کنار ناخن تک دیکھ نہیں سکتا ہے۔

اس نے ایک معروف ہوٹل سے چپلی کباب کھائے۔ چھ سال پیشتر اس نے اپنے وا
اس ہوٹل میں آکر چپلی کباب کھائے تھے ان دنوں یہ ہوٹل بہت چلتا تھا اور آج بھی اس پر
لیکن اب اس میں وہ ذائقہ اور مزہ نہیں رہا تھا جو چھ سال پیشتر تھا اس کی والدہ جتنے اچھے چپلی
تھی یہ اس کے مقابلے کے نہ تھے اس کی وجہ ہوٹل کے ملازم نے یہ بتائی تھی کہ مسالوں می
میں ملاوٹ اس قدر بڑھ گئی ہے کہ اب کھانے کی لذت اور ذائقے ختم ہوتے جا رہے ہیں اس
عقرب کو سچ لگی۔

وہ قصہ خوانی بازار آ کر گھومنے لگا۔ اس بازار میں بڑی رونق چہل پہل اور گہما گہمی
میں خریداری ہو رہی تھی۔ گلیوں میں کھوے سے کھوا چھل رہا تھا۔ ہر شخص اپنی حیثیت کے مطا
کر رہا تھا اس بازار میں جیب کترے بھی شکار کی تلاش میں سرگرداں تھے جو شکار انہوں نے تا



لی تاک میں تھے اور موقع کی تلاش تھی۔ ایک جیب کترے نے ایک شخص کی جیب سے بڑی
مہارت سے اس کا بٹوا اڑا لیا اور وہ تیزی سے ایک سمت چل پڑا عقرب بھی اس کے تعاقب
۔ وہ بازار سے نکل کر ایک ہوٹل میں داخل ہو گیا ایک خالی میز پر جا بیٹھا۔ اس نے ویٹر کو بلا کر
در دیا عقرب اس میز پر جا بیٹھا۔
برس کا شخص تھا اس کے چہرے سے بڑی خباثت برس رہی تھی اس کی آنکھوں سے اس کے
بھیانک رہا تھا۔ وہ عقرب کو اپنی میز پر دیکھ کر بڑا جزبز ہوا اس کے چہرے پر ناگواری سی پھیل
کہ وہ اس بٹوے کا جائزہ لینا چاہتا تھا جو وہ اڑا کے لایا تھا قریب کی دو تین میزیں اور خالی
وہ منہ بناتے ہوئے اٹھنے لگا تو عقرب نے اس سے کہا۔ "کیا بات ہے؟ تم اس میز سے اٹھ
ہو؟"

اس نے چونک کر حیرت اور غصے سے عقرب کو گھورا پھر تلخ لہجے میں بولا۔ "میری مرضی...... تم کون
کرنے والے؟"

"میں نے تمہیں منع نہیں کیا بلکہ تم سے یہ کہا ہے کہ اس میز سے اٹھ کر دوسری میز پر کیوں جا رہے
عقرب نے کہا۔ "تمہیں میری موجودگی بری کیوں لگ رہی ہے؟ جب کہ میں نے تم سے کچھ
کہا!"

"میں اس بات کو پسند نہیں کرتا ہوں کہ کوئی میری میز پر آ کر بیٹھے تم دوسری میز پر بھی بیٹھ سکتے
سے بولا۔

پھر تم نے اپنے لیے مخصوص نہیں کرا لی ہے جو تم اس قدر ناگواری محسوس کر رہے ہو؟" عقرب
میں کسی بھی میز پر بیٹھوں میری مرضی...... میں اس میز پر اس لیے آ کر بیٹھا ہوں کہ تم سے کچھ
کیوں کہ میں ایک مسافر ہوں اس شہر میں چھ برس کے بعد آیا ہوں۔ میں یہاں سے راول
آباد، مری، لاہور اور کراچی جانے والا ہوں۔ یہ شہر میرے لیے اجنبی ہے اور میں ایک اجنبی
کسی کو جانتا نہیں ہوں۔ نہ میرا کوئی رشتہ دار رہتا ہے۔ میں نے سوچا کہ کیوں نہ تم سے گپ
چائے پی لوں۔"

کترے نے عقرب کی جو باتیں سنیں تو اس کے کان کھڑے ہو گئے اس کی حیرت اور خوشی کی
کہ اس سے تگڑا شکار مل نہیں سکتا تھا۔ اس نے دل میں سوچا کہ...... جب یہ شخص سیر
ہے تو اس کی پاس مال پانی بھی بہت ہو گا اور پھر یہ شخص بہت سیدھا سادا اور بے وقوف سا
بڑی آسانی سے لوٹا جا سکتا ہے اسے بے وقوف بنا کر اس کے پاس جتنی رقم ہے اس پر
کچھ مشکل نہ ہو گا ایسے شکار کہاں ملتے ہیں۔ اس کی قسمت کی بات ہے کہ کنواں خود چل کر
اس آ گیا۔ اسے عقرب کی ذات میں دلچسپی پیدا ہوئی۔
اسے سوچ میں دیکھ کر اٹھ کھڑا ہوا۔ "تمہیں میری موجودگی ناگوار لگ رہی ہے اس لیے
میز پر چلا جاتا ہوں۔"

''ارے نہیں...... نہیں۔'' اس نے عقرب کا ہاتھ پکڑ کر کرسی پر بیٹھا دیا۔ ''ناراض نہ ہو تم میرے مہمان ہو۔''

ویٹر اس کے لیے چائے لے آیا تھا۔ اس نے ویٹر سے کہا۔ ''ایک چائے اور لے آؤ۔ پیسٹری اور پیٹیز بھی لیتے آنا......''

''اس تکلف کی کوئی ضرورت نہیں۔'' عقرب نے فوراً ہی کہا۔ ''صرف چائے کافی ہے۔ تھوڑی دیر پہلے ہی کھانا کھایا ہے۔'' جیب کترے نے عقرب کی بات نظر انداز کرتے ہو۔ میں نے تم سے جو کہا ہے وہ جلدی سے لیتے آؤ......''

ویٹر چلا گیا تو عقرب نے اس سے کہا۔ ''تم نے خوامخواہ تکلف کیا۔ یہ ہوٹل بہت مہنگا بھی۔ کا بل میں ادا کروں گا۔''

''یہ ہوٹل بہت مہنگا تو ہے لیکن بہت اچھا ہے اس کا ماحول بڑا پرسکون ہے میں یہیں آ پیتا اور کھانے کھاتا ہوں۔ اس کے کھانے بھی بہت اچھے ہوتے ہیں۔ چائے بھی بہت اچھی ہو جیب کترے نے کہا۔ ''میں تمہیں بل ادا کرنے نہیں دوں گا۔ کیوں کہ تم میرے مہمان ہو۔ تمہیں مہمان کہا ہے۔ مجھے تم سے مل کر بہت خوشی ہوئی ہے۔''

ویٹر نے پیسٹری اور پیٹیز لا کر میز پر رکھا اور واپس چلا گیا۔ اس کے جانے کے بعد عقرب سے پوچھا۔ ''تم کیا کرتے ہو......؟ کیا بزنس مین یا جاگیردار ہو جو روزانہ اس ہوٹل میں کھاتے ہو؟''

''میں بہت بڑا زمین دار ہوں۔'' جیب کترے نے کہا۔ ''میرے سیب کے دو بڑے با میری سالانہ آمدنی بے پناہ ہے اس لیے میں ہوٹل بازی کرتا ہوں۔ کبھی کبھی میر و سیاحت نکل جاتا ہوں مجھے کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔''

''پھر تو تم بہت بڑے آدمی ہو...... لیکن تم اپنی وضع قطع اور چہرے مہرے سے زمین دار دیتے ہو؟''

وہ ایک پل کے لیے گھبرا سا گیا مگر اس نے فوراً ہی اپنے آپ کو سنبھال لیا۔ پھر اس ہوئے کہا۔ ''دراصل میں ایک سادگی پسند شخص ہوں۔ لباس سے زیادہ کھانے پینے پر توجہ دیتا کے معاملے میں بے پروا واقع ہوا ہوں۔''

ویٹر چائے لا کر رکھ کر چلا گیا تو عقرب نے اس سے پوچھا۔ ''تم نے اپنا نام نہیں بتایا؟ ہے؟''

''میرا نام...... میرا نام عبداللہ جان ہے۔'' اس نے جواب دیا۔ ''اب تم بھی مجھے اپنا نام ہے تمہارا......؟''

''میرا نام عقرب ہے۔ میں کالام وادی میں رہتا ہوں۔ وہاں میرے والد کے بھی باغا عقرب نے اسے بتایا۔



''عقرب!......؟'' عبداللہ جان نے حیرت سے کہا۔ ''یہ بڑا عجیب و غریب نام ہے پہلی بار سن رہا [illegible] بھلا کیا نام ہوا؟''

''یہ نام تمہیں اس لیے عجیب و غریب لگ رہا ہے کہ اس طرح کے نام ہمارے ہاں رکھے نہیں [illegible] یہ ایک ستارے کا نام ہے۔''

''مجھے کبھی ستاروں سے دل چسپی نہیں رہی ہے۔'' عبداللہ خان نے کہا۔ ''ویسے اس نام کے کیا [illegible] تے ہیں؟''

''اس کے معنی تم ایک بچھو کے سمجھ لو...... ایک بچھو ستارے کا نام عقرب ہے۔'' عقرب نے بتایا۔

''بچھو......؟'' وہ تحیر زدہ لہجے میں بولا۔ ''بچھو تو ایک موذی کیڑا ہے اس کا ڈنک بڑا زہریلا ہوتا ہے۔''

''ہاں...... بچھو کا ڈنک واقعی زہریلا ہوتا ہے میرے والدین نے میرا نام بچھو اس لیے رکھا ہے کہ [illegible] جرم پیشہ لوگوں کو ڈنک مار سکوں تا کہ پھر وہ کبھی جرم وغیرہ نہ کر سکیں۔ انہیں سبق مل جائے۔'' [illegible] نے کہا۔

[illegible] لمحے کے لیے اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ پھر اس نے فوراً ہی موضوع بدلا۔ ''تم نے پورے ملک [illegible] سیاحت کا جو پروگرام بنایا ہے اس پر خاصی رقم خرچ ہو گی۔ کتنی رقم خرچ ہو گی تمہیں کچھ اندازہ

''[illegible] خرچ کرنے اور اخراجات پر منحصر ہے۔'' عقرب نے کہا۔ ''دیکھا جائے تو پانچ لاکھ روپے [illegible] دس بیس ہزار روپے بھی خاصی معقول رقم ہے۔ اتنی رقم سے بھی پورے ملک کی میر و سیاحت [illegible] سکتا ہے۔''

''[illegible] تم سفر کے اخراجات کے لیے کتنی رقم لے کر نکلے ہو؟'' اس نے پوچھا۔ ''تمہارا ارادہ کتنے [illegible] منے کا ہے؟''

''[illegible] لاکھ روپے......'' عقرب نے اس کے چہرے کے تاثرات دیکھنے کے لیے اس کے چہرے پر [illegible] مرکوز کر دیں۔ ''میں چھ ماہ تک شہر شہر گھومتا اور سیر کرتا پھروں گا کیوں کہ بار بار سیر و تفریح کا [illegible] ہے۔''

''[illegible] لاکھ روپے......؟'' اس کی رال ٹپک پڑی۔ اسے اندازہ نہ تھا کہ عقرب اس قدر تگڑا شکار [illegible] وہ ٹھٹک اٹھا پھر اس نے پوچھا۔ ''کیا تم اتنی بڑی رقم اپنی جیب میں لیے پھر رہے ہو؟ تمہیں [illegible] اس نہیں ہوتا ہے؟''

''[illegible] اس رقم کو اس لیے ساتھ لیے پھر رہا ہوں کہ سوٹ کیس میں رکھنا خطرے سے خالی نہیں [illegible] بھی ہو سکتی ہے۔''

''[illegible] تم میرے مہمان ہو اور دوست بھی بن گئے ہو اس لیے میرے ساتھ چلو تا کہ میں پشاور کی [illegible] لے چلوں۔''

''[illegible] بہت شکریہ دوست! مجھے احمق مت سمجھو۔'' لمحے بھر کے لیے اس کا چہرہ متغیر سا ہو گیا۔ پھر

اس نے فوراً ہی اپنے آپ کو سنبھال لیا۔ ''یہ خیال تمہارے دل میں کس لیے پیدا ہوا؟''

''اس لیے کہ تم ایک جیب کترے ہو۔ یہ تمہارا پیشہ ہے۔ تم لوگوں کی بھرے بازار میں کاٹتے پھرتے ہو۔'' عقرب نے کہا۔

''تمہیں وہم ہوا ہے۔ تم نے کسی ایسے جیب کترے کو دیکھ لیا ہوگا جس کی شکل مجھ سے ہے۔ اس لیے تم الزام لگا رہے ہو؟''

''میں نے تمہیں قصہ خوانی بازار میں ایک شخص کی جیب کی صفائی کرتے ہوئے اپنی آنکھ خود دیکھا ہے۔'' عقرب نے کہا۔

''تمہارے پاس اس بات کا کیا ثبوت ہے۔'' اس کا لہجہ تیز ہوگیا۔ ''تم ایک شریف چور اچکا بدمعاش بنا رہے ہو۔''

''ثبوت اس بات کا یہ ہے کہ اس شخص کا بٹوہ تمہاری جیب میں ہے۔ تم اس ہوٹل میں آئے ہو...... اس وقت آتے ہو جب کسی کی جیب پر ہاتھ صاف کرتے ہو تا کہ یہ دیکھ سکو کہ اس رقم ہے۔ پھر بٹوے میں سے رقم نکال کر بٹوہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر پھینک دیتے ہو اور اچھے میں کھاتے پیتے ہو...... تمہیں میرا میز پر آنا اس لیے ناگوار لگا کہ تم یہ دیکھنا چاہتے تھے کہ اس بٹو کتنی رقم موجود ہے کیا میں غلط کہہ رہا ہوں۔''

''تم بکواس کر رہے ہو۔ جھوٹ بول رہے ہو۔'' وہ بگڑ گیا۔ ''تم نے میرے خلاف کچھ کہا تمہارا منہ توڑ دوں گا۔''

''تمہارا نام عبداللہ جان نہیں بلکہ ہر جان عالم ہے۔ تم دو مرتبہ جیب کاٹنے کے الزام جا چکے ہو۔ پہلی بار تم نے سات ماہ کی سزا کاٹی...... دوسری مرتبہ چار ماہ کی...... پھر تم ضمانت پر رہا اس کے علاوہ تم ایسی دکانوں سے مال چراتے ہو جن پر گاہکوں کا رش ہوتا ہے۔ ایک بار بس اڈ ایک مسافر کا دستی بیگ لے کر بھاگتے ہوئے پکڑ لیے گئے لوگوں نے تمہاری خوب پٹائی کی تم و کسی نہ کسی طرح بھاگ نکلے ورنہ اس روز تمہاری خیر نہ ہوتی۔ تم دو دن تک بستر پر پڑے ر کیوں کیا یہ بھی بکواس ہے؟''

اس کا چہرہ فق ہوگیا۔ اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں اور اس کا سر چکرا گیا۔ ''ہو......؟'' اس کے حلق میں گرہیں پڑنے لگیں۔ ''تت...... تم میرے بارے میں یہ سب کیسے جا تمہیں کس نے بتایا؟ تم......''

''میں ایک بچھو ہوں جو تم مجرم پیشہ لوگوں کو ڈنک مارتا ہے...... کسی کا جرم مجھ سے چھپا نہیں ہے...... تمہارے بارے میں تمہارے چہرے کی خباثت اور آنکھوں کی کمینگی بتا رہی ہے کہ تم کیا کیسے ہو......؟''

''لیکن تمہیں میرے نام کے بارے میں کیسے معلوم ہوا......؟'' وہ ششدر سا تھا۔ ''ا بات کیسے جانتے ہو کہ میں نے دو مرتبہ جیل کاٹی ہے اور ایک مرتبہ بس اڈے پر میری پٹائی ہوئی ا



کر پڑا رہا...... یہ ساری باتیں چہری پر لکھی نہیں ہوتی ہیں۔ یقیناً میرے کسی دوست یا پولیس نے بتائی ہیں کیوں......؟''

''جب یہ میری باتیں سچ ہیں تو تمہیں اس بات سے انکار نہیں ہونا چاہیے کہ تم نے ایک شریف جیب کاٹی ہے لاؤ وہ بٹوا مجھے دے دو تا کہ میں اس بٹوے کو اس شخص تک پہنچا دوں......'' عقرب

''نہیں...... میں وہ بٹوا تمہیں نہیں دوں گا۔ وہ بٹوا تمہارا یا تمہارے باپ کا نہیں ہے۔'' وہ ہذیانی ہوا۔

''دیکھو...... یہ ہوٹل ہے یہاں دنگا فساد مناسب نہیں ہے۔ لوگ ہماری طرف دیکھ رہے ہیں۔'' نے اسے سمجھایا۔

''میں ان لوگوں سے کہہ دوں گا کہ تم جیب کترے ہو۔ تم نے ایک شریف آدمی کی جیب کاٹی ہے تو صرف تمہاری دھنائی کر دیں گے بلکہ پولیس کے حوالے بھی...... تمہیں پھر جیل ہو جائے گی پھر تم ماہ کی سزا کاٹو گے۔''

''ی نے مجھے ہاتھ لگانے کی کوشش کی تو میں اسے جان سے مار دوں گا۔'' اس نے اپنی جیب ڈال دیا اور اس کا چہرہ سرخ ہوگیا۔ ''پولیس میرا کچھ بگاڑ نہیں سکتی ہے اس لیے کہ میں اسے ہر ہوں۔''

''تمہاری جیب میں چاقو ہے جس پر اکڑ دکھا رہے ہو...... لیکن ایک آدمی اور ایک چاقو سے کیا ہوتا رے ہال میں دس بارہ آدمی موجود ہیں وہ تم پر کرسیوں سے حملہ کر دیں گے اور تمہارا حشر نشر''

''یں یہ بھی معلوم ہے کہ میری جیب میں ایک چاقو ہے؟'' اس کی آنکھیں حیرت سے پھیل ''کیا تم بھی ایک چھٹے ہوئے بدمعاش ہو۔ تم نے بھرے بازار میں میری جیب کو ہاتھ لگا کر دیکھ لیا ہوا ہے؟''

''اس شریف آدمی کا بٹوا مجھے دے رہے ہو یا نہیں......؟'' عقرب نے اس کی آنکھوں میں کمانہ لہجے میں کہا۔ ''تم نے مجھے بٹوا نہیں دیا تو پھر میں شور مچا کر تمہارے خلاف ایک دوں گا۔ شرافت سے بٹوا دے دو۔''

انی عالم ایک جھٹکے سے کھڑا ہوا اور بیرونی دروازے کی طرف برق سرعت سے اس طرح لپکا اس کی تلاش میں ہو سامنے ایک خالی تانگہ گزر رہا تھا وہ اس میں سوار ہوگیا۔ اس نے پتا بتاتے ہوئے کہا۔ ''جلدی سے چلاؤ...... تیز چلاؤ...... بدمعاش میرا پیچھا کر رہے ہیں مار دینا چاہتے ہیں۔''

ان عالم نے اپنے اڈے پر تانگہ رکوایا۔ وہ یہاں ہر طرح محفوظ تھا۔ اس نے یہ دیکھ کر اطمینان قرب اس کے تعاقب میں نہیں آ رہا ہے لیکن وہ پھر بھی عقرب سے بہت زیادہ خوف زدہ اور

ہراساں ہوگیا کیوں کہ عقرب اس کے بارے میں جو کچھ جانتا تھا اتنا اس کے قریبی دوست بھ
جانتے تھے۔ جب کہ عقرب اجنبی تھا اس لیے کہ وہ پہلی بار عقرب سے ملا تھا۔ اسے اپنی زندگی
ایسے شخص سے واسطہ نہیں پڑا تھا۔

اس نے کرایہ دینے کے لیے جیب میں ہاتھ ڈالا اس جیب میں وہ اپنا بٹوا رکھتا تھا۔ لیکن اس
میں اس کا بٹوا نہیں تھا اس نے دوسری وہ جیب دیکھی جس میں اس نے پار کیا ہوا بٹوا رکھا تھا وہ
غائب تھا اس نے ایک ایک بار پھر سے تمام جیبیں دیکھ ڈالیں نہ تو اس کی جیب میں چاقو تھا او
دونوں بٹوے تھے اس کی ساری جیبیں خالی پڑی تھیں۔ اس کے بٹوے میں تین سو دس روپے
کے پاس کرایہ دینے کے لیے پیسے نہیں تھے۔

عقرب نے پہلے تو اس جیب کترے کے بٹوے کو جیب سے نکال کر دیکھا۔ اس میں تین
روپے لانڈری کی رسید اور اس کے شناختی کارڈ کی فوٹو اسٹیٹ کاپی تھی۔ پھر اس نے وہ بٹوا جیب
لیا۔ پھر اس نے دوسرا بٹوا نکالا اور اس کا جائزہ لیا۔ اس بٹوے میں ہزار ہزار روپے کے دس اور
روپے کے چھ، سو کے دو اور دس دس روپے کے سات عدد نوٹ تھے۔ اس بٹوے میں اس شخص
شناختی کارڈ اور بجلی کا بل بھی تھا۔ عقرب نے شناختی کارڈ نکال کر دیکھا۔ اس شخص کا نام حبیب یار
شناختی کارڈ کے حساب سے اس کی عمر چالیس برس بنتی تھی۔ پتا پشاور شہر کا ہی تھا۔

عقرب ہوٹل سے نکل کر قصہ خوانی بازار آ گیا شاید بدنصیب شخص سے ملاقات ہو جائے و
پاگلوں کی طرح اپنا بٹوا تلاش کر رہا ہو۔ اس نے پورا بازار چھان مارا لیکن وہ شخص اسے کہیں دکھا
دیا۔ وہ ناامید اور مایوس اور صدمے سے نڈھال ہو کر چلا گیا تھا ہر شخص یہ بات جانتا تھا کہ جیب کٹ
بعد بٹوا نہیں ملتا ہے۔

عقرب بیس منٹ کے بعد اس شخص کے گھر کے دروازے پر دستک دے رہا تھا۔ دستک د
چند لمحوں کے بعد دروازہ کھلا۔ ایک عورت کا سراپا دروازے پر نمودار ہوا چالیس بیالیس برس کی عمر
اس کے چہرے پر گہری اداسی چھائی ہوئی تھی اور اس کی آنکھوں سے حزن و ملال جھانک رہا تھا۔
آنکھیں بتا رہی تھیں وہ رو چکی ہے اس کی آنکھوں کے کناٹیوں میں ابھی بھی موتی دمک رہے
نے عقرب کو سوالیہ نظروں سے دیکھا۔

"حبیب یار خان صاحب گھر پر تشریف رکھتے ہیں؟" عقرب نے بڑے دھیمے لہجے میں دریافت
"جی...... جی ہاں...... وہ ہیں۔" عورت کی آواز گلے میں رندھ رہی تھی۔ "آپ ہیں کون
میں نے آپ کو پہچانا نہیں۔"

"میں ایک اجنبی شخص ہوں۔" عقرب نے جواب دیا۔ "میں ان سے ملنا چاہتا ہوں مجھے ا
ایک بہت ضروری کام ہے۔"

"بات یہ ہے کہ اس وقت ان کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے اور وہ بہت پریشان ہیں وہ شاید
سے مل سکیں۔" عورت نے بڑی افسردگی سے کہا۔ "آپ ایسا کریں کہ شام کے بعد کسی وقت



تا اس وقت تک ان کی طبیعت سنبھل جائے۔"

"مجھ سے ملنے کے بعد نہ صرف ان کی طبیعت ٹھیک ہو جائے گی بلکہ ان کی پریشانی بھی دور
ہو جائے گی۔" عقرب نے اس عورت کو دلاسا دیا۔ "میں زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ آپ ان سے جا کر کہہ
دیں کہ ایک شخص ایک ضروری کام سے ملنے کے لیے آیا ہوا ہے۔"

"اچھی بات ہے میں ان سے کہہ کر دیکھتی ہوں۔" عورت افسردگی سے بولی۔ پھر وہ دروازہ بھیڑ
کر چلی گئی۔

تھوڑی دیر کے بعد وہ عورت آئی۔ اسے اپنے ساتھ لے کر کمرے میں داخل ہوئی اس کمرے
میں ایک مسہری تھی جس پر حبیب یار خان بستر پر لیٹے ہوئے تھے وہ باریش تھے ان کی کالی داڑھی میں
سفید بال جھانک رہے تھے وہ ایک مریض کی طرح بستر پر دراز تھے ان کے دل کا صدمہ ان
کے چہرے سے صاف ظاہر تھا۔ ان کی عمر پچپن برس کی لگ رہی تھی۔ ان کے سرہانے ایک بارہ برس کی
لڑکی بیٹھی آہستہ آہستہ ان کا سر دبا رہی تھی۔ وہ بھی بہت غمگین دکھائی دے رہی تھی۔

عقرب نے مسہری کے پاس جا کر انہیں سلام کیا تو انہوں نے عقرب کو حیرت سے دیکھتے ہوئے
سلام کا جواب دیا۔ اس عورت نے ایک کرسی لا کر مسہری کے پاس رکھ دی۔ عقرب نے ان سے
گرمجوشی سے مصافحہ کیا پھر اس نے خوش دلی سے پوچھا۔ "خان صاحب! ایسا کیا غم ہے جس نے
آپ کو ایک دن میں برسوں کا مریض بنا دیا؟"

"کیا غم ہو تو بتاؤں بیٹے!" انہوں نے ایک گہری سانس لی۔ بڑے کرب ناک لہجے میں
بولے۔ "میں بڑا بدقسمت ہوں۔"

عقرب نے اپنی جیب سے ان کا بٹوا نکال کر ان کی طرف بڑھایا۔ "کیا آپ اس کے لیے غمگین
ہو رہے تھے؟"

انہوں نے عقرب کے ہاتھ سے بٹوا نہیں لیا۔ وہ اٹھ کر اس طرح بیٹھ گئے جیسے ان میں اس بٹوے
نے روح پھونک دی ہو۔ توانائی آ گئی ہو۔ پھر انہوں نے عقرب کے ہاتھ سے بٹوا لیا تو ان کی
آنکھوں میں بے اختیار آنسو آ گئے۔ اس لڑکی اور عورت نے ایک دوسرے کو حیرت اور خوشی سے دیکھا۔
ان کی آنکھوں میں بھی خوشی کے آنسو موتیوں کی طرح دمکنے لگے۔

"میرا بٹوا تمہیں کہاں سے اور کیسے ملا؟" ان کی زبان فرط مسرت سے لڑکھڑا رہی تھی۔
"کل ایک جیب کترے نے اپنے ہاتھ کی صفائی دکھائی ہے میں نے پولیس میں رپورٹ
لکھوا دی یہ جانتے ہوئے کہ میری رقم مجھے نہیں ملے گی۔"

"میں نے اس جیب کترے کو آپ کی جیب سے بٹوا نکالتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔" عقرب کہنے
لگا۔ "میں اسے اس کو پکڑ نہ سکا لیکن اس کا تعاقب کرتا رہا۔ آخر اسے بہت دور جا کر جا لیا اور اسے
ڈرایا تو اس نے بٹوا تو فوراً ہی میرے حوالے کر دیا جس کی مجھے امید نہ تھی میں آپ کی امانت لوٹانے
آیا ہوں۔"

''اللہ تیرا شکر ہے۔'' انہوں نے ہاتھ اٹھا کر اللہ کا شکر ادا کیا۔ ماں بیٹی نے دونوں ہاتھوں دوپٹے اٹھا کر اور پھیلا کے اللہ کا شکر ادا کیا۔ پھر بولے۔ ''اللہ نے ہم پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ جتنا شکر ادا کریں کم ہے۔ اور بیٹے! تم نے جو احسان کیا ہے۔ فرض شناسی کی ہے ہم نہ تو اس کا بدلہ چکا سکتے ہیں اور نہ شکر ادا کرنے کے لیے ہمارے پاس الفاظ ہیں۔''

''کسی کے کام آنا کوئی احسان نہیں ہے۔ مجھے آپ کے کام آ کر کس قدر خوشی ہو رہی ہے۔ اندازہ نہیں کر سکتے ہیں۔''

''نیک اور اچھے لوگوں کی یہی پہچان ہے۔'' وہ کہنے لگے۔ ''تم نے دیانت داری کا جو ثبوت دیا ہے اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے آج کے دور میں لوگ دس دس روپے پر جان دے دیتے ہیں لیتے ہیں لیکن تم نے ہزاروں کی رقم لا کر لوٹا دی۔ اس نیکی کا اجر اللہ دے گا۔ اللہ تمہیں سدا خوش رکھے دنیا کی ہر آفات سے محفوظ رکھے۔''

''ہم لوگ بیٹے تمہیں صرف دعائیں دے سکتے ہیں اس کے سوا ہمارے پاس دینے کے لیے کچھ نہیں ہے۔'' عورت نے جذباتی لہجے میں کہا۔ ''تم نے ہمیں بڑی تباہی و بربادی اور بہت مصیبت سے بچا لیا رقم نہ ملتی تو جانے کیا ہوتا۔''

''بات یہ ہے بیٹے!'' حبیب یار خان نے کہا۔ ''دراصل یہ رقم میں نے اپنے ایک دوست سے بطور قرض لی تھی میں دوست کی دکان سے رقم لے کر نکلا اور کچھ فاصلہ طے نہیں کیا تھا کہ میری جیب کٹ گئی پھر میں نے اپنے دل میں سوچا کہ اللہ ہی جانتا ہے کہ اس میں اس کی کیا مصلحت ہے لیکن میرا تو صدمے سے میرا دل و دماغ بڑا متاثر ہو گیا۔''

''لیکن آپ کو اتنی بڑی رقم قرض لینے کی ضرورت کس لیے اور کیوں پڑ گئی؟'' عقرب نے دریافت کیا۔

''اس لیے کہ ہم اپنے بیٹے کو عوض خان کے قید خانے سے رہا کروائیں۔'' عورت کہنے لگی ''اس نے ہمارے بیٹے کو یرغمال بنا کر اپنی نجی جیل میں قید کیا ہوا ہے اس نے ہمارے بیٹے کی رہائی کے دو لاکھ روپے طلب کئے ہیں؟''

''کیا مطلب؟'' عقرب نے عورت کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔ ''یہ عوض خان کون ہے۔ اس نے آپ کے بیٹے کو کیوں اور کس لیے اپنے قید خانے میں ڈال رکھا ہے آپ کے بیٹے کا کیا قصور ہے؟ اور پھر دو لاکھ روپے تاوان کس لیے مانگ رہا ہے؟ کیا آپ تاوان ادا کرنے کی سکت رکھتے ہیں؟''

''درخشاں!'' انہوں نے اپنی بیوی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ ''تم نے ہمارے محسن کو کچھ کھانے کے لیے کہا اور نہ ہی سانس لینے دیا اور اپنا دکھڑا بیان کر دیا۔ تم جا کر ان کے لیے کچھ بنا لاؤ۔ خاطر کرو۔ میں ان سے باتیں کرتا ہوں۔''

درخشاں کے چہرے پر ندامت کی سرخی پھیل گئی۔ پھر وہ کمرے سے نکل گئی اور بیٹی بھی چلی گئی۔ انہوں نے عقرب سے بیٹھنے کے لیے کہا۔ جب عقرب بیٹھ گیا تو وہ کہنے لگے۔ ''عوض خان



منشیات فروش اور اسمگلر ہے اس کا تعلق بین الاقوامی منشیات کی مافیا سے ہے وہ بڑا طاقت ور اور بااثر بھی ہے۔ اس نے ایک امپورٹ ایکسپورٹ فرم بنا رکھی ہے جس کی آڑ میں وہ یہ گھناؤنا کاروبار کرتا ہے میرے بیٹے نے اس فرم میں ملازمت کر لی۔ جب تین ماہ کے بعد اس پر انکشاف ہوا کہ یہ معاملہ کیا ہے۔ اس نے استعفا لکھ کر دے دیا۔ ایک ایسے وقت جب وہ میرے بیٹے کو امریکہ بھیج رہا تھا تاکہ ہیروئن اسمگل کی جا سکے میرے بیٹے کے انکار پر اسے اپنے قید خانے میں ڈال دیا۔ جب میں نے اس کی رہائی کے لیے بات کی تو اس نے مجھ سے دو لاکھ روپے تاوان طلب کیا۔ صرف اتنی سی بات ہے۔ میں نے پولیس سے رابطہ کیا افسران اعلیٰ سے ملا۔ لیکن میری شنوائی نہیں ہوئی۔''

انہوں نے سانس لینے کے لیے توقف کیا تو عقرب نے کہا۔ ''تو کیا آپ دو لاکھ روپے تاوان ادا کر رہے ہیں؟''

''جی ہاں......'' حبیب یار خان نے سر ہلایا۔ پھر وہ بڑے کرب سے بولے۔ ''مجبوری ہے۔ میں ایک عام آدمی ہوں۔ ان لوگوں کے نزدیک میری حیثیت اور حقیقت ہی کیا ہے۔ میں مافیا سے لڑ نہیں سکتا ہمارا بیٹا ہمیں بہت عزیز ہے اور ہمارے لیے بہت بڑی دولت ہے۔ سرمایہ ہے اس کی زندگی اور رہائی کے لیے ہم دو لاکھ کیا اپنی جان بھی دے سکتے ہیں اپنے آپ کو نچھاور بھی کر سکتے ہیں۔''

''کیا آپ نے دو لاکھ کی رقم کا بندوبست کر لیا ہے؟ یہ رقم تو بہت بڑی ہے؟'' عقرب نے کہا۔

''میری بیوی کے شادی کے جو زیورات ہیں انہیں ہم بیچ رہے ہیں ایک دکان دار نے اس کے ڈیڑھ لاکھ ہزار لگائے ہیں بیس ہزار کی مزید ضرورت تھی۔ اس لیے میں نے اپنے ایک دوست سے باقی کی رقم قرض لی۔ میری بیوی نے جو پانچ ہزار کی رقم پس انداز کی ہوئی تھی وہ اس میں شامل ہے۔ میں کل میں اسے رقم دے کر بیٹے کو لے آؤں گا۔''

اسی وقت درخشاں ایک ٹرے میں دو کپ چائے، سیب، پستہ اور بادام لے کر کمرے میں داخل ہوئی۔ اس نے مسہری کے سرہانے والی میز پر ٹرے کو رکھ دیا کچھ فاصلے پر جو خالی کرسی تھی وہ اس پر بیٹھ گئی عقرب کو دیکھنے لگی۔

''آپ کو نہ تو زیورات بیچنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی اس خبیث شخص کو تاوان ادا کرنے کی۔'' عقرب نے کہا۔

''لیکن بیٹے!'' حبیب یار خان نے پہلو بدل کر کہا۔ ''ہم اسے رقم ادا نہیں کریں گے تو وہ ہمارے بیٹے کو ہلاک کر دے گا۔''

''بیٹے کی رہائی اور اس کی زندگی اور سلامتی کے لیے مکان بھی فروخت کرنا پڑے تو ہم فروخت کر دیں گے۔'' درخشاں نے کہا۔

''آپ لوگ جذباتی نہ ہوں۔'' عقرب نے کہا۔ ''اس مردود کو دو لاکھ روپے تو کیا دو روپے بھی دینے کی ضرورت نہیں ہے۔''

''اس نے ہم نے ایک ماہ کے اندر اندر اسے رقم ادا نہیں کی تو ہمارا بیٹا موت سے ہمکنار ہو جائے گا۔''

حبیب یار خان کہنے لگے۔

"تم عوض خان کے بارے میں نہیں جانتے کہ وہ کس قدر ظالم سفاک اور بے رحم شخص۔ کی نجی جیل میں صرف میرا ایک بیٹا ہی قید نہیں ہے اور بھی کئی بے گناہ قید ہیں۔ ان میں شاید ایک دو سال عورتیں بھی ہیں۔ سنا ہے کہ قیدیوں کے ساتھ جانوروں جیسا سلوک کیا جاتا ہے دن میں صرف مرتبہ کھانے کو دیا جاتا ہے وہ بھی ایسا سالن اور بدمزہ کھانا کہ جانور بھی نہ کھانا پسند کریں۔ ذرا ذ بات پر انہیں ہنٹر سے مارا جاتا ہے۔ تشدد کیا جاتا ہے...... یہ سب کچھ سوچ سوچ کر ہول آتا ہے۔ نیندیں حرام ہو کر رہ گئیں ہیں جب کھانے بیٹھتے ہیں تو نوالہ حلق سے ہی نہیں اترتا ہے۔ اب تم بیٹے! اس صورت میں کیا کریں ہمارے لیے بیٹے سے جدائی کا ایک ایک دن صدی کی طرح بھا سوہاں روح بن گیا ہے۔"

"میں اس بات کی ضمانت دیتا ہوں کہ آپ کے بیٹے کا بال تک بیکا نہیں ہوگا۔ میں اسے سے نکال لاؤں گا۔"

"یہ ناممکن سی بات ہے بیٹے!" وہ عقرب کی طرف پستہ بادام کی پلیٹ بڑھاتے ہوئے بو یہ لو کھاؤ۔"

"یہ ناممکن کیوں ہے؟" عقرب نے پلیٹ سے تین چار بادام اٹھا کر منہ میں رکھتے ہوئے پوچھ

"اس لیے کہ اس کی حویلی میں چڑیا بھی پر نہیں مار سکتی ہے۔" حبیب یار خان نے جواب اس قدر سخت پہرہ ہے کہ پولیس افسران بھی بغیر اجازت حویلی میں داخل نہیں ہو سکتے ہیں اس میں جو پہرہ دار اور نوکر چاکر ہیں وہ سب پیشہ ور قاتل مفرور مجرم اور جرائم پیشہ ہیں ان کے فہرست بہت لمبی ہے۔ اس کے پاس ہر قسم کا جدید ترین اسلحہ، ڈائنامیٹ دستی بم اور لانچر وغیرہ بھی لاکھوں روپوں کی ہیروئن بھی اس نے ایک کمرے میں رکھی ہوئی ہے۔"

"اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔" عقرب نے ٹرے سے چائے کا کپ اٹھاتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"کیا......؟" حبیب یار خان کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ درخشاں بھی ششد عقرب کو دیکھنے لگی۔ وہ بولے۔ "لیکن بیٹے! تم کس بنا پر کہہ رہے ہو کہ اس سے کوئی فرق نہیں پڑ عوض خان کو تم جانتے ہو؟ اس سے دوستی ہے؟"

"نہ میں اسے جانتا ہوں اور نہ اس سے میری دوستی ہے۔ میں نے اس کی شکل تک نہیں ہے۔" عقرب نے بتایا۔ "میں تو اس کا نام پہلی بار سن رہا ہوں۔ شاید اس لیے بھی کہ میں اس شہر ہوں کالام سے آیا ہوا ہوں۔"

"عوض خان کے نام سے نہ صرف بڑے بڑے پیشہ ور قاتل بلکہ پولیس افسران بھی کا عوض خان نے کبھی اپنے دشمن کو معاف نہیں کیا ہے۔ وہ بھی ایک قاتل اور درندہ صفت ہے اس ٹکراؤ گے؟" انہوں نے پوچھا۔



اس سے ٹکر لینے اور مقابلہ کرنے کے سوا چارہ بھی نہیں ہے کیوں کہ اس صورت میں ہی آپ کا ...۔"

"...کی کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا ہے کہ تم تن تنہا اس شخص سے کیسے مقابلہ کرو گے؟ وہ بہت بڑا شیطان ..."

"آپ دیکھتے جائیں کہ میں اس شیطان سے کیسے نمٹتا ہوں۔" عقرب نے کہا۔ "اس کے بڑا ...طاقت ور اور بااثر ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے اب اس سے میرا جو مقابلہ ہوگا وہ ذہانت ...۔"

"...بیٹے! نہیں...... درخشاں جوان کی باتیں سن رہی تھی درمیان میں بول پڑی۔ اس کا لہجہ ... "تم اس درندہ صفت شخص سے واقف نہیں ہو۔ خدا کے لیے اپنی جان خطرے میں نہ ڈالو۔ تم ... ایک گھر کے چشم چراغ ہو۔ ہم نہیں چاہتے کہ تم ہمارے بیٹے کے لیے اتنا بڑا خطرہ مول ... ہم نے اس کی رہائی کے لیے رقم کا انتظام کر لیا ہے۔"

"آپ لوگ فکر مند اور پریشان نہ ہوں۔" عقرب نے انہیں دلاسا دیا۔ "مجھ پر کوئی آنچ ... اور میرا بال تک بیکا نہیں ہوگا۔ عوض خان چوں کہ ایک ظالم اور جابر شخص ہے اسے اس کے ... ملنا چاہیے۔ یہ سزا اسے ایک دن ضرور ملے گی۔ اوپر والے کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں کوئی ... اسے بچ نہیں سکا ہے۔"

...دس بجے حویلی سے نصف میل کے فاصلے پر حبیب یار خان، عقرب کو پہنچا کر واپس چلے ... نے ان سے خود ہی واپس جانے کے لیے کہہ دیا تھا وہ انہیں ساتھ رکھنا نہیں چاہتا تھا۔ ... عقبی راستے سے اس کی جانب بڑھنے لگا کچھ دیر کے بعد وہ عقبی دروازے پر موجود تھا۔ ... تاریکی تھی اور آسمان پر ستارے جگ مگ کر رہے تھے۔

... عقرب حویلی کے اندر تھا وہ عمارت کے عقبی حصے میں کھڑا ہوا تھا۔ اس نے ایک کمرے ... ڈوبا ہوا تھا سسکیوں کی آوازیں سنیں۔ یہ عورتوں کی سسکیوں کی آوازیں تھیں۔ اس ... بہت ہی بھاری تالا پڑا ہوا تھا۔ عقرب نے اس تالے کو گہری نظروں سے دیکھا۔ اگلے ... بغیر تالا کھولے کمرے میں داخل ہو سکتا تھا لیکن اس نے کسی وجہ سے مناسب نہیں سمجھا ... ان عورتوں کو اس کمرے سے نکالنا تھا۔

... تالا نکال کر زمین پر ایک طرف پھینک دیا پھر وہ کنڈی کھول کر اندر داخل ہوا اس نے ... پھر سوئچ بورڈ تلاش کر کے سوئچ آن کیا کمرہ بھک سے روشنی میں نہا گیا۔ اس روشنی میں ... اور حسین عورتوں کو ایک پلنگ پر بیٹھے دیکھا ایک بیس برس کی لڑکی تھی جو دلہن بنی ہوئی ... ایسا لگ رہا تھا جیسے اسے ابھی حجلۂ عروسی سے اٹھا کر لایا گیا ہو وہ زار و قطار رو رہی ... میں اور زیورات سے لدی پھندی تھی اس کے ہاتھوں اور پیروں میں مہندی لگی ہوئی ... اور موہنی صورت کی تھی۔

دوسری عورت جو تھی وہ پچیس برس کی تھی۔ عقرب نے اسے دیکھا۔ وہ بھی بھڑ کیلے لہ
اس کے بدن پر زیورات بھی تھے اس کے ہاتھوں اور پیروں میں بھی مہندی لگی ہوئی تھی اور
لیکن دلہن کو دلاسا دے رہی تھی کہہ رہی تھی کہ...... زرتاج! اللہ پھر بھروسا رکھو...... وہ ضرو
مصیبت میں کام آئے گا۔"

وہ دونوں عقرب کو دیکھ کر چونکیں اور لمحے کے لیے رونا بھول گئیں۔ عقرب نے ان
کر سب کچھ معلوم کرلیا تھا۔ پھر بھی اس نے انجان بن کر پوچھا۔ "آپ دونوں کون ہیں؟
آپ کو یہاں کون لے کر آیا ہے؟"

بڑی عمر والی عورت نے حیرت سے عقرب کی طرف دیکھا اور رندھی ہوئی آواز میں
آپ نہیں جانتے ہیں ہم کون ہیں؟"

"جی نہیں۔" میں نہیں جانتا ہوں آپ دونوں کون ہیں۔ عقرب نے سر ہلایا۔ "
سسکیوں کی آواز سنی تو دروازہ کھول کر چلا آیا۔"

"ہم دونوں بڑی بد بخت ہیں۔" بڑی عمر والی عورت نے کہا۔ "میرا نام درشہوار ۔
چھوٹی بہن زرتاج ہے آج ہی اس کی شادی ہوئی اس کی رخصتی بھی نہیں ہونے پائی تھی کہ ملک
مسلح ساتھیوں کے ساتھ گھر پر پہنچا وہ ہم دونوں کو اٹھا کر لے آیا اور اس کمرے میں قید کر د
یہاں ایک گھنٹے سے قید ہیں۔"

"یہ ملک خان کون ہے اور آپ دونوں کو اٹھا کر یہاں کیوں لے آیا ہے؟" عقرب نے د
"کیا آپ ملک خان کے بارے میں نہیں جانتے ہیں؟" درشہوار کے چہرے پر گہرا استعج
"نہیں...... میں اس کے بارے میں بالکل بھی نہیں جانتا ہوں کہ یہ کون شیطان م
عقرب نے جواب دیا۔

"کیا...... کیا آپ عوض خان کے آدمی نہیں ہیں؟" درشہوار کی منجمد آنکھیں سوالیہ نشا
"نہیں...... میں اس کا آدمی نہیں ہوں۔ میں نے اس خبیث کی آج تک شکل تک
ہے۔" عقرب نے کہا۔

"جب آپ اس کے آدمی نہیں ہیں تو یہاں کیسے؟" درشہوار کو جیسے یقین نہیں آیا۔ "آ
نہیں بول رہے ہیں؟"

"میں اس حویلی میں ایک شخص کو رہائی دلوانے کے لیے آیا ہوں جسے عوض خان نے
قید کیا ہوا ہے۔" عقرب نے کہا۔

"اللہ کے لیے ہمیں بھی یہاں سے رہائی دلوا دیں بھائی!" زرتاج نے سسکیوں
کہا۔ "آپ کا ہم پر بڑا احسان ہوگا۔"

"آپ دونوں بے فکر رہیں۔" عقرب نے دلاسا دیا۔ "آپ دونوں کو یہاں سے
خان سے نجات مل جائے گی۔ پہلے آپ مجھے یہ بتائیں کہ ملک خان ہے کون...... وہ



یہاں اٹھا لایا ہے یہ ذلیل حرکت اس نے کس لیے کی ہے؟"

بات برس پہلے کی بات ہے کہ ملک خان نے میرے والد سے میرا رشتہ مانگا تھا۔" درشہوار
میرے والد نے اسے میرا رشتہ دینے سے صاف انکار اس لیے کر دیا کہ وہ ایک اوباش نشے
فروش تھا اس نے میرے والد کو دھمکیاں دیں کہ شادی نہ کرنے کی صورت میں انہیں قتل
اس کا انہی دنوں زمین کے تنازع پر اپنے سوتیلے بھائیوں سے جھگڑا ہو گیا۔ اس نے اپنی
بھائیوں کو قتل کر دیا۔ اسے پھانسی کی سزا ہوگئی رحم کی درخواست پر اس کی سزا عمر قید میں تبدیل
ماہ پیشتر وہ جیل سے فرار ہو گیا۔ عوض خان نے اسے اپنے گروہ میں شامل کر کے اسے
اس کے جیل جانے کے بعد میری شادی رشتہ دار لڑکے سے ہوگئی۔ اس نے تین ماہ پہلے
مانگا تھا زرتاج کا رشتہ طے ہو چکا تھا کون باپ اپنی بیٹی کا رشتہ توڑ کر ایک مفرور مجرم اور
ہے اس نے بہت دھمکیاں دیں آج آخر اس نے اپنی دھمکی کو عملی جامہ پہنایا۔ ہم
اپنے ساتھیوں کی مدد سے اٹھا لایا تا کہ ہم دونوں بہنوں کے ساتھ منہ کالا کرے ہم دونوں
یہ عہد کرلیا ہے کہ ہم مر جائیں گے اسے اس کی حسرت پوری کرنے نہیں دیں گی۔ ہم اللہ
مانگ رہی تھیں کہ اس مردود سے نجات ملے کہ آپ چلے آئے۔"

وہ اس وقت یہاں ہے کیوں نہیں......؟ وہ کہاں گیا ہوا ہے؟" عقرب نے دریافت کیا۔
ہے کیا؟"

حویلی میں جشن منایا جا رہا ہے۔" درشہوار بولی۔ "رقص و سرور کے لیے شباب اور شراب کا
ہے۔ طوائفیں آئی ہوئی ہیں وہ کہہ کر گیا ہوا ہے کہ ناچ گانا دیکھ کر اور شراب بھی لے کر آ رہا
رات ہم دونوں کے ساتھ جشن منا سکے۔"

آپ کو اس بات کا علم ہے کہ یہ جشن کس خوشی میں منایا جا رہا ہے؟" عقرب نے درشہوار سے

خان نے یورپ کے کسی ملک کو ہیروئن کی ایک کھیپ بھیجی تھی جس میں اسے ایک ارب کا
نے اپنے تمام لوگوں کو جمع کیا ہوا ہے۔ دعوت، شراب اور عیاشی کا اہتمام اس خوشی میں کیا
ار نے جواب دیا۔ باہر چاپیں سنائی دیں تو زرتاج چونک کر بولی۔ اس کے لہجے سے
"وہ مردود شاید آ رہا ہے۔"

دونوں بالکل بھی نہ گھبرائیں۔" عقرب نے سرگوشی میں آہستگی سے کہا۔ "میں غسل خانے
ہوں۔ دیکھیں وہ کیا کرتا ہے۔"

غسل خانے میں داخل ہو گیا۔ غسل خانے میں اندھیرا تھا اس نے دروازہ اتنا کھلا رکھا
بن گئی۔ وہ ملک خان کو دیکھنا اور اس کی باتیں سننا چاہتا تھا۔ اسے قابو کرنے میں جلد
چاہتا تھا۔

نے دروازے پر پہنچ کر اپنی جیب سے چابی نکالی اس کے دونوں ہاتھوں میں جو شراب

کی بوتلیں تھیں انہیں زمین پر رکھ دیا۔ اندھیرے میں اس نے جو تالا دیکھا تو وہ لگا ہوا نہیں تھا۔ ا
ہی نہیں تھا وہ گھبرا سا گیا۔ پھر اسے غصہ آ گیا کیا ان دونوں بہنوں کو کسی نے فرار کرا دیا؟ یہ کیس
ہو سکتی ہے؟ کس کی مجال تھی جو اس نے ان بہنوں کو آزاد کر دیا۔ پھر اس نے کمرے میں روشن
دروازے کے پیچھے سے جھانک رہی تھی۔ اس کا شک یقین میں تبدیل ہو گیا کہ دونوں بہنیں ف
ہیں۔ وہ مشتعل ہو گیا۔ پھر اس نے دروازے پر ایک زوردار لات دے ماری۔ دروازہ ایک د
کھل گیا۔ جب اس کی نظر دونوں بہنوں پر پڑی جو بستر پر سہمی ہوئی بیٹھی تھیں اس کا چہرہ حیر
سے کھل اٹھا اسے یقین نہیں آیا۔ وہ دل میں سخت حیران تھا کہ یہ دروازے پر سے تالا کس نے
کھولا؟ یہ دونوں بہنیں کمرے میں کس لیے موجود ہیں؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ کوئی اس کی غیر مو
آ کر دونوں بہنوں کے ساتھ وقت گزار کر چلا گیا۔ کہیں شداد اور کانا خان تو نہیں آئے ہوں
خان نے تو اسے تالا چابی دی تھی۔ کانا خان کے پاس اس تالے کی دوسری چابی یقیناً ہو گی۔

اس نے اپنا شک دور کرنے کے ارادے سے دہلیز پر کھڑے ہو کر باری باری دونو
بڑے غور اور مشکوک نظروں سے گھورا۔ اس کی تسلی ہو گئی کہ دونوں بہنوں کو کسی نے ہاتھ نہیں
ایسی کوئی بات ہوتی تو لباس کی بے ترتیبی اور حلیے سے ظاہر ہو جاتا۔ پھر اس نے اپنا شک مز
کی غرض سے بستر کی چادر دیکھی۔ بستر کی چادر پر شکنیں پڑی ہوئی نہیں تھیں۔ اس کا غصہ ض
لیکن وہ اندر ہی اندر کھول رہا تھا کہ اگر اسے کچھ دیر ہو جاتی تو اس کے مال غنیمت میں خیانت
اپنے تئیں یہ سمجھا کہ شداد اور کانا خان اپنے دل کے ارمان پورے کرنے آئے ہوں گے ا
سے موقع نہیں مل سکا۔ اور شاید ان دونوں نے اسے آتے ہوئے دیکھ لیا ہوگا اس لیے وہ ا
پورے کیے بغیر بھاگ نکلے بالغرض محال ان دونوں نے دونوں بہنوں کو ہاتھ لگایا ہوتا تو و
جا کر ان دونوں کو شوٹ کر دیتا۔ کیوں کہ یہ صرف اس کا مال غنیمت تھیں۔

پھر اس نے شراب کی بوتلیں اٹھائیں۔ کمرے میں داخل ہو کر انہیں میز پر رکھ دیا۔
دروازہ بند کر کے اندر سے چٹخنی لگا لی۔ پھر وہ ان دونوں کی طرف گھوم کر فاتحانہ نظروں سے د
مونچھوں کو تاؤ دینے لگا۔ پھر استہزائی لہجے میں بولا۔ ”شاباش! تم دونوں نے رونا دھونا بند کر
ایسی ہی عورتیں اچھی لگتی ہیں۔ ویسے بھی تم دونوں بہت پیاری ہو۔“

”ملک خان!“ درشہوار نے اسے شعلہ بار نگاہوں سے گھورتے ہوئے کہا۔ ”تم نے
حرکت کی ہے۔ میں نے تم جیسا کمینہ......“

”گالیاں بعد میں دیتی رہنا...... پہلے یہ بتاؤ کہ یہاں کون آیا تھا؟ یہ تالا کس نے کھ
خان نے مشکوک لہجے میں پوچھا۔

”ہمیں نہیں معلوم......“ درشہوار نے بے پروائی سے جواب دیا۔ ”ہم دونوں کو خبر تک
کہ کسی نے تالا بھی کھولا ہے۔“

”تم مجھ سے چھپا رہی ہو“ ملک خان غرایا۔ ”سچ سچ بتاؤ...... تم نے مجھ سے کچھ چھپای



ہارا حشر نشر کر دوں گا۔“

”ہمیں تم سے کوئی بات چھپانے کی ضرورت بھی نہیں ہے اور نہ ہم تم سے ڈرتی ہیں۔ تم بلاوجہ ہم پر
ہو۔“

”...... یہ تو میں بعد میں معلوم کر لوں گا۔ خدا کے لیے ہمیں جانے دو...... میری شادی ہو چکی
... پہلے میرے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر قسم کھائیں کہ...... مجھے تم سے بہت ... سن جوانی شباب اور جسم، چہرے اور آنکھوں سے نہیں...... میں زندگی کی آخری ... ار کتے کی طرح غلام رہوں گا۔'' چوہدری نے اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں ... اپنے سینے سے لگا کر بولا۔ ''میری رانی! میری شہزادی! مجھے تم سے بہت محبت ... تمہارے سر کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھے تمہارے حسن، جوانی، جسم اور ... نکھوں سے نہیں بلکہ صرف تمہاری روح سے محبت ہے۔ میں اپنی آخری سانس تک ... صرف تمہارا وفادار رہوں گا۔ تم جو حکم دوگی اسے بجالاؤں گا...... آئی لو یو مائی

... سے سچی محبت ہے۔'' نوراں خوش ہو کر بولی۔ ''اب آپ میرے پیروں پر اس ... جس طرح ایک کتا رکھتا ہے۔ پھر میرے دونوں پیروں کو چومیں اور اپنی آنکھوں ... ہدری جو کسی کے آگے کبھی جھکا نہیں، ذلیل نہیں ہوا، آج وہ حجلۂ عروسی میں ایک وفا ... اں کا ہر حکم بجالا رہا تھا۔ وہ کٹھ پتلی بن گیا تھا اور اس کی ڈوریاں نوراں کے ہاتھوں ... رہی تھی۔ چوہدری نے ایک کتے کی طرح اپنا سر اس کے پیروں پر رکھ دیا اور ... چومنے لگا۔

... چوہدری نے ملتجیانہ لہجے میں کہا۔ ''میری جان! اب تو تم اپنے رخ زیبا کا دیدار

... ہے......؟ کہاں ہے......؟'' نوراں نے بھڑک کر کہا۔ ''کیا کمرے میں کوئی اور

عورت بھی ہے؟"

"رخ زیبا سے مراد تمہارا چہرہ ہے۔" چوہدری اس کے معصومانہ غصے پر ہنس پڑا۔ "
چہرے کی بات کر رہا تھا۔"

"اوہ....." نوراں ہنس پڑی۔ "یوں کہو نا کہ رخ نوراں..... لیکن کیا آپ رخ نو
لا سکیں گے؟"

"شاید لا نہ سکوں..... میں شاید غش کھا جاؤں؟" چوہدری نے کہا۔ "نگہت نے کہا
کر چاند کو بھی شرما رہی ہو۔"

"نگہت اور شاداں نے میرے بارے میں جو کچھ کہا ہے وہ غلط نہیں ہے مجھے ایسا
آپ بے ہوش نہ ہو جائیں۔ کیوں کہ لباس، میک اپ، عروسی جوڑے اور زیورات نے مجھ
ہے..... اب آپ اپنے ہاتھوں سے میرا گھونگھٹ الٹ دیں۔ میری نظر دس ہزار روپ
غریبوں میں خیرات کر دیں۔" چوہدری نے دونوں ہاتھوں سے گھونگھٹ کے کونے
دروازے پر دستک ہوئی۔ دستک سنتے ہی چوہدری کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔ اس کا
وہ گھونگھٹ کے کونے چھوڑ کر ایک جھٹکے سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ پھر وہ تی
بڑھا۔ دروازے کے پاس جا کر ایک جھٹکے سے دروازہ کھول دیا۔

کمرے سے باہر نصرو اور اس کے تینوں ساتھی کھڑے ہوئے تھے۔ اور ان کے چہ
وہ اس ظاہر ہو رہا تھا۔ وہ اسے دیکھ کر غصے سے زیادہ حیران ہوا۔ پھر بھی اس نے لرخت
"کیا بات ہے......... ؟ تم لوگ کیوں آئے ہو؟"

"چوہدری صاحب! وہ کمینہ، بدمعاش ذلیل شہباز کوٹھی میں کسی طرح داخل ہو گیا۔
ہے۔ لہٰذا آپ....."

"کیا کہا..... شہباز کوٹھی میں داخل ہو گیا.....؟" چوہدری گھبرا گیا۔ "وہ مسلح بھی
داخل ہو گیا ہے۔ تم لوگ کیا....."

"ہم لوگ خود حیران ہیں۔" نصرو نے درمیان میں کہا۔ "وہ شاید عقبی دیوار پھاند کر
معلوم نہیں کہاں چھپ گیا ہے؟"

"میں حیران ہوں کہ وہ زندہ کیسے ہے.... ؟ میں نے تم لوگوں سے کہا تھا کہ اسے
تم نے اسے زندہ چھوڑ دیا؟"

"معلوم نہیں وہ زندہ کیسے بچ گیا.....؟" نصرو نے کہا۔ "ہم چاروں نے مل کر اسے
کہ وہ ادھ مرا ہو گیا تھا۔"

"وہ کوٹھی میں کہاں چھپ سکتا ہے.....؟" چوہدری بگڑ گیا۔ "تم نے کمرے او
کیراج بھی دیکھا یا کہ نہیں.... ؟"

"آپ کے اس کمرے کے سوا تمام کمرے دیکھ لیے ہیں..... اس کا تام د



نے بتایا۔

... ہے کہ وہ تم لوگوں کو دیکھ کر واپس چلا گیا ہو۔" چوہدری نے سخت لہجے میں کہا "مگر وہ مری
... سے کس نے بتایا کہ نوراں یہاں ہے؟ کس حرام کی اولاد نے مخبری کر دی؟ شاید اسے کسی
... بارے میں بتا دیا۔"

شاید اندازے سے یا کسی سے معلوم کر کے یہاں آیا ہے۔" نصرو کہنے لگا۔ "آپ کو ہوشیار
... ہے۔ اسے مختار نے دیکھا تھا۔ چوں کہ وہ شراب کے نشے میں دھت تھا اس لیے اسے
... نے اس کے ہاتھ میں کلاشنکوف دیکھی تھی۔ اس نے فوراً ہی سرونٹ کوارٹر میں آ کر ہمیں
... تلاش کرنے نکل پڑے۔"

... نے نشے میں دھت نجانے کیسے دیکھ لیا؟ شہباز کے یہاں آنے کا سوال پیدا نہیں
... میں اتنی ہمت اور جرات ہے کہ کوٹھی میں داخل ہو..... وہ ڈرپوک قسم کا ہے۔ تم لوگ
... نے بے پروائی سے کہا۔

... ذرا کوٹھی کا جائزہ لیتے ہیں....." نصرو نے کہا۔ "مختار افضل اور اعوان کو بھی پہرہ پر
..."

... نے دستک دی تو میں اس حرام زادے کو گولی مار دوں گا۔" چوہدری برہمی سے بولا۔ "کیا
... معلوم کہ آج میری شادی کی پہلی رات ہے۔ اگر میرا باپ بھی آئے تو اس سے کہہ دینا کہ
... ہیں۔" دفعتاً باہر گاڑی کے ہارن کی آواز سنائی دی چوہدری نے حیرت سے نصرو کی شکل
... وقت کون آ گیا.....؟"

... کے بعد اعوان تیزی سے لپکتا ہوا آیا۔ اس کی سانس پھول رہی تھی۔ اس نے پھولی ہوئی
... میں کہا۔ "صاحب! آپ کے دوست افتخار چٹھہ صاحب آئے ہیں وہ گاڑی میں بیٹھے
... بلا رہے ہیں۔" افتخار چٹھہ کا نام سنتے ہی چوہدری کا نشہ ہرن ہو گیا۔ وہ حواس باختہ
... نے اپنے آپ کو فوراً سنبھال لیا۔ اس نے اعوان سے کہلوا بھیجا کہ..... چٹھہ صاحب
... پانچ سات منٹ میں آ رہے ہیں۔ پھر اس نے نصرو اور اس کے ساتھیوں کو رخصت
... میں داخل ہوا۔ نوراں لمبا سا گھونگھٹ نکالے اور گردن جھکائے بیٹھی تھی۔ وہ اس کے
... جان تمنا! اس وقت میں دو ایک گھنٹے کے لیے باہر جا رہا ہوں..... ایک بہت ضروری
... میرا ایک دوست مجھے لینے آن پہنچا ہے۔ میرا جانا بہت ضروری ہو گیا ہے۔ میں نہیں
... ہو جائے گی۔"

... رات ہے.....؟ آپ کیسے شوہر ہیں جو مجھے چھوڑ کر جا رہے ہیں پلیز نہ جائیں
..." وہ روہانسی ہو کر بولی۔

... بہت ہی ضروری ہے۔ صرف ایک دو گھنٹے کی بات ہے پلیز! تم کچھ خیال مت کرو۔"
... منت سماجت کی۔

"یہ شہباز کون ہے...... جس کا نام آپ کے آدمی لے رہے تھے؟ کہیں میرا پہلا ہے؟" نوراں نے پوچھا۔

"ہاں......" چوہدری نے کہا۔ "میرا آدمی جو نشے میں دھت تھا۔ اس نے کسی اور کو شہباز کوٹھی میں آ گیا ہے۔"

"اگر واقعی شہباز آ گیا ہے تو اسے گولی مار کر میرے قدموں میں ڈال دیں تا کہ میں تھوک سکوں۔" وہ نفرت سے بولی۔

"اول تو اس کی مجال نہیں کہ وہ کوٹھی کے اندر قدم رکھے۔ بالفرض محال وہ اندر آیا تو ز گا...... میرے آٹھ آدمی پہرے پر ہیں اور پھر بھی اس کمرے کے دروازے پر تا ہوں۔" چوہدری نے کہا۔ چوہدری نے کمرے سے باہر آ کر دروازہ بند کیا اور اس پر بھاری کوٹھی سے باہر آیا۔ جہاں اس کا دوست سفید مرسڈیز میں اسٹیئرنگ پر بیٹھا تھا۔ اس نے چو دروازہ کھول دیا۔ چوہدری نے اندر بیٹھ کر دروازہ بند کر لیا اور پوچھا۔ "خیریت تو ہے...... کیسے آن ٹپکے...... مری کب آئے؟ تم نے مجھے ٹیلی فون بھی نہیں کیا......؟"

"میں کوئی ایک گھنٹہ پہلے پہنچا ہوں...... دراصل مجھے اتنی مہلت بھی نہیں ملی کہ تم سے بات کر لوں...... صورت حال بڑی نازک ہو گئی ہے۔ وہ بلیک میلر دس لاکھ روپے یا زیتو مانگ رہا ہے۔ اس وقت میرے گھر پر موجود ہے...... اب تمہی بتاؤ...... کیا کریں۔ میر ہاتھوں بری طرح پھنس گیا ہوں۔"

"اس کے سوا کوئی اور صورت بھی نظر نہیں آتی ہے۔" چوہدری نے کہا۔ "میں سو کیوں نہ دس لاکھ روپے دے کر جان چھڑا لوں۔ الیکشن قریب ہیں۔ اگر یہ غلاظت کسی اِ گئی تو پھر نہ صرف ساری شہرت اور عزت داغ دار ہو جائے گی بلکہ ہم الیکشن بھی جیت نہ عورت کے ساتھ ہم دونوں کی تصویریں ہیں وہ بہت با اثر ہے۔ اس کے تعلقات بڑ شخصیات سے ہیں۔ وہ عورت ہی اصل بلیک میلر ہے۔"

"دس لاکھ روپے بہت زیادہ ہیں۔" افتخار چٹھہ نے کہا۔ "اتنی بڑی رقم دیتے ہوئے ہے۔"

"ہمیں کون سا اپنے باپ کی دولت دینا ہے...... تم نے حکومت سے پانچ کروڑ سات کروڑ قرض لیے ہیں وہ کس دن کام آئیں گے، قرض ادا کرنے کے لیے نہیں بلکہ کے لیے لیا جاتا ہے۔" چوہدری نے کہا۔

☆......☆......☆

عقرب نے کوٹھی میں داخل ہونے کے بعد شہباز کا روپ دھار لیا۔ اس وقت وہ ش وہ نصرو اور اس کے ساتھیوں سے انتقام لینے کے لیے آیا تھا۔ وہ شہباز بن کر ان سے حسا چاہتا تھا۔ چوہدری کے جانے کے بعد تھوڑی دیر تک ان چاروں نے کوٹھی چھان مارا



...وہ اسے مختار کا وہم سمجھ کر عقبی حصے کے کمرے میں آ گئے۔ کل جو پارٹی ہوئی تھی۔ اس میں ...یں نصرو اور اس کے ساتھیوں نے پار کر لی تھیں۔ وہ اس کمرے میں بیٹھے شراب پی رہے تھے ...رے میں شہباز کی شکل میں داخل ہوا۔ شہباز کو دیکھ کر وہ چاروں اچھل پڑے۔ انہیں یقین ...نصرو نے اس سے پوچھا۔ "تم یہاں کس لیے آئے ہو......؟ نوراں کو لے جانے......؟ لیکن ...ادی چوہدری صاحب سے ہو گئی ہے اب وہ تمہیں مل نہیں سکتی ہے۔"

"...نوراں کو لے جانے نہیں بلکہ تم چاروں سے اس روز کا حساب بے باق کرنے آیا ہوں۔" ...اطمینان سے جواب دیا۔

"...حساب بے باق کرنے آئے ہو......؟" نصرو قہقہہ مار کر ہنسا۔ "لگتا ہے کہ تمہیں تمہاری ...ینچ کر لائی ہے! کیوں......؟"

"...ابھی پتہ چل جاتا ہے کہ کس کی موت اور شامت آئی ہے۔" عقرب نے آگے بڑھ کر نصرو ...جیسے وہ پلاسٹک کی گڑیا ہو...... نصرو سنبھلنے بھی نہیں پایا تھا کہ عقرب نے اور اس کے منہ پر ...ے مارا۔ اس کے کچھ دانت نہ صرف باہر آ گئے بلکہ منہ سے خون جاری ہو گیا۔ جبڑا ابھی ٹوٹ ...نے اس کا دوسرا جبڑا اور ہاتھ کی ہڈی توڑ کر دیوار پر دے مارا...... وہ بے ہوش ہو کر فرش پر ...نصرو کے ایک ساتھی نے بندوق اٹھا کر اس پر بندوق تان لی نصرو کا حشر نشر دیکھ کر وہ بری ...ہو گئے تھے۔ انہیں جیسے یقین نہیں آیا کہ شہباز اس قدر طاقتور ہے۔ لیکن اسے اس روز ...وہ ان کے ہاتھوں بری طرح پٹا تھا۔ عقرب نے آگے بڑھ کر اس بدمعاش کے ہاتھ ...چھین لی۔ پھر اس بندوق کے بٹ سے ان تینوں کو مار مار کر سور بنا دیا۔ وہ ان کے ہاتھ پیروں ...معذور کر کے کمرے سے نکل گیا۔

☆......☆......☆

...نے رات دو بجے حجلۂ عروسی میں قدم رکھا تو اس نے نوراں کو اسی طرح گھونگھٹ نکالے ...چوہدری اس وقت بہت خوش تھا۔ جیسے وہ کوئی معرکہ سر کر کے آ رہا ہو۔ اس کی جیب ...ان کے نیگیٹوز تھے۔ جس سے اسے ایک عورت دو برس سے بلیک میل کر رہی تھی۔ وہ ...پچاس ہزار روپے ادا کرتا تھا۔ افتخار چٹھہ اور اس نے گن پوائنٹ پر عورت کے آدمی ...یں اور نیگیٹوز حاصل کر لی تھیں۔ فریب سے کام لیا تھا۔ اس لیے اس کی باچھیں کھلی ...ے کوئی طاقت بلیک میل نہیں کر سکتی تھی۔ چوہدری جب نوراں کے پاس بیٹھا تو اس ...ے کہا۔ "ہم آپ سے نہیں بولتے اور نہ آپ کو اپنا مکھڑا دکھائیں گے...... آپ نے ...ردی۔ کتنا انتظار کرایا۔ تڑپایا...... آپ کو کچھ احساس بھی ہے۔ میرے دل میں کیسے ...ہے ہیں...... میں کیا بتاؤں۔"

"...سے معافی چاہتا ہے کہ ارمان بھرے دلوں کے ملاپ میں دیر ہو گئی۔" چوہدری نے ...غلام کو معاف کر دیں...... آپ جو سزا چاہیں دیں۔ غلام اس کے لیے تیار ہے۔"

چوہدری میں اب صبر کی تاب نہیں رہی تھی۔ اس نے دنوں ہاتھوں سے گھونگھٹ کے کو اسے الٹ دیا۔ پھر اس نے ہوس بھری نظروں سے نوراں کی طرف دیکھا...... پھر دوسرے لمحے اچھل پڑا۔ اس کی آنکھیں خوف و دہشت سے پھیل گئیں۔ اس کے سارے جسم اور نس نس دوڑ گئی۔ وہ نوراں نہیں تھی۔ نوراں کی جگہ ایک چڑیل بیٹھی ہوئی تھی۔ اس نے اپنی زندگی میں چڑیل انتہائی بدصورت اور خوفناک ہوتی ہے۔ چہرہ انتہائی مکروہ ہوتا ہے۔ یہ چڑیل ایسی ہی تھی۔ دو نہیں تین آنکھیں تھیں۔ تیسری آنکھ اس کی پیشانی پر تھی۔ اس کے دو لمبے، نوکیلے اور خوفناک باہر نکلے ہوئے تھے۔ اس کی رنگت بے حد کالی تھی۔ اس کی چھ انچ لمبی زبان باہر کو نکلی ہوئی تھی رہی تھی۔ اگلے لمحے وہ میرے سرتاج کہہ کر چوہدری کے گلے میں جھول گئی۔

چوہدری کی جگہ کوئی اور شخص ہوتا تو فوراً ہی بے ہوش ہو جاتا یا اس کا دم نکل جاتا۔ یوں حالت خوف و دہشت سے بڑی دگرگوں ہوگئی تھی۔ چونکہ وہ مضبوط اعصاب کا مالک تھا۔ ایک سفاک شخص تھا۔ اس لیے اس کے اوسان خطا نہیں ہوئے...... اس نے اسے اپنی نظروں کا جھٹکنے کی کوشش کی۔ وہ یہ سمجھا کہ شاید شراب کا اثر ہے جو اسے نوری کسی چڑیل کی طرح دکھائی ہے۔ وہ افتخار چٹھہ کے ہاں سے وسکی کا ایک بڑا پیگ پی کر آیا تھا۔ لیکن اسے فوراً ہی احساس ہو تو اس کی نظروں کا واہمہ ہے اور نہ ہی شراب کا نشہ ہے۔ نوری کی جگہ واقعی کوئی چڑیل ہے۔ سا ہو گیا کہ نوری کی جگہ چڑیل کیسے اور کیوں آ گئی...... ! نوری کہاں گئی......؟ نوری تو یہاں نوری کو نہ صرف وکیل بلکہ گواہوں اور عورتوں نے بھی دیکھا تھا۔ اسے سنوارا بھی تھا۔ اور پھر وقت دروازے کو بند کر کے اور تالا لگا کر گیا تھا تاکہ کوئی اس کے کمرے میں جا نہ سکے۔ نور نکل نہ جائے۔

اس چڑیل کا چہرہ اس کے چہرے سے اس قدر قریب تھا کہ چڑیل کی گرم گرم سانسوں ...... رہا تھا۔ اس نے سوچا کہ چند لمحے بھی یہی صورت حال رہی تو وہ زندہ نہ رہ ...... اس نے اپنی پوری قوت مجتمع کی اور چڑیل کے دونوں ہاتھوں کو بڑی مضبوطی سے پکڑا ...... ہاتھوں کی گرفت سے آزاد کر سکے۔ لیکن چڑیل کے ہاتھوں کی گرفت اس قدر ...... اسے اپنے ہاتھ بہت کمزور اور بے جان سے لگ رہے تھے۔ اس نے بڑی جدوجہد ...... اور کوشش کی لیکن وہ بری طرح ناکام رہا۔ اس کا سارا بدن پسینے ...... سے دیکھے اور ہنس رہی تھی۔ جب وہ اپنی کوشش کر چکا تو چڑیل ...... آنکھوں سے جھانکتے ہوئے پوچھا۔ "میرے سرتاج! میں کیسی ہوں......؟"

"تم...... تم کون ہو......؟" چوہدری نے پھنسی ہوئی آواز میں پوچھا۔ "تم یہاں......"

اس نے تیزی سے درمیان میں جواب دیا۔ "میں نوری ہوں۔ دلہن ہوں۔ آپ کی آپ نے پہچانا نہیں کنیز کو......؟"



"نہیں...... نہیں......" چوہدری کی آواز نہیں نکل رہی تھی۔ وہ تھوک نگلتے ہوئے بولا۔ "تم نوری ...... نوری ایسی نہ تھی۔"

"میں نوری نہیں ہوں تو کیا تمہاری کوئی رشتہ دار عورت ہوں؟ میں نوری ہوں نوری...... تمہیں ...... کی وجہ سے میں بدلی ہوئی لگ رہی ہوں...... غور اور محبت بھری نظروں سے مجھے دیکھیں پلیز ...... صاحب!"

"تم نوری نہیں ہو بلکہ چڑیل ہو......؟" چوہدری نے رک رک کر خوف زدہ لہجے میں کہا۔ "تم کس ...... بتاؤ......؟"

"تم بھی کمال کرتے ہو میرے سرتاج!" وہ مسکراتی ہوئی بولی۔ "تم مجھے چڑیل کہہ رہے ہو؟ اپنی ...... پہلی رات کی دلہن کو...... اس نوری کو جسے تم نے بڑی مشکل سے حاصل کیا ہے۔ دنیا کی حسین ...... کو چڑیل کہہ رہے ہو......؟ کس قدر دکھ اور افسوس کی بات ہے چوہدری!...... مجھے تم سے ایسی ......"

"تم ...... آئینے میں اپنی شکل دیکھو...... تم چڑیل ہو...... نوری نہیں ہو...... میری نوری کہاں ......" چوہدری نے سراسیمگی سے کہا۔

"تم بھی کیا فضول کی باتیں لے بیٹھے ہو چوہدری۔" وہ کہنے لگی۔ "ہماری سہاگ کی پہلی رات ...... دل کے ارمان نکالنے اور محبت بھری باتیں کرنے کے لیے ہوتی ہے نہ کہ ایک عورت کا دل ...... لیے...... تم مجھے چڑیل کہہ کر میرے حسن کی توہین کر رہے ہو...... اب تم مذاق تو نہ کرو ...... کیا سہاگ رات بھی مذاق کرنے کی ہوتی ہے؟"

"تم میری گردن چھوڑ دو......" چوہدری نے درد سے کراہتے ہوئے کہا۔ "کہیں ایسا نہ ہو کہ میری ...... جائے۔"

"...... اللہ...... تمہاری گینڈے جیسی گردن اتنی نازک ہے کہ میری نازک اور مرمریں ...... ٹوٹ جائے گی......؟ تمہیں اپنی گردن کی فکر ہے۔ میری محبت کی نہیں، میرے دل کی ...... باتوں سے ٹوٹ رہا ہے۔"

"...... کہتا ہوں کہ میری گردن چھوڑ دے...... کمینی...... سور کی بچی۔" چوہدری نے ہذیانی لہجے میں ...... اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ اس کی حالت ماہی بے آب کی طرح ہو رہی تھی۔ "آخر تم کیا ...... نے تمہارا کیا بگاڑا ہے......"

"...... چاہتی ہوں کہ...... تم مجھ سے محبت بھری باتیں کرو۔ مجھ سے کہو کہ میں تم سے محبت کرتا ......" ...... اترا کے بولی۔

"...... تم سے محبت بھری باتیں کروں......؟" چوہدری نے تحیر زدہ لہجے میں کہا۔ "تمہارا دماغ ......"

"...... دماغ تو بالکل ٹھیک ہے۔ لیکن میرا دل تمہاری زبان سے محبت بھری باتیں سننے کے لیے

تڑپ رہا ہے۔ اس لیے کہ میرے سینے میں ایک نازک سا دل دھڑکتا ہے......'' اس نے تو تو
ایک لمبی سانس لی۔ ''آج تک میری زندگی میں کوئی مرد نہیں آیا اور پھر تم کس قدر بانکے اور
چاہتی ہوں تم مجھے پیار کرو۔''

''کیا......؟ کیا کہا تم نے......؟'' چوہدری کی رگوں میں لہو منجمد ہونے لگا۔ ''میں کوئی
ہو گیا تم انتہائی بدصورت مکروہ اور بھیانک چڑیل ہو۔ تم نے کبھی آئینہ دیکھا ہے کہ...... تم کیا
نہیں یہ سامنے آئینے ہے ذرا اس آئینہ میں اپنی شکل تو دیکھو۔''

چڑیل نے چوہدری کی بات سن کر سنگھار میز کے بڑے آئینے میں جس میں پورا بستر اور پلنگ
تھے۔ اس نے اپنے آپ کو دیکھا پھر اس نے چوہدری سے کہا۔ ''چوہدری!...... تم بھی آئینے
دیکھو...... میں کس قدر حسین نظر آ رہی ہوں...... مجھ جیسی اس قدر حسین عورت شاید ہی دنیا میں کوئی ہو

چوہدری نے نہ چاہتے ہوئے بھی گردن گھما کر آئینے میں دیکھا تو اسے اپنی نظروں پر
آیا۔ آئینے میں نوری کا بہت ہی حسین عکس دکھائی دے رہا تھا۔ وہ اس قدر حسین دکھائی دے رہی
سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ وہ چند لمحوں تک محویت سے اسے دیکھتا رہا۔ وہ اس کے حسین چہرے او
تناسب میں کھو گیا۔ دنیا و مافیا سے بے نیاز ہو گیا پھر اس نے چونک کر سامنے کی طرف دیکھا۔
ششدر رہ گیا کہ وہ چڑیل کی بانہوں میں نہیں بلکہ نوری کی مرمریں و گداز بانہوں میں جکڑا ہو
ماجرا ہے۔ اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ نوری چڑیل سے اپنی اصل حالت میں کیسے آ گئی۔ کیا
نظروں کا فریب تھا......؟ اس کے دل و دماغ کو یہ کیا ہو گیا......؟ اگلے ہی لمحے وہ نوری کے حسین
پر جھکنے لگا تاکہ اس کے چہرے پر بوسوں کی بوچھاڑ کر دے۔ نوری اس کے بازوؤں میں کسمسا
اس نے چوہدری کے سینے پر اپنا ایک ہاتھ رکھ دیا۔ پھر وہ روہانسی آواز میں بولی۔

''یہ آپ کیا کر رہے ہیں......؟ آپ میرے شوہر نہیں ہیں......؟ میں آپ کی
ہوں......؟ شہباز میرا شوہر ہے آپ مجھے چھوڑ دیں۔ مجھ پر رحم کریں مجھے ناپاک نہ کریں میں
آگے ہاتھ جوڑتی ہوں چوہدری صاحب!......''

''اب تم میری بیوی ہو...... میری جان ہو۔ شہباز تمہیں طلاق دے چکا ہے۔ زیادہ نخ
دکھاؤ۔'' چوہدری نے گرجدار آواز میں کہا۔ ''اب اگر تم نے شہباز مردود کا نام لیا...... مزا کرکرا
نہیں ہوگا۔ یہ حسین رات غارت نہ کرو۔''

اتنا کہہ کر وہ نوری پر جھکنے لگا۔ نوری کے چہرے کا طول و عرض بڑھتا گیا۔ نوری کی سانسیں
سانسوں کا جزو بننے لگیں۔ نوری کے بدن کی سوندھی سوندھی خوشبو اسے سرشار کرنے لگی۔ پھر
ہو گیا۔ اس نے جیسے ہی نوری کے ہونٹوں پر اپنے ہونٹ رکھے تو تب یہ دیکھ کر اس کی حالت خر
کہ وہ نوری نہیں ہے بلکہ چڑیل ہے۔ اس نے خوف و دہشت سے اپنے ہونٹ الگ کرنا چاہا
سکا۔ کیونکہ چڑیل نے پھر اسے اس بری طرح اپنے بازوؤں میں کس لیا کہ وہ بے بس ہو گیا۔
شکنجہ تھا کہ وہ اس سے نکل نہیں سکتا تھا۔ چڑیل کے موٹے موٹے، بھدے بھدے اور پتھر کی ما



کے ہونٹوں پر انگاروں کی طرح دہک رہے تھے۔ اب اس چڑیل کی تینوں خوفناک اور لال
میں استہزائی چمک تھی۔

نے اپنا پورا زور لگا دیا لیکن وہ چڑیل کی بانہوں کے شکنجے سے نکل نہ سکا۔ چڑیل کی بانہیں
سخت تھیں۔ اس کی بانہوں کا حلقہ تنگ ہوتا گیا۔ اس کی لال لمبی زبان چوہدری کے
چاٹنے لگی تھی۔ چوہدری کو ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ اس کا خون پی رہی ہو۔ اسے اپنا دم گھٹتا ہوا
وہ بے ہوش ہو گیا چوہدری کو جب ہوش آیا تو اس نے نوری کو اپنے اوپر جھکا ہوا پایا۔ اس کے
پر حیرت اور تشویش سی تھی۔ لیکن وہ کسی تر و تازہ اور شگفتہ گلاب کی طرح کھلی ہوئی تھی مہک
کے حسن میں چار چاند لگ گئے تھے۔ اس کے ہونٹوں سے تپش ابل رہی تھی اور اس کے
چوہدری کے سارے جسم میں خون کی گردش تیز کر دی...... اسے اس دم ایسا لگا جیسے وہ کوئی
دیکھ رہا تھا۔ اس نے اپنے آپ کو بستر پر پایا اس کی نگاہوں کے سامنے چڑیل کا مکروہ اور
چہرہ گھومنے لگا۔ چند ثانیوں کے بعد چوہدری نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے خوفزدہ لہجے میں
چڑیل کہاں ہے؟''

؟ کیسی چڑیل......؟'' نوری نے اپنی پلکیں جھپکائیں۔ ''چوہدری صاحب آپ کی
ہے نا؟''

چڑیل...... جو اس پلنگ پر لمبا سا گھونگھٹ نکالے بیٹھی تھی۔'' چوہدری اٹھ کر بیٹھ گیا۔ اس کی
کی۔ ''وہ میرا خون پی رہی تھی۔ وہ میرا دم نکال رہی تھی۔ کیا میں زندہ ہوں؟ میں مر تو
''

صاحب میں نے کوئی چڑیل نہیں دیکھی......؟ کہیں آپ نے خواب تو نہیں دیکھا؟''
بولی۔

چڑیل نہیں ہو......؟'' چوہدری نے دیدے پھاڑ کر اسے دیکھا۔ ''تم نوری کے روپ
میں نے دو مرتبہ تمہیں نوری کے روپ میں دیکھا تھا۔ تم مجھے کیوں تنگ اور پریشان
چڑیل ہو نا؟''

نہیں ہوں بلکہ نوری ہوں۔ آپ نے خواب دیکھا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ جب
نشے میں تھے اور آپ کو نیند آ رہی تھی۔ آپ کمرے میں داخل ہوتے ہی بستر پر
گھنٹے تک سوتے رہے ہیں۔ ابھی ابھی تو بیدار ہوئے ہیں۔ سنا ہے کہ شراب کا نشہ
بڑے ڈراؤنے خواب دکھائی دیتے ہیں۔ آپ نے خواب میں کوئی چڑیل دیکھی
کہا۔

ایک گھنٹے تک سوتا رہا ہوں؟'' چوہدری کو جیسے یقین نہیں آیا۔ ''تم سچ کہہ رہی ہو۔ کیا
دیکھا ہے۔'' ''جی ہاں...... آپ خواب میں بڑبڑاتے بھی رہے ہیں۔'' نوری
چلاتے بھی رہے ہیں۔''

"اچھا......" چوہدری سوچنے لگا۔ کیا وہ خواب دیکھتا رہا تھا۔ اس نے خواب میں
کیا وہ حقیقت نہیں تھی؟ لیکن اس کا سارا بدن درد کیوں اور کس لیے کر رہا ہے؟ کیسا لرز
خواب تھا۔ چوہدری نے نوری کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ "میرے پاس آ جاؤ جان من
گزرتی جا رہی ہے؟ میں اس رات سو کیسے گیا؟ یہ رات سونے کی نہیں جاگنے کی ہوتی
سہاگ رات ہے نا...... کیوں میری جان؟" چوہدری نے اسے بازوؤں میں سمیٹنا چا
بے رحمی سے چوہدری کا ہاتھ جھٹک دیا۔ وہ بستر سے نکل کر کھڑی ہوگئی۔ پھر وہ غسل خا
گئی۔ اس نے اندر داخل ہو کر دروازہ بند کر لیا۔

"میں کہتا ہوں باہر آؤ نوری......" چوہدری نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔ "یہ کیا مذا
مذاق بالکل پسند نہیں ہے۔"

"مجھے بھی یہ بات پسند نہیں ہے کہ آپ مجھے میرے شوہر سے چھین کر مجھ
کر لیں۔" نوری نے اندر سے جواب دیا۔ "میں آپ سے مذاق نہیں کر رہی ہوں......
پوری نہیں کر سکتی۔ میں ایک شریف عورت ہوں۔"

"اب میں تمہارا شوہر ہوں۔ شہباز نہیں ہے اور سنو...... تم باہر نہیں نکلیں تو میں ا
کر دروازہ توڑ دوں گا۔" چوہدری نے دھمکی آمیز لہجے میں کہا۔ "مجھے طیش نہ دلاؤ
ہوں۔"

"اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ واقعی ایک نمبر کے حرامی ہیں۔ غریب اور شر
بیویوں پر ڈاکہ مارتے ہیں۔"

"سور کی بچی تو مجھے حرامی کہہ رہی ہے......؟ تو حرامی ہوگی تیرا باپ
نکل...... میں تجھے بتاتا ہوں کہ میں کتنا بڑا حرامی ہوں۔ تجھے اپنی زندگی میں مجھ جیسے
نہیں پڑا ہوگا۔"

"تم میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے ہو چوہدری...... تم نے مجھے ہاتھ لگایا اور مجھ پر ہاتھ
ہاتھ توڑ دوں گی۔" وہ بولی۔ "میں دروازہ کھول رہی ہوں۔ تمہارا کوئی خواب پورا نہیں
چوہدری نے چٹخنی گرنے کی آواز سنی۔ پھر دروازہ تھوڑا سا کھل گیا۔ چوہدری
لات دروازے پر رسید کی۔ پھر وہ غصے کی حالت میں اندر داخل ہوا لیکن وہ یہ دیکھ کر بھ
خانہ خالی پڑا ہے۔ نوری کا نام و نشان تک نہیں ہے۔ غسل خانے میں کوئی ایسی جگہ نہیں
سکے۔ غسل خانے میں کوئی کھڑکی بھی نہیں تھی کہ اس سے باہر جایا جا سکے چھت کے
فین لگا ہوا تھا اس میں سے کوئی جا نہیں سکتا تھا۔ وہ ایگزاسٹ فین چل رہا تھا۔ نوری
غائب ہوگئی......؟ کیا اسے فرش کھا گیا؟

اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ پہلے اسے ایک چڑیل سے وا
نے کہا تھا کہ اس نے خواب میں چڑیل دیکھی تھی۔ اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔



...ہ مان لیا تھا۔ لیکن نوری اس کے سامنے غسل خانے میں داخل ہوئی تھی۔ اس نے اندر
...ر لیا تھا۔ اس سے بات بھی کی تھی۔ یہ چند لمحے پہلے کی بات تھی اب نوری غسل خانے میں
...ب ہو چکی تھی اس کا غائب ہونا نہ صرف ناقابل یقین حیرت انگیز بلکہ بے حد پراسرار بھی
...ی خیز بھی...... اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ کیا اسرار ہے۔ وہ جادو کا قائل نہیں تھا۔ نوری
...ے غائب ہو چکی تھی۔ جب وہ غسل خانے سے باہر آیا تو اس نے شہباز کو کمرے میں
...یکھتے ہی وہ اچھل پڑا۔ وہ پھر سے بھونچکا ہو گیا۔ کیوں کہ نوری بھی اس کے ساتھ کھڑی
...یقین نہیں آیا۔ اسے لگا جیسے وہ پاگل ہو جائے گا۔

"...ل خانے میں بند ہوگئی تھیں......؟" چوہدری نے تحیر زدہ لہجے میں کہا۔ "تم کیسے اور کہاں
...ے باہر آ گئیں...... یہ شہباز یہاں کیسے آ گیا......؟ اسے کس نے اندر آنے دیا......؟ یہ
...؟"

"...راز کی بات ہے جو میں تمہیں بتاؤں گی نہیں۔" نوری نے تیزی سے جواب دیا۔ "شہباز
... میں اس کے ساتھ ابھی اور اسی وقت جا رہی ہوں۔ اللہ کا شکر ہے کہ تمہارے ہاتھوں
...ظ رکھی۔"

"...نہیں...... تم دونوں نہیں جا سکتے؟" چوہدری دھاڑا۔ "تم لاکھوں روپے کے زیورات
...روی جوڑا لے کر جا رہی ہو...... اگر تم دونوں باہر نکلے تو میرے آدمی تم دونوں کو بھون
...نال تم دونوں یہاں سے نکلنے میں کامیاب ہو گئے تو میں پولیس میں تمہارے خلاف
...ادوں گا۔ تم دونوں ڈکیتی کے الزام میں دھر لیے جاؤ گے...... لباس اور زیورات ہضم نہیں
...ی طرح سوچ لو۔"

"...مہارے آدمی کیا تمہارے آدمیوں کے فرشتے بھی روک نہیں سکتے ہیں۔" شہباز نے
...س طرح آیا ہوں اسی طرح نوری کو لے کر نکل جاؤں گا یہاں سے...... یہ لاکھوں
...رات اس لیے لے جا رہا ہوں کہ تم نے مجھے ختم کرنے کے لیے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی تھی۔
...وہ بنے والے بڑے سرونٹ کوارٹر میں شدید زخمی اور بے ہوشی کی حالت میں پڑے
...ں میرے خلاف رپورٹ درج کراتے وقت یہ بات نہیں بھولنا کہ تمہاری ایسی تصویریں
... میری جیب میں موجود ہیں جو تم افتخار چٹھہ کے ہاں سے لائے ہو۔ یہ تصویریں تمہیں
...لدل میں دھکیل دیں گی۔ تم خودکشی کرنے پر مجبور ہو جاؤ گے...... تم اس قدر رذیل اور
...صور بھی نہیں کر سکتے ہو؟"

"...؟" چوہدری اچھل پڑا۔ اس نے بدحواس ہو کر اپنی جیبیں دیکھیں۔ لفافہ اس کی
...ھا

"...لفافہ؟" شہباز نے جیب سے لفافہ نکال کر اس کی نظروں کے سامنے لہرا دیا۔ "اس میں
...تصویریں اور ان کے نیگیٹوز ہیں۔ میں انہیں اپنے ساتھ لے جا رہا ہوں۔ یہ تصویروں

والا لفافہ دیکھ کر تمہاری عقل ٹھکانے آ گئی ہوگی......؟ ان کی کیا قدر و قیمت ہے؟ اس میں کتنی
تم اچھی طرح جانتے ہو؟"

"یہ لفافہ تمہارے پاس کیسے آیا......؟" چوہدری نے ششدر ہو کر اس کی طرف د
میری جیب میں تھا۔ اسے میں لے کر آیا تھا۔"

"جب تم بے ہوش ہو گئے تھے تب ہی میں نے تمہاری جیب سے نکال لیا تھا اور شہباز
تھا۔" نوری نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"تم نے اس لفافے کو میری جیب سے چرایا...... ذلیل، کمینی......" چوہدری کا پارہ چ
نے لپک کر پلنگ کے سرہانے رکھی ہوئی میز کی دراز میں سے ریوالور نکال لیا پھر اس نے ریوا
تانتے ہوئے کہا۔ اس کے لہجے میں نفرت اور غصہ بھرا ہوا تھا۔ "لاؤ یہ لفافہ مجھے دے دو......"
نوری کی طرف قہر آلود نظروں سے دیکھا۔ "تمہیں شرم نہیں آئی یہ لفافہ چوری کرتے ہوئے۔
عورت...... ٹھہر تجھے میں ایسا مزا چکھاتا ہوں کہ تو ساری زندگی یاد رکھے گی۔"

"میں یہ لفافہ کسی قیمت پر نہیں دوں گا چوہدری۔" شہباز نے بے خوفی سے کہا۔ "بہتر
کھلونے کو اپنی میز کی دراز میں واپس رکھ دو...... تم نوری پر چوری کا الزام دھر رہے ہو؟ اسے
رہے ہو؟ گالیاں دے رہے ہو؟ لیکن کیا تم نے اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھا۔ تم بھی بہت
ہو۔ قومی خزانہ لوٹ رہے ہو۔ ٹیکس اور مویشی چوری کرتے ہو۔ غریبوں کی زمینوں پر ناجائز
ہو...... ان کی بیویاں چوری کرتے ہو۔ ان سے شادی کر لیتے ہو؟ تمہارا یہ فعل کیسا ہے؟ تم
ذات نہیں ہو......؟ تم میں اور ایک چور اور ڈاکو میں کیا فرق ہے؟ کون کمینہ اور ذلیل ہے؟"

"میں کہتا ہوں یہ لفافہ مجھے دے دو...... ورنہ میں تم دونوں کو گولی مار دوں گا۔
گا۔" چوہدری نے ہیجانی لہجے میں کہا۔ "ایسی غلطی نہ کرنا چوہدری۔" نوری ہنس کر بولی۔ "
ہو کہ تمہاری چڑیل دلہن آ جائے اور تم پھر بے ہوش ہو جاؤ......؟"

"چڑیل......؟" چوہدری ایک لمحے کے لیے خوف زدہ ہو گیا پھر اس نے سنبھل کر کہا۔
چڑیل نہیں ہے۔ وہ تو میرا خواب تھا......"

"چوہدری......" شہباز نے بڑے سکون اور اطمینان سے کہا۔ "سنو...... یہ لفافہ تمہاری
میرے پاس بڑی حفاظت سے رہے گا۔ تم ان تصویروں کے عوض مجھے ہر ماہ پچیس ہزار رو
رہو گے...... بالفرض محال تم نے مجھے قتل کرنے کی کوشش کی اور نقصان پہنچایا تو ایک بات یاد رک
ایک ایسے شخص کے پاس پہنچ جائے گا جو تمہارا حریف صحافی ہے۔ یہ میرے ایک دوست کے
کے طور پر رہے گا۔ مجھے کچھ ہوتے ہی وہ یہ لفافہ جا کر اس صحافی کو دے دے گا۔ پھر تم مرنا بھی
مرنہ سکو گے...... ذرا ان باتوں پر بھی اچھی طرح سے غور کر لو......"

"تم بہت اچھل رہے ہو؟" چوہدری نے بگڑتے ہوئے برہمی سے کہا۔ "اپنی اوقات
ہونالی کے کیڑے...... میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کر رہے ہو؟ یہ لفافہ تم تو



لے جا سکتے ہیں...... لاؤ یہ لفافہ شرافت سے مجھے دے دو اور چلتے پھرتے نظر آؤ...... تم
تمہاری اور نوری کی لاش کا دنیا والوں کو بھی پتہ نہیں چلے گا۔"
"نہیں یہ لفافہ دے دوں...... تو کیا تم مجھے نوری کو ساتھ لے جانے دو گے؟" شہباز نے

جائے گی...... اس لیے کہ اب یہ میری بیوی ہے اسے تم طلاق دے چکے ہو۔ طلاق
موجود ہے۔ میں تمہارے ساتھ اتنی رعایت کر سکتا ہوں کہ تمہیں گولی نہیں ماروں گا۔
اجازت دے سکتا ہوں۔"
صرف نوری کو لے جا رہا ہوں بلکہ یہ لفافہ بھی...... تم جو کچھ کر سکتے ہو کر لو...... چلو نوری
نے کہا جب وہ دونوں دروازے کی طرف بڑھے تو چوہدری نے شہباز کی پشت کا نشانہ
ریوالور سے گولی نہیں نکلی۔ صرف کلک کی آواز گونج کر رہ گئی۔ پھر اس نے دوسری
مرتبہ...... لبلبی دبائی پھر بھی فائر نہیں ہوا۔ پھر اس نے فوراً ہی چیمبر کھول کر دیکھا۔ اس
تھی۔ پھر وہ تیزی سے شہباز کے پیچھے لپکا۔ وہ دونوں دروازے کے پاس پہنچ چکے
ریوالور کی نال پکڑ کر اس کا دستہ پوری قوت سے شہباز کی کھوپڑی پر دے مارا۔ وہ یہ
کہ شہباز پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ شہباز نے اس کی طرف گھوم کر دیکھا۔ شہباز کے
تھا اور اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔ چوہدری کے ہاتھ سے ریوالور

"شہباز نے ٹھہرے ہوئے لہجے میں کہا۔ "میں وہ شہباز نہیں ہوں جو تم سمجھ رہے
ساتھ جو کچھ کیا وہ ناقابل معافی ہے۔ تمہارے تین کتوں نے میرے سات جو کچھ
گن گن کر بدلہ لے لیا ہے۔ یہ رہا طلاق نامہ جو مجھ پر تشدد کر کے لکھوایا گیا۔"
طلاق نامہ نکال کر دکھایا۔ پھر اس کے پرزے پرزے کر کے چوہدری کے منہ پر
نے بڑی حفاظت سے تجوری میں رکھا ہوا تھا۔ یہ ایک الگ کہانی ہے اب تم ہر ماہ
پچیس ہزار روپے باقاعدگی سے پہنچا دینا...... اوچھی حرکتیں کرو گے تو یہ چڑیل تمہارا
تم ذرا پلٹ کر دیکھو۔ تمہاری چڑیل بیوی تمہارا انتظار کر رہی ہے۔"
ایک دم سے پلٹ کر دیکھا۔ کمرے کے وسط میں وہی چڑیل کھڑی اسے دیکھ کر مسکرا
دلہن بنی ہوئی تھی۔ جس نے اسے خوب تنگ پریشان اور ہراساں کیا تھا۔ چوہدری
اس نے ایک پل میں سوچا کہ وہ سب کچھ خواب نہیں تھا۔ حقیقت تھا......؟ نوری نے
؟ اسے بے وقوف بنایا تھا۔ چڑیل اس کی طرف باہیں پھیلاتی ہوئی بڑھی تو اس
پھیل رہی تھی۔ چوہدری نے اسے اپنی طرف بڑھتا ہوا دیکھا تو دہشت زدہ ہو
ایک قدم پیچھے ہٹا۔ پھر بے ہوش ہو گیا۔
بیدار ہو گئی۔ پھر اس نے حیرت سے اپنے آپ کو دیکھا۔ پھر اس نے محسوس

کیا کہ کوئی اس کے ساتھ بستر پر لیٹا ہوا ہے۔ وہ سمجھ گئی کہ وہ چوہدری ہے وہ دلہن کے زیورات سے لدی پھندی ہوئی تھی۔ وہ ایک جھٹکے سے اٹھ بیٹھی۔ اس نے اپنے ساتھ سو... نفرت اور غصے سے نظر ڈالی تو اسے یقین نہیں آیا۔ وہ چوہدری نہیں تھا۔ اس کا شوہر شہ... اپنی آنکھیں ملیں بدن کی چٹکی لی کہ کہیں وہ خواب تو نہیں دیکھ رہی ہے! یہ خواب نہیں حقیقت... شوہر کے پاس تھی۔ یہ کمرہ بھی دوسرا تھا۔ اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ یہاں کیسے آئی... نے یہاں پہنچایا...... اس نے اپنے ذہن پر بہت زور دیا۔ اسے کچھ یاد نہیں آیا۔ اس کر... تمام دروازے بند تھے۔ مسرت وانبساط نے اسے جیسے پاگل سا کر دیا۔ اس نے اپنے ش... جھنجھوڑ دیا۔ شہباز نے بیدار ہو کر اسے جو دیکھا تو وہ حیرت اور خوشی سے اچھل پڑا۔ "نور... تم کب آئیں تمہیں کس نے پہنچایا......؟ عقرب نے؟"

"مجھے کچھ نہیں معلوم......" نوری کہنے لگی۔ "مجھے صرف اتنا یاد ہے کہ میں بیدار... اپنے آپ کو بستر پر پایا...... اس سے پہلے میں چوہدری کی کوٹھی میں تھی۔ وہاں مجھے دو عور... دلہن بنایا پھر چوہدری سے میرا نکاح پڑھوایا گیا۔ پھر مجھے ایک کمرے کے بستر پر لے جا... مجھے کچھ یاد نہیں...... کیوں کہ میں بیٹھے بیٹھے سو گئی تھی۔ اب بیدار ہوئی تو میں تمہارے سا... ہوئی تھی......"

"اللہ نے ہم دونوں کو ملا دیا......" شہباز نے فرط مسرت سے مضطرب ہو کر ا... بھر لیا۔ "میں جانتا ہوں کہ یہاں تمہیں کس نے پہنچایا ہے...... یہ عقرب کا کارنامہ ہے۔ ... وعدہ کیا تھا کہ وہ تمہیں چوہدری کی قید سے نکال لائے گا؟"

"یہ عقرب کون ہے......؟" نوری نے حیرت سے پلکیں جھپکاتے ہوئے پوچھا۔

"عقرب......؟ یہ میں تمہیں صبح بتاؤں گا۔" شہباز نے جواب دیا۔ پھر وہ اس... چلا گیا۔

صبح دس بجے عقرب نے دروازے پر دستک دی تو شہباز نے دروازہ کھولا۔ ... چکے تھے اور اس کا انتظار کر رہے تھے۔ عقرب اندر داخل ہوا تو شہباز نے اس کا ت... کرایا۔ "یہ عقرب صاحب ہیں۔ ہمارے محسن۔" نوری نے عقرب کو بڑے مؤدبانہ اند... پھر وہ اسے حیرت اور ممنون نگاہوں سے دیکھنے لگی۔ "عقرب بھائی! آپ نے مجھے ا... پنجے سے نکالا میری عزت و آبرو بھی بچائی۔ آپ نے ہم پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔"

"میرے فرض کو احسان کا نام نہ دیں۔ جب بھی کوئی انسان کسی مصیبت میں... ہم اس کی کوئی مدد کر سکتے ہیں تو اسے ضرور فائدہ پہنچانا چاہیے۔ چونکہ میرے بس میں... جانتا تھا کہ کس طرح تمہیں اس خبیث شخص کی قید سے نکالا جا سکتا ہے۔ لہٰذا میں... کامیاب رہا......" عقرب نے جواب دیا۔

"لیکن یہ بتائیں کہ آپ نے مجھے وہاں سے کیسے نکالا......؟ یہاں کس طرح...



...کہ میں نے آپ کو وہاں دیکھا تک نہیں۔ ہم دونوں سوچ کر حیران ہو رہے ہیں۔ کچھ ...ا ہے۔" نوری بولی۔

...اسے یوں سمجھ لیں کہ آپ نے ایک ڈراؤنا سا خواب دیکھا تھا۔ اوپر والے نے عزت ...دل کی دعا سن لی۔"

"عقرب بھائی......" شہباز نے اسے ملتجیانہ نظروں سے دیکھا۔ "آپ نے یہ عظیم اور ...کیسے اور کس طرح انجام دیا ضرور بتائیں...... ہم دونوں نے بہت سوچا۔ غور کیا لیکن ...سکے۔ بلکہ الجھتے ہی چلے گئے اگر آپ نے نہیں بتایا تو نہ صرف ہماری راتوں کی نیند ...ایک خلش بھی رہے گی۔"

...نیں بتانے کی نہیں ہوتی ہیں...... ان پر پردہ پڑا رہنا ہی بہتر ہوتا ہے۔ لہٰذا اسے پردے ..."

...بتانے میں کیا حرج ہے؟" شہباز نے تکرار کی۔ "آپ کسی وجہ سے اسے راز میں رکھنا ...اصرار نہیں کروں گا۔ دل میں ایک تجسس ہے جس نے بے چین سا کر دیا ہے۔ اور کوئی ...

...آم کھانے سے مطلب ہونا چاہیے نا کہ پیڑ گننے سے۔ کیا یہ کافی نہیں ہے کہ تمہاری بیوی ...کی عزت و آبرو بھی بچ گئی۔ تمہاری زندگی اور گھر سلامت رہ گیا۔ چوہدری جیسے شیطان ...حل گئی۔ اب یہ ذلیل اور کمینہ شخص نوری کا اور تمہارا بال بیکا نہیں کر سکے گا۔ تم دونوں ...بے فکر ہو جاؤ۔"

...اس ذلیل شخص سے محفوظ رہ سکتے ہیں...... ہمیں اس کی ذات سے ہمیشہ خطرہ لاحق رہے ...لہجے میں بولی۔ اس کے حسین چہرے پر زردی سی چھا گئی۔ "وہ شیطان اس وقت ...بیٹھے گا جب تک وہ مجھے دوبارہ حاصل نہ کر لے۔ اس سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ ہم ...ں۔"

...جانتے کہ وہ کیسا خدری ظالم شخص ہے۔ ہم اس سے غافل رہ ہی نہیں سکتے۔" شہباز ...

...کیوں اور کس لیے اس سے اس قدر خائف ہو رہے ہیں۔ جب کہ میں نے آپ ...آپ دونوں کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا ہے۔ پریشان ہونے اور گھبرانے کی قطعی ضرورت ...نے دونوں کو دلاسا دیا۔

...چوہدری نے مجھے اغوا کر کے یرغمال بنایا اور رات اس نے مجھ سے شادی ... "ایک قاضی نے ہم دونوں کا نکاح پڑھوایا۔ وکیل اور گواہ بھی موجود تھے نکاح نامہ ...گئے۔ اس نے لاکھوں روپے کے قیمتی زیورات میرے بدن پر سجائے۔ عروسی ...وہ ان زیورات اور میرے حصول کے لیے پھر مجھے اغوا کر سکتا ہے۔ اس کے

علاوہ اس کے پاس میرے شوہر کا طلاق نامہ بھی موجود ہے جو اس کے آدمیوں نے تشدد
کرا سے دیا۔ وہ اپنے نکاح نامے اور شوہر کے طلاق نامے کو عدالت میں پیش کر کے مجھے
کرسکتا ہے۔"

"وہ عدالت میں نہیں جائے گا بلکہ پولیس کی خدمت حاصل کرے گا کیوں کہ عدا
سے اسکینڈل کھڑا ہوسکتا ہے۔" شہباز نے کہا۔ "میں عدالت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا تو
ہوگا کیوں کہ پولیس مجھے حوالات میں ڈال دے گی۔"

"اب اس کے پاس نہ تو طلاق نامہ ہے اور نہ ہی نکاح نامہ ہے۔ لہٰذا تم
ہو جاؤ۔" عقرب نے دلاسا دیا۔

"یہ دونوں چیزیں کہاں گئیں......؟" شہباز نے حیرت سے کہا۔ "آپ کو اس با
کہ دونوں چیزیں اس کے پاس نہیں ہیں......؟ اس نے ان دونوں چیزوں کو سنبھال کر رکھ

"اتفاق سے رات کے وقت دونوں چیزیں میرے ہاتھ لگ گئی تھیں۔ میں نے ا
نکاح نامے کی چار کاپیاں ہوتی ہیں قاضی صاحب اسے ایک کاپی دے گئے تھے۔
کاپیاں ضائع کردیں قاضی صاحب کے پاس بھی اس کی کاپی نہیں ہے۔"

"آپ نے ان دونوں نکاح ناموں اور طلاق ناموں کو اپنے ہاتھوں سے تلف کر
کی بات ہے۔" نوری سرشاری کے لہجے میں بولی۔

"اب اس کی مجال نہیں ہے کہ وہ تمہیں اغوا کرنے کی کوشش کرے۔ میں نے
کاٹ دیئے ہیں۔ بازی الٹ گئی ہے۔ چوہدری تم دونوں کے رحم و کرم پر ہوگا تم دونوں ا
سلوک چاہے کرسکتے ہو۔ وہ ہر ماہ باقاعدگی سے پچیس ہزار کی رقم بطور جرمانہ اور ہرجانہ
یہ جرمانہ اور ہرجانہ اس بات کا ہے کہ اس نے تمہیں اغوا کیا اور شہباز کو تشدد کا نشانہ بنایا۔
ہے کہ وہ ہر ماہ پچیس ہزار روپے جرمانہ ادا کرتا رہے۔"

"لیکن وہ میرے رحم و کرم پر کیوں اور کس لیے ہوگا......؟" شہباز نے حیرت ۔
نزدیک میری حیثیت ہی کیا ہے میں اس کے مقابلے میں ایک کمزور معمولی حیثیت کا آ
پچیس ہزار تو کیا پچیس روپے بھی نہیں دے گا۔ وہ مجھے جب چاہے چیونٹی کی طرح
ہے۔ میں تو اس سے مقابلہ کرنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا ہوں۔"

"وہ تمہارے رحم و کرم پر کیوں' کیسے اور کس طرح ہوگا میں بتاتا ہوں۔" عقر
سے ایک لفافہ نکال کر اس کی طرف بڑھایا۔ شہباز اسے الٹ پلٹ کر دیکھنے لگا تو عق
کہا۔ "اسے تم اپنی جیب میں رکھ لو میں بتاتا ہوں کہ یہ کیا چیز ہے۔ یہ وہ چیز ہے جس
کے لیے تمہارا غلام ہوجائے گا۔"

"آخر اس لفافے میں ایسی کیا چیز ہے جس کے سبب چوہدری غلام ہو کر رہ جا
متعجب ہو کر پوچھا۔



"اس لفافے میں جو کچھ بھی ہے وہ چوہدری کی فرعونیت کو ختم کردے گا۔" عقرب کہنے لگا۔ "تم
کہانیوں میں پڑھا ہوگا۔ اپنی نانی دادی سے ایسی کہانیاں سنی ہوں گی کہ...... ظالموں،
اور درندہ صفت لوگوں کی جانیں پرندوں میں ہوتی ہیں۔ اس لیے کہ وہ محفوظ رہیں ان کو جان
...ہے۔ اس لیے ان کی جانیں پرندوں میں منتقل کر کے انہیں کسی دور دراز علاقے میں رکھا
...بھی شخص اس تک نہ پہنچ سکے۔ اس کی جان نہ لے سکے۔ اس پرندے کی گردن مروڑنے یا
...نے سے وہ ظالم مر جاتے تھے۔ اس پرندے تک پہنچنا بہت مشکل ہوتا تھا۔ اس طرح اس
...کی عزت اور جان اس لفافے میں موجود ہے اسے اپنی جان جتنی پیاری ہے اپنی عزت
...ری ہے وہ اپنی عزت کی بڑی سے بڑی قیمت دینے کے لیے تیار ہے۔"

...نے سانس لینے کے لیے توقف کیا تو نوری نے حیرت اور معصومیت سے پوچھا۔ "کیا اس
...ندہ ہے؟"

...بات سن کر شہباز اور عقرب ہنس پڑے۔ عقرب مسکراتے ہوئے کہنے لگا۔ "بات یہ ہے کہ
...ہے انسان کی عزت اور جان دولت اور شہرت میں ہوتی ہے۔ بڑے لوگ اپنی عزت اور
...لاکھوں نہیں کروڑوں کی رقم پھونک دیتے ہیں۔ ان کے پاس یہ رقم غریبوں کے استحصال
...قومی خزانے کو لوٹ کر اور لوٹ کھسوٹ سے بھی حاصل کرتے ہیں۔ اس لفافے میں
...ایسی شرمناک تصویریں ہیں کہ ان میں سے صرف ایک تصویر بھی دنیا والوں کے
...کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہے۔ اس کی ساری عزت، شہرت اور نیک نامی خاک
...تصویروں سے اسے ایک عورت بلیک میل کر رہی تھی۔ ساتھ ساتھ چوہدری کے ایک
...تصویروں کے عوض اس عورت نے اس سے کروڑوں کی رقم طلب کی تھی۔ چوہدری
...تھا۔ لیکن رات چوہدری اور اس کے دوست نے اس عورت کو فریب دے کر اپنی
...لیں۔ کیوں کہ اسے سہاگ رات منانا تھی۔ اس لیے وہ ان تصویروں اور نیگیٹوز کو ضائع
...تھا۔ اسے انہیں ضائع کرنے کی ایسی جلدی بھی نہ تھی۔ تصویروں اور نیگیٹوز والا
...ہاتھ لگ گیا۔"

...اس لفافے کو اپنے پاس رکھ کر کیا کروں......؟ اس سے مجھے کیا حاصل ہوگا؟" شہباز

...کہ ان تصویروں کے عوض چوہدری تمہیں ہر ماہ پچیس ہزار روپے ادا کرتا رہے گا۔"
...سی بات یہ ہے کہ تم اسے ان تصویروں سے بلیک میل کرو گے جب تک یہ
...رے پاس ہیں اس وقت تک وہ تمہارے ہاتھوں کٹھ پتلی بنا رہے گا۔ یہ تصویریں
...مانند ہیں جس میں اس کی جان محفوظ ہے۔ اس کی عزت اور جان تمہارے قبضے میں
...بلا چون و چرا پورا کرے گا۔ جب کبھی بھی تمہارا اس سے سامنا ہوگا وہ کتے کی
...جائے گا۔ لہٰذا ان تصویروں کی خوب حفاظت کرنا۔ ان تصویروں کو کسی ایسی جگہ رکھنا

کہ وہ کسی اور کے ہاتھ نہ لگیں۔ اور نہ ہی کسی بھی شخص کو اعتماد میں لینا۔ صرف تم دونوں کے د
رہے گا۔ لیکن ان تصویروں سے ناجائز فائدہ مت اٹھانا۔ پچیس ہزار کی رقم تم دونوں کی زن
بہت زیادہ ہے تم نے بہت زیادہ لالچ کیا تو کل کچھ بھی ہو سکتا ہے۔"

"کسی کو بلیک میل کرنا کوئی اچھا کام نہیں ہے۔" شہباز نے صاف گوئی سے کہا۔
چاہتے ہیں کہ میں ساری زندگی اس شخص کو بلیک میل کرتا رہوں؟ شاید میرا ضمیر اس با
کرے۔"

"میں بھی اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ بلیک میلنگ ایک مذموم فعل ہے۔"
لگا۔ "چوہدری کو بلیک میل کیے بغیر اس لیے چارہ نہیں ہے کہ اس نے تم دونوں کو کس قدر ذ
تکلیف پہنچائی۔ اس کے علاوہ اس نے اور بھی بہت سارے معصوم اور بے گناہ لوگوں کی ز
گھولا ہے۔ اس پر کوئی ہاتھ اس لیے نہیں ڈال سکا کہ وہ بااثر اور طاقتور ہے وہ ایک موذی د
کا نام سن کر لوگ کانپ اٹھتے ہیں اس کے زہریلے دانت توڑنا بہت ضروری ہے۔ وہ ایک
انسانیت سوز کام کرتا ہے۔ غریبوں کی عزت سے کھیلتا ہے۔ اسے بلیک میل کر کے ہٹ
جا سکتا ہے۔ ورنہ وہ بے گناہوں کی زندگیاں تلخ کرتا رہے گا انہیں ستاتا رہے گا۔ زندگیاں
بن جائیں گی...... میں یہ سمجھتا ہوں کہ گناہ گار کو سزا دینے کے لیے قدرت نے تمہیں تجی
انصاف کا اور اس نے تم دونوں کے ساتھ جو کچھ کیا اس کا تقاضہ یہ ہے کہ اسے سزا ملے۔
ایک ذہنی سزا ہو گی۔ پچیس ہزار کی رقم اس کے نزدیک کوئی اہمیت نہیں رکھتی ہے۔ اگر وہ
گیا۔ اس غلط راستے سے تائب ہو کر اس نے شریفانہ زندگی بسر کرنا شروع کر دی تو اسے ا
لے یا کر لوٹا دینا...... اس سے یہ بھی کہتے رہنا کہ وہ راہ راست پر آ جائے وہ جیسے ہی
آ جائے۔ تم اسے بلیک میل کرنا بند کر دینا۔"

عقرب نے نوری کے لیے بازار سے ایک نیا جوڑا اور برقع خریدا تاکہ وہ لباس بدل
میں یہاں سے روانہ ہو جائے۔ نوری نے زیورات رات ہی اتار دیے تھے۔ اس کے پاس
کوئی اور جوڑا نہیں تھا جو عروسی لباس سے بدل لے۔ وہ دونوں بہت خوف زدہ تھے کہ
اور اس کے آدمی ان کی تلاش میں نہ ہوں عقرب نے انہیں دلاسا دیا بس اڈے تک لے کر
میں سوار کرایا۔ اس وقت تک موجود رہا جب تک بس نظروں سے اوجھل نہیں ہو گئی۔ عقر
نے بہت خوشی ہو رہی تھی کہ شہباز کو اس کی محبت اور خوشی واپس مل گئی۔

شام کے وقت عقرب چوہدری کے ہاں پہنچا۔ دروازے پر دو مسلح چوکی دار موجود
سے پوچھنے اور اجازت لینے کی ضرورت نہ تھی۔ وہ اندر داخل ہو گیا۔ وہ انہیں نظر بھی نہ
وقت چوہدری نشست گاہ میں اپنے آدمیوں اور ایک عامل کے ساتھ بیٹھا باتیں کر رہا تھا
راولپنڈی سے بلایا گیا تھا۔ کہ رات بھر جس چڑیل نے چوہدری کو پریشان کیا تھا۔ ا
پایا جا سکے۔ وہ عامل چوہدری سے کہہ رہا تھا۔ "میں کالے جادو کی کاٹ کر سکتا ہوں۔ م



ایک کیا دس چڑیلوں کو قابو میں کر سکتا ہوں لیکن اس چڑیل کو قابو میں کرنے کے لیے ایک
پڑے گا جو رات بھر تنگ کرتی رہی ہے۔"

"میں ایک لاکھ کیا دو لاکھ روپے بھی دینے کے لیے تیار ہوں۔" چوہدری نے کہا۔ "آپ اس
صرف اس کوٹھی سے بھگا دیں گے بلکہ مرا ایک اور کام بھی انجام دیں گے۔ میں دو لاکھ روپے
پچاس ہزار روپے انعام بھی دوں گا۔ آپ روپے پیسوں کی بالکل فکر نہ کریں۔"

"دوسرا کام کون سا ہے؟ کیا ہے......؟" عامل نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا۔

"رات میں نے نوری نامی عورت سے شادی کی تھی۔ اس چڑیل کی وجہ سے اس کا سابقہ شوہر اسے
لے جانے میں کامیاب ہو گیا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ میری بیوی کو آپ اپنے کسی علم اور معمول
بلا دیں۔"

"آپ مجھے دو لاکھ روپے دے دیں۔ آپ کے دونوں کام ہو جائیں گے آپ کی بیوی خود بخود
آپ کے پاس آئے گی۔" عامل نے بڑے فخر سے سینہ تان کر اور اپنی لال رنگ کی داڑھی پر ہاتھ
کر کہا۔ "میرے لیے آپ کی بیوی کو واپس لانا اور چڑیل کو بھگا دینا بائیں ہاتھ کا کھیل
لیکن مجھے اس کے لیے تین دن اور تین راتیں عمل کرنا ہو گا۔ مجھے ایک کمرہ دے دیا جائے اس
والی شخص میری اجازت کے بغیر داخل نہیں ہو گا۔"

"منظور ہے۔" چوہدری نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔ "آپ میری خواب گاہ کو استعمال کر سکتے
رہے ہے۔" عقرب نشست گاہ میں ایک طرف خاموشی سے کھڑا ہوا ان کی باتیں سن رہا تھا۔
آ رہا تھا۔ اس نے ان کی گفتگو سن کر کہا۔ "چوہدری...... یہ شخص عامل نہیں ہے اور نہ ہی
ہے۔ ایک نمبر فراڈی اور جعلی عامل ہے اس کی باتیں نہ سنو...... نہ اس کے فریب میں
اس کا کام صرف لوگوں سے پیسہ بٹورنا ہوتا ہے۔" عقرب کی آواز سنتے ہی سبھی اچھل
عامل اور چوہدری کے آدمی حیرت سے کمرے میں چاروں طرف دیکھنے لگے کہ یہ
آ رہی ہے......؟ دو آدمیوں نے اٹھ کر پردوں کے پیچھے بھی دیکھا۔ انہیں وہاں کوئی
عامل کا چہرہ زرد پڑ گیا تھا۔ اس نادیدہ آواز نے اس کا بھانڈا پھوڑ دیا تھا۔
چند لمحوں کے بعد کمرے میں نظریں دوڑاتے ہوئے پوچھا تو اس کی آواز مرتعش ہو رہی
......؟"

"عامل...... تم بتاؤ گے میں کون ہوں۔" عقرب نے جواب دیا۔ "میں نہیں بتاؤں گا کہ میں
ہوں؟"

عامل ایک لمحے کے لیے چکرا گیا۔ اس کا یہ سخت امتحان تھا۔ اس نے اپنے آپ کو
"تم بدروح ہو۔"

نہیں ہوں بلکہ ایک عام انسان ہوں۔ حیرت کی بات ہے کہ تم میں اتنی صلاحیت بھی
بارے میں جان سکو...... جب کہ تم ماہر عملیات سفلی عملی اور کالا جادو بھی ہو۔" عقرب

نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

''میں......'' عامل کی آواز حلق میں پھنسنے لگی۔ اس نے اسی لمحے کچھ پڑھ کر آواز کی سمت [illegible] سامنے آجاؤ......''

عامل کے اس منتر کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ چند لمحوں کے بعد عقرب کی آواز گونجی۔ ''کیا [illegible] صاحب؟ کہاں گیا تمہارا عمل......؟ کہاں ہیں تمہارے معمول......؟ تم مجھے ان سب کے [illegible] لا سکے۔ تم یہ مان لو کہ تم عامل نہیں ہو۔ فراڈی ہو۔''

عامل صاحب کیا جواب دیتے۔ ان کی سٹی گم ہوچکی تھی۔ پیشانی عرق آلود ہوگئی تھی۔ [illegible] میں کچھ نہیں آرہا تھا کہ وہ کیا کرے۔ فرار کی راہیں بھی نہیں رہی تھیں۔ وہ سخت ندامت کے عا[illegible] تھا۔ جیسے کوئی بہت بڑا چور ہو۔ اسے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا...... اس کے حلق میں گرہیں پڑ[illegible]

''اب تم میرا کمال دیکھو......'' عقرب نے کہا۔ ''میں تمہیں بتاتا ہوں کہ علم کیا ہوتا ہے [illegible] کہتے ہیں اور پھر تم اس کمال کے خلاف کیا کرتے ہو......؟ تم میدان چھوڑ کر بھاگ نہ جانا......''

چند ثانیوں کے بعد کمرے کے وسط میں سفید دھواں فرش سے نکلا۔ پھر وہ آہستہ آ[illegible] بلند ہونے لگا۔ پھر اس کی رنگت تبدیل ہونے لگی۔ سفید دھواں کالے رنگ میں مدغم ہونے [illegible] نے ایک ہیولے کی شکل اختیار کرلی۔ وہ سبھی آنکھیں پھاڑے اس کالے اور کثیف دھوئیں [illegible] تھے۔ وہ اپنی جگہ جامد و ساکت اور دم بخود تھے۔ انہیں ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ کوئی بھیانک [illegible] رہے ہوں۔ پھر وہ کالا دھواں ایک عورت میں تبدیل ہوگیا۔ ان سب کے سامنے بھدی، پستہ قد اور خوفناک صورت کی عورت کھڑی تھی جس کی گز بھر کی زبان باہر نکلی ہوئی [illegible] کے کناروں سے اس کے سفید نوک دار تیز دانت باہر جھانک رہے تھے۔ اس کی لال لال [illegible] مرغی کے انڈوں سے بھی دگنی بڑی تھیں خون آلود دکھائی دے رہی تھیں۔ اس کی پیشانی پر [illegible] تھی وہ شعلے برسا رہی تھی۔ چڑیل کو دیکھتے ہی عامل صاحب اور چوہدری کے آدمیوں کی [illegible] خشک ہوگیا۔ ان سب کی سٹی گم ہوگئی۔ عامل صاحب نے چڑیلوں کے بارے میں سنا تھا کہ [illegible] بدصورت اور مکروہ خدوخال کی ہوتی ہیں۔ انہوں نے کیا کبھی ان کے فرشتوں نے سار[illegible] چڑیل بھی نہیں دیکھی تھی۔ ان سب کے دل بری طرح دھڑکنے لگے تھے۔ یہ لوگ ا[illegible] سنبھالے تو بے ہوش ہوجاتے۔

''عامل صاحب! ......عامل صاحب! ......'' چوہدری بڑے زور سے ہذیانی لہجے میں [illegible] چڑیل ہے جو مجھے ساری رات پریشان کرتی رہی ہے...... اسے جلدی سے قابو میں کرلو۔ نہیں [illegible] کا خون پی جائے گی...... اسے قابو میں کرلو۔ یہ بڑی کمینی چیز ہے۔'' چوہدری کے پسینے چھوٹ [illegible]

عامل صاحب ایک جھٹکے سے اٹھ کھڑے ہوئے کیوں کہ چڑیل ان کی طرف مسکرا[illegible] آہستہ بڑھ رہی تھی۔ وہ ان سے کہہ بھی رہی تھی۔ ''میرے پیارے عامل صاحب! میں [illegible] انتظار کررہی تھی...... تم کتنے پیارے ہو......؟ کتنے اچھے لگ رہے ہو......؟ آئی لو یو مسٹر عا[illegible]



[illegible] صاحب کے سارے جسم میں سرد لہر برقی رو کی طرح اتر گئی۔ وہ دہشت زدہ ہوکر دروازے [illegible] کے بدحواسی میں صوفے سے ٹکرا کر فرش پر گرے پھر اٹھ کر بھاگے۔ انہیں بھاگتے ہوئے [illegible] کے آدمی جو غنڈے اور بدمعاش تھے۔ ان کے پیچھے پیچھے بھاگے۔ چڑیل بھی ان کے [illegible] کمرے سے نکل گئی۔

[illegible]!'' عقرب کی آواز فضا میں لہرائی۔ ''تم نے دیکھ لیا اس بناسپتی عامل کو...... وہ ایک [illegible] نہ کرسکا......''

[illegible]...... ؟ کیا چاہتے ہو......؟'' چوہدری نے پھنسی پھنسی آواز میں پوچھا۔ ''مجھے کیوں [illegible] کر رہے ہو؟''

[illegible] کا دوست ہوں۔'' عقرب نے جواب دیا۔ ''میں اس لیے آیا ہوں کہ تم شہباز اور اس [illegible] دل سے نکال دو...... رات تمہیں سبق مل چکا ہے لیکن پھر بھی تمہارے سر سے نوری کا [illegible] ہے۔ میں تمہیں آخری بار تنبیہ کررہا ہوں۔ اگر تم نے پھر سے نوری کے حصول کے لیے [illegible] اور نیچ حرکت کی تو اچھا نہ ہوگا...... اور ہاں تمہاری شرمناک تصویریں اور ان کے نیگیٹوز [illegible] بڑی حفاظت سے رکھے ہوئے ہیں۔ تم ہر ماہ اسے پچیس ہزار کی رقم باقاعدگی سے [illegible]۔ بدنیتی کی تو یہ چڑیل تمہارا خون پی جائے گی۔ تمہارے لیے بہتر ہے کہ تم سدھر جاؤ۔ [illegible] شریفانہ زندگی بسر کرنے لگوگے۔ اس روز تمہیں تمہاری تصویریں واپس مل جائیں گی ورنہ [illegible] بلیک میل ہوتے رہوگے۔''

[illegible] نے کوئی جواب نہیں دیا۔ تھوڑی دیر تک خاموش رہا پھر اس نے پوچھا۔ ''کیا تم کوئی جن

[illegible] میں جن ہوں۔ جناتوں کا بادشاہ ہوں۔ میں اپنے دوست شہباز اور اس کی بیوی نوری [illegible] لیے آیا تھا۔ میں واپس جارہا ہوں۔ لیکن اس چڑیل کو شہباز اور اس کی بیوی کی حفاظت [illegible]''

[illegible] میں دو دن رہ کر لاہور آگیا۔ اس نے لاہور شہر کی بہت تعریف سنی تھی کہ اسے بہت [illegible] ہے۔ اس ملک کے بڑے شہروں میں یہ دوسرا بڑا شہر تھا جس کی خوبصورتی اپنی مثال [illegible] لاہور کا شہر تھا۔ بسنت کا تہوار بڑے جوش و خروش دھوم دھام اور روایتی انداز [illegible] اور یوں روپے پانی کی طرح بہائے جاتے تھے۔ عقرب جب اخبار میں بسنت کے [illegible] تھا۔ تب اس کا دل بہت دکھتا تھا۔ کیوں کہ اربوں کی رقم پانی کی طرح بہادی جاتی [illegible] اور حصول نہیں ہوتا۔ اس ملک کے باشندوں میں سب سے بری عادت فضول [illegible] بیاہ اور دیگر تقریبات میں نمائش، نام و نمود اور شہرت کی خاطر رقم برباد کردی جاتی [illegible] اور ضرورت مندوں کو دس روپے دیتے ہوئے بھی سخت تکلیف ہوتی تھی۔ [illegible] مریض دوا کے اور علاج کے لیے رقم نہ ہونے کے باعث سسک سسک کر

مر جاتے تھے۔ ہزاروں والدین ایسے نہ تھے کہ وہ اپنے بچوں کو تعلیم دلا سکیں۔ لڑکیاں جہیز نہ
سبب بوڑھی ہو رہی تھیں۔ ساری قوم خود غرض ہو گئی تھی۔ بسنت کے تہوار کے لیے رقم ہے
ضرورت مندوں اور محتاجوں کے لیے نہیں۔ پھر ایسا ملک اور قوم کیا ترقی کرے گی جو اپنی آمد
لٹا دیتی ہے۔ اور پھر تہوار والے دن کئی بڑے بچے موت کے منہ میں چلے جاتے تھے۔
تھا۔ گھر اجڑ جاتے تھے۔ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں سے جیل اور حوالات بھی بھر
لیکن پھر بھی زندہ دلان لاہور ہر سال بسنت تہوار بڑی شان سے مناتے۔ غریب ملک کے
روپے حرام کی نذر کر دیتے تھے۔

عقرب دوسرے دن لاہور شہر گھومنے نکلا۔ وہ گلبرگ کے علاقے میں گھوم رہا تھا۔ تو
ایک دکان پر ڈاکہ پڑا۔ جس وقت ڈکیت دکان سے نکل رہے تھے۔ پولیس آ گئی۔ دونوں
فائرنگ کا تبادلہ ہونے لگا۔ ایک افراتفری مچ گئی۔ جس کا منہ جدھر اٹھا وہ ادھر بھاگا۔ تھوڑی
ڈاکو دکان سے فائرنگ کرتے ہوئے نکلے۔ ان میں سے دو تو گاڑی میں بیٹھ کر فرار ہو گئے۔
موقع نہیں ملا تو وہ گلیوں میں گھس گئے۔

تھوڑی دیر کے بعد ایک پولیس موبائل ان ڈاکوؤں کے تعاقب میں روانہ ہو گئی۔ و
گاڑی کے تعاقب میں گئی۔ دوسری گاڑی گلیوں میں مفرور ڈاکوؤں کی تلاش میں چلی گئی۔
بعد وہ موبائل واپس آ گئی جو ڈاکوؤں کی تلاش میں گئی تھی۔ کیوں کہ ڈاکو ان کی آنکھوں میں
گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ موبائل بھی واپس آ گئی جو گلیوں میں گئی تھی۔ ایک ڈاکو بھی ہاتھ نہ
دکان پر ڈاکا پڑا وہ سنار کی دکان تھی۔

عقرب کچھ دیر کے بعد اس بازار سے نکل کر ایک نوجوان شخص کے ساتھ باتیں کر۔
اسٹاپ کی طرف جا رہا تھا کہ پولیس کی ایک موبائل ان کے سامنے آ کر کھڑی ہو گئی۔ ان
لیا۔ موبائل کے رکتے ہی ان میں سے تین مسلح سپاہی کود پڑے۔ انہوں نے ان دونوں کو نکل
سے نرغے میں لے لیا۔

عقرب نے حیرت سے ان پولیس والوں کو دیکھا۔ پہلے تو ان کی یہ حرکت اس کی
آئی۔ جب اس نے ان لوگوں کا اور سب انسپکٹر کا ذہن پڑھا تو سارا ماجرا اس کی سمجھ میں آ
پولیس ان ڈاکوؤں کو پکڑنے میں ناکام ہو چکی تھی۔ اس جیولری شاپ سے دس لاکھ نقد رقم ا
جیولری ڈاکو لوٹ کر لے گئے تھے۔ پولیس کے اعلیٰ افسران کو چونکہ اپنی کارکردگی اور کارنامہ
لیے ان دونوں بے گناہوں کو روک لیا۔ پھر ان کی گردن دبوچ کر اور بندوق کے بٹ
گاڑی میں سوار کرا دیا۔ انہیں کچھ پوچھنے اور کہنے کی مہلت تک نہیں دی۔ عقرب کے ساتھ
تھا۔ اس کا نام عنایت تھا۔ وہ فیصل آباد میں رہتا تھا۔ یہاں اپنی پھوپھی سے ملنے آیا تھا۔
میں ایک کپڑے کی دکان میں سیلز مین تھا۔ اگر عنایت کا معاملہ نہ ہوتا تو وہ غائب ہو جاتا۔
گیا اور یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ پولیس ان دونوں کے ساتھ کیا سلوک کرتی ہے اور تھانے۔



ہاتھ لگتی ہے۔ عقرب نے دل میں سوچا۔
سے چلئے چلو...... چل کر پولیس سے کیوں نہ دو دو ہاتھ کر لیے جائیں۔ اس کی ذات سے
بھلا ہو جائے۔

کے بارے میں اخبارات میں پڑھتا رہتا تھا۔ پولیس کے بارے میں روز ہی کوئی نہ کوئی
جیسا کہ اس کے علم میں یہ بات تھی کہ پولیس، پولیس ہی ہوتی ہے چاہے اس کا تعلق کسی
کی قوم سے کیوں نہ ہو۔ اس ملک میں بھی پولیس بہت بدنام تھی۔ اس مقدس محکمے میں جو
دار اور فرض شناس اہل کار ہوتے ہیں وہ اور کالی بھیڑیں قانون کے تقدس کی دھجیاں
بے گناہوں کو پکڑ کر ان پر بے جا تشدد کرتے ہیں۔ انہیں تنگ و ہراساں کرتے ہیں ان
لوگ اس لیے کیا جاتا ہے کہ ان کا ہر قسم کا مطالبہ پورا کر سکیں۔ وہ بڑے بے رحم اور
انسان ہوتے تھے۔

میں سب سے زیادہ بدنام اور رسوا لاہور کی پولیس تھی۔ کیونکہ اخبارت میں اس کے
زیادہ ہی خبریں چھپتی تھیں کہ وہ کس طرح سے بے گناہوں کو حوالات میں بند کر کے ان پر
ہیں۔ عدالتیں نہ صرف اس کی غیر قانونی سرگرمیوں کی خبر لیتی رہتی تھیں بلکہ ان کی سخت
مذمت اور سرزنش بھی کر دیتی تھیں۔ ان کے غیر قانونی اقدامات پر انہیں معطل کر دیتیں
کھلاتی تھیں۔ اس کے باوجود پولیس اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتی تھی۔ اس کی تازہ
تھے۔ پولیس ان دونوں کو تھانے لے جا رہی تھی۔

ایک سپاہی نے اسے اور عنایت کو بندوق کے بٹ سے مارا تھا۔ اس پر تو کچھ اثر نہ ہوا
درد اور تکلیف سے تڑپ گیا تھا جب کہ اس سپاہی کو اس بات کا کوئی حق نہیں تھا کہ بلاوجہ
عقرب نے اس کے متاثرہ حصے پر اپنا ہاتھ رکھا تو فوراً ہی اس کا درد جاتا رہا اور اس نے

سامنے بیٹھے ہوئے سپاہی سے پوچھا۔ ”ہمیں کس جرم کی پاداش میں آپ لوگوں نے

پوچھتا ہے...... ہم تیرے باپ کے نوکر ہیں تجھے بتائیں کہ تمہارا جرم کیا ہے؟“ اتنا کہہ کر
عقرب کے منہ پر زور سے ایک تھپڑ رسید کر دیا۔ ”تجھے تھانے چل کر پتا چلے گا کہ
اپنا جملہ ادھورا چھوڑ دیا۔ اس کے منہ سے ایک کراہ نکلی۔ وہ اپنا ہاتھ پکڑ کر کراہنے لگا۔
منہ پر تھپڑ مارنے سے اس کے ہاتھ پر زور کی چوٹ لگی تھی۔ اسے ایسا لگا کہ اس نے
چٹان پر ہاتھ مارا ہو۔ تکلیف سے اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ وہ حیران اور
اسے کیا ہو گیا ہے؟
اپنے گال پر فوراً ہی ہاتھ رکھ لیا تا کہ اس سپاہی کو احساس نہ ہو کہ اسے اس تھپڑ کا کوئی اثر
اپنے بشرے سے درد اور تکلیف کا اظہار کیا سپاہی اس کے چہرے پر درد اور تکلیف

کے آثار دیکھ کر خاموش رہا۔

"ہمارا قصور کیا ہے جی......؟" عنایت نے بھی اپنی زبان کھولی۔ عقرب کے ساتھ ا
جو سلوک کیا تھا اس پر بھی اس سے چپ نہ رہا گیا۔ "ہم شریف لوگ ہیں۔ میں فیصل آباد ج
صاحب اپنے......"

"او...... خنزیر کی اولاد......" دوسرے سپاہی نے عنایت کو گالی دیتے ہوئے کہا۔ "د
شریف ہو اور ہم لوگ ہی حرامی ہیں۔" پھر اس نے اپنی مونچھوں پر تاؤ دیتے ہوئے پیر
عنایت کے منہ پر لات دے مارے۔ عقرب نے فوراً ہی اس کے پیر کی طرف دیکھا۔ اس
درد کی ٹیس اٹھی۔ اس نے فوراً ہی اپنا پیر فرش پر رکھ دیا اور دونوں ہاتھوں سے اپنی ٹانگ
مر گیا...... یہ کیسا درد اچانک اٹھا ہے۔"

"کیا ہوا بٹ!" تیسرے سپاہی نے حیرت سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔
کو کیا ہو گیا ہے؟"

"معلوم نہیں یار! کیا ہو گیا ہے۔" اس نے اپنی پنڈلی کو دباتے ہوئے کہا۔ "میں ۔
زادے کو مارنے کے لیے اٹھایا تو درد کی ایسی لہر اٹھی اور ایسا لگا جیسے کسی نے چاقو سے کا
برداشت نہیں ہو رہا ہے۔"

"عجیب سی بات ہے۔" پہلے والے سپاہی نے اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ سے
کہا۔ "میں نے اس سور کے منہ پر تھپڑ مارا تو ایسا لگا جیسے میرا ہاتھ کسی سخت پتھر پر پڑا ہو د
حال ہو گیا ہے۔ تمہارے ساتھ بھی یہی ہوا......"

گاڑی پولیس اسٹیشن کے احاطے میں داخل ہو کر رک گئی تو ان کے درمیان گفتگو منق
ان سپاہیوں نے عنایت اور عقرب کو گاڑی سے اس طرح نکالا جیسے وہ قربانی کے جانو
لاتیں مارتے بندوقوں کے بٹ سے دھکیلتے ہوئے برآمدے کی طرف لے گئے پھر ان ۔
ہتھکڑیاں بھی پہنا دی گئیں۔ پھر انہیں انسپکٹر کے کمرے میں لے جایا گیا کمرے میں ا
تھا۔ انہیں ایک طرف کھڑا کر دیا گیا۔ ایک سپاہی لپک کر گیا اس نے دو کلاشنکوفیں لا کر م
اتنی دیر میں انسپکٹر کمرے میں بڑے متکبرانہ انداز سے داخل ہوا اور اپنی کرسی پر بیٹھ گیا۔
دونوں کو تین سپاہی اور سب انسپکٹر لے کر آیا تھا سپاہیوں نے انسپکٹر کو بڑے زور سے سیلوٹ

"یہ کون سور کے بچے ہیں......؟" انسپکٹر نے مونچھوں کو تاؤ دیتے ہوئے ان دو
لال آنکھوں سے گھورا۔ وہ بہت موٹا بھدا اور بے ڈول سا تھا۔ اس کی توند مٹکے کی طرح
اس کی گردن بہت ہی موٹی تھی۔ بہت تنگ پیشانی تھی۔ اس کے چہرے پر درندگی سی ؟
اس کے جسم پر وردی نہ ہوتی تو وہ ڈاکو لگتا۔

"سر! یہ ڈکیت ہیں۔" سب انسپکٹر نے کہا۔ "آج مین بازار گلبرگ کی جیولری شاپ
تھا۔ ان دونوں اور ان کے ساتھیوں نے مل کر ڈاکہ ڈالا تھا۔ ان کے دونوں ساتھیوا



مقابلہ کیا۔ ان کے دونوں ساتھی دکان کے عقبی دروازے سے فرار ہونے میں کامیاب
ان نے اور دوسرے سپاہیوں نے اپنی جان پر کھیل کر انہیں گرفتار کیا ان کے پاس یہ کلاشنکوفیں
ان کے دونوں ساتھیوں کو دوسری موبائل سرگرمی سے تلاش کر رہی ہے۔"

"ان کے دونوں ساتھی کتنی رقم اور مال لے کر اڑے ہیں؟" انسپکٹر نے ان دونوں کو گہری نظروں
سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"دکان کے مالک نے بتایا کہ نقد رقم دس لاکھ تھی اور مال تقریباً تیس لاکھ کی مالیت کا تھا...... ہم
نہ پہنچتے تو پوری دکان صاف ہو جاتی دکان میں تین خریدار بھی موجود تھے۔ ان کی دستی گھڑیاں اور ان
کے موبائل لے گئے۔"

"اوہ...... بڑی زبردست واردات ہوئی ہے پورے چالیس لاکھ کی......" انسپکٹر نے سیدھے
میز پر دونوں ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔ "اب تم دونوں بتاؤ...... کیا چاہتے ہو......؟ حصہ یا
...؟"

"انسپکٹر صاحب!" عقرب نے کہا۔ "اس واردات سے ہم دونوں کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہم
بے گناہ اور شریف آدمی ہیں۔ ہم دونوں اس علاقے سے گزر رہے تھے کہ سب انسپکٹر صاحب
نے گرفتار کر لیا۔ یہ کلاشنکوفیں بھی ہماری نہیں ہیں۔ ہمیں شک کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے۔ لہٰذا ہمیں
...۔"

...... " اللہ وسائی نے فکر مند لہجے میں کہا۔ "جیسے ہی رات کے بارہ بجتے ہیں شیطانی
...ہے۔ فجر کی آذان سے ایک گھنٹہ قبل تک جاری رہتا ہے چوں کہ ہم آیۃ الکرسی

پڑھے رہتے ہیں۔ ایک کمرے میں بیٹھے رہتے ہیں اس لیے ان کی زد سے محفوظ رہتے ہیں لیکن جو طوفان آتا ہے اور ہنگامہ کھڑا ہوتا ہے اسے خاموشی اور دہشت سے دیکھتے رہتے ہیں۔ وہ کو نقصان پہنچا کر جاتے ہیں۔"

"اگر آپ لوگ کچھ خیال نہ کریں اور اجازت دیں تو کیا میں آج کی رات آپ کے کرلوں؟" عقرب نے کہا۔

"نیکی اور پوچھ پوچھ......" اللہ وسائی کا چہرہ دمک اٹھا۔ وہ سرشاری سے بولی۔ "ہمارے سے بڑھ کر خوشی کی بات کیا ہو سکتی ہے...... بیٹے تمہاری موجودگی سے ہمارے دل کو بڑی تقویت لیکن بیٹے!" اس نے توقف کر کے اگلے لمحے کہا۔ "میں اس بات سے ڈرتی ہوں کہ کہیں یہ شیطا تمہیں کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائیں۔ تم کسی کے لعل ہو۔"

"طاغوتی طاقتیں میرا بال تک بیکا نہیں کر سکتی ہیں۔" عقرب نے کہا۔ "آپ پریشان نہ اللہ پر بھروسا رکھیں۔"

"اگر تم اپنی خوشی اور مرضی سے رہنا چاہتے ہو تو رہ سکتے ہو۔ ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔" کا چہرہ دمک اٹھا۔

"اچھا آپ مجھے یہ بتائیں کہ یہ رشی کون ہے......؟ کس کا بیٹا ہے؟ کیا اس کا رشتہ آپ کی لیے آیا تھا؟"

"رشید میرے چچازاد بھائی کے سالے کا بیٹا ہے۔" کرم دین نے جواب دیا۔ "اس کا آدمی نہیں ہے۔ دو مرتبہ بیل چوری کرنے اور زمیندار پر قاتلانہ حملہ کرنے کے الزام میں جیل جا اب بھی وہ سدھرا نہیں ہے۔ لوگوں کو ٹھگنا اس نے اپنا پیشہ بنا رکھا ہے۔ اس کی گاؤں میں ذرہ عزت نہیں ہے۔"

"آپ رشید کے بارے میں بتائیں وہ کیسا ہے......؟ کیا کام کرتا ہے؟" عقرب نے دریافت

"وہ بھی ایک نمبر کا شیطان فریبی، دغا باز اور جعل ساز ہے۔" کرم دین کہنے لگا۔ "ا ضعیف الاعتقاد مرد اور عورتوں کو بے وقوف بناتا ہے۔ مزنگ میں اس نے اپنا اڈہ بنا رکھا ہے عامل کہتا ہے سفلی علم اور کالا جادو کے توڑ کا ماہر بتاتا ہے وہ عورتیں جن کے ہاں کوئی اولاد نہیں ہو انہیں تعویذ گنڈے دے کر پیسے بٹورتا ہے۔ ان کی عزت سے بھی کھیلتا ہے۔ جانے اس نے کیا دھندا اختیار کر رکھا ہے۔ یہ سارا چکر اسی کا چلایا ہوا ہے شاید ایک دو اور بھی ہیں جو جعلی جادوگروں کی مٹھی گرم کر کے ہمیں تنگ کر رہے ہیں۔"

کرم دین نے اپنا جملہ ختم کیا ہی تھا کہ ناجیہ کمرے میں داخل ہو کر بولی۔ "بابا...... اماں لگ گیا ہے۔"

"تم چلو ہم لوگ آتے ہیں۔" اللہ وسائی نے بیٹی سے کہا۔ ناجیہ کمرے سے نکل گئی تو عقرب سے کہا۔ "چلو بیٹے!"



......" کرم دین نے کہا۔ "تم نے اپنا نام نہیں بتایا...... میرا نام کرم دین ہے یہ میری بیوی اللہ میری بیٹی کا نام ناجیہ ہے...... تم کون ہو......؟ کہاں رہتے ہو......؟ مقامی تو لگتے نہیں ہو؟"

نام عقرب ہے۔" عقرب نے جواب دیا۔ "میں سوات کے علاقے کالام کا باشندہ ہوں۔ لیے لاہور آیا ہوا ہوں۔ اتفاق سے اور حادثاتی طور پر آپ سے ملاقات ہوگئی۔"

نے والے کمرے کی طرف جاتے ہوئے عقرب نے مکان کا جائزہ لیا۔ مکان خاصا بڑا تھا۔ بھی کشادہ روشن اور ہوادار تھے۔ صحن بھی کافی کھلا ہوا تھا۔ گھر میں صفائی بھی تھی۔ وہ آئینے رہا تھا۔ مگر ان سب کے باوجود گھر پر ایک عجیب سی اداسی طاری تھی۔ جب سے اس گھر پر سایہ کیا تھا تب سے گھر کا ماحول بدل گیا تھا۔ ان کے دلوں میں خوشی کی رمق بھی نہیں رہی نے یوں تو ان تینوں کے ذہن پڑھ کر سب کچھ معلوم کر لیا تھا پھر بھی اس نے انجان بن کر پوچھا تھا۔ تا کہ اندازہ کر سکے کتنا سچ بول رہے ہیں یہ لوگ سچے تھے۔ سیدھے سادے تھے۔ جو بتایا تھا اس میں جھوٹ کی رمق تک نہ تھی۔ ان میں کوئی ریاکاری منافقت نہ تھی سچے مخلص لوگ تھے۔

اسے نجانے کیوں اپنے من میں بسا لیا اور اس کا خواب دیکھنے لگی تھی۔ جب کہ اس کا نہیں گیا تھا اور نہ ہی اس نے کچھ سوچا تھا بس وہ تو ایک راہی تھا چلنا اس کا کام تھا۔ ایک تھا تا کہ دکھی، مظلوم اور حالات کے تحت ستائے ہوئے لوگوں کی مدد کر سکے۔ ابھی اس کا دل دھڑکا نہیں تھا۔ ناجیہ کا حسن و شباب بے مثال تھا۔ وہ جتنی خوبصورت تھی اس کا دل بھی تھا۔

ان پر کھانا چنا ہوا تھا۔ ماش کی دال اور پالک گوشت، دہی اور چپاتیاں تھیں۔ وہ کرم دین ناجیہ اپنی ماں کے ساتھ اس کی نظروں کے سامنے بیٹھی تھی۔ کھانے کے دوران نظروں ناجیہ کا دل اس وقت بڑی زور سے دھڑکتا تھا، جب اس کی نظریں عقرب کی نظروں سے لقمے حلق سے اتارنا مشکل ہو رہا تھا۔ وہ عقرب کے بارے میں سوچ رہی تھی۔ اس ق آلود ہو رہی تھی۔ ناجیہ نے کھانے سے فراغت پانے کے بعد برتن سمیٹے اور باورچی وہ کرم دین اور اللہ وسائی کے ساتھ کرم دین کے کمرے میں آ گیا۔ وہ ان میاں بیوی تھا کہ ناجیہ نے ایک زوردار دل خراش چیخ ماری۔ پھر وہ ہذیانی لہجے میں چیخنے لگی۔ اللہ کے لیے بچاؤ......"

!" اللہ وسائی اچھل پڑی۔ وہ دہشت زدہ ہو کر بولی۔ "آواز باورچی خانے سے

باورچی خانے کی طرف تیزی سے لپکا۔ اس کے پیچھے اللہ وسائی اور کرم دین تھے۔ نے کی دہلیز پر ٹھٹک کر رک گئے۔ ایک چڑیل نے ناجیہ کو دبوچ رکھا تھا اور وہ ناجیہ کی ۔ ان تینوں کو دیکھ کر وہ غرائی۔ "دفع ہو جاؤ...... خبردار جو کسی نے قدم بڑھایا......

میں اس کا خون پینے کے لیے آئی ہوں...... اس کا خون پی کر جاؤں گی۔'' ناجیہ اس چڑیل
میں جھول رہی تھی۔ وہ بے ہوش ہو چکی تھی۔

عقرب اس چڑیل کی طرف تیزی سے بڑھا۔ عقرب کو اپنی طرف بڑھتے ہوئے د
آنکھیں شعلے برسانے لگیں۔ اسے یقین نہیں آیا کہ کوئی اس کی طرف بے خوفی سے بڑھ
نڈر بھی ہو سکتا ہے۔ عورت ہو یا مرد اسے دیکھ کر خوف و دہشت سے بے ہوش ہو جاتے تھے
بندھ جاتی تھی۔ پھر اسے غصہ آ گیا کہ عقرب کی یہ مجال...... پھر وہ دل میں خوش ہوئی کہ ایک
بھی خون اسے پینے کے لیے ملے گا۔

اللہ وسائی اور کرم دین نے جو اس چڑیل کی گرفت میں اپنی بچی کو دیکھا تھا ن
ہو گئے۔ ان کے دل اچھل کر حلق میں دھڑکنے لگے۔ اللہ وسائی غش کھا گئی۔ کرم دین نے
سنبھال لیا۔ لیکن اس کی حالت بھی غیر ہو رہی تھی۔ اسے اپنے پیروں پر کھڑا ہونا دشوار لگ
حیران اور دہشت زدہ تھا کہ عقرب اس چڑیل کی گرفت سے اس کی بچی کو کیسے نکال سکے گا
بات کا خوف تھا کہ کہیں اس کی بچی کو بچانے میں اس غریب کی جان نہ چلی جائے۔ وہ اس کی
حفاظت کے لیے دعا مانگنے لگا۔

عقرب چڑیل کے سامنے جا کر رک گیا اور اس نے ٹھہرے ہوئے لہجے میں حکم دیا
کو چھوڑ دو......''

''یہ تو کہہ رہا ہے......؟ حکم دے رہا ہے......؟'' چڑیل غضب ناک ہو کر بولی۔ ''تو کو
حکم دینے والا۔''

''میں کہتا ہوں تو اسے چھوڑ دے چڑیل!...... کالی ڈائن!......'' عقرب نے تیز لہجے
میں کون ہوں؟ کیا ہوں؟ یہ تو تو کیا...... وہ بھی نہیں جانتا ہے جس کے حکم پر تو اس کا خون پی
ہلاک کرنے آئی ہے۔''

''مجھے اس سے کوئی غرض نہیں ہے کہ تو کون ہے......؟ کیا ہے......؟ لیکن میں اس ل
پینے آئی تھی...... اب تو میں تیرا خون بھی پی کر جاؤں گی...... دو دو کے خون...... مجھے خون ب
۔ میں ایک ایک قطرہ خون تک چوس لیتی ہوں۔ میں اب تک سینکڑوں انسانوں کا خون پی چ
مجھے انسانی خون بہت پسند ہے۔ یہ لال شربت میرا پسندیدہ مشروب ہے......'' چڑیل قہقہہ مار کر

''تو خون تو کیا ایک گلاس پانی بھی نہیں پی سکتی ہے۔'' عقرب نے کرخت لہجے میں
تیرے دانت توڑ کر رکھ دوں گا...... تیری زبان گدی سے کھینچ لوں گا۔ تیری آنکھیں نکال دوں
اپنی خیریت چاہتی ہے تو اس لڑکی کو چھوڑ دے۔ اپنی راہ لے۔ تو جو کچھ سوچ رہی ہے
نہیں ہو سکتا۔''

''تو میرے دانت توڑ دے گا......؟ میری زبان کھینچ لے گا...... میری آنکھیں بھی نکال
وہ اتنے زور سے ہنسنے لگی کہ پورا گھر اس کی ہنسی سے گونجنے لگا۔ ''کیا تو نے مجھے مٹی یا پلاسٹک کا



؟''

''عقرب نے سر ہلایا۔ ''تیری حقیقت اس سے زیادہ نہیں ہے۔ تو بہت حقیر شے ہے۔''
دیکھتی ہوں تو مجھے اس لڑکی کا خون پینے سے کیسے روک سکتا ہے۔'' چڑیل بھڑک اٹھی۔
اتنا کہہ کر ناجیہ پر جھکنے لگی تا کہ ناجیہ کی گردن میں اپنے لمبے دانت گاڑ دے۔ عقرب نے
موقع نہیں دیا۔ لپک کر اس کے بال پیچھے سے پکڑ کر اس کی گردن دوسرے ہاتھ سے دبوچ
نے ایک چیخ ماری۔ ناجیہ اس کے ہاتھوں کی گرفت سے نکل کر فرش پر آ رہی۔ پھر وہ
عقرب کی طرف مڑی۔ عقرب نے فوراً ہی اس کی گردن چھوڑ کر اس کے منہ پر ایک مکا
کے دانت نکل کر باہر آ گئے۔ خون کا فوارہ ابل پڑا۔ اس سے پہلے کہ چڑیل سنبھلتی عقرب
کی زبان پکڑ کر کھینچی تو وہ بھی باہر آ گئی۔ پھر وہ درد اور تکلیف کی شدت سے چیخنے چلانے
نہیں آیا کہ عقرب اس کی یہ درگت بنا سکتا ہے۔ وہ بھونچکی سی ہو گئی تھی۔ وہ عقرب پر جھپٹی
اور اس کے دونوں ہاتھ پکڑ کر ان کی ہڈیاں توڑ ڈالیں...... وہ فرش پر گر کر ماہی بے آب
اور چیخنے چلانے لگی...... پھر اس جگہ فرش پر اس نے ایک کالے دھوئیں کی شکل اختیار
میں تحلیل ہوتی ہوئی چیختی چلا رہی تھی...... ''تمہیں دیکھ لوں گی...... بخشوں گی نہیں......
لے کر رہوں گی...... تم نے میری زبان کھینچ لی...... میرے دانت بھی توڑ دیئے......
کی ہڈیاں بھی...... میں تمہارا اس سے بھی برا حشر کروں گی...... تم مجھے نہیں جانتے
چڑیل ہوں......''

خوش قسمت ہے کہ تیری آنکھیں بچ گئیں۔'' عقرب نے چبھتے ہوئے لہجے
چھوڑ کر نکلنے والا تھا۔ تو میدان چھوڑ کر بھاگ رہی ہے کیا تو خون پی کر
؟ بول۔''

مالک کے پاس جا رہی ہوں...... اس نے مجھے فوراً ہی واپس آنے کا حکم دے دیا
دانت...... ہاتھوں کی ہڈیاں...... پہلے سے کہیں زیادہ شکتی لے کر آ رہی ہوں۔ پھر اس گھر
خون پی کر جاؤں گی...... تم میرے مالک کو نہیں جانتے ہو...... وہ شیطان کا خاص چیلا
میں بولے جا رہی تھی۔ ''اس سے بھوت پریت اور جنات بھی ڈرتے اور کانپتے ہیں۔''
مالک سے جا کر کہہ دینا کہ وہ میرے مقابلے پر آنے کی حماقت نہ کرے۔ میں اس کی
کی طرح مروڑ کر رکھ دوں گا۔ اب تیرے پاس کوئی شکتی نہیں رہی۔ کوئی بھی اس گھر
نہیں کر سکتا۔''

مالک کی توہین کر رہے ہو...... دیکھ...... دیکھنا تمہاری کیسی شامت آتی
لی۔ تو کون ہے بدبخت...... تو نے میرا ستیاناس کر دیا۔ اب کالی ماتا تمہارا تیا پانچہ

تک چلا گیا تھا۔ وہ آہستہ آہستہ کم ہوتا ہوا ایک دم سے غائب ہو گیا۔ ناجیہ

باورچی خانے کے فرش پر پڑی ہوئی تھی۔ وہ ابھی تک بے ہوش تھی۔ کرم دین نے لپک کر
میں اٹھالیا۔ پھر اسے اندر لاکر فرش پر لٹادیا۔ اللہ وسائی نے اپنے شوہر سے کہا۔ ''جلدی سے
صاحب یاڈاکٹر کو بلا لاؤ۔''

''اس کی کوئی ضرورت نہیں؟'' عقرب نے میاں بیوی کو دلاسا دیا۔ ''تھوڑی دیر
میں آجائے گی۔ یہ بالکل ٹھیک ہے۔ خوف ودہشت سے بے ہوش ہوگئی ہے۔ آپ
رکھیں۔ گھبرائیں نہیں۔''

''بیٹے! تم نے میری بیٹی کو چڑیل سے نجات دلاکر اسے ایک نئی زندگی دی ہے۔'' اللہ
لہجے میں بولی۔

''زندگی اور موت تو اللہ کے ہاتھ میں ہے...... جب تک موت کا وقت نہیں آتا اس
کسی کی زندگی چھین نہیں سکتا ہے۔ دس ہزار چڑیلیں بھی جان نہیں لے سکتی ہیں۔ کیوں کہ م
حفاظت کرتی ہے۔''

''تم نے ٹھیک کہا بیٹے...... حضرت علی کا یہ فرمان ہے کہ انسان کی زندگی موت کی اما
لیے وہ اس کی ہر طرح سے حفاظت کرتی ہے۔'' کرم دین نے کہا۔ ''لیکن بیٹے! یہ ب
بہادری کی بات ہے کہ تم نے ایک چڑیل سے مقابلہ کیا۔ اس کے دانت اور ہاتھ توڑ د
کچھ بھی نہ بگاڑ سکی۔''

''میں نے دل میں سوچا کہ اس چڑیل سے کیا ڈرنا......؟ یہ کچھ بگاڑ نہیں سکتی ہے
اس پر ٹوٹ پڑا۔''

''تم نے اس کی زبان گدی سے کھینچ کر نکال دی لیکن وہ پھر بھی بولے جارہی
تھا؟'' اللہ وسائی تحیر زدہ لہجے میں بولی۔

''دراصل وہ نہیں بول رہی تھی بلکہ اس کے اندر کی چڑیل بول رہی تھی۔ ایک نہیں
تھیں۔'' عقرب نے جواب دیا۔ میری ہمت اور طاقت دیکھ کر اندر والی چڑیل باہر آ
کرسکی۔ صرف وہ بولتی رہ گئی۔''

''جیسا کہہ گئی ہے کہ تم سے اور ہم سے سب سے بدلہ لینے کے لیے آئے گی......
آسکتی ہے؟'' کرم دین نے پوچھا۔

''نہیں...... دوبارہ آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے......'' عقرب نے کہا۔ ''
آبھی گئی تو ہم میں سے کسی کا بال تک بیکا نہیں کرسکتی۔ آپ لوگ اللہ پر بھروسا رکھیں۔
میں اسے ایسا سبق دوں گا کہ دنیا کی ساری چڑیلیں اور جس کے اشارے پر حکم پر آرڈ
کرے گا۔ میں اس کمینے کی بھی خبر لوں گا۔''

''مگر بیٹے!'' اللہ وسائی نے شدید حیرت سے کہا۔ ''تم نے عاملوں کو بھی
سارے عامل چڑیلوں اور بدروحوں اور جناتوں کو دیکھ کر اور ان کی آوازیں سن کر بھاگ



یہ......''

''...متوں میں ایسے عامل بہت کم ہیں جو عملیات کے ماہر ہوتے ہیں۔'' عقرب نے کہا۔ ''
...فراڈی، دھوکے باز اور شعبدہ باز عامل بن کر دنیا والوں کی آنکھوں میں دھول جھونکتے رہتے
...زندگی میں کبھی کسی بھوت چڑیل اور جنات سے پڑا نہیں ہوتا ہے۔ جب وہ کسی بدروح
...تو ان کی سٹی گم ہوجاتی ہے اور وہ میدان چھوڑ کر بھاگ نکلتے ہیں آسیب، بدروحوں
...پہنچے ہوئے عامل ہی قابو پاسکتے ہیں۔''

''......تم تو مجھے کسی عامل سے کم نہیں دکھائی دیتے ہو۔ مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ تم خود بھی ایک
...امل ہو۔'' اللہ وسائی بولی۔ ''میں نے جو دیکھا اور سنا ہے وہ یہ کہ عامل کچھ پڑھ کر پھونکتے
...ست لڑائی نہیں کرتے ہیں لیکن تم نے تو ایک چڑیل کا حشر نشر کردیا۔ میں تو اس وقت بہت
...جب تم اس کی طرف بڑھے تھے کہ کہیں وہ میری بیٹی کے ساتھ ساتھ تمہاری جان نہ لے
...ہی اسی کے لخت جگر ہو۔''

''...بیٹے!'' کرم دین نے چونکتے ہوئے کہا۔ ''ہم سب نے ایک بات پر غور نہیں کیا......
...غائب ہوتے ہی اس کے دانت اور زبان بھی غائب ہوگئی۔ فرش پر ایک قطرہ خون تک
...یا ماجرا ہے؟''

''...انت اور زبان اس لیے ساتھ لے گئی کہ دوبارہ لگا لے۔ وہ خون بھی صاف کرگئی۔'' عقرب
...اس نے سوچا ہوگا کہ میں اپنا کوئی نام ونشان نہ چھوڑوں۔ وہ یہ سب کچھ کالی ماتا کے
...کی۔ کیوں کہ تمام بدروحیں کالی ماتا کے تابع ہوتی ہیں۔ کالی ماتا کا ہر حکم بجالاتی ہیں۔''

''...ان میں کیوں اور کس لیے آگئی تھی......؟'' اللہ وسائی بولی ''جب کہ رات کے بارہ
...اور جنات تنگ، پریشان اور ہراساں کرتے ہیں۔ کبھی دن میں کسی بلا نے ہمیں تنگ

''...فلی علم سے کام لے رہا ہے اس نے آپ لوگوں کو اور دہشت زدہ کرنے کے لیے یہ
...یہ خیال تھا کہ آپ لوگ غافل ہوں گے۔ کلام الٰہی پڑھنے کا موقع نہیں ملے گا۔ لہٰذا
...جان لے لی جائے یا پھر اسے اس قدر کمزور اور بیمار بنادیا جائے کہ آپ لوگ اپنے دشمن
...ال دیں۔''

''...ہیں کہ ہمارا سب سے بڑا دشمن کون ہے؟'' کرم دین نے کہا۔ ''یہ سب کچھ اور لوگ
...کررہا ہے۔ اس نے نجانے کہاں سے اور کس سے سفلی علم، کالا جادو اور کون کون سے
...ان کا شاید ایک استاد بھی ہے۔ اس چڑیل کو شاید اس نے بھیجا ہوگا...... اس کے علاوہ
...ف جادو ٹونے اور نفسیاتی ہتھکنڈوں سے بھی کام لے رہے ہیں۔ جانے کون سی
...ہم اب تک ان شیطانوں اور مردودوں سے محفوظ ہیں۔ اللہ نے ہمیں ان حرام
...ہے۔''

''میرا خیال ہے کہ رشید شاید آج یہاں آئے۔'' عقرب نے کچھ سوچتے ہوئے کہا
اس چڑیل موکلہ کے بارے میں کچھ پتا نہیں کہ اس کا کیا حشر ہوا۔ کیوں کہ وہ یہاں سے سیا
کے پاس گئی ہوگی۔''

''رشید یہاں کیوں اور کس لیے آئے گا......'' کرم دین نے متعجب لہجے میں پوچھا
جانتا ہے کہ ہم اس کی صورت تک دیکھنے کے روادار نہیں ہیں۔ اسے گھر میں گھسنے تک نہیں د

''وہ یہ کہنے کے لیے آ رہا ہے کہ اب تو سدھر جاؤ...... اپنی بیٹی کا ہاتھ اب میر
دو۔ ورنہ تم لوگوں کے جان و مال کی خیر نہ ہوگی۔'' عقرب نے کہا۔ ''وہ آپ لوگوں کو دہشت
اور نفسیاتی دباؤ ڈالنے کے لیے آئے گا۔''

''یہ تم کس بنا پر اتنے وثوق سے کہہ رہے ہو کہ وہ مردود یہاں آئے گا؟'' اللہ وسائی
استعجاب چھا گیا۔

''یہ میرا اندازہ ہے......'' عقرب کہنے لگا۔ ''آج اس نے آپ لوگوں کے ساتھ
کھیل کھیلا ہے۔ صرف اس لیے کہ آپ اس قدر دہشت زدہ ہو جائیں کہ ناجیہ کا ہاتھ اس
دے کر اس عذاب ناک زندگی سے جان چھڑائیں۔''

''اس نے گھر میں قدم رکھا تو میں اسے جان سے مار دوں گا۔'' کرم دین کا چہرہ سر
کی آنکھیں انگاروں کی طرح دہک اٹھیں۔

''اسے اندر آنے دیں اور بٹھائیں۔'' عقرب نے کہا۔ ''اس شیطانی مردود سے نمٹ
میں اس سے دو دو ہاتھ کرنا چاہتا ہوں تاکہ اسے ساری زندگی کے لیے ایسا سبق مل جائے
بھول نہ ہو سکے اور نہ معصوم لوگوں کی زندگی عذاب بنا سکے۔''

''بہت مشکل ہے بیٹے!'' کرم دین نے بڑی مایوسی سے کہا۔ ''وہ ایک نمبری شیطا
سے قابو میں آئے گا......''

''تم اس قدر ناامید اور پریشان کیوں ہو رہے ہو؟'' اللہ وسائی نے اپنے
دیکھا۔ ''کیا تم نے دیکھا نہیں عقرب بیٹے نے کس طرح اس ڈائن کا حشر نشر کر دیا۔ کیا
وہ بھولے سے بھی ادھر کا رخ نہیں کرے گی۔''

''اس ڈائن نے جا کر رشید کو بتا دیا ہوگا کہ عقرب بیٹے نے اس کا حشر کیا۔ شاید وہ
کے لیے آ رہا ہو؟'' کرم دین نے کہا۔

''وہ ڈائن یہاں سے اپنی کالی ماتا کے پاس چلی گئی ہے۔'' عقرب کہنے لگا۔ ''کیا آ
سنا نہیں کہ وہ جاتے ہوئے کیا کہہ رہی تھی۔ اس نے کہا تھا کہ وہ کالی ماتا کے پاس جا رہی
سے شکتی حاصل کر کے بدلہ لینے آ سکے۔ لیکن وہ نہیں آئے گی۔ کیوں کہ اس پر میری ہ
ہے۔ کالی ماتا کو بھی اندازہ ہو جائے گا کہ میں کیا چیز ہوں۔ لہٰذا اسے پھر میرے مقابل
گی... بالفرض وہ آتی بھی ہے تو اندر داخل نہ ہو سکے گی کیوں کہ اس میں جرأت پیدا نہ



اب تک ہوش میں کیوں نہیں آئی......؟'' اللہ وسائی نے تشویش ناک لہجے
ال نہ ڈاکٹر کو بلا لیں؟''

کریں ہوش میں آ جائے گی۔'' عقرب نے کہا۔ ''ڈاکٹر کو نہ بلائیں بلکہ ایک گلاس ٹھنڈا پانی لے
ہوش میں لے کر آتا ہوں...... خوف اور صدمے نے اس کے دل پر خاصا اثر کر دیا ہے۔''

نے بات ختم کی تو اللہ وسائی لپک کر ایک گلاس ٹھنڈا پانی لے آئی۔ اس وقت دروازے پر
کرم دین دیکھنے چلا گیا۔ عقرب نے اللہ وسائی کے ہاتھ سے پانی کا گلاس لے کر اس کے
ارے۔ چند ثانیوں کے بعد اسے ہوش آنے لگا۔ چند لمحوں کے بعد اسے پوری طرح ہوش
ش آتے ہی اس نے دہشت بھری نظروں سے ادھر ادھر دیکھا۔ ماں اور عقرب پر نظریں
کی جیسے جان میں جان آئی۔ وہ ایک دم سے ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھی اور اس نے دوپٹے کو ٹھیک
ف زدہ لہجے میں پوچھا۔ ''وہ...... چڑیل کہاں ہے......؟ چلی گئی۔''

لی گئی ہے اب یہاں کبھی نہیں آئے گی۔'' عقرب نے جواب دیا۔ ''آپ فکر نہ کریں۔
اس کا خیال دل و دماغ سے نکال دیں اطمینان سے رہیں۔'' عقرب نے اسے خوب

ا خون پینے والی تھی۔'' ناجیہ نے گھبراتے ہوئے کہا۔ ''کہیں اس نے میرا خون تو نہیں پی
...ایا!! اس کی شکل کیسی خوفناک تھی۔'' ناجیہ کے جسم پر جھرجھری سی آ گئی۔ ''میں تو اس کی
ہوش ہو گئی۔''

یل تھی...... چڑیل اتنی بدصورت ہی نہیں بلکہ خوفناک صورت کی بھی ہوتی ہے۔ بعض
یانک ہوتی ہیں۔ یہ ان میں سے ایک تھی۔ وہ ایک قطرہ خون بھی نہیں پی
سے بتایا۔

نے میرا خون کیوں نہیں پیا......؟ کس لیے اس نے مجھے چھوڑ دیا؟ کیا کسی نے اسے
چایا۔

نے تمہیں اس ڈائن سے بچایا ہے۔'' اللہ وسائی بتانے لگی۔ ''اپنی جان پر کھیل کر
ا۔ اس کی زبان گدی سے کھینچ لی۔ اس کے دانت اور ہاتھ توڑ دیئے۔ وہ بھاگ
و لیا۔''

کا چہرہ حیرت اور خوشی سے دمک اٹھا اور اس کی خوبصورت آنکھیں چمکنے لگیں۔ ''
سے مقابلہ کیا......؟ اس کے دانت اور ہاتھ توڑ دیئے۔ زبان گدی سے نکال
کارنامہ انجام دیا۔''

ہی نہیں ہمارے بھی محسن ہیں بیٹی!'' اللہ وسائی اس سے بولی۔ ''اللہ تعالیٰ نے
بیج دیا۔ یہ نہ ہوتے تو پھر تم زندہ نہیں بچتیں...... یہ چڑیل موت بن کر آئی تھی۔''
ا۔ ناجیہ کے لیے دودھ پتی کی چائے بنا کر لے آئیں تاکہ جو کمزوری بے ہوشی

سے پیدا ہوئی ہے۔وہ دور ہو جائے۔''عقرب نے ٹھنڈے گلاس کا پانی ناجیہ کی طرف
اسے پی لیں......''

ناجیہ نے عقرب کے ہاتھ سے گلاس لے کر ایک ہی سانس میں خالی کر دیا۔ پھر
دواپس کر دیا۔ اللہ وسائی خالی گلاس لے کر کمرے سے نکل گئی۔اب وہ دونوں اک
گئے تھے۔

''عقرب صاحب!'' ناجیہ نے اس کی طرف دزدیدہ نظروں سے دیکھتے ہو
میں کہا۔''آپ نے اپنی جان پر کھیل کر میری زندگی جو بچائی ہے اس کا شکریہ ادا کر
پاس جذبات تو ہیں لیکن ان کے اظہار کے لیے الفاظ نہیں ہیں۔کاش میں آپ کا
اتارنے کے قابل ہوتی۔ میں آپ کی بہت ممنون ہوں لیکن اسے آپ رسمی شکریہ نہ
گہرائیوں سے آپ کا شکریہ ادا کر رہی ہوں۔اس ناچیز کا سلام بھی قبول فرمائیں۔''

''یہ تو ہر انسان کا فرض ہے کہ دوسرے انسان کو کسی مصیبت میں کسی مشکل میں
مدد کرے۔چونکہ آپ کو اور آپ کے گھر کو بچانا اللہ کے نزدیک مقصود تھا۔اس لیے اس
نے مجھے یہاں بھیج دیا۔آپ یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لیں کہ کوئی بندہ دوسر
نہیں کرتا ہے۔بندوں پر صرف اللہ احسان کرتا ہے۔''

''آپ کتنے اچھے اور نیک انسان ہیں۔'' ناجیہ نے پلکیں جھپکاتے ا
میں کہا۔''مخلص اور بے لوث بھی ہیں......''

''آپ بھی بہت اچھی ہیں اور آپ کے گھر والے بھی...... آپ لوگوں کے
جذبے اور سادگی نے مجھے بہت متاثر کیا۔''عقرب نے کہا۔ اللہ وسائی ایک ٹرے میں
کر کمرے میں داخل ہوئی تو ناجیہ ایک دم سے کچھ کہتے کہتے رک گئی۔وہ دل کی بات
تھی۔اس نے دل میں سوچا تھا کہ ڈھکے چھپے الفاظ میں دل کی بات بیان کر دے۔ما
سے وہ اپنا دل مسوس کر رہ گئی۔اس نے دل میں بڑی حسرت سے سوچا۔کاش!!۔
کے لیے چند لمحے مل جاتے۔کرم دین بھی کمرے میں آ گیا۔ایک پڑوسی یہ دریافت
کے گھر سے چیخوں کی آواز کس کی آ رہی تھی؟ کرم دین نے یہ کہہ کر اسے ٹال دیا تھا
چینل سے جو ڈرامہ دکھایا جا رہا تھا۔وہ اس کا شور و غل تھا۔

سہ پہر کے پانچ بجے عقرب نے کرم دین سے کہا۔''آپ مجھے وکیل صاحب
تاکہ ان کی مزاج پرسی کر آئیں۔''

''اس خبیث کے دفتر جانے سے کچھ حاصل نہ ہوگا بیٹے!'' کرم دین نے ایک
کس لیے اس سے ملنا چاہتے ہو......؟''

''بہت کچھ حاصل ہوگا۔''عقرب نے بڑے اعتماد سے کہا۔''وہاں چل کر بتا
سے اس لیے ملنا چاہتا ہوں کہ نہ صرف آپ کے پلاٹ کی فائل واپس لے لوں



اللہ دونوں چیزیں مل جائیں گی۔''

فائل واپس دے گا نہ میری بیس ہزار کی رقم......اس سے دونوں چیزیں واپس ملنا بہت

نہیں دے گا......؟ کیسے نہیں دے گا......؟ یہ اس کے باپ کا مال تو ہے نہیں۔آپ کا مال
نے کہا۔

اس کی فطرت کو جتنا جانتا اور سمجھتا ہوں تم نہیں سمجھ سکتے بیٹے! وہ ایک نمبر کا ئیاں اور دغا باز

''ناجیہ جو خاموش بیٹھی تھی۔اس نے زبان کھولی۔''آپ انہیں لے کر کیوں نہیں
کے دیکھنے میں کیا حرج ہے۔''

کمرے میں کیا اپنے دفتر میں بھی گھسنے نہیں دے گا۔ذلیل کر کے نکال دے گا۔کیا ہم
کے لیے وہاں جائیں؟''

نہیں گھسنے دے گا؟''عقرب نے کرم دین کی طرف دیکھا۔''اس کی کیا مجال کہ وہ ہماری
کرے۔''

اس طرح تو ہماری رقم بھی گئی اور پلاٹ بھی گیا۔'' ناجیہ کہنے لگی۔''بھائی جان نے بتایا
رحمت آرائیں نے پوری کوٹھی بنا دی ہے۔وہ ہر لحاظ سے مکمل ہو گئی ہے۔اس پر اس کمینے
لاکھ روپے خرچ کر دیئے ہیں۔وہ کچھ دنوں میں اس میں شفٹ ہونے والا ہے اس
میں ایک پارٹی بھی ہونے والی ہے۔''

...... یہ سب کچھ درست ہے، سچ ہے۔رحمت آرائیں نہ صرف دولت مند ہے بلکہ
۔اس نے دیکھتے ہی دیکھتے کوٹھی بھی بنا لی۔راتوں رات......ہم غریب کیا کر سکتے
نے ایک سرد آہ بھری۔

کیوں ہار رہے ہیں بابا!''عقرب نے اس کے چہرے پر نظریں مرکوز کر دیں۔''اللہ
دیکھیں ہم غریب کیا کر سکتے ہیں۔وکیل کی کیسی خبر لیتے ہیں۔رحمت آرائیں کو اس
ناک سزا ملتی ہے۔سب ٹھیک ہو جائے گا......آپ کا پلاٹ آپ کو مل جائے گا۔''

دونٹوں پر زہر خند مسکراہٹ پھیل گئی۔''میں شیخ چلی نہیں ہوں جو خواب دیکھوں......
کا پلاٹ......؟ اس پلاٹ پر ایک کروڑ دس لاکھ کی عمارت قائم ہو گئی ہے۔اب اس
ال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔اب اس پر فاتحہ پڑھ کر صبر و شکر کرنے کے سوا چارہ بھی نہیں

ال کی کمائی کوئی بھی ہڑپ نہیں کر سکتا ہے۔نہ صرف فائل اور رقم مل جائے گی بلکہ
چاہا تو نئی بنائی کوٹھی بھی......رحمت آرائیں کو جو جرمانے کی سزا ملے گی وہ اس کا

"بابا! آپ جائیں نا......" ناجیہ بولی۔ "عقرب صاحب غلط نہیں کہہ رہے ہیں۔ وہ
کہہ رہے ہیں۔ جب قانونی طور پر پلاٹ ہمارا ہے تو وہ ہمارا رہے گا۔ کسی نے اس پلاٹ پر...
ہے تو اس میں اس کا قصور ہے نہ کہ ہمارا...... جب ہم اپنا حق ثابت کر دیں گے تو پھر کو...
ہو جائے گی۔ ہم اس کے مالک بن جائیں گے۔"

کرم دین بادل نخواستہ عقرب کو اپنے ہمراہ لے کر وکیل کے دفتر پہنچا۔ افضل اعوان...
شان دار عمارت کی تیسری منزل پر واقع تھا۔ بہت شان دار نہایت آراستہ و پیراستہ اور ایئر...
ایک بہت بڑے ہال میں میزیں اور کرسیاں تھیں جن پر اسٹاف اور جونیئر وکیل اپنے کام...
سے مصروف تھے۔ اس ہال میں ایک کمرہ تھا جس کے دروازے پر اس کے نام کی ایک خوبصورت...
آویزاں تھی۔ اس کمرے کے باہر ایک بڑی سی میز تھی جس پر ایک جواں سال اور خوبصورت...
بھڑکیلے لباس میں بیٹھی تھی۔ اس نے گہرا میک اپ کیا ہوا تھا۔ وہ بڑی تیز اور چالاک قسم...
تھی۔ اس کے نام کی تختی میز پر رکھی ہوئی تھی اس پر لکھا ہوا تھا۔ مس فرخندہ لودھی۔ سیکریٹری...
وہ کرم دین کو دیکھتے ہی برہم سی ہو گئی۔ اس نے نخوت سے کہا۔ "تم یہاں کیوں اور کم...
ہو؟ چلو باہر نکلو۔"

"مس فرخندہ لودھی!" عقرب نے تیز اور چبھتے ہوئے لہجے میں کہا۔ "یہ بزرگ آپ...
عمر کے ہیں۔ آپ کو ان کی عمر اور سفید بالوں کا خیال کرنا چاہیے۔ کیا ایک بزرگ آدمی کو...
اس انداز سے مخاطب کیا جاتا ہے؟"

فرخندہ لودھی کو امید نہیں تھی کہ عقرب اسے صاف گوئی سے متاثر کر دے گا۔ و...
بولی۔ "تم کون ہو اس کے......؟"

"آپ مجھ سے تمیز سے بات کریں۔" عقرب بگڑ گیا۔ "آپ نے تم اور تو سے بات...
سے بھی اسی طرح بات کروں گا۔"

"میں کہتی ہوں تم دونوں دفتر سے باہر نکلو...... ورنہ چپراسی کو بلا کر دھکے دے کر...
گی۔" فرخندہ لودھی کا پارہ چڑھ گیا۔ اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ "یہ وکیل کا دفتر ہے خیراتی ادارہ...
بھیک مانگنے آ گئے......"

"تم کون ہوتی ہو ہم سے بدتمیزی سے بات کرنے اور باہر جانے کا حکم دینے والی..."
غصہ آ گیا۔ اس نے اونچی آواز میں کہا۔ "اپنی اوقات میں رہو۔ ہم خیرات لینے نہیں بلکہ تمہا...
دینے آئے ہیں۔ تاکہ وہ تمہیں ہوٹل میں لے جا کر کھانا کھلائے۔ سیر و تفریح کرائے...
آنکھوں میں دھول جھونکے......"

"یوشٹ اپ......" فرخندہ لودھی دہاڑی۔ "تم میری ذاتیات پر حملہ کر رہے ہو؟ ...
میں سڑا دوں گی۔"

"تم نے میرے ساتھ بے عزتی کی اس لیے میں تمہارے ساتھ بھی بدتمیزی...



...نے کہا۔ "مجھے دھمکی دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ مجھے جیل میں سڑانے سے پہلے اپنی
...ال کو جو سات ماہ سے سڑ رہی ہے۔"

...ی ہو گئی۔ پھر اس نے اپنے آپ کو سنبھالتے ہوئے کہا۔ "تم دونوں سیدھی طرح جاتے
...ں کو بلاؤں۔"

...ایسی کوئی حرکت یا بدتمیزی نہیں کی جو تم پولیس کو بلانا چاہ رہی ہو۔ ہم وکیل صاحب سے
..."

...ب نہیں ہیں......" وہ برہمی سے بولی۔ "میں کہتی ہوں تم دونوں میری نظروں کے
...باؤ۔" پھر وہ ایک جھٹکے سے کھڑی ہو گئی۔ نفرت اور غصے سے اس کا سارا جسم کانپنے لگا۔

...ب کمرے میں موجود ہیں ان کی گاڑی باہر کھڑی ہے۔ ابھی ابھی تم ان کا منہ میٹھا اور
..."

...آخری جملہ سنتے ہی آگ بگولہ ہو گئی۔ اس کی آنکھیں شعلے برسانے لگیں۔ پھر وہ
...الی۔

...رشید...... شیخ صاحب...... فضل دین...... ادھر آؤ اور ان دونوں کو دھکے دے کر دفتر

...معلوم کر ان لوگوں کی طرف دیکھا جو اپنی اپنی کرسی چھوڑ کر اٹھ کھڑے ہوئے تھے مگر وہ
...کر سکے بت بن گئے۔ پھر عقرب نے فرخندہ کی طرف دیکھا وہ بھی ساکت سی کھڑی
...اس سے انگریزی میں کہا۔ "تم ایک بدمزاج اور آبرو باختہ عورت ہو۔ ہر شخص کی
...صرف بزرگوں کی ہی نہیں بلکہ ہر شخص کی عزت تم پر اور ہر شخص پر لازم ہوتی
...ان رہی ہوتا...... میں تمہیں یہ بات بتاؤں کہ...... تم وکیل کو بے وقوف بنا رہی ہو
...اسی طرح جس طرح دنیا کو بنا رہا ہے۔ وہ تمہاری بہن کو دانستہ جیل سے رہا نہیں
...ان کے لیے مفت کا مال ہو اور اس کے علاوہ وہ تمہاری چھوٹی بہن سے منہ کالا
...ے فرشتوں کو بھی خبر نہیں ہے۔ تمہیں اس بات کا ثبوت چاہیے تو تم منگل اور ہفتہ
...اپارٹمنٹ کے اکیس نمبر میں جا کر دیکھ لینا۔ وہ تمہیں رنگ رلیاں مناتے نظر

...ایسا محسوس کیا کہ وہ پتھر کا مجسمہ بن گئی ہے۔ اس شخص کی باتیں سن رہی ہے اور
...دیکھ رہی ہے۔ لیکن وہ نہ تو اپنی جگہ سے حرکت کر سکتی ہے اور نہ ہی اپنے لب
...اس پر جیسے مسمریزم کر دیا گیا ہے اس شخص نے جو کچھ کہا تھا۔ وہ سچ تھا وہ دل
...کے علم میں یہ ساری باتیں کہاں سے اور کیسے آ گئیں؟ یہ شخص اس کے لیے اجنبی
...بار اس شخص کو دیکھا اور اس سے واسطہ پڑا۔ اس کے وکیل سے جو تعلقات تھے

اس کے بارے میں کوئی تیسرا نہیں جانتا تھا۔ وکیل نے بھی راز رکھا ہوا تھا۔ کیوں کہ وہ
اس کی بیوی ایک پولیس افسر کی بہن تھی۔ کچھ دیر پہلے جو وکیل کے کمرے میں محبت کا نا
تھی اس شخص کو بھی اس بات کی خبر ہوگئی تھی...... وہ اس بات پر حیران تھی کہ دفتر کے لوگ
ان دونوں کو باہر نکالنے کے لیے کھڑے ہوگئے تھے وہ بھی اس کی طرح بت بنے کھڑے
فرد بالکل ساکت اپنی جگہ کھڑا تھا۔ ایک فرد بھی اپنی جگہ سے حرکت کرتا دکھائی نہیں دیا۔

کرم دین حیرت سے یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا۔ اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ
ہے۔ یہ سارے لوگ مجسموں کی طرح کیوں دکھائی دے رہے ہیں۔ اسے ایسا لگا جیسے
کر دیا گیا ہو۔ وہ عقرب سے کچھ پوچھنا چاہتا تھا۔ عقرب اسے اپنے ساتھ لے کر وکیل
طرف بڑھا۔ جس وقت وہ دونوں کمرے میں داخل ہوئے وکیل ریوالونگ چیئر میں دھنس
بات کر رہا تھا۔ اس کا منہ کھڑکی کی طرف تھا اور اس کی پشت ان کی طرف تھی۔ وہ کہہ
آرائیں صاحب! آپ دو دن کے بعد جونئی کوٹھی میں جشن منا رہے ہیں اس میں ضر
گا۔ آپ بالکل بے فکر رہیں کرم دین اور اس کے بیٹے سے...... اس کی فائل بھی میں آ
گا۔ آپ کو اس فائل کے دو لاکھ دینا ہوں گے...... آپ اپنی فائل بھی آ کر لے جائیں
کہا...... وہ ڈپلی کیٹ کاغذات نکال نہیں سکتا۔ اس دفتر کے کلرک کو بیس ہزار روپے دے
کرم دین کی فائل دبانے اور غائب کرنے کے لیے صرف دو لاکھ روپے دیئے...... ایک
باقی ہیں وہ کل تک پہنچا دیں۔ اچھا اب اجازت دیں...... ٹھیک ہے میں کرم دین کی فا
ہوں۔ آٹھ بجے تک آؤں گا آپ رقم تیار رکھیں...... میں چیک نہیں لوں گا مجھے نقد رقم
سر!......"

افضل اعوان نے کریڈل پر ریسیور رکھ کر جیسے ہی کرسی عقرب اور کرم دین کی طرف
سے اس طرح اچھلا جیسے اسے برقی جھٹکا لگا ہو۔ اس کا چہرہ متغیر ہوگیا۔ اگلے لمحے اس
سنبھال لیا۔ پھر اس نے غصے سے کرخت لہجے میں کہا۔ "تم...... تم یہاں کس لیے آ
آنے کس نے دیا؟ فرخندہ کہاں مر گئی......؟"

"وہ جی میں اپنی فائل لینے آیا ہوں اور اپنی رقم بیس ہزار روپے دونوں مجھے دے
نے کہا۔ "میرے پاس تمہاری کوئی فائل نہیں ہے...... نکلو یہاں سے۔" افضل
میں آ گیا۔ "دفع ہو جاؤ۔"

"میری فائل آپ ہی کے پاس تو ہے جی...... ابھی آپ ٹیلی فون پر میری فائل
باتیں کر رہے تھے۔ لہٰذا اب آپ شرافت سے میری فائل اور میری فیس کی رقم واپس د
مجھے بہت ستایا۔ ادھر اس حرام زادے نے میرے پلاٹ پر کوٹھی بھی تیار کر لی۔ میں
کھلانے والا ہوں۔" کرم دین نے بھی سخت لہجے میں کہا۔

"میرے پاس تمہاری کوئی فائل نہیں ہے اور نہ میں تمہیں جانتا ہوں۔ چلو باہر نکلو



...لیا۔
...نہ صرف آپ کو پلاٹ کی فائل دی بلکہ کیس لڑنے کی فیس بیس ہزار روپے بھی دی
...کا بکا ہو کر بولا۔ "آج صبح تو مجھ سے آپ کہہ رہے تھے فائل نہیں مل رہی ہے۔ میں
...پے لا کر دوں...... ابھی کہہ رہے ہیں کہ میرے پاس کوئی فائل نہیں ہے۔ نہ میں تمہیں
...اور خدا سے ڈرو وکیل صاحب!......"

...پاس اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ تم نے مجھے اپنی فائل اور بیس ہزار کی رقم دی
...عوان بگڑ گیا۔

"کرم دین بھونچکا سا ہوگیا۔ اس کی آنکھیں پھیل گئیں۔ "آپ نے مجھے کوئی رسید
...تے تو ثبوت بھی پیش کر دیتا۔ کوئی وکیل فیس کی رسید دیتا ہے اور نہ کاغذات کی وصول
...اعتماد پر طے ہوتے ہیں۔"

...بہتان لگا رہے ہو...... تمہارے پاس ثبوت ہے تو دو...... ورنہ چلتے پھرتے نظر آؤ۔"
"میرے پاس فضول باتوں کے لیے وقت بالکل بھی نہیں ہے میرا قیمتی وقت برباد نہ

...پاس اس فائل اور رقم کا ثبوت موجود ہے۔" عقرب نے وکیل کے سامنے کھڑے ہو کر
...آرائیں سے کسی فائل کا سودا کر رہے تھے......؟ کیا یہ ثبوت کافی نہیں ہے کہ تم نے
...اس بات کا اقرار کیا کہ کرم دین کے پلاٹ کی فائل میرے پاس ہے۔ ساری گفتگو ہم
...یہ تم فائل اور رقم واپس کر دو......"

...نے تمیز نہیں سکھائی ہے کہ ایک معزز شخص سے کس طرح بات کی جاتی ہے؟ تم مجھے تم
...ہو...... یہ جانتے ہوئے بھی کہ میں اس شہر کا سب سے بڑا وکیل ہوں۔" افضل
...ا۔ "جب تک مجھے فائل اور رقم کا ثبوت نہیں دیا جائے گا اس وقت تک میں فائل
...ت کے بات مت کرو۔"

...ہا ہیے......؟ یہ لو ثبوت......" عقرب نے یہ کہہ کر اس کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ

...میت الٹ کر پیچھے جا گرا۔ اس کے منہ پر تھپڑ پڑا تو اسے ایسا لگا جیسے اس کے
...اس کا جبڑا نہ صرف ٹوٹ گیا تھا بلکہ اس کے منہ سے خون بھی جاری ہوگیا تھا۔ وہ
...زدہ سا ہو کر اٹھ کھڑا ہوا۔ اسے اندازہ نہ تھا کہ یہ نوجوان اس قدر طاقت ور
...نے لگا۔

...ہے......؟" عقرب نے آگے بڑھ کر اس کا گریبان پکڑ لیا۔ "کہو تو اور ثبوت

"وہ بدحواس سا ہو کر بولا۔ "اس کی کوئی ضرورت نہیں ایک منٹ

ٹھہرو...... میں ابھی فائل اور رقم دیتا ہوں میرا گریبان چھوڑ دو...... مجھے مارنا نہیں...... تم
توڑ کر رکھ دیا ہے۔"

"مجھے اس لیے تم پر ہاتھ اٹھانا پڑا کہ تم نے جھوٹ بولا۔ اکڑ دکھائی ایسا ثبوت مانگا
نہیں تھا۔" عقرب نے کہا۔

افضل اعوان اس تجوری کی طرف بڑھا جس میں وہ خاص اور بہت ہی اہم نوعیت کی
رکھتا تھا۔ اس نے اپنے کوٹ کی جیب سے چابیاں نکال کر تجوری کھولی۔ جب وہ تیزی سے
ہاتھ میں ایک خوفناک قسم کا ریوالور چمک رہا تھا۔ اس نے عقرب کو نشانے کی زد میں
کہا۔ "تمہیں فائل اور رقم چاہیے نا......؟ یہ تمہیں حوالات میں مل جائیں گے...... تم نے مجھ
کیا ہے میں تمہیں بخشوں گا نہیں...... پولیس کو بلا رہا ہوں۔"

"تم اس کھلونے کو اپنی جیب میں رکھ لو۔" عقرب نے تند لہجے میں کہا۔ "لگتا
شامت آ گئی ہے شرافت سے فائل اور رقم دے دو...... ورنہ یاد رکھو...... تجوری میں جتنی رقم
جائیں گے۔ نہ صرف کرم دین کے پلاٹ کی فائل بلکہ ساری فائلیں بھی، ان فائلوں میں
کاغذات کی بھی فائل ہے جو رحمت آرائیں نے تیار کیے۔ اس تجوری میں جو فائلیں ہیں
قیمتی ہیں تم اچھی طرح جانتے ہو۔"

"یہ کھلونا نہیں بلکہ فرشتہ اجل ہے۔" افضل اعوان نے قہر آلود نظروں سے اسے
اجل تمہاری کوئی حسرت پوری ہونے نہیں دے گا...... تمہاری سزا یہی ہے کہ تم حوالات
کہہ کر اس نے انٹرکام کا ریسیور اٹھا کر بٹن دبایا...... چند لمحوں تک دباتا رہا۔ جواب نہ ملا
کر ریسیور پٹخ دیا۔ "یہ فرخندہ کہاں مر گئی......؟"

"افضل اعوان ایسا لگ رہا ہے کہ ایک تھپڑ سے تمہاری عقل ٹھکانے نہیں آئی ہے
اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا۔ "یہ تم خالی ریوالور سے کیا ڈرا دھمکا رہے ہو؟ تم
بار کہہ رہا ہوں کہ فائل اور رقم واپس کر دو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ میں تمہاری مزا
کر دوں...... بولو...... فائل اور رقم دے رہے ہو یا نہیں......؟"

"یہ تم نے کیسے سمجھ لیا کہ یہ ریوالور خالی ہے؟" افضل اعوان نے استہزائی لہجے
میں مت رہنا۔ یہ لوڈ ہے۔"

"ریوالور بتا رہا ہے۔ کہہ رہا ہے کہ میرے اندر ایک گولی بھی نہیں ہے۔" عقرب
فائر کر کے تسلی کر سکتے ہو؟"

"تم اپنی تسلی کرنا چاہتے ہو تو میں تمہاری تسلی کر سکتا ہوں۔" افضل اعوان نے ا
پیر کا نشانہ لے کر لبلبی دبا دی۔ فضا میں کلک کی آواز گونج کر رہ گئی۔ اس میں سے گولی
نے یکے بعد دیگرے لبلبی دبائی۔ واقعی اس کا ریوالور خالی تھا۔ اس میں سے ایک گولی بھی
اعوان ششدر سا ہو گیا۔ گولیاں کہاں گئیں۔



افضل اعوان ساکت و جامد سا کھڑا رہ گیا۔ وہ دیکھ رہا تھا کہ عقرب نے اس کا بریف
اٹھایا۔ پھر اسے کھولا۔ پھر اس نے تجوری میں سے ساری فائلیں نکال کر میز پر رکھ
بعد اس نے کرم دین اور رحمت آرائیں کی فائلیں نکال لیں۔ ان فائلوں میں سے
کی فائلیں نکال کر بریف کیس میں رکھیں۔ پھر دوسرے خانے کا منہ کھولا۔ اس
نوٹوں کی گڈیاں رکھی ہوئی تھیں عقرب گڈیاں نکال کر بریف کیس میں رکھنے لگا۔ اس
صرف خاصا بڑا بلکہ اس میں گہرائی بھی خاصی تھی۔ نہ صرف اس میں تمام فائلیں بلکہ
سما گئی تھیں۔ عقرب نے بڑے سکون و اعتماد سے بریف کیس میں رقم اور فائلیں رکھی

نے پہلے تو اپنی پوری طاقت صرف کر دی کہ اپنے جسم کو حرکت دے تا کہ عقرب کو
فائلیں نکالنے سے روک سکے۔ وہ اندر ہی اندر بری طرح پیچ و تاب کھا رہا تھا اور اس کا
عقرب کس قدر سکون و اطمینان سے اس کی ہزاروں کی رقم لوٹ رہا ہے اور پھر وہ فائلیں
فائلوں سے قیمتی تھیں لے جا رہا تھا جن کی فائلیں تھیں ان فائلوں کے غائب ہونے کی
شامت آ سکتی تھی اور یہ لوگ اسے ختم بھی کر سکتے تھے۔ اس لیے اس نے ان فائلوں کو
سے رکھا ہوا تھا۔ دفتر کے کسی فرد کو ہاتھ لگانے اور دیکھنے بھی نہیں دیتا تھا۔ اس شخص
قبر کی گہرائیوں میں اتار دیا تھا۔

پوری قوت مجتمع کی اور چیخنے کی کوشش کی لیکن وہ چیخ نہ سکا۔ وہ چیخ کر اپنی سیکریٹری
رہا تھا۔ اسے فرخندہ لودھی پر بھی سخت غصہ آ رہا تھا کہ اس نے انہیں بغیر اجازت اندر
بیوں اور باپ کو بھی اس کے کمرے میں اجازت کے بغیر اندر آنے نہیں دیا جاتا
دین کے بارے میں اپنی سیکریٹری سے کہہ دیا تھا کہ اسے دفتر میں گھسنے نہ دیا
ان نے کچہری میں اس کا گریبان پکڑ لیا تھا۔ وہ اس وقت کرم دین کو پولیس کے
وہ کرم دین سے اس بے عزتی کا بدلہ لے گا کسی پولیس افسر سے کہہ کر اسے کسی
گا۔ پولیس افسر سے کہے گا کہ اس بوڑھے کی اچھی طرح مزاج پرسی کی جائے۔
ہاتھوں تشدد سے مرنے سے کوئی فرق نہیں پڑ سکتا تھا۔ پولیس کے کسی زیر حراست
کیلیے بہانے ہوتے تھے۔ جواز ہوتا تھا۔ کوئی پولیس کو چیلنج کرنے کی جرأت
ان کتنے بے گناہ ان کے ہاتھوں بھینٹ چڑھ جاتے تھے۔
الٹ گئی تھی۔ کرم دین اپنے ساتھ ایک ایسے شخص کو لے آیا تھا جو نہ صرف غیر
لگتا تھا۔ اسے ہپناٹائز کر دیا تھا کرم دین اس سے خوفناک بدلہ لے رہا تھا۔
سری فائلیں بھی لے جا رہا تھا اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کس طرح سے

دین سے کہا۔ "بابا! آپ نیچے جا کر میرا انتظار کریں میں اس کمینے سے دو چار

باتیں کر کے تھوڑی دیر میں آتا ہوں۔''

کرم دین تحیر زدہ سا کمرے سے نکلا۔ ہال میں آیا تو اس نے دفتر کے آدمیوں کو دیکھ
کو دیکھا۔ وہ سب سابقہ حالت میں موجود تھے۔ وہ اس طرح کھڑے تھے جیسے انہیں سانپ
پتھر کے مجسمے ہوں۔ کرم دین کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ کہ یہ کیا اسرار ہے......؟ پھر اسے
پراسرار، عجیب وغریب، حیرت انگیز اور غیر معمولی شخص لگا۔ اس نے ایک لمحے کے لیے دل
کہیں یہ شخص جادوگر یا کوئی غیر معمولی ماہر عملیات تو نہیں ہے؟ اس شخص نے چڑیل کا جو
محیر العقول تھا۔ دوسری بات اس کا دل خوشی سے معمور ہو رہا تھا کہ نہ صرف اس کے پلاٹ کی
تھی بلکہ رقم بھی...... جس کی کوئی امید نہیں تھی۔ وہ لاکھوں روپے کے فلیٹ سے ناامید ہو گیا تھا

جب کرم دین کمرے سے نکل گیا تب عقرب نے افضل اعوان سے کہا۔ ''تمہیں
بے معصوموں اور شریف لوگوں کو ستاتے ہوئے؟ کیا تم مقدس پیشے پر داغ نہیں ہو؟ تم نے
فائل دبانے کی پوری پوری کوشش کی رحمت آرائیں سے سودے بازی کی...... تمہیں کیا صلہ ملا
کو نہ صرف اس کی فائل بلکہ رحمت آرائیں کی بھی فائل مل گئی۔ اس کے علاوہ ایک لاکھ
بھی...... تمہارے لیے یہ کیسا گھاٹے کا سودا رہا کیوں؟

آج کچہری میں تمہارے ساتھ جو واقعہ پیش آیا اس نے تمہیں کھولا دیا۔ تم نے کرم
جھوٹے کیس میں پھنسا کر اسے پولیس کے ہاتھوں تشدد کا نشانہ بنانے کا تہیہ بھی کیا ہوا تھا
تمہیں ایک بات بتا دوں اور واضح کر دوں کہ تم نے کرم دین کے خلاف کوئی ذلیل حرکت کی
مقدمے میں پھنسانے کی کوشش کی تو اس کا خمیازہ بھگتو گے۔'' افضل اعوان دل میں دنگ
شخص کو کیسے پتا چلا کہ اس نے کرم دین سے بدلہ لینے کی ٹھانی ہوئی ہے۔ کہیں یہ شخص ٹیلی
نہیں ہے؟ شاید یہی بات ہے اس لیے اسے اس کے ارادوں کی خبر ہو گئی ہے۔

''ہاں...... میں ٹیلی پیتھی اور ہپناٹزم کا ماہر ہوں۔'' عقرب نے کہا۔ ''میں تمہاری تج
خانے سے کچھ تصویریں نکال رہا ہوں۔ ان تصویروں میں فرخندہ اور اس کی چھوٹی بہن نادر
بھی ہیں جو تم نے کسی وجہ سے کھنچوائی ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ بدنام زمانہ عورتوں کے سا
تصویریں کھینچی ہوئی ہیں۔ یہ تصویریں تمہاری زوجہ کے ہاتھ لگ جائیں تو تمہارا کیا حشر
بہت اچھی طرح جانتے اور سمجھتے ہو۔ میں ان تصویروں کا لفافہ ساتھ لے جا رہا ہوں کہ شاید
ضرورت کام آئے۔ تم نے کرم دین کے ساتھ کوئی کمینگی کی تو یہ لفافہ تمہاری بیگم کے ہاتھ
گا...... وہ فائلیں جو میں لے جا رہا ہوں تمہیں اس کی ضرورت ہو تو صرف پانچ لاکھ روپے
جانا۔ تمہیں تصویریں کبھی اور کسی قیمت پر اس لیے نہیں ملیں گی کہ یہ تمہارے خلاف ایک
اس طرح تم کرم دین کے خلاف بدمعاشی کرنے کی جرأت نہیں کر سکو گے۔

میں جا رہا ہوں۔ تم اس بات کو کبھی نہیں بھولنا کہ خدا کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں
معصوموں کو ستایا جاتا ہے تو ان کے دلوں سے نکلی ہوئی آہ رائیگاں نہیں جاتی ہے۔ آخر



تم کیا چیز ہو۔ عرش تک مل جاتا ہے۔ تمہاری کمینگی نے تمہیں کیا صلہ دیا؟ تمہاری بدمعاشی
تمہارے کس کام آئی...... پوری کے چکر میں تم آدھی سے بھی گئے...... یہ سزا تمہیں قدرت کی
[illegible] سے دیکھا جائے تو یہ بہت معمولی سزا ہے۔
[illegible] تم فرخندہ اور اس کی چھوٹی بہن کے ساتھ رنگ رلیاں منا رہے ہو فرخندہ کی بہن کو تم
[illegible] لیے رہا نہیں کر رہے ہو کہ یہ شکار ہاتھ سے نکل جائیں گے۔ بہتر ہے کہ اب تم سدھر جاؤ۔
[illegible] ملا ہے اس کے پیش نظر بدکاری بند کر دو۔ اگر تمہاری بیوی اور جوان بیٹی بدکاری کے
[illegible] ہیں تو کیا تم اس بات کو برداشت کر دو گے......؟ ہرگز نہیں۔ لہٰذا اب تمہیں توبہ استغفار
''

[illegible] نے تجوری کے خفیہ خانے سے تصویروں والا لفافہ نکالا اور اسے بریف کیس میں رکھ لیا۔''
[illegible] تم پانچ لاکھ روپے لے کر پہنچ جانا...... تمہارے پاس بیس لاکھ روپے موجود ہیں۔ پانچ لاکھ
[illegible] کوئی فرق نہیں پڑے گا......''

[illegible] میں جا رہا ہوں ڈیئر افضل اعوان!'' عقرب چبھتے ہوئے لہجے میں بولا۔ ''ایمان داری
[illegible] تم سے مل کر مجھے بہت خوشی ہوئی۔ کیوں کہ کرم دین کو تم سے نجات مل گئی اور اسے اس کی
[illegible] اور فائل بھی...... اس کے علاوہ مزید پانچ لاکھ روپے بھی ملیں گے...... اور ہاں رحمت
[illegible] نہیں ملے گی۔ اسے تم بھول جاؤ۔ کاش! تم مجھ سے ہاتھ ملا سکتے...... یہ کیفیت ابھی دس
[illegible] امید ہے تم اپنے دوست کی مدد حاصل نہیں کرو گے جو پولیس افسر ہے۔ ایسا کرو گے تو
[illegible] کلہاڑی مارو گے...... اللہ حافظ......''

[illegible] سے نکل کر مسکراتا ہوا ہال میں داخل ہوا۔ سارا اسٹاف سابقہ حالت میں موجود
[illegible] پر کھڑی ہوئی تراشیدہ مجسمہ لگ رہی تھی۔ اس کا دوپٹا فرش پر گرا ہوا تھا۔ بغیر دوپٹے
[illegible] نمایاں اور واضح کر دی تھیں۔ عقرب نے میز کے پاس پہنچ کر بریف کیس کو میز پر رکھا۔
[illegible] اٹھا کر اس کے سینے اور شانوں پر ڈال دیا۔ فرخندہ کے چہرے پر نفرت اور غصے کے
[illegible] اس کی آنکھوں میں چنگاریاں منجمد تھیں۔

[illegible] تم اس قدر بے بس، مجبور اور لاچار ہو۔'' عقرب کہنے لگا۔ ''نہ تو اپنی جگہ سے حرکت
[illegible] بول سکتی ہو۔ میں چاہوں تو من مانی کر سکتا ہوں۔ تم سے بدتمیزی اور بدمزاجی کا بدلہ
[illegible] میں ایسا ہرگز نہیں کروں گا...... لیکن میں تمہیں ذلیل کا اصل چہرہ دکھانا چاہتا ہوں
[illegible] یقین آ جائے۔''

[illegible] لفافے میں سے اس کی چھوٹی بہن کی تصویر نکال کر اسے دکھائی جس میں اس کی بہن
[illegible] دونوں نے ایک دوسرے کی کمر میں ہاتھ ڈالا ہوا تھا۔ پھر دوسری تصویریں بھی
[illegible] نکل گیا۔

[illegible] عمارت سے باہر آیا تو اس نے کرم دین کو فٹ پاتھ پر بے چینی سے ٹہلتے ہوئے

پایا۔اس نے گھر پہنچ کر عقرب سے پوچھا۔"بیٹے! کیا تم نے ان لوگوں پر جادو کر دیا تھا
و جامد ہو کر رہ گئے تھے......؟"

"جادو نہیں بلکہ ہپناٹائز کر دیا تھا۔"عقرب نے جواب دیا۔"دراصل یہ ایک علم
برسوں کی ریاضت کے بعد حاصل کیا ہے۔اس علم کی بدولت میں نے فائدہ اٹھایا۔اللہ کا
اور فائل مل گئی ہے۔"

"تم نے جو کمال دکھایا اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔"کرم دین نے
میں کہا۔"اللہ نے ہماری بہت بڑی مشکل حل کر دی ہے......میں تو مایوس ہو گیا تھا۔ہم
جیسے آدمی سے ٹکر کیسے لے سکتے تھے۔"

"بیٹا!"اللہ وسائی کی آواز جذبات سے مغلوب ہو گئی۔"تم نے ہماری خوشیاں
اللہ تمہیں سدا خوش رکھے۔"

"اب رحمت آرائیں کی فائل ہمارے پاس ہے اس طرح اب اس کے
ہیں۔"عقرب نے کہا۔

"کیا وہ اس نئی بنائی کوٹھی سے دست بردار ہو جائے گا......؟"ناجیہ نے پوچھا۔"
کی تعمیر پر ایک کروڑ سے زائد رقم لگا چکا ہے کوٹھی بنانے کی خوشی میں وہ جو جشن بھی منا
ہوگا؟"

"اسے ہر صورت میں دست بردار ہونا پڑے گا۔کیوں کہ اس نے پلاٹ کو اپنے با
اور کوٹھی بنالی۔اس میں ہمارا کیا قصور ہے؟ قانونی اور اخلاقی طور پر ہم اس کے اخراجات
پابند نہیں ہیں۔اسے بہت اچھی سزا ملی ہے۔اب وہ جشن نہیں منا سکے گا۔اب اس کا
جائے گا۔"عقرب نے کہا۔

کوئی دس منٹ کے بعد افضل اعوان جیسے ہی عقرب کے ہپناٹائز کے سحر سے
کمرے سے نکل آیا۔اسی لمحے دفتر کا اسٹاف بھی اس کے سحر سے نکل کر حیرت اور
دوسرے کی شکل دیکھ رہا تھا۔افضل اعوان فرخندہ کے پاس آ کر دھاڑا۔"تم نے اس
اور اس کے آدمی کو اجازت کے بغیر اندر آنے کیوں دیا؟"

"کیا ہوا سر!......؟"نذر محمد نے اس کے پاس جا کر پوچھا۔"اس کرم دین اور اس
کیا کیا......؟ ہمارے ساتھ تو بڑی عجیب سی بات ہوئی۔کرم دین یا اس کے آدمی نے ہم
"شٹ اپ!"افضل اعوان نے تڑختے لہجے میں کہا۔"تم اپنی بکواس کیے جا رہے
نے میرے ساتھ بھی وہی کیا جو تم لوگوں کے ساتھ کیا......؟ وہ دونوں بدمعاش
گئے۔میری رقم اور فائلیں بھی لے گئے......کیا تم میں سے ایک شخص بھی اسے پکڑ نہیں سکا
سب کو ہپناٹائز کر دیا تھا۔"

"جی سر!"نذر محمد نے اپنا سر ہلایا۔"اس نے ہم سب کو ہپناٹائز کر دیا۔مس فرخندہ



...ان کو تم لوگوں نے دفتر میں گھسنے ہی کیوں دیا......چپراسی سے کہہ کر باہر نکال دیتے
...تھا؟"

...اپنے اپنے کاموں میں مصروف تھے اس لیے ان کی طرف توجہ نہیں دی۔انہیں اندر
...دیکھا نہیں تھا......اور پھر سر! ہمیں کیا معلوم تھا کہ یہ اس قسم کی حرکت کریں
...۔

...آج صبح کچہری میں نہیں دیکھا تھا اس کرم دین کے بچے نے میرا گریبان پکڑ کر لوگوں
...بے عزتی کی اور مجھے کچھ باتیں بھی سنا دیں میں نے بڑی غلطی کی جو اپنے دوستوں کی
...خلاف کوئی کارروائی نہیں کی۔کاش! اسے اسی وقت گرفتار کروا دیتا۔وہ حوالات
..."

...ل دین جو قریب ہی کھڑا تھا اس نے کہا۔"کیا میں اس واقعے کی پولیس میں رپورٹ
...؟ آپ کے ایس پی دوست جو ہیں انہیں ٹیلی فون کر دوں۔وہ کرم دین اور اس کے گھر
...اندر کرا دیں گے بلکہ ان کے فرشتوں سے رقم اور فائلیں بھی لے لیں گے۔ان کے دماغ
...ہیں گے۔"

...جلد بازی کی ضرورت نہیں۔"اس نے جواب دیا، پھر وہ فرخندہ سے بولا۔"تم
...تم سے کچھ باتیں کرنی ہیں۔پھر میں پولیس کو اس واردات کی اطلاع دوں گا۔"
...افضل اعوان کی شکل دیکھنا نہیں چاہتی تھی۔اس سے بات کرنے کی روادار نہیں
...نفرت نے جگہ لے لی تھی۔عقرب نے افضل اعوان کا اصل چہرہ دکھا دیا تھا۔اسے
...اس قدر کمینہ، ذلیل اور خود غرض ہے۔وہ نہ صرف اس کے ساتھ بلکہ اس کی بہن کے
...وہ فریب کا کھیل کھیل رہا تھا۔اس نے فیصلہ کر لیا تھا کہ وہ آج ابھی اور اسی وقت
...دفتر اور اس کی زندگی سے نکل جائے گی اپنی بہن کو اس شخص کی اصلیت بھی بتا دے گی
...کے چنگل سے نکل جائے۔

...کے پیچھے پیچھے کمرے میں داخل ہوئی۔افضل اعوان نے میز پر سے پستول اٹھا کر
...عجیب و غریب بات ہوئی۔مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں نے پستول کو لوڈ کر کے
...جب میں نے پستول نکال کر ان دونوں پر فائر کیا تو ایک گولی بھی نہیں نکلی۔پستول
...کہاں چلی گئیں۔"

...کی بات نظر انداز کر کے ناگواری، تیزی اور تندی سے پوچھا۔"کیا بات ہے؟ تم
...؟"

...کرنے کے لیے اب کیا کروں......؟ وہ ایک لاکھ بیس ہزار کی رقم کے علاوہ......اپنی
...تین سابق وزیروں کی فائلیں بھی لے گیا ہے جن سے میں دو دو لاکھ روپے فیس
...

"تم ایک نامور اور مصروف وکیل ہو...... مجھ سے مشورہ کر رہے ہو؟ ان کے خلاف کٹوا کر اندر کروا دو تم مجھ سے بہتر جانتے ہو کہ کیا کرنا ہے کیا نہیں کرنا ہے...... اس نیک کیوں کر رہے ہو......"

"اصل بات یہ ہے کہ...... وہ کچھ ایسی تصویریں بھی لے گئے ہیں جن سے نہ صرف خاک میں مل سکتی ہے بلکہ میری بیوی بھی میرا جینا حرام کر سکتی ہے ان تصویروں میں تمہاری ہوئی تصویر بھی ہے۔"

"صرف میری ہی نہیں بلکہ میری بہن کے ساتھ کھینچی ہوئی تصویر بھی ہے جس کے رلیاں منا رہے ہو۔" وہ نفرت بھرے لہجے میں بولی۔ "تم ہم دونوں بہنوں کو بڑی خوبصورتی سے بے وقوف بنا رہے ہو۔ ہمارے ساتھ تم نے بہت برا کیا...... تم ایک ذلیل اور اوباش ہو یہ بات مجھے آج معلوم ہوئی......"

"یہ جھوٹ ہے۔" وہ دل میں ششدر ہو کر ہذیانی لہجے میں بولا۔ اسے اپنی آواز کھوکھلی سی لگی۔

"یہ سچ ہے۔" فرخندہ لودھی نے تکرار کی۔ "تم وکیلوں کا کام سچ کو جھوٹ ثابت کرنا ہے...... کیوں؟ ہے نا؟"

"فرخندہ! تم مجھ پر اس لیے الزام تراشی کر رہی ہو کہ میں نے اسے دو ایک مرتبہ جا کر چائے پلائی تھی۔" اس نے تڑ سے جواب دیا۔ "تمہارے پاس اس بات کا کیا ثبوت تصویر کھنچوائی اور رنگ رلیاں منا رہا ہوں۔"

"ثبوت......؟" وہ استہزائی لہجے میں بولی۔ "عدالت ثبوت مانگتی ہے تم اپنے مانگتے ہو۔ مجھ سے بھی ثبوت مانگ رہے ہو۔ کرم دین کے آدمی نے مجھے تمہاری تجوری والا لفافہ دکھایا۔ اس میں تمہاری بہت ساری عورتوں کے ساتھ کھینچی ہوئی تصویریں تھیں۔ اور میری بہن کے ساتھ بھی اتروائی ہوئی تصویریں تھیں...... کرم دین کے آدمی نے بتایا کہ بہن کو اپنی داشتہ بنا رکھا ہے کہہ دو۔ یہ بھی جھوٹ ہے۔ ثبوت بھی......"

"میری جان فرخندہ!" افضل اعوان دل میں عقرب کو گالیاں بکتا ہوا فرخندہ کی طرف نے پستول میز پر رکھ کر اسے بازوؤں میں بھر لیا۔ وہ اس کے ہونٹوں کا بوسہ لینے کے لیے جبڑے میں درد کی شدید لہر اٹھی۔ اسے غصے اور باتوں میں درد کا احساس نہیں رہا تھا۔ فر بوسہ لینے نہیں دیا۔ اس نے بازوؤں میں کسمساتے ہوئے افضل اعوان کے سینے پر دونوں پوری قوت سے دھکا دیا۔ وہ لڑکھڑاتا ہوا تجوری سے ٹکرایا۔ پھر اس نے میز پر سے پستول اعوان کو نشانے کی زد میں لے لیا۔

افضل اعوان نے سنبھلتے ہوئے کہا۔ "میری جان! میری بات غور سے سنو۔ پستول خالی ہے میں تمہیں بتاتا ہوں کہ اصل بات کیا ہے۔ تمہاری بہن نے مجھے بلیک میل



میں اس کے اشاروں پر چل رہا ہوں۔ وہ مجھ سے ہر ماہ پانچ ہزار وصول کرتی بات کا یقین نہیں ہے تو ٹیلی فون کر کے دریافت کر سکتی ہو۔ میں نے کئی بار سوچا کہ تمہیں لے کر بتا دوں مگر اس کا مجھے موقع نہیں ملا......"

بات بتا چکے ہو تو یہ بھی بتا دو کہ میری بہن اریشہ کی ضمانت پر رہائی کیوں نہیں ہو رہی تک کر پوچھا۔ "جب کہ قاتلوں کی ضمانت ہو جاتی ہے۔ تم اب تک کتنے ہی قاتلوں کو چکے ہو......"

بہن نے سابق وزیر کے منہ پر دست درازی کرنے پر تھپڑ مارا تھا۔ اس وزیر کے اثر اس کی ضمانت نہیں ہو پا رہی ہے...... تمہاری بہن بھی عجیب ہے۔ وہ ایک صنعت ایک وزیر نے دست درازی کر لی تو کیا فرق پڑ گیا۔ وہ وزیر کی بات مان لیتی۔ آخر وہ مان گئی......"

بول رہے ہو۔ جھوٹ بولنا ہی تمہارا پیشہ ہے۔" فرخندہ غضب ناک ہو گئی۔ "اصل دونوں بہنوں کو ایک دوسری سے بے انتہا محبت ہے۔ تم اس کمزوری سے فائدہ اٹھا کر ہم ...... میں تمہیں زندہ نہیں چھوڑوں گی...... تمہیں شوٹ کر دوں گی۔ تم وکیل ...... موذی سانپ ہو۔"

ہے اس سے تم کبھی بھی نہیں مار سکتی ہو۔" افضل اعوان قہقہہ مار کر ہنسا۔ "یہ پستول اس وقت میں بہت پریشان ہوں کیا تمہیں احساس نہیں ہو رہا ہے کہ اس وقت ی ہے۔ وہ دونوں مجھے لوٹ کر اور تباہ کر کے چلے گئے ہیں۔" افضل اعوان سنجیدہ

اس کی کھوپڑی کا نشانہ لے کر لبلبی دبا دی۔ اس میں سے ایک گولی سنسناتی ہوئی نکلی گولی دیوار پر جا لگی...... افضل اعوان بھونچکا سا ہو گیا۔ وہ خوف زدہ تو ہو گیا تھا کیا تھا کہ پستول میں گولی کہاں سے آ گئی۔ اس نے کرم دین کے ساتھی کو نشانہ تھا۔ ایک گولی بھی نہیں نکلی تھی۔ اس کی حیرت اور خوف دور نہیں ہوا تھا کہ فرخندہ نے اس کے دائیں کندھے کو چھوتی ہوئی تجوری کے دروازے پر جا لگی۔ پھر تیسرا فائر بازو کے گوشت کو پھاڑ دیا اور اس میں اتر گئی۔ وہ چیختا چلاتا ہوا دروازے کی طرف اس کمینی...... حرام زادی سے بچاؤ......"

نشانہ خطا ہوا اور نہ ہی اس نے کوئی گولی ضائع کی۔ چوتھی گولی اس کے کولھے ...... چھٹی اور آخری گولی اس کی گردن میں...... اس وقت وہ دروازہ کھول چکا فرش پر آ رہا۔ پھر بے ہوش ہو گیا۔ نذر محمد اور فضل دین اپنی میزوں سے نکل کر یوں کہ ان دونوں اور اشفاق نے گولیوں کے چلنے کی آواز سن لی تھی۔ انہوں اپنے ہاتھ میں پستول لیے کھڑی کانپ رہی تھی۔ اس کا چہرہ نفرت اور غصے

سے سرخ ہو رہا تھا۔ آنکھیں شعلے برسا رہی تھیں۔ نذر محمد لپک کر میز کے پاس گیا۔ اس
کے بعد کہا۔ ''انسپکٹر صاحب! جلدی سے آیئے۔ آپ کے دوست وکیل افضل اعوان کو ان
نے شوٹ کر دیا ہے۔ وہ بے ہوش ہیں۔ زندہ ہیں۔ میں اسپتال ٹیلی فون کر کے ایمبو
ہوں......''

کرم دین، ناجیہ اور عقرب بیٹھے ہوئے چائے پی رہے تھے۔ اللہ وسائی درواز
آواز سن کر دیکھنے گئی۔ چند ثانیوں کے بعد واپس آئی تو اس کے چہرے پر ناگواری سی تھی
سے بولی۔ ''وہ خبیث رشید آیا ہے کہہ رہا ہے کہ تم سے کچھ ضروری باتیں کرنا چاہتا ہے۔
دوں بتاؤ......اسے واپس بھیج دوں......''

''اسے جوتے مار کر واپس بھیج دیں......'' ناجیہ نفرت اور غصے سے بھرے لہجے میں
ملعون کو اندر نہ آنے دیں۔''

''نہیں......اس کے ساتھ ایسا سلوک مت کریں۔'' عقرب نے کہا۔ ''میں اس سے
باتیں کرنا چاہتا ہوں اسے دیکھنا چاہتا ہوں۔''

''ٹھیک ہے اسے یہیں لے کر آ جاؤ......'' کرم دین نے جواب دیا۔ ''دیکھیں تو
ہے؟ کیوں آیا ہے۔''

اللہ وسائی کمرے سے نکلی تو ناجیہ بھی کمرے سے نکل کر دوسرے کمرے میں چلی
کے بعد رشید، اللہ وسائی کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا۔ عقرب نے اسے تنقیدی نظر ڈال
تیس برس کی عمر کا تھا۔ دراز قد اور مضبوط جسم کا تھا۔ اس کے چہرے پر خباثت برس رہی
سے کمینگی جھانک رہی تھی۔ عقرب نے اپنے دل میں اس کے خلاف نفرت محسوس کی۔
کو سلام کرنا تک گوارا نہیں کیا۔ وہ اکڑتا ہوا کمرے میں داخل ہو کر عقرب کے سامنے والی
اس کی نظر جیسے ہی عقرب پر پڑی وہ بری طرح چونکا اور اسے گھور کر دیکھا۔ اس
حسد و جلن سی محسوس کی۔ اس کی رگوں میں نفرت اور غصے سے لہو ابلنے لگا۔ عقرب کی
وجاہت سے جل کر رہ گیا تھا۔ اس نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے کرم دین سے
دین! خیریت تو ہے نا......؟ کوئی گڑبڑ شڑبڑ تو نہیں ہوئی؟''

''کیسی گڑبڑ......؟'' کرم دین نے تلخ لہجے میں کہا۔ ''اللہ کا کرم ہے۔ یہاں سب
ہیں۔ تمہیں ہماری خیریت کی فکر کیوں اور کس لیے ہو رہی ہے......؟ ہمیں خیر و عافیت
موجود ہے۔''

''میں اس محلے میں کسی کام سے آیا تھا۔'' رشید کہنے لگا۔ ''آپ کا پڑوسی دکاندار
کہ دوپہر کے وقت کرم دین چاچا کے ہاں سے اس کی جوان بیٹی کی چیخیں سنائی دی تھیں
تو اس نے بتایا کہ ٹی وی پر کوئی فلم آ رہی تھی۔ میں پڑوسی کی باتیں سن کر خیریت
تھا۔ میرا فرض بنتا ہے کہ میں آپ لوگوں کی خبر گیری کرتا رہوں۔



خوشامدانہ باتوں اور چاپلوسی کو رہنے دو۔'' اللہ وسائی نے تڑ سے کہا۔ ''کیوں آئے ہو یہ
بتاؤ۔''

''اور کس لیے آیا ہوں۔ یہ آپ لوگ اچھی طرح جانتے ہیں۔ میں کیا ہوں۔ میں نے
معلوم کیا ہے کہ آج یہاں کوئی خوفناک واقعہ پیش آیا جس میں ناجیہ کی جان کو خطرہ لاحق
ہوا ہے؟''

''میں سمجھ گیا ہوں کہ تم کس لیے اور کیوں آئے ہو......؟'' کرم دین نے زہر خند سے کہا۔
''آئے ہو ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں ہے نہ کوئی دلچسپی ہے نہ وہ کام ہو سکتا ہے......تم کیا
جانتے ہے۔ ہمیں ڈرانے دھمکانے اور مرعوب کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے......تم
واقعہ معلوم کیا ذرا ہمیں بھی بتاؤ......میں دیکھوں تو سہی تم کتنا علم جانتے ہو......؟''

آئی تھی ناجیہ کا خون پینے کے لیے......ناجیہ نے اسے دیکھ کر چیخیں ماریں تو وہ
نے کہا۔ ''آپ لوگ شکر ادا کریں کہ میرے اس گھر پر اثر کی وجہ سے وہ واپس چلی

اس گھر پر جو اثر کرنے کی کوشش کی وہ کامیاب نہ ہو سکا۔'' اللہ وسائی کا چہرہ سرخ ہو گیا۔
نفرت بھر گئی۔ وہ بھڑک کر برہمی سے بولی۔ ''اگر تمہارا اثر ہو جاتا تو اس وقت یہ گھر
''

تباہی و بربادی دیکھنے کے لیے آئے ہو نا......؟ اپنے دل میں حیران ہو رہے ہو کہ یہ کیا
ٹھیک ٹھاک ہے کچھ ہوا ہی نہیں ہے۔ سبھی سکون و اطمینان سے بیٹھے ہوئے ہیں۔''
خیال میں میں نے ایسا کوئی اثر کیا جس سے اس گھر کو کوئی نقصان پہنچے؟'' اس نے

سے پوچھو کہ تم نے کیا کیا......؟ اپنے ضمیر سے پوچھو۔ ہم سے کیا پوچھتے ہو؟'' اللہ
کے پاس ضمیر نام کی کوئی چیز ہوتی تو ہماری زندگی اجیرن نہیں بناتا۔'' کرم دین
اور خود غرض شخص سے یہ بات کہہ رہی ہو جس سے کچھ حاصل نہیں۔ اس شخص

کی بات ہے کہ......میرے احسان کو ماننے کے بجائے مجھے برا بھلا کہا جا رہا
نہیں کی اس گھر کے ساتھ......میں نے اس گھر پر اپنا اثر کیا ہوا نہیں ہوتا تو
نے کیا حشر کر چکے ہوتے......یہ زمانہ ایسا ہے کہ کسی کے ساتھ بھلائی نہیں کرنا

تھا کہ......کیا بات ہے یہاں تو کسی قسم کی پریشانی، خوف و دہشت اور غم کے
اللہ وسائی نے بالکل صحیح اندازہ لگایا تھا۔ وہ یہی کچھ یہاں دیکھنے کے لیے آیا
تھا۔ اس نے چڑیل کو بھیجا تھا کہ وہ ناجیہ کا تھوڑا بہت خون پی کر چلی

جائے تا کہ یہ لوگ ہراساں اور بری طرح وحشت زدہ ہو جائیں۔ اس کے لیے راستہ ہ
اس کے آگے گھٹنے ٹیک دیں۔ ناجیہ اور پلاٹ دینے کے لیے تیار ہو جائیں۔ اللہ وسائی
لگا کہ چڑیل تو یہاں آئی تھی لیکن کسی وجہ سے واپس چلی گئی۔ کوئی نقصان نہیں پہنچا سکی
اور کیوں واپس چلی گئی؟ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ اس نے کسی چڑیل، بدروح اور جن کو جو حکم
کی تعمیل نہ ہوئی ہو۔ اور پھر اس نے یہاں جس چڑیل کو بھیجا تھا وہ بہت ہی خطرناک تھ
دیکھتے ہی لوگ بے ہوش ہو جاتے یا غش کھا جاتے تھے۔

"اچھا یہ بتاؤ کہ تم نے اس گھر پر کیا احسان کیا......؟" کرم دین نے تلخی س
نزدیک احسان کی کیا تعریف ہے؟ احسان صحیح معنوں میں کسے کہتے ہیں؟ تمہارے ن
کسی کو غارت کر دینا ہے؟"

"معلوم نہیں کیوں تم لوگ میرے خلاف اپنے دل میں اس قدر نفرت ا
ہو......" رشید نے کہا۔ "تمہارے دشمنوں نے میرے خلاف تمہارے دلوں پر اثر کرا
کا زور اس گھر پر نہ ہوتا تو تم لوگ برباد ہو چکے ہوتے۔ میں واحد شخص ہوں جو ا
ہوں۔ میں قدم قدم پر تم لوگوں پر احسانات کی بارش کر رہا ہوں۔ میرے اس احسان ک
مجھ سے نفرت کا اظہار کر رہے ہو۔ کیا یہ میرا احسان نہیں ہے کہ میں نے اس موذی چ
ناجیہ اور اس گھر کو بچایا......؟"

"تمہیں اس بات کا علم کیوں کر اور کیسے ہوا کہ یہاں کوئی چڑیل آئی تھی؟" ا
ہوئے لہجے میں دریافت کیا۔ "میرے اس موکل نے جو اس گھر کی حفاظت پر مامور
تھا۔" رشید نے بڑی ڈھٹائی سے جھوٹ بولا۔ "اس موکل نے اس چڑیل کو یہاں س
تھا۔ ورنہ تم لوگوں کی خیر نہ ہوتی۔"

"تم یہ بتاؤ کہ تم یہاں کیوں اور کس لیے آئے ہو؟" کرم دین نے کہا۔ "
جا سکے......"

"میں اس لیے حاضر ہوا ہوں کہ ناجیہ سے رشتے کی بات کروں۔" رشید دل ک
آیا۔ "ناجیہ سے میری شادی کر دیں تو میں تم لوگوں کے تمام دشمنوں کو ٹھیک کر دوں گا۔
کالا جادو چلنے نہیں دوں گا۔ ان کا سارا زور توڑ دوں گا۔ پھر اس گھر میں کوئی چڑیل اور
سکے گا۔ ساری زندگی کا چین سکون اور آرام نصیب ہو جائے گا۔ میرے علم کے آگے
بس ہو جائیں گے۔"

"میں ایک شرط پر تمہاری شادی اپنی بیٹی سے کرنے کے لیے تیار ہوں۔"
سنجیدگی سے کہا۔ "شرط پوری کرو گے؟" اللہ وسائی نے چونک کر حیرت سے اپنے شو
اسے اپنی سماعت پر یقین نہیں آیا۔ دوسرے کمرے کے باہر ناجیہ جو کھڑی ساری گ
کے اندر بھی حیرت اور خوف کی لہر اٹھی اور برقی رو کی طرح پھیل گئی۔ اس نے ا



... نے اس کے باپ پر جادو تو نہیں کر دیا جو اس کا باپ اس کی شادی رشید سے کرنے پر تیار

"... ہے تمہاری......؟" رشید نے اشتیاق بھرے لہجے میں پوچھا۔ اس کا چہرہ دمک
بارے میں بتانا کہ یہ میرے دوست ہیں جو سوات سے کاروبار کے سلسلے میں لاہور آئے
بھی جارہے ہیں۔ سوات میں ان کی زمینیں اور باغات بھی ہیں۔ تاش کے کھیل خصوصاً رمی
بڑے رسیا ہیں۔ پھر شہباز بٹ مجھے بھی کھیلنے کی دعوت دے گا۔ دراصل میں یہ چاہتا ہوں
پہلے ان لوگوں سے متعارف ہوجاؤں اور گھل مل بھی جاؤں۔''



وہ لوگ کھانا کھا چکے اور چائے پی رہے تھے تب افضال، عقرب کو ان کی میز پر لے گیا۔
س طرح کہا اس طرح اس نے عقرب کا تعارف شہباز بٹ اور اس کے ساتھیوں سے کرایا۔
اور اس کے دوستوں نے بڑی گرم جوشی سے عقرب کا خیر مقدم کیا۔ ہر ایک نے باری باری ان
مصافحہ کیا۔ پھر اسے چائے پینے اور کھیلنے کی دعوت دی تو عقرب نے رسمی طور پر قبول کرلی۔ وہ
کر ان سے فری ہو کر باتیں کرتا، ان کے سوالات کے جواب دیتا اور چائے پیتا رہا۔
پینے کے بعد سب اٹھے اور لفٹ سے اوپر آئے۔ شہباز بٹ اپنے دوستوں کو لے کر اپنے
گیا۔ عقرب اپنے کمرے میں آگیا۔ افضال ایک لاکھ کی رقم جو لایا تھا وہ پانچ سو اور ہزار
نوٹوں کی شکل میں تھی۔ ایک بریف کیس میں لے کر اس خیال سے آیا تھا کہ تیس لاکھ روپے کی
کے لیے بریف کیس کی ضرورت پڑے گی۔

دیر کے بعد افضال اور عقرب شہباز بٹ کے کمرے میں تھے۔ صرف ایک افضال تماش بین
روع ہوا۔ تین چار بازیاں ہوئیں تو عقرب پچاس ہزار کی رقم ہار گیا۔ یہ دیکھ کر افضال کی
ہونے لگی۔ کمرہ ایئر کنڈیشنڈ ہونے کے باوجود اس کے پسینے چھوٹ گئے اور ہاتھ پیر
نے لگے۔ اسے یہ دیکھ کر حیرت ہو رہی تھی اور عقرب پر غصہ بھی آرہا تھا کہ عقرب بہت
اور بڑے اطمینان سے کھیل رہا تھا۔ وہ ناامید سا ہوگیا۔ اس نے سمجھ لیا کہ یہ ایک لاکھ روپے
وہ یہ رقم دو دن کے لیے ایک دوست سے قرض لے کر آیا تھا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ عقرب ساری
لیا ہوگا؟ عقرب نے بڑھ ہانکی تھی کہ تیس لاکھ روپے جیت کر دے گا۔ جب کہ اس نے ایک
نہیں جیتی تھی اور پچاس ہزار کی رقم ہار بیٹھا تھا۔ کھیل سست رفتاری سے ہو رہا تھا۔ ابھی اس میں وہ
نہیں آئی تھی جو اس کھیل کا خاصہ تھا۔ عقرب بھی بہت محتاط ہو کر کھیل رہا تھا۔

اور اس کا ایک دوست نجم خان اس وقت کھیل پر چھائے ہوئے تھے اور وہ دونوں جیت
کوئی کوئی بازی عقرب کے علاوہ دوسرے جیت رہے تھے بلکہ انہیں دانستہ جتایا جا رہا تھا۔ نجم
بٹ نوسرباز تھے۔ وہ جسے جو پتا دینا چاہیں دے سکتے تھے اور دے رہے تھے۔ انہوں نے
بازیاں ہاری بھی تھیں۔ پہلے وہ اس لیے بھی بازی ہارتے تھے کہ کہیں ساتھ کھیلنے والوں کو ان
جائے کہ وہ نوسرباز ہیں۔ عقرب نے ان دونوں کے ذہن کو پڑھ کر جان لیا تھا کہ کل شہباز
نے افضال کی دس لاکھ کی رقم پر ہاتھ صاف کیا ہے۔ اپنے ہاتھ کی صفائی دکھائی ہے۔
وہ ہر شخص دس دس لاکھ کی رقم لے کر کھیلنے کے لیے بیٹھا تھا۔ اس کھیل میں حصہ لینے کی شرط
پانچ لاکھ کی رقم اس کے پاس ہو۔ کسی نے عقرب سے یہ نہیں پوچھا تھا کہ وہ کتنی رقم سے اس
لے رہا ہے۔ اس کے پاس بریف کیس دیکھ کر یہ لوگ سمجھے کہ پانچ دس لاکھ کی رقم تو

جو بازی ہو رہی تھی اس کے پتے نجم خان نے بانٹے تھے اس نے شہباز بٹ کو تین نہلے
لوگوں کو چھوٹے راؤنڈ دیے تھے۔ اس نے عقرب کو تین چھکے دیے تھے اس نے جو پتے

لیے تھے وہ کچھ نہ تھے۔ کھیل میں تیزی اور گرمی آ گئی۔ سب سے پہلے نجم خان نے
دیئے اس کے بعد عقرب اور شہباز بٹ کے سوا تینوں نے پانچ چھ چالیں چلنے کے بعد
پھینک دیئے تھے انہوں نے عقرب اور شہباز بٹ کی ڈبل چالوں سے اندازہ کر لیا تھا
پاس بڑے پتے ہیں۔

افضال خان یہ دیکھ کر حیران ہو رہا تھا کہ عقرب نے اس بازی پر ساٹھ ہزار
تھے۔ جب کہ عقرب کے پاس پچاس ہزار کی رقم بچی تھی۔ اس کی سمجھ میں نہیں آ
ہے۔ عقرب کے پاس رقم کہاں سے آئی۔ جب عقرب نے ڈبل کہہ کر چالیس ہزار کی
افضال اچھل پڑا۔ وہ یہ دیکھ کر تحیر زدہ ہو رہا تھا کہ بریف کیس میں سے رقم نکلتی ہی جا
نے بریف کیس گود میں رکھا ہوا تھا۔ جب کہ وہ ایک لاکھ روپے لے کر آیا تھا۔

پتوں پر جو نشان لگے تھے۔ وہ صرف نجم خان اور شہباز بٹ کے علم ہی میں تھے۔
شہباز بٹ کو اس بات کا علم ہو گیا تھا کہ عقرب کے پاس کون کون سے پتے ہیں اور پھر ا
غیر محسوس انداز سے مخصوص اشاروں سے بتا بھی دیا تھا۔ نجم خان اس سے بھی کہیں ماہر
ایک لاکھ روپے کی چال چلی تو عقرب نے دو لاکھ روپے کی چال چل دی۔ ادھر افضال
ہوتے رہ گیا۔ اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ آخر یہ سب کچھ کیا ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ
کیس میں اپنی رقم رکھی ہو۔ لیکن اس نے عقرب کو کوئی رقم بریف کیس میں ر
دیکھا۔ کیوں کہ کمرے میں آنے کے بعد وہ ایک لمحے کے لیے عقرب سے جدا نہیں ہوا تھا

آخر کار عقرب نے جو دو لاکھ روپے کی چال چلی تھی اس نے شہباز بٹ کو دل
تھا۔ اس نے اپنے پتے اٹھا کر دیکھے۔ پھر اس نے پتے رکھ کر اپنے بریف کیس میں سے
نوٹوں کی چار گڈیاں نکال کر چار لاکھ کی ڈبل چال دی۔ جب عقرب نے آٹھ لاکھ کی چال
تو بے ہوش ہو گیا۔ کسی نے اس کی طرف توجہ نہیں دی۔ البتہ شہباز بٹ کا ماتھا ٹھنکا۔ ادھر
گیا کہ کہیں عقرب کے پاس تین اکے تو نہیں آ گئے۔ لیکن اکے اور دوسرے بڑے پتے
دکھائی دے رہے تھے۔ عقرب کے پتوں پر چھکے کے نشان تھے پھر بھی اس نے شہباز
وہ شو لے لے۔

شہباز بٹ نے آٹھ لاکھ روپے میز پر ڈال کر شو مانگا۔ اسے شو لیے بغیر چارہ بھی نہ
اس کے پاس رقم ختم ہو رہی تھی۔ مزید چال کے لیے اس کے پاس رقم نہیں تھی۔ جب
شو کئے تو یہ دیکھ کر وہ اچھل پڑا کہ عقرب کے پاس تین دہلے ہیں جب اس نے اپنے پتے
چھکے نکلے۔ اس کا دماغ چکرا سا گیا۔ ایں...... یہ کیا ہو گیا؟ تین دہلے اس کے پاس تھے
پاس کیسے اور کیوں کر آ گئے؟ عقرب نے کہیں نظریں بچا کر اس کے کارڈ تو نہیں بدل
سے...... ایسا ناممکن تھا کیوں کہ عقرب اس کے مقابل بیٹھا تھا اور میز پر ان کے درمیان نوٹوں
کا ڈھیر تھا۔ عقرب نے کارڈ شو ہونے کے بعد رقم اٹھا کر بریف کیس میں رکھی۔



خان بھونچکا سا ہو گیا۔ اس پر سکتے کی سی کیفیت چھا گئی کہ یہ کیسے اور کیوں کر ہو گیا۔ اس نے
ایسی فاش غلطی نہیں کی تھی۔ دہلوں کے پتوں پر جو نشان تھے، چھکوں کے پتوں پر جو نشان تھے
ان کے دھوکا کھانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ وہ جتنا سوچ رہا تھا اتنا ہی الجھتا جا رہا تھا۔ اس کا
سوچ سوچ کر ماؤف ہونے لگا۔

کھیل شروع ہوا۔ افضال کو ہوش آ چکا تھا۔ ادھر اندر ہی اندر نجم خان اور شہباز بٹ، عقرب کی
پر غار کھا رہے تھے کڑھ رہے تھے۔ عقرب نے یہ بہت بڑی بازی جیتی تھی۔ جس کی انہیں توقع
عقرب دو تین بازیاں ہار گیا۔ اس نے ان بازیوں میں ڈیڑھ لاکھ روپے ہار دیئے۔

کھیل میں صبح کاذب تک نشیب و فراز آتے رہے ہار اور جیت کسی کسی کا مقدر بنتی رہی۔ آخری
شروع ہوا۔ اس بازی کے بعد کھیل کا اختتام تھا۔ شہباز بٹ نے سب کی نظریں بچا کر پتے بدل
نے اپنے آستین سے تین اکے نکالے۔ نجم خان نے جو پتے دیئے تھے وہ بیگم تھیں جو شہباز
جیب میں رکھ لیں۔ آخری کھیل میں بڑی گرمی رہی۔ کیوں کہ ہر ایک کے پاس بڑے بڑے
اور ٹوٹے دو ٹرائل تھے۔ آخر میں سخت مقابلہ عقرب اور شہباز بٹ کے درمیان ہونے لگا۔ چال
روپے تک چلی گئی۔ آخر عقرب نے بارہ لاکھ روپے میز پر ڈال کر شو لی۔ شہباز بٹ نے جب
شو کیے تو اس کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی۔ کیوں کہ وہ تین تکیاں تھیں۔ عقرب کے پاس
تھے۔ شہباز بٹ اور نجم خان کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ آج یہ کیا ہوا ہے۔ تین اکے تین تکیوں
بدل گئے۔ افضال اور عقرب انہیں حیران و پریشان چھوڑ کر اپنے کمرے میں آ گئے۔

عقرب اور افضال نے مل کر رقم گنی۔ کل رقم بتیس لاکھ تیس ہزار تھی۔ عقرب نے تیس لاکھ کی رقم
کر باقی رقم خود رکھ لی۔ اس خیال سے کہ کوئی ضرورت مند مل گیا تو وہ اس رقم سے اس کی مدد
افضال پر حیرت اور سرشاری کی ایک عجیب سی کیفیت طاری تھی۔ اسے یہ سب کچھ کسی سہانے
طرح لگا تھا۔ اسے یقین نہیں آیا تھا کہ عقرب اسے تیس لاکھ کی رقم بھی جیت کر دے سکتا ہے۔

کمرے میں آنے کے بعد افضال منہ دھونے ملحقہ غسل خانے میں چلا گیا۔ عقرب نے کچن میں
کے چائے اور سینڈوچز منگوائے۔ افضال نے چائے پیتے ہوئے عقرب سے کہا۔ ”میں اگر
پوچھوں تو اس کے بارے میں سچ سچ بتائیں گے؟ کوئی بات چھپائیں گے تو نہیں......؟“
”آپ کیا معلوم کرنا چاہتے ہیں؟“ عقرب نے مسکراتے ہوئے کہا۔ ”کیا یہ کافی نہیں ہے کہ
وعدہ پورا کر دیا۔“

”آپ نے آپ کو صرف ایک لاکھ کی رقم بریف کیس میں رکھ کر دی تھی۔“ وہ کہنے لگا۔ ”آپ
کی رقم تین چار بازیوں میں ہار چکے تھے پھر ایک جو بڑی بازی ہوئی اس میں آپ نے لاکھوں
میری عقل حیران ہے کہ وہ رقم کیسے اور کہاں سے بریف کیس میں آ گئی......؟“

”اصل بات یہ ہے کہ میں نے تھوڑی بہت شعبدہ بازی ایک شعبدہ باز سے سیکھی ہوئی
یہ اس کا کمال تھا۔ وہ لوگ یہ سمجھ رہے تھے کہ میں بریف کیس سے رقم نکال کر میز پر ڈال رہا

ہوں۔ یہ نظروں کا دھوکا تھا۔"

"میں نے کھیل کے دوران بڑے غور سے تاش کے پتے دیکھے تو ان پر مختلف ایسے
ہوئے تھے جو ہر کسی کو نظر نہیں آسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ میں نے یہ بات بھی نوٹ کی کہ نجم خان
بٹ نوسر باز بھی ہیں۔ جب بھی آپ نے اپنے پتے دیکھے میں نے بھی انہیں دیکھا تھا۔ لیکن
ہوا وہ شہباز بٹ یا نجم خان کے پاس سے نکلے اور آپ کے پاس دوسرے پتے تھے۔ ان پتوں
کو جتوا دیا۔ یہ پتے کیسے بدل گئے؟"

"میں نے آپ سے کہا نا کہ یہ سب شعبدہ بازی تھی۔ اب آپ ان سب باتوں کو
سیدھا اپنے گھر جائیں۔ اس رقم کو لے جا کر بینک کے کھلتے ہی اسے لاکرز میں رکھ دیں
سے رہ سکے۔" عقرب نے کہا۔ "اسے فوری طور پر کام میں لائیں۔ اگر آپ نے اس رقم
پھر یہ رقم ہاتھ سے چلی جائے گی۔"

تھوڑی دیر کے بعد افضال جانے کے لیے اٹھا۔ اس نے عقرب کو اپنے گھر کا پتا دیا
وقت اس کے ہاں ضرور آئے۔ اس کی بیوی اور بچوں کو اس سے مل کر بہت خوشی ہوگی۔ عقرب
سے پتا لیتے ہوئے کہا کہ وہ وعدہ نہیں کرتا ہے۔ اگر اسے موقع ملا تو وہ حاضر ہو جائے گا۔

جب افضال لفٹ سے نیچے آیا تو اس کی خوشی سے ایک عجیب سی کیفیت ہو رہی تھی۔
نہیں تھا کہ اس وقت اس کے پاس پورے تیس لاکھ روپے ہیں۔ لاؤنج میں صوفے پر نجم خان
بٹ بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ اسے دیکھتے ہی وہ چونکے اور اپنی جگہ سے اٹھ کر اس کے پاس

"مسٹر افضال! کیا خیال ہے اگر ایک کپ چائے پی لی جائے؟" شہباز بٹ نے کہا۔

افضال نے بادل نخواستہ کہا۔ "چلیے...... ویسے میں ابھی سینڈوچ کھا کر اور چائے
ہوں۔"

وہ ریسٹورنٹ میں آ کر ایک خالی گوشے میں بیٹھ گئے ہال میں صرف دو میزوں پر دو
ہوئے تھے سارا ہال خالی پڑا تھا۔ نجم خان نے ویٹر کو چائے کا آرڈر دینے کے بعد
پوچھا۔ "تمہارے دوست نے کل کتنی رقم جیتی......؟"

"بیس لاکھ روپے......" افضال کے منہ سے غیر ارادی طور پر نکل گیا۔ اسے پچھتاوا
نے کیوں بتایا۔

"کیا اس بریف کیس میں وہ جیتی ہوئی رقم ہے؟" نجم خان نے بریف کیس کی طرف اشارہ

"جی ہاں...... جی نہیں...... جی ہاں۔" افضال گڑبڑا سا گیا۔ "وہ رقم میرے پاس
لگی۔ وہ مجھے اتنی بڑی رقم جیت کر کس لیے دے گا...... یہ اس کی جیت ہوئی تھی۔ میری نہیں۔"

"تم اصل بات ہم سے چھپا رہے ہو......" شہباز بٹ نے اسے گہری نظروں سے گھورتے

"اگر میں آپ سے کوئی بات چھپا رہا ہوں تو آپ کو اس بات پر اعتراض کیوں
نے خود پر قابو پا کر کہا۔ "اگر وہ رقم جیت گیا تو یہ اس کی قسمت...... کل میں دس لاکھ روپے



کمال کیا؟"

"ہاں بھئی...... یہ تمہارا ذاتی معاملہ ہے۔" نجم خان نے شہباز بٹ کے پیر پر اپنا پیر مارتے ہوئے
ل میں ہار جیت ہوتی رہتی ہے۔ کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ کل تم اسے میرے گھر پر لے آؤ۔ تاش
لیے...... لیکن وہ پورے تیس لاکھ کی رقم لے کر آئے۔ اگر وہ آ گیا تو ہم تمہیں تیس لاکھ کا دس
دیں گے۔"

"آپ لوگ پھر ہار جاتے ہیں تو کیا اس صورت میں بھی مجھے تین لاکھ کمیشن ملے گا؟"

"ہاں......" شہباز بٹ نے کہا۔ "ہاریں یا جیتیں یہ ہمارا مسئلہ ہے وہ تیس لاکھ کی رقم لے کر

"مجھے منظور ہے۔" افضال نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔ "لیکن اس شرط پر کہ مجھے رقم پیشگی مل

"جب تم اسے رقم کے ساتھ لے کر پہنچو گے ہم تمہیں پیشگی رقم دے دیں گے۔" نجم خان نے
اسے میرے ہاں چھوڑ کر پچھلے راستے سے کھسک جانا...... پھر ہم جانیں اور ہمارا کام۔"

"کہیں آپ لوگ اسے کوئی نقصان تو نہیں پہنچائیں گے؟" افضال نے اپنے خوف کا اظہار کیا۔

"نہیں...... ہم اسے صرف کھیل میں شریک کریں گے...... میرے گھر پر کچھ کروڑ پتی محفل جمانے

تھوڑی دیر کے بعد وہ تینوں اٹھے اور ہوٹل کی عمارت سے باہر آئے تو نجم خان نے کہا۔ "تم ہمارے
ی میں چلو...... ہم تمہیں تمہارے گھر پر ڈراپ کر دیں گے۔ تمہارا گھر راستے میں تو آتا ہے۔"

افضال بادل نخواستہ ساتھ ہو لیا۔ نجم خان نے گاڑی میں اسے اپنے ساتھ اگلی نشست پر بٹھا لیا۔
پچھلی نشست پر بیٹھ گیا۔ گاڑی چلاتے ہوئے نجم خان نے کہا۔ "میں نے اپنی زندگی میں ایسا
نہیں دیکھا۔ ہماری محفل میں آج تک کوئی اتنی بڑی رقم جیت کر نہیں اٹھا۔ وہ مقدر کا سکندر

"لیکن ایک بات جو میری سمجھ سے بالاتر ہے کہ میرے کارڈ بدل کر اس کے پاس کیسے چلے
جب کہ وہ میرے مقابل بیٹھا تھا۔ اگر وہ میرے پاس بیٹھا ہوتا تو میں یہ سمجھتا کہ اس نے کوئی
ائی ہے۔" شہباز بٹ نے حیرت سے کہا۔ "اتنے فاصلے سے اور اتنے لوگوں کے سامنے وہ
ائی دکھانے سے رہا۔"

"شاید آپ کو نظروں کا واہمہ ہوا ہو؟" افضال نے اپنا خیال ظاہر کیا۔

"یہ واہمہ نہیں بلکہ حقیقت ہے کہ میرے نہ صرف کارڈ بلکہ ان کے نمبر بھی بدل گئے۔" شہباز بٹ

"میرا خیال ہے کہ وہ کوئی بازی گر تھا بلکہ ہے یا پھر بہت ہی بڑا نوسر باز...... جب بھی اس نے
اس نے بڑی بازی جیتی...... میں کوئی بچہ نہیں جو دھوکا کھا جاؤں۔" شہباز بٹ بولا۔

"آپ نے کھیل کے دوران شراب بھی تو بہت زیادہ پی تھی۔" افضال نے کہا۔ "شا...
نشے میں آپ کارڈ کو ٹھیک سے نہ دیکھ سکے ہوں۔ آنکھوں کے سامنے دھند چھائی رہی ہو۔"

"کیا میں نے زندگی میں پہلی بار شراب پی تھی؟" شہباز نے بگڑ کر کہا۔ "میں کھیل...
خوب پیتا ہوں۔ جب تک شراب نہ پیوں اس وقت تک کھیل میں مزا ہی نہیں آتا ہے۔...
خوب پی کر کھیلتا ہوں اور میرے ہوش و حواس قابو میں رہتے ہیں۔ میں آج تک ہارا بھی نہیں...

"میں نے جو ایک بات نوٹ کی وہ یہ کہ آپ کو جھونکے آ رہے تھے۔ اور پلکیں بار...
جا رہی تھیں۔" افضال نے کہا۔ "ایک دو مرتبہ آپ کے ہاتھ سے گلاس چھوٹتے چھوٹتے بھی بچا...

"اس کے باوجود میں ٹھیک ٹھاک کھیلتا رہا ہوں۔ میرے لیے یہ کوئی نئی بات نہیں ہے...
بٹ بولا۔

"میں کیا کہہ سکتا ہوں سوائے اس کے کہ کھیل بہت صاف ستھرا ہوتا رہا۔ آپ کے...
بھی کوئی شکایت یا کسی بات پر اعتراض نہیں کیا۔ جب کہ وہ بھی لاکھوں کی رقم ہار کر اٹھے...
صاحب بھی تو شاید جیتے ہیں۔ آپ نے بھی تو دو ایک بڑی بازیاں جیتی ہیں؟" افضال نے...

"میں صرف پچیس ہزار روپے جیتا ہوں۔" نجم خان نے جواب دیا۔ "شہباز بٹ...
لاکھ روپے ہار چکے ہیں چھبیس لاکھ بہت بڑی رقم ہوتی ہے شہباز بٹ نے کبھی اپنی زندگی میں...
روپے نہیں ہارے۔ یہ بہت بڑی ہار ہی نہیں بلکہ چوٹ بھی ہے۔"

نجم خان نے یک لخت گاڑی ایک ویرانے میں روک لی تو افضال نے حیرت سے نجم خان...
دیکھی۔ پھر وہ خوف زدہ لہجے میں بولا۔ "آپ نے گاڑی یہاں کس لیے روکی ہے؟"

"اس لیے کہ ہم تمہارا بریف کیس چیک کریں۔" شہباز بٹ نے تیز لہجے میں کہا۔ "...
کیس لاؤ مجھے دے دو۔"

"نہیں...... میں بریف کیس نہیں دوں گا۔" افضال نے بریف کیس سینے سے چمٹا لیا۔

"کیوں بریف کیس نہیں دے رہے ہو......؟" نجم خان نے کہا۔ "کیا اس میں مال ہے...

"مال نہیں ہے بلکہ اس میں میری رقم ہے جو میں کھیلنے کے لیے لایا تھا۔ بڑا کھیل دیکھ کر...
نہیں ہوئی۔" افضال نے جھوٹ بولا۔ "آپ لوگوں کو کیا حق پہنچتا ہے کہ میرا بریف کیس دیکھیں...

شہباز بٹ نے جیب سے ریوالور نکال کر اس کی کنپٹی پر رکھ دیا۔ "بریف کیس...
نہیں......؟"

"شہباز بٹ صاحب! کیا آپ میری رقم ہتھیانا چاہتے ہیں؟" افضال نے خوف...
پوچھا۔

"جانے کیوں مجھے ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ میری ساری رقم اس بریف کیس میں ہے۔"...
نے کہا۔ "وہ تمہارا دوست نہیں کوئی بازی گر تھا۔ جس کی تم نے خدمات حاصل کیں تاکہ کل...
وہ معہ سود کے وصول کی جائے۔ تم دونوں نے جیت کی رقم ففٹی ففٹی کر لی۔ اگر ایک لاکھ کی رقم...



...ں کر دوں گا۔ اگر پندرہ بیس لاکھ کی رقم نکلی تو پھر تمہیں ایک پائی بھی نہیں دوں گا۔"

...ریحا بدمعاشی ہے جس کی مجھے آپ سے ہرگز امید نہیں تھی۔" افضال نے کہا۔

...اور بدمعاشی تو تم نے کی ہے افضال میاں!" نجم خان نے کہا۔ "اس لیے ہم یہ مال تمہیں
...ں دیں گے۔"

...اور بڑے بدمعاش تو آپ دونوں ہیں۔" افضال نے جرأت سے کام لیتے ہوئے
...نوں نوسر باز ہیں عقرب نے مجھے آپ دونوں کے بارے میں بتایا کہ آپ دونوں ہی
...اور تاش کی گڈی کے ہر پتے پر نشان لگے ہوئے ہیں جو ہر کوئی دیکھ اور پکڑ نہیں سکتا ہے۔ اس
...اں جو بھی کھیلنے آتا ہے وہ ہار کر جاتا ہے کیا یہ سچ نہیں ہے؟"

...ے دوست نے جب پتوں پر نشان دیکھے تو اس نے اعتراض کیوں اور کس لیے نہیں
...یں بدمعاشی اور نوسر بازی کا طعنہ دے رہے ہو۔ پہلے تم بریف کیس دو۔ پھر ہم تمہارے
...ں گے۔" اتنا کہہ کر نجم خان نے بھی اپنی جیب سے پستول نکال لیا۔ "تم نے سیدھی طرح
...ں دیا تو ہم تمہیں گولی مار کر یہاں پھینک دیں گے پولیس کے فرشتوں کو بھی پتا نہیں چلے گا
...نے اور کیوں قتل کیا ہے۔ یہ بات اچھی طرح سوچ لو۔ تمہاری دو بیٹیوں کی شادی ہونے
...د کہ شادی گھر ماتم کدہ بن جائے۔"

...ے ہاتھوں میں پستول اور چہروں پر سفاکی اور آنکھوں میں قاتلوں جیسی درندگی دیکھ کر
...چھوٹ گئے وہ بری طرح دہشت زدہ ہو گیا۔ پھر اس نے خاموشی اور کانپتے ہاتھوں سے
...باز بٹ کی طرف بڑھا دیا۔

...نے فاتحانہ انداز سے مسکراتے ہوئے بریف کیس کھولا۔ اگلے ہی لمحے اچھل پڑا۔
...ے اس کی آنکھیں پھیل گئیں۔ بریف کیس میں نوٹوں کے بجائے ردی بھری ہوئی
...ت لہجے میں افضال سے کہا۔ "یہ کیا ہے؟"

...ی نظر بریف کیس کے اندر نہیں پڑی تھی۔ وہ تو نجم خان کو دیکھ رہا تھا۔ اس نے جواب
...پے ہیں۔"

...روپے نہیں بلکہ ردی ہے...... یہ دیکھو۔" شہباز نے غصے سے بریف کیس کو الٹتے

...ے......؟" افضال نے حیرت سے پلٹ کر دیکھا اور اچھل پڑا۔ "میں تو رقم لے کر نکلا
...نے میرے ساتھ فراڈ کیا۔ میرے ایک لاکھ بھی لے گیا۔ وہ کوئی جعل ساز اور شاطر تھا۔"
...ہارا دوست ہے......" نجم خان نے ردی دیکھتے ہوئے کہا۔
... میرا دوست نہیں تھا...... میں بتاتا ہوں۔ اصل واقعہ کیا ہے؟"

☆......☆......☆

...ونوں ہوٹل پہنچے تو ہوٹل کے منیجر نے بتایا کہ عقرب نے تھوڑی دیر پہلے ہی ہوٹل چھوڑ دیا

ہے۔اس نے یہ بتایا کہ وہ سیر و تفریح کی غرض سے مری جا رہا ہے کیوں کہ اس کے نام
لاٹری نکلی ہے۔

"چلو...... ہم تینوں مری چلتے ہیں۔" شہباز بٹ نے تجویز پیش کی۔ "ہم چل کر
ہیں۔"

"میں مری نہیں جا سکتا کیوں کہ میں مرنے جا رہا ہوں۔" افضال نے کہا۔ "ایک
لوگوں نے مجھے دونوں ہاتھوں سے لوٹ لیا۔ میں دس لاکھ کی رقم ہار گیا...... اب یہ عقرب مجھ
روپے لے گیا۔ اب میں کہاں سے ایک لاکھ کی رقم لاؤں؟ دس لاکھ کی اتنی فکر نہیں جتنی ا
رقم کی ہے......"

"ٹھیک ہے تم مرو اور ہم مری جا رہے ہیں۔" نجم خان نے تند لہجے میں کہا۔

افضال کو گھر جاتے ہوئے یقین نہیں آ رہا تھا کہ عقرب اس کے ساتھ اتنا بڑا
ہے۔ ایک بہت ہی خوبصورت وجیہہ اور بہت ہی پیارا سا جوان شخص جس کے چہرے پر
اور سادگی تھی۔ اب یہ دنیا بھروسے کی نہیں رہی۔ اسے یاد آیا کہ جس وقت وہ منہ ہاتھ دھو
میں گیا تھا تب عقرب نے اس کے بریف کیس میں سے رقم نکال کر ردی بھر دی اور اس
ہی ہوٹل بھی چھوڑ دیا اور عیاشی اور تفریح کرنے مری چلا گیا۔

اب اسے کیا کرنا چاہیے؟ کیا اسے پولیس اسٹیشن جا کر رپورٹ درج کرانی چاہیے کہ ا
رہزنی کی واردات ہوئی ہے۔ تین رہزن اس سے گیارہ لاکھ کی رقم چھین کر لے گئے ہیں۔
اخبارات میں شائع ہوگی۔ اس کی بیوی، کیا اس خبر اور اس کی اس بات کا یقین کر لے گی؟
نہ کرے۔ گھر میں صف ماتم بچھ جائے گی۔ اب آخری صورت یہ رہ جاتی ہے کہ وہ اپنا مکان
بچیوں کی شادی کر دے۔ باقی جو رقم بچے گی اس سے کوئی ایک فلیٹ قسطوں میں خرید لے
بھی نہیں ہے۔ لیکن وہ ایک لاکھ روپے کا فوری طور پر کہاں سے اور کیسے بندوبست کر سکتا

وہ کوئی فیصلہ نہیں کر پایا تھا۔ اس کے دماغ میں آندھیاں چل رہی تھیں۔ ہر سمت ا
اندھیرا دکھائی دے رہا تھا۔ اس کا ذہن اس بری طرح الجھ گیا اور اس قدر دل و دماغ میں
مکش ہو رہی تھی کہ وہ کسی نتیجے پر پہنچ نہیں سکا۔ اس نے سوچا کیا گھر جانے سے بہتر ہے
میں جا کر ڈوب مرے۔

رکشا اس کے گھر کے دروازے پر پہنچ کر رکا تو اسے ہوش ہی نہیں تھا۔ رکشا وا
ٹوکا۔ "کیا اترنا نہیں ہے؟" تب وہ چونک کر رکشا سے اترا۔ رکشا والا اسے جانتا تھا
جب وہ رکشا والے کو کرایہ دے کر دروازے کی طرف بڑھا تو رکشا والے نے
کہا۔ "افضال صاحب! کیا بات ہے خیریت تو ہے۔ آپ کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں لگ
بریف کیس بھول کر جا رہے ہیں۔"

"اوہ......" افضال نے چونک کر اپنا بریف کیس رکشا سے اٹھا لیا۔ "بہت بہت



نے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے سوچا کہ کیوں نہ وہ بریف کیس کو کسی نالے یا گٹر میں
اس میں ردی کے سوا کچھ نہیں بھرا تھا۔ اس کے بریف کیس سے جو ردی نکلی تھی وہ شہباز
اس کے بریف کیس میں رکھ دی تھی اور بریف کیس بند کر کے اس کی گود میں ڈال دیا تھا۔
ے بھرا بریف کیس کسی کام کا نہیں تھا اور اس کا منہ چڑا رہا تھا۔ اس نے جیسے ہی دروازے پر
وازہ فوراً کھل گیا۔ دروازے پر اس کی بیوی نگہت کھڑی تھی۔ اس نے رکشا کے رکنے کی
لی سے اسے دیکھ لیا تھا وہ اس کا سفید پڑا ہوا چہرہ اور آنکھوں سے برستی وحشت دیکھ کر
ٹی۔ جب وہ مرے مرے قدموں سے اندر داخل ہوا تو نگہت نے دروازہ بند کر کے
چتے ہوئے لہجے میں کہا۔ "لگتا ہے کہ آج تم جوئے میں بہت بڑی رقم ہار کر آئے ہو؟"
صرف رقم ہی نہیں بلکہ بہت کچھ ہار کر آیا ہوں۔ میرے ساتھ بہت بڑا فریب اور دھوکا ہوا
نے مردہ لہجے میں کہا۔ "میں بالکل تباہ اور قلاش ہو گیا ہوں۔ کہیں کا نہیں رہا۔"
ن سا نیک اور ثواب کا کام ہے۔" نگہت نے تنک کر کہا۔ "یہ ایک شیطانی کھیل ہے۔ یہ
ہے جس کی تمام شاخوں میں برائیوں کے پھل ہوتے ہیں زہر آلود پھل...... جو گھروں
تباہ و برباد کر دیتے ہیں۔"
کہتی ہو......" افضال نے گہری سانس لی۔ "اب میں نے پختہ ارادہ کر لیا ہے کہ اس
دیکھوں گا بھی نہیں اس کے قریب پھٹکوں گا نہیں...... میں تم سے وعدہ کرتا ہوں۔"
بس......" نگہت نے استہزائی لہجے میں کہا۔ "یہ بات تم کون سی نئی اور پہلی بار کہہ رہے
ے تمہارے پختہ ارادوں، وعدوں اور جھوٹی باتوں کو سن سن کر میرے کان پک چکے
تمہیں ان خیالات کا اظہار میرے سامنے کرنے کی ضرورت نہیں اسے اپنے ہی

لی کہ میں اپنے ارادے پر کس قدر سختی سے کاربند رہتا ہوں۔" افضال نے کہا۔
یک ان باتوں کی کوئی اہمیت نہیں رہی ہے۔ اب یہ بتاؤ کہ میرے مکان کی فروخت
تین دن ہو رہے ہیں تم اس رقم کو جبار صاحب سے لے کر نہیں آئے؟"
ب وہ رقم آج دیں گے......" افضال کے منہ سے غیر ارادی طور پر نکل گیا۔
بول رہے ہو تمہاری جھوٹ بولنے کی عادت نہیں گئی۔" نگہت نے ہذیانی لہجے میں
بار صاحب کو آج ٹیلی فون کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ تین دن پہلے ہی رقم تمہیں دے
وہ رقم......؟"
وہ رقم انہوں نے مجھے دے دی تھی۔ میں نے ایک دوست کو بینک بیلنس سارٹی فیکٹ
ہے۔ "وہ کل شام تک مل جائے گی۔" اس نے کھوئے ہوئے انداز میں کہا۔
اور چہرہ جھوٹ کی چغلی کھا رہا ہے۔ کبھی میں نے تمہارا ایسا چہرہ اور حلیہ نہیں
تنی ابتر ہو رہی ہے۔ مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ تم میرے مکان کی رقم جوئے میں ہار کر

آ رہے ہو۔خدا کے لیے سچ سچ بتاؤ کہ اصل بات کیا ہے۔کیا تم نے واقعی میری رقم
کردی......؟''

''نہیں......'' اس نے سر ہلایا۔''آخر تمہیں میری بات کا یقین کیوں نہیں آرہا ہے؟''

''اس لیے کہ تم نے کبھی مجھ سے سچ نہیں بولا۔'' نگہت نے تیز لہجے میں کہا۔''میں
بات کا یقین کروں۔میں آخر کب تک فریب اور دھوکے کھاتی رہوں؟''

''سنو......'' افضال نے بے جان لہجے میں کہا۔''مجھے اس وقت چائے کی طلب
ہورہی ہے۔سر پھٹا جارہا ہے میں اندر سے ٹوٹ رہا ہوں تم میرے لیے جلدی سے
آؤ......پھر میں تمہیں خدا کو حاضر وناظر جان کر سچ سچ بتاتا ہوں کہ میرے ساتھ کیا واقعہ

''کیا یہ بات بھی سچ ہے کہ تم نے جمیل بھائی سے دو دن کے لیے ایک
لیے......؟''

''ہاں......'' اس نے سر ہلایا۔''یہ بات تمہیں کس نے بتائی؟ تمہیں کیسے معلوم ہوا''

''جمیل بھائی کا رات ٹیلی فون آیا تھا۔وہ کہہ رہے تھے کہ تم سے کہہ دیں کہ کل
امانت پہنچادیں۔'' وہ بولی۔''کیا تم نے ان کی رقم بھی جوئے میں لگادی؟ وہ رقم بھی ہار

''ہاں......'' افضال بری طرح جھنجھلا گیا۔''کاش! جمیل نے مجھے قرض نہ دیا

''میں تمہارے لیے چائے بنا کر لارہی ہوں۔پھر میں تم سے باتیں کروں گی۔''
کمرے سے نکل گئی۔

نگہت جیسے ہی کمرے سے نکل کر گئی وہ دھپ سے بستر پر بیٹھ گیا۔جمیل کے
سن کر اس کی حالت اور غیر ہوگئی۔اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ کیا کر
دے۔کیا بہانہ کرے۔اس نے ایک لمحے کے لیے سوچا۔اس وقت گھر میں بچے
ہیں صرف اس کی بیوی ہے۔کیوں نہ وہ چھت کے پنکھے میں رسی یا چادر ڈال کر اس کا
ڈال لے۔معاً اس کی نظر بریف کیس پر پڑی جو فرش پر اس کے پیروں کے پاس
بدن میں آگ لگ گئی جیسے سارا قصور اسی کا ہو۔اس نے کھڑے ہوکر بڑے دکھ
کو ایک زبردست ٹھوکر لگائی۔پھر اسے اٹھا کر پاگلوں کی طرح فرش پر دے مارا
گیا۔جب وہ بریف کیس اٹھانے کے لیے جھکا تو اس کی آنکھیں حیرت سے
نہیں آیا۔بریف کیس میں سے ردی باہر نہیں آئی تھی بلکہ نوٹوں کی گڈیاں فرش پر
نے ایک ایک گڈی کو اٹھا کر دیکھا۔وہ نوٹوں کی گڈیاں تھیں۔ردی بالکل بھی
نہیں دیکھ رہا ہے......؟ اس نے اپنے بدن میں چٹکی لی۔یہ خواب نہیں تھا ایک
دھوکا نہیں دیا تھا۔اس نے دھوکا تو شہباز بٹ اور اس کے دوست نجم خان کو دیا تھا۔
نہیں تھا؟ ہاں شاید جادوگر ہی تھا جس نے شہباز بٹ کو سبق سکھایا تھا۔رقم تیس لاکھ
جس وقت وہ نوٹوں کی گڈیاں بریف کیس میں جمارہا تھا تب نگہت



دی۔اس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے تھے۔جیسے ہی اس نے بریف کیس میز پر رکھا تب
نظریں کھلے بریف کیس پر پڑیں۔وہ ہزار اور پانچ سو روپے کے نوٹوں کی گڈیاں دیکھ کر حیرت
سے اچھل پڑی۔

نگہت نے قریب آکر حیرت اور خوشی سے پوچھا''کیا یہ میری دس لاکھ کی رقم ہے......؟''

''یہ دس لاکھ روپے نہیں بلکہ پورے تیس لاکھ روپے ہیں۔'' افضال نے اسے بتایا۔

''کیا کہا تیس لاکھ روپے......؟'' نگہت کے ہاتھ سے چائے کی پیالی چھوٹتے چھوٹتے بچی۔''کیا
جیت کر لائے ہو؟'' افضال نے جواب دینے کے بجائے اس کے ہاتھ سے پیالی لے کر میز
پھر اسے اپنے بازوؤں کے حصار میں قید کرلیا۔اس کی آنکھوں میں جھانکنے لگا۔اسے نگہت
رات کی دلہن کی طرح حسین اور جوان دکھائی دی۔ادھر ڈیڑھ دو برس سے ان کے درمیان ایک
اجنبیت سی قائم ہوگئی تھی۔فاصلے بڑھ گئے تھے ایک ہی بستر پر ساتھ ہوتے ہوئے بھی وہ ایک
بہت دوری محسوس کرتے تھے۔جب بھی وہ اسے چھونے کی خواہش کرتا تو وہ یہ کہہ کر انکار
کہ وہ آج بہت تھکی ہوئی ہے اس کی کمر اور پورے جسم میں درد ہورہا ہے جب کبھی وہ
سے کام لیتا تو وہ ایک سرد لاش کی طرح اپنے آپ کو اس کے حوالے کردیتی۔اس میں ایک
بیزاری سی بھی ہوتی تھی جیسے وہ انسان نہیں گدھ ہو۔اس کی وجہ یہ تھی کہ جوئے کی لت کی وجہ
راتوں کو غائب رہنے لگا تھا۔پہلے تو وہ صرف چھٹی کے دنوں میں جا کر کھیلتا تھا لیکن اب روز
بن گیا تھا۔بچے بھی کئی کئی دن اس کی شکل دیکھ نہیں پاتے تھے۔گھر کے اخراجات کے لیے وہ
لگا تھا۔رقم وقت پر بھی نہیں ملتی تھی جس سے نگہت کو کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا۔وہ حرف
بان پر لاتی تو کوئی توجہ نہیں دیتا۔اس کان سے سن کر اس کان سے اڑا دیتا۔

اس تیس لاکھ کی رقم نے صرف چند لمحوں میں اکسیر اعظم کا کام کیا۔نگہت کے دل میں جو
باتیں نہیں۔گلے تھے نفرت اور عجیب سی کثافت اور بیزاری تھی وہ سب ایک لمحے میں دھل گئے
نگہت کے چہرے پر جھک گیا۔''تم تو کمال کی چیز ہو......اتنی بڑی رقم لے آئے۔'' نگہت
اس کے کاندھے پر سر رکھ کر بولی۔منہ زور دریا اتر چکا تھا۔''اب تم مجھے بتاؤ کہ اتنی بڑی رقم
لی......؟''

رقم جوئے میں جیتی ہوئی ہے۔'' افضال نے اس کے بالوں کو سہلاتے ہوئے جواب دیا۔

نے جوئے میں اتنی بڑی رقم جیتی......؟ جانے کیوں مجھے اس بات کا یقین نہیں آرہا ہے۔''

رقم میں نے نہیں جیتی بلکہ ایک مخلص شخص نے جیت کر دی۔'' افضال اس کے رخسار پر اپنے

تھا وہ شخص......؟'' نگہت نے اس کے گلے میں اپنی بانہیں حمائل کر کے پوچھا۔''کیا وہ
تھا......؟ لیکن افضال! اس دنیا میں کون سا شخص ہے جو اتنی بڑی رقم جیت کر دے
نہیں اس میں سے اسے کوئی حصہ تو نہیں دینا ہوگا؟''

''اس کا نام عقرب تھا...... وہ میرا دوست نہ تھا۔ اس سے میری ملاقات حادثاتی طور پر میرے لیے اجنبی تھا۔ اسے ایک غیر معمولی انسان کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ وہ کوئی جادوگر تھا لیے مسیحا بن گیا۔ اس میں سے اسے کوئی حصہ نہیں دینا ہے۔'' افضال نے اس کے ہونٹوں کا ہونٹوں میں جذب کرتے ہوئے کہا۔

''تمہاری باتیں میری سمجھ میں نہیں آرہی ہیں...... ایسا لگ رہا ہے کہ تم پہیلیاں بجھوا رہے

''بہت ساری باتیں ابھی تک میری خود سمجھ میں نہیں آئی ہیں۔ میں تمہیں بتاتا ہوں کیا کیا ہے۔ میرے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا...... شاید تمہیں اس حیرت انگیز کہانی کا یقین نہ آسکے ایک ایسی حقیقت ہے جسے میں جھٹلا نہیں سکتا۔ شاید تم بھی جھٹلا نہ سکو......''

☆......☆......☆

عقرب نے کراچی جانے کے لیے ریل گاڑی کے سفر کو ترجیح دی۔ وہ چاہتا تو ہوائی جہاز جاسکتا تھا۔ اپنے جادو کے زور سے آن واحد میں کراچی پہنچ سکتا تھا۔ لیکن وہ عام انسانوں کی کر کے لطف اندوز ہونا چاہتا تھا۔ اس نے فرسٹ کلاس ایئر کنڈیشنڈ کا ٹکٹ لیا تھا۔ اس کمپارٹمنٹ صرف چھ نشستیں اور چھ برتھیں تھیں ہم سفروں میں دو عورتیں اور تین مرد تھے۔ ان میں ہر ایک کراچی تھی۔

ریل گاڑی جب چل پڑی تو پہلے تین ہم سفر مردوں نے اس سے بلکہ ایک دوسرے کرایا۔ پہلا شخص جو تھا اس کا نام عنایت تھا۔ وہ ایک فرم میں ایم ڈی تھا۔ دوسرے کا نام آغا وہ ایک بزنس مین تھا یعنی آئرن مرچنٹ...... تیسرے کا نام شاکر اعوان تھا۔ وہ فیصل آباد کی کمپنی میں جنرل منیجر کے عہدے پر فائز تھا عنایت اور آغا قزلباش پچاس باون برس کی گے۔ شاکر اعوان سینتیس برس کی عمر کا تھا۔

یہ دونوں جوان لڑکیاں جو تھیں ان کی عمریں بیس اور بائیس برس کے درمیان کی حسین و جمیل طرح دار اور دراز قد تھیں۔ ان کی قامت نے اور لباس نے ان کی کشش میں کر دیا تھا۔ ایک تو ان کے جسم بھڑکیلے تھے۔ رہی سہی کسر ان کے بھڑکیلے لباس نے پوری آستینوں کی قمیضوں اور کھلے گریبان نے مردوں کے دلوں کو برما دیا تھا۔ وہ ان پر قیامت انگ انگ سے جو مستی ابلی پڑ رہی تھی وہ دل و دماغ پر بجلیاں گرا رہی تھی۔ انہوں نے خصوصی لباس پہنا ہوا تھا کہ مرد نہ صرف ان کی طرف متوجہ ہوں بلکہ ان کے پر شباب گداز بدن اور سراہیں۔

یہ دونوں لڑکیاں تعارف کی محتاج نہیں تھیں ہر وہ شخص جو ٹی وی دیکھتا اور شو بزنس کی تھا وہ ان سے واقف تھا۔ یہ دونوں بہنیں نہیں سہیلیاں تھیں ملک کی مشہور و معروف ماڈلز تھیں ان کے کمرشل کی بھرمار تھی ان کا طوطی بول رہا تھا۔ ان میں سے ایک کا نام شازیہ تھا اور شہزادی...... وہ اپنے ہم سفروں سے بہت جلد بے تکلف اور فری ہوگئی تھیں جیسے ان کی برسوں



عقرب سے بہت متاثر ہوئی تھیں۔ عقرب کی خوبصورتی اور مردانہ وجاہت اور خدوخال کے تیکھے اور جاذبیت نے ان کے دل کی دھڑکنیں تیز کر دی تھیں۔ جب کہ عقرب نے ان کی طرف کوئی توجہ نہ دی تھی بلکہ وہ بے حد رسمی انداز میں ملا۔ تینوں مردوں نے ان سے گفتگو کا جو سلسلہ جاری رکھا تھا اس وہ نہ صرف وقت گزاری بلکہ مفت کی تفریح کر رہے تھے ان مردوں نے ان کی تعریفوں کے پل باندھے کہ وہ سرشاری سے چہکنے لگی تھیں۔

رات بارہ بج کر بیس منٹ پر سب سونے کے لیے اپنی اپنی برتھ پر دراز ہوگئے۔ رات نو بجے قزلباش نے اپنی طرف سے کھانا منگوا کر ہم سفروں کو کھلایا تھا۔ وہ ان پر جیسے ریشہ خطمی ہوگیا۔ شازیہ اور شہزادی نے شب خوابی کا لباس پہن کر مردوں کی نیندیں حرام کر دی تھیں۔ مرد انہیں کن انکھیوں اور چور نظروں سے دیکھ رہے تھے لیکن عقرب تو ناجیہ کے بارے میں سوچ رہا تھا اسے وہ لڑکی بہت پسند آئی ایک دوست کی حیثیت سے۔ اگر اس کا ارادہ شادی کرنے کا ہوتا تو وہ اس لڑکی کو زندگی کا ہم سفر ناجیہ کے چہرے کی معصومیت دل کشی، حجاب اور دل میں اتر جانے والی شخصیت بہت یاد آرہی تھی۔ کیسی کیسی ہوتی ہیں جو اپنا دل دے بیٹھتی ہیں دوسری طرف ماڈلز تھیں جن میں شرم و حیا نام کو نہ تھی۔

وہ ناجیہ اور ان لڑکیوں کے بارے میں سوچتا ہوا گہری نیند سو گیا۔ کیوں کہ رات بھر کا جاگا ہوا تھا۔ ہوٹل میں جوئے کی محفل میں شہباز بٹ سے ستائیس لاکھ کی رقم جیت لی تھی۔ باقی رقم اس نے کے دوستوں سے جیتی تھی جس وقت وہ محفل کے اختتام پر کمرے سے نکل رہا تھا اس نے جبھی اور شہباز بٹ کے ذہنوں سے ان کے ارادوں کا پتا چلا لیا تھا۔ جب شہباز بٹ نے بریف کیس اس نے اپنے جادو کے زور سے نوٹوں کی گڈیوں کو ردی میں بدل دیا۔ اگر وہ ایسا نہ کرتا تو شہباز نجم خان نہ صرف اس کی ساری رقم ہتھیا لیتے بلکہ اسے قتل کر کے ویرانے میں پھینک دیتے۔ اب اور نجم خان اس کی تلاش میں مری روانہ ہوگئے تھے۔ مری میں اس کا انہیں نام و نشان بھی نہیں طرح سے ان دونوں کے لیے یہ سزا تھی۔

کی وجہ سے عقرب کی آنکھ کھل گئی۔ اس کی نظر سب سے پہلے شازیہ اور شہزادی پر پڑی۔ نائٹ روشنی میں ان کے چہرے سفید پڑے ہوئے تھے اور آنکھوں سے خوف و دہشت عیاں تھی۔ وہ کو تھامے کھڑی ہوئی تھیں۔ ان کی آنکھیں اس طرح پھٹی ہوئی تھیں جیسے وہ کسی عفریت کو ہوں۔

عقرب یہ سمجھا کہ شاید مرد ہم سفروں میں سے کسی نے ان دونوں پر شب خون مارنے کی کوشش کی اگلے ہی لمحے صورت حال اس پر واضح ہوگئی۔ وہ تینوں مرد ایک ساتھ ایک ہی برتھ پر بیٹھے صرف دو مردوں کے چہروں پر بارہ بج رہے تھے جب کہ شاکر اعوان بڑے سکون و اطمینان ہوا تھا۔ اس کمپارٹمنٹ میں پانچ مسلح نقاب پوشوں نے ان دونوں لڑکیوں اور مردوں کو گن لیا ہوا تھا اسے بیدار ہوتا ہوا دیکھ کر ان بدمعاشوں کے سرغنہ نے کہا تو اس کا لہجہ تحکمانہ آپ نیچے تشریف لے آئیں شہزادے!''

عقرب بڑی خاموشی اور سلون سے نیچے اتر آیا۔ ان میں سے تین بدمعاشوں کے پاس کلا
تھیں اور دو کے پاس شارٹ گن تھیں۔ سرغنہ نے اسے حکم دیا کہ وہ بھی ان لوگوں کے ساتھ شرا
خاموشی سے بیٹھ جائے۔ عقرب بھی ان کے ساتھ بیٹھ گیا۔ اس کی آنکھوں میں نیند کا خمار بھرا ہوا
آغا قزلباش نے جرأت سے کام لیتے ہوئے پوچھا۔ ''تم لوگ کون ہو......؟ کیا چاہتے ہو
''ہم بہت شریف لوگ ہیں۔'' سرغنہ نے جواب دیا۔ ''ہم کیا چاہتے ہیں ابھی عرض کر
ہیں۔''

''تم لوگ ڈاکہ مارنے کی نیت سے گھس آئے ہونا......؟'' عنایت کو بھی حوصلہ ہوا تو اس۔
''جی ہاں...... ہم لوگ ڈاکہ مارنے کی نیت سے ہی تشریف لائے ہیں۔'' ایک ساتھی نے
''ٹھیک ہے ہمارے پاس جو رقم وغیرہ ہے لے لیں اور چلے جائیں۔'' آغا قزلباش نے کہا
''جو مال و دولت ہے وہ تو بعد میں لے کر جائیں گے۔ پہلے ہم حسن کی دولت پر ڈاکہ
گے......؟'' سرغنہ استہزائی لہجے میں بولا۔ ''ہمیں رقم، زیورات اور گھڑیوں سے زیادہ حسن کی دولت
دلچسپی ہے۔''

''حسن کی دولت؟ کیا مطلب......؟'' عنایت نے چونک کر حیرت سے پوچھا۔
''یہ جو حسن کی دولت ہے......'' سرغنہ نے کلاشنکوف کی نال سے شہزادی اور شازیہ کی طرف اشار
''کیا آپ ان دونوں کو اغواء کر کے لے جانا چاہتے ہیں......؟'' آغا قزلباش کے لہجے میں
تھی۔

''جی نہیں......'' سرغنہ نے سر ہلایا۔ ''ہم اتنے لمبے چکر میں پڑنا نہیں چاہتے ہیں۔ ہ
کمپارٹمنٹ کو عشرت کدہ بنانا چاہتے ہیں۔ ساری رات پڑی ہے نشہ آور انگیز لمحات گزارنے کے لیے
''نہیں...... نہیں......'' اس کی بات کی تہ میں پہنچ کر شازیہ خوف زدہ لہجے میں بولی۔ ''تم
اجتماعی طور پر ہم دونوں کی بے حرمتی کرنا چاہتے ہونا...... ہم ایسا ہرگز ہونے نہیں دیں گے۔''
''تمہیں یہ بات اس لیے منظور نہیں ہے کہ ہم مفت میں رات کالی کریں گے؟'' سرغنہ طنز
میں بولا۔

''تم ہمیں کیا سمجھتے ہو......؟'' شہزادی ہذیانی لہجے میں بولی تو اس کی آواز کانپ رہی تھی۔
''ہم تم دونوں کو ماڈل گرل اور کال گرل...... سمجھتے ہیں۔'' ایک ساتھی نے کہا۔
''شٹ اپ!'' شازیہ پھنکاری۔ ''تمہیں شرم نہیں آتی فنکاراؤں کو کال گرل کہو......''
''میں نے سچی بات کہی تو تمہیں مرچیں لگ گئیں......؟'' اس نے ہنستے ہوئے کہا۔
''تمہاری ماں بہنیں کال گرل ہوں گی......'' شہزادی ترش روئی سے بولی۔
''تم اس بات کو کیوں نہیں مانتی ہو...... ساری دنیا جانتی ہے کہ ایک لڑکی ماڈل بنتی ہے تو کال
گرل بن جاتی ہے۔ کیوں کہ اس میدان میں وہ صرف دولت کمانے کے لیے آتی ہیں۔ دولت ان
وہ اتنی دور چلی جاتی ہیں کہ ہر کوئی اس بات کا تصور تک نہیں کر سکتا۔'' دوسرے ساتھی نے کہا۔ ''آپ



اس پارسائی کی چادر کو نکال پھینکو۔''
ماڈل ایسی نہیں ہوتی ہے۔'' شازیہ تنک کر بولی۔ ''کال گرل اور راتیں کالی کرنے والی فلمی
والی ہیں۔ کیا تم نہیں جانتے ہو کہ ہم ماڈل لڑکیاں اعلیٰ گھرانوں سے تعلق رکھتی ہیں۔''
کے معاشرے میں اعلیٰ گھرانوں کی لڑکیاں ہی کرپٹ ہوتی ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ
نے میں ان کے بوائے فرینڈ کزن یا ان فن کاروں اور کھلاڑیوں کا ہاتھ ہوتا ہے جن کی وہ
۔ ان علاقوں میں رہنے والی لڑکیوں میں صرف ایک دو فیصد لڑکیاں باعصمت ہوتی ہیں ورنہ
لیاں کب کی اپنی عزت مردوں کو سونپ چکی ہوتی ہیں خوشی اور مرضی سے۔ کیوں کہ یہ امریکی
والی ہیں۔ جو مغربی تہذیب کی دل دادہ اور اس رنگ میں رنگی ہوتی ہیں ان کے لیے عزت کا
فخر اور اعزاز کی بات ہے جس کی زندگی میں جتنے لڑکے آتے ہیں وہ خود کو اتنی ہی حسین اور
ہے۔ آج امریکی میڈیا۔ چینلز نے اور وہاں کی تہذیب نے یہاں کی لڑکیوں کو بھی بدل دیا
نزدیک عصمت کا کوئی تصور نہیں رہا۔ ان کا اپنا یہ خیال ہے کہ جسم اپنی ملکیت ہے لہٰذا جسے
یں۔ کیا میں غلط کہہ رہا ہوں مس شازیہ!'' سرغنہ نے چبھتے ہوئے لہجے میں کہا۔
ے کس قدر گندے بے ہودہ اور قبیح قسم کے خیالات ہیں۔'' شہزادی نے برہمی سے
ہارے بوسیدہ اور گھناؤنے خیالات ہیں۔ آج کی لڑکیاں جو شو بزنس میں ہیں۔ گھروں
سے باہر نکلی ہوئی ہیں وہ گھریلو اور چار دیواری میں رہنے والی لڑکیوں کے مقابلے
ت اور باعصمت ہیں کیا مجال کوئی مرد انہیں میلی نظروں سے دیکھے۔ انہیں ہاتھ لگائے۔ وہ
ار کی مالک ہوتی ہیں۔''
نے لگا۔ ''تم میرا منہ کھلوا رہی ہو۔ آج نوجوان اور حسین لڑکیوں کا ایک سیلاب ہے جو
ل طرف جا رہا ہے۔ آج پرائیوٹ پروڈکشنز کا دور دورہ ہے جانتی ہو۔ لڑکیاں ڈراموں
ردار حاصل کرنے کے لیے بہت دور جانے کے لیے تیار ہیں اور جا رہی ہیں اسی شرط پر
ں کام مل رہا ہے۔ ان کے نزدیک عصمت اور کنوارپن کی کوئی عزت اور اہمیت نہیں ہے۔
دل دادہ اور بھوکی ہیں۔ یہ وہ لڑکیاں ہیں جو چار دیواری کو ایک قید خانہ سمجھتی ہیں یا اپنے
لاہی لڑکیاں ہیں۔ گھریلو لڑکیاں اتنی گری ہوئی نہیں ہوتی ہیں کہ اس گندے تالاب میں
شو بزنس کی دنیا ایک گندہ تالاب ہی تو ہے جس میں گندی مچھلیاں تیر رہی ہیں۔ ایک مچھلی
گندہ کر دیتی ہے تو اتنی ساری مچھلیاں کیا کچھ نہیں کر دیتی ہیں اور کر رہی ہیں۔''
لیاں ہوتی ہیں۔'' شازیہ نے پیچ و تاب کھاتے ہوئے کہا۔ ''تم ہمیں ان لڑکیوں میں
دونوں کو کوئی دو برس سے اس دنیا میں ہیں کسی کی مجال نہیں ہوئی کہ ہماری طرف آنکھ
ں کو چھونے کی جرأت ہوئی۔ نہ ہم پر کوئی آنچ آئی ہے۔ کوئی ہمیں کروڑ روپے بھی
ت نیلام نہیں کریں گی۔''
ماڈل گرل یہی کہتی ہے کہ وہ پارسا ہے اس کی عزت محفوظ ہے۔ کیوں کہ یہ بات نہ

کہیے تو پھر وہ کیسے اپنے پرستاروں کا دل موہ لے۔ اس سے بڑا جھوٹ کیا ہوسکتا ہے؟'' سرغنہ [illegible]

''تم لوگ چاہتے کیا ہو......؟'' شہزادی نے تنک کر کہا۔ ''اتنی دیر سے فضول قسم کی [illegible] رکیک جملے اور کردارکشی کیوں کر رہے ہو......؟ تم لوگ جس ارادے سے آئے ہو وہ پورا نہیں [illegible]

''تم جانتی ہو پھر بھی ہم سے پوچھ رہی ہو کہ ہم کیا چاہتے ہیں......؟ میں نے پہلے [illegible] تھا۔ میں نے اتنی ساری باتیں جو کی ہیں وہ سچائی پر مبنی ہیں۔ آئینہ دکھایا تو برا مان گئیں۔ [illegible] دلوں میں ارادے، تمنائیں اور ارمان لے کر آئے ہیں وہ پورے کر کے رہیں گے...... تم اس [illegible] خواہش کے آگے سر جھکانا نہیں چاہتی ہو کہ ہم مفت میں رات کالی کر کے چلے جائیں [illegible] معاوضہ طے کریں تو پھر تمہیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔''

''ہم کوئی بازاری عورتیں نہیں ہیں مسٹر!'' شازیہ کا پارہ چڑھ گیا۔ ''تم اسلحے کے زور پر [illegible] اور ہماری بے حرمتی کرنا چاہتے ہو......؟ تم نے ہاتھ لگایا تو اچھا نہ ہوگا کان کھول کر سن لو۔''

''اگر تم کال گرل نہیں ہو تو یہ بتاؤ کہ تم دونوں لاہور کیوں اور کس لیے گئی تھیں؟'' [illegible] پوچھا۔

''شادی کی ایک نجی تقریب میں رقص کرنے گئی تھیں۔'' شازیہ نے جواب دیا۔

''اچھا......'' سرغنہ کے لہجے میں طنز تھا۔ اس نے چبھتے ہوئے لہجے میں پوچھا۔ ''وہ [illegible] تھا؟''

''مجرا...... ہم دونوں ایک جاگیردار کے ہاں مجرا کرنے گئی تھیں۔ ان کے ہاں [illegible] تقریب تھی انہوں نے ٹکٹ دے کر بلایا تھا...... اب مجرے کے بعد ہم دونوں کی [illegible] ہے۔'' شازیہ نے جواب دیا۔

''اس مجرے میں تم دونوں کے ہاتھ کتنی رقم لگی......؟'' اس نے دریافت کیا۔

''سات سات لاکھ روپے......'' شہزادی کے منہ سے بے اختیار نکل گیا۔ '' [illegible] خاموش ہوگئی۔

''کیا مجرے کے لیے لاہور میں طوائفوں کی کوئی کمی تھی جو تم دونوں کو کراچی [illegible] گیا؟'' سرغنہ نے طنزیہ لہجے میں کہا۔ ''ہیرا منڈی میں ایک سے بڑھ کر ایک ایسی [illegible] مجرا پیش کرنے میں اپنی شہرت رکھتی ہیں۔''

''چوں کہ ہم دونوں اس وقت شہرت کی بلندیوں کو چھو رہی ہیں شاید اس [illegible] شہزادی بولی۔

''گویا تم دونوں اس وقت چودہ لاکھ کی رقم...... اس کے علاوہ انعام و اکرام [illegible] کے زیورات بھی لے جا رہی ہو...... تم دونوں نے ایک دو راتوں میں کتنا اونچا ہاتھ مارا [illegible]

''ہاں......'' شازیہ کا چہرہ سفید پڑتا چلا گیا اور شہزادی کی حالت غیر ہونے لگی۔

''تم دونوں سفید جھوٹ بول رہی ہو......'' سرغنہ نے تیز لہجے میں کہا۔ ''وہ مجرا [illegible]



[illegible]جرا نہیں تو اور کیا تھا......؟'' شازیہ پھنسی پھنسی آواز میں بولی۔

''[illegible] مجرا نہیں ایک مغربی طرز کی رقص کی محفل تھی۔'' سرغنہ کہنے لگا۔ ''اس محفل میں کل چھ جاگیردار [illegible] نے تم دونوں کی خدمات حاصل کی تھیں۔ دو راتیں امریکی نائٹ کلب سے دو ہاتھ آگے بڑھ [illegible] نہ صرف تم دونوں بلکہ شرکاءِ محفل بھی تہذیب کے اس ابتدائی طرز میں تھے جب تہذیب کا دور [illegible]، نام و نشان تک نہ تھا۔ انسان بے لباس اور حیوانوں کی طرح زندگی بسر کرتے تھے وہ پورے [illegible] ے وحشی تھے۔ درندہ صفت تھے۔ تم دونوں نے امریکہ کی نائٹ کلبوں کی رقاصاؤں کی طرح [illegible]ہیجان انگیز، سنسنی خیز ہوش ربا، امریکی رقاصاؤں کو بھی شرما دیا...... اس قدر فحش بے ہودہ اور لچر [illegible]ں اس کا تصور بھی نہیں کرسکتا اور نہ ہی اس کا تصور وہاں تک جاسکتا ہے۔ اس کے شرکاء بھی [illegible]لی سی حالت میں موجود تھے۔ انہوں نے جو وحشیانہ پن کی حرکتیں کیں اس نے شیطان کو بھی شرما [illegible]یت اور اخلاق سوز حرکتیں صبح تک جاری رہیں پھر دوسری رات بھی یہ سلسلہ جاری رہا۔''

''[illegible] تم جھوٹ بول رہے ہو......؟'' شازیہ ہذیانی لہجے میں بولی۔ ''تمہارے پاس اس بات کا کیا [illegible]'' اس کی آواز بے جان، ویران اور کھوکھلی سی تھی۔

''[illegible]ں نے اور میرے ان دونوں ساتھیوں نے دو دن تک یہ ماڈرن اور انوکھا نائٹ کلب کا مجرا [illegible] اس کا ایک ثبوت تو یہ ہے کہ تمہاری پشت پر تل کے دو نشان ہیں...... شہزادی صاحبہ کی کمر کے [illegible] پر ایک تارہ بنا ہوا ہے۔ یہ پیدائشی ہے۔ کیا یہ ثبوت کافی نہیں ہے......؟''

[illegible]ادی اور شازیہ اس طرح سے دم بخود ہوگئیں جیسے ان پر کوئی بجلی آ گری ہو۔ ان کے چہرے [illegible]فید پڑ گئے تھے جیسے لہو کی ایک بوند بھی نہ رہی ہو۔ ان کی آنکھیں اس طرح پھٹی کی پھٹی رہ [illegible] عفریت کو دیکھ رہی ہوں۔

[illegible] سکتے کی سی حالت میں دیکھ کر سرغنہ نے کہا۔ ''میں اور بھی کچھ ٹھوس ثبوت پیش کرسکتا [illegible]لی رات کی روداد ان حیوانوں نے اور آپ دونوں نے کیا کیا حرکتیں کیں۔ کیا کچھ [illegible] وہ اس قدر لغو اور شرمناک ہے کہ اسے زبان اور الفاظ بتانے سے قاصر ہیں۔ مرد اور [illegible]ور جاسکتے ہیں وہ ایک جنگل تھا...... کیوں؟''

[illegible] نے یک لخت چونک کر کہا۔ ''تمہیں رقم کی ضرورت ہے نا...... ہم سے ایک ایک لاکھ روپے [illegible] پھرتے نظر آؤ......'' اس کی زبان لڑکھڑا رہی تھی۔ ''تم واقعی بہت بڑے بدمعاش ہو۔''

''[illegible]پوری رقم لے کر جائیں گے...... لیکن اس سے پہلے میں اور میرے ساتھی وہی کچھ دہرائیں [illegible]ل میں ہو چکا ہے۔ آخر ہمارا بھی تو دل ہے۔ ہم بھی انسان ہیں۔ نوجوان ہیں۔ جب کہ وہ [illegible] تھے۔ ہماری بات کچھ اور ہوگی۔'' شازیہ اچانک زنجیر کھینچنے کے لیے بڑھی تو سرغنہ نے [illegible]لیا۔ پھر ایک طرف زور سے دھکا دیا تو وہ اپنا توازن برقرار نہ رکھ سکی۔ فرش پر گر پڑی۔ [illegible]ی ہوئی تو سرغنہ نے کرخت لہجے میں کہا۔ ''اگر تم دونوں نے ہم سب کے ساتھ بھرپور [illegible] گرم جوشی، خود سپردگی اور والہانہ پن سے پیش نہ آئیں جس طرح ان جاگیرداروں کے

ساتھ پیش آئیں اور دل خوش کر دیئے تھے، تو ہم ایک روپیہ بھی لے کر نہیں جائیں گے۔ تم
اپنا اپنا معاوضہ سمجھ سکتی ہو۔"

"تم نے ہم دونوں پر جو الزام اور کہانی گھڑی ہے اس سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہو۔
لوگوں کے سامنے ہمیں ذلیل و خوار کر رہے ہو...... بہتر یہی ہے کہ تم لوگ دو لاکھ رو
جاؤ۔" شہزادی نے کہا۔

"اس شبھ کام میں بہت دیر ہو رہی ہے اور ان باتوں نے خاصا وقت لے لیا ہے۔"
ساتھی نے کہا۔ "اب ہمیں ان لوگوں کے ہاتھوں کو باندھ کر انہیں اوپر والی برتھ پر بٹھا دینا چا
زنجیر نہ کھینچ سکیں یا پھر انہیں غسل خانے میں کھڑا کر دیا جائے۔ باری باری پہرہ دیا جائے تا
سکیں۔"

"آپ لوگ غسل خانے میں بھی کھڑے ہو کر فلم دیکھ سکتے ہیں۔ اس شرط پر کہ دل
شرافت سے کھڑے رہیں گے۔ زنجیر کھینچنے کی حماقت نہیں کریں گے۔ بالفرض محال کسی نے
تو اسے گولی مار کر باہر پھینک دیں گے۔" سرغنہ نے اپنی کلاشنکوف لہراتے ہوئے خشونت
میں کہا۔

"خبردار! جو تم لوگوں نے ہماری بے حرمتی کی کوشش کی......" شازیہ نے ہیجانی لہجے میں کہا
"چلو...... جلدی کرو...... تم دونوں اپنے اپنے کپڑے اتارنا شروع کر دو......" سرغنہ
لہجے میں کہا۔ "آپ حضرات باتھ روم میں تشریف لے چلیں...... تاکہ نائٹ کلب کا دل کش
انگیز پروگرام فوراً شروع کیا جا سکے۔"

سرغنہ نے اتنا کہہ کر شہزادی اور شازیہ کی طرف کلاشنکوف تان لی۔ دونوں کے چہرے فق
دوسرے ساتھی نے کہا۔ "یہاں کیوں ستی ساوتری بن رہی ہو...... جاگیردار صاحب کے ہاں تم
نے کس خوشی اور مستی کے عالم میں اپنے اپنے لباس اتار پھینکے تھے...... اب کیوں شرم و حیا آ رہی
"نہیں...... ہم کپڑے نہیں اتاریں گے......" شازیہ نے خوف زدہ لہجے میں کہا۔

"بٹ اور نصرو آگے بڑھو اور ان دونوں کے کپڑے تار تار کر دو۔ اس طرح جیسے عزت
جاتی ہے۔" سرغنہ نے اپنے ساتھیوں سے کہا۔ "لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے ہیں۔"

جب وہ دونوں شازیہ اور شہزادی کی طرف بڑھنے لگے تو عقرب اپنی جگہ سے اٹھا اور
ان کے درمیان حائل ہو گیا۔ "نہیں...... میں ان دونوں کو بے لباس کرنے نہیں دوں گا۔"

"تم کون ہو ہمارے معاملات میں دخل دینے والے......؟" بٹ نے اسے گھورتے ہوئے
"ان عورتوں کے ساتھ یہ حرکت آپ لوگوں کو زیب نہیں دیتی ہے۔" عقرب نے بڑی نر
کہا۔ "آپ لوگ شریف قسم کے لوگ ہیں کیوں اپنا منہ اور کردار کالا کر رہے ہیں؟"

"ایسی عورتوں کے ساتھ ہی تو ایسی حرکت نہ صرف زیب دیتی ہے بلکہ ان لوگوں کے
ہوتی ہے۔" نصرو نے استہزائی لہجے میں کہا۔ "جناب یہ طوائفیں ہیں بلکہ اول درجے کی فا



ان کے معاملات سے اپنے آپ کو دور رکھیں۔" شاکر اعوان نے عقرب سے کہا۔
یہ جیسی بھی ہیں انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیں۔" عقرب کے لہجے میں شائستگی
فعل ہے گھناؤنا ہی سہی...... اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ لوگ بھی ان جاگیرداروں
"
کہا۔

رہے ہو یہ کس قدر حسین ہیں۔ ان کے پرشباب گداز جسموں میں کیسی بجلیاں بھری
کیسی قیامت ڈھا رہی ہیں میں نے انہیں بے لباس دیکھا تو میں پاگل ہو گیا۔ میرا
تم بھی دیکھ لیتے تو تمہارا ابھی دماغ خراب ہو جاتا اور تم بھی انہیں پانے کے لیے
کرتے......"

کی سچائی کا اندازہ تمہیں ابھی ہوا جاتا ہے۔ اب تم انہیں بے لباس دیکھو گے تو خود کو قابو
کوئی زاہد خشک بھی انہیں فطری عالم میں دیکھ کر بہک جائے۔" نصرو نے کہا۔
کوئی خواہش نہیں ہے کہ انہیں بے لباس دیکھوں؟" عقرب نے جواب دیا۔
ایسی کوئی خواہش نہیں ہے تو باتھ روم میں جاؤ۔ وہاں ایک طرف خاموشی سے کھڑے
کہا۔

لوگوں کو اس بات کی اجازت نہیں دوں گا کہ تم ان دونوں عورتوں کی تذلیل و توہین کرو۔"
کہ ذلیل ترین فاحشائیں ہیں اس لیے ہم انہیں ذلیل کر رہے ہیں۔" بٹ نے ایک

حرکت سے تم لوگ بھی ذلیل ہو جاؤ گے۔ تم لوگوں کے منہ کالے ہو جائیں
ترکی بہ ترکی جواب دیا۔

ہاں سے کباب میں ہڈی بن رہے ہو؟ چلو سامنے سے ہٹ جاؤ۔" نصرو نے
پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ تمہاری بکواس اور لیکچر سنیں۔ ہمارے پاس فالتو وقت نہیں

سامنے سے ہٹوں گا اور نہ ہی ان عورتوں کو ہاتھ لگانے دوں گا۔" عقرب نے سخت لہجے

تمہارا باپ بھی ہمیں کسی بات سے روک نہیں سکتا ہے۔" نصرو نے غصے میں آ کر عقرب
کوف کی نال رکھ دی۔ "اگر تم نہیں ہٹے تو تمہارے سینے میں بہت سارے سوراخ

نے کو سینے پر سے ہٹا لو...... اس سے کچھ حاصل نہیں۔" عقرب نے اس کی آنکھوں
دیں۔ "مجھے موت سے ڈرانے کی ضرورت نہیں۔ کیوں کہ تم زندگی اور موت کے

"اوئے حرام زادے......" نصرو نے طیش میں آ کر اسے گالی دی۔ "کیا یہ تیری ما[ں]
جو تو ان کی حمایت کر رہا ہے۔ ان کی عزت بچانے کے لیے اپنی جان کی بھی پروا نہیں کر...
عقرب نے کلاشنکوف کی نال پکڑ کر کھینچی اور اس کے منہ پر ایک زوردار مکا ما...
سے پیچھے کی طرف لڑکھڑاتا ہوا گیا اور سرغنہ پر گر پڑا۔ اس کا دانت اور جبڑا ٹوٹ گیا۔ ...
لگا۔ وہ خوف سے زیادہ حیران تھا۔ اس مکے نے اس کے دماغ کی ساری چولیں ہلا دی تھیں ...
کا دودھ یاد آ گیا تھا۔

"تم نے میرے آدمی پر ہاتھ اٹھایا......؟" سرغنہ غضب ناک ہو کر بولا۔

"اس لیے کہ اس نے گالیاں کیوں دیں...... کیا اس طرح شریف آدمی سے با...
عقرب نے جواب دیا۔

"اس نے مجھے گالیاں دیں کہ تم کباب میں ہڈی بن گئے...... اب بھی موقع ...
جاؤ۔" سرغنہ نے غصے سے کہا۔

"میں نے ایک بار تم لوگوں سے کہہ دیا کہ نہ تو سامنے سے ہٹوں گا اور نہ انہیں ...
گا۔"

"اگر تم تین کی گنتی کرنے تک نہیں ہٹے تو میں تمہیں برسٹ مار کر قتل کر دوں گا اور ...
پھینک دوں گا۔" سرغنہ نے اس کے سامنے کھڑے ہو کر کلاشنکوف تان لی۔

"کیوں آپ اپنی موت کو دعوت دے رہے ہیں۔" شاکر اعوان نے کہا۔ "انہیں ...
چھوڑ دیں۔"

"آپ بے فکر رہیں...... یہ میرا بال تک بیکا نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ فرشتہ اجل نہیں ...
سرغنہ نے فوراً ہی عقرب پر برسٹ دے مارا۔ کلاشنکوف میں سے گولیاں ...
پھلجھڑیاں چھوٹنے لگیں۔ یہ دیکھ کر نہ صرف سرغنہ اور اس کے ساتھی بلکہ اس کے ہم ...
ہو گئے۔ سرغنہ نے پورا میگزین خالی کر دیا۔ عقرب کا بال تک بیکا نہیں ہوا۔ اس کے ار...
پھلجھڑیاں بکھرتی رہیں۔

...یٹ نے بھی آگے بڑھ کر اپنی کلاشنکوف سے نشانہ لے کر عقرب پر برسٹ مارا تو و...
کے ساتھ ہوا۔ اس کی کلاشنکوف کی نال میں سے پھلجھڑیاں چھوٹنے لگیں...... یہ دیکھ کر ...
ساتھی نے جس کے پاس شارٹ گن تھی، اس نے عقرب کا نشانہ لے کر لبلبی دبائی۔ اس ...
ایک چھوٹا سا پٹاخہ نکلا اور ہلکی سی آواز گونج کر رہ گئی۔ عقرب کے ہم سفر حیرت اور خو...
میں یہ سب کچھ دیکھ رہے تھے۔ اس وقت سب پر خوف و دہشت کی کیفیت طاری ہو...
نے عقرب پر برسٹ دے مارا تھا۔ وہ یہ سمجھے کہ عقرب کی لاش خون میں لت پت فرش پر ...
سے کسی کو یقین نہیں آیا۔ عقرب کا بال تک بیکا نہیں ہوا تھا۔ جب عقرب سرغنہ سے ...
کے ساتھیوں سے الجھا ہوا تھا وہ چاہ رہے تھے کہ عقرب ان کے معاملات میں دخل نہ ...



...بھی بات پر مشتعل ہو کر سب کو موت کے گھاٹ اتار سکتے ہیں۔ جب انہوں نے سرغنہ
...نال سے رنگ برنگی چنگاریاں نکلتی دیکھیں اور وہ پھلجھڑیوں میں تبدیل ہوتی گئیں تو دنگ
...پاس جو کلاشنکوف تھی وہ کھلونا نہیں تھی۔ اصلی کلاشنکوف تھی لیکن وہ کھلونا بن گئی تھی۔
...اس کے ساتھیوں کو بھی یقین نہیں آیا کہ آخر یہ سب کچھ کیا ہے؟ یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ
...جائے۔ سرغنہ اور اس کے ساتھی اپنے اپنے اسلحے کو الٹ پلٹ کر اور آنکھیں پھاڑ پھاڑ
...کہیں کھلونے تو نہیں ہیں؟ یہ کھلونے نہیں تھے۔ ان میں جو گولیاں تھیں وہ بھی اصلی
...پھلجھڑیاں کیسے اور کیوں کر بن گئیں۔ اس کے دونوں ساتھیوں نے جن کے پاس شارٹ
...اشارے پر عقرب کو نشانہ بنایا تھا لیکن ان کی گولیاں اس طرح سے فضا میں گونجیں جیسے
...رات کا پٹاخہ چھوڑا ہو۔ سرغنہ کا نفرت اور غصے سے برا حال ہونے لگا کہ اس شخص نے
...یہ پر دیا ہے۔

...سب سے زیادہ خوشی اور حیرت زدہ شہزادی اور شازیہ تھیں۔ انہوں نے تو خواب و خیال
...تھا کہ سفر کے دوران خطرناک قسم کے بدمعاشوں کے ہتھے چڑھ سکتی ہیں۔ ان کی عزت
...ونے کے زیورات بھی خطرے میں پڑ جائیں گے۔ انہیں اس بات کی ذرہ برابر بھی توقع
...مردوں میں سے کوئی انہیں بچانے کی کوشش کرے گا۔ خطرناک ترین ہتھیاروں کے
...کیسے جرأت کر سکتا ہے جب دو بدمعاش ان کا لباس تار تار کر کے انہیں برہنہ کرتے
...عقرب غیر متوقع اور اچانک ڈھال بن گیا۔ اس کی وجہ سے وہ برہنہ ہونے اور تماشا
...عقرب مسیحانہ بنتا تو ان کا حشر نشر ہو جاتا۔

...رف شہزادی اور شازیہ دل میں حیران و پریشان تھیں کہ ان بدمعاشوں کو ان کی کالی اور
...کیسے پتا چل گیا۔ یہ سیکس محفل صرف رقص کی حد تک محدود نہ تھی۔ وہ اور جاگیردار اور ان
...حیوان بنے ہوئے تھے۔ ایسے ایسے کھیل اور تماشے ہوئے تھے جو صرف بلیو فلموں
...وہ ششدر تھیں کہ ان بدمعاشوں نے کیسے، کہاں سے اور کس طرح سے وہ سب کچھ
...گیر صاحب نے بڑی رازداری اور احتیاط سے ایک مخصوص جگہ منعقد کیا تھا۔ یہی نہیں
...کو ان رقموں اور زیورات کا بھی معلوم تھا جو جاگیرداروں سے ملے تھے۔ اس کے علاوہ
...ملا کر اٹھارہ لاکھ روپے لے کر واپس جا رہی تھیں۔ دو کالی راتوں کی ایسی کمائی بہت کم
...میں بھی ایسی سیکس پارٹیاں ہوتی تھیں جن میں ان کے وارے نیارے ہو جاتے تھے۔

...ان!" عقرب نے سرغنہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔ "گاڑی کی رفتار کم ہونے لگی ہے۔
...اسٹیشن آنے والا ہے۔ تم لوگ اس اسٹیشن پر اتر جانا۔ ورنہ ہم سب مل کر تم لوگوں کے
...رپورٹ درج کرا دیں گے...... پھر تم سب کو دھر لیا جائے گا۔"
...کی زبان سے اپنا نام سن کر بڑے زور سے چونکا۔ "تم میرا نام کیسے جانتے ہو؟ مجھے کس
...ہو......؟ تم نے مجھے کیسے شناخت کر لیا؟"

"میں صرف تمہیں نہیں بلکہ تمہارے ان ساتھیوں کو بھی جانتا ہوں۔ ... معلوم ہیں۔" عقرب نے جواب دیا۔ "تم لوگ نقاب پوش بن کر آئے تا کہ تمہاری ...

"لیکن ہم تو تمہیں نہیں جانتے...... تمہیں آج پہلی بار دیکھ رہے ہیں؟" سر...

"یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ تم لوگ مجھے جانتے ہو۔" عقرب کہنے لگا۔ "تم ... سے تعلق رکھتے ہو۔ ماحول کی وجہ سے بگڑ گئے ہو۔ جاگیردار کے ملازم جمشید خان ... لے کر دو کالی راتوں کا کھیل ٹی وی پر دکھایا۔ جس ہال میں یہ گھناؤنا اور شرمناک ... کیمرے جمشید خان نے نصب کئے ہوئے تھے۔ اس کھیل کو دیکھنے کے بعد تم سب ... کھیلنے کا منصوبہ بنایا۔"

"گویا تمہیں جمشید خان نے ہمارے بارے میں اور اس کھیل کے بارے ...

"اس نے بتایا نہیں...... لیکن میں نے اپنے تئیں معلوم کیا ہے۔ اب ... چھوڑ دو۔ یہ بتاؤ کہ اب تم نے کیا فیصلہ کیا...... تمہارے کیا ارادے ہیں؟" عقرب ... دیکھا۔

"ہمارے وہی ارادے ہیں جو پہلے تھے۔ ہم عزت و مال لوٹ کر جائیں ... پر اعتماد لہجے میں کہا۔

"تمہارے حق میں یہی بہتر ہے کہ خاموشی اور شرافت سے لوٹ جاؤ۔" ... سمجھایا۔ "ایک تو کھلونے لے کر آئے ہو۔ لہٰذا اب تم لوگ ہم پر قابو نہیں پا سکتے ... بھی زنجیر کھینچ کر گاڑی رکوا سکتا ہے۔"

"یہ کھلونے نہیں ہیں...... ان میں گولیاں نہیں ہیں تو کیا ہوا...... ہم ان ... کھوپڑیاں پھوڑ سکتے ہیں۔ مار مار کر بھرکس نکال سکتے ہیں انہیں دیکھ رہے ہو ... ہیں۔ لوہے اور لکڑی کے بنے ہوئے ہیں۔" سرغنہ نے دھمکی آمیز لہجے میں کہا۔ "... زنجیر کھینچنے کی حماقت نہ کرے ورنہ وہ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔"

"بچوں جیسی باتیں نہ کرو۔" عقرب نے کہا۔ "یہ سب بہت ہی نازک قسم ... تمہیں اصلی اسلحہ دکھائی دے رہے ہیں۔ ان میں ایک بھی اتنی مضبوط نہیں ہے تمہیں ... نہیں آ رہا ہے تو اپنی کلاشنکوف میرے ہاتھ پر مار کر دیکھ سکتے ہو۔"

عقرب اس کے سامنے جا کر کھڑا ہو گیا۔ سرغنہ نے کلاشنکوف اس کے ہاتھ پر ما... کاندھے پر پوری قوت سے دے ماری تا کہ ہڈی ہی ٹوٹ جائے۔ ہڈی کیا ٹوٹتی کلا... ہو گئے۔ جیسے وہ پھول کی چھڑی ہو۔ اس کی ضرب عقرب کو بالکل بھی محسوس نہ ہو... بھونچکا سا ہو گیا۔

نصرو جو اس کا مکا کھا کر زخمی ہو گیا تھا اس نے اپنے ساتھی سے شارٹ گن لی اور ... پہنچ کر اس کا بٹ اپنی پوری قوت سے عقرب کی کھوپڑی پر دے مارا۔ عقرب کو بال...



...ارٹ گن کے بھی دو ٹکڑے ہو گئے تھے۔ عقرب نے مڑ کر اس کی طرف دیکھا۔ "تم لوگوں کو ... کا یقین نہیں آیا......؟"

...کو یک لخت یہ احساس ہوا کہ عقرب کوئی جادوگر یا غیر معمولی انسان ہے۔ اس لیے اس پر کوئی ... کر رہی ہے۔ گولیاں پھلجھڑیاں بن گئیں۔ کلاشنکوف اور شارٹ گن کے بھی ٹکڑے ... اس کے علاوہ مجھے اور میرے تمام ساتھیوں کو جانتا ہے۔ جمشید خان سے واقف ہے۔ خیریت ... کہ نو دو گیارہ ہو جاؤ۔

...اس نے اپنے تمام ساتھیوں کو چلنے کا حکم دیا۔ گاڑی کی رفتار بہت ہی سست ہو گئی تھی۔ وہ ...کے پاس کھڑے ہو کر شہزادی اور شازیہ سے بولا۔ "میری جان! آج اس شخص کی وجہ سے تم ...ت اور مال بچ گیا۔ جمشید خان کے پاس تم دونوں کی وڈیو کیسٹ بھی ہے...... میں کسی دن ...تم دونوں سے ملوں گا...... پھر میں دیکھتا ہوں۔ تم دونوں مجھ سے اور میرے ساتھیوں کے ... کیسے بچتی ہو؟"

...کہہ کر سرغنہ نے دروازہ کھولا۔ اس وقت گاڑی پلیٹ فارم پر رینگ رہی تھی دائیں جانب ...تھا۔ بائیں جانب اندھیرا تھا۔ ادھر پلیٹ فارم نہ تھا اس جانب جو اندھیرا تھا وہ ان کے لیے ... وہ سب ایک ایک کر کے اتر گئے۔ پھر اندھیرے میں گم ہو گئے۔ عقرب نے دروازہ بند کر کے ...ے چٹخنی لگا دی۔

...کے جاتے ہی شازیہ اور شہزادی کی جیسے جان میں جان آئی۔ وہ دھم سے سیٹ پر بیٹھ گئیں۔ ... بڑی غیر ہو رہی تھی۔ کیونکہ یہ بدمعاش ساری دنیا کے سامنے انہیں بے لباس کر گئے تھے۔ ...ل چہرے دکھا گئے تھے۔ اگر وہ ان کے چہروں سے نقاب نہ اٹھاتے اور ان کی بے حرمتی اور ساری دولت لوٹ لیتے تو شاید اتنا دکھ نہ ہوتا جتنا ان کی اصلیت ظاہر ہونے سے انہیں اس ...تھا۔

...ی زندگی پردوں میں چھپی ہوئی تھی۔ وہ اپنے پرستاروں سے اپنی گھناؤنی زندگی چھپا کر رکھتی ... زندگی میں کالی آمدنی اور کالی راتوں کی بہتات تھی جس کے باعث وہ شاہانہ زندگی گزارتی ... اپنی شرمناک زندگی کو چھپانے کے لیے شادی کر لیتی تھیں۔ ان کا شوہر نہ صرف غلام، ...یٹری اور ڈھال ہوتا تھا بلکہ وہ برائے نام ایک سہارا ہوتا۔ اس کی آڑ میں وہ بہت سارے ...ے کرتی تھیں۔

...گاڑی چل پڑی تو شازیہ نے بڑی ممنونیت سے عقرب کی طرف دیکھا۔ شہزادی اور وہ اس ...نہیں کہ عقرب کو کیسے ان ساری باتوں کا علم ہے۔ شاید جمشید خان اس کا دوست ہو گا۔ جمشید ...ار صاحب کا انتہائی خاص ملازم تھا۔ اس نے کراچی میں آ کر ان دونوں سے معاملات طے ...انہیں صاف صاف بتا دیا تھا کہ کس قسم کی محفل ہو گی۔ جاگیردار صاحب اور ان کے دوست ...ں نے بناوٹی طور پر انکار کیا تھا کہ وہ اور شہزادی اس طرح کی راتیں نہیں گزارتی ہیں جب

جمشید خان نے کچھ حوالے دیئے تو پھر وہ اور شہزادی تیار ہوگئی۔ اسے اندازہ تھا کہ ان کی
پہنچی ہوئی ہے۔ جمشید خان ایک طرح سے نمک حرام ملازم نکلا تھا۔ اس نے نہ صرف
اس بدمعاش اور اس کے ساتھیوں کو ٹی وی پر پروگرام دکھاتا رہا۔ اس نے خفیہ کیمرے
ہوئے تھے جن کے بارے میں جاگیردار صاحب کے فرشتوں کو بھی خبر نہیں تھی۔ اسے
اندیشہ لاحق ہوگیا تھا۔ لیکن اس بات کا امکان تھا کہ جمشید خان بھولے سے بھی وہ وڈیو کیسٹ
دے گا کیوں کہ اس میں جاگیردار اور ان کے دوست بھی ہیں۔ یہ سوچ کر اس کے دل کو تسلی
دوسری طرف اسے اس بات سے بھی خجالت ہورہی تھی کہ عقرب کو اس کے اور شہزادی
میں سب کچھ معلوم ہو چکا ہے اور ہم سفر مردوں کے علم میں بھی آچکا ہے۔ تاہم اس نے ان
نظر انداز کرتے ہوئے کہا۔ ”عقرب صاحب! آپ نے ہمیں لٹنے سے بچالیا...... آپ
نہ کرتے تو جانے کیا کچھ ہوتا۔ ہم دونوں آپ کا یہ احسان ساری زندگی بھلا نہیں سکیں گی۔“

”میں نے اپنا فرض ادا کیا...... اس میں احسان کی کوئی بات نہیں۔“ عقرب نے جوا
”کیا وہ واقعی کھلونے لے کر آئے تھے......؟“ عنایت نے تعجب آمیز لہجے میں پوچھا
”جی ہاں۔“ عقرب نے جھوٹ بولا۔ ”کیوں کہ اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا۔
میں ایسے کھلونے ملتے ہیں جن پر اصلی اسلحے کا دھوکا ہوتا ہے۔ میں بھی ایسے اسلحے کچھ دکا
ہوں۔“

”ایک مرتبہ میرے گھر پر ڈاکہ پڑا تھا۔ ڈکیت کے ہاتھوں میں نقلی اسلحہ تھا۔ جب
انہیں گرفتار کرلیا گیا۔ تب پتا چلا کہ وہ نقلی اسلحہ تھا۔ اس وقت ہم لوگ اس قدر خوف زدہ ہو
اور نقلی کی تمیز نہ کرسکے۔ اگر ہوش وحواس میں ہوتے بھی تو شاید تب بھی اس کی شناخت
ہوتے......“ آغا قزلباش نے کہا۔

”اب ہمیں سوجانا چاہیے۔“ شاکر اعوان نے جماہی لیتے ہوئے کہا۔ ”مجھے نیند آر
”لیکن ہمیں نیند کہاں آئے گی......؟“ شہزادی نے گہری سانس لیتے
بدمعاشوں نے کیسی دہشت پھیلادی۔ اس قدر جھوٹ بولا کہ خدا کی پناہ...... ابھی تک میرا دل
ہے۔“

جھوٹ...... عقرب دل میں مسکرایا۔ اس نے سوچا کہہ دے کہ محترمہ انہوں نے ایک
نہیں بولا۔ لیکن وہ ان کے یا کسی کے معاملات میں بولنا نہیں چاہتا تھا۔ اس نے چلتی ٹرین
لڑکوں کو گھناؤنا کھیل کھیلنے اس لیے نہیں دیا تھا کہ یہ کوئی اچھی بات نہیں تھی۔ اور پھر وہ نہیں
پولیس کیس بن جائے۔ اس لیے اس نے ان کے خطرناک اسلحہ کو ناکارہ اور کھلونوں کی طرح
”میں سونا چاہوں تو ایک پل کے لیے بھی سو نہیں سکوں گی۔“ شازیہ کے جسم پر انجا
جھرجھری سی ہوگئی۔ تھوڑی دیر پہلے کا منظر اس کی نظروں کے سامنے گھومنے لگا۔ اس نے
لیے سوچا۔ بے حرمتی ہو بھی جاتی تو کیا فرق پڑتا وہ دس دس آدمیوں کے سامنے کھلونا بن



زیورات جانے کا ہوتا۔“ اس واقعے کی میرے سینے میں ایسی ہیبت بیٹھ گئی ہے کہ میرا سینہ
دھک دھک کیے جارہا ہے۔“
”ہمیں بھی نیند کہاں آئے گی؟“ آغا قزلباش نے کہا۔ ”میں آپ دونوں کو کمپنی دوں گا۔
نیند نہیں آرہی ہے وہ باتیں کرکے یا تاش کھیل کر رات گزار سکتا ہے۔“
بات ہے تو پھر میں اپنی نیند کو ان بدمعاشوں کی طرح بھگا کر ساتھ دے سکتا ہوں۔“ شاکر
ا۔

اور پوچھ پوچھ......“ شازیہ خوش ہوکر شوخ لہجے میں بولی۔
لوگوں نے ایک بات سوچی نہیں۔“ عنایت نے چونک کر کہا۔
کی بات......؟“ آغا قزلباش نے حیرت سے عنایت کی طرف دیکھا۔
معاش اندر کیسے داخل ہوگئے......؟“ عنایت نے متعجب نظروں سے باری باری سب کی
”دروازہ کس نے کھولا۔ مجھے اچھی طرح سے یاد ہے کہ میں نے دونوں دروازوں کو سونے
کر کے اپنا اطمینان کیا تھا...... جب میری آنکھ کھلی تو شاکر صاحب اور شازیہ اور شہزادی
اور ان بدمعاشوں کو دیکھ کر خواتین خوف ودہشت سے تھر تھر کانپ رہی تھیں۔ شاکر
بلائے ہوئے تھے۔ اس بوکھلاہٹ میں انہوں نے آغا صاحب کو جگا دیا۔“
مجھ سے بھول ہوگئی۔“ شاکر اعوان نے جواب دیا۔ ”میرے پاس سگریٹ ختم ہوگئے
اسٹیشن پر رکی تو میں سگریٹ لینے کے لیے اتر گیا۔ سگریٹ لے کر واپس آنے میں مجھے
لگ گئے۔ ان بدمعاشوں نے جو گھات اور موقعے کی تلاش میں تھے انہوں نے فوراً ہی
اندر داخل ہوکر باتھ روم میں چھپ گئے چوں کہ آپ سب گہری نیند سو رہے تھے اس لیے
نہیں سکا۔ جب میں اندر آیا تو میں نے دیکھا کہ وہ بدمعاش کھڑے ہوئے ہیں۔ انہوں
میری طرف تان لیں اور ان کے سرغنہ نے مجھے چپ رہنے کا اشارہ کیا۔ سرغنہ اور ان کے
شازیہ اور شہزادی کو گود میں اٹھا کر برتھ سے نیچے اتارا...... انہیں مسلح دیکھ کر ان دونوں کی
ان سے ایک لفظ نہیں نکل سکا۔ پھر ان دونوں بدمعاشوں نے خاصی دیر تک ان سے من
میں نے احتجاج کیا تو پھر ان دونوں کو اپنی گرفت سے آزاد کیا۔“ عقرب نے سوچا کہ
کہے کہ یہ بدمعاش تمہارے ساتھی تھے اور سارا منصوبہ تمہارا اپنا بنایا ہوا تھا۔ عقرب نے
نوں کے ذہن پڑھ لیے تھے۔ وہ ہر کسی کا ذہن بلاوجہ پڑھنے کی کوشش نہیں کرتا تھا۔ شاکر
اپنے ہم سفروں کو گہری نیند میں دیکھا تو اس نے دروازہ اس وقت کھول دیا تھا جب
انے میں سگنل نہ ملنے کی وجہ سے رک گئی تھی۔ اس نے سگریٹ کا جو بہانہ بنایا وہ غلط
پنے گھناؤنے ارادے میں کامیابی ہوجاتی تو تب شاکر اعوان اپنی اصلیت میں آجاتا اور
پر ان دونوں کی بے حرمتی کرنے میں شامل ہوجاتا۔ اب جب کہ اس کے ساتھیوں کے
امید نہیں تھی اور تمام مسافر چوکنا ہوگئے تھے۔ آغا قزلباش نے بھی شازیہ اور شہزادی کے

ساتھ شب بیداری کا اعلان کر دیا تھا اس لیے اس نے باتھ روم میں جا کر سرغنہ سے موبا
ان سے کہہ دیا کہ وہ کراچی پہنچ جائیں۔ اس نے یہ بھی سوچا اور فیصلہ کیا کہ شب بیدار
ان کو پھانسنے اور بلیک میل کرنے کے لیے کوئی تدبیر کرے گا۔ عقرب اب اس معا
اڑانا نہیں چاہتا تھا۔ وہ اس بات سے بھی خوش تھا کہ اس کے ساتھیوں نے شاکر اعوان
سمجھا تھا۔ لیکن شاکر اعوان اس لیے اس اسلحہ کو کھلونا تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں تھا
اسلحہ فراہم کیا تھا۔ اسے عقرب کے بارے میں دل میں ایک آزاد سا خیال آیا تھا ک
طاغوتی طاقت کا مالک تو نہیں ہے؟ لیکن وہ اس خیال کے بارے میں زیادہ سوچ نہ سکا
نے اس کا خیال فوراً بدل دیا اور ذہن میں اس کے بارے میں کوئی بات سوچنے نہیں دی

عقرب سونے کے لیے اپنے بستر پر دراز ہو گیا۔ شازیہ نے اسے تیکھی نظروں
تاش کھیلنے کی دعوت دی۔ اس کی جگہ کوئی اور ہوتا تو وہ شازیہ کے اس انداز
ہو جاتا۔ عقرب کو اس فاحشہ اور تاش سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ اس نے معذرت کر لی۔
آور گولیاں کھائیں کیوں کہ وہ دل کا مریض تھا اور رت جگا اس کی صحت کے
تھا۔ آغا قزلباش نے تمام بتیاں بجھا کر نائٹ بلب روشن کر دیا۔ اس کی روشنی بھی اتنی
جا سکتا تھا۔ وہ چاروں ایک طرف کھیل کی جگہ بنا کر رمی کھیلنے لگے۔ عقرب کو نیند نے جلد

کوئی دو گھنٹے بیت جانے کے بعد عقرب کی آنکھ آپ ہی آپ کھل گئی۔
کمپارٹمنٹ میں گھپ اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ گاڑی تیز رفتاری سے اپنا سفر طے کر رہی
لمحے مدھم سرگوشیاں، تیز سانس اور سرسراہٹ سی سنی، چند لمحوں کے بعد گاڑی کسی بجلی کے پول
گزری تو ایک پل کے لیے کمپارٹمنٹ میں ملگجی روشنی پھیل گئی۔ اس پل میں اس نے
ایک جذبات سے بھرپور فلم چل رہی تھی شہزادی اور شاکر اعوان، شازیہ اور آغا قزلباش
دنیا و مافیہا سے بے نیاز دھول بھرے راستے سے گزر رہے تھے۔ ایک انجانا گاؤں آ
ہم سفروں کے جاگنے کی فکر تھی اور نہ ہی کسی بات کا ڈر اور خوف تھا۔ فرش پر لبادے
ٹوٹ کر گر رہے تھے۔ وہ آزادی کا لبادہ اوڑھے ساتھ ساتھ چل رہے تھے۔

عقرب نے کروٹ بدلی اور اپنا منہ دیوار کی طرف کر لیا۔ شاکر اعوان اور آغا
دونوں سے پانچ پانچ ہزار پر معاملہ طے کیا تھا۔ چوں کہ وہ کال گرل تھیں اس لیے فوراً
کھیل چھوڑ کر اس کھیل کو کھیلنا شروع کر دیا۔ ان دونوں مردوں نے دل میں اور بعد
محسوس انداز سے اشارہ کر کے یہ طے کر لیا تھا کہ انہیں کوئی رقم نہیں دیں گے اور کسی بہا
گے۔ وہ ان کی باتوں میں آ کر شاکر اور آغا قزلباش کی جھولی میں گر پڑی تھیں۔

عقرب صبح بیدار ہوا تو اس نے صرف عنایت کو گہری نیند سوتے ہوئے پایا تھا۔
آغا قزلباش اور شاکر اعوان جاگ رہے تھے۔ وہ چاروں بہت خوش اور مسرور تھے۔
چھلک رہی تھیں رات کا گزرا ہوا افسانہ ان کے چہروں پر لکھا ہوا تھا۔ شب بیداری کی



ابھرا ہوا تھا۔ جب کہ شازیہ اور شہزادی کی آنکھیں نشیلی ہو رہی تھیں ان کے انگ انگ سے
رہی تھی۔ کچھ دیر بعد عنایت بھی بیدار ہو گیا۔
لوڑی اسٹیشن پر گاڑی رکی تب شازیہ، شہزادی، شاکر اعوان اور قزلباش پلیٹ فارم پر چہل
اتر گئے۔ عنایت باتھ روم میں نہا رہا تھا۔ عقرب صبح کا اخبار پڑھ رہا تھا۔ تب ایک نوجوان لڑکا
میں گھس آیا۔ عقرب نے آہٹ سن کر اخبار سے نظریں ہٹا کر اس کی طرف دیکھا۔ وہ سولہ
عقرب نے اس کا دزدیدہ سراپا دیکھا۔ لباس نہ صرف بہت بوسیدہ اور فقیروں جیسا تھا بلکہ
کا بال پھیلا ہوا تھا۔ بالوں پر گرد جمی ہوئی چہرہ سخت اور سیاہ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی۔ وہ
سا لگ رہا تھا۔ وہ باتھ روم کے دروازے کے پاس دیوار کا سہارا لے کر کھڑا ہو گیا۔ جیسے
پر کھڑا ہونا دشوار سا ہو رہا ہو...... اس نے سہارا نہ لیا ہوتا تو جیسے غش کھا کر گر جاتا۔ اس کی
میں بری طرح پھول رہی تھیں جیسے وہ دوڑتا ہوا آ رہا ہو۔ وہ جیسے اپنے ہوش و حواس میں نہیں

سانسوں پر قابو پانے کی کوشش کر رہا تھا کہ چاروں کمپارٹمنٹ میں داخل ہوئے۔ اس
چونکے۔ شازیہ نے بڑی حقارت سے کہا۔ "کون ہو تم...... ؟ چلو بھاگو یہاں سے......"
"میں...... ایک مصیبت زدہ ہوں۔" اس نے بمشکل پھولی ہوئی سانسوں کے درمیان کہا۔
گاڑی رینگنے لگی۔ شہزادی نے غصے سے کہا۔ "تم گاڑی سے اترو۔ گاڑی چل پڑی

نے کہا نا کہ...... میں مصیبت زدہ ہوں۔ بدمعاش میرے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔" اس نے
لہجے میں کہا۔
معاش تمہارے پیچھے لگے ہوئے ہیں تو ہم کیا کریں...... کیا ہم نے کسی کو بچانے کا کوئی ٹھیکہ
" شازیہ نے نفرت و حقارت سے کہا۔
ان بدمعاشوں نے مجھ کو دیکھ لیا تو زندہ نہیں چھوڑیں گے۔" وہ بے بسی سے بولا۔ اس کی
آنسو آ گئے۔
یہ لڑکا اور خطرناک ہے۔" شازیہ نے کہا۔ "کہیں تم کسی کو قتل کر کے تو نہیں آ رہے ہو؟"
...... میں نے کسی کو قتل نہیں کیا...... میں بدمعاشوں کے چنگل سے بچ کر نکل آیا ہوں۔ اس
کرنا چاہتے ہیں۔" وہ پھنسی پھنسی آواز میں بولا۔ "خدا کے لیے مجھے کراچی پہنچنے تک یہاں

کیا...... ہم تمہیں دس منٹ بھی برداشت نہیں کر سکتے۔" شہزادی نے کہا۔ "چلو نکلو......"
میرے خدا...... تمہارا لباس کس قدر گندا ہے اس میں سے کیسا تعفن اٹھ رہا ہے۔" شازیہ
پر رومال رکھا تو شہزادی نے بھی اپنی ناک پر رومال رکھ لیا۔ "یہاں سے دفع ہوتے ہو کہ

"گاڑی نے رفتار پکڑ لی ہے۔ اب یہ بے چارا کیسے اتر سکتا ہے؟" عقرب
رہنے دیں۔"

"مجھے تو یہ کوئی چور اچکا...... اٹھائی گیرا لگ رہا ہے۔" شازیہ بولی۔ "اسے
کہ زنجیر کھینچ کر گاڑی رکوائی جائے۔ میں اس چور بدمعاش کو ایک منٹ بھی برداشت نہیں
"قسم لے لیجیے میں چور بدمعاش نہیں ہوں۔" لڑکے نے غمگین لہجے میں کہا۔
سی گئی۔

"ہاں بھئی...... اس کی وجہ سے کمپارٹمنٹ میں کیسی بدبو پھیل گئی ہے۔"
میرے لیے یہ سب کچھ ناقابل برداشت ہو رہا ہے۔ میں ابھی زنجیر کھینچتی ہوں۔"

"ایک منٹ......" عقرب نے شہزادی سے کہا۔ "یہ لڑکا سچ کہہ رہا ہے۔
مصیبت میں گرفتار ہے۔ چور اچکے ایسے نہیں ہوتے ہیں یہ ایک شریف لڑکا لگ رہا ہے۔"

"یہ آپ نے کیسے اندازہ کر لیا کہ یہ لڑکا شریف ہے چور اچکا نہیں ہے؟" شازیہ ہذیانی

"اس کی زبان چہرے اور آنکھوں سے اس کی سچائی ظاہر ہو رہی ہے۔" عقرب
حمایت کی۔

"اگر ایسی بات تھی تو اسے اس کمپارٹمنٹ میں آنے کی کیا ضرورت تھی۔ کیا پوری
یہی ایک کمپارٹمنٹ رہ گیا تھا؟ کیا ہمیں لوگ رہ گئے تھے؟" شہزادی نے کہا۔

"اس وقت یہ لڑکا مصیبت میں گرفتار ہے وہ کسی اور کمپارٹمنٹ میں اس لیے
وہاں غیر محفوظ ہوگا۔ وہ بدحواسی میں یہاں پناہ لینے آ گیا...... دو ایک گھنٹے کی بات ہے۔
آ جائے گا وہ اتر جائے گا۔"

"ہماری بلا سے وہ مصیبت میں گرفتار ہے یا نہیں۔" شہزادی تنک کر بولی۔ "میں
گی۔"

"آپ ایسی بات نہ کریں۔" عقرب نے کہا۔ "میری خاطر اس غریب کو یہاں
یہ بے چارا کئی وقتوں سے بھوکا پیاسا لگ رہا ہے۔ انسانیت کے ناطے ہمارا فرض بنتا ہے
کریں۔"

"آپ اس کے ساتھ اس طرح ہمدردی کا اظہار کر رہے ہیں جیسے یہ آپ کا کوئی
بھائی ہو......" شازیہ کے لہجے میں استہزائی انداز تھا۔ "میرا بس چلے تو میں اسے دھکا
گاڑی سے......"

"بڑے دکھ اور افسوس کی بات ہے کہ آپ غرور اور تکبر کی باتیں کر رہی ہیں۔ آپ
دلوں میں انسانی ہمدردی کا جذبہ بالکل بھی نہیں ہے۔ آپ کو جو کرنا ہیں کریں۔ میں اس
سے پیش آؤں گا۔" عقرب نے سخت لہجے میں کہا۔ "آپ کو یہ بات نہیں بھولنا چاہیے کہ
ایک مصیبت سے دوچار تھے۔"



اور شہزادی نے اس کی بات کا جواب نہیں دیا۔ شازیہ لپک کر زنجیر کے پاس گئی۔ اس نے
زنجیر کھینچی زنجیر ٹس سے مس نہ ہوئی۔ وہ ایک دم سے جام ہو گئی تھی۔ پھر اس نے دوسری
زنجیر کھینچی۔ وہ بھی جام تھی۔
زنجیر صرف دکھاوے کے لیے لگائی ہوئی ہے؟" شازیہ نے بھنا کر آغا قزلباش سے کہا۔
کیا جانتی نہیں ہیں کہ ہمارے ریلوے کا نظام کس قدر ناقص اور بدترین قسم کا ہے۔ ریلوے
مانا جاتی ہے۔ مسافروں کی سہولت اور آرام اور خدمت کا کوئی خیال نہیں ہے۔" آغا
تبصرہ کیا۔

کو شازیہ اور شہزادی سے ایسی امید نہیں تھی کہ اس مصیبت زدہ لڑکے کے ساتھ اس طرح
گی۔ اسے ان کی خود غرضی اور لڑکے سے اہانت آمیز رویے سے بہت افسوس اور دکھ ہوا
بیا۔ یہ دونوں فاحشائیں اس قابل تھیں کہ بدمعاش ان کی اجتماعی بے حرمتی کرتے۔ اس
ساتھ انسانی ہمدردی کی جس کا صلہ یہ دیا جا رہا تھا کہ اس کی وہ کوئی بات ماننے کو تیار نہیں
دل میں فیصلہ کر لیا کہ انہیں وہ ایسا سبق دے گا کہ ساری زندگی یاد کریں گی۔ عقرب نے
کے زور سے زنجیر جام کر دی تھی۔ اس نے اپنے فلاسک سے چائے نکال کر لڑکے کو پلائی۔
قامت اور لڑکے کی جسامت کا تھا۔ عقرب نے اپنی جیب سے ہزار روپے کا ایک نوٹ
کی طرف بڑھایا کہ اپنے پاس سے شلوار قمیض کا ایک جوڑا دے دیں اور اس رقم سے کوئی نیا
عنایت نے رقم نہیں لی۔ اپنے سوٹ کیس سے ایک جوڑا نکال کر دے دیا جو ایک شاپنگ
ہوا تھا۔ پھر عقرب نے اپنا صابن اور تولیہ اسے دیتے ہوئے کہا کہ وہ باتھ روم میں جا کر
اطمینان سے نہا کر کپڑے پہن کر آئے۔

کپڑے، صابن اور تولیہ لے کر نہانے کے لیے باتھ روم میں گھس گیا۔ اس کے ہم سفر بڑی
سب کچھ دیکھ رہے تھے۔ شازیہ اور شہزادی اندر ہی اندر عقرب پر پیچ و تاب کھا رہی
عقرب کی ہمدردی اس لڑکے سے ایک آنکھ نہیں بھائی تھی۔ ان کا بس نہیں چل رہا تھا۔ ورنہ
گاڑی سے دھکا دے دیتیں۔

صاحب! آپ نے اس لڑکے کو پناہ دے کر اس کے دشمنوں سے دشمنی مول لی
سے رہا نہیں گیا۔ وہ بول پڑی۔ "کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کے ساتھ وہ آپ کو بھی قتل

میری موت ان بدمعاشوں کے ہاتھوں لکھی ہے تو میں اسے روک نہیں سکتا۔ لیکن میں کیا
ہیں کہ زندگی اور موت اوپر والے کے ہاتھ میں ہے مارنے والے سے بچانے والا بڑا
نے جواب دیا۔
اجنبی لڑکے کے پھڈے میں آپ نے دخل دے کر بڑی غلطی کی ہے۔" شاکر اعوان نے
اس لڑکے کا کہنا ہے کہ کچھ بدمعاش اس کے قتل کے درپے ہیں۔"

"بات دراصل یہ ہے کہ یہ لڑکا معصوم اور نوجوان ہے نجانے اس پر کیا افتا
غریب کئی دنوں کا بھوکا بھی ہے۔ اس کا لباس بتا رہا ہے کہ وہ ان بدمعاشوں سے
اور مارا مارا پھر رہا ہے۔ اس کی گفتگو سے یہ اندازہ ہو رہا ہے کہ وہ کسی اچھے
ہے۔" عقرب نے کہا۔

"آپ کیا اسے اپنے ساتھ لے جائیں گے......؟" عنایت نے دریافت کیا

"جی ہاں۔" عقرب نے سر ہلایا۔ "میں اس کی بپتا سننے کے بعد ضروری ہوا تو
جاؤں گا یا وہ اپنے گھر اور اپنے والدین کے پاس جانا چاہتا ہے تو اسے پہنچا دوں گا۔"

"آپ کو اسے گھر یا پولیس اسٹیشن لے جانے کی نوبت نہیں آئے گی۔ کیوں
میں جو بدمعاش ہیں وہ آپ کو اور اسے پلیٹ فارم پر ہی گولی مار کر ختم کر دیں گے"
لہجے میں کہا۔

"یہ لڑکا نہیں بلکہ مجھے سانپ کا بچہ سنپولیا لگتا ہے۔" شازیہ نفرت بھرے لہجے میں

دفعتاً باتھ روم کا دروازہ کھلا تو سب کی نگاہیں دروازے کی جانب اٹھ گئیں۔
ملبوس نمودار ہوا۔ وہ اس وقت بہت خوبصورت، پیارا اور معصوم سا لگ رہا تھا۔ نہانے
سے اس کی شخصیت یکسر بدل گئی تھی۔ اگلے لمحے سبھی چونک پڑے اور ان کے جسم
۔اس لڑکے کے ہاتھ میں ایک خوفناک ریوالور تھا جس کی نال ان کی طرف اٹھی ہوئی تھی
کے فرشتے کی طرح گھور رہی تھی۔

"آپ نے جو احسان کیا یہ اس کا سرپرائز ہے مسٹر عقرب!......؟" شازیہ
میں کہا۔

"گولی نہیں چلانا......" شہزادی نے دہشت زدہ لہجے میں کہا۔ اس کا چہرہ سفید پڑ

"عقرب صاحب......" شاکر اعوان نے کہا۔ "آپ اس لڑکے کے ہاتھ سے ریوالور

"ہاں......ہاں......" شازیہ نے پھنسی پھنسی آواز میں کہا۔ "ورنہ یہ ہم سب کو گولی
ہماری رقم لے کر بھاگ جائے گا۔"

"آپ لوگوں کو اپنی رقم اور زیورات پیارے ہیں یا جان پیاری ہے؟" عقرب
اطمینان بھرے لہجے میں کہا۔

"دونوں ہی......" شہزادی کی حالت غیر ہو رہی تھی۔ "میں نہ کہتی تھی کہ یہ لڑکا
ہے۔"

"آپ کو دونوں میں سے ایک چیز کا انتخاب کرنا ہوگا۔" عقرب مسکرایا۔ "جان یا مال

"ہمیں......اپنی جان پیاری ہے۔ مال نہیں چاہیے۔" شازیہ فوراً بول اٹھی۔

"کیا......کیا......تم اپنا سارا مال دے دوگی......؟" حیرت اور خوف زدہ لہجے میں شہزادی

"اس کے سوا چارہ نہیں ہے...... مال کا کیا ہے۔ ہم زندہ رہیں تو پھر آ جائے گا۔"



اب دیا۔

یہ ٹھیک کہہ رہی ہیں......" عقرب نے کہا۔ "اس لڑکے کو اپنی اپنی رقم اور زیورات دے کر
جائیں......"

ہے......ٹھیک ہے......" شازیہ نے سر ہلایا۔ "میں اپنی رقم اور زیورات دیے دیتی ہوں۔
سے کہیں کہ مجھے گولی نہ مارے...... مجھے اپنی جان عزیز ہے۔ میں زندہ رہنا چاہتی ہوں۔"

کیا ہم میں سے کوئی اس لڑکے کو قابو نہیں کر سکتا......؟" شہزادی نے مردہ لہجے میں کہا۔ "کتنے
لوگ ہیں۔"

بات یہ ہے محترمہ! اس کے ہاتھ میں ریوالور ہے۔ ہر ایک کو اپنی جان پیاری ہے۔ کس میں اتنی
وہ اپنی جان کے بدلے خطرہ مول لے۔ جسے اپنی جان پیاری نہیں ہے۔ وہ آگے بڑھے۔"
کہا۔

آپ سب مل کر اس بدمعاش پر پل پڑیں۔ اسے قابو کر لیں۔" شہزادی نے مشورہ دیا۔

شاباش......" عقرب نے طنزیہ لہجے میں کہا۔ "چوں کہ آپ کو اپنی رقم اور زیورات پیارے ہیں
مشورہ دے رہی ہیں۔ خود غرضی کی بھی حد ہوتی ہے۔ آپ کو اپنی جان پیاری ہے۔ دوسروں کی
"

نہیں پتہ تھا کہ آپ اس قدر بزدل اور ڈرپوک ہیں۔" شہزادی تپے ہوئے لہجے میں بولی۔
کریں کہ آپ ہی عظیم قربانی اور ایثار سے کام لیں۔ آپ کی یہ قربانی رائیگاں نہیں جائے
میں سنہرے حرفوں سے لکھی جائے گی۔ آپ کی ایک قربانی سے ہم سب کا مال اور جان محفوظ
عقرب نے کہا۔

نہیں......نہیں......" شہزادی نے سہمے ہوئے انداز سے کہا۔ "میں کیوں اپنی جان قربان
کیا میری جان مفت کی ہے۔"

یہی بات میں بھی عرض کر رہا ہوں کہ کسی کی جان مفت کی نہیں ہے جو قربان کر دے۔" عقرب

ذلیل......کمینہ کہاں سے آ گیا۔ یہ آپ کی مہربانی کا نتیجہ ہے۔ آپ ہی ہماری جانیں اور مال
شہزادی نے کہا۔

اس شریف اور معصوم لڑکے کو ذلیل اور کمینہ مت کہیں۔" عقرب نے تیزی سے کہا۔

یہ ہم سب کو ریوالور کا نشانہ بنائے ہوئے کھڑا ہے اور ہم اسے کیا فرشتہ کہیں۔" شہزادی تنگ کر

کیا اس لڑکے نے اپنی زبان سے کچھ کہا ہے......؟ کوئی دھمکی دی ہے؟ کیا اس نے کچھ طلب کیا
عقرب نے پوچھا۔

نہیں......لیکن یہ ریوالور لیے کھڑا ہے......" شازیہ بولی۔ "آخر اس کا مطلب کیا ہے؟"

"یہ آپ سب لوگوں کی احمقانہ باتیں سن رہا ہے۔ غریب دل میں حیران اور پ... آپ لوگ اس کے خلاف کیوں ہو رہے ہیں۔ اسے گالیاں کیوں دی جا رہی ہیں؟" اس... عقرب نے کہا۔

"آخر آپ اس کی اس قدر حمایت کیوں کر رہے ہیں؟" شاکر اعوان نے کہا۔

"صرف اس لیے کہ اس کے ایسے کوئی ارادے نہیں ہیں۔ جو آپ لوگ سمجھ ر... نے کہا۔

"میں کہتا ہوں تم ریوالور پھینک دو......" آغا قزلباش نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔

"آپ لوگ خوف زدہ اور ہراساں نہ ہوں۔" عقرب نے دلاسا دیا۔

"تو کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ ہم اس کے سامنے قطار بنا کر کھڑے ہو جائیں تا... ہمیں ختم کر دے۔" شازیہ تنک کر بولی۔ "خدا کے لیے اس لڑکے کو سمجھائیں یا... کریں۔"

"مجھے اندازہ نہ تھا کہ آپ لوگ اس قدر بزدل اور ڈرپوک واقع ہوئے ہیں۔"... ہوئے کہا۔ پھر وہ لڑکے کی طرف دیکھتے ہوئے بولا۔ "ادھر آؤ۔"

لڑکا ریوالور لیے عقرب کی طرف بڑھا تو سب حیرت، خوف اور سکتے کی سی حالت... دیکھنے لگے۔ لڑکا عقرب کے سامنے پہنچ کر حیرت سے پوچھنے لگا۔ "یہ لوگ میرے بار... کی باتیں کیوں کر رہے ہیں؟"

"دراصل ان لوگوں کو تمہارے ہاتھ میں ریوالور دیکھ کر تمہارے بارے میں غلط فہمی... عقرب نے کہا۔

"میں نے کیا کیا......؟" لڑکے نے حیرت سے کہا۔ "میں نے کسی پر گولی تو نہیں چلائی..."

"اچھا یہ ریوالور مجھے دے دو......؟" عقرب نے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ فوراً... ریوالور لے لیا۔

پھر اس سے پوچھا۔ "یہ ریوالور تمہارے پاس کہاں سے آیا؟ تمہیں کس نے دیا یا تم نے..."

"یہ ریوالور اس لباس میں رکھا ہوا تھا۔" لڑکے نے جواب دیا۔ "شاپنگ بیگ میں... اس میں چھپا ہوا تھا۔"

"ہاں...... ہاں...... یہ میرا ریوالور ہے۔" عنایت نے کہا۔ "میں نے اسے... شاپنگ بیگ میں چھپا کر رکھا تھا۔ میرے پاس اس کا لائسنس بھی ہے۔ پلیز! میرا ریوالور... دیں۔"

عقرب نے عنایت کی طرف ریوالور بڑھا دیا۔ عنایت نے ریوالور لے کے سوٹ کیس... تو سب کی جان میں جان آئی۔

"میں تو سمجھی تھی کہ آج نہ صرف میری رقم اور زیورات بلکہ میری جان بھی گئی۔" شہز...



...ہوئی بولی۔

...ندگی اور موت کا کیا بھروسہ......؟" عنایت نے فلسفیانہ لہجے میں کہا۔ "یہ جان عزیز کسی پل بھی..."

...اس لڑکے کے ہاتھ میں ریوالور دیکھ کر کس قدر دہشت اور سنسنی پھیل گئی تھی۔" آغا قزلباش نے کہا۔

☆......☆......☆

...ی چالیس منٹ کے بعد کینٹ اسٹیشن پر گاڑی رکی تو سب ایک ایک کر کے اتر گئے۔ شہزادی اور ...سہما اور اخلاقاً بھی عقرب کا شکریہ ادا نہیں کیا۔ اس لڑکے کو حقارت بھری نظروں سے کراچی ...دیکھتی رہی تھیں۔ جب کمپارٹمنٹ خالی ہو گیا تب عقرب نے لڑکے سے کہا۔ "تم نے اپنا نام..."

"...میرا نام فیروز ہے۔" لڑکے نے کہا۔ "چلو...... نیچے اترو۔ ہم چلتے ہیں۔"

...نے پلیٹ فارم کی طرف خوف زدہ نظروں سے دیکھا۔ "عقرب صاحب! مجھے ڈر لگ رہا..."

...رو نہیں۔" عقرب نے اس کا حوصلہ بڑھایا۔ "میں تمہارے ساتھ ہوں۔ ان میں سے کسی کی ...ہے کہ میرے ہوتے ہوئے تمہیں ہاتھ لگائیں۔ تمہارا بال بھی بیکا کر سکیں۔ میرے ساتھ چلو آؤ۔"

...ب نے ایک ہاتھ سے اپنا اٹیچی اور فلاسک سنبھالا۔ دوسرے ہاتھ سے وہ فیروز کا ہاتھ پکڑے ...فارم پر اتر گیا۔

...قت پلیٹ فارم پر مسافروں کا رش خاصا کم ہو گیا تھا۔ فیروز سہما ہوا سا تھا۔ ادھر ادھر خوف زدہ ...دیکھتا ہوا چل رہا تھا۔ چند قدم چلنے کے بعد یک لخت رک گیا۔ پھر وہ عقرب کے پیچھے چلنے لگا۔

...ہوا فیروز......؟" عقرب نے گھوم کر اس سے پوچھا۔ "تم میرے پیچھے چھپ کیوں رہے..."

...سامنے دیکھیں۔" فیروز نے خوف زدہ لہجے میں جواب دیا۔ "ان بدمعاشوں نے مجھے دیکھ لیا ...طرف آ رہے ہیں۔ اب آپ سے زبردستی چھین کر لے جائیں گے۔ وہ مجھے چھوڑیں گے..."

...کر نہ کرو...... ڈرو نہیں...... میرے ساتھ چلو۔" عقرب نے اسے دلاسا دیا۔

...ب نے اس سمت دیکھا جس سمت فیروز نے اشارہ کیا تھا۔ کسی قدر فاصلے پر پانچ بدمعاش ...ے تھے۔ وہ اپنی وضع قطع اور چہروں، مہروں سے خطرناک اور پیشہ ور مجرموں کی طرح دکھائی ...ے۔ ان کے چہرے پر سفاکی اور آنکھوں سے درندگی جھانک رہی تھی۔ جیسے ہی ان کی نظریں ...وہ چونک اٹھے اور ان کے چہرے حیرت اور خوشی سے دمک اٹھے۔ ان میں سے ایک نے ...فیروز......!" پھر وہ بجلی کی سی سرعت سے عقرب اور فیروز کی طرف اس طرح لپکے جس طرح ...تے ہیں۔

جب فیروز نے ان بدمعاشوں کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا تو اس کے اوسان
اس کا دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔ اس کے سینے میں ایسی دھک دھک ہونے لگی کہ اس
میں پسینے چھوٹ گئے۔ اس کے لیے ایک قدم بھی چلنا دوبھر ہو رہا تھا۔ عقرب نے اس
پکڑا ہوا نہ ہوتا تو وہ کب کا ہاتھ چھڑا کر بھاگ چکا ہوتا۔ وہ بے جان قدموں اور عقرب
ہوئے سوچنے لگا کہیں ایسا تو نہیں کہ عقرب بھی ان بدمعاشوں کے ساتھیوں میں
کس لیے ان کی طرف بڑھ رہا ہے۔ کیا وہ اکیلا پانچ بدمعاشوں سے لڑ سکے گا۔ یہ بدمعا
کے پاس نہ صرف خنجر بلکہ ریوالور بھی ہیں۔

ان بدمعاشوں نے قریب پہنچ کر ان دونوں کو نرغے میں لے لیا۔ ان میں سے
جوان کا سرغنہ معلوم ہوتا تھا تحکمانہ لہجے میں کہا۔ ''رک جاؤ......''

اگلے لمحے ان درندوں نے چونک کر فیروز کی طرف دیکھا۔ ان کی آنکھیں پھیل
دوسرے کو حیرت سے دیکھنے لگے۔ ان میں سے ایک نے اپنے ساتھیوں سے کہا۔ ''یہ

''اوجی...... معاف کر دیں۔'' سرغنہ نے جواب دیا۔ ''دراصل ہمیں ایک لڑکے
سے ہمیں یہ لڑکی اس لڑکے کی طرح دکھائی دی...... ہمیں دھوکا ہوا۔ غلط فہمی ہو گئی تھی۔''

عقرب نے غصے سے کہا۔ ''آپ لوگوں کو لڑکے اور لڑکی میں کوئی تمیز نہیں ہے۔
دیکھ کر بھی آپ لوگ اسے لڑکا سمجھے۔ حیرت کی بات ہے۔ آپ لوگ اپنی آنکھوں کا معا

فیروز نے چونک کر اپنے آپ کو دیکھا تو اسے جیسے اپنی نظروں پر یقین نہیں آیا۔
وہ ایک نوجوان لڑکی کے بہروپ میں تھا۔ اس کا لباس بھی لڑکیوں جیسا تھا۔ نہ صرف اس
سونے کی چوڑیاں تھیں بلکہ گلے میں سونے کا ایک جڑاؤ لاکٹ جگ مگا رہا تھا۔ اپنے کا
ٹاپس بھی محسوس کیے۔

''یہ لوگ کیا چاہتے ہیں......؟ یہ کون لوگ ہیں......؟'' فیروز نے کہا تو اسے اپنی
رسیلی محسوس ہوئی۔ وہ دل میں حیران ہو رہا تھا کہ آخر یہ سب کیا ہے؟ وہ ایک دم لڑکے
گیا؟ اس کی جنس ہی نہیں آواز اور کپڑے بھی بدل گئے۔ سونے کے زیورات بھی وہ

عقرب اسے لے کر تیزی سے آگے بڑھا۔ وہ بدمعاش پھر تیزی سے بیرونی در
لپکے۔ وہ دل میں حیران تھے کہ دور سے وہ لڑکی فیروز کی طرح کیوں نظر آئی......؟ قر
کیسے نکلی۔ ان کی نگاہیں اتنا بڑا دھوکہ کیسے اور کیوں کر کھا گئیں......؟ یہ فیروز...... خنزیر کا

بیرونی گیٹ پر باہر نکلنے کے لیے مسافروں اور قلیوں میں ایک دھکم پیل سی ہو
فیروز کو بغیر ٹکٹ کے باہر نکال لایا۔ فیروز نے باہر آ کر اپنے آپ کو دیکھا تو اسے جیسے
وہ لڑکی نہیں لڑکا تھا۔ اس لمحے وہ اپنی اصلی حالت میں موجود تھا۔ اس کا دماغ چکرا کر رہ
سمجھ میں نہیں آیا۔

''عقرب صاحب!'' فیروز نے تحیر زدہ لہجے میں کہا۔ ''یہ میرے ساتھ کیا چکر



بھی لڑکا بن رہا ہوں؟''

کوئی چکر وکر نہیں ہے۔'' عقرب نے مسکراتے ہوئے کہا۔ ''اسے ہپناٹائز کرنا کہتے ہیں۔ میں
اور تمہیں ہپناٹائز کر دیا تھا۔ جس سے وہ اور تم بھی اپنے آپ کو لڑکی سمجھنے لگے۔ یہ تھوڑی دیر کا
پھر تم سابقہ حالت میں اپنے آپ کو محسوس کرنے لگے۔ لہٰذا اس کے بارے میں سوچنے کی کوئی
نہیں...... میں نے تم سے وعدہ کیا تھا کہ تمہیں دشمنوں سے بچاؤں گا۔ سو میں نے بچا لیا۔ اب
تمہیں ڈرنے، ہراساں اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔''

عقرب چوں کہ اسے اپنے جادو وغیرہ کے بارے میں بتانا نہیں چاہتا تھا۔ اس لیے ہپناٹزم کے علم
میں بتا کر اسے کسی قدر مطمئن کر دیا تھا۔ فیروز کچھ سمجھا کچھ نہیں سمجھا۔ لیکن دل میں وہ اس
خوش تھا کہ عقرب کے علم و عمل کی وجہ سے وہ دشمنوں کے ہتھے چڑھنے سے بچ گیا۔

☆......☆......☆

شازیہ اور شہزادی کو لینے کے لیے آنٹی آئی ہوئی تھی۔ شان دار قسم کی نئی گاڑی اسٹیشن کے باہر
۔ وہ دونوں آنٹی کے ہاں رہتی تھیں۔ آنٹی ایک طرف ان دونوں کی سرپرست تھی تو پرائیوٹ
بھی تھی۔ کالی راتوں کے سودے اسی کے توسط سے ہوتے تھے۔ اس کے غیر معمولی انتہائی شان
لگژری اپارٹمنٹ میں حسن پرستوں کی دل بستگی کا پورا سامان موجود تھا۔ وی آئی پی یہاں اپنا
اور ان کے جدید ترین رقص جو امریکہ کے نائٹ کلبوں کو بھی شرما دیتے تھے۔ اور جو مجرا کے
کیے جاتے تھے۔ دیکھنے کے لیے آتے تھے۔ آنٹی ان دونوں سے دس فیصد ان کی ہر آمدنی پر
بڑی بااثر، طاقت ور اور بارسوخ بھی تھی۔ شازیہ اور شہزادی کے علاوہ دو نگینے اور بھی اس
میں تھے۔

میں آنٹی نے پوچھا۔ ''بچیو! ریل گاڑی کا سفر کیسا رہا......؟ تم دونوں نے بہت انجوائے کیا

کیا بتاؤں آنٹی......'' شازیہ کے چہرے کا رنگ اڑ گیا۔ اس کے جسم پر جھرجھری سی آ گئی۔ یہ سفر
تھا۔ وہ عقرب نامی ہم سفر نہ ہوتا تو ہم دونوں مفت میں لٹ چکی ہوتیں......''
مطلب......؟'' آنٹی نے سڑک پر سے نظریں ہٹا کر اس کی طرف دیکھا۔
آپ کو بتاتی ہوں کہ سفر کے دوران ہمارے ساتھ کیا ایڈونچر ہوا......'' شہزادی بولی۔
شہزادی نے قدرے تفصیل سے سارا واقعہ سنا دیا۔ آنٹی بھونچکی ہو گئی۔ ''لیکن تمہارے اور
میں اتنی ساری باتیں کیسے اور کیوں کر ان حرام زادوں کو معلوم ہو گئیں۔''
ہم نہیں جانتی ہیں۔'' شازیہ بولی۔ ''سر سے بلا ٹلی...... یہ سب کچھ کسی ڈراؤنے خواب کی

دونوں نے سفر کے دوران دو شکار کیے۔ پانچ پانچ ہزار روپے میں...... انہوں نے رقم تو نہیں
کل شام آئیں گے۔ وہ دونوں وی آئی پی ہیں۔ کروڑپتی ہیں۔ ایسے شکار نصیب سے ملتے

ہیں۔"

"لاہور میں کیا رہا......؟ ان دو نائٹوں میں تم نے کتنا کمایا؟" آنٹی نے تجسس سے

"ہم دونوں سات سات لاکھ کی رقم کے علاوہ دو دو لاکھ کے سونے کے زیورات بھی

بار کا ٹرپ بہت ہی اچھا رہا۔" شازیہ نے کہا۔ "اگر ہمیں دوبارہ موقع ملا تو ہم بارہ بارہ لاکھ بھی

"سفر کے آخری دو تین گھنٹے بہت ہی بے کیف اور بے مزہ گزرے......" شہزادی

مزدور لڑکا جو شاید پشاور سے آ رہا تھا۔ ہمارے کمپارٹمنٹ میں گھس گیا۔ معلوم نہیں عقرب

کیوں دل آ گیا۔ اس لڑکے کے خلاف ہم دونوں کے دلوں میں جو نفرت اور حقارت پیدا

نہیں اس لڑکے کا کیا حشر ہوا۔"

اپارٹمنٹ میں پہنچنے کے بعد ایک بیڈ روم میں بستر پر دونوں نے اپنی اٹیچی کھولی

زیوارت نکال کر اس میں سے آنٹی کا حصہ دے کر باقی مال اپنی اپنی تجوریوں میں رکھ لیں

نے اٹیچی کی تہہ دیکھی۔ کپڑے نکال کر دیکھے۔ رقم اور زیورات کے لفافے غائب تھے۔

تلے سے زمین نکل گئی۔ وہ غش کھا گئی...... "کہاں گئی میری رقم......؟ میں نے خود اپنے ہاتھ

کی تہہ میں رکھی تھی......" شہزادی کے منہ سے آواز نہیں نکل رہی تھی۔

"کہیں ایسا تو نہیں کہ تم دونوں گہری نیند سو رہی ہو اور کسی نے اپنے ہاتھ کی صفائی

آنٹی نے خیال ظاہر کیا۔

"ہم دونوں تو ساری رات ایک پل کے لیے بھی نہیں سوئی تھیں۔" شازیہ نے کہا۔

"لیکن تم نے گاڑی میں مجھے بتایا تھا کہ تم دونوں سو رہی تھیں کہ بد معاشوں نے تم

من مانیاں کی تھیں؟"

"رات بارہ بجے کچھ دیر کے لیے آنکھ لگی تھی۔ ہم دونوں بمشکل بیس، پچیس منٹ

ان بد معاشوں کی دست درازیوں نے بیدار کر دیا۔ ہم اپنے ہم سفروں پر شک نہیں کر سکتے

نہیں تھے۔ وہ سب کے سب نفیس اور دولت مند اور اعلیٰ طبقے سے تعلق رکھتے تھے۔ اور پھر

عام قسم کے لوگ سفر نہیں کر سکتے ہیں۔"

"میں یہ تھوڑی کہہ رہی ہوں کہ سب ہی نے مل کر یہ حرکت کی ہو گی۔ ان میں سے

" آنٹی کہنے لگی۔ "دولت کا لالچ آدمی کو کیا کچھ کرنے پر مجبور نہیں کرتا ہے۔ کر سکتا ہے

آپ ہی کو لے لو۔ تم لوگ جو نجی محفلوں میں جس قسم کے رقص وغیرہ کرتی ہو۔ تم دونوں

بھی ہوتا ہے کیا وہ عام قسم کی ماڈل گرل کر سکتی ہے۔ ہرگز نہیں۔ تم یہ سب کچھ دولت

جب کہ تم دونوں معروف ماڈل ہو۔ کمرشل کی بھی کوئی کمی نہیں ہے۔ دولت کے حصول

میں آج ہر شخص ایک دوسرے کو لوٹ کر اپنی جیب بھرنے کے چکر میں لگا ہوا ہے کسی کے

دولت مند ہونے پر مت جاؤ۔"

"آنٹی! یہ ناممکن ہے کہ کوئی ہمارے اٹیچی کیسوں میں سے رقم نکال لے؟" شاز



تم یہ کہہ رہی ہو کہ یہ ناممکن سی بات ہے؟ چوری کرنا ناممکن کیسے ہو سکتا ہے؟" آنٹی نے تیز

کہا۔

آپ ہمارے اٹیچی کیس دیکھ رہی ہیں......؟" شازیہ کہنے لگی۔ "کس قدر مضبوط ہیں۔ غیر ملکی

کوئی چاقو چھری یا تیز دھار والے آلے سے بھی کاٹ نہیں سکتا۔ اسے بغیر کوڈ نمبر کے کھول بھی

ہے۔ شہزادی کے اٹیچی کیس کو کسی نے ہاتھ نہیں لگایا ہے۔ وہ بالکل صحیح سلامت ہے۔ شہزادی نے

سامنے ابھی تو اس کا کوڈ نمبر سیٹ کر کے کھولا ہے۔"

اس صورت میں پھر رقم اور زیوارت کہاں گئے......؟ کہیں ہوٹل میں تو نہیں بھول گئیں؟"

نہیں آنٹی! میں نے اور شازیہ نے رقم اور زیورات لاکرز میں رکھے تھے۔ ہوٹل کے لاکرز

نکلی سے آدھا گھنٹہ پہلے ہم دونوں لاکرز سے رقم اور زیورات نکال کر لائی تھیں۔ پھر ہم ایک

لیے اپنا سامان چھوڑ کر کہیں ہٹی تھیں۔" شہزادی بولی۔

کہیں ایسا تو نہیں کہ تم نے اپنی رقم اور زیورات بھولے سے یا کسی خیال سے شازیہ کی اٹیچی میں

لیا۔" آنٹی نے کہا۔

ہاں۔" شہزادی نے کہا۔ "ہم نے اپنی اپنی رقم اور زیورات اپنے اپنے اٹیچی میں رکھے تھے۔"

نے کوڈ نمبر سیٹ کر کے اپنی اٹیچی کھولی۔ چند لمحوں کے بعد اس نے اپنی اٹیچی بستر الٹ دی۔ اس

تو شہزادی کی رقم اور زیوارت کے لفافے تھے اور نہ اس کے...... اٹیچی ان کا منہ چڑا رہی تھی۔

☆......☆......☆

فیروز کو اپنے ہمراہ ہوٹل لے آیا۔ اس نے سب سے پہلے کھانا منگوایا۔ کیوں کہ فیروز کا

حال تھا۔ دونوں نے مل کر کھانا کھایا۔ فیروز بہت خوش تھا۔ عقرب نے کھانے سے فراغت

کہا۔ "اب تم مجھے اپنی کہانی سناؤ۔"

آپ کو نام بتا چکا ہوں۔" فیروز کہنے لگا۔ "دو سال پیشتر میرے والد ایک بیماری میں مبتلا

بے پرواہی سے موت کے منہ میں چلے گئے۔ ایک برس تک گھر کسی نہ کسی طرح چلتا رہا۔

جو پس انداز کیا ہوا تھا اور اس کمپنی نے جس میں میرے والد ملازمت کرتے تھے پچیس

دی تھی۔ میں آپ کو بتا دوں کہ میری ایک بڑی بہن ہے۔ وہ مجھ سے دو برس بڑی ہے۔

اپنا بھائی ہے۔ وہ دو برس چھوٹا ہے۔ سب سے چھوٹی بہن جو ہے وہ چار برس چھوٹی ہے۔

ت کے بعد رشتہ داروں نے نہ صرف ملنا جلنا بند کر دیا۔ بلکہ ایک طرح سے منہ پھیر لیا۔

دیا میں اکیلا چھوڑ دیا میری آپا کی منگنی ہو چکی تھی۔ مگر والد کی موت کے بعد منگنی ٹوٹ گئی۔

لیے کا امی کو اس قدر صدمہ ہوا کہ وہ بیمار ہو گئیں۔ تین ماہ تک وہ بیمار رہیں۔ ان کے علاج

رقم اٹھ گئی۔ کوئی ایک برس کے بعد پریشانیوں کا آغاز ہو گیا۔ نوبت فاقوں تک پہنچ گئی۔

قرض دینے کا روادار نہ تھا۔ میرا اور میری چھوٹی بہن کا نام اسکول سے کب کا کٹ

اور محلے والوں نے بھی ملنا جلنا اور بات کرنا بند کر دیا کہ کہیں ہم ان سے مالی مدد نہ مانگنا

شروع کردیں۔ جس دکان دار سے سودا سلف لیتے تھے اس نے نہ صرف تقاضا شروع کر
دیا بھی شروع کردیں۔ بجلی اور گیس کے بل نہ دینے کے سبب بجلی اور گیس بھی کاٹ
صورت بڑی تشویش ناک اور پریشان کن تھی۔ ابو کے ایک دیرینہ دوست جن کی خود مالی
نہیں تھی۔ ایک روز وہ امی کے ہاتھ پر دو سو روپے رکھ گئے۔ اس سے کیا ہوتا۔ یہ دو سو رو
چلتے۔

ایک روز رات کے وقت ہم سب جاگ رہے تھے۔ امی نے رو رو کر برا حال کر
بہت غمگین تھیں۔ امی نے مجھ سے اور آپا سے کہا۔ ''ایسا کب تک سلسلہ چلتا رہے گا۔ میر
کا ایک حل ہے۔''

''وہ کیا امی......؟'' آپا نے بجھے ہوئے لہجے میں تجسس سے پوچھا۔

''میں سوچ رہی ہوں کہ کسی دوسرے بڑے محلے میں جا کر کیوں نہ ماسی کا کام تلا
نے جواب دیا۔ ''آج کل اس کام کی بڑی مانگ ہے۔ تنخواہ ہی اچھی مل جاتی ہے۔
بچا کھچا کھانا بھی مل جاتا ہے۔ اس طرح فاقوں سے تو نجات مل جائے گی۔''

''آپ ماسی کا کام کریں گی......؟'' آپا نے چونک کر دل گرفتہ لہجے میں کہا۔
نہیں......''

''بیٹی...... اس میں حرج بھی کیا ہے۔'' امی نے سمجھانے کی کوشش کی۔ ''کسی
پھیلانے قرض مانگنے سے بہتر ہے کہ محنت مزدوری کر کے پیٹ بھرا جائے۔ اس میں
ہے۔ ذلت اور شرم کی بات کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا ہے۔ چوری کرنا اور قرض لینا ہے۔
سوا چارہ بھی تو نہیں رہا ہے اب......''

''لیکن امی! آپ نے یہ بھی سوچا ہے کہ محلے والے، پڑوسی اور رشتہ دار کیا کہیں

''یہ کہنے والے کون ہوتے ہیں......؟ کیا یہ ہماری مصیبت میں کام آئے......!
دو...... مجھے ان کی کوئی پرواہ نہیں...... میں عزت سے روٹی کمانے جاؤں گی۔ محنت مز
کام ہے۔''

''لیکن امی...... یہ تو ٹھیک ہے کہ یہ عزت کی روزی ہے۔ لیکن ہمارے معاشر
ذہنیت کو آپ اچھی طرح جانتی ہیں...... امریکہ اور یورپ میں ہر وہ کام جو جائز ہو
سے دیکھا جاتا ہے لیکن ہمارے ہاں نہیں۔ دنیا والے طعنے دے دے کر ہم سب کا
گے۔''

''تمہیں پریشان اور فکر مند ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔'' امی نے دلاسا دیا۔ ''
علاقے میں جا کر کسی ایک بڑے گھر میں ملازمت کر دوں گی۔ برقع میں جاؤں گی۔ کسی
کسی کو بتانے کی ضرورت ہے۔ اگر کوئی یہ پوچھے کہ تمہاری ماں سویرے سویرے کہاں
دینا کہ ایک کلینک میں نرس کا کام مل گیا ہے۔ اس طرح ان سب کی زبانیں بند ہو جا



پھرتے پھریں ہماری بلا سے، ہم ان کا تھوڑی کھاتے ہیں۔''

''امی...... امی......!'' آپا یک لخت چونک کر مسرت بھرے لہجے میں بولیں۔ ''آپ اجازت
ملازمت تلاش کر لوں۔ آپ کو کہیں جا کر ماسی کا کام کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔''

''تم ملازمت کرو گی......؟'' امی نے حیرت سے آپا کی شکل دیکھی۔ ''کون سی ملازمت کرو گی؟''

''ہاں...... امی! میں ملازمت کروں گی۔'' آپا کہنے لگی۔ ''میں نے جو بی اے تک تعلیم حاصل کی
آخر وہ کس لیے اور کس دن کے لیے ہے؟ آج کل کتنی ساری لڑکیاں اور شادی شدہ عورتیں
رہی ہیں۔''

''تمہارے پاس تعلیم تو ہے لیکن تجربہ نہیں ہے۔ تمہیں نوکری کون دے گا۔ میری بچی!''

''یہ کوئی ضروری نہیں کہ صرف تجربے کی بنیاد پر ملازمت ملے۔ تعلیم کی بنیاد پر بھی ملازمت مل جاتی
ہے کے پاس تجربہ نہیں ہوتا...... کہیں نہ کہیں ملازمت مل جائے گی۔ دو ایک مہینے دھکے کھاتا ہوں
اس کی نوبت نہ آئے۔''

''جو دو سو روپے ملے ہیں یہ دو ہفتے بھی نہیں چلیں گے۔ بیٹی! تم دو مہینوں کی بات کر رہی ہو......
اگر نوکری نہیں ملی تو کیا ہوگا۔ اس وقت تک تو ہم سب فاقوں سے مر جائیں گے۔'' امی نے
لہجے میں کہا۔

''امی میرے ذہن میں ایک تجویز ہے۔ آپ برا نہ مانیں تو کہوں......؟'' آپا نے کہا۔

''کہو......'' امی نے آپا کی طرف حیرت سے دیکھتے ہوئے کہا۔ ''کیا تجویز ہے تمہارے
؟''

''میری شادی تو اب ہونے والی نہیں ہے۔ کیوں کہ میری منگنی ٹوٹ چکی ہے......'' آپا نے نظریں
آپ۔ یہ ابو نے میرے لیے سونے کی چوڑیاں اور ایک ہار بنایا ہوا ہے۔ آپ وہ چوڑیاں بیچ
دیں اتنی رقم آجائے گی کہ گیس اور بجلی کے بل بھی ادا ہو جائیں گے۔ دکان دار کا قرض بھی ادا
پھر اتنی رقم بچ جائے گی کہ دو تین مہینے گزارہ ہو جائے گا۔ اللہ نے چاہا تو اس عرصے میں مجھے
جائے گی۔ ہمارے دن پھر جائیں گے۔''

''چوڑیاں اور ہار تمہارے شادی کے لیے ہیں۔ میں انہیں بیچ دوں؟ ہرگز نہیں۔'' امی نے
کہا۔

''میں ملازمت کرنے لگوں گی تب رقم بچا کر چوڑیاں بنالوں گی۔ چوڑیوں کا کیا ہے۔ وہ پھر
جائیں گی۔ اس کے سوا چارہ نہیں ہے۔ امی! میں آپ کو کسی قیمت پر ماسی کا کام کرنے نہیں دوں
امی کو سمجھایا۔

سمجھ میں آپا کی بات آگئی۔ وہ بادل نخواستہ چوڑیاں بیچنے پر راضی ہو گئیں۔ دوسرے دن میں
بیچنے کے لیے صرافہ بازار کی طرف گئے۔ چوڑیاں امی نے میرے پاس رکھوائیں، ہم
بیچے۔ وہ چوڑیاں بائیس ہزار روپے کی تھیں۔ دو ایک دکان داروں نے بارہ تیرہ ہزار کی

قیمت لگائی۔ امی چاہتی تھیں کہ سولہ ہزار روپے تو ملیں۔ ہم ایک اور دکان کی طرف
اچانک فضا میں گولیوں کی تڑتڑاہٹ گونجنے لگی۔ پھر کیا صرافہ مارکیٹ میں ایک بھگد
بھگدڑ میں میں اور امی جدا ہو گئے۔ ڈاکوؤں نے ایک ڈاکہ مارا تھا جو مسلح تھے۔ اتفاق
آنکلی تو ڈاکوؤں اور پولیس والوں کا مقابلہ ہونے لگا۔ میرا منہ جدھر اٹھا۔ میں اس طرف
می کو تلاش کرنا ناممکن تھا۔ میں ایک سنسان گلی کی طرف آنکلا۔ میں نے ایک شخص کو
وئے دیکھا۔ یہ میرے محلے کا شخص تھا۔ اس کا نام شیرو تھا۔ اس کی محلے میں شہرت اچھی
تھا اور سود پر قرض دیتا تھا۔ اس نے مجھ سے باتوں باتوں میں معلوم کرلیا کہ میں کس
امی کے ساتھ آیا۔ اس نے میری جیب سے چوڑیاں اس طرح سے نکال لیں کہ
جب مجھے خبر ہوئی تو وہ نظروں سے اوجھل ہو چکا تھا۔ میں چیختا چلاتا اس کے پیچھے اس
بھاگ گیا تھا۔ چند قدم بھاگنے کے بعد میں ٹھوکر کھا کر گر پڑا۔ پھر مجھے دو بازوؤں نے
کھڑا کیا۔

میں نے اس شخص کو دیکھا۔ وہ چالیس برس کا ہوگا۔ وہ چہرے مہرے اور وضع قطع
ہی لگ رہا تھا۔ میں زمین پر گرنے سے زخمی ہو چکا تھا۔ میری پیشانی پر چوٹ آئی تھی۔
قریبی ریسٹورنٹ میں لے گیا۔ اس نے اپنے اور میرے لیے سموسے اور چائے منگوائی
پینے کے لیے دیا۔

جب میں پانی پی چکا تو اس نے مجھ سے پوچھا۔ ”یہ تم کس کے پیچھے بے تحاشا بھا
”شیرو کے پیچھے۔“ میں نے جواب دیا۔ ”وہ سونے کی چوڑیاں لے کر بھاگ گیا
ساتھ بیچنے آیا تھا۔“

”کیا اس نے چوڑیاں چھینی تھیں۔ یا تم نے اسے رکھنے یا بیچنے کے لیے دی تھیں؟“

”نہ اس نے چوڑیاں چھینی تھیں نہ میں نے اس کے پاس رکھوائی تھیں۔“ میں
اس نے میری جیب سے چوڑیاں اس طرح سے نکال لیں کہ مجھے پتا نہیں چلا۔ مجھے
اس کے پیچھے لپکا۔ بھاگتے بھاگتے ٹھوکر کھا کر گر گیا۔“

”اب وہ چوڑیاں گئیں سمجھو...... وہ تمہیں کسی قیمت پر نہیں مل سکتی ہیں۔“ اس نے
”وہ کیسے گئیں۔ میں امی اور مسجد کے مولوی صاحب کو لے کر اس کے پاس جاؤں گا
”تمہارے پاس اس بات کا کوئی ثبوت ہے کہ چوڑیاں اس نے تمہاری جیب
”کیا میری گواہی ثبوت نہیں ہے......؟ اس کے سوا کسی اور نے چوڑیاں میری
نکالیں۔“

”تمہاری بات اور گواہی کو کوئی بھی تسلیم نہیں کرے گا۔“ اس نے کہا۔ ”کیوں ا
تمہاری بات جھوٹ سمجھیں گے۔ اور پھر وہ ایک بدمعاش شخص ہے۔ تم نے یہ بھی بتایا ک
ہے۔ تمہاری اس حرکت سے وہ غصے میں آجائے گا۔ تمہارا جینا حرام کردے گا۔ تمہار



موش رہو اور صبر کر کے بیٹھ جاؤ۔“

نے جو کچھ کہا وہ میری سمجھ میں آگیا۔ اس کی باتیں غلط نہ تھیں۔ لیکن اس دکھ اور خیال سے میرا
ں بھر آئیں کہ اب ہمارے گھر کا گزارہ کیسے چلے گا۔ امی کیا کہیں گی۔ کیا وہ اتنا بڑا غم اور
ت کر سکیں گی۔ وہ بائیس ہزار روپے کی سونے کی چوڑیاں تھیں۔ ایک نئی افتاد ہمارے گھر پر

س نے میری آنکھوں میں آنسو دیکھ کر پوچھا۔ ”تم رو کیوں رہے ہو؟ کیا رونے سے
یں گی؟“

کے پوچھنے پر میں نے اپنی ساری بپتا سنائی جسے سن کر وہ بے حد متاثر ہوا۔ اس شخص نے مجھ
انداز سے میرے والد اور والدہ کا نام بھائی اور بہنوں کے نام، اس دفتر کا پتا جس میں
لازمت کرتے تھے پوچھا۔ پھر اس نے مجھے دلاسا دیا۔ ”تم فکرمند اور پریشان نہ ہو۔ سب
ئے گا۔ تم مجھے اپنے گھر لے چلو۔“

سے گھر لے کر پہنچا۔ گھر پہنچا تو دیکھا امی موجود ہیں۔ وہ میرے لیے نہ صرف پریشان تھیں
پر رو بھی رہی تھیں۔ مجھے دیکھ کر گلے سے لگالیا۔ انہوں نے مجھ سے چوڑیوں کے بارے
میں نے انہیں سارا واقعہ سنایا۔ امی سر پکڑ کر بیٹھ گئیں۔ آپا رونے لگیں۔ میں نے امی سے کہا
کے دوست مل گئے تھے۔ وہ میرے ساتھ آئے ہیں۔ آپ سے کچھ بات کرنا چاہتے ہیں۔
میں نے اس شخص کو نشست گاہ میں لاکر بٹھالیا۔ امی اس کے سامنے آئیں تو اس نے کہا۔
سال پیشتر اس دفتر میں ملازمت چھوڑ دی تھی۔ اب دوسرے دفتر میں کام کر رہا ہوں۔ میری
سے اتفاقی طور پر ملاقات ہوگئی۔ اس نے نہ صرف گھر کے تمام حالات سے آگاہ کیا بلکہ
بتایا کہ اس محلے کے بدمعاش شیرو نے آپ کے بیٹے کی جیب سے چوڑیاں اس طرح نکال
ای چل نہیں سکا۔“

م نہیں کیوں اللہ میاں ہم لوگوں سے اس قدر ناراض ہے کہ قدم قدم پر ہمارا امتحان لے
نے دل گرفتہ لہجے میں کہا۔ ”یہ چوڑیاں بہت قیمتی تھیں جو بہت ہی مجبوری میں اشد
کرنے کے لیے بیچنے کے لیے لے گئی تھی۔ اس سے بڑی بدنصیبی کیا ہوسکتی ہے کہ وہ چھن
لیس اسٹیشن جا کر اس بدمعاش کے خلاف رپورٹ درج کراتی ہوں۔“
ما اسٹیشن جا کر اس بدمعاش کے خلاف رپورٹ درج کرانے کی حماقت نہ کریں۔“ ذاکر

نہ جاؤں بھائی صاحب؟“ امی نے کہا۔ ”وہ حرام کا مال نہیں تھیں۔ میرے مرحوم شوہر
مائی میں سے پائی پائی جوڑ کر اسے بیٹی کی شادی کے لیے بنایا تھا۔ ہم غریب آدمی ہیں۔
نہیں سکتے ہیں۔“
لیے کہ پولیس آپ کی یا آپ کے بیٹے کی ایک نہ سنے گی۔ آپ ذرا صبر سے کام لیں۔

پولیس والوں کو ثبوت یا کوئی عینی گواہ چاہیے۔ پولیس اسٹیشن شریف لوگوں کے جانے کی
ایک دوست دوسرے علاقے میں پولیس انسپکٹر ہے۔ میں اس سے مل کر بات کرتا ہوں
شاید کوئی نتیجہ نکل آئے۔"

"ہم لوگ بہت پریشان ہیں بھائی! آپ کسی طرح سے کوشش کر کے
دلا دیں۔" امی نے کہا۔ "یہ آپ کا ہم پر بہت بڑا احسان ہوگا میں ہر نماز میں آپ
رہوں گی۔"

"چوڑیاں دو ایک دن میں مل جائیں گی۔" ذاکر خان نے کہا۔ "آپ اپنے
نہیں رکھوا دیتیں اس طرح آپ کے گھر کا خرچ چل جائے گا۔"

"میرے بیٹے کی عمر سولہ برس کی ہے۔ اسے کون ملازمت دے گا۔ یہ کوئی
ہے۔" امی بولیں۔

"میرے دفتر میں ایک جگہ خالی ہے۔ اسے پوسٹ آفس سے جا کر ڈاک لانا
بل جمع کرانا اور چائے وغیرہ کا کہہ کر آنا ہوگا۔ ماہانہ دو ہزار روپے مل جائیں گے۔
دفتر بھیج دیں بلکہ میں اسے آ کر لے جاؤں گا۔"

امی نے میری طرف تذبذب سے دیکھا جیسے وہ نیم رضامند ہوں اور مجھ سے
کیا تم تیار ہو۔

میں یہ سن کر بہت خوش ہوگیا کہ مجھے دو ہزار روپے کی تنخواہ کا کام مل رہا ہے۔ میں
بھر لی۔ "امی میں کل سے کام پر جاؤں گا۔ کام بھی بہت آسان ہے اور تنخواہ بھی اچھی
نا؟"

"میرا دل تو نہیں چاہتا لیکن تم تیار ہو تو میں کیا کہہ سکتی ہوں۔ میری طرف
ہے۔" امی نے جواب دیا۔

ذاکر خان نے اپنی جیب سے پانچ سو روپے نکال کر میری طرف بڑھائے۔ "
دو۔ یہ ایڈوانس ہے۔ تمہیں جب پہلی تنخواہ ملے گی تو اس میں سے پانچ سو روپے کاٹ
اگر مزید رقم کی ضرورت ہو تو پندرہ دن کے بعد دلا دوں گا۔"

ذاکر خان تھوڑی دیر بیٹھ کر چائے پی کر اور یہ کہہ کر چلا گیا وہ مجھے نو بجے لینے آ
رہوں۔ ایک طرف چوڑیاں جانے کا صدمہ تھا تو دوسری طرف نوکری ملنے کی خوشی
دلوں کو اس بات سے ڈھارس بندھی تھی کہ ذاکر خان اپنے دوست پولیس انسپکٹر کے ذ
چوڑیاں یا رقم دلوا دے گا اگر اس نے چوڑیاں بیچی نہ ہوئی ہوں۔

صبح نو بجے ذاکر خان مجھے لینے آیا تو میں تیار تھا۔ وہ مجھے اپنے ساتھ لے کر
اس نے ایک رکشہ لیا۔ جب رکشہ ایک گھر کے سامنے رکا تو اس نے مجھ سے کہا کہ دفتر
میں رکھا ہے لے کر چلتے ہیں۔ اس نے رکشہ والے کو کرایہ دے کر رخصت کیا۔ پھر تالا



کمرے میں جا کر بٹھایا جس میں ایک چارپائی اور دو کرسیاں تھیں۔ پھر اس نے مجھ سے کہا
ئے کی طلب ہو رہی ہے۔ چائے پی کر چلتے ہیں۔ وہ میرے اور اپنے لیے چائے بنا کر لے
پینے کے بعد پھر غنودگی سی چھا گئی اور میں گہری نیند میں ڈوب گیا۔ پھر مجھے کچھ پتا نہیں چلا۔
مجھے ہوش آیا تو میں اس کمرے میں نہ تھا۔ بلکہ ایک پہاڑی علاقے میں تھا۔ میں زمین پر لیٹا
ے ارد گرد چار مسلح شخص کھڑے ہوئے تھے یہ ان کی وضع قطع اور چہرے مہرے دیکھ کر میں
گیا۔ وہ مجھے ڈاکوؤں کی طرح دکھائی دیتے تھے۔ ذاکر خان ایک طرف کھڑا سگریٹ پی
ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھا۔

میں کہاں ہوں......؟ یہ لوگ کون ہیں؟" میں نے خوف زدہ لہجے میں ذاکر سے پوچھا۔
اس وقت اپنے گھر سے سینکڑوں میل دور ہو......" ذاکر خان نے سگریٹ کا لمبا کش لیتے
لی لہجے میں کہا۔
رے دوست اور ساتھی ہیں۔ میرے ساتھ رہتے ہیں۔"
مجھے یہاں کیوں اور کس لیے لائے ہیں......؟" میں نے اس کی طرف سوالیہ نظروں سے

ما کچھ دیر میں معلوم ہو جائے گا......" اس نے جواب دیا۔ "تم اتنے پریشان کیوں ہو رہے

مجھے میرے گھر لے جا کر چھوڑ دیں۔" میں نے اس کی منت کی۔ "مجھے امی بہت یاد آ رہی

ہم گھر جانے کا خیال دل سے نکال دو۔ یہی تمہارا گھر ہے۔ مرتے دم تک تمہیں یہاں رہنا

ما کی بات سن کر رونے لگا۔ "تم مجھے یہاں کیوں لائے ہو......؟ میں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے۔"
سوال پھر دہرایا۔
نے تم سے کہا تھا کہ تمہیں معلوم ہو جائے گا...... یہ رونا دھونا بند کرو۔ اس سے کچھ حاصل نہ
ئے سخت لہجے میں کہا۔
ڑی دیر تک پھوٹ پھوٹ کر روتا رہا۔ تھوڑی دیر کے بعد مجھے بسکٹ ایک نان اور ایک کافی
میں گرم گرم دودھ دیا گیا۔ مجھے چوں کہ بھوک بھی لگ رہی تھی اس لیے میں نے حلق سے
گوں نے میرے ساتھ ناشتا کیا تھا۔ قریب ہی ایک خیمہ بھی تھا۔ ناشتے سے فراغت پانے
ما اپنے ہمراہ لے کر چل پڑا۔
، ناہموار تھا۔ پہاڑیوں کے درمیان، کھیتوں اور پگڈنڈیوں سے ہم ہوتے ہوئے ایک
کے دروازے پر پہنچ کر رکے، باہر ایک سوا چھ فٹ کا شخص کلاشنکوف لیے پھر رہا تھا۔ اس
کو دیکھتے ہی بڑے زور سے سلام کیا اور بڑی گرم جوشی سے ہاتھ ملایا۔ پھر وہ اپنی زبان میں

تھوڑی دیر تک باتیں کرتے رہے۔ پھر اس نے بغلی دروازہ کھول دیا۔

تھوڑی دیر کے بعد میں ایک بہت بڑے کمرے میں ایک شخص کے سامنے کھڑا تھا
بہت خوفناک تھی۔ اس کی بڑی بڑی آنکھیں لال لال تھیں۔ وہ کسی جلاد کی طرح دکھائی دے
شخص نے مجھے گہری نظروں سے دیکھا۔ پھر اس نے کہا۔

''ذاکر خان! لڑکا بہت اچھا لائے ہو۔ صرف ایک لڑکے کو لائے ہو؟''

''جی ہاں۔'' ذاکر خان نے سر ہلایا۔ ''خان! بات یہ ہے کہ آج کل پولیس بہت
دوسری طرف اخبارات نے بہت شور مچایا ہوا ہے کہ لڑکوں کا اغوا کر کے بردہ فروش کے ہاتھ
ہے۔ آپ تو جانتے ہیں اغوا کرنا بہت بڑا جرم ہے۔ اس کی سزا موت ہے۔ اس لیے
ایک لڑکا لے کر آتا ہوں۔''

''تم بہت ذہین اور ہوشیار آدمی ہو...... مال بھی اچھا لاتے ہو۔ لڑکا خوب صورت
صحت مند اور بہت پیارا سا ہے۔ ہاں تو...... تم نے اس کی قیمت نہیں بتائی؟ تم نے اس کی
کی ہے۔''

''دس ہزار روپے خان!'' ذاکر خان نے جواب دیا۔ ''میری یہ کوشش ہوتی ہے کہ
ہو۔''

''دس ہزار روپے بہت زیادہ ہیں...... میری تعریف کرنے پر تم پھیل رہے ہو؟''

تھوڑی دیر تک ان کے درمیان تول مول ہوتا رہا۔ آخر سات ہزار روپے میں بات
خان نے اپنی جیب سے سات ہزار روپے نکال کر اس کے ہاتھ پر رکھ دیئے۔ پھر اس
یہاں کب تک ہو؟ پھر کب جاؤ گے؟''

''میں آپ کے پاس ایک رات گزار کر کل دوپہر کے وقت نکل جاؤں گا تا کہ کسی
لا سکوں۔''

پھر خان نے آواز دے کر اپنے ملازم کو بلایا اور اسے اشارہ کیا کہ مجھے ساتھ لے جا
ساتھ جاتے ہوئے نفرت اور غصے سے میری بری حالت ہو رہی تھی۔ نس نس میں لہو ابل
خان دھوکا دے کر بے ہوشی کی حالت میں مجھے یہاں لے آیا تھا۔ اور اس نے مجھے بردہ فر
سات ہزار روپے میں بیچ دیا تھا۔ مجھے اپنی ماں، بھائی اور بہنوں کا رہ رہ کر خیال آ رہا تھا کہ
گمشدگی سے ان کا کیا حال ہو رہا ہوگا؟ ان پر تو قیامت بیت گئی ہوگی۔ میرے دل میں
بھڑک اٹھی۔ کاش! میں ذاکر خان سے بدلہ لے سکتا...... یہ خبیث تو کل یہاں سے چلا جا
خان کا ملازم میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے اس طرح سے لے جا رہا تھا جیسے میں کوئی قربانی کا
وہ چھ فٹ کا لمبا تڑنگا تھا۔ وہ مجھے لے کر ایک اور دروازے کے پاس رکا۔ پھر اس نے دروازہ
پکڑ کر گھمایا۔ دروازہ کھلا تو زینہ نظر آیا۔ اس کی سیڑھیاں نیچے جا رہی تھیں۔ نیچے ایک زینہ
پاس ایک بہت بڑا لوہے کا جنگلہ لگا تھا۔ وہ تہہ خانہ تھا جس کی چوکھٹ پر جنگلا لگا ہوا تھا۔



تھا۔ جس پر ایک بھاری تالا پڑا ہوا تھا۔ زینے پر سو پاور کا ایک بلب روشن تھا۔ تہ خانے
بلب جل رہا تھا۔

سے اندر کا منظر دکھائی دے رہا تھا۔ تہ خانے میں کوئی پندرہ سولہ لڑکے بند تھے۔ ان کی
برس سے لے کر بارہ تیرا اور پندرہ برس کے درمیان ہوں گی۔ دروازہ کھلنے کی آواز سن کر ان
نے مجھے دیکھنا شروع کیا۔ پھر وہ ملازم مجھے تہہ خانے میں بند کر کے دروازے پر تالا لگا کر
[illegible]

کے جانے کے بعد میں ان لڑکوں کو دیکھ رہا تھا اور وہ لڑکے مجھے دیکھ رہے تھے۔ ان کی
حیرت خوف اور غم بھرا ہوا تھا۔ چہرے زرد اور سپاٹ سے تھے۔ ہونٹ خشک اور بے جان
کے لباس میلے، کچیلے اور بوسیدہ سے ہو رہے تھے۔ یہ معصوم لڑکے بھی میری طرح غم زدہ
کے مارے ہوئے تھے۔ ان کے اور میرے درمیان خاموشی اور اجنبیت کی دیوار کھڑی ہوئی
کی سی کیفیت چھائی ہوئی تھی۔

نے آگے بڑھ کر ان سب سے باری باری ہاتھ ملایا۔ انہیں اپنا نام بتایا۔ ان سب نے مجھ
اور اپنا اپنا تعارف بھی کرایا۔ وہ مجھ سے مل کر بہت خوش ہوگئے۔ ان کے چہرے دمک
اور کچھ لڑکوں کی آنکھیں سوجی ہوئی تھیں۔

ے ننھے منے دوستو! ساتھیو اور بھائیو......'' میں نے محبت بھرے لہجے میں انہیں مخاطب کیا
محسوس کیا کہ یہ میں نہیں بول رہا ہوں بلکہ میرے اندر کوئی اور بول رہا ہے۔ میں نے انہیں
تم لوگ گھبراؤ نہیں...... ہم سب مل کر یہاں سے بھاگنے کی کوشش کریں گے...... ہم یہاں
رہیں گے۔''

یسے باہر نکل کر جا سکتے ہیں۔ باہر سے دروازہ مقفل ہے۔'' ایک لڑکے نے کہا۔
کریں تو کیا کچھ نہیں ہو سکتا۔ ہمت اور بہادری کی ضرورت ہے۔'' میں نے کہا۔
لوگوں کے پاس بہت ساری بندوقیں، کلاشنکوفیں اور کوڑے بھی ہیں۔'' دوسرے لڑکے نے

ت ظالم اور شیطان آدمی ہیں۔ ان کی بات نہ مانو تو وہ پیٹھ پر کوڑے مارتے ہیں۔ مرغا
تیسرے لڑکے نے سہمے ہوئے لہجے میں بتایا۔ ''میں نے ایک رات ایک آدمی کے ساتھ
ر کیا تو اس نے مجھے کوڑے مارے تھے۔''

لڑکے کی بات سن کر دل میں بری طرح ڈر گیا۔ پھر میں نے دلاسا دیا۔ ''دیکھو، ڈرنے کی
مالک ہے۔ اچھا یہ بتاؤ یہاں تم لوگوں کو کس لیے اور کیوں بند کیا گیا ہے؟''
لیے کہ ہم لوگوں کو عرب ریاست اسمگل کیا جا سکے......؟'' تیسرے لڑکے نے کہا۔
ریاستوں کو کس لیے اسمگل کیا جاتا ہے......؟'' میں نے حیرت سے پوچھا۔
لیے کہ وہاں اونٹوں کی ریس ہوتی ہے۔'' اس لڑکے نے جواب دیا۔ ''ان اونٹوں کو

دوڑانے کا کام بچوں سے لیا جاتا ہے۔ ان ریاستوں کے شیخ ہمیں خرید لیتے ہیں۔ یہ
کھیل وہاں شوق سے دیکھا جاتا ہے۔"

"پہرہ دار بتا رہا تھا کہ چار دن کے بعد ایک شیخ آنے والا ہے۔ وہ اور اس کے آدمی
کر اونٹوں اور لانچ سے اپنے ملک لے جائے گا۔ پھر ہمیں وہاں رکھا جائے گا۔" ایک اور

مجھے جاسوسی رسالے اور کہانیاں اور ڈائجسٹ پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ اس وقت
جاسوس کی طرح کام کرنے لگا۔ مجھے بھی یہاں شاید اس لیے لایا گیا تھا کہ عرب
کیا جا سکے۔ میں دراصل بردہ فروشوں کے چنگل میں پھنس گیا تھا۔ یہ بے چارے
بھی...... میں نے ذاکر خان کے ساتھ گیٹ میں داخل ہونے کے بعد عمارت کی طرف
مسلح بدمعاشوں کو ٹہلتے ہوئے دیکھا تھا مجھے وہاں ایک جیپ بھی دکھائی دی۔ مجھے نہیں
عمارت میں کل کتنے لوگ ہیں۔ میں ابھی ابھی یہاں آیا تھا۔ بہت ساری باتیں بچوں
جا سکتی تھیں۔

میں نے ٹی وی پر جیمز بونڈ کی اور ایڈونچر فلمیں بھی دیکھی ہوئی تھیں۔ ہم سب
بچوں میں میں سب سے بڑا، طاقت ور، لمبے قد کا مضبوط جسم کا مالک بھی تھا۔ یہ بدمعاش
لمبے چوڑے اور توانا جسم کے تھے بلکہ ظالم قسم کے لوگ تھے۔ ان کے پاس خوفناک
تھے۔ جب کہ ہم نہتے تھے۔ ہمارے پاس ایک ڈنڈا بھی نہیں تھا۔ ہمارے پاس اسلحہ
میں بھی ہم ان بدمعاشوں پر قابو نہیں پا سکتے تھے۔

میں سوچنے لگا کہ ہمیں ایسی کوئی تدبیر کرنی چاہیے کہ سانپ بھی مرجائے اور لاٹھی بھی
ایسا ناممکن تھا۔ سانپ تو تھے لیکن ڈنڈے نہیں تھے۔ میں نے سوچا کیا اسلحہ ملنے کی
بدمعاشوں پر قابو پایا جا سکتا ہے؟

"آپ کیا سوچنے لگے ہیں بھائی جان!" ایک لڑکے نے جس کا نام ساجد تھا مجھ سے

"میں نے سنا ہے کہ دنیا میں کوئی کام ناممکن نہیں ہے اگر حوصلے، ذہانت اور
لیا جائے۔"

"ہم تو بہت چھوٹے بچے ہیں۔" ایک سات برس کے بچے نوید نے بے بسی سے کہا۔

"میں نے بہت سارے قصے اور کہانیاں پڑھی ہیں۔ اس بات کی تاریخ بھی گواہ
ایسے ایسے عظیم کارنامے انجام دیئے ہیں کہ بڑے بھی حیران ہیں۔ ان کی بہادری مثال
بڑے لوگ عش عش کر اٹھے ہیں۔ آخر ہم بھی ان ہی بچوں کی طرح ہیں۔ ہم کیوں نہیں
دے سکتے ہیں۔ ہم کل کتنے بچے ہیں......؟"

"آپ کو ملا کر کل سولہ عدد ہیں۔" صغیر نامی لڑکے نے کہا۔

"کیا تم لوگ جانتے ہو کہ اس عمارت میں کل کتنے بدمعاش ہیں؟" میں نے پوچھا۔

"جی ہاں...... میں بتا سکتا ہوں۔" عباس نامی لڑکے نے سر ہلایا۔ "ایک تو باس



یہ بے حد ظالم اور کمینہ شخص ہے۔ سارے لوگ اس سے بہت ڈرتے ہیں۔ اس عمارت
آدمی موجود ہیں۔"

"کیا ہم سولہ عدد بچے ان بدمعاشوں پر قابو پا سکتے ہیں؟" نوید نے پوچھا۔

"کیوں نہیں...... کیوں نہیں میں نے سر ہلایا۔" "اللہ نے چاہا تو ہم سب یہاں سے نکل جائیں

"ہمیں ہر صورت میں اور ہر قیمت پر اس جہنم سے نکلنا ہوگا۔" ساجد کہنے لگا۔ "جو شیخ ہمیں
لینے والا ہے اس کے آنے سے پہلے ہم یہاں سے نہ نکل سکے تو سمجھو کہ ہم پھر کبھی نہیں نکل سکتے
ریاستوں سے فرار ہونا ناممکن ہے۔ وہ ایک جہنم ہے۔ ساری زندگی ہم عذاب سہتے سہتے
بھی ہم اپنے ماں باپ بھائی بہنوں کی شکلیں تک دیکھ نہیں سکیں گے۔ اس جینے سے مرجانا
ہم مرجائیں گے لیکن شیخ کے ساتھ نہیں جائیں گے۔"

"آپ ٹھیک کہتے ہیں ساجد بھائی!" صغیر نے حوصلے سے کہا۔ "ہم ان بدمعاشوں کو جان سے
اس کے سوا چارہ بھی نہیں ہے۔ ہم سب جیپ میں بیٹھ کر بھاگ کر جا بھی تو نہیں سکتے ہیں۔
علم ہے۔"

"ان جیپ کسے چلانا آتی ہے......؟" عباس نے کہا۔ "ہم اسے کیسے چلا کر جا سکتے ہیں؟"

"مجھے جیپ چلانا آتی ہے۔" گل خان جس کی عمر تیرہ برس کی ہوگی اس نے کہا۔

"تم جیپ چلانا کیسے جانتے ہو......؟" میں نے حیرت سے اسے دیکھا۔

"میرے والد پھولوں کا کاروبار کرتے ہیں۔" گل خان کہنے لگا۔ "ہمارے پاس ایک جیپ اور
ہے۔ میں نے جیپ اور ٹرک چلانا بھی سیکھا ہوا ہے۔ میں تیس تیس میل تک جیپ چلا کر کئی بار
"

"تم نے کتنی زبردست خوشخبری سنائی ہے۔" میں نے شاباشی کے انداز میں اس کی پیٹھ تھپکی۔

"لیکن فیروز بھائی جان!" صغیر نے کہا۔ "بلی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے گا......؟"

"کیا مطلب......؟" ساجد نے پلکیں جھپکاتے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔ "تم کہنا کیا چاہتے

"جب تک ہم ان بدمعاشوں پر قابو نہ پائیں گے...... اس وقت تک ہم یہاں سے فرار
گے۔" صغیر نے کہا۔

"سب ٹھیک ہو جائے گا۔ ذرا صبر کرو۔ سوچنے دو۔" میں نے اسے دلاسا دیا۔

"کل دو ایک دن میں یہاں سے نکل جانا ہوگا۔" عباس کہنے لگا۔ "میں اس روز جب حاکم خان
گزر رہا تھا۔ اس کا آدمی کہہ رہا تھا کہ...... باس! شیخ صاحب دس لاکھ ریال لے کر آ رہے
ہیں اور کم از کم پندرہ بچے چاہییں۔ بچوں کو لانچ پر سوار کرانا ہمارا کام ہے، ہم ان بچوں کو پہلے والے
طرح اونٹوں اور لڑکوں پر سوار کرا کے ساحل تک لے جائیں گے۔ شیخ صاحب سے صاف

صاف کہہ دینا کہ آئندہ ہم پندرہ لاکھ ریال لیں گے۔"

"تم کیوں حاکم خان کا کمرہ صاف کر رہے تھے......؟" میں نے متعجب لہجے میں پوچھا

"ہر روز صبح ناشتا دینے سے پہلے ہم لوگوں سے تمام کمروں کی صفائی کرائی جاتی ہے۔ جھوٹے برتن اور کپڑے بھی دھلوائے جاتے ہیں۔ بوٹ پالش بھی کرنا پڑتے ہیں۔ کسی نے کام نہیں کیا تو پھر اس کی شامت آجاتی ہے۔ جب سارا کام پورا ہو جاتا ہے پھر ہمیں تہ خانہ میں لایا جاتا ہے۔ پھر ناشتہ دیا جاتا ہے۔"

"اگر ایسی بات ہے تو پھر ہم یہاں سے نکل سکتے ہیں۔" میں نے پرامید لہجے میں کہا۔ کیوں مجھے گھپ اندھیرے میں روشنی کی ایک کرن دکھائی دی۔ "کل جائزہ لینے کے بعد بتاؤں گا کس طرح یہاں سے نکل سکتے ہیں۔"

"فیروز بھائی جان!" نصیر نامی لڑکے نے کہا۔ اس کی عمر دس برس ہوگی۔

"کیا بات ہے......؟" میں نے اس کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھا۔ "تم کچھ کہنا چاہتے ہو۔"

"مجھے بھی بہت اچھی طرح گاڑی چلانا آتی ہے۔" اس نے کہا۔ "میرے ہاں تین کاریں ہیں۔ ان میں ایک جیپ بھی ہے جس پر ڈیڈی شکار کے لئے جاتے تھے۔ میں بھی جیپ چلا لیتا ہوں۔"

"یہ تو بہت اچھی بات ہے کہ دو دوست گاڑی چلانا جانتے ہیں۔" میں نے کہا۔

"اگر ہمارے ہاتھ کچھ اسلحہ لگ جائے تو شاید ہم کامیاب ہو جائیں۔" ساجد نے کہا۔

"اسلحہ تو ہاتھ لگ سکتا ہے۔" عباس نے کہا۔ "یہ کوئی مشکل تھوڑی ہے کتنا اسلحہ چاہیے؟"

"واقعی......؟" میں نے حیرت، خوشی اور تجسس سے کہا۔ "اسلحہ کہاں ہے؟ کیسے ملے گا؟"

"ایک کمرے میں نہ صرف کلاشنکوفیں، ڈائنامیٹ، بندوقیں، دستی بم ہیں بلکہ رائفلیں بھی ہیں۔" عباس نے کہا۔ "لیکن ہم اسلحہ لے کر کیا کریں گے......؟ ہم میں سے کسی کو کلاشنکوف چلانا نہیں آتا ہے۔"

"مجھے آتا ہے۔" گل خان نے کہا۔ "ہمارے ہاں بچپن سے ہی اسلحہ چلانے کی تربیت دی جاتی ہے۔ میرا نشانہ بھی بہت اچھا ہے۔ میں نے بھی اسٹور روم میں رائفلیں دیکھی ہیں۔ یہ رائفلیں ایک دو میل تک مار سکتی ہیں۔ یہ امریکی ساخت کی ہیں۔ چلانے میں بہت آسان ہیں۔ حاکم خان صاحب کے پاس ایک ایسی ہی رائفل بھی ہے۔"

"جو شکاری بندوق چلا سکتا ہے کیا وہ امریکی رائفل بھی چلا سکتا ہے؟" نصیر نے پوچھا۔

"کیوں نہیں......" گل خان نے جواب دیا۔ "ان رائفلوں میں ایک دوربین بھی لگی ہوتی ہے جس سے نشانہ لینے میں بڑی آسانی ہوتی ہے۔ یہ رائفلیں بہت مہنگی ہوتی ہیں۔"

دوپہر کے کھانے تک ہم سب بیٹھے باتیں کرتے اور منصوبے بناتے رہے۔ کھانا بڑے بڑے تھالوں میں دو بدمعاش لیے ہوئے آئے۔ ان کے پیچھے پیچھے ایک بدمعاش



تالا کھولا...... وہ تھال فرش پر رکھ کر چلے گئے۔ میں نے دیکھا۔ کھانا بہت پرتکلف تھا۔ مرغ، کباب سلاد اور رایتہ بھی تھا۔ گوشت فراوانی سے تھا۔ کھانے کے دوران ساجد نے بتایا کہ کھانے کو بہت اچھا اور بہت زیادہ مقدار میں دیا جاتا ہے تاکہ ہم کھا کر صحت مند رہیں۔ اس لیے، اوولٹین اور خالص دودھ اور مکھن بھی دیا جاتا ہے۔

بکرے کی رانیں آئی تھیں۔ ہمیں قہوہ بھی دیا گیا۔ جب ہم کھانے سے فراغت پا چکے تو نصیر نے اٹھا کر فرش پر پڑی ہوئی چٹائی کے نیچے چھپا دیا تاکہ کسی وقت کام آسکے۔ جو بدمعاش برتن لینے آیا تھا اس نے کوئی خیال نہیں کیا اور نہ پوچھا کہ چاقو کہاں ہے۔ اس کے جانے کے بعد ہم سب نے اطمینان کا سانس لیا۔

کچھ دیر کے بعد اوپر زینے کا دروازہ کھلا۔ ذاکر خان نمودار ہوا۔ اسے دیکھتے ہی میرا خون کھول اٹھا۔ ساجد نے میرے کان میں سرگوشی کی۔ "یہ کمینہ شاید کسی لڑکے کو اپنے ساتھ لے جانے آیا ہے......" ذاکر خان کے ساتھ ایک اور بدمعاش بھی تھا۔ اس نے تالا کھولا۔ ذاکر خان نے مجھ سے کہا۔ "باہر آؤ۔"

"کس لیے......؟" میں نے تیز لہجے میں پوچھا اور اسے نفرت اور غصے سے گھورنے لگا۔

"تم کون ہوتے ہو پوچھنے والے۔" وہ بگڑ گیا۔ "میں جو کہہ رہا ہوں ساتھ چلو۔"

"میں تمہارے باپ کا نوکر نہیں ہوں۔ جو تم مجھ پر حکم چلا رہے ہو۔" میں نے غصے سے کہا۔

"میرے نہیں ہو تو پھر کس کے نوکر ہو......؟" اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔

"اب حاکم خان کا نوکر ہوں۔ حاکم خان نے مجھے تم سے خرید لیا ہے۔" میں نے تیزی سے کہا۔

بدمعاش کے ہاتھ میں کوڑا تھا۔ ذاکر خان نے اس کے ہاتھ سے کوڑا لے کر فرش پر زور سے مارا۔ غصے اور حقارت سے بولا۔ "کیسے نہیں چلے گا...... تیرا باپ بھی چلے گا۔ جلدی سے چل ورنہ تیری کھال ادھیڑ دوں گا۔"

"جاؤ فیروز......!" ساجد نے میرے کان میں سرگوشی کی۔ "ورنہ یہ تمہیں چابک مار مار کر مار ڈالے گا۔"

میں تہ خانے سے باہر نکل آیا۔ اس بدمعاش نے دروازے پر تالا لگا دیا۔ ذاکر خان میرا بازو پکڑ کر چڑھنے لگا۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ جیسے ہی اس نے زینے پر قدم رکھا کوڑا اس کے پیروں میں آیا۔ وہ دھڑام سے پھسلا۔ اپنا توازن قائم نہ کر سکا۔ وہ کسی گیند کی طرح لڑھکتا ہوا نیچے زینے پر آیا۔ اور چیخ مار کر بے ہوش ہو گیا۔ اس بدمعاش نے مجھے تہ خانہ میں بند کیا۔ پھر وہ اپنے ساتھیوں کو لایا۔ جب وہ لوگ آئے۔ اس کا ایک بدمعاش نے معائنہ کیا۔ پھر اس کے ساتھی نے کہا۔

"اس کی گردن کی ہڈی، پسلیاں، دونوں ہاتھوں اور پیروں کی ہڈیاں بھی ٹوٹ گئی ہیں۔"

بدمعاش ذاکر خان کو اٹھا کر لے گئے۔ مجھے اور میرے ساتھیوں کو ذاکر خان کے حشر نشر اور قدرت سے سزا ملنے پر اس قدر خوشی ہوئی کہ اس کا اظہار بیان اور الفاظ سے ناممکن ہے۔ وہ

سب مجھے مبارکباد دینے لگے۔

جب میں سونے کے لیے دراز ہوا تو اس وقت نیند میری آنکھوں سے کوسوں
میرے گھر والوں کی یاد آ رہی تھی۔ لیکن میں جذباتی نہیں ہوا۔ پھر میں سوچنے لگا کہ یہاں
فرار ہوا جاسکتا ہے۔ میں اکیلا فرار ہونا نہیں چاہتا تھا۔ میں اپنے ساتھیوں کو یہاں
جانا چاہتا تھا۔ یہ بچے مختلف شہروں سے تعلق رکھتے تھے۔ ان میں کسی کا تعلق پشاور سے تھا
سکھر، کراچی اور فیصل آباد سے تھا۔ یہ سب دہشت گردوں کے بچے تھے۔ میر...
سارے منصوبے آئے۔ اس وقت تک ان پر عمل درآمد مشکل تھا جب تک میں جائزہ نہ

صبح ساجد نے مجھے بیدار کیا۔ پھر ہم سب کو تین بدمعاش جو مسلح تھے ایک کمرے
میں تین بیت الخلا اور چار غسل خانے تھے۔ کوئی نصف گھنٹے کے بعد ہم لوگوں کو
پونچھ پر لگا دیا گیا۔ وہ بدمعاش بیرونی دروازوں پر کھڑے ہو کر پہرہ دینے لگے تھے۔
نظریں بچا کر مجھے اس اسٹور روم میں لے گیا جس میں اسلحہ بھرا ہوا تھا۔ میں نے
اٹھاتے ہوئے ایک ریوالور اٹھا کر کپڑوں میں چھپا لیا اور مٹھی بھر گولیاں دونوں جیبوں
خانے میں آنے کے بعد میں نے ریوالور تہہ خانے میں چھپا دیا اور گولیاں بھی۔
بدمعاش ہمارے لیے ناشتہ اور بڑے فلاسک میں چائے لے کر آئے۔ ناشتے میں
آملیٹ، مکھن، ملائی، شہد اور فرائی قیمہ وغیرہ تھا۔ کوئی ایک گھنٹے کے بعد صرف ایک
آیا۔ ساجد نے بتایا کہ صرف ایک ہی بدمعاش برتن لینے آتا ہے۔ کیوں کہ اس
میں حاکم خان اپنے تمام ساتھیوں کے ساتھ بیٹھ کر نہ صرف ناشتہ کرتا ہے۔ بلکہ ان
کرتا ہے۔

پھر ہم سب سر جوڑ کر بیٹھ گئے۔ میرے ذہن میں جو ایک منصوبہ آیا تھا۔ ہم
کرنے لگے۔ اس کے پہلوؤں کا جائزہ لینے لگے۔ ویسے تو سب کو میرا مشورہ پسند
منصوبے پر عمل کرنا اور اسے کامیاب بنانا تھا۔ رات مجھے گل خان، ساجد اور بہت سار
نہیں آئی۔ ہم سب نے فیصلہ کرلیا تھا کہ تخت یا تختہ......

صبح جو بدمعاش ناشتے کے بعد برتن لینے آیا تھا وہ دوسرا تھا۔ کل والا نہ تھا۔
سے پہلے ہی چاقو اپنے کپڑوں چھپا لیا تھا۔ وہ بدمعاش آ کر گل خان سے ناشائستہ
اسے ساتھ چلنے پر مجبور کرنے لگا تو گل خان نے مزاحمت کی جس پر اسے طیش آ گیا اس
کے بجائے گل خان کو زبردستی سے گود میں اٹھا لیا اور اس کے چہرے پر جھک گیا۔ نسیم
سخت غصہ آیا۔ وہ طیش میں آ گیا۔ کیوں کہ یہ بدمعاش ایک روز ساری رات کے
نصیر نے فوراً ہی چاقو نکال کر پوری قوت سے اس کی پیٹھ میں گھونپ دیا۔ اس کے
سکی۔ گل خان اس کی گود سے نکل آیا۔ وہ بری طرح مشتعل ہو رہا تھا۔ اس نے نسیم
لے کر بدمعاش کے سینے میں دل کی جگہ اتار دیا۔ وہ جلد ہی میں دم توڑ گیا۔



...ے لیے ایک ایک لمحہ بے حد قیمتی اور جان سے کہیں عزیز تھا۔ ہم سب تہہ خانے سے نکل
...سب ڈائننگ ہال میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کے باتیں کرنے، ہنسنے بولنے اور قہقہے لگانے
...سنائی دے رہی تھیں۔ گل خان اور صغیر اسٹور روم سے امریکن رائفلیں اور ان کے میگزین بھی
...میں نے ان دونوں اور تمام لڑکوں کو باہر رکنے کا اشارہ کیا۔ میں کمرے میں داخل ہو گیا۔ مجھے
...سب حیران رہ گئے۔ حاکم خان نے مجھے دیکھ کر پوچھا۔ ”تم یہاں کیسے اور کیوں آئے......؟“
...نے بجلی کی سرعت سے لپک کر حاکم خان کی گدی پر ریوالور کی نال رکھ دی۔ پھر میں نے
...کہا۔ ”حاکم خان! تم سب سے پہلے اپنی جیب کی چابیاں نکالو...... ادھر فرش پر پھینک دو......“
...خان نے ہنستے ہوئے جیب کی چابیاں نکال کر فرش پر پھینک دیں۔ ”یہ کیا مذاق ہے؟“
...اق نہیں ہے حاکم خان!“ میں نے سخت لہجے میں کہا۔ ”اگر تم زندہ رہنا چاہتے ہو تو اپنے
...ہو کے سامنے والے کمرے میں چلے جائیں۔ اگر کسی نے کوئی چالاکی یا بہادری دکھائی تو
...لی مار دوں گا۔“

...ئی تم سب اس جونیئر جیمز بانڈ کی بات مان لو۔“ حاکم خان نے استہزائی لہجے میں کہا۔
...جلدی تم بھی اٹھو اور سامنے والے کمرے میں جاؤ۔“
...بھئی...... ہم بھی چلے جاتے ہیں۔“ وہ کھڑے ہوتے ہوئے تمسخر سے بولا۔ ”اور کوئی حکم......“
...ے بدمعاش ایک ایک کر کے کھڑے ہو گئے۔ وہ اس کمرے میں جانے کے لیے بڑھے جو
...ان میں حاکم خان بھی تھا۔ ان بدمعاشوں میں سے کسی نے میری نظر بچا کر ایک رکابی اٹھا لی
...لے بجلی کی سی تیزی سے تاک کر میرے ریوالور والے ہاتھ پر دے ماری۔ میرے ہاتھ سے
...کر فرش پر گر پڑا۔ اس سے پہلے کہ میں فرش سے ریوالور اٹھاتا ایک بدمعاش کوندا بن کر لپکا
...مجھے دبوچ لیا۔ میں اس کے ہاتھوں میں بے بس ہو گیا۔
...خان اور اس کے تمام ساتھی ہنسنے اور قہقہے لگانے لگے۔ ایک بدمعاش مجھے مارنے کے لیے
...خان نے کہا۔ ”نہیں زردار خان نہیں!...... رک جاؤ۔ اس بہادر بچے پر ہاتھ مت اٹھاؤ۔“
...ن! یہ سانپ کا بچہ سنپولیا ہے۔ اسے جان سے مار دینا ہی بہتر ہے۔“ وہ سفاک لہجے میں

...ر دماغ!“ حاکم خان نے تیز لہجے میں کہا۔ ”میں ایک لاکھ ریال کے قیمتی بچے کو جان سے

...ن! یہ بڑا خطرناک لڑکا ہے۔ یہ ہم سب کو گولی مار دیتا تو......؟“ زردار خان نے میری طرف
...تھا۔
...ب ہوا تو کیا ہوا...... ہم اسے پٹارے میں بند کر دیں گے...... لیکن ایک بات ہے۔ یہ ہے
...ر لڑکا...... شیخ لوگ اس کی بڑی قدر کریں گے...... یہ اونٹ ریس کا سب سے اچھا جاکی

"باس! کیا آپ اس لڑکے کو اس حرکت کی سزا نہیں دو گے......؟" دوسرے
اسے معاف نہیں کرنا باس! اسے ایسی سزا دو کہ یہ زندگی بھر یاد رکھے...... سالا جیمز بانڈ
"سزا......؟" حاکم خان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیل گئی۔ "ہاں سزا! ہم ا
گے۔ اسے گستاخی کی سزا ضرور ملنی چاہیے۔ ہم کسی کو معاف کرنا نہیں جانتے
ہوا......؟"

"میرے خیال میں اسے کوڑے کی سزا ملنی چاہیے...... آپ حکم دو تو اس
ماردوں؟" زودار خان نے کہا۔

"نہیں...... اسے کوڑے نہیں مارنا ہے۔" حاکم خان نے کہا۔ پھر اس نے
ہوئے کہا۔ "تم اپنے کپڑے اتار کر برہنہ ہو جاؤ...... میں تمہارے جسم کو جلتے سگریٹ
گا......"

"نہیں......" میں نے دہشت زدہ ہو کر کہا۔ "تم ایسا نہیں کر سکتے...... تمہیں شرم
پر ایسا ظلم کرتے ہوئے؟"

"یہ ظلم نہیں تمہاری گستاخی کی سزا ہے۔" حاکم خان نے رعونت سے کہا۔ "تم
ہیں۔ تمہارا پہلا جرم یہ ہے کہ تم نے یہ ریوالور چرایا...... تمہارا دوسرا جرم یہ ہے کہ تم ہم
بند کر کے فرار ہونے والے تھے۔"

"کیا تم سب سے بڑے مجرم اور ذلیل ترین شخص نہیں ہو؟" نجانے مجھ میں کہاں
اور جرأت پیدا ہو گئی تھی کہ میں غیر ارادی طور پر نفرت اور غصے سے بول اٹھا۔ "تم بچوں کو
باپ اور بھائیوں اور بہنوں سے جدا کرتے ہو۔ ظالموں کے ہاتھوں بیچ دیتے ہو...... اگر تم
اغوا کر کے اس طرح بیچ دے تو تمہیں کیسا لگے گا......؟"

ایک بدمعاش نے مشتعل ہو کر حاکم خان سے کہا۔ "باس! یہ آپ کو ذلیل ترین شخص
"جو کہہ رہا ہے اسے کہنے دو......" حاکم خان کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ اس کی آنکھیں
لگیں۔ "میں اسے بتاؤں گا کہ حاکم خان کتنا ذلیل ہے۔ اس کی زبان بھی داغ دوں گا تا
سکے اور نہ کچھ کھا پی سکے۔ اس کی زبان جلتے سگریٹ سے نہیں بلکہ گرم سلاخ سے شام کے
گا۔ یہ سچ مچ اپنے آپ کو جیمز بانڈ اور فلمی ہیرو سمجھ رہا ہے۔ آج تک میرے کسی دشمن کی
کہ وہ مجھے ذلیل کہہ سکے۔ یہ خنزیر مجھے ذلیل ترین شخص کہہ رہا ہے۔"

"تم ذلیل ہی نہیں بلکہ سور، جلاد اور ظالم شخص ہو...... بزدل ہو اپنی عظیم قوم پر کلنک کا
قوم میں ذلیل لوگ پیدا ہو جاتے ہیں۔ تم انسانیت کے نام پر دھبا ہو...... تم حیوان ہو......؟"
میں کہتا گیا۔

"حاکم خان کو تم گالیاں بک رہے ہو......؟" حاکم خان غضب ناک ہو گیا۔

"باس! آپ حکم دیں تو میں اس کی زبان گدی سے کھینچ لوں......؟" ایک اور بدمعاش



اس حرام زادے کے کپڑے اتار دو......" حاکم خان نے سگریٹ سلگاتے ہوئے کہا۔
بدمعاش نے مجھے دبوچ رکھا تھا اس نے میری قمیض اتارنے کے لیے ہاتھ بڑھایا تو میں نے
کاٹ کھایا اور منہ سے ایک زوردار سیٹی بجائی۔ گل خان اور نصیر فوراً ہی کمرے میں رائفلیں لیے
گئے۔ میں نے ان سے کہا تھا کہ میں خطرے میں گھر جانے کی صورت میں سیٹی بجا دوں گا۔ تم
۔ ان دونوں نے کمرے میں گھستے ہی تمام بدمعاشوں کو نشانے کی زد میں لے لیا اور ان پر
ان لیں تھی۔ حاکم خان اور اس کے تمام ساتھی بھونچکے سے ہو گئے۔ پھر ساجد، عباس اور نوید بھی
اکر آ گئے۔ ان بدمعاشوں پر سکتے کی سی کیفیت طاری ہو گئی......
سب تہہ خانے سے کیسے نکل آئے زردار خان......؟" حاکم خان نے بوکھلا کر پوچھا۔
میں بتاتا ہوں کیسے نکل آئے......؟" گل خان نے کہا۔ "تمہارا آدمی جو برتن لینے آیا تھا اسے
کر کے قتل کر دیا چاقو مار کر......"
نے اسے قتل کر دیا......؟ عاشق چوہدری کو......؟ وہ میرا خاص آدمی تھا۔" حاکم خان اچھل
کس لیے قتل کیا؟"
ما لیے کہ اس نے ایک لڑکے کے ساتھ ناشائستہ حرکت کی تھی۔ اس پر تشدد کیا اور اسے
تھا۔" گل خان نے جواب دیا۔
اراہی اس بدمعاش کی گرفت سے نکل آیا۔ میں نے فرش پر سے ریوالور اور جیپ کی چابیاں
میں نے حاکم خان سے کہا۔ "اب تم کیا کہتے ہو......؟ تم میری زبان گرم سلاخ سے اور جسم
سے داغنے والے تھے۔"
خان کا چہرہ سفید پڑتا چلا گیا۔ اس کی آنکھوں سے دہشت جھانکنے لگی۔ اس نے میری بات کا
یا تو گل خان نے کہا۔ "اس کی سزا یہ ہے کہ اس کی ٹانگ پر گولی مار دو۔ تاکہ چلنے پھرنے کے
......"
سے فساد کی یہ جڑ ہے۔" ساجد نے کہا۔ "یہ کمینہ ہمارے ملک کا نہیں ہے۔ یہ کہیں سے آ کر
اس کے کچھ ساتھی اس کے ہم وطن ہیں...... یہ اپنے نام بدل کر ہماری قوم اور ملک کو بدنام
۔"
اخان کے علاوہ سارے لوگ اس کمرے میں چلے جائیں۔" میں نے پہلو والے کمرے کی
لیا۔ "جلدی کرو۔ ورنہ ہم تم سب کو جان سے مار دیں گے۔ اسی طرح جس طرح عاشق
ہے۔"
ان اپنی جگہ بے حس و حرکت کھڑا رہا۔ اس کے تمام ساتھی ایک ایک کر کے بڑی تیزی سے
ل گئے۔ گل خان نے میرے ہاتھ سے ریوالور لے کر اس کی دونوں پنڈلیوں کو نشانہ بنایا۔
مار دی۔ اس لیے بھی کہ جب گل خان کو ایک شخص لا کر بیچ کر چلا گیا تو کسی بات پر حاکم

خان نے اس کے جسم پر دو تین کوڑے برسائے تھے۔ بڑی بے دردی سے مارا تھا۔ وہ
تکلیف سے تڑپ رہا تھا۔ حاکم خان زخمی ہو کر فرش پر گر پڑا تھا۔ بے آب ماہی کی طرح
تڑپنے لگا تھا۔ اس کے دونوں پیر خون سے تر ہو گئے تھے۔

پھر ساجد نے آگے بڑھ کر ان بدمعاشوں سے جو کمرے میں کھڑے یہ سب
سے کہا کہ وہ حاکم خان کو اٹھا کر اندر لے جائیں۔ تین بدمعاش باہر آئے۔ وہ حاکم
لے گئے۔ ساجد نے لپک کر دروازہ بند کیا اور باہر سے کنڈی لگا دی۔

پھر ہم سب تیزی سے عمارت سے باہر آئے۔ میدان بالکل صاف تھا۔ پھر بھی
ہوا تھا۔ انجانا خوف وسوسے اور اندیشے پیدا کر رہا تھا۔ ساجد نے لپک کر گیٹ کھولا۔ گل
سے جیپ کی چابیاں لیں۔ ہم سب جیپ میں ٹھنس گئے۔ جیپ باہر آئی تو میں نے دیکھا
جیپ کھڑی ہوئی ہے۔ چوں کہ ہمیں جلدی تھی۔ خوف اور گھبراہٹ طاری تھا۔ اس لیے
سوار نہیں ہوئے اور پھر اس کی چابیاں بھی نہیں تھیں۔

گل خان ایک اچھا اور تجربہ کار ڈرائیور تھا۔ وہ ناہموار اور کچے اور پتھریلے راستے
سے گاڑی چلا رہا تھا۔ ذرا سی بے احتیاطی سے جیپ الٹ بھی سکتی تھی۔ تھوڑی دیر
نظروں سے اوجھل ہو گئی۔ جب ہم خاصی دور نکل آئے تو گل خان نے کہا۔ ''پشاور شہر
ہے۔ ہم علاقہ غیر سے نکل آئے ہیں۔''

دفعتاً ایک لڑکا ہذیانی انداز سے چلایا۔ ''فیروز بھائی جان! بدمعاشوں کی جیپ ہمار
آرہی ہے۔''

گل خان گاڑی چلا رہا تھا۔ میں بھی آگے بیٹھا تھا۔ میری گود میں خودکار دوربین والی
ہوئی تھی۔ گل خان نے جیپ روک دی۔ میں نے سیٹ پر کھڑے ہو کر رائفل کی دوربین
جیپ بڑی تیزی سے آرہی تھی جو حاکم خان کے مکان کے باہر کھڑی تھی۔ اسے زردار
چار مسلح بدمعاش اس جیپ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ گل خان نے بھی میرے ہاتھ سے
دوربین کی مدد سے دیکھا۔ پھر وہ نیچے کود گیا۔ پھر اس نے دوسرے لڑکے کے ہاتھ سے
پھر اس نے نصیر سے کہا۔ ''تمہیں جیپ چلانا آتی ہے۔ تم ایسا کرو۔ جیپ لے کر پشاور شہر
پولیس اسٹیشن جانے کے بجائے کسی اخبار کے دفتر پہنچ جانا......''

''پولیس اسٹیشن کس لیے نہیں...... اخبار کے دفتر کیوں جائیں؟'' ساجد نے پوچھا۔

''اس لیے کہ پولیس میں جو کالی بھیڑیں ہوتی ہیں وہ بردہ فروشوں سے ملی ہوتی ہیں
نے جواب دیا۔ ''اخبار والے جب پولیس والوں کو بلائیں گے تو وہ ان بچوں کو بردہ فروش
کر سکیں گے۔ اخبار والے ان بچوں کے والدین کو اطلاع دے دیں گے یا ان کے
پہنچا دیں گے۔''

''کیا تمہیں کسی اخبار کا دفتر معلوم ہے......؟'' ساجد نے نصیر سے پوچھا۔



کیوں نہیں......'' نصیر نے سر ہلایا۔ ''میں تو پشاور شہر میں رہتا ہوں اخبار کے دفتر بھی جانتا

باتوں کا وقت نہیں ہے جلدی سے چل پڑو۔'' گل خان نے کہا۔ ''جیپ بہت تیزی سے آرہی

بھی نیچے اتر آیا۔ گل خان نے میری طرف حیرت سے دیکھا۔ ''آپ کیوں اتر گئے......؟''
اس لیے کہ میں تمہیں اکیلا نہیں چھوڑ سکتا...... میں تمہارے ساتھ ان بدمعاشوں کا مقابلہ کروں
نے جواب دیا۔

گل خان نے نصیر سے کہا کہ وہ فوراً چل پڑے۔ اگلے لمحے جیپ چل پڑی۔ ہم نے ایک
ہاتھ ہلا ہلا کر الوداع کہا اور میں نے اپنے دل میں دعا کی کہ...... اللہ ان سب کو خیریت سے
پہنچا دے۔

گل خان مجھے جلدی سے لے کر ایک اونچے ٹیلے کی آڑ میں بیٹھ گیا۔ اس نے مجھے بتایا کہ رائفل
سے چلانا چاہیے۔ کس طرح چلائی جاتی ہے۔ اب وہ جیپ اس رائفل کی رینج میں آگئی تھی۔
نے نشانہ باندھ کر ایک فائر کر دیا۔ اس نے جیپ کے ٹائر کا نشانہ لیا تھا۔ نشانہ ٹھیک ٹھیک تھا۔
پنکچر ہو گیا۔ جیپ کا توازن قائم نہ رہ سکا۔ وہ الٹ گئی۔ پھر گل خان اور میں نے تابڑ توڑ
نا شروع کر دیا۔ کچھ پتا نہیں چل سکا کہ ان لوگوں کا کیا حشر ہوا۔
خان نے کہا۔ ''اب ہم یہاں سے بھاگ چلتے ہیں۔ جتنی دیر میں وہ بدمعاش سنبھلیں گے۔
ہم پشاور شہر پہنچ جائیں گے...... اور پھر ان میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ اپنی جگہ سے ہٹیں یا تعاقب

ہم دونوں تیز تیز قدم اٹھاتے ہوئے بس اڈے کی طرف لپکے جو نصف میل کے فاصلے پر تھا۔
کہنے پر میں نے اپنا ریوالور اور رائفل ایک گڑھے میں پھینک دی۔ گل خان نے بھی اپنی
میں ڈال کر اس پر لکڑیاں اور مٹی ڈال دی تا کہ کسی کی نظر نہ پڑ سکے۔ ہم نے اسلحہ اس لیے
یا تھا کہ پولیس ہمیں بغیر لائسنس کے اسلحہ رکھنے پر گرفتار کر سکتی تھی۔
اڈے پر پہنچ کر ہم دونوں بس میں سوار ہوئے تو لوگوں نے ہمیں ایسی نظروں سے دیکھا جیسے
ری ہوں۔ کیوں کہ ہمارے کپڑے بہت میلے کچیلے ہو رہے تھے۔ گل خان کے پاس پچاس کا
تھا۔ اس نے دو ٹکٹ لیے۔

قصہ خوانی بازار کے قریب جو بس اسٹاپ تھا وہاں اتر گئے۔ اس بازار میں اس کے چچا کی
دکان تھی۔ اس وقت بازار میں بہت رش تھا۔ چلتے چلتے میں ایک دم ٹھٹک کر رک گیا۔ میری
نیچے اوپر کی اوپر رہ گئی۔ جسم میں خون سرد ہو گیا۔ مجھے اپنی نظروں پر یقین نہیں آیا۔ میری
ان بدمعاشوں پر پڑی جو شکاری کتوں کی طرح ہماری بو سونگھتے پھر رہے تھے۔ میں دل میں
کہ ان بدمعاشوں کو کیسے پتا چل گیا۔ وہ اتنی جلدی یہاں کیسے پہنچ گئے؟

میں نے گل خان کو بتایا تو ہم دونوں بھیڑ بھاڑ کو چیرتے ہوئے ایک سمت بھاگے۔
دونوں بچھڑ گئے۔ پھر میں بازار کی گلیوں سے بھاگتا ہوا مین روڈ کی طرف آنکلا۔ وہاں تا
اسٹیشن کی صدا لگا رہے تھے۔ میری جیب میں دس روپے پڑے تھے۔ میں فوراً ایک تا
تانگے میں صرف تین سواریاں تھیں۔ وہ مزید تین سواریوں کے لیے آوازیں لگا رہا تھا۔
غیر ہو رہی تھی اور پیشانی عرق آلود...... میرے پاس پیسے ہوتے تو میں پورا تانگہ یار
اسٹیشن پہنچ جاتا۔ خدا خدا کر کے تین سواریاں آگئیں۔ تانگہ چل پڑا۔

میں ریلوے اسٹیشن پہنچا تو پتا چلا کہ کراچی جانے کے لیے ریل گاڑی تیار کھڑی
کے بعد روانہ ہونے والی ہے۔ میری جیب میں صرف دو روپے پڑے تھے۔ میں تو پلیٹ
خرید نہیں سکتا تھا۔ کراچی تک کا ٹکٹ کیا خریدتا۔ میں ایک ایسی جگہ چھپ کر کھڑا ہو گیا
فارم پر آنے والوں کو دیکھ سکتا تھا۔ لیکن وہ مجھے دیکھ نہیں سکتے تھے۔ جس وقت گاڑی نے
دی میں لپک کر سامنے تھرڈ کلاس کے ڈبے میں گھس گیا جو مسافروں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا
غیر ارادی طور پر پلیٹ فارم پر مخالف سمت اٹھی تو میرا دل حلق میں اچھل کر دھڑکنے
بدمعاش ایک عمر رسیدہ قلی سے کچھ پوچھ رہے تھے۔ یہ وہی قلی تھا جس سے میں نے اس
کے بارے میں دریافت کیا تھا۔ یہ بھی پوچھا کہ اس کا پشاور سے کراچی تک کا ٹکٹ کتنے کا
ان بدمعاشوں کو بتا رہا تھا کہ اس نے اس حلیے کے لڑکے کو دیکھا ہے۔ جس کے بارے میں
کر رہے تھے۔ پھر وہ پانچوں ایک ڈبے کی طرف لپکے۔ میں ایک کونے میں مسافروں
میں دبک گیا۔

جب کسی اسٹیشن پر گاڑی رکتی تھی وہ بدمعاش میری تلاش میں ڈبوں میں جھانکتے پھر
میرے جانی دشمن بنے ہوئے تھے۔ اور خون کے پیاسے ہو رہے تھے۔ ایک دو بدمعاشوں
سے میرے ڈبے میں جھانکا بھی تھا۔ میں نے چوں کہ اپنے آپ کو پوری طرح چھپایا ہوا تھا
کی نظروں میں نہ آسکا۔ سہ پہر کے وقت ایک پختون خاندان کی عورت نے مجھے بسکٹ اور
تھی۔ پھر اس کے سوا کھیل تک اڑ کر منہ میں نہیں گئی۔ کوٹری تک سفر خیریت سے گزر گیا۔
لگ رہی تھی۔ ڈبے میں اتفاق سے کسی کے پاس پانی نہیں تھا۔ میں پانی پینے کے لیے
اسٹال کی طرف جا رہا تھا کہ زردار خان جو ایک ڈبے کی کھڑکی کے پاس بیٹھا تھا۔ اس نے
پھر وہ چیخا۔ رک جاؤ۔ میں اسے دیکھتے ہی بھاگا اور آپ کے کمپارٹمنٹ میں گھس آیا۔
کہانی......!"

☆......☆......☆

"تمہاری کہانی بڑی دردناک اور غم ناک ہے۔ لیکن دوسری طرف تمہاری بہادری
شجاعت سے پر ہے۔" عقرب کہنے لگا۔ "تمہاری جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔
خطرناک شخص اور مافیا سے ٹکر لی۔ وہ تمہارے تعاقب میں اس لیے لگے ہوئے ہیں کہ کہیں تم



میں سب کچھ نہ بتا دو۔"
اب میں اپنے گھر جانا چاہتا ہوں۔" فیروز نے کہا۔ "میرا دل ماں، بھائی اور بہنوں سے ملنے کو
رہا ہے۔
میں تمہیں ابھی لیے چلتا ہوں۔" عقرب نے کہا۔ "مجھے تمہاری بے قراری اور بے چینی کا اندازہ

نہیں وہ بدمعاش میری تلاش میں میرے گھر تک پہنچ تو نہیں جائیں گے......؟" فیروز نے
لہجے میں پوچھا۔
"اس امکان کو مسترد نہیں کیا جاسکتا۔" عقرب نے کہا۔ "انہوں نے ذاکر خان سے یقیناً
گھر کے بارے میں معلوم کیا ہوگا...... وہ یقیناً تمہارے گھر پہنچیں گے۔ کیوں کہ حاکم خان نے
کہا ہوگا کہ تم سارے فساد کی جڑ ہو لہٰذا تمہیں قتل کر دیا جائے یا پھر پکڑ کر لایا جائے تاکہ وہ تم سے
لے۔ تم نے اسے تباہ و برباد کر کے رکھ دیا۔"
حاکم خان کے پیروں پر گولیاں گل خان نے چلائیں...... میں نے نہیں۔" فیروز نے کہا۔
اصل بات یہ نہیں ہے...... اصل بات یہ ہے کہ سارا منصوبہ تم نے بنایا۔ بغاوت اور سرکشی کی۔
اور اس کے گروہ کے ایک آدمی کو قتل کر دیا گیا۔ لڑکوں کے فرار ہونے سے اسے سولہ لاکھ ریال کا
ہوا۔ یہ کوئی معمولی نقصان نہیں ہے۔ تم نے اس کا شیرازہ بکھیر کر رکھ دیا...... اور تم ان تمام لڑکوں
عمر میں بڑے بلکہ ذہین، ہوشیار اور بہادر بھی ہو۔ اس کے خیال میں یہ ساری کارستانی
ہے۔ وہ بھلا تمہیں کیسے معاف کر سکتا ہے؟"
ہو سکتا ہے کہ بدمعاش میرے گھر پہنچ کر وہاں انتظار کر رہے ہوں اور میرے گھر والوں کو
رہے ہوں۔" فیروز نے تشویش ناک لہجے میں کہا۔
میرا خیال ہے کہ ہمیں ابھی اور اسی وقت روانہ ہونا چاہیے۔" عقرب نے کہا۔ "وہ ذلیل، کمینے
قسم کے لوگ ہیں۔ وہ کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ ان کا کوئی بھروسا نہیں۔"
کیوں نہ ہم یہاں سے سیدھے پولیس اسٹیشن چلیں۔" فیروز نے کہا۔ "پولیس کو میں صورت حال
بتا دوں گا۔ پولیس ان کے خلاف ضرور ایکشن لے گی اور انہیں حوالات میں بند کر دے گی۔"
پولیس کی مدد کی کوئی ضرورت نہیں......" عقرب نے کہا۔ "میں خود ہی ان بدمعاشوں سے نمٹ

عقرب، فیروز کو اپنے ساتھ لے کر اس کے گھر پہنچا۔ اس نے فیروز سے کہا کہ وہ پہلے اندر جائے۔
اندر موجود ہیں۔ اسے گھبرانے، پریشان، فکرمند اور ہراساں ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔
انہوں نے کچھ زیادہ بدمعاشی دکھائی تو وہ اندر آجائے گا۔ ان بدمعاشوں سے نمٹ لے گا۔
نے ایک لمحے کے لیے دل میں سوچا تھا کہ یہ کیسے اور کیوں کر ممکن ہے کہ عقرب تنہا جس کے
پستول تو کیا چاقو تک بھی نہیں ہے بیک وقت پانچ خطرناک اور مسلح بدمعاشوں سے مقابلہ

کرے۔ عقرب نے اس قدر وثوق اور پراعتماد لہجے میں کہا تھا کہ اس نے عقرب کی با...
لیکن وہ غیر متزلزل سا تھا۔

فیروز نے دروازے پر دستک دی تو اس کے چھوٹے بھائی فاروق نے دروازہ کھولا...
دیکھ کر وہ چونک پڑا اور اس کے دل پر چابک سی لگی۔ فاروق کا چہرہ پیلا سا پڑا ہوا تھا...
سے وحشت جھانک رہی تھی۔ اس کی بھیگی آنکھیں بتا رہی تھیں وہ بہت رو چکا ہے۔ اس...
خستہ ہو رہی تھی۔

فیروز نے جیسے ہی گھر میں قدم رکھا زردار خان نے اسے پیچھے سے آ کر دبوچ لیا...
کے نیچے چھرا رکھ دیا۔ پھر وہ اسے نشست گاہ میں لے آیا جہاں اس کی ماں اور بہنیں موجود...
علاوہ چاروں بدمعاش ایک طرف ان سب پر پستول تانے کھڑے ہوئے تھے۔ ماں...
فیروز کو دیکھا تو ان کے چہرے یک لخت خوشی سے روشن ہو گئے۔ اگلے لمحے بلب کی...
ان کی آنکھیں حیرت اور خوف سے پھیل گئیں۔

میرا بیٹا کہہ کر فیروز کی ماں شوکت جہاں بیٹے کی طرف بڑھی تو ایک بدمعاش تیز...
میں حائل ہو گیا۔ اس نے خشونت آمیز لہجے میں کہا۔ ''نہیں...... تم اپنے بیٹے سے نہیں مل...

''میں کیوں نہیں مل سکتی......؟'' شوکت جہاں نے تڑپ کر کہا۔ ''یہ میرا بیٹا...
ہے۔ یہ کئی دنوں سے......''

''زبان بند رکھ بڑھیا!'' زردار خان نے کرخت لہجے میں کہا۔ ''تمہارا بیٹا! ہمارا...
اسے لے کر جا رہے ہیں تا کہ اسے ایسی عبرت ناک سزا دیں کہ یہ تڑپ تڑپ کر مر جائے۔''

''نہیں...... نہیں...... میرے بیٹے کو مت لے جاؤ۔ اسے مت مارو۔'' شوکت جہاں...

''ہمیں اسے لے جانے سے کوئی نہیں روک سکتا ہے۔'' دوسرے بدمعاش نے...
کہا۔

''آخر میرے معصوم بھائی کا قصور کیا ہے...... یہ تو بتاؤ......'' فیروز کی بڑی بہن...
نظروں سے اسے دیکھا۔

''معصوم بھائی......'' اس بدمعاش نے ہنستے ہوئے کہا۔ پھر اس نے ایک قہقہہ لگایا۔ ''...
بھائی کو معصوم کہہ رہی ہو! گو کہ یہ ابھی بچہ ہے لیکن ایک نمبر کا شیطان ہے۔ آفت ہے۔ اس...
پہنچایا اس کی تلافی نہیں ہو سکتی ہے۔ اس کی وجہ سے ہمارے ایک ساتھی کا قتل ہو گیا۔...
زخمی حالت میں اسپتال میں داخل ہے۔ اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں ہے۔ تو کیا ایسے...
چھوڑ دیں۔ معاف کر دیں۔ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔''

''میرا بھائی تو ایک مرغی تک ذبح نہیں کر سکتا وہ کیسے کسی کو قتل یا زخمی کر سکتا ہے۔''...
لگی۔ ''تم جھوٹ بول رہے ہو...... میرے بھائی پر یہ سراسر بہتان ہے۔ اس نے کوئی جرم...

''زردار خان!'' اس کے ساتھی نے کہا۔ ''تم باتوں میں وقت کیوں ضائع کر رہے...



...ہمیں گل خان کو بھی تلاش کرنا ہے۔ وہ پشاور میں ہوگا۔ حاکم خان نے کہا ہے کہ ان دونوں کو
...زندہ لا کر حاضر کرو۔''

...میرے بھائی کو لے جا نہیں سکتے ہو؟'' ریحانہ نے ہذیانی لہجے میں چیختے ہوئے کہا۔

......'' زردار خان نے حقارت سے کہا۔ ''اگر تم نے یا کسی اور نے رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی
...کرنے سے دریغ نہیں کریں گے۔ یہ کمینہ، ذلیل، سور ہمارا مجرم ہے۔ تم نے زیادہ شور مچایا تو
...سے محروم ہو جاؤ گی۔''

...میرے بیٹے کو لے گئے تو میں غم سے مر جاؤں گی......؟'' شوکت جہاں رونے لگیں۔

...پ بے فکر رہیں۔'' عقرب نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔ ''ان حرام زادوں کی کیا
...فیروز کو ساتھ لے جائیں۔''

...کے علاوہ سب ہی نے چونک کر عقرب کی طرف دیکھا۔ ''تم...... میں نے تمہیں شاید
...ن پر دیکھا تھا۔ تم یہاں کیسے......؟ تمہاری یہ مجال کہ تم ہمیں حرام زادے کہو......'' زردار
...ڑھ گیا۔

...جیسے جرائم پیشہ لوگوں، بدمعاشوں کو اور کیا کہا جائے......؟ تم لوگ انسان نہیں درندہ ہو۔''
...کہا۔

...ن ہے جو بہت اکڑ دکھا رہا ہے......'' ایک بدمعاش نے زردار خان سے کہا۔ ''میں کیا اس
...مت کر دوں؟''

...میں پوچھنے کی کیا بات ہے۔'' زردار خان نے کہا۔ ''اس کی مزاج پرسی کر کے اسے کسی
...ال دو۔''

...معاش عقرب کی مزاج پرسی کرنے اس کی طرف بڑھا۔ اس نے عقرب کے منہ پر مکا مارنے
...اٹھانا چاہا تو اس کا ہاتھ اٹھ ہی نہیں سکا۔ وہ شل ہو گیا۔ اسے ایسا لگا جیسے اس کی ساری طاقت
...۔ ہاتھ بے جان اور مردہ ہو گیا ہے۔

...ات ہے؟'' عقرب مسکرایا۔ ''اس طرح کھڑے میری شکل کیا دیکھ رہے ہو؟ تم ڈر کیوں

...لوم نہیں...... میرے ہاتھ کو کیا ہو گیا ہے۔'' وہ بھونچکا سا ہو کر زردار خان سے بولا۔ ''میرا
...رہا ہے؟''

...میرا ہاتھ تو اٹھ رہا ہے۔'' یہ کہہ کر عقرب نے اس کے منہ پر ایک زوردار مکا دے مارا۔
...معاش کے دو دانت ٹوٹ کر باہر نکل آئے۔ اس کا جبڑا ٹوٹ گیا اور منہ سے خون بہنے لگا۔ وہ
...چیخ مار کر لڑکھڑاتا ہوا دیوار سے جا ٹکرایا اس کی کھوپڑی بج اٹھی اور اسے دن میں تارے نظر

...خان نے حیرت سے عقرب کی شکل دیکھی۔ پھر اس نے غصے سے اپنے ساتھیوں سے کہا۔''

تم تینوں اس کی شکل کیا دیکھ رہے ہو......؟ جلدی سے اس کے ہوش ٹھکانے لگادو......
ہم یہاں سے نکل پڑیں۔"

شوکت جہاں، ریحانہ، فاروق اور فیروز کی چھوٹی بہن تابندہ نے اس بدمعاش
انہیں بڑی خوشی ہوئی تھی۔ وہ سب دل میں حیران اور خوش تھے کہ یہ کون شخص ہے جوان
ہے۔ جب انہوں نے زردار خان کا آخری جملہ سنا اور اس کے تینوں ساتھیوں کو عقرب
اور اسے گھیرے میں لیتے ہوئے دیکھا تو ان کے چہرے زرد پڑ گئے۔ انہوں نے جان
کی خیر نہیں ہے۔

عقرب بڑے سکون و اطمینان سے کھڑا رہا۔ ان تینوں بدمعاشوں نے اپنی
نکالے۔ ایک جھٹکے سے کھول لیے۔ اگلے لمحے ان کے ہاتھوں سے چاقو چھوٹ
انہوں نے جھک کر چاقو اٹھانا چاہے۔ اسے ہاتھ لگاتے ہی اس طرح سے اپنے ہا
دہکتے ہوئے انگارے ہوں۔

"یہ تم تینوں کیا مذاق کررہے ہو......؟" زردار خان نے برہمی سے کہا۔ "
ہے......؟"

"زردار خان!" ایک نے کہا۔ "نجانے کیا بات ہے کہ چاقو انگاروں کی طرح
انہیں ہاتھ لگاتے ہی ہمارے ہاتھ بری طرح جھلس گئے ہیں...... یقین نہ آئے تو تم
دیکھو......"

"یہ تم نہیں بول رہے ہو تمہارا نشہ بول رہا ہے۔" زردار خان نے برہمی سے کہا۔ "
سے کتنی بار کہا ہے کہ سفر میں یا کہیں اور جاتے وقت نشہ نہ کیا کرو۔ لیکن تم لوگ میری ایک

"زردار خان! ہم نشے میں نہیں ہیں۔" دوسرے بدمعاشوں نے کہا۔ "یہ
یقین نہیں ہے تو خود ہی ہاتھ لگا کر دیکھ لو۔ صرف ایک نہیں تینوں چاقو انگارے بن گئے

زردار خان نے فیروز کے گلے کے نیچے سے چھرا ہٹایا۔ فیروز کو اپنے ایک سا
دیتے ہوئے کہا۔ "اسے سنبھالو میں دیکھتا ہوں کہ یہ چاقو کیسے گرم ہو گئے ہیں۔ یا تم
دماغ کیسے خراب ہو گیا ہے؟"

ایک بدمعاش نے فیروز کو دبوچ لیا۔ زردار خان نے اپنا چھرا دوسرے ہاتھ میں
چاقوؤں کی طرف بڑھا جو فرش پر پڑے ہوئے تھے۔ اس نے جیسے ہی ایک چاقو کے
ایک دم سے اچھل پڑا۔ اسے ایسا لگا جیسے وہ کوئی دہکتا ہوا انگارہ ہو۔ اس کا ہاتھ جل سا گیا
بائیں ہاتھ سے چھرا چھوٹ کر فرش پر گر پڑا۔ وہ چھرا اٹھانے کی بجائے اپنا ہاتھ سہلا
ٹھکانے آ گیا تھا۔

"اب ہماری بات کا یقین آ گیا۔" اس بدمعاش نے کہا جس نے فیروز کو دبوچ
"حیرت کی بات ہے۔ ناقابل یقین بات ہے۔ یہ کیسے ہو گیا؟" زردار خان



لگیں۔ اس میں اتنی ہمت نہیں رہی تھی کہ وہ دوسرے چاقوؤں کو ہاتھ لگا کر دیکھتا۔ وہ بری
طرح دہشت زدہ سا ہو گیا تھا۔

جلدی سے کسی ڈاکٹر کے پاس لے چلو......" زخمی بدمعاش نے کراہتے ہوئے کہا۔ "میری
حالت خراب ہو رہی ہے۔ تکلیف ناقابل برداشت ہو رہی ہے۔ میں کہیں مر نہ جاؤں......"

منٹ صبر کرو۔" زردار خان نے اس سے تیز لہجے میں کہا۔ "میں اس کی خبر لے لوں۔ اس
حساب بے باق کرلوں۔ پھر ہم چلتے ہیں۔ نجانے یہ کون مردود ہے جو اندر گھس آیا ہے۔ اس کی
یہاں کھینچ لائی ہے۔"

بات ختم کر کے وہ چھرا اٹھانے کے لیے جھکا۔ اس نے جیسے ہی چھرے کو ہاتھ لگایا اسے ایک
لگا۔ اس کا چھرا ابھی انگارے کی طرح دہک رہا تھا۔ وہ ایک دم سے لال ہو گیا تھا۔ زردار
زدہ سا ہو گیا اور گھبرا کر ایک قدم پیچھے ہٹا۔ اس کا چہرہ سفید پڑتا چلا گیا۔

کیا ہوا زردار خان!" عقرب نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا۔ "تم لوگ خاموش
ہو؟ چاقو کیوں نہیں اٹھا رہے ہو......؟ میرا کام تمام کیوں نہیں کررہے ہو؟ یہ تم لوگوں کو
گیا ہے؟"

تم...... ہمارا مذاق اڑا رہے ہو...... یہ چاقو...... گرم ہو گئے نہ ہوتے تو تمہاری لاش خون
ہوتی۔" اس نے دانت پیستے ہوئے کہا۔ "لیکن اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ ہم تمہیں گلہ دبا کر
ہیں۔ پھانسی دے سکتے ہیں۔"

نے آگے بڑھ کر اس کا چھرا اٹھا لیا۔ پھر اسے الٹ پلٹ کر دیکھتے ہوئے بولا۔ "یہ تو بالکل
لیکن ہے کس قدر خوفناک...... اس کی دھار بھی کتنی تیز ہے۔ یہ لو...... اپنا چھرا اپنے پاس
طرح سے آئے ہو اسی طرح واپس چلے جاؤ۔ تم لوگ فیروز کو نہ تو اغوا کر کے لے جا سکتے ہو
کر سکتے ہو۔"

نے اس کی طرف چھرا اچھال دیا۔ زردار خان نے جیسے ہی لپک کر اسے فضا میں پکڑا اسے
کے ہاتھ میں دہکتا ہوا انگارہ آ گیا ہو۔ اس کے ہاتھ سے چھرا چھوٹ کر فرش پر گر پڑا۔ وہ اپنا
نے لگا۔

زردار خان!" ایک بدمعاش نے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ اس گھر میں کوئی آسیب ہے اس لیے
رہا ہے......"

نے ٹھیک اندازہ لگایا۔" عقرب نے اس کی تائید کی۔ "واقعی اس گھر میں ایک جن کا بسیرا
چاہتا ہے کہ تم لوگ اس گھر کے کسی فرد کو نقصان پہنچاؤ۔ اس لیے چھرا اور چاقو انگارے بن
اپنے کمالات دکھا رہا ہے۔ یہ دیکھو...... چھرے اور چاقوؤں میں آگ لگ گئی ہے۔"

نے حیرت اور خوف سے دیکھا۔ چھرے اور چاقوؤں میں آگ لگ گئی تھی۔ وہ جلنے
انگاروں کی طرح سرخ ہو گئے تھے۔ ان میں سے دھواں اٹھنے لگا تھا۔ وہ چند لمحوں میں جلتے

جلتے جل کر راکھ بن گئے۔

ایک بدمعاش نے خوف زدہ لہجے میں کہا۔ ''ہاں...... مجھے ایسا لگتا ہے کہ اس
سایہ ہے۔ اس لیے وہ آگ لگ گئی۔ زردار خان! یہاں سے چل نکلو...... ورنہ ہماری خیر نہ

''تم لوگ جانے سے پہلے اس جن کی شکل کو تو دیکھتے جاؤ۔'' عقرب نے کہا۔ ''ان
تا کہ حاکم خان کو بتا سکو۔ ورنہ حاکم خان تم لوگوں کی کسی بات کا یقین نہیں کرے گا۔ تمہیں

''کوئی جن ون نہیں ہے۔'' زردار خان نے سنبھل کر کہا۔ ''کوئی اور ہی چکر ہے۔
بے وقوف بنا رہا ہے۔''

''تم اس طرح نہیں مانو گے......'' عقرب نے جواب دیا۔ ''ذرا اس طرف دیکھو
صاحب تشریف لانے والے ہیں۔''

عقرب نے چھت کی طرف اشارہ کیا۔ سب نے حیرت اور خوف سے اس جانب
سے دو تین فٹ نیچے ایک نیلی روشنی ہوئی پھر وہ سفید دھوئیں میں بدل گئی۔ پھر اس دھوئیں میں
ابھری۔ ایک باریش نورانی چہرہ سامنے تھا۔ جس کے چہرے پر ایک جلال تھا۔ بڑی بڑی آ
ناک ہو رہی تھیں جن کو دیکھتے ہی بدمعاشوں کی سٹی گم ہو گئی۔ فیروز اور اس کے گھر والوں پر
طاری ہو گیا۔ وہ سکتے کی سی حالت میں جن کو دیکھ رہے تھے۔

ایک لمحے کے بعد دھواں اور جن غائب ہو گیا۔ زردار خان اور اس کے ساتھی ایک
کی سی تیزی سے اس طرح سے نکل بھاگے جیسے کوئی عفریت ان کے تعاقب میں ہو۔ عقرب
بڑھ کر دروازہ بند کر دیا۔

جب عقرب واپس کمرے میں آیا تو اس نے دیکھا کہ شوکت جہاں، فیروز کو گلے سے لگا
تھیں اور اس کی بلائیں بھی لے رہی تھیں۔ سب کی آنکھیں پرنم تھیں۔ عقرب خاموشی سے
کھڑا یہ رقت آمیز منظر دیکھتا رہا۔

چند لمحوں کے بعد شوکت جہاں نے عقرب کی طرف دیکھتے ہوئے فیروز کو الگ کر کے
پونچھے اور اس سے کہا۔ ''آپ کون ہیں......؟ آپ جو بھی ہیں ہمارے محسن ہیں...... آپ
بیٹے کو ان بدمعاشوں سے بچا لیا۔''

''امی!......'' فیروز نے کہا۔ ''میں ان کی مہربانی سے خیریت سے گھر پہنچا ہوں۔ ورنہ
مجھے اسٹیشن سے اغوا کر کے لے جاتے...... انہوں نے مجھے اپنے جادو کے زور سے لڑکی بنا
لیے میں ان بدمعاشوں کے ہتھے نہیں چڑھ سکا۔''

''آپ...... آپ جادوگر ہیں......؟'' ریحانہ نے متعجب لہجے میں کہا۔ ''آپ نے
زبردست جادو دکھایا۔''

''میں جادوگر نہیں ہوں۔'' عقرب نے جواب دیا۔ ''دراصل شعبدہ بازی میں نے ایک
سیکھی ہوئی ہے۔ شعبدہ بازی نہ صرف ایک بہت بڑا فن ہے بلکہ کسی قدر جادو سے قریب ہے۔



ابھی قدرے داخل ہے۔ آپ لوگوں نے جو کچھ دیکھا وہ سب کچھ شعبدہ بازی تھی۔ جادو نہ تھا۔''

عقرب نے یہ بات اس لیے بنائی تھی کہ وہ نہیں چاہتا تھا کہ انہیں اس کے بارے میں یہ معلوم
کہ وہ جادوگر ہے۔

''کیا...... کیا...... وہ جن ماموں اس گھر میں موجود ہیں۔'' فاروق نے ڈرتے ڈرتے کہا۔

''نہیں......'' عقرب نے جواب دیا۔ ''اس گھر میں نہ کوئی جن ہے نہ کوئی آسیب ہے۔ یہ شعبدہ
کا ایک اعلیٰ نمونہ تھا جو میں نے دکھایا تھا۔ آپ لوگ اپنے دلوں سے ہر قسم کا خوف نکال دیں۔''

☆......☆......☆

نے اپنی ماں بھائی اور بہنوں کو وہ ساری کہانی مختصر الفاظ میں سنائی جو اس نے عقرب کو سنائی
انہ چائے بنا کر لائی تھی۔ وہ سب چائے بھی پی رہے تھے اور فیروز کی زبانی اس کی دردناک
ن رہے تھے۔

ب فیروز اپنی کہانی سنا چکا تو شوکت جہاں نے کہا۔ ''تمہاری پراسرار گمشدگی نے ہمیں غمگین اور
دیا تھا۔ ہم سب نے رو رو کر برا حال کر لیا۔ پولیس اسٹیشن میں تمہاری گمشدگی کی رپورٹ درج
ی تو وہاں کے ایک سپاہی نے رپورٹ درج کرنے کے بجائے یہ کہا کہ...... تمہارا لڑکا آوارہ اور
گا۔ برے لڑکوں کی صحبت نے اسے خراب کر دیا ہوگا۔ شاید وہ نشہ کرتا ہوگا۔ کسی بدمعاش کے
ل گیا ہوگا۔ رپورٹ درج کرانے سے کچھ حاصل نہ ہوگا...... ہاں سو دو سو روپے ناشتا پانی کے
رپورٹ درج کیے لیتا ہوں۔ پھر میں واپس آ گئی۔

رے دن میں ریحانہ کے ہار لے کر شیرو کے پاس گئی۔ اسے دس ہزار روپے میں گروی رکھ دیا
ر اس کے عوض میں نے سود پر قرض لیا۔ اس کے سوا کوئی چارہ بھی نہیں تھا۔'' شوکت جہاں کی
ی گئی۔

''امی!......'' فیروز نے بڑے دکھ اور حیرت سے تیز لہجے میں کہا۔ ''آپ اس مردود، بدمعاش کے
لی گئیں۔ جس نے میری جیب سے چوڑیاں نکال لیں۔ جو چور ہے۔ یہ کیا کیا آپ نے......
تر تھا کہ آپ زیورات صرافہ بازار میں لے جا کر بیچ دیتیں۔''

''میں نے اس کے پاس جا کر اس سے کہا تھا کہ تم نے میرے بیٹے کی جیب سے سونے کی
ال کر اچھا نہیں کیا۔ وہ مجھے دے دو۔ اس نے قسمیں کھائیں اور کہا کہ اس نے کوئی چوڑیاں
ں۔ شاید بھگدڑ کے دوران بھاگتے ہوئے اس کی جیب سے چوڑیاں گر گئی ہوں گی۔ مجھے اس
یقین آ گیا۔ میں نے ہار بیچنے کی بجائے اس لیے اسے گروی رکھوا دیا کہ وہ بہت قیمتی ہے۔
ب ملازمت کرنے لگی تب اسے چھڑا لیں گے...... صرافہ بازار میں ہار لے کر اس لیے نہیں گئی
ہ اس طرح سے کم قیمت پر خریدتے ہیں جیسے وہ چوری کا مال ہو۔''

''وہ بڑا کمینہ اور ذلیل شخص ہے امی!'' فیروز نے کہا۔ ''اس نے صاف جھوٹ بولا ہے۔ چوڑیاں
سے نہیں گریں۔ وہ ایک نہیں ایک ہزار جھوٹی قسمیں کھاتا ہے۔ اس کا کوئی دین ایمان نہیں

ہے۔آپ نے اس کی بات کا یقین کرلیا۔وہ کسی قیمت پر ہار نہیں دے گا۔ٹال مٹول کرتا
کھا جائے گا۔وہ سود خور ہے پورا یہودی ہے۔“

”کیسے نہیں دے گا...... “شوکت جہاں نے کہا۔”اس نے ہار کی رسید دی ہوئی
کی وصول یابی کی رسید بھی لی ہوئی ہے۔جب پوری رقم ادا کروں گی تب اسے ہار دینا پڑ
پاس ثبوت موجود ہے۔“

”اچھا آپ لوگ میرے ساتھ چلیں اس کے پاس چلیں۔میں اسے رقم ادا کر
ہوں۔“عقرب نے کہا۔

”لیکن ...... ہمارے پاس رقم نہیں ہے کہ ادا کر کے اس سے ہار لے سکیں۔“
بولیں۔

”میرے پاس ہے...... “عقرب نے کہا۔”فیروز کا کہنا درست ہے کہ اس کی نیت میں فتور

تھوڑی دیر کے بعد فیروز اور شوکت جہاں عقرب کو ساتھ لے کر شیرو کے گھر کی
ہوئیں۔لیکن وہ عقرب کی طرف سے دل میں مشکوک سی ہو رہی تھیں کہ یہ اجنبی شخص آخر کس
اخلاص کا مظاہرہ کر رہا ہے۔کہیں اس میں کوئی مطلبی جذبہ کارفرما تو نہیں ہے۔وہ کیوں اور
سے ہار لے کر دے رہا ہے؟ کہیں وہ کسی بہانے ہڑپ تو نہیں کر لے گا؟ گو کہ اس شخص نے
بازی کا فن اور اس کے کمالات سے خطرناک بدمعاشوں کو بھگا دیا تھا۔وہ اپنی وضع قطع اور
سے ایک نیک اور شریف لڑکا دکھائی دیتا ہے۔اچھے گھرانے کا بھی معلوم ہوتا ہے۔

دراصل ان کا اعتبار دنیا والوں سے ختم ہو گیا تھا۔انہوں نے شوہر کی موت کے بعد بہت
تھے۔ان میں کتنے زخم ہرے تھے۔انہیں ایسا لگتا تھا کہ یہ زخم کبھی مندمل نہیں ہوں گے...... ان
سے لہو ساری زندگی رستا رہے گا۔

شیرو نے اپنے گھر کے سب سے بڑے کمرے میں دفتر کھولا ہوا تھا۔ایک بہت بڑی
آہنی تجوری تھی جس میں گروی رکھے ہوئے زیورات رقم اور وہ کھاتے رکھے ہوئے تھے۔جس
لینے والوں کے نام پتے تھے۔فائلیں بھی تھیں۔جن میں رقم وصول کرنے والوں کی رسیدیں
اس تجوری میں اس کا پورا دفتر اور حساب کتاب موجود تھا۔

وہ ایک بہت بڑی چوکی جو تجوری کے قریب تھی اس پر بیٹھا ہوا تھا۔دو عورتیں چوکی پر
سامنے بیٹھی ہوئی تھیں۔دو اور عورتیں کرسیوں پر بیٹھی ہوئی اپنی باری کا انتظار کر رہی تھیں۔شیرو
تینوں کو چونک کر دیکھا۔پھر اس نے شوکت جہاں سے کہا۔

”مبارک ہو آنٹی! آپ کا بیٹا آپ کو مل گیا۔فیروز کہاں چلا گیا تھا؟ گھر کب واپس آیا؟“

”فیروز بغیر اطلاع دیئے حیدرآباد اپنی خالہ سے ملنے گیا تھا۔آج ہی واپس آیا ہے۔“
جہاں نے کہا۔

”اچھا...... میں ان عورتوں کو نمٹا دوں...... پھر آپ سے بات کرتا ہوں۔“شیرو نے کہا۔“



بہت ہی ہے۔“شوکت جہاں نے جواب دیا۔”میں رقم ادا کر کے ہار لینے آئی ہوں۔“
نے ان کی بات کا جواب نہیں دیا۔وہ سامنے بیٹھی ہوئی عورتوں کی طرف متوجہ ہو گیا۔”ہاں تو
آپ کیا کہہ رہی تھیں...... آپ کو زیورات چاہئیں۔آپ پچیس ہزار کی رقم لائی ہیں؟“
نہیں پندرہ ہزار روپے لائی ہوں بیٹے!“اس عورت نے جواب دیا۔”آئندہ مہینے میری
ملنے والی ہے جو پندرہ ہزار روپے کی ہے۔پھر میں دس ہزار روپے دے دوں گی۔“
پوری رقم چاہیے۔“شیرو نے سرد مہری سے جواب دیا۔”جب تک پوری رقم نہیں مل جاتی
نہیں دوں گا۔“

دیکھو...... میری بیٹی کی ایک ہفتہ کے بعد شادی ہے۔“عورت نے التجا بھری آواز میں کہا۔
نے جس طرح پوری رقم دی ہے اسی طرح تم بھی میری پوری رقم دو اور زیورات لے جاؤ۔“
سابقہ لہجے میں کہا۔

دیکھو...... میں اس پچیس ہزار کی رقم پر اب تک تیس ہزار روپے سود ادا کر چکی ہوں۔کچھ تو خیال
بیٹی کی شادی ہی کا نہیں بلکہ میری عزت کا بھی سوال ہے۔تم اس قدر سنگ دل نہ بنو۔کیا مجھے
ہو۔“

مجھے تمہاری بیٹی کی شادی اور عزت سے کوئی سروکار نہیں ہے۔مجھے رقم چاہیے۔“شیرو نے بے
کہا۔

تم اس کے زیورات دے دو۔“عقرب نے کہا۔”دس ہزار روپے میں دے رہا ہوں۔ماں جی!
ہزار روپے میں میرے دس ہزار روپے ملا کر دے دیں۔“عقرب نے جیب سے ہزار ہزار
نوٹ نکال کر اس کی طرف بڑھائے۔

عورت بھونچکی سی ہو گئی۔اسے یقین نہیں آیا۔اس نے خواب کی سی حالت میں ان نوٹوں کو دیکھا۔
حال اور دوسری عورتوں نے اور زیورات لئے جو عورت آئی تھی اس کے ساتھ جو عورت تھی وہ
رہ گئیں۔شیرو کا منہ بن گیا۔اسے یقین نہیں آیا کہ ایک اجنبی شخص دس ہزار جتنی بڑی رقم دے
ہے۔اس کی نیت میں فتور تھا۔وہ نہیں چاہتا تھا کہ یہ عورت زیورات لے جائے۔اسے جو سود ملتا
کے لیے منافع بخش تھا۔وہ سود میں اصل رقم سے زیادہ وصول کر چکا تھا۔
لیکن میں دس ہزار کی رقم بیٹا! تمہیں آئندہ ماہ ہی دے سکوں گی......؟ کہاں لا کر دوں؟ تم کون ہو؟“
آپ اس رقم کو ایک بھائی کی طرف سے تحفہ سمجھیں۔“عقرب نے کہا۔”اسے واپس کرنے کی
ضرورت نہیں......“

اللہ تمہیں سدا خوش رکھے اور دنیاوی آفات سے محفوظ رکھے۔“عورت نے جذبات بھرے لہجے
کی آواز بھرا گئی۔”تم نے اس غریب عورت اور اس کی یتیم بیٹی پر جو احسان کیا اس کا اجر اللہ ہی
میں تو صرف دعا دے سکتی ہوں۔“

شیرو نے بھنا کر جز بز ہو کر تجوری میں سے کپڑے کی ایک پوٹلی نکالی جس پر
چٹ لگی ہوئی تھی۔ اس نے پچیس ہزار کی رقم لے کر زیورات اور رسید عورت کے حوالے
عقرب کی بلائیں لیتی اور آنکھوں میں تشکر کے آنسو لیے نکل گئی۔ فیروز حیرت سے
دیکھے جا رہا تھا۔

دوسری عورت جس کے ساتھ ایک جوان لڑکی تھی وہ شیرو کے سامنے آ کر بیٹھ گئی
پرس میں سے ایک پوٹلی نکالی اور شیرو سے بولی۔ ''میں دس تولے کے زیورات لائی ہوں
روپے قرض چاہیے۔ مجھے ہر ماہ کیا سود دینا ہوگا؟''

''میں دس فیصد سود لیتا ہوں۔'' شیرو نے جواب دیا۔ ''اگر تم نے دو ماہ تک سود ادا نہیں کیا تو
در سود دینا ہوگا۔''

''بیس ہزار روپے میں ہر ماہ دو ہزار روپے سود دینا ہوگا کیا......؟'' عورت کے ساتھ
لڑکی نے پوچھا۔

''جی ہاں......'' شیرو نے جواب دیا۔ ''قرض لینے سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں
پچھتانا نہیں۔''

''لیکن دس فیصد بہت زیادہ ہے بھیا!'' اس عورت نے شیرو سے ملتجیانہ لہجے میں کہا
فیصد کر دو۔''

''میں ایک فیصد کم نہیں کروں گا تم پورے پانچ فیصد کم کر رہی ہو۔ سوال ہی پیدا نہیں
نے کاروباری لہجے میں کہا۔

''بھیا! بات یہ ہے کہ میرے شوہر سخت بیمار ہیں اور اسپتال میں داخل ہیں۔ مجھے ان
کے لیے اور علاج معالجے کے لیے رقم چاہیے۔ اس لیے میں ہر ماہ دو ہزار روپے سود نہیں
میں کمانے والا کوئی اور نہیں ہے۔''

''مجھے ان باتوں سے کوئی غرض نہیں ہے۔ سود نہیں دے سکتی ہو تو زیورات بیچ دو۔''
بنایا۔

''زیورات بیچ دو......؟'' عورت سوچنے لگی۔ چند لمحوں کے بعد بولی۔ ''تم ان زیورات
دو گے......؟ یہ زیورات پورے ساٹھ ہزار روپے کے ہیں۔ تین برس پہلے میں نے خریدے تھے
''پہلے زیورات دکھاؤ......'' شیرو نے کہا۔ ''میں زیورات دیکھے بغیر ان کی قیمت نہیں
عورت نے پوٹلی کا منہ کھول کر اسے شیرو کے سامنے الٹ دیا۔ ان میں لاکٹ، بندے
اور چوڑیاں تھیں۔

شیرو نے ان تمام زیورات کو بغور دیکھا اور کہا۔ ''یہ تمام زیورات تو نقلی ہیں۔''
''کیا کہا نقلی ہیں......؟'' عورت اس طرح اچھل پڑی جیسے اسے برقی جھٹکا لگا ہو۔ ''یہ
کے زیورات ہیں؟''



انہیں غور سے دیکھو...... کیا اصلی زیورات ایسے ہوتے ہیں؟'' شیرو نے کہا۔ ''یہ تو پچیس
زیورات بھی نہیں ہیں۔''

اور اس جواں سال بیٹی نے ان زیورات کو دیکھا۔ واقعی وہ نقلی اور عام قسم کے زیورات کی
ہے تھے۔ بہت ہی معمولی اور ارزاں قسم کے زیورات...... ماں اور بیٹی کے چہروں کا رنگ
کی آنکھوں سے وحشت جھانکنے لگی۔ وہ اس بات سے انکار نہیں کر سکتی تھیں۔ یہ زیورات جیسے
رہے تھے کہ وہ نقلی ہیں۔ ماں اور بیٹی نے حیرت سے ایک دوسرے کی شکل دیکھی۔ ماں نے
آواز میں کہا۔ ''یہ زیورات نقلی کیسے ہو گئے......؟ دکان دار نقلی زیورات دینے سے رہا......
کے یہ زیورات ہیں۔''

خود سمجھ میں نہیں آ رہا ہے۔'' لڑکی نے دل گرفتہ لہجے میں کہا۔ ''یہ کیسے نقلی ہو گئے۔ گھر سے
اصلی تھے۔''

آپ یہ زیورات لے جائیں۔'' شیرو نے نفرت اور حقارت سے کہا۔ ''مجھے کوئی بچہ سمجھا جو مجھے
ہیں۔''

نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا۔ پھر وہ کسی خیال سے خاموش ہو گئی۔ اس کی آنکھوں میں
تیرنے لگے۔ بیٹی نے کہا۔ ''ماں جب کوئی مصیبت پریشانی اور گردش آتی ہے تو سونا بھی مٹی
آئیں چلیں......''

نے ان زیورات کو واپس تھیلی میں رکھا۔ پھر ماں کے پرس میں رکھا۔ پھر وہ دونوں ہارے
کی طرح باہر نکلیں اور مکان کے باہر کھڑے ہو کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیں۔ بیٹی ماں کو
لیکن خود اس کا دل اندر سے پھٹا جا رہا تھا۔ اس کی نظروں میں بیمار باپ کا چہرہ گھومنے لگا۔
داخل تھا۔ زندگی اور موت کی کش مکش میں مبتلا تھا۔
وقت عقرب باہر آیا۔ اس نے کہا۔ ''آپ اس قدر غم زدہ اور پریشان کیوں ہیں؟ رو کیوں

لیے کہ ہمارے اصلی زیورات نقلی ہو گئے۔'' لڑکی کہنے لگی۔ ''حالانکہ یہ اصلی ہی تھے۔ والد
خرید کر لائی تھیں۔ ہم یہ زیورات اس لیے لائی تھیں کہ انہیں گروی رکھ کر قرض لے لیں یا
زیورات تین سال پہلے ساٹھ ہزار روپے میں بنوائے تھے۔ اب تو یہ ستر اسی ہزار روپے سے
گے......؟ لیکن ہم لٹ گئے یہ نقلی نکل آئے۔
وقت ذرہ برابر بھی شک نہیں ہوا تھا کہ نقلی ہوں گے۔ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ کیا کریں۔ کہاں
کے علاج کے لیے رقم کا بندوبست کیسے اور کہاں سے کریں...... یہ اصلی زیورات خود بخود نقلی
......!'' لڑکی سسک پڑی۔

زیورات اصلی ہی تھے اور ہیں بھی۔'' عقرب نے کہا۔ ''لیکن میں نے انہیں نقلی بنا دیا......''
آپ نے......؟'' لڑکی نے چونک کر کہا۔ پھر ماں بیٹی حیرت سے اس کی شکل دیکھنے لگیں۔ ''وہ

کس لیے......؟"

"اس لیے کہ وہ ان زیورات کو آپ کی پریشانی اور مجبوری سے فائدہ اٹھا کر
خریدتا۔" عقرب نے جواب دیا۔

"لیکن آپ نے ان اصلی زیورات کو نقلی کیسے بنا دیا......؟ کیا آپ جادو ٹونا
لڑکی نے پوچھا۔

"دراصل یہ شعبدہ بازی ہے اس میں نظروں کو دھوکا دینے کا فن شامل ہے۔ میں
بہت شعبدہ بازی جانتا ہوں اس لیے میں نے کمال دکھایا۔ اب آپ اپنے زیورات د
اصلی ہیں۔" عقرب نے جواب دیا۔

لڑکی نے تھیلی میں سے زیورات نکال کر دیکھے۔ اس کی ماں نے بھی دیکھے۔ ان کی
کی انتہا نہ رہی۔ ان کے زیورات بالکل اصلی لگ رہے تھے۔ تھوڑی دیر پہلے کی طرح
دے رہے تھے۔

ماں اور بیٹی کے چہرے دمک اٹھے تھے۔ ماں کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔ "یا اللہ
لاکھ شکر ہے۔"

"آپ کا بہت بہت شکریہ بھائی صاحب!" لڑکی نے ممنونیت سے کہا۔ "آپ
سے بچا لیا۔ آپ کا یہ احسان......"

"اس میں شکریے اور احسان کی کوئی بات نہیں ہے۔ میں نے اس بات کی کوشش کی
جو آپ کی مجبوریوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے ان کی بہت ہی معمولی قیمت لگا رہا ہے اس
نہ ہو۔ میں نے اپنا فرض ادا کیا ہے۔ مجھے اس بات سے بڑی خوشی ہوئی کہ آپ ایک لٹیر
سے بچ گئیں۔ یہ شخص بڑا خود غرض، ظالم، سنگ دل اور بدمعاش ہے۔"

"امی!......اب صرافہ بازار چلیں......" لڑکی نے کہا۔ "وہاں چل کر زیورات کو بیچ د

"اگر میں آپ کو یہ مشورہ دوں کہ آپ یہ زیورات نہ بیچیں بلکہ اسے اپنی بیٹی کی شا
اٹھا رکھیں......"

"اس کے باپ نے یہ زیورات بیٹی کی شادی کے لیے ہی بنائے تھے۔ لیکن اب اس
چارہ نہیں رہ گیا ہے۔ کیوں کہ میرے شوہر اسپتال میں داخل ہیں۔ ان کے علاج معالج
چاہیے۔ کم سے کم پچیس ہزار روپے......اس مجبوری کی بنا پر اسے گروی رکھوانے کے لیے
تھے۔ پھر اس مردود کی باتوں میں آ کر اسے فروخت کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔" عورت نے کہا۔
کارساز ہے۔ صرف اس کی ذات پر توکل رکھیں۔ وہ کوئی نہ کوئی اسباب پیدا کر دیتا ہے۔"
کہا۔

"اس مصیبت کی گھڑی میں ہماری وہ سن بھی نہیں رہا ہے اور نہ ہی کوئی کام آ رہا
نے ایک سرد آہ بھری۔



گر میں مصیبت کی اس گھڑی میں آپ کے کچھ کام آؤں......؟ اسپتال کے تمام اخراجات
ہاؤں تو کوئی حرج تو نہیں؟"

اپ......آپ......" لڑکی نے ششدر ہو کر کہا۔ "آپ کس لیے ایسا کریں گے؟ جب کہ نہ ہم
تے ہیں۔ نہ آپ ہمیں، ہم اور آپ ایک دوسرے کے لیے اجنبی ہیں۔ بیس پچیس ہزار کے
یا آپ اٹھا سکیں گے؟"

صل بات یہ ہے کہ اللہ نے مجھے اس طرح سے اتنا دیا ہے کہ آپ تصور بھی نہیں کر سکتی
اس نے مجھے نوازا ہے اور کسی نہ کسی حیلے بہانے سے نوازتا رہتا ہے تو میں کسی ایسے شخص پر
چ کروں جو ضرورت مند ہو۔ پریشان حال ہو اور بیمار ہو۔ ایک مریض کی ذات پر خرچ کرنا
ہے۔ وہ سب سے زیادہ مستحق اور ضرورت مند ہوتا ہے۔"

ر آپ اس مشکل گھڑی میں ہمارے کام آئیں تو اس کا اجر تو آپ کو اللہ ہی دے گا۔ ہم اس کا
سکتے ہیں۔" عورت نے کہا۔

کن آپ ایک ایسی چیز دے سکتی ہیں جو دنیا میں سب سے بہتر اور انمول ہے۔ جو خوش نصیبوں
"

رے پاس ایسی کوئی چیز نہیں ہے۔ البتہ ایک دعا ہے۔ وہ ضرور دے سکتی ہوں۔" عورت نے کہا۔
ں......مجھے دعا ہی چاہیے......دعا خوش نصیبوں ہی کو ملتی ہے۔" عقرب نے مسکراتے ہوئے کہا۔
ں ہر گھڑی اور ہر نماز میں آپ کے لیے دعا کروں گی۔ میری بیٹی اور میرے شوہر
ورت بولی۔

پ پہلے گھر جائیں......" عقرب نے کہا۔ "زیورات کو سنبھال کر اور حفاظت سے رکھیں۔ پھر
میرا انتظار کریں۔ میں وہاں آتا ہوں۔ پھر ڈاکٹروں سے بات کرتا ہوں۔"

بیٹی گھر کی طرف روانہ ہو گئیں۔ ماں نے اپنی بیٹی کی طرف دیکھا۔ اس کے چہرے اور سراپا پر
نظر ڈالی اور دل میں سوچا۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ یہ شخص جس کا نام بھی اسے نہیں معلوم ہے اس
یشہ خطمی ہو گیا ہو اس لیے وہ ان کی مدد کرنا چاہتا ہے۔ اس کی بیٹی بہت حسین ہے۔ بالفرض
ی بات ہو۔ لڑکا قابل، نیک اور اپنے پیروں پر کھڑا ہوا ہے تو اس میں حرج ہی کیا ہے۔ وہ
قبول کر لے گی۔ لیکن پہلے لڑکی کا باپ تو صحت یاب ہو جائے؟

ب جب ماں بیٹی کو رخصت کر کے اندر آیا تو اس نے دیکھا کہ شوکت جہاں اور شیرو میں تلخی
ہے۔ شوکت جہاں اس سے کہہ رہی ہے۔ "شیرو! کچھ تو خدا کا خوف کرو۔ میں نے تم سے
ہزار روپے قرض سود پر لیا تھا۔"

نچ ہزار نہیں بلکہ پچاس ہزار کا قرض لیا تھا۔" شیرو نے کہا۔ "آپ مکر رہی ہیں؟"

ں ہزار روپے کے لاکٹ پر تم نے پانچ ہزار قرض دیا تھا......؟ تم اتنے سیدھے نہیں ہو کہ
روپے قرض دے دو۔" شوکت جہاں نے کہا۔ "میں اتنی بڑی رقم قرض کیوں اور کس لیے

لے سکتی ہوں۔"

"میں نے آپ پر ترس کھا کر دیا تھا۔" شیرو نے کہا۔ "اس لیے کہ آپ کا بیٹا
روتی دھوتی میرے پاس آئی تھیں آپ نے یہ بھی کہا تھا کہ میری بیٹی ملازمت کر کے
گی۔ پھر سارا قرض ادا کر دے گی۔"

"تم جھوٹ بول رہے ہو۔ میں نے پچاس ہزار روپے قرض نہیں لیا۔" شوکت جہاں

"آپ نے مجھ سے یہ بھی کہا تھا کہ اگر میں چھ ماہ کے عرصے میں قرض ادا نہ
ریحانہ کی شادی تم سے کر دوں گی۔" شیرو نے بڑی مکاری سے کہا۔ "اس شرط پر شادی
سارا قرض معہ سود معاف کر دو گے......"

"نہیں...... نہیں۔ میں نے ہرگز یہ نہیں کہا تھا۔" شوکت جہاں ہذیانی لہجے میں
باتیں تم اپنی طرف سے گھڑ رہے ہو...... مجھے کیا ضرورت پڑی کہ میں اپنی چاندی بیٹی کی
شادی کر دوں۔"

"آپ بھی کس قدر خود غرض اور جھوٹی ہیں۔" شیرو نے کہا۔ "اب اس لیے مکر رہی
آپ کو مل گیا۔ کوئی موٹی آسامی معلوم ہوتا ہے۔ لگتا ہے کہ اس کے پاس ناجائز دولت
نے نہ صرف اس عورت کی مدد کی بلکہ آپ کی مدد کرنے پر بھی تیار ہے۔ اس لیے ساتھ ہی
نے اب اسے اس لیے پھانس لیا ہے کہ بیٹی کی شادی کر دیں۔"

"شیرو!" شوکت جہاں غضب ناک ہو گئیں۔ "یہ تم کیا بکواس کر رہے ہو؟ ایک
شک کر رہے ہو...... ہرگز ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ انہوں نے نہ تو ایسی کوئی بات کی اور نہ ہی
ارادہ ہے...... تم کون ہوتے ہو ہمارے ذاتی معاملات میں دخل دینے والے......"

"آپ بڑی احسان فراموش ہیں۔ میں نے اتنی بڑی رقم قرض دے کر کیا آپ پر
"کیا......؟ میں نے دس ہزار کے لاکٹ پر اس لیے اتنی بڑی رقم قرض دی کہ آپ اور
بھوک اور فاقے سے مرنے والے تھے۔"

"اس میں احسان والی بات کیا ہے...... تم نے مفت میں قرض تھوڑی دیا ہے اس پر
ہو۔ اور یہ تم نے پچاس ہزار کی رٹ کیا لگا رکھی ہے......؟ کیا تمہیں ایک دن مرنا نہیں ہے جو تم
رہے ہو۔"

"مجھے جھوٹ بولنے کی کیا ضرورت پڑی ہے۔ میں تو قسم کھانے کے لیے تیار ہوں
ڈھٹائی سے کہا۔

"قسم کھانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ تمہاری قسم کا کوئی اعتبار نہیں...... ثبوت ہے تو
عقرب نے کہا۔

"ثبوت......؟ ہاں میرے پاس ثبوت موجود ہے۔" شیرو نے کہا۔ "میں ابھی پیش کرتا
پھر شیرو نے الماری میں سے ایک فائل نکالی۔ اس میں سے ایک رسید نکال کر دکھ



کے دستخط تھے۔ اس پر پچاس ہزار کی رقم صاف لکھی ہوئی تھی۔ عقرب نے غور سے رسید کو
پانچ ہزار کے ہندسے میں ایک صفر بڑھا دیا تھا اور اس نے الفاظ میں رقم نہیں لکھی تھی۔
نے ایک صفر غائب کر دیا۔ اس طرح کہ شیرو کے فرشتوں کو بھی خبر نہ ہو سکی۔ اس نے شیرو
لرتے ہوئے کہا۔ "لگتا ہے کہ تمہاری نظر کچھ زیادہ ہی کمزور ہے۔ اس پر پانچ ہزار روپے
ہیں۔ یہ دیکھو۔"

رسید لیتے ہوئے کہا۔ "میری نہیں تمہاری نظر کمزور ہے۔" وہ تمسخرانہ نظروں سے عقرب
"ذرا غور سے دیکھو...... پچاس ہزار روپے صاف طور پر درج ہیں۔"

تم دیکھو پھر مجھے بتانا۔" عقرب نے کہا۔ "ایسا لگتا ہے کہ تم پڑھے لکھے نہیں ہو۔ رقم الفاظ
وں میں لکھی ہوئی ہے۔ تم کسی کو بھی بلا کر دکھا لو۔ صاف صاف لکھا ہوا ہے۔ صرف پانچ
"

اس کی بات سن کر جل گیا۔ اس نے رسید کی طرف دیکھے بغیر کہا۔ "میں تم سے زیادہ پڑھا لکھا
نے چار سال پہلے میٹرک پاس کیا تھا۔ یہ رسید میں نے خود اپنے ہاتھ سے لکھی ہے۔ شوکت
دستخط کیے ہیں۔ لہٰذا میں پچاس ہزار کے پانچ ہزار روپے کیسے لکھ سکتا ہوں۔ کیا تم مجھے تین
ہو۔ تم جس کو چاہے بلا کر یہ رسید دکھا لو۔"

وقت دو آدمی اندر داخل ہوئے۔ عقرب نے اس سے کہا۔ "بالفرض محال اس کاغذ پر تم نے جو
کیا وہ غلط نہیں ہو سکتی ہے؟ تم نے پانچ ہزار کے بجائے پچاس ہزار لکھ دیئے ہوں؟"

"میں غلط رسید نہیں بناتا ہوں۔ رسید بناتے وقت بڑا خیال رکھتا اور احتیاط برتتا ہوں۔ جو کچھ
رسید ہے۔ آپ کو......" اس نے شوکت جہاں کی طرف دیکھا۔ "یہ جتنے کی رسید ہے اس پر جو
وہ آپ کو ادا کرنا ہے۔ دراصل یہ رسید سچی ہے۔ باقی ہم سب جھوٹے ہیں۔ اس رسید کو کوئی
سکتا......"

ایک نظر اس رسید پر تو ڈالو......؟" عقرب نے کہا۔ "جھوٹ سچ کا پتا چل جائے گا۔"
کیا ضرورت پڑی ہے اس رسید کو دس مرتبہ دیکھنے کی......" پھر اس نے ان دونوں آدمیوں
دیکھا جو اندر داخل ہو کر ایک طرف کھڑے ہو گئے تھے پھر اس نے انہیں مخاطب کیا۔ "میاں
غلام حسین صاحب!...... ذرا ادھر آئیں ذرا یہ رسید دیکھ کر ان جاہلوں کو بتائیں کہ اس پر
ہے۔ اس پر پانچ ہزار نہیں پچاس ہزار روپے لکھے ہوئے ہیں۔"

دونوں شیرو کی طرف بڑھے۔ میاں صاحب بولے۔ "قصہ کیا ہے؟ کس بات پر آپ لوگ
رہے ہیں؟"

شوکت جہاں صاحبہ نے مجھ سے پچاس ہزار روپے کا سود پر قرض لیا۔ یہ اس کی رسید
نے ایک لاکٹ جو دس ہزار روپے کا ہے اس رقم کے عوض گروی رکھوایا۔ میں نے ان کی
پیشانی پر ترس کھا کر پچاس ہزار کی رقم دے دی۔ یہ رسید اسی پچاس ہزار روپے کی ہے۔ یہ اس

رسید کو شوکت جہاں اور ان کا یہ ہونے والا داماد جھٹلا رہا ہے۔ یہ شخص کہہ رہا ہے کہ یہ
پانچ ہزار روپے کی رسید ہے۔ شوکت جہاں بھی مکر رہی ہیں میں نے پچاس ہزار رو
ہزار روپے لیے تھے۔ شوکت جہاں جاہل نہیں ہیں۔ پڑھی لکھی ہیں۔ کیا رسید پر دستخط
دیکھا کہ اس پر کتنی رقم لکھی ہوئی ہے۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ رسید صحیح ہے سچی ہے۔"

"میاں صاحب! آپ یقین کریں میں خدا کو حاضر ناظر جان کر کہتی ہوں کہ میں
ہزار روپے دس ہزار روپے کے لاکٹ کے عوض قرض لیا۔ مجھ غریب کو کیا ضرورت پڑی
ہزار کی رقم قرض لوں۔ اس کا سود ادا کر سکوں۔ جب کہ میرے لیے تو پانچ ہزار روپے
مشکل ہے میں اس لیے آئی کہ پانچ ہزار روپے ادا کر کے اپنا لاکٹ لے جاؤں۔ لیکن
ہزار کی جھوٹی رسید پیش کر دی۔ اب کہہ رہا ہے کہ پچاس ہزار روپے ادا کرو۔"

"بات یہ ہے بھابھی!" غلام حسین نے کہا۔ "رسید جتنی رقم کی بھی ہے اتنی رقم
ہوگی۔"

"لیکن بھیا!" شوکت جہاں نے گلوگیر آواز میں کہا۔ "آپ قسم لے لیں جو میں
کی رقم لی ہو۔"

"اس رسید پر آپ ہی کے دستخط ہیں۔ رسید میں کوئی جعل سازی نہیں ہے۔"
اعتراف کیا۔

"شکر ہے کہ شوکت جہاں صاحبہ نے اس بات کا اعتراف تو کیا کہ رسید جعلی نہیں
خوش ہوتے ہوئے کہا۔

"میاں صاحب!" عقرب نے کہا۔ "آپ اس رسید پر ایک نظر ڈال کر دیکھیں
ہزار نہیں پانچ ہزار روپے لکھے ہیں۔"

میاں صاحب نے شیرو کے ہاتھ سے رسید لے کر دیکھی۔ اگلے لمحے وہ شیرو سے
تو پانچ ہزار روپے لکھے ہوئے ہیں۔"

"کیا......؟" شیرو اچھل پڑا پھر اس نے حیرت سے کہا۔ "یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ غلام
رسید کو دیکھیں۔"

غلام حسین نے میاں صاحب کے ہاتھ سے رسید لے کر دیکھی پھر سر ہلایا۔ "ہاں
صرف پانچ ہزار روپے کی ہے۔"

شیرو پھر اس طرح سے اچھلا جیسے اسے کسی زہریلے بچھو نے ڈنک مارا ہو۔ پھر اس
کے ہاتھ سے جھن جھلاتے ہوئے رسید لے کر دیکھی۔ اس پر نہایت صاف و واضح اور
ہزار روپے لکھے ہوئے تھے۔ اس کا چہرہ فق ہو گیا پھر وہ سفید پڑتا چلا گیا۔ وہ دل میں حیران
سب کیسے ہو گیا۔ اس نے بڑی خوبصورتی اور مہارت سے ایک صفر بڑھایا تھا۔ وہ دوسر
ساتھ بھی ایسی ہی جعل سازی کیا کرتا تھا۔ وہ جعل سازی میں بڑا ماہر تھا۔ اس لیے وہ



اسے خیال آیا کہیں ایسا تو نہیں کہ اس نے کسی اور رسید میں کوئی جعل سازی کی ہو۔
"ہاں شیرو!" میاں صاحب نے کہا۔ "یہ رسید تو پانچ ہزار روپے کی ہی ہے نا......؟ تمہیں غلط
ہوا؟"

چوں کہ اپنی بات رکھنا تھی اس لیے اس نے کہا۔ "میاں صاحب! اصل بات یہ ہے کہ
صاحبہ اپنی بیٹی ریحانہ کے ساتھ روتی دھوتی ہوئی آئی تھیں کہ بیٹے کی پراسرار گمشدگی نے
ہے۔ ایک تو وہ سونے کے کنگن صرافہ بازار میں کھو کر آیا تھا جو چالیس ہزار کی مالیت کے
نے مجھ پر یہ الزام بھی لگایا کہ وہ کنگن میں نے اس کی جیب سے نکال لیے۔ حالانکہ یہ بات
روز صرافہ بازار میں کنگن بیچنے گیا تو وہاں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے بھگدڑ مچ گئی تھی۔ اس
اس کی جیب سے کنگن گر گئے۔ چوں کہ اس سے میری وہاں ملاقات ہو گئی تھی اس لیے مجھ
تھا...... پھر میں نے بڑی مشکل سے ان کی غلط فہمی دور کی...... ہاں تو وہ اپنے ساتھ دس ہزار
ایک لاکٹ لائیں اور کہا کہ اسے گروی رکھ کر پچاس ہزار روپے کا قرض دے دوں۔ میں نے
کہ یہ رقم اور سود آپ کیسے ادا کریں گی۔ جب کہ آپ کے گھر میں کمانے والا کوئی نہیں
بیٹی ریحانہ نے کہا کہ وہ ملازمت کے لیے دوڑ دھوپ کر رہی ہے۔ اسے ایک جگہ ملازمت
ہے۔ میں نے شوکت جہاں صاحبہ سے کہا کہ اچھی طرح سوچ لیں۔ قرض اتارنا اور سود ادا کرنا
ہوتا ہے۔ شوکت جہاں نے کہا کہ...... تم اس بات کی چنداں فکر نہ کرو۔ یہ میرا مسئلہ ہے
پھر سمجھایا۔ تب بولیں کہ...... اگر میں چھ ماہ کے عرصے میں رقم اور سود نہ ادا کر سکی تو اپنی بیٹی
سے کر دوں گی۔ پھر میں نے اس شرط پر انہیں پچاس ہزار روپے قرض دیا اور دس ہزار کی
لے کر گروی رکھ لیا۔ ایک رسید بنا دی اور اس پر دستخط لے کر پچاس ہزار کی رقم دے دی۔"

"جھوٹ ہے۔" شوکت جہاں کو غصہ آ گیا۔ "میں نے اس سے ایسی کوئی بات کہی اور نہ پچاس
لی۔ یہ ذلیل...... کمینہ جھوٹ بول رہا ہے...... میں اپنی بیٹی کی شادی اس سود خور اور بدمعاش
کی؟ ہرگز نہیں۔"

"آپ کی بیٹی سے شادی کرنا بھی نہیں ہے۔" شیرو نے پینترا بدلا۔ "آپ مجھے گالیاں نہ
نہ بڑھائیں۔ آپ عورت ذات ہیں اس لیے خیال کر رہا ہوں۔ آپ کی جگہ کوئی مرد ہوتا تو
گدی سے کھینچ کر نکال دیتا۔"

"اب تم لاکٹ نکالو اور پانچ ہزار روپے لے کر قصہ ختم کرو۔" عقرب نے کہا۔

"میں پانچ ہزار روپے نہیں بلکہ پورے پچاس ہزار روپے لوں گا۔" شیرو نے کہا۔

"رسید جتنے کی ہے اتنی ہی رقم ادا کی جائے گی۔" عقرب نے جواب دیا۔ "لہٰذا تم پانچ ہزار روپے

"رسید گئی بھاڑ میں......" شیرو نے ہذیانی لہجے میں کہا۔ "میں پچاس ہزار روپے سے ایک روپیہ کم
"

"ابھی ابھی تم نے ہم سب کے سامنے کہا ہے کہ...... میں کبھی غلط رسید نہیں بناتے وقت بڑا خیال رکھتا ہوں۔ احتیاط برتتا ہوں۔ جو کچھ بھی ہے یہ رسید ہے۔ یہ پر جو رقم لکھی ہے اسے ادا کرنا ہے دراصل یہ رسید سچی ہے۔ باقی ہم سب جھوٹے ہیں جھٹلا نہیں سکتا......؟" عقرب نے اس کے مکالمے دہرائے۔

"ہاں شیرو! یہ بات ہم سب کے سامنے کہی تھی......؟" غلام حسین نے تائید کی۔ قائم رہو۔"

"مجھ سے جلدی میں لکھنے میں بھول چوک ہوگئی ہے۔" شیرو نے کہا۔ "میر... ناانصافی نہ کریں۔"

"تمہارا یہ عذر قابل قبول ہے۔" میاں صاحب نے کہا۔ "تم سے بھول چوک... غلطی ہوئی ہے تو اس کے تم ذمے دار ہو...... لہٰذا پانچ ہزار روپے لو اور لاکٹ دے کر قصہ...

"میں پانچ ہزار روپے نہیں لوں گا۔ اس وقت تک لاکٹ نہیں دوں گا جب تک ... نہیں مل جاتے......"

"یہ غلط بات ہے شیرو!" غلام حسین نے اسے سمجھانے کی کوشش کی۔ "یہ تمہار... ہوئی رسید ہے۔ لہٰذا تم اپنی ہی سابقہ بات پر قائم رہو۔ پانچ ہزار روپے لے کر لاکٹ د... پاس ایک طرح سے امانت ہے شوکت جہاں بھابھی بھی یہ کہہ رہی ہیں کہ تم نے صرف پا... دیئے......"

"ہاں بھئی......" میاں صاحب نے سر ہلایا۔ "تم پابند ہو کہ پانچ ہزار لے کر لا... واپس کردو۔"

"آپ لوگوں کو مجھ پر حکم چلانے کی کوئی ضرورت نہیں۔" شیرو نے تند لہجے میں کہا... مرضی...... میں کیوں پچاس ہزار روپے کا نقصان برداشت کروں میرے پاس حرام ... نہیں......"

"کیا میرے پاس حرام کے پیسے ہیں...... میں ایک غریب عورت اتنی بڑی رقم کہاں... جب کہ میں نے تم سے اتنی رقم نہیں لی...... اور پھر یہ رسید گواہ ہے۔ ثبوت ہے تمہارے ہاتھ کی... ہے۔" شوکت جہاں نے برہمی سے کہا۔

"معلوم نہیں...... میں نے یہ غلط رسید کیسے بنادی......؟ میں اس رسید کو نہیں مانتا......" ... سے بولا۔

"بری بات ہے شیرو!" میاں صاحب بولے۔ "تم بدنیتی کے مرتکب ہو رہے ہو..."

"آپ دونوں ہمارے معاملات میں دخل مت دیں۔" شیرو نے غصے سے کہا۔ "میں ان... ہی نمٹ لوں گا۔"

"ٹھیک ہے۔" میاں صاحب نے کہا۔ "میں تمہارے پاس ایک لاکھ روپے کے زیو...



...تھا۔ تمہارا اصل چہرہ بے نقاب ہو گیا مجھے نہیں معلوم تھا کہ تم ایک نمبری فراڈی ہو۔ محلے میں ...رے میں جو باتیں مشہور ہیں وہ غلط نہیں ہیں۔"

...ں صاحب، غلام حسین کو لے کر نکل گئے۔ شیرو نے کہا۔ "میرا وقت برباد مت کرو۔ تمہاری وجہ ...قصان اٹھانا پڑا۔" "ٹھیک ہے۔" عقرب نے کہا۔ "لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے ...تک تم سے بہت شرافت برتی گئی ہے۔ تم ہو کہ پھیلتے اور اکڑتے جا رہے ہو...... تم یہ سمجھ رہے ...ں ہزار کی رقم مفت میں حاصل کرلو گے۔"

"...تم میرا کیا کرلو گے......؟" شیرو نے اکڑتے ہوئے کہا۔ "تم کیا سمجھتے ہو مجھے؟"

"...میں یہاں سے سیدھے تھانے جا رہا ہوں۔ ایس ایچ او جو ہے وہ میرا دوست ہے۔ لنگوٹیا یار ...دونوں ہم جماعت بھی رہ چکے ہیں...... میں اسے یہاں لیتا آؤں گا...... پھر ایک بات اچھی ...لو۔ یہ پانچ ہزار روپے جو مل رہے ہیں وہ بھی نہیں ملیں گے۔ تمہیں نہ صرف رسید بلکہ لاکٹ ...ہوگی بلکہ حوالات کی ہوا بھی کھاؤ گے۔ میں اس سے کہوں گا کہ وہ تمہیں ایک مہینے تک حوالات ...رہے۔ دھوکہ دہی کے الزام میں قید رکھے اور تمہاری ضمانت تک نہ ہونے دے۔ اب تم ...کیا چاہتے ہو؟ اگر تمہیں میری بات کا یقین نہیں آرہا ہے اسے گیدڑ بھبکیاں سمجھ رہے ہو تو ...اٹھو تھانے چلو...... وہاں چل کر پتا چل جائے گا ایس ایچ او میرا دوست ہے یا نہیں۔"

...قرب نے اندھیرے میں تیر چلایا تھا نفسیاتی حربہ آزمایا تھا۔ تیر ٹھیک نشانے پر جا کر لگا۔ شیرو ...رعب اور اس کی باتوں میں آگیا۔ پھر اس نے بڑی خاموشی اور شرافت سے لاکٹ اور رسید ...پانچ ہزار کی رقم لے لی۔

...وکت جہاں نے لاکٹ لے کر پرس میں رکھ لیا۔ پھر وہ شیرو سے بولیں۔ "مجھے تم سے ایسی امید ...۔"

...یرو نے کڑوا سا منہ بناتے ہوئے کہا۔ "اب آپ کو لاکٹ مل گیا۔ لہٰذا چلتے پھرتے نظر آئیں۔"

"...تم سے ایک اور چیز بھی لینی ہے۔" عقرب نے کہا۔ "پھر ہم جائیں گے......"

"...میرے پاس ان کی کوئی اور چیز نہیں ہے۔ صرف ایک لاکٹ تھا وہ میں نے دے دیا۔"

"...تمہارے پاس وہ کنگن موجود ہیں جو تم نے فیروز کی جیب سے نکالے تھے اسے واپس..." عقرب نے کہا۔

"...میرے پاس کنگن نہیں ہیں اور نہ ہی میں نے فیروز کی جیب سے نکالے تھے۔" شیرو ...لیا۔

"وہ کنگن تمہارے پاس ہیں اور اس تجوری کے خفیہ خانے میں ایک چرمی تھیلی میں رکھے ہوئے..." ...عقرب نے کہا۔

...شیرو دل میں بھونچکا سا ہو گیا کہ یہ بات عقرب کے علم میں کیسے آگئی......؟ یہ بات تو صرف وہی ...یہ سچ تھا کہ اس نے وہ کنگن تجوری کے ایک خفیہ خانے میں رکھ چھوڑے تھے کہ کبھی بازار لے جا کر

بیچ دے گا۔ اس نے ابھی تک کنگن اس لیے نہیں بیچے تھے کہ سونے کے دام گرے ہو
گیا تھا تو اس کے چالیس ہزار روپے مل رہے تھے۔ وہ یہ چاہ رہا تھا کہ سونے کے نرخ
وہ بازار میں لے جا کر بیچ دے گا۔ وہ انہیں پچاس ہزار روپے میں فروخت کرنا چاہتا تھا۔
"میرے پاس جو عورتیں سونے کے زیورات گروی رکھوا کر قرض لینے آتی ہیں ان
اور جڑاؤ کنگن بھی ہوتے ہیں اگر میرے پاس دوسری عورتوں کے کنگن موجود ہیں تو ان
نہیں ہوا کہ ان کے کنگن میرے پاس ہیں۔"
"تمہارے پاس کسی عورت نے کوئی کنگن گروی نہیں رکھوایا ہوا ہے۔" عقرب
تجوری میں صرف ان کے کنگن موجود ہیں۔" یہ بات بھی سولہ آنے سچ تھی۔ شیرو پھر
گیا۔ اس کی حیرانی دوچند ہو گئی۔ اس کا دماغ کچھ کام نہیں کر رہا تھا کہ یہ ساری باتیں اس
کیسے اور کیوں کر آ گئیں۔ اس کا ایسا کوئی دوست یا جاننے والا نہیں تھا جسے اس نے اسے
بتایا ہو۔ اس کا کوئی دوست تھا اور نہ وہ کسی کا دوست تھا۔ اسے اپنی ذات پر بھی بھروسا نہیں
اپنے کاروبار کے بارے میں کسی کو بھی کچھ نہیں بتاتا تھا۔
"میرے پاس دوسری عورتوں کے کنگن ہیں۔" شیرو نے کہا۔ "تم اس پر اپنا دعویٰ ثا
"تمہارے پاس جو کنگن ہیں وہ مجھے دکھاؤ......" شوکت جہاں نے کہا۔
"کس لیے دکھاؤں؟" شیرو کو غصہ آ گیا۔ "کیا میں تمہارے باپ کا نوکر ہوں؟"
"اس لیے کہ میں اپنے کنگن کی نشانی بتاؤں...... میرے کنگن ہیں میں ان کی نشا
ہوں۔"
"جب میرے پاس آپ کے کنگن نہیں ہیں تو میں نشانی لے کر کیا کروں......؟"
کہا۔ "آپ لوگ یہاں سے جائیں۔ میں نے لاکٹ دے دیا رسید بھی دے دی۔ اور کیا
میری جان لینی ہے؟"
"اچھا اب چلیں آنٹی!" عقرب نے شوکت جہاں کی طرف دیکھا۔ "اگر آپ کے کنگن ا
پاس ہیں تو رات تک آپ کو مل جائیں گے...... آپ بالکل بھی فکر مند نہ ہوں آپ کے کنگن
جائیں گے۔"
"اچھا تو تم مجھے دھمکی دے کر جا رہے ہو......؟ تم یہ کہنا چاہتے ہو کہ تم رات کو ایس ایچ ا
کرا دو گے؟"
"میں نے تم سے یہ کب کہا کہ میں ایس ایچ او کو لے کر آ رہا ہوں......؟" عقرب کہنے لگا
یہ ہے کہ چوری کا مال تمہارے پاس موجود ہے۔ دراصل میں تمہیں مہلت دے کر جا رہا ہوں تا ک
سے ان کے کنگن پہنچا دو۔ اگر تم نے کنگن نہیں دیئے تو...... یاد رکھو تمہارے ساتھ جو کچھ بھی پیش آ
اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے ہو؟"
"کیا تم ایس ایچ او سے کہہ کر مجھے پھانسی پر چڑھا دو گے......؟"



چاہوں تو ابھی اور اسی وقت ایس ایچ او کو بلا کر تمہاری تجوری سے چوری کے کنگن برآمد
ان کے کنگن تمہاری تجوری میں موجود ہیں۔ آنٹی نشانی بتا کر ثبوت بھی دے سکتی ہیں لیکن
طرح سے رعایت اور مہلت دی جا رہی ہے کہ تم شام تک ان کے کنگن پہنچا دو۔"
ے پاس ان کے کنگن نہیں ہیں......" شیرو ڈھٹائی پر اتر آیا۔ "آپ لوگ جائیں جو کرنا ہے

شوکت جہاں اور فیروز کو لے کر شیرو کے ہاں سے نکل آیا۔ ان کے گھر کی طرف چل پڑا۔
نے فوراً ہی دروازہ بند کیا۔ پھر وہ کھڑکی کا ایک پٹ کھول کر باہر جھانکنے لگا۔ جب وہ تینوں
سے اوجھل ہو گئے تو شیرو نے فوراً ہی تجوری کھولی اس کی خفیہ دراز سے وہ چرمی تھیلی نکالی
نے چوری کے کنگن رکھے ہوئے تھے۔ وہ انہیں گھر میں کسی ایسی جگہ چھپا دینا چاہتا تھا کہ کسی
سکے۔ وہ دل میں ابھی تک حیران تھا کہ عقرب کو یہ کس طرح سے معلوم ہو گیا کہ کنگن اس نے
رکھے ہوئے ہیں۔ شاید اس نے اپنے قیاس سے اندھیرے میں تیر چلایا تھا۔ اس نے ایک
کیا کہ تھیلی خالی ہے۔ بہت ہلکی پھلکی سی محسوس ہو رہی ہے جیسے اس میں کنگن نہیں ہیں۔ اس
نے کھول کر اندر دیکھا۔ کنگن نہیں تھے۔ خالی تھیلی اس کا منہ چڑا رہی تھی۔
نے تجوری کا دروازہ کھولا تاکہ کنگن تلاش کرے۔ اسے خیال آیا کہ ہو سکتا ہے کہ وہ کنگن
کر بھول گیا ہے۔
ے لمحے شیرو اتنے زور سے اچھلا جیسے کسی نے بے خبری میں اس کی پشت میں کوئی تیز دھار
یا ہو۔ ایک سنسناہٹ اس کے ایک ایک پور میں برقی رو کی طرح پھیل گئی اور اس نے اپنی
میں بھی ایک سرد لہر اترتی محسوس کی۔ اس پر جیسے کوئی بجلی سی آ گری تھی۔ اسے اپنی نظروں پر
۔ وہ غش کھاتے کھاتے رہ گیا۔ اس کی رگوں میں لہو منجمد ہو گیا۔ وہ مضبوط اعصاب کا نہ ہوتا
پر کھڑا نہیں رہ سکتا تھا۔ وہ سکتے کی سی حالت میں بت کی طرح ہو گیا۔
تجوری خالی پڑی تھی اس طرح جیسے کسی نے جھاڑو پھیر دی ہو۔ اس کے تمام خانے منہ
۔ ایک لمحے کے لیے دماغ چکرایا تو اس کی نظروں کے سامنے ایک دھند سی چھا گئی۔ جب
اس نے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھا۔ اس میں نہ تو اس کی دو لاکھ بیس ہزار کی رقم تھی اور نہ ہی
ھ ہزار روپے کی رسیدیں اور نہ ہی وہ تمام زیورات جو اس نے گروی رکھے ہوئے تھے۔
وہ خواب تو نہیں دیکھ رہا ہے......؟ وہ زیر لب بڑبڑایا۔ پھر اس نے آنکھیں ملیں۔ پھر اپنے
زور سے چٹکی بھری۔ نہیں یہ تو خواب نہیں ہے......؟ اس نے خود کلامی کی۔ یہ خواب نہیں
سب کیا ہے......؟ ابھی تھوڑی دیر پہلے تو اس کی تجوری کے خانوں میں نوٹوں کی گڈیاں......
اور سونے کے زیورات موجود تھے۔ اب وہ ایک دم سے اس طرح غائب ہو گئے تھے جیسے
سر سے سینگ۔ شاید یہ خواب ہی ہے۔
ب ہی ہے...... اس نے اپنے دل کو دلاسا دیا۔ وہ خواب دیکھ رہا ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ

آن کی آن میں اس کی تجوری صاف ہو جائے اس میں ایک چیز بھی نہ رہے جب کہ [illegible]
نہ ہی وہ ایک لمحے کے لیے یہاں سے ہٹا۔ اس نے ابھی تھوڑی دیر پہلے تو شوکت جہاں [illegible]
دیا۔ ان سے رقم لے کر تجوری میں رکھی۔ نہیں۔ یہ خواب نہیں ہے۔

''میں لٹ گیا......؟ برباد ہو گیا......؟'' وہ ہذیانی لہجے میں پاگلوں کی طرح [illegible]
لگا۔ ''میری ساری چیزیں کون لے گیا......؟ کہاں چلی گئیں......؟ کیسے چلی گئیں؟! اب [illegible]
کیا کروں......؟''

''میں بتاؤں یہ سب کچھ کیا ہے......؟'' ایک بھاری آواز کمرے کی گہری خاموشی [illegible]
شیرو یہ آواز سنتے ہی اچھل پڑا۔ اس نے فوراً ہی تیزی سے مڑ کے دیکھا۔ اسے [illegible]
دکھائی نہیں دیا تو اس نے چاروں طرف دیکھا۔ وہ سخت متعجب اور پریشان سا ہو گیا کہ [illegible]
آ رہی ہے؟ کہیں پہلو والے کمرے سے تو نہیں......؟ پھر اس نے پہلو والے کمرے کی [illegible]
کا دروازہ بند تھا۔ اندر سے آواز باہر آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ اس نے کمر [illegible]
تھی۔ اسے ایسا لگا تھا جیسے اس کمرے میں کوئی موجود ہے اور یہ اس کی آواز تھی۔

اس نے اس آواز کو اپنا واہمہ سمجھا...... اپنی سماعت کا فتور سمجھ کر وہ تجوری کا دروازہ بند [illegible]
''کیا تم جاننا نہیں چاہتے ہو کہ یہ سب کچھ کیا ہے......؟'' پھر وہی آواز کمرے میں [illegible]
''تم...... تم...... کون ہو...... کہاں سے بول رہے ہو......؟'' شیرو نے خوفزدہ لہجے میں [illegible]
''میں ایک جن ہوں...... اس کمرے میں موجود ہوں۔ جن ہونے کے ناتے [illegible]
دے رہا ہوں۔''

''تم...... تم جن ہو......'' شیرو ہکلایا۔ اس کی گھگھی بندھ گئی۔ وہ تھوک نگلنے لگا۔
''ہاں میں جن ہوں۔'' نادیدہ آواز نے جواب دیا۔ ''اس لیے میں تمہارے سا [illegible]
ہوں۔ کہ میں تمہارے سامنے اگر آ جاؤں تو تم ڈر اور خوف سے بے ہوش ہو جاؤ گے۔ [illegible]
دیکھنے کی تاب نہ لا سکو گے؟''

شیرو نے اپنے حواس مجتمع کیے۔ پھر اس نے اپنے آپ کو سنبھالتے ہوئے پوچھا۔ ''[illegible]
مجھے بتا سکتے ہو کہ میری تجوری کس نے اور کیوں صاف کر دی......؟ کہیں میں خواب تو [illegible]
ہوں؟''

''ہاں...... میں بتا سکتا ہوں کہ یہ کس کی حرکت ہے اور کیوں اور کس لیے کی گئی ہے؟'' [illegible]
نے کہا۔ ''یہ کوئی خواب نہیں ہے یہ ایک حقیقت ہے تم اسے خواب سمجھ کر خود فریبی کا شکار نہ [illegible]
''اچھا تو تم جلدی سے بتاؤ کہ یہ حرکت کس کی ہے اور کس لیے کی گئی ہے؟'' شیرو کی [illegible]
رہی تھی۔ ''یہ حرکت میری ہے۔'' اس آواز نے فخریہ لہجے میں کہا۔ ''کیسی رہی شیرو!''
''کیا کہا......؟ یہ حرکت تمہاری ہے؟'' شیرو بری طرح چونکا۔ ''تم نے یہ [illegible]
کی......؟ میں نے تمہارا کیا بگاڑا؟''



[illegible]لوگوں نے تمہارا کیا بگاڑا جو تم سے سود پر قرض لیتے ہیں تم ان کے ساتھ جعل سازی کرتے
[illegible] ہو...... یہ بے چارے لوگ انتہائی مجبوری اور پریشانی کی وجہ سے اپنی چیزیں گروی رکھ کر
[illegible] لیتے ہیں تم ان کی مجبوریوں سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہو......؟ کیا یہ اچھی بات ہے؟''
[illegible] اسے ملامت کی۔

[illegible]...... میں نے کس کے ساتھ جعل سازی کی......؟ فراڈ کیا......؟'' شیرو کے منہ سے بلا ارادہ

[illegible]تم نے شوکت جہاں بیگم جیسی سیدھی عورت کے ساتھ جعل سازی نہیں کی؟'' نادیدہ آواز

[illegible]۔ میں نے کوئی جعل سازی نہیں کی۔'' شیرو نے صاف جھوٹ بولا۔ وہ اس وقت بھی
[illegible]ے سے باز نہیں آیا تھا۔

[illegible]نے لاکٹ کے عوض جو دس ہزار کی مالیت کا تھا پانچ ہزار کا قرض معہ سود کے دیا۔ اس کے
[illegible]ہزار روپے کی رسید بنائی تم نے دانستہ رقم الفاظ میں نہیں لکھی۔ کیوں کہ تمہارے دل میں فتور
[illegible] وہ اپنی جوان بیٹی ریحانہ کے ساتھ آئی ہوئی تھیں وہ سخت پریشان تھیں۔ ایک تو بیٹے کی
[illegible]سے...... دوسرا مالی حالات سے...... تم نے سوچا کہ کیوں نہ ان کی پریشانیوں سے فائدہ
[illegible]تمہارا دل ریحانہ پر آ گیا۔ اس کے حسن و شباب نے تمہیں بہت متاثر کیا تھا۔ تم نے شوکت
[illegible]رسید میں اپنی مہارت سے ایک صفر کا اضافہ کر دیا۔ پانچ ہزار کی رقم پچاس ہزار بن گئی۔''
[illegible]ت جہاں نے پچاس ہزار کی رقم ہی قرض لی تھی......؟'' شیرو نے پھر جھوٹ بولا۔
[illegible]جھوٹ بولنے سے باز نہیں آ رہے ہو...... ذلیل...... کمینے......'' نادیدہ آواز نے غصے سے کہا۔
[illegible]گلے لمحے اس کے منہ پر ایک ایسا زوردار تھپڑ پڑا جو شب برات کے پٹاخے کی طرح تھا۔ وہ
[illegible]رسی پر جا گرا۔ نہ صرف اسے کمرے میں تارے نظر آ گئے بلکہ اس کا دماغ بری طرح جھنجھنا
[illegible] دماغ کی چولیں بھی ہل گئیں۔ اس کا گال نہ صرف بری طرح دکھ گیا بلکہ اسے ایسا لگا کہ اس
[illegible]ئی ہو۔ وہ جلنے لگا تھا۔
[illegible]نے فیروز کی جیب سے وہ جڑاؤ کنگن نکال لیے جو وہ بیچنے صرافہ بازار لے گیا تھا...... پھر اسے
[illegible]ال سے تجوری میں رکھ چھوڑے کہ سونے کے نرخ بڑھنے پر بیچوں گا...... کیا یہ بھی غلط ہے؟''
[illegible]نے کرخت لہجے میں پوچھا۔
[illegible]......'' شیرو نے اقرار میں گردن ہلائی۔ ایک تھپڑ کھانے سے اس کی عقل ٹھکانے آ گئی
[illegible]وہ تھیلی میں نہیں ہیں۔''
[illegible]نے ان کے جڑاؤ کنگن ان کے ہاں پہنچا دیئے ہیں۔'' نادیدہ آواز نے کہا۔ ''اس کے علاوہ
[illegible]ت بھی ان عورتوں کو پہنچا دیئے جو تمہارے پاس گروی رکھے ہوئے تھے۔ رسیدیں بھی......
[illegible]لوں میں تقسیم کر دی گئی ہے۔ اب تم ایک مفلس اور قلاش شخص ہو...... اب تو تمہاری جیب

میں ایک پیسہ بھی نہیں ہے۔"

"تم نے میرے ساتھ زیادتی کی ہے۔ میری تم سے کوئی دشمنی نہیں تھی..... تم
اچھا نہیں کیا؟ اب میں کیا کروں؟"

"میں نے تمہیں یہ عبرت ناک سزا اس لیے دی ہے کہ تم نے ہر شخص کے ساتھ
کرتے رہتے بھی ہو..... تمہاری مجھ سے کوئی دشمنی نہیں تھی..... لیکن تمہاری دشمنی ہر شخص
نے کب کسی کے ساتھ اچھا کیا جو تمہارے ساتھ اچھا کیا جائے؟ اب تم محنت کرو۔ حلال
یہ بدمعاشی، جیب تراشی، غنڈہ گردی اور سود خوری کا دھندا بند کردو..... ایک شریف انسان
گزارو..... ایک بات یاد رکھو۔ اگر تم نے پیچھے پلٹ کر دیکھا۔ مجرمانہ زندگی پھر سے شروع
سے برا کوئی نہ ہوگا..... اب میں زندگی بھر تمہارا پیچھا چھوڑنے والا نہیں ہوں۔" نادیدہ
تنبیہ کی۔

"اب میں کھاؤں گا کیا.....؟ میرے پاس کچھ نہیں رہا۔ تم نے مجھے مفلس اور قلاش
نے بے بسی سے کہا۔

"میز کی دراز میں پانچ سو روپے کا نوٹ رکھا ہوا ہے..... وہ تمہارے لیے کافی ہے
کے لیے جب تک تم محنت مزدوری شروع نہیں کر دیتے۔ پہلے تم رکشا کرائے پر لے کر چلاتے
بھی تم وہی کام کر سکتے ہو؟"

"لیکن مجھے اتنی رقم دے دو کہ میں پورا ایک ماہ تو چلا سکوں؟" شیرو نے عاجزی سے کہا۔

"میں نے وہ تمام رقم تقسیم کر دی ہے۔ اب تو میرے پاس ایک روپیہ بھی نہیں ہے۔"
نے جواب دیا۔

☆......☆......☆

گھر پہنچ کر شوکت جہاں نے عقرب سے کہا۔ "بیٹے! تم نے کمال کر دیا تم نہ ہوتے تو نجانے

"میں نے کیا کمال کیا.....؟" عقرب نے جواب دیا۔ "میں نے اس بدمعاش سے آپ
دلایا۔"

"یہ کمال نہیں تو اور کیا ہے۔" شوکت جہاں بولیں۔ "پچاس ہزار کی رسید پانچ ہزار رو

"وہ رسید پانچ ہزار روپے کی تھی..... وہ ہمیں بے وقوف بنانے اور آپ کی مجبوری
اٹھانے کی کوشش کر رہا تھا۔"

"جب میں نے اس کے ہاتھ سے رسید لے کر دیکھی تو میرے پیروں تلے زمین نکل گئی
پچاس ہزار روپے لکھے ہوئے تھے۔ لیکن جب وہ رسید تمہارے ہاتھ میں آئی تو وہ پانچ ہزار رو
۔ یہ کیا قصہ ہے؟"

"یہ بھی شعبدہ بازی کا ایک کمال ہے۔" عقرب نے کہا۔ "اس نے آپ کی مجبوری
اٹھانے کے لیے رسید میں جعل سازی کی اور پانچ ہزار کو پچاس ہزار بنادیا۔ لیکن اسے منہ



اسے منہ کی کھانی پڑی۔ وہ لاکٹ ہضم کرنے کے خواب دیکھ رہا تھا۔"

"کیا یہ بات سچ ہے کہ میرے جڑاؤ کنگن اس کی تجوری میں موجود ہیں.....؟" شوکت جہاں نے

"جی ہاں موجود تھے..... لیکن اب نہیں ہیں۔ وہ آپ کی چیز ہے آپ کو مل جائیں گے۔" عقرب
اب دیا۔

"معلوم نہیں کب اور کیسے ملیں گے.....؟" شوکت جہاں نے ایک گہری سانس لی۔ "ایک طرف
لاکٹ لاکر اس قرض اور سود سے نجات دلا کر ہم پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ میں نے اس سے جو
رقم لی تھی وہ موجود ہے۔ اس میں سے اب تک چار ہزار روپے خرچ ہو چکے ہیں شاید ہزار روپے
پڑے ہیں مجھے جڑاؤ کنگن سے زیادہ فکر گھر چلنے کی ہے کنگن ملیں یا نہ ملیں..... میری بیٹی کو اللہ کرے
ت مل جائے۔ کیا تم میری بیٹی کی ملازمت کے لیے کچھ کر سکتے ہو؟"

"آپ زیادہ فکر مند اور پریشان نہ ہوں، اللہ پر بھروسا رکھیں۔" عقرب نے کہا۔ "سب ٹھیک
ئے گا ملازمت بھی مل جائے گی ایک اچھی ملازمت کے لیے ضروری ہے کہ کمپیوٹر کورس کیا
ہے آپ بیٹی سے کہیں کہ وہ کسی کمپیوٹر انسٹی ٹیوٹ کوچنگ سینٹر میں داخلہ لے کر وہ کورس کر لے جو
ت میں کام آتا ہے۔ چار ماہ میں دو ایک کورس سیکھے جا سکتے ہیں۔"

"کورس سیکھنے کے لیے پیسے چاہئیں۔" شوکت جہاں نے کہا۔ "اب تیس دن چلنے مشکل ہیں چھ ماہ
زارا ہوگا۔"

"میرا خیال ہے کہ آپ کے پاس اس وقت اکیاون ہزار روپے موجود ہیں۔" عقرب نے کہا۔ "
سال ڈیڑھ سال قناعت اور سادگی سے خرچ کی جائے تو کافی ہے۔ ریحانہ بھی سکون واطمینان سے
کورس کر لیں گی۔"

"اگر ہمارے پاس اکیاون ہزار روپے ہوتے تو کیا بات تھی.....؟" ریحانہ بولی۔ "سود پر قرض
لیتے۔ اس سے پہلے فیروز کے ذریعے سے کنگن بیچنے کے لیے صرافہ بازار کیوں بھیجتے.....؟ اب
گھر میں چھ سات سو کی رقم پڑی ہوئی ہے۔ یہ رقم ان پانچ ہزار میں سے بچی ہے جو شیرو سے قرض لی
اس میں سے دکان داروں کا قرض اتارا گیا۔ آپ نے قرض اور سود سے نجات دلادی۔ ورنہ
کیا ہوتا۔"

"آپ کے گھر میں اکیاون ہزار کی رقم موجود ہے جو آپ کے والد نے اپنی زندگی میں پس انداز
ے آپ لوگوں سے پوشیدہ رکھی تھی۔"

"تم بیٹے!..... اکیاون ہزار کی بات کر رہے ہو..... اکیاون ہزار کیا..... انہوں نے اکیاون
تک پس انداز نہیں کیے تھے۔"

"آپ مجھے ان کے کمرے میں لے کر چلیں تو میں بتاتا ہوں کہ وہ رقم کہاں رکھی ہوئی
عقرب نے کہا۔

''چلو...... چل کر اپنی تسلی کر لو...... اس کمرے میں ایسی کوئی چیز یا جگہ نہیں ہے جس
رقم رکھی جا سکے۔'' شوکت جہاں نے کہا۔

پھر عقرب کو فیروز، ریحانہ اور شوکت جہاں کمرے میں لے کر آئے۔ اس کمر
اور شوکت جہاں سوتی تھیں عقرب کے کہنے پر فاروق اور تابندہ کو کسی کام سے باہر بھیج دیا گیا
نہیں چاہتا تھا کہ یہ بات ان بچوں سے محلے میں پھیل جائے۔ عقرب نے ایک نظر کمرے
ڈالی۔ ایک کتابوں کی الماری تھی۔ دوسرے کونے میں کپڑوں کی الماری...... دو چار پائیاں
اس کے علاوہ کچھ اور ساز و سامان بھی ادھر ادھر بے ترتیبی سے بکھرا ہوا تھا۔

عقرب کتابوں کی الماری کے پاس جا کر کھڑا ہوا اور کتابوں کو غور سے دیکھنے لگا۔ اس
کالج کی کتابوں کے علاوہ اردو اور انگریزی کی ڈکشنریاں رکھی ہوئی تھیں۔ اس پر ایک چھوٹا
تھا۔

عقرب نے ریحانہ سے کہا۔ ''آپ اس کا تالا کھولیں۔ میرا خیال ہے کہ رقم اس الماری
ہے۔''

''اس الماری میں کتابوں کے سوا کچھ نہیں ہے۔ میں کئی بار اس الماری کی صفائی کر چکی
ریحانہ بولی۔

فیروز چابی لا کر تالا کھولنے لگا تو عقرب نے کہا۔ ''اس الماری میں رقم موجود ہے۔''

عقرب نے الماری کھولی۔ اس نے اردو انگریزی کی ڈکشنری نکالی جو سب سے اوپر دا
میں کچھ کتابوں کے نیچے رکھی ہوئی تھی۔ پھر اس نے ڈکشنری کو چارپائی پر رکھا تو ریحانہ ہنسنے لگی
بڑی رقم ڈکشنری میں کیسے رکھی جا سکتی ہے؟ اگر اس میں رقم رکھی جاتی تو صاف پتا چل جاتا۔ وہ پھول
اور نوٹ جھانکتے ہوئے دکھائی دیتے......''

عقرب نے ریحانہ کی بات کا جواب نہیں دیا۔ اس نے ڈکشنری درمیان سے کھول دی۔
حصے میں نوٹ سائز کے اوراق کو درمیان سے کاٹا ہوا تھا۔ اس میں ہزار ہزار کے نئے نوٹ رکھے
تھے۔ فیروز، ریحانہ اور شوکت جہاں بھونچکا ہو گئیں۔ انہیں جیسے یقین نہیں آیا۔ اگلے لمحے ان کے
حیرت اور خوشی کھل اٹھی اور تینوں کی آنکھیں چمکنے لگیں۔

عقرب نے اندر سے سارے نوٹ نکال کر انہیں گنا۔ پھر اس نے شوکت جہاں کی طرف
بڑھاتے ہوئے کہا۔ ''مبارک ہو۔ میں نہیں کہتا تھا کہ رقم موجود ہے۔ یہ پورے اکیاون ہزار
ہیں۔ آپ گن کر دیکھ لیں۔''

شوکت جہاں نے اس کے ہاتھ سے نوٹ لیتے ہوئے حیرت و تجسس سے پوچھا۔ ''تمہیں
پتا چلا کہ ڈکشنری میں اتنی بڑی رقم موجود ہے؟''

''میری چھٹی حس غیر معمولی ہے۔'' عقرب نے جواب دیا۔ ''اس نے جب بھی کوئی بات
کبھی غلط ثابت نہیں ہوئی۔ یہ صلاحیت مجھے بچپن سے ملی ہوئی ہے۔ یہ ایک خداداد صلاحیت ہے۔



اٹھانے کی کوشش کرتا ہوں۔''

''حیرت کی بات ہے کہ ابو نے اتنی بڑی اور اہم بات ہم سے چھپائی......'' ریحانہ بولی۔ ''کاش!
نے اپنی زندگی کے آخری دنوں میں ہمیں اس رقم کے بارے میں بتا دیا ہوتا تو آج ہمیں اس قدر
سے دو چار نہ ہونا پڑتا۔''

''اصل بات شاید یہ ہے کہ موت نے انہیں مہلت نہیں دی ہوگی...... شاید اس میں خدا کی کوئی
ت ہوگی۔'' عقرب نے کہا۔ ''اس کے بہت سارے کام بلکہ ہر کام کسی نہ کسی مصلحت سے خالی
تا ہے...... یہ رقم کس مشکل میں آپ کے کام آ رہی ہے۔ دیکھا جائے تو یہ اکیاون ہزار نہیں بلکہ
لاکھ روپے کے برابر ہیں۔''

''تم ٹھیک کہتے ہو بیٹے!'' شوکت جہاں نے اپنا سر ہلایا۔ ان کا دل اور آنکھیں بھر آئی
''اللہ نے بڑا کرم کیا۔ ایسے کڑے وقت میں یہ رقم ملی ہے اور شاید اس نے اسی دن کے لیے ہم
چھپا رکھی تھی۔ اس کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے۔''

''اگر آپ سے ملاقات نہ ہوتی اور آپ فیروز کے بہانے گھر نہ آتے تو شاید ہی ہمیں اس رقم کا پتا
'' ریحانہ بولی۔

''اللہ...... مسبب الاسباب ہے۔'' عقرب نے کہا۔ ''وہ ایسا کوئی نہ کوئی سبب پیدا کر دیتا ہے کہ ہر
دور ہو جاتی ہے۔''

''شاید تمہاری چھٹی حس نے ہی بتایا ہوگا کہ اس کی تجوری میں جڑاؤ کنگن رکھے ہوئے
'' شوکت جہاں نے سوالیہ نظروں سے دیکھا۔ ''جی ہاں......'' عقرب کہنے لگا۔ ''بات یہ ہے کہ
ٹی حس کے کئی روپ ہیں۔ اس کی کئی شکلیں ہیں۔ کبھی وہ اندازے کی شکل میں۔ کبھی قیاس کی
میں...... کبھی کوئی خیال بن کر غیب کا سا حال بھی معلوم ہو جاتا ہے۔''

''اب وہ جڑاؤ کنگن کیسے ملیں گے......؟ کس طرح سے ملیں گے......؟'' شوکت جہاں نے سوال کیا۔

''وہ خود ہی کسی نہ کسی صورت میں پہنچا کر جائے گا...... آپ بے فکر رہیں۔'' عقرب نے انہیں
یا۔

''ارے بیٹی!'' شوکت جہاں نے ریحانہ کی طرف دیکھا۔ ''ان کے لیے چائے تو بنا کر لاؤ۔ تم نے
ک کے لیے نہیں پوچھا۔''

''دراصل امی! رقم ملنے کی خوشی سے میں خود غرض سی ہو گئی۔ اس لیے مجھے خیال نہ رہا۔ میں ابھی
ا کر لاتی ہوں۔''

اتنا کہہ کر ریحانہ کمرے سے نکل کر صحن کی طرف لپکی۔ صحن میں باورچی خانہ تھا۔ چند لمحوں کے بعد
سے تقریباً چیختی ہوئی آئی۔ ''امی! امی...... یہ دیکھیے۔ جڑاؤ کنگن...... ہمارے جڑاؤ کنگن......'' اس
خوشی سے لڑکھڑا رہی تھی۔

''یہ کہاں سے آ گئے......؟'' شوکت جہاں کنگن دیکھتے ہی حیرت و خوشی سے اچھل پڑیں۔ ''یہ

کہاں سے ملے؟ کس نے دیئے؟"
"صحن میں پچھلے دروازے کے پاس پڑے ہوئے تھے۔" ریحانہ نے پرجوش لہجے میں
"میرا خیال ہے کہ وہ تمہارے ڈر اور خوف سے کنگن لا کر پھینک گیا۔" شوکت جہاں
اب اس میں اخلاقی طور پر اتنی ہمت اور جرأت نہیں تھی کہ اپنے جرم کا اقرار کرے۔ اس
حرکت کی......"

"جی ہاں...... یہی سمجھ لیجیے۔" عقرب نے کہا۔ "اسی لیے اس نے لاکٹ بھی دے
کی طرح آ کر کنگن صحن میں پھینک گیا۔" عقرب اصل بات کسی بھی صورت میں بتانا نہیں چاہتا
سب کچھ کیسے اور کیوں کر ہوا۔ وہ تمام باتوں اور واقعات کو بھید میں رکھنا چاہتا تھا۔ یہ بات
کھیل اس کے جادو کا ہے سنسنی پھیلانا اور اپنی اہمیت جتانا اور اپنے آپ کو نمایاں کرنا اسے
نہیں تھا۔ ان لوگوں کو خوش و خرم دیکھ کر اسے خوشی ہو رہی تھی۔ اس گھر پر جو غم کے بادل چھائے
وہ ایک ایک کر کے چھٹ گئے کھوئی ہوئی خوشی مل گئی تھی۔

عقرب نے ایک لمحے کے لیے دل میں سوچا کہ اگر وہ بہت بڑا جادوگر اور پراسرار قوتوں
نہ ہوتا اور اس کے زیر اثر موکل نہ ہوتے تو وہ غریبوں اور مظلوموں کی کوئی مدد نہیں کر سکتا تھا۔
مشن مکمل اور کامیاب ہو گیا تھا۔ شوکت جہاں کو ان کا کھویا ہوا بیٹا...... فاروق کو اس کا بھائی
اور ریحانہ کو بھائی مل گیا تھا۔ انہیں لاکٹ اور کنگن بھی مل گئے تھے۔ اکیاون ہزار کی رقم سے ان
بھی حل ہو گئے تھے اور مالی پریشانی بھی دور ہو گئی تھی۔ یہ رقم شیرو کی تھی۔ اس کے علاوہ اس
کی کوئی کمی نہ تھی۔ اس نے شہزادی اور شازیہ کی رقمیں بھی سزا کے طور پر ان کے اٹیچی کیسوں
کر دی تھی۔ کیوں کہ ان دونوں نے فیروز کی بڑی تحقیر کی تھی۔ اس نے ایک طرح سے انہیں سزا
شیرو کا بھی حشر نشر کر دیا تھا۔ جن عورتوں نے اپنے زیورات اس کے ہاں گروی رکھوائے تھے
صرف زیورات بلکہ رسیدیں بھی مل گئی تھیں۔ اتنی رقم بھی جو انہوں نے سود کی صورت میں ادا کی

تھوڑی دیر کے بعد ریحانہ نے چائے بنائی۔ شوکت جہاں رقم اور کنگن اپنے کمرے میں
رکھنے کے لیے اٹھیں۔ فیروز، فاروق اور تابندہ کو لینے کے لیے گھر سے نکلا۔ وہ کمرے میں
تھا۔ عقرب نے دیکھا کہ موقع ہے لہٰذا وہ خاموشی سے اٹھا اور باہر نکل آیا۔ کیوں کہ اب یہاں
کام نہیں رہا تھا۔

☆☆......☆☆☆

اسپتال کے برآمدے میں شاہینہ اور اس کی ماں زبیدہ خاتون ایک بینچ پر بیٹھی ہوئی عقرب
چینی سے انتظار کر رہی تھیں اور ان کی نگاہیں گیٹ پر لگی ہوئی تھیں۔ جیسے جیسے وقت گزرتا جا رہا
مایوسی میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ "وہ شخص وعدہ کر کے ابھی تک نہیں پہنچا......" زبیدہ خا
کہا۔ "اسے کیا ضرورت تھی جھوٹ بولنے کی......"
"میں نے آپ سے کہا تھا کہ آپ اس شخص پر بھروسا نہ کریں۔ زیورات لے جا کر بیچ



میری ایک نہیں سنی۔"
"جانے کیوں میرا دل کہہ رہا ہے کہ وہ آئے گا......؟" زبیدہ خاتون بولیں۔
"ایک طرف تو آپ اسے جھوٹا کہہ رہی ہیں اور دوسری طرف یہ آس لگائے بیٹھی ہیں کہ وہ آئے
ہینہ بولی۔
"اسے ایک گھنٹہ اور دیکھ لیتے ہیں۔" زبیدہ خاتون نے کہا۔ "اس کے نہ آنے کی صورت میں پھر
ات لے جا کر صرافہ بازار یا کسی بھی جیولری شاپ پر بیچ دیں گی...... جہاں اتنا انتظار کیا وہاں
اور سہی۔"
انک شاہینہ کو کچھ خیال آیا تو وہ چونک کر ماں سے بولی۔ "ہم جس کا انتظار کر رہے ہیں وہ
یہ پہنچ سکتے ہیں؟"
وہ کیوں نہیں پہنچ سکتا......؟ میں نے تم سے کہا نا کہ میرا دل گواہی دے رہا ہے کہ وہ ضرور آئے گا؟"
وہ صاحب اس لیے یہاں نہیں پہنچ سکتے ہیں ہم نے انہیں اسپتال کا نام اور رابو کا نام بھی تو نہیں

ارے ہاں......" عورت اچھل پڑی۔ "تم ٹھیک کہہ رہی ہو...... مجھے اسپتال کا نام بتانا واقعی یاد
ا نہ ہی اس کا نام پوچھا۔ اس نے ہم سے اسپتال کا نام دریافت کیا نہ ہمارا نام پوچھا......"
جانے کیوں مجھے بھی اسپتال کا نام بتانا یاد نہیں رہا......" شاہینہ نے کہا۔ "اب کیا کریں

ہو...... گھر چلتے ہیں۔" زبیدہ خاتون نے افسردگی سے کہا۔ "اب زیورات بیچنے کے سوا چارہ
شام کے چھ بج رہے ہیں۔ دکانیں آٹھ بجے تک کھلی رہتی ہیں۔ تم اپنے باپ اور بھائی سے
ڈ کہ ہم رقم کا بندوبست کرنے جا رہی ہیں۔ پریشان نہ ہوں۔ ایک ڈیڑھ گھنٹے میں واپس
"......

ی...... امی!......" شاہینہ ایک دم سے چلائی۔ "وہ دیکھیے...... وہ صاحب آ رہے ہیں......؟"
ہ خاتون نے چونک کر مخالف سمت دیکھا۔ عقرب کو اس طرف آتے دیکھ کر ان کی حیرت اور
انہ رہی۔ پھر انہوں نے اپنی بیٹی کی طرف حیرت سے دیکھا۔ "انہیں اس اسپتال کے بارے
دم ہوا......؟"
ہی بہتر جانتا ہے۔" شاہینہ نے اپنے کندھے اچکائے۔ "مجھے خود بھی اپنی نظروں پر یقین
ہے۔"
جب مہربان ہوتا ہے تو ہر مشکل دور ہو جاتی ہے مایوسی خوشی میں بدل جاتی ہے۔ اسباب پیدا
ا۔" وہ بولیں تو ان کی آواز گلے میں رندھ گئی۔ "وہ واقعی بڑا کارساز ہے ہم اس کا جتنا بھی
ام ہے۔"
پ ٹھیک کہتی ہیں امی!" شاہینہ نے کہا۔ "دنیا میں ایسے نیک لوگ موجود ہیں۔ شاید اسی لیے

دنیا قائم بھی ہے۔"

عقرب نے انہیں قریب پہنچ کر سلام کیا۔ شاہینہ نے عقرب کو آداب کیا۔ پھر ز بولیں۔ "بیٹے! تم یہاں کیسے پہنچے؟ جب کہ ہم اسپتال کا نام اور اپنا نام بھی بتانا بھول گئی تھیں اپنے شوہر کا نام بھی نہیں بتایا تھا؟"

عقرب نے یہ کہنا مناسب اور ضروری نہیں سمجھا کہ اس نے شیرو کے ہاں ماں بیٹی لیے تھے جس سے اسپتال کا نام، مریض اور ان کے نام بھی اسے معلوم ہو گئے تھے۔ اس لیے سے اسپتال کا نام دریافت نہیں کیا تھا۔

"آپ دونوں شیرو کے ہاں بیٹھ کر جب آپس میں باتیں کر رہی تھیں تب اس اسپتال کے ڈاکٹر کا ذکر کر رہی تھیں۔" عقرب نے جواب دیا۔ "چوں کہ یہ بہت بڑا اور مشہور اسپتال لیے میں ایک کام نمٹا کر یہاں آسانی سے پہنچ گیا۔"

"ہم تو مایوس ہو گئے تھے اس خیال سے کہ تمہیں اسپتال کا نام بتایا اور نہ شوہر کا...... پہنچ نہ سکو۔ ہم سے یہ غلطی ہوئی تھی۔ نہ ہم نے اپنا نام بتایا، نہ تمہارا نام اور پتا دریافت کیا۔ خاتون ہے اور میری بیٹی کا نام شاہینہ بیگم اس کے والد کا نام رحمت اللہ ہے۔ تمہارا نام کیا خاتون نے اس کی طرف حیرت سے دیکھا۔

"جی میرا نام عقرب ہے۔" اس نے جواب دیا۔ "اگر میں نے اسپتال کا نام نہ مشکل ہو جاتی اور بہت افسوس بھی ہوتا کہ میں آپ لوگوں کے کام نہ آسکا۔ مجھے دیر اس لیے ضروری کام آن پڑا تھا۔"

"آپ کا نام بڑا عجیب ہے شاید یہ ایک برج کا نام ہے۔" شاہینہ بولی۔

"جی ہاں......" عقرب نے کہا۔ "میں دراصل سواتی باشندہ ہوں۔ میرا تعلق ہے۔ ہمارے خاندان میں برج کے یا کچھ عجیب و غریب اور نامانوس قسم کے نام رکھے جا لیے دوسرے لوگوں کو میرا نام سن کر حیرت ہوتی ہے۔"

"لیکن آپ کا لب و لہجہ بڑا صاف، شستہ اور نفیس ہے۔ آپ شکل و صورت باشندے کی طرح دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن آپ کی گفتگو سے بالکل بھی محسوس نہیں ہوتا ہے کہ سوات سے ہے۔" شاہینہ نے کہا۔

"اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہے۔ شاید اس لیے ہے۔" عقرب نے جواب دیا۔ "اچھا اب مجھے اپنے والد صاحب کے پاس لے کر چلیں سے ملائیں جو ان کا آپریشن کرے گا۔"

شاہینہ اور زبیدہ خاتون اسے ساتھ لے کر جنرل وارڈ میں داخل ہوئیں۔ عقرب کو عجیب اور ناگوار لگا کہ اتنے بڑے اسپتال کا جنرل وارڈ سرکاری اسپتالوں کے جنرل وارڈ ہے۔ صفائی کا نظام بھی بڑا ناقص تھا۔ اس کے پوچھنے پر شاہینہ نے بتایا کہ اس جنرل وارڈ



سو روپے لیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر کی فیس الگ ہے۔ بڑا ڈاکٹر راؤنڈ پر آتا ہے تو تین سو روپے لیتا سیدھے منہ بات نہیں کرتی ہیں انہیں ہر وقت بخشش کی فکر پڑی رہتی ہے۔

"صرف یہی نہیں شہر کے تمام پرائیوٹ اسپتالوں اور کلینکوں کا یہی حال ہے۔" زبیدہ خاتون "صرف ان مریضوں کے علاج معالجے پر اور دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے جو پرائیوٹ آئی پی کمروں میں داخل ہوتے ہیں چوں کہ ان کی کھال ادھیڑی جاتی ہے اور قربانی کا جانور سمجھتے لیے اچھی طرح سے نگہداشت کی جاتی ہے ڈاکٹروں کو دولت کی ہوس ہے وہ ایک سے دو اور اسپتال بنانے اور بینک بیلنس کے بڑھانے کے اندھے جنون میں ڈاکو بنے ہوئے ہیں۔ آج ڈاکوؤں اور لٹیروں میں کوئی فرق نہیں رہا۔ لیکن ڈاکو ان سے بہت بہتر ہیں کہ ان کے دل کے کسی میں ہمدردی کی رمق ہوتی ہے۔ رحم ہوتا ہے لیکن ڈاکٹر کے دل میں نہیں......"

زبیدہ خاتون اپنے شوہر کے بیڈ کے پاس جا کر رکیں جو اس ہال کے ایک کونے میں تھا۔ عقرب نے سلام کیا تو رحمت اللہ نے جواب دے کر بیٹی اور بیوی کی طرف سوالیہ نظروں سے "آپ کون صاحب ہیں؟"

"یہ عقرب صاحب ہیں جن کا ذکر کچھ دیر پہلے امی نے آپ سے کیا تھا......؟" شاہینہ نے بتایا۔

"آپ سے مل کر بڑی خوشی ہوئی بیٹے!......" رحمت اللہ نے اس کی طرف ہاتھ مصافحہ کے لیے "میری بیوی نے بتایا کہ آپ نے میرے آپریشن اور علاج معالجے کے تمام اخراجات برداشت کا وعدہ کیا ہے۔ سچ پوچھو تو بیٹا! مجھے اس بات کا یقین نہیں آیا کہ ایک اجنبی ایک غریب شخص کے سکتا ہے جب کہ رشتہ داروں نے منہ موڑ لیا۔"

"آپ فکر نہ کریں۔ کسی بھی بات کی۔" عقرب نے انہیں دلاسا دیا۔ "اللہ نے مجھے نوازا ہوا ہے رہتا ہے اس لیے میں لوگوں کے کام آنے کی کوشش کرتا ہوں اچھا اب آپ آرام کریں میں مل کر آتا ہوں۔ آنٹی آپ مجھے ڈاکٹر کے پاس لے چلیں۔"

"شاہینہ بیٹی!" زبیدہ خاتون نے کہا۔ "تم انہیں ڈاکٹر صاحب کے پاس لے جاؤ۔ شاید وہ اس چیمبر میں ہوں گے...... میں تمہارے ابو کو دوا وغیرہ دے لوں۔ اس وقت جونیئر ڈاکٹر راؤنڈ پر

"ایک منٹ۔" رحمت اللہ نے عقرب سے کہا۔ "کیا میری بیوی نے بتایا کہ میرے آپریشن معالجے پر کتنا خرچ آئے گا؟"

"جی ہاں پچیس ہزار روپے......" عقرب نے جواب دیا۔ "آپ کس لیے پوچھ رہے ہیں؟"

"اس لیے کہ میری بیوی نے میرے ایک رشتہ دار کے بھروسے پر مجھے اس اسپتال میں لا کر داخل رحمت اللہ کہنے لگے۔ "انہوں نے عین وقت پر اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور معذرت کر لی۔ میں نے اپنی کہا کہ مجھے سرکاری اسپتال میں لے چلو...... کیوں کہ یہ پرائیوٹ اسپتال کا مالک ڈاکٹر اور ڈاکٹر ہیں وہ سب لٹیرے ہیں لیکن میری بیگم نے ایک نہیں سنی......"

''اب آپ کا کام آپریشن اور علاج کرانا ہے......اس کے تمام اخراجات
ہیں۔'' عقرب نے کہا۔

پھر وہ شاہینہ کے ساتھ اس وارڈ سے نکل گیا تو رحمت اللہ نے اپنی بیوی سے کہا۔''
کس قدر خوبصورت اور وجیہہ ہے۔ اس کا دل بھی بہت بڑا اور خوبصورت ہے لیکن یہ
ہمارے کام آرہا ہے تم نے یہ بھی سوچا۔ جب کہ ہم ایک دوسرے کے لیے اجنبی ہیں اس
برداشت کرنے میں کون سا جذبہ کارفرما ہوسکتا ہے!''

''میں خود بھی حیران ہوں۔'' زبیدہ خاتون نے کہا۔ ''یوں تو ایک طرف تو یہ شخص مخلص
اور بے غرض سا محسوس ہوتا ہے۔ دوسری طرف میں یہ سوچ رہی ہوں کہ کہیں وہ ہماری بیٹی
سے اتنا کچھ کررہا ہے؟''

''ہاں......میرا بھی یہی خیال ہے۔'' رحمت اللہ نے کہا۔ ''اسے شاید ہماری بیٹی
ہے۔''

''بالفرض محال اگر یہ لڑکا نیک اور بااخلاق ہوا تو اس کی شادی شاہینہ سے کرنے
ہے؟'' زبیدہ خاتون بولیں۔ ''آج کل اچھے لڑکے کہاں ملتے ہیں اور پھر یہ ماشاءاللہ بہت
پرکشش اور لاکھوں میں ایک ہے۔''

''آپریشن ہوجائے......میں چلنے پھرنے کے قابل ہوجاؤں تو پھر دیکھتے اور اس کے
معلوم کرتے ہیں۔'' رحمت اللہ بولے۔

شاہینہ اور عقرب ڈاکٹر کے کمرے میں داخل ہوئے۔ اس وقت ڈاکٹر خورشید ایک آپریشن سے
فارغ ہوکر اپنے چیمبر میں بیٹھا کافی پی رہا تھا۔ عقرب نے ڈاکٹر خورشید سے کہا۔ ''میں مریض
صاحب کے پتے کے آپریشن کے اخراجات کے بارے میں معلوم کرنے حاضر ہوا ہوں۔''

''کیا آپ نے میرے آپریشن کی فیس پچیس ہزار روپے جمع کرادی ہے؟'' ڈاکٹر خورشید نے
چھوٹتے ہی کہا۔

عقرب کچھ کہنا چاہتا تھا۔ دفعتاً ٹیلی فون کی گھنٹی بجی۔ اس نے ریسیور اٹھالیا۔ ''کیا ہے
بیٹی!......؟''

دوسری طرف سے اس کی بیٹی نے جو کچھ کہا وہ عقرب اس کے ذہن سے رابطہ معلوم کرکے
اس کے ذہن کا رابطہ ڈاکٹر کے ذہن سے ہوگیا تھا۔ اس کی بیٹی کہہ رہی تھی۔ ''ڈیڈی! میں نے آپ
کہا تھا کہ مجھے شادی کی شاپنگ کے لیے مزید پانچ لاکھ روپے کی ضرورت ہے لیکن آپ نے صرف
لاکھ روپے دیئے......اس سے کیا ہوگا۔ وہ تو میں نے صبح خریداری پر خرچ کردیئے۔''

''مجھے یوں کہ دو تین آپریشن کرنے تھے اس لیے مجھے یاد نہیں رہا تم پانچ لاکھ
لو۔'' ڈاکٹر خورشید نے کہا۔

''او ڈیڈی......ہاؤ سویٹ یو......'' وہ سرشاری سے بولی۔ ''کیا آپ صبح چیک دیں گے



والے سے دلادیں گے......؟''

''رقم تو ہر وقت گھر میں موجود رہتی ہے۔'' ڈاکٹر خورشید نے کہا۔ ''تم ناشتے کے بعد مجھ سے یا
امی سے لے لینا۔''

گفتگو کا سلسلہ منقطع ہوگیا تو عقرب نے کہا۔ ''مجھے یہ معلوم کرنا ہے کہ کیا صرف پچیس ہزار
اخراجات شامل ہیں۔ آپریشن بیڈ کا کرایہ اور اسپتال سے دی جانے والی ادویات۔''

''یہ تو صرف میری آپریشن فیس ہے۔'' ڈاکٹر خورشید کاروباری لہجے میں کہنے لگا۔ ''جو ٹیسٹ وغیرہ
ہوں گے اس کے اخراجات الگ ہیں۔ دوائیں آپ کو خریدنا ہوں گی۔ جتنے دن رہیں گے اتنے دن
کے چارج ہوں گے۔ ایک اندازے کے مطابق کل پینتیس ہزار روپے کے اخراجات آئیں
گے۔ ہوسکتا ہے کہ دو تین ہزار روپے اور بڑھ جائیں۔ یہ سب مریض کی حالت پر ہے......مریض کو تین
دن یا پھر ایک ہفتے تک شاید داخل رہنا پڑے۔''

''مگر ڈاکٹر صاحب!'' شاہینہ بولی۔ ''آپ نے تو کہا تھا کہ پچیس ہزار روپے میں آپریشن
وغیرہ سب کچھ بھی ہوجائے گا۔''

''آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے میں نے صرف آپریشن کی فیس بتائی تھی۔ اس میں دوسرے اخراجات
نہیں تھے۔''

''لیکن دس بارہ ہزار روپے کا اضافی خرچ کس لیے......؟ کیا ٹیسٹ اس قدر مہنگے ہوتے
ہیں؟'' شاہینہ نے پوچھا۔

''ٹیسٹ اور دوائیوں کے علاوہ میری فیس بھی اس میں شامل ہے۔'' ڈاکٹر خورشید نے جواب دیا۔

''آپ کی فیس......؟'' شاہینہ کے چہرے پر حیرت سی چھاگئی۔ ''کیا پچیس ہزار روپے میں آپ
کی فیس شامل نہیں ہے؟''

''پچیس ہزار روپے تو آپریشن فیس ہے۔ میں جو روزانہ راؤنڈ پر آکر دیکھوں گا کہ اس کی یومیہ
فیس ہزار روپے ہوگی۔''

''ڈاکٹر صاحب!'' شاہینہ نے کہا۔ ''پلیز! آپ کچھ رعایت کریں۔ کیوں کہ ہمارے پاس پچیس
ہزار سے زیادہ رقم نہیں ہے۔''

''یہ میرا نہیں آپ کا مسئلہ ہے۔ اگر آپ کے پاس پیسے تو نہیں ہیں تو یہاں مریض کو داخل کرنے
کی ضرورت کیا تھی؟'' ڈاکٹر خورشید نے تند لہجے میں کہا۔ ''پہلے آپ کو تمام اخراجات کے بارے میں
معلوم کرلینا چاہیے تھا۔''

''ہم یہاں صرف اس لیے آئے کہ یہ اچھا اسپتال ہے اور آپ ایک قابل ترین سرجن ہیں۔''
عقرب نے کہا۔ ''اور پھر آپ اس اسپتال کے مالک ہیں۔ آپ کے دو تین کلینک بھی ہیں۔ اللہ نے آپ
کو بہت کچھ دیا بھی ہے۔''

''جیسا اسپتال اور ڈاکٹر سرجن ہوتے ہیں ویسی ہی فیس اور اخراجات بھی ہوتے ہیں۔'' ڈاکٹر

خورشید نے کڑوا سا منہ بنایا۔ ”لیکن میں پھر بھی بہت کم فیس لیتا ہوں جنرل وارڈ کے
ہیں میں انسانیت کی خدمت کر رہا ہوں اور کیا کروں......؟“

”پھر بھی سر! کچھ تو کم کریں......؟“ شاہینہ نے التجا کی۔ ”آپ پچیس ہزار رو
اخراجات کے لے لیں۔“

”آپ تو دس بارہ ہزار روپے رعایت کرنے کے لیے کہہ رہی ہیں۔ لیکن میں
رعایت بھی نہیں دے سکتا۔“ ڈاکٹر خورشید نے کہا۔ ”یہ کوئی خیراتی یا سرکاری اسپتال نہیں
لیے بہتر یہ ہوگا کہ مریض کو کسی سرکاری اسپتال میں لے جائیں۔ میرا وقت خراب نہ
میری آپریشن فیس جمع کرا دیں۔ میں اتنا کر سکتا ہوں کہ کل صبح سب سے پہلے آپ
کر دوں گا۔“

”ڈاکٹر!“ عقرب نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ ”یہ ایک انسانی مسئلہ ہے۔
میں رعایت کر دیں تو ایسا ہی ہے جیسے اونٹ کے منہ میں زیرہ......اور پھر آپ کو دعا
میں دعا سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے۔“

”میں کہتا ہوں آپ دونوں تشریف لے جائیں مجھے ابھی جا کر مریض دیکھنا
خراب نہ کریں۔“ ڈاکٹر خورشید نے رعونت سے کہا۔ شاہینہ کمرے سے باہر آئی تو اس
آنسو نکل پڑے جنہیں اس نے فوراً ہی دوپٹے میں جذب کر لیا۔

”چلیے کینٹین چل کر چائے پیتے ہیں۔“ عقرب نے کہا۔ ”کینٹین اس طرف اور

”نہیں......“ شاہینہ نے سر ہلایا۔ اس کی آواز گلے میں رندھ رہی تھی۔ ”میرا موڈ
لیے نہیں ہو رہا ہے۔“

”میں اس لیے آپ کو کینٹین چائے پینے کے لیے لے جا رہا ہوں تاکہ آپ کا
جائے۔“ عقرب نے کہا۔

”مجھے کیا ہوا......میں بالکل ٹھیک تو ہوں۔“ شاہینہ نے افسردگی سے کہا۔ اس کی
کنائیوں میں آنسو بھرے تھے۔

”آپ کینٹین کے واش روم میں جا کر آئینے میں اپنی شکل دیکھیں تو معلوم ہوگا
کے چہرے اور آنکھوں کی کیا حالت ہو رہی ہے۔ آپ کی امی اور ابو دونوں ہی پریشان
گے۔ پلیز! میرے ساتھ چلیں صرف دس منٹ کے لیے......“

عقرب شاہینہ کو ساتھ لے کر کینٹین میں داخل ہوا۔ پھر وہ اسے لے کر ایک گوشے
شاہینہ کو میز پر بٹھا کر کاؤنٹر پر چلا گیا۔ کیوں کہ کینٹین میں سیلف سروس تھی۔ اس نے
اور کافی لے کر ٹرے میں رکھی بل ادا کیا اور میز پر جا پہنچا۔

”آپ یہ سب کیا اٹھا لائے ہیں......؟“ شاہینہ نے ٹرے کی طرف
کہا۔ ”کافی......کافی تھی۔ اس کی کیا ضرورت تھی؟“



”اس کی ضرورت اس لیے تھی کہ آپ نے دوپہر سے کچھ نہیں کھایا ہے؟“ عقرب نے اس کے
رکھتے ہوئے کہا۔

شاہینہ نے چونک کر حیرت سے اس کی شکل دیکھی۔ ”آپ کو کیسے پتا......؟ کس نے بتایا؟ کیا امی
لیکن امی تو......؟“

”کسی نے نہیں بتایا محترمہ! آپ کا چہرہ بتا رہا ہے۔ آپ کی آنکھیں بتا رہی ہیں۔“ عقرب نے
سے کہا۔

”فکر اور پریشانیوں کی وجہ سے میری بھوک ختم ہو کر رہ گئی ہے۔“ شاہینہ نے نگاہیں نیچی کر کے

”ایسا لگتا ہے کہ آپ کو اپنے ابو سے بہت پیار ہے۔ آپ انہیں بہت چاہتی ہیں؟“ عقرب نے
چہرے پر نظریں مرکوز کر دیں۔ ”جی ہاں......“ شاہینہ نے نظریں اوپر اٹھا کر اس کی طرف
میرے ابو نے ساری زندگی بہت دکھ اٹھائے ہیں۔“

”دنیا میں ایسا کون شخص ہے جس کی زندگی میں دکھ اور خوشی شامل نہیں ہے آپ کی آنکھوں
ہیں؟ آپ اس قدر پریشان کیوں ہو گئی ہیں۔“ عقرب نے کہا۔ ”میں نے محسوس کیا ہے
جذباتی واقع ہوئی ہیں۔“

”اب ابو کا آپریشن کیسے ہوگا؟ چالیس ہزار روپے تک اخراجات آئیں گے۔ جب کہ پچیس ہزار
“ اتنا کہہ کر شاہینہ نے اپنا جملہ ادھورا چھوڑ دیا۔ اس کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔

”ایں......آپ اتنی سی بات کے لیے اپنے قیمتی آنسو بہا رہی ہیں......؟“ عقرب ہنس پڑا۔

”آپ کے نزدیک یہ اتنی سی بات ہے؟“ وہ دوپٹے میں اپنے آنسو جذب کرتی ہوئی
چالیس ہزار روپے کہاں سے آئیں گے۔“

”آپ بالکل بھی پریشان نہ ہوں۔“ عقرب نے دلاسا دیا۔ ”کافی ٹھنڈی ہو جائے
سے پیئیں، پیسٹری لیں۔ آپ چالیس ہزار کی بات کر رہی ہیں۔ چار لاکھ روپے بھی خرچ
کوئی فرق نہیں پڑے گا۔“

”جی......“ شاہینہ نے آنکھوں پر سے دوپٹا ہٹا کر عقرب کو دیکھا جو مسکرا رہا تھا۔ شاہینہ کی آنکھیں

”پہلے آپ یہ نوش فرمائیں۔ پھر آپ جی جی کرتی رہیں۔“ عقرب نے کہا۔

”جی......“ شاہینہ ہنس پڑی۔ پھر اس نے پلیٹ سے ایک پیسٹری اٹھاتے ہوئے عقرب کی طرف
”آپ چالیس ہزار روپے خرچ کرنے پر تیار ہیں......نہیں......آپ صرف پچیس ہزار روپے
باقی پندرہ ہزار روپے ہم خرچ کر لیں گے۔“

”لیکن یہ پندرہ ہزار روپے آپ کہاں سے لائیں گی جب کہ آپ لوگوں کے پاس پندرہ سو روپے
ہیں؟“ عقرب نے انجان بن کر کہا۔

"مجھے زیورات کا بالکل بھی خیال نہیں آیا تھا۔ زیورات بیچ کر پندرہ ہزار آ ئیں
بولی۔

"محترمہ! میں ان زیورات کو فروخت ہونے سے بچانے کے لیے اپنی طرف
ہوں۔ آپ ہیں کہ اسے خرچ کرنے پر تلی بیٹھی ہیں۔"

"دراصل آپ پر اتنا بوجھ ڈالنا مجھے بالکل پسند نہیں...... پلیز! آپ اور شرمندہ نہ
نے آہستگی سے کہا۔ "ان زیورات کو رکھ کر کرنا بھی کیا ہے۔ چوں کہ ضرورت آن پڑی
زیادہ قیمتی نہیں ہیں اس لیے انہیں بیچنا بہتر ہے۔"

"یہ زیورات آپ کی شادی کے لیے آپ کے ابو نے بنائے ہیں۔ لہٰذا اب آ
خیال دل سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نکال پھینکیں۔" عقرب نے کہا۔ "میں جو رقم خرچ کر
میری اپنی ہوگی......"

شاہینہ نے چوں کہ اس کا آخری جملہ دھیان سے نہیں سنا تھا۔ اس نے چونک کر پوچھا
آپ نے......؟"

"میں نے یہ کہا کہ کافی ٹھنڈی ہو رہی ہے۔ میں کیا گرم گرم کافی لے آؤں......؟"
بات بنائی۔

تھوڑی دیر کے بعد وہ دونوں وارڈ میں داخل ہوئے۔ عقرب نے کہا۔ "میں کاؤنٹر
رقم جمع کرانے کے لیے......"

جب عقرب کاؤنٹر پر رقم جمع کرا کے آیا تو رحمت اللہ ممنونیت سے بولے۔ "بیٹے! تم
کیوں کر رہے ہو......؟ میں نے اپنی زندگی میں کسی کا احسان کبھی نہیں لیا بلکہ میں نے کسی
لوگوں کے کام آنے کی کوشش کی۔"

"چوں کہ آپ ایک بہت ہی نیک آدمی ہیں اس لیے میں آپ کی خدمت کی سعادت
کر رہا ہوں۔" عقرب نے کہا۔

زبیدہ خاتون نے اپنے پرس سے ایک نسخہ نکال کر شاہینہ کی طرف بڑھایا۔ "یہ انجکشن
اس اسپتال کے میڈیکل اسٹور سے مت خریدنا باہر کے کسی میڈیکل سے یہ دوا خریدنا......"

"وہ کس لیے......؟" شاہینہ نے حیرت سے کہا۔ "کیا اسپتال کے میڈیکل اسٹور میں
مہنگی ملتی ہیں۔"

"اس میڈیکل میں ہر دوا بہت مہنگی ملتی ہے میں نے کل جو گولیوں کا ایک پتا اسپتال کے
اسٹور سے خریدا وہ ساٹھ روپے کا تھا جب کہ باہر چالیس روپے کا تھا۔"

"گویا قدم قدم پر دونوں ہاتھوں سے مریضوں کو لوٹا جا رہا ہے۔" شاہینہ نے کہا۔ "کیا یہ
ڈاکٹر قبر میں لے جائیں گے۔"

"اب تو بیٹا لوٹ مار کا یہ سلسلہ ہر پرائیوٹ اسپتالوں اور کلینکوں میں چل پڑا ہے۔ ان ڈاکٹر



وں پر ذرہ برابر بھی رحم نہیں آتا ہے۔ معلوم نہیں...... یہ خدا کو کیا جواب دیں گے۔" زبیدہ
کہا۔

ی!" شاہینہ کہنے لگی۔ "جس وقت ہم ڈاکٹر سے رعایت کے لیے بات کر رہے تھے تب ان کی
ن آیا تھا۔ اس کی شادی ہونے والی ہے۔ وہ صبح شاپنگ کے لیے چار لاکھ روپے لے گئی تھی
اس نے ٹیلی فون کر کے باپ سے پانچ لاکھ کی رقم مانگی تو باپ نے فرمایا کہ پانچ کیا صبح چھ لاکھ
لینا...... رقم گھر میں رکھی ہوئی ہے...... شاپنگ کے لیے باپ بیٹی کو دس لاکھ روپے دے رہا
ہمیں پانچ روپے کی بھی رعایت دینے کے لیے تیار نہیں ہوا۔"

ی! بات یہ ہے کہ آج کل کے ڈاکٹر نہ صرف لٹیرے ہیں بلکہ فرعون بنے ہوئے ہیں۔ اس
ی دولت میں راتوں رات بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے۔ وہ مریضوں کو جانور سمجھتے ہیں۔ ان کے
سانیت کا کوئی تصور نہیں رہا ہے۔" رحمت اللہ بولے۔

کل ایک نرس مجھ سے کہہ رہی تھی کہ وہ تین برس سے اس اسپتال میں کام کر رہی ہے۔ اس کی
ایک روپے کا بھی اضافہ نہیں ہوا ہے۔ جب کہ ڈاکٹروں نے نہ صرف اپنی فیسوں، لیبارٹری
اور جنرل وارڈ کے چارجز میں دو سو روپے سے چار سو گنا اضافہ کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ
لیے کوئی طبی سہولت تک حاصل نہیں ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ٹی وی اور اخبارات کے انٹرویوز
یت کی خدمت کے بلند و بانگ دعوے کرتے رہتے ہیں۔" زبیدہ خاتون نے کہا۔

اچھا میں اب جا رہا ہوں۔" عقرب نے کہا۔ "کل صبح آپریشن کے وقت آ جاؤں گا۔ آپ جو
ہیں یہ رونا ہر شخص رو رہا ہے۔ اوپر سے نیچے تک آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے۔ جو وقت
وہ اچھا ہے۔ دعا کریں۔ آپریشن کامیاب ہو۔ اس بات کا بھی امکان ہے کہ رات نو بجے
شن ہو جائے۔ اچھا۔ خدا حافظ۔"

قرب کو کچھ یاد آیا تو اس نے اپنی جیب سے ایک ڈپازٹ سلپ نکال کر زبیدہ خاتون کی طرف
"آپ اسے حفاظت سے رکھ لیں۔ میں نے کاؤنٹر پر رقم جمع کرا دی ہے جن دواؤں کی ضرورت
سپتال والے خود ہی بندوبست کر کے بل دے دیں گے۔" پھر اس نے توقف کر کے جیب سے
کی رقم نکال کر زبیدہ خاتون کی طرف بڑھائی۔ وہ نہ نہ کرتی رہیں۔ عقرب ان کے ہاتھوں
دے کر تیزی سے وارڈ سے نکل گیا۔

معلوم نہیں۔ میری کون سی نیکی کام آ گئی جو یہ مسیحا مل گیا۔" رحمت اللہ بولے۔ "اللہ اسے نظر بد
ے۔"

ئی پندرہ منٹ کے بعد ایک نرس آ کر زبیدہ خاتون سے بولی۔ "آپ سامان اور اپنے شوہر کو
ں۔ مسٹر رحمت اللہ کو کمرے میں شفٹ کیا جا رہا ہے...... رات نو بجے ان کا آپریشن ہوگا۔ ابھی
میں دو گھنٹے باقی ہیں۔"

تینوں یہی سمجھے کہ آپریشن کی وجہ سے کمرے میں شفٹ کیا جا رہا ہے۔ وارڈ بوائے وہیل چیئر لے

آیا۔ وہ لفٹ سے اوپر وی آئی پی روم میں پہنچے تو وہ تینوں بھونچکے ہو کر ایک دوسرے کی شکل دیکھ

"نرس!" زبیدہ خاتون نے تحیر زدہ لہجے میں کہا۔ "یہ آپ اس کمرے میں کیوں
یہ تو وی آئی پی روم ہے۔"

"اس لیے کہ یہ کمرہ مسٹر رحمت اللہ کے لیے لیا گیا ہے۔" نرس نے جواب دیا۔
یاب ہونے تک یہاں رہیں گے۔"

"لیکن یہ کمرہ کس نے لیا ہے؟" شاہینہ نے حیرت سے کہا۔ "کہیں آپ کو غلط فہمی تو
ہے؟"

"یہ تو مجھے نہیں معلوم کہ کس نے لیا ہے..... مجھ سے کہا گیا کہ مسٹر رحمت اللہ کو شفٹ
جنرل وارڈ سے۔ میں نے کر دیا۔"

تھوڑی دیر کے بعد نرس چلی گئی تو وہ حیرت اور خوشی سے اس کمرے کو دیکھنے لگے
صرف ٹی وی، ٹیلی فون تھا بلکہ دو بے حد آرام دہ بستر ڈبل بیڈ میسر تھے۔ فرش پر بیش قیمت قالین
تھا۔ ایئر کنڈیشنڈ کمرہ تھا۔ ایک الماری اور ملحقہ واش روم بھی تھا۔ "یہ سب کچھ مسٹر عقرب
ہوگا.....؟" رحمت اللہ بولے۔ "بیگم! وہ ڈپازٹ سلپ تجھے دکھانا جو وہ دے گئے؟"

زبیدہ خاتون نے وہ ڈپازٹ سلپ پرس سے نکالی جو انہوں نے بغیر دیکھے اپنے پرس
تھی پھر وہ سلپ نکال کر دیکھی تو ان کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ انہوں نے وہ سلپ
طرف بڑھا دی۔ "عقرب نے ایک لاکھ روپیہ جمع کرایا ہے۔"

☆☆..........☆☆

ڈاکٹر خورشید اسپتال سے گھر پہنچا تو اس وقت رات کے گیارہ بج رہے تھے۔ اس کی بیوی
بیٹی عمرانہ اس کے انتظار میں جاگ رہی تھیں۔ وہ اپنے باپ کی آواز سن کر اپنے کمرے سے
وہ اپنے باپ کا ہاتھ پکڑ کر اپنے کمرے میں لے گئی۔

"ڈیڈی! یہ دیکھیے۔ میں نے کیسی زبردست شاپنگ کی ہے۔ چار لاکھ میں سے چار
نہیں بچے ہیں۔"

ڈاکٹر خورشید نے پلنگ کی طرف دیکھا۔ بستر پر زیورات کے سیٹ سجے ہوئے تھے۔
ہیرے جگمگ کر رہے تھے۔ ہیرے جواہرات کے یہ سیٹ اور ان کے ڈیزائن بہت خوب
جاذب نظر تھے۔

"ڈیڈی! کیسے ہیں یہ سیٹ!.....؟" عمرانہ نے پوچھا۔ "آپ کو پسند آئے؟ سچ سچ بتا

"بہت شان دار اور بہت خوبصورت ہیں۔" ڈاکٹر خورشید نے ایک ایک سیٹ کو
تعریفی لہجے میں کہا۔

"ممی کہہ رہی تھیں کہ میں ان کو پہن کر بہت ہی حسین نظر آؤں گی؟" عمرانہ نے کہا۔

"ہاں بیٹی! تمہاری ممی نے بالکل ٹھیک کہا ہے۔ یوں بھی تم ان زیورات کے بغیر بھی



لا۔"

جب یہ زیورات دیکھے گی تو جل کر رہ جائے گی..... ایک ایک سیٹ ایک لاکھ روپے کا

فضیلہ کی بات کر رہی ہو.....؟" ڈاکٹر خورشید نے کہا۔ "نذیر احمد کی وائف کی.....؟"

..... ڈاکٹر بشیر احمد کی بیٹی کی.....؟ جس کی گزشتہ ہفتے شادی ہوئی تھی۔ ساٹھ ہزار روپے کا
و بڑی اترا رہی تھی۔"

بشیر کی اوقات ہی کیا ہے..... اس کے کلینک میں صرف پانچ کمرے ہیں اس کی بیٹی کا
کیا مقابلہ....."

نے تین لاکھ روپے کا ایک اور سیٹ بنوایا ہے ڈیڈی! وہ کل ملے گا۔ آپ دیکھیں گے تو عش
گے۔"

یہ چاہتا ہوں کہ تمہاری شادی ایسی دھوم دھام اور روایتی انداز سے ہو کہ مثالی بن
تک کسی ڈاکٹر کی بیٹی کی ایسی شادی نہ ہوئی ہو..... لہٰذا تم روپے پیسے کی بالکل بھی فکر نہ
تم" خورشید نے کہا۔

کی میز پر اس کی بیوی نگہت نے پوچھا۔ "شادی پر کھانے کا کیا کرو گے.....؟ حکومت نے
لے پر پابندی لگا رکھی ہے۔"

ن اور پابندی ہم لوگوں کے لیے نہیں ہے۔" ڈاکٹر خورشید نے کہا۔ "میرے ذہن میں
ہے میں ایک نئی روایت اور نئی مثال قائم کرنا چاہتا ہوں۔ یہ بتاؤ کہ مہمانوں کی جو فہرست
مہمانوں کی ہے؟"

دو ہزار مہمان تو ہوں گے.....؟" نگہت نے جواب دیا۔ "انہیں کیا کسی فائیو اسٹار ہوٹل
.....؟"

کوٹھی کے سامنے جو ہاکی گراؤنڈ ہے اس میں کھانا ہوگا۔" ڈاکٹر خورشید نے کہا۔ "یہ گراؤنڈ
ہزار آدمی بھی کھا سکتے ہیں۔ دو دن پہلے جو مہندی ہوگی اس میں مجنوں اور میوزیکل سرکل
فنکاروں اور دو تین رقاصاؤں کو بھی ورائٹی پروگرام میں بلاؤں گا۔"

کھانے میں کیا کیا آئٹم ہوں گے.....؟ اس کا مینو کیا ہوگا؟" عمرانہ بولی۔ "فضیلہ کی
آئٹم تھے۔"

کھانے کے اسٹال بناؤں گا۔" ڈاکٹر خورشید کہنے لگا۔ "فش کے تین اسٹال ہوں
سٹال پر فش فرائی، دوسرے پر فش پراٹھا..... فش بریانی..... اس طرح جھینگے کے بھی تین
اور مٹن کے بھی تین اسٹالز..... کنا الگ ہوگا۔ سیخ پراٹھا..... چائنیز، ڈش..... کوئی بیس
گے۔"

نے سویٹ ڈش کے بارے میں کچھ نہیں بتایا.....؟" عمرانہ نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔

آئس کریم، قلفی، کھیر اور ربڑی کے علاوہ دس اقسام کی سویٹ ڈشیں ہوں گی۔ میں ...
لیے جو بجٹ بنایا ہے وہ صرف تیس لاکھ روپے کا ہے میں نے اپنی بیٹی کی شادی پر خرچ کر ...
رقم مختص کی ہے وہ ایک کروڑ ہے۔"

عمرانہ نے خوش ہو کر تالی بجائی پھر اس نے اپنی کرسی سے اٹھ کر باپ کے گال ...
سویٹ یو ڈیڈی!"

"ارے ہاں...... یاد آیا۔" نگہت نے کہا۔ "صبح ماسی مہراں دس ہزار روپے مانگ رہی ...

"وہ کس لیے......؟" ڈاکٹر خورشید نے نیپکن سے منہ صاف کرتے ہوئے ناگواری ...

"اس لیے کہ اس کی بیٹی کی شادی ہے۔" نگہت نے بتایا۔ "وہ کہہ رہی تھی دس ہزار ر...
یا کوئی سونے کے زیور کا چھوٹا سا سیٹ...... اس کے پاس سونا بالکل بھی نہیں ہے۔ وہ بہت پر...

"تو پھر تم نے کیا اسے دس ہزار روپے دے دیئے......؟" ڈاکٹر خورشید کی تیوریاں ...

"جی نہیں......" نگہت نے سر ہلایا۔ "آپ مجھے کیا سمجھتے ہیں۔ میں نے اس سے کہا ...
صاحبہ کی شادی ہے بہت سارے اخراجات ہیں۔ یوں بھی آج کل انکم ٹیکس والوں نے بہت ...
ہے۔ اسپتال میں مریض بھی کم آرہے ہیں۔ آمدنی بھی ٹھیک نہیں ہو رہی ہے۔ دس ہزار ...
سے لائیں۔"

"اتنا کچھ کہنے کی کیا ضرورت تھی؟" ڈاکٹر خورشید نے کہا۔ "صاف صاف انکار کر دیتا ...

"میری بات سن کر میری منت سماجت کرنے اور گڑگڑانے لگی۔ کہنے لگی۔ بیگم صاحبہ! ...
میں پندرہ برس سے آپ کا نمک کھا رہی ہوں۔ ان پندرہ برسوں میں میں نے کبھی آپ ...
بھی سوال نہیں کیا۔ میری بیٹی کی شادی کا مسئلہ ہے۔ اس کی عزت کا سوال ہے۔ آپ کے ...
روپے دس روپے کے برابر ہیں پھر میں نے اسے پانچ سو روپے دیئے پہلے تو وہ نہیں لے رہی ...
لے کر چلی گئی۔" نگہت نے کہا۔

"سو روپے بھی کافی تھے۔" ڈاکٹر خورشید نے کہا۔ "آئندہ تم حاتم طائی بننے کی کوشش ...

"ڈیڈی!" عمرانہ بولی۔ "آپ چھ لاکھ روپے مجھے ابھی اور اسی وقت دے دیں تا کہ ...
الماری میں رکھ لوں...... میں صبح دیر سے اٹھتی ہوں آپ سے شاید ملاقات نہ ہو سکے۔ کیونکہ ...
دس بجے گھر سے نکل جاتے ہیں۔"

جب ملازمہ برتن اٹھا کر لے گئی تب وہ تینوں ڈاکٹر خورشید کے بیڈ روم میں آگئے۔ ...
نے بیڈ روم کا دروازہ بند کر کے اندر سے چٹخنی لگا دی۔ پھر بریف کیس کھول کر بستر پر رکھ د...
نے پوچھا۔ "آج کیا رہا......؟"

"آج پانچ آپریشن کئے اور چالیس مریضوں کو دیکھا۔ دو لاکھ کیش لے کر آیا ہوں۔"

ڈاکٹر خورشید اتنا کہہ کر مونا لیزا کی پینٹنگ کی طرف بڑھا۔ اسے اتار کر فرش پر ایک طرف ...
جگہ دیوار میں ایک درمیانہ سائز کی تجوری تھی۔ اس نے کوڈ نمبر سیٹ کر کے اس کا دروازہ کھولا تا کہ ...



...دی کو دے۔ اگلے لمحے وہ دہشت زدہ ہو کر اس طرح سے پیچھے ہٹا جیسے اسے کرنٹ لگا ہو۔
...وری کے خانے میں نوٹوں کی ایک گڈی بھی نہ تھی۔ ایک کالا سانپ کنڈلی مار کر بیٹھا ہوا تھا لیکن
اپنا پھن اٹھا رکھا تھا اور اپنی تیز اور چمک دار آنکھوں سے گھور رہا تھا۔ یہ کوئی پانچ چھ فٹ لمبا
...تھا۔

"سانپ...... سانپ......" ڈاکٹر خورشید خوف و دہشت سے چلایا۔

"سانپ......؟" عمرانہ اور نگہت نے خوف زدہ ہو کر اس کی طرف دیکھا۔ ان کی نظر تجوری میں
...گئی۔ نگہت نے خوف زدہ لہجے میں پوچھا۔ "کہاں ہے سانپ......؟" عمرانہ اور نگہت دونوں
...لگیں۔

"...وری میں......" ڈاکٹر نے تھوک نگلتے ہوئے کہا۔ اس نے تجوری کی طرف اشارہ کیا۔

...اور ماں نے تجوری کی طرف دیکھا تو ان کے اوسان خطا ہو گئے ان کی رگوں میں لہو منجمد
...پتھر کے مجسمے بن گئیں ان میں اتنی ہمت اور سکت نہیں رہی کہ وہ اپنی جگہ سے ہل سکیں ان کی
...خوف و دہشت نے جیسے سلب کر لی تھی۔ وہ دونوں اور ڈاکٹر خورشید پھٹی پھٹی آنکھوں سے
...کو دیکھ رہے تھے۔ کاٹو تو ان کے بدن میں لہو نہیں تھا۔ ایسا لگ رہا تھا کہ وہ تینوں خوف
...سے بے ہوش ہو جائیں گے......

"یہ...... سانپ تجوری میں کیسے آ گیا......؟" چند لمحوں کے بعد ڈاکٹر خورشید نے خود پر قابو
...تے ہوئے کہا۔

"...اس طرح جس طرح تمہاری دولت اس تجوری میں آئی اور آتی ہے۔"

...عجیب سی انسانی آواز کمرے کی خاموشی میں گونجی تو ڈاکٹر خورشید اس کی بیٹی اور بیوی اچھل
...کے جسموں پر سنسنی دوڑ گئی، وہ تینوں ادھر ادھر دیکھنے لگے کہ یہ آواز کہاں سے آرہی ہے۔ کون
...

"میری آواز ہے......" سانپ نے اپنا پھن لہرایا۔ "میں سانپ بول رہا ہوں۔ ادھر میری
......"

...وں سانپ کو بولتا دیکھ کر بھونچکے ہو گئے۔ ماں بیٹی نے ایک دوسرے کو تھامے ہوئے نہ ہوتا تو
...فرش پر گر جاتیں۔ ان کے دل حلق میں دھڑک رہے تھے۔ ایسا لگ رہا تھا ان کے سینے شق
...۔ وہ پسینے میں شرابور ہو رہی تھیں۔

...خورشید کی حالت جو قدرے بہتر ہو رہی تھی وہ پھر سے بگڑ گئی اسے اپنی نظروں پر یقین نہیں
...سماعت پر فتور کا احساس ہوا۔ اس کے اعصاب مضبوط تھے اس نے ایک لمحے کے لیے دل
...وہ خواب تو نہیں دیکھ رہا ہے کیا سانپ بھی کہیں بول سکتا ہے؟ وہ توہم پرست نہیں تھا۔ وہ
...سوچنے لگا۔ یہ خواب ہے۔

"...اب نہیں ہے ڈاکٹر خورشید!" سانپ نے پھن لہرایا اور اس کی آواز پھر گونجی۔ "یہ ایک ایسی

حقیقت ہے جسے تم اور تمہارے فرشتے بھی جھٹلا نہیں سکتے۔ میں سانپ ہوں۔ اچھی طرح
نوٹوں کی گڈیاں نہیں ہوں۔"

ڈاکٹر خورشید کو یک لخت خیال آیا کہ تجوری میں کسی خانے میں نوٹوں اور سونے کے ز
گڈی بھی نظر نہیں آ رہی ہے۔ صرف ایک سانپ ہے ایسا لگ رہا تھا جیسے اس میں کوئی چیز
خوف و دہشت کے عالم کے باوجود وہ بول اٹھا۔ "نوٹوں کی گڈیاں کہاں گئیں
آواز حلق میں پھنس رہی تھی۔ "زیورات بھی۔"

"نوٹوں کی گڈیاں نہیں دولت...... وہ دولت نہیں بلکہ مریضوں کا خون تھا جو تم
زیورات اور نوٹوں کی گڈیوں کی شکل میں رکھا تھا...... کالا دھن...... انکم ٹیکس سے بچایا ہوا
دھن ہوں...... کالا سانپ بن گیا ہوں۔ دولت کا کالا سانپ ہوں۔ میں وہ سانپ ہوں
میں تھا۔ آج میں باہر آ گیا ہوں۔ تم کالا سانپ نہیں...... اپنا وجود اور عکس دیکھ رہے
دیکھ رہے ہو۔ مجھے خوب غور سے دیکھو۔"

"نہیں...... میں نے غریبوں کا خون نہیں چوسا۔ میں نے مریضوں کی خدمت کی
خدمت کر رہا ہوں۔" ڈاکٹر خورشید کی آواز کپکپا رہی تھی۔ "میں ایک ڈاکٹر ہوں...... میر
روزانہ مریض صحت یاب ہو کر جاتے ہیں۔"

"تم جھوٹ بول رہے ہو......" سانپ نے کرخت لہجے میں کہا۔ "تمہارا کیا خیال
نہیں معلوم ہے۔ میں اتنا کچھ جانتا ہوں۔ جتنا تمہاری بیٹی اور بیوی بھی نہیں جانتی ہے تم ا
طرح مریضوں کو ڈستے اور ایک چڑیل کی طرح ان کا خون چوستے رہے اور چوس بھی ر
مریضوں کی خدمت ہے کہ تم ایک مریض کو پانچ روپے کی بھی رعایت نہیں دیتے
ضرورت ان کے ٹیسٹ کے بہانے ہزاروں روپے لوٹ لیتے ہو...... ہر سال اسپتال میں
کے چارجز بڑھا دیتے ہو...... اسپتال کے اسٹاف کو کوئی طبی سہولت اور دس روپے کی دوا تک
دیتے ہو...... کیا یہ انسانیت کی خدمت ہے ڈاکٹر خورشید......؟" ڈاکٹر خورشید نے اس کی
نہیں دیا۔ وہ بت بنا ہوا تھا۔ آئینے میں اپنا چہرہ دیکھ رہا تھا۔ "تمہارے تین کلینک اور تین
چار گاڑیاں ہیں ملک میں ایک کروڑ بیس لاکھ روپے کا بینک بیلنس ہے بیرون ملک کے
کروڑ روپے ہیں...... اس کے علاوہ امریکہ میں تمہارے تین لگژری فلیٹ ہیں۔ ایک
ہیں۔ یہ سب کچھ تم نے اور تمہارے اسپتالوں نے کما کر دیا ہے۔ ایک ڈاکٹر
دولت......؟ تمہاری ملازمہ بے چاری نے اپنی بیٹی کی شادی کے لیے صرف
مانگے...... تمہاری اس چڑیل، بدمزاج اور خرانٹ بیوی نے پانچ سو روپے دیئے۔ صرف
جب کہ تم لوگ ہوٹلوں میں ایک شام میں پانچ ہزار روپے اڑا دیتے ہو۔ اپنی بیٹی کی شادی
کروڑ روپے کا بجٹ بنایا ہے۔ غریبوں اور مریضوں کا پیسہ شادی پر پانی کی طرح بہا رہے
تینوں خاموشی سے سن رہے تھے۔ اس طرح گنگ تھے جیسے گویائی سے محروم



دہشت زدہ تھے اور پھٹی پھٹی آنکھوں سے کالے سانپ کو بولتا ہوا دیکھ رہے تھے۔ ان کی
بند تھا۔

تجوری میں ساٹھ لاکھ چالیس ہزار روپے اور زیورات جو تمہاری بیٹی اور بیوی تقریبات میں
تھیں وہ تیس لاکھ کی مالیت کے تھے۔ لیکن تمہیں نہ تو رقم میں سے پانچ روپے ملیں گے اور نہ ہی
سے ایک انگوٹھی ملے گی۔" سانپ نے کہا۔

"کک...... تت تم انہیں لے کر کیا کرو گے......؟" ڈاکٹر خورشید ہکلایا۔

"ایک شقی القلب خود غرض لالچی اور تند خو قسم کے ڈاکٹر ہو...... اس مقدس پیشے پر ایک بدنما
میں بتاتا ہوں کہ میں ان کا کیا کروں گا......؟ میں ان تین مریضوں کے لواحقین کو دوں گا
جو اس غفلت بے توجہی کے سبب آپریشن کے دوران چل بسے...... کچھ ایسے مریض جن کے
لیے ان سے رقمیں اینٹھیں، ان کی کھال ادھیڑ دی۔ تمہارے اسٹاف کے وہ افراد جو سخت مالی
نادار ہیں اس کے علاوہ نادار اور مستحق مریضوں کو بھی دوں گا جو تمہارے اسپتال میں اپنے
اور قرض لے کر علاج کرا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ تمہاری دیرینہ ملازمہ مہراں کی بیٹی کی
بیٹی کی تقریبات کے لیے اتنا کچھ دوں گا کہ وہ دھوم دھام سے بیٹی کی شادی کر سکے...... اور
مہراں تمہارے ہاں کام پر نہیں آئے گی ایک غریب عورت جس نے پندرہ برس اس گھر کی
کیا وہ دس ہزار روپے کی بھی حق دار نہیں تھی۔ اس نے پندرہ برسوں میں ایک مرتبہ بھی
دن مانگے، بیٹی کی شادی پر مجبور ہو کر دس ہزار روپے کے لیے اس نے منت کی۔"

کالا سانپ ایک دم سے دھوئیں کی شکل میں تحلیل ہو کر غائب ہو گیا۔ پھر وہ تینوں سر پکڑ کر
فرش پر بیٹھ گئے۔

ان کا خوف و دہشت دور ہونے لگی۔ ان کے اعصاب نارمل سے ہو گئے۔ ڈاکٹر خورشید کی
حالت پاگلوں کی سی ہو رہی تھی۔ اس کا چہرہ مردے سے بھی بدتر تھا۔ وہ پیسے پیسے پر جان دینے والا
لالچی اور خود غرض...... اس کی لاکھوں کی رقم تجوری میں سے غائب ہو چکی تھی۔ ماں بیٹی کے
سہمے ہوئے تھے۔ ان کی آنکھیں پھٹی ہوئی تھیں۔

"یہ کیا تھا......؟" نگہت کو اپنی آواز ویران کھوکھلی و دور دور سے آتی سنائی دی۔

"کچھ خود سمجھ میں نہیں آ رہا ہے ممی!......؟" عمرانہ نے پھنسی پھنسی آواز میں کہا۔ "تجوری میں
زہریلے سانپ کا ہونا اور تمام رقم اور زیورات کا غائب ہو جانا...... ممی! کہیں یہ خواب تو
نہیں۔"

"خواب نہیں......" نگہت نے سر ہلایا۔ "یہ جادو تھا۔ کسی نے کالا جادو کیا تھا۔"

"جادو......؟" عمرانہ نے کہا۔ "یہ کالا جادو بھلا کون کر سکتا ہے......؟ کیوں کر سکتا ہے؟"

"میرے خیال میں اس کمینی، بدذات اور رذیل عورت مہراں نے کیا ہوگا؟" نگہت نفرت اور

''مہراں نے......؟'' عمرانہ کے چہرے پر حیرت چھا گئی۔ ''وہ کیوں کرنے لگی کالا جادو جانتی ہے؟''

''اس نے اس لیے کیا ہوگا کہ میں نے اسے دس ہزار روپے نہیں دیئے۔'' نگہت نے کہا۔ وہ تو کالا جادو نہیں جانتی ہوگی لیکن اس نے کسی سنیاسی یا عامل کی خدمات حاصل کی ہوں اور کالا جادو کے ماہر ہوتے ہیں۔''

''ہم اس کے خلاف کیا کر سکتے ہیں......؟ کیا پولیس اس واقعے کو سچ اور حقیقت تسلیم

''شاید نہیں...... ہمیں یہ سب کچھ بتانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔'' نگہت نے کہا۔ '' خلاف رقم اور چوری کا الزام عائد کردیں گے پولیس جب اس کے ہاں کی تلاشی لے گی تو زیورات اس کے ہاتھ لگ جائیں گے......''

''کیا ساری رقم اور زیورات اس کے ہاں سے ملیں گے......؟'' عمرانہ نے متعجب لہجے

''نہیں...... تھوڑا بہت ملے گا لیکن ہم اس پر یہ الزام تھوپ دیں گے کہ اس نے لاکھوں زیورات چرائے ہیں پھر پولیس نہ صرف اسے بلکہ بیٹی اور اس کے شوہر کو بھی اندر کردے گی حوالات میں ایسی خاطر تواضع ہوگی کہ ساری زندگی یاد کریں گے۔ ماں بیٹی بہت خوبصورت عزت بھی خاک میں مل جائے گی......''

''زیورات اور رقم ملا کر تقریباً ایک کروڑ بنتے ہیں۔'' ڈاکٹر خورشید نے رو دینے والی آواز

''کتنی زبردست چوٹ پڑی ہے ڈیڈی!'' عمرانہ مردہ لہجے میں کہنے لگی۔ ''میں تو خواب نہیں سوچ سکتی کہ ایسا واقعہ بھی پیش آ سکتا ہے۔ دنیا میں ایسے جادوگر بھی ہیں جو کالا جادو کے ماہر وہ ایسا جادو بھی دکھا سکتے ہیں۔ شاید یہ جادو نہ ہو۔''

''بہت کم ایسے جادوگر ہیں بلکہ نہ ہونے کے برابر ہیں۔ یہ جادو ہی تھا۔ میرا بھی خیال مہراں اور اس کے شوہر کی حرکت ہوگی...... ایسے لوگ پیروں کے پاس جاتے ہیں تعویذ گنڈے لیے...... ان پیروں میں جادوگر بھی ہوتے ہیں۔ کل ان کے خلاف پولیس میں رپورٹ لکھوانا شاید ساری رقم اور زیورات مل جائیں۔ لیکن اسے ڈکیتی کا رنگ دینا ہوگا۔ میں بتاتا ہوں کہ کیا کہنا ہے ہم پولیس کو جو بیان دیں گے...... اس میں تضاد نہیں ہونا چاہیے...... سنو...... میری سے سنو۔''

کوئی بیس منٹ کے بعد عمرانہ اپنے ڈیڈی اور ممی کے بیڈ روم سے نکل کر اپنے بیڈ روم کی بڑھی۔ اسے یاد آیا کہ اس نے اپنے ڈیڈی کو دکھانے کے لیے جو زیورات کے سیٹ بستر پر سجا اس طرح رکھے ہوئے ہیں وہ بیڈ روم میں داخل ہو کر بستر کی طرف بڑھی اور قریب پہنچ کر پڑی۔ اس کی آنکھیں پھیل گئیں۔ اس کے جسم پر جھرجھری سی آ گئی۔

''ڈیڈی...... ممی!......'' وہ کمرے کے دروازے پر کھڑی ہو کر ہذیانی لہجے میں چیخنے لگی۔ '' ...آئیں......''



دونوں میاں بیوی فوراً ہی کمرے سے نکل کر آئے کہ پھر کیا بلا نازل ہوگئی...... عمرانہ کا متغیر چہرہ ... یہ خیال آیا کہ کہیں سانپ بیٹی کے کمرے میں تو نہیں نکل آیا...... عمرانہ کانپ سی رہی تھی ہو رہی تھی۔

''کیا ہوا بیٹی!......؟'' ڈاکٹر خورشید نے گھبراتے ہوئے پوچھا۔ ''تم ٹھیک تو ہو......؟''

''ذرا اندر تو آ کر دیکھیں ڈیڈی!......'' عمرانہ نے جواب دیا۔ وہ خائف اور سوالیہ ہو رہی تھی۔

نگہت اور ڈاکٹر خورشید نے اندر آ کر زیورات کے سیٹ دیکھے تو وہ حیرت اور خوف سے اچھل ... ان کے چہرے سفید پڑتے چلے گئے...... زیورات کے ڈبوں میں زیورات نہیں تھے۔ زیورات ... ہو اور مختلف قسم کے زہریلے کیڑے بیٹھے ہوئے تھے۔ ''یہ سب کیا ہے ڈیڈی......؟'' عمرانہ ... ''ہائے میرے زیورات۔ میں نے انہیں آرڈر دے کر بنوایا تھا......''

''یہ سارا کالا جادو ہے۔'' نگہت نے کہا۔ ''مہراں کمینی ہم سے گن گن کر بدلہ لے رہی ہے۔''

''آپ نے اس کے منہ پر اس وقت دس ہزار روپے کیوں نہیں دے مارے تھے؟'' عمرانہ برس ... جان تو چھوٹ جاتی۔ اتنی بڑی مصیبت تو نہ آتی......؟ ادھر ڈیڈی کے ایک کروڑ گئے...... ادھر ... روپے کے زیورات مٹی میں مل گئے۔''

''مجھے کیا معلوم تھا کہ وہ حرام زادی۔ ایسی ذلیل حرکت کرے گی؟'' نگہت نے کہا۔

''اب میں کیا کروں...... چوکیدار کو بلائیں تاکہ وہ انہیں باہر لے جا کر پھینک دے۔'' عمرانہ لگی۔

لیکن اس کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ ان ڈبوں میں سے سفید سا دھواں اٹھنے لگا۔ وہ تینوں گھبرا گئے۔ پھر وہ دھواں تھوڑی دیر کے بعد مٹ گیا۔ ان زیورات کے ڈبوں میں بچھو اور کیڑے تھے ان میں راکھ پڑی ہوئی تھی۔

دوسرے دن صبح دس بجے عقرب نے مہراں کے گھر کے دروازے پر دستک دی۔ چند لمحوں کے بعد مہراں نے دروازہ کھولا تھا۔ اس نے حیرت اور سوالیہ نظروں سے عقرب کو دیکھا۔ وہ بہت متفکر سی لگ رہی تھی۔

اس نے عقرب کو سلام کرتے ہوئے پوچھا۔ ''آپ کو کس سے ملنا ہے؟ آپ کون ہیں؟''

''میں اللہ دتہ کے دوست کا بیٹا ہوں۔ پنجاب سے آیا ہوں۔'' عقرب نے جواب دیا۔ ''کیا وہ ......؟''

''جی نہیں...... وہ رکشہ لے کر گئے ہوئے ہیں۔ وہ رات کو نو دس بجے آتے ہیں۔'' مہراں نے

عقرب نے جھوٹ نہیں کہا تھا۔ دس برس پہلے اللہ دتہ کسی کام سے ایک سیٹھ آدمی کے ساتھ کالام ... ان کے والد کا دوست تھا۔ تین دن ان کے ہاں مہمان رہا تھا۔ عقرب نے مہراں کے ذہن میں ... ہو بہو دیکھ کر پہچان لیا تھا۔ نام بھی معلوم کرلیا تھا۔

"کیا میں کچھ دیر اندر بیٹھ سکتا ہوں چاچی!" عقرب نے بریف کیس دوسرے ہاتھ میں
ہوئے کہا۔ "میں آپ کی بیٹی کی شادی کے لیے کچھ تحائف لایا ہوں جو میرے ابو نے
میں آپ کو دینے کے لیے لایا ہوں۔"

مہراں کو کچھ تذبذب سا ہوا۔ پھر اس نے پوچھا۔ "آپ کے ابو کا کیا نام ہے.....؟"

"دسلیل....." عقرب نے جواب دیا۔ "وہ کالام میں ہیں۔ اللہ دتہ چاچا برسوں
کر گئے تھے۔"

"اچھا..... اچھا..... آپ بھائی کے بیٹے ہیں۔" مہراں خوش ہوگئی۔ "معاف
پریشانی کی وجہ سے آپ کو پہچان نہیں سکی۔ آپ کی شکل آپ کے باپ سے بہت ملتی ہے۔
سترہ برس پہلے آپ کے والد کو دیکھا تھا۔ اندر آجاؤ بیٹے!"

عقرب اندر داخل ہوا۔ یہ دو کمروں کا کوارٹر تھا۔ اس میں ایک چھوٹا سا صحن بھی تھا۔
گھر کی ایک ایک چیز سے ظاہر ہو رہی تھی۔ مہراں کی ایک بیٹی ناجیہ جو سولہ برس کی تھی
ہونے والی تھی۔ اس نے عقرب کو دیکھ کر سلام کیا۔ اس کے دو لڑکے بھی تھے جو دس اور آٹھ
تھے۔ جس کمرے میں عقرب کھڑا تھا اس میں ایک چارپائی اور ایک اکلوتی کرسی تھی۔ کمرہ
تھا اور آئینے کی طرح چمک رہا تھا۔ عقرب کرسی پر بیٹھ گیا۔

"میں نے سنا تھا کہ آپ کسی ڈاکٹر کے ہاں پندرہ برس سے ماسی کا کام کر رہی ہیں؟ آج
کام پر گئیں نہیں.....؟"

"میں نے آج ہی سے وہاں کام کرنا چھوڑ دیا ہے۔" مہراں نے جواب دیا۔ "ناجیہ کی
بعد کام تلاش کروں گی۔ کام کی کوئی کمی نہیں ہے..... کسی بھی اچھی جگہ کام مل جائے گا۔"

"آپ نے وہاں کام کیوں چھوڑ دیا.....؟" عقرب نے انجان بن کر پوچھا۔

"اس لیے کہ میں نے بیٹی کی شادی کے لیے کچھ مدد مانگی تھی۔ بیگم صاحبہ نے انکار کر
دس ہزار روپے مانگے تھے ان کے لیے دس ہزار روپے دس روپے کے برابر ہیں۔ ڈاکٹر صاحب
گھنٹے میں دس ہزار روپے کماتے ہیں۔ ان لوگوں نے میری پندرہ برس کی خدمت کا کوئی
کیا۔ لہٰذا مجھے کیا ضرورت پڑی ہے کہ میں ان کے ہاں کام کروں....."

"آپ نے بہت اچھا کیا جو کام چھوڑ دیا....." عقرب نے کہا۔ "اچھے ڈاکٹر آٹے میں نمک کے
برابر ہوتے ہیں ورنہ ان کی اکثریت خبیث اور بخیل لوگوں کی سی ہے مریضوں کو یہ دونوں ہاتھ
لوٹتے ہیں۔ لیکن ان کی جیب سے ایک روپیہ نہیں نکلتا ہے۔ ہمارے ہاں اسپتال ذبح خانے
ڈاکٹر قصائی..... چھوڑیں ان باتوں کو..... یہ بتائیں کہ چاچا رکشا چلاتے ہیں تو آپ ماسی کا کام
کر رہی ہیں.....؟ رکشا چلانے میں شاید آمدنی اچھی خاصی ہو جاتی ہے۔"

"نہیں بیٹے! ایسی کوئی بات نہیں ہے..... اس قدر مہنگائی ہے کہ ایک آدمی کی آمدنی
نہیں ہوتا ہے تمہارے چاچا پندرہ سولہ برس سے کوئی نہ کوئی کام کرتے چلے آرہے ہیں۔ اب



چلا رہے ہیں۔"

اسی وقت ایک رکشا گھر کے سامنے آکر رکا۔ مہراں بولی۔ "لو..... تمہارے چاچا آ گئے..... اچھا
ہوا۔"

چند لمحوں کے بعد اللہ دتہ ایک شاپنگ بیگ لیے کمرے میں داخل ہوا۔ اس میں سبزی ترکاری تھی
نظر عقرب پر نہیں پڑی تھی۔ اس نے مہراں سے کہا۔ "اتفاق سے ادھر کی ایک سواری مل گئی تو سوچا
" اس نے عقرب کو دیکھ کر اپنا فقرہ نامکمل چھوڑ دیا۔ عقرب اسے دیکھ کر کھڑا ہو گیا اور اسے سلام کیا۔
اللہ دتہ نے اسے فوراً ہی پہچان لیا۔ "عقرب بیٹا تم.....؟" اللہ دتہ نے تیزی سے آگے بڑھ کر
گلے سے لگا لیا۔

اللہ دتہ نے اس پر سوالوں کی بوچھاڑ کر دی۔ عقرب اس کے ایک ایک سوال کا جواب دیتا رہا۔
دوران مہراں چائے بنا کر لے آئی۔ چائے پینے کے بعد عقرب نے کہا۔ "ناجیہ بہن کا رشتہ آپ نے
کہاں طے کیا ہے؟"

لڑکا درزی کا کام کرتا ہے زنانہ ملبوسات کا کاریگر ہے اس کی اپنی دکان ہے اس کی عمر چوبیس
برس ہے۔" اللہ دتہ نے کہا۔ "اس کا ایک چھوٹا بھائی اور بہن ہے اس کے والد ایک سرکاری دفتر میں
ہیں۔ ماں بھی ہے۔"

"مبارک ہو....." اس نے کہا۔ "بابا نے آپ کی بیٹی کے لیے کچھ تحائف بھیجے ہیں۔ لیکن آپ
کچھ پریشان نظر آرہے ہیں۔"

"بات یہ ہے بیٹے!" اللہ دتہ نے جھجکتے ہوئے کہا۔ "شادی سادگی سے کرنے کا ارادہ ہے اس کے
بہت اخراجات آرہے ہیں جن دوستوں اور رشتہ داروں نے قرض اور مالی مدد کرنے کا وعدہ کیا تھا
نے کسی وجہ سے عین وقت پر معذرت کر لی ہے۔ بیچ منجدھار میں چھوڑ دیا ہے اس لیے اب یہ رکشا
کے سوا چارہ نہیں رہا..... تمہاری چاچی کہتی ہے کہ رکشا بیچ دو گے تو گزارہ کیسے ہوگا؟ میں کہتا ہوں کہ
تو کسی نہ کسی طرح ہو جائے گا..... لیکن اتنا اچھا رشتہ نہیں ملے گا۔"

"اب تو شادی کرنا بھی مشکل نظر آرہا ہے۔" مہراں نے کہا۔ "رکشا بیچ دینے سے بھی کام نہیں
....."

"آپ اس قدر پریشان کیوں ہو رہی ہیں.....؟" عقرب نے دلاسا دیا۔ "شادی وقت پر ہو جائے
گی۔"

"شادی میں دس دن باقی رہ گئے ہیں۔ ادھر دس ہزار روپے کا بھی بندوبست نہیں ہوا ہے اس لیے
نے کہا کہ شادی کی تاریخ آگے بڑھا دیں..... معلوم نہیں لڑکے والے راضی ہوتے ہیں یا
..... کیوں کہ انہوں نے تو کلرڈ بھی چھاپ لیے ہیں۔"

"انشاء اللہ شادی وقت پر ہوگی۔ بہت اچھے طریقے سے ہوگی۔ آپ لوگوں کو اب کوئی فکر کرنے
کی ضرورت نہیں۔"

اسی وقت گھر کے عین سامنے پولیس موبائل اور ایک مرسڈیز گاڑی آ کر کھڑی ہوئی
جملہ نامکمل رہ گیا۔ اس نے حیرت سے باہر دیکھا۔ دروازہ کھلا ہوا تھا۔ وہ مہراں سے بولا۔ ''
کے ساتھ اپنی گاڑی میں بڑی اور چھوٹی بیگم صاحبہ بھی آئی ہیں۔''

''وہ پولیس کی گاڑی کس لیے لے کر آئی ہیں......؟'' مہراں کا چہرہ متغیر ہو گیا اس
گر ہیں پڑ گئیں۔

''لگتا ہے کہ ان کے گھر میں کوئی قیمتی چیز چوری ہو گئی وہ اس کا الزام تمہارے سر تھوپ
اللہ دتہ کا جملہ ناتمام رہ گیا کیوں کہ پولیس انسپکٹر دو سپاہیوں کو لے کر دندناتا ہوا اندر دا
کے پیچھے عمرانہ اور نگہت بھی تھیں۔ عمرانہ نے مہراں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ ''انسپکٹر
ہے وہ عورت اور اس کا شوہر اللہ دتہ......''

انسپکٹر نے آگے بڑھ کر اللہ دتہ کا گریبان پکڑنا چاہا تو عقرب تیزی سے ان کے
ہو گیا۔ ''خیریت تو ہے......؟''

''تم کون ہوتے ہو ہٹو درمیان سے......'' انسپکٹر نے اسے اوپر سے نیچے گھورا۔

''جی میں ان کا بھتیجا ہوں۔'' عقرب نے جواب دیا۔ ''آپ گھر کی تلاشی لینے آ
نا......؟ تلاشی لے لیں۔''

''تم سے کس نے کہا کہ ہم تلاشی لینے آئے ہیں......؟'' انسپکٹر نے چونک کر کہا۔

''آپ جس انداز سے آئے ہیں اور یہ بیگمات جو آئی ہیں اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے۔''
نے کہا۔

''ہاں......ہم تلاشی لینے آئے ہیں۔ کیوں کہ میاں بیوی نے مل کر رات ڈاکہ مارا ہے۔
کی رقم اور زیورات لے گئے ہیں۔''

''انسپکٹر صاحب!'' عقرب نے کہا۔ ''آپ ایک ذہین اور سمجھ دار افسر ہیں۔ کیا کوئی اتنا بڑا
مارنے کے بعد گھر میں بیٹھا رہ سکتا ہے؟''

''تم کون ہو مجھے سمجھانے والے......؟ کیا تم مجھ سے زیادہ قانون جانتے ہو......؟'' انسپکٹر

''میں ایک وکیل ہوں لوئر اور ہائی کورٹ میں پریکٹس کرتا ہوں۔ کیا آپ سرچ وارنٹ لا
ہیں۔''

''یہ کون سا ایسا شخص ہے جس کے گھر کی تلاشی کے لیے میں سرچ وارنٹ لاؤں......؟''
غصے سے کہا۔

''قانون سب کے لیے ایک ہے...... آپ شوق سے تلاشی لیں اپنا فرض ادا کریں صرف
دیں کہ رات کس وقت یہ واردات ہوئی ہے......؟ کیا یہ دونوں میاں بیوی ڈکیت ہو سکتے ہیں؟''

''رات ایک بجے......'' انسپکٹر نے جواب دیا۔ ''کیا یہ کوئی فرشتہ ہیں؟ یہ کیوں نہیں ڈاکہ ما
ہیں۔''



واردات رات ایک بجے ہوئی ہے آپ کو صبح دس بجے رپورٹ کی جا رہی ہے۔ آپ ساڑھے
تشریف لائے ہیں۔''

پکٹر لا جواب سا ہو گیا۔ اس نے کہا۔ ''ہمیں تلاشی لینا ہے۔ ہم تلاشی لیں گے......''

ٹھیک ہے جناب! آپ تلاشی لے لیں۔'' اللہ دتہ نے بڑے دکھ بھرے لہجے میں کہا۔ ''حیرت
ا کی بات ہے کہ بیگم صاحبہ نے ہم غریب اور شریف آدمیوں پر شک کیا۔ ہمارا قصور صرف اتنا
ری بیوی نے بیٹی کی شادی کے لیے دس ہزار روپے مانگے۔ انہوں نے صرف پانچ سو روپے
ان کام پر نہیں گئی۔ ان کے ہاں ڈکیتی کی واردات ہوئی تو الزام ہم پر آ گیا۔''

یہ انتہائی غلط اور بھونڈا الزام ہے انسپکٹر!'' عقرب نے ترش روئی سے کہا۔ ''آپ کے پاس ان
ے کوئی ٹھوس ثبوت نہیں ہے آپ بلاوجہ ان غریبوں کو ہراساں اور پریشان کر رہے ہیں میں
ں جاؤں گا تو آپ کی نوکری خطرے میں پڑ جائے گی اس بات کو یاد رکھیں۔''

پکٹر نے عقرب کی بات ان سنی کر دی۔ اس نے سپاہیوں سے کہا۔ ''چلو تلاشی لینا شروع کر دو۔''
ن دونوں سپاہیوں نے تلاشی لینا شروع کر دی ماں بیٹی ایک کونے میں کھڑی ہو کر کارروائی دیکھنے
ن دونوں کو اس بات کی بڑی امید تھی کہ ساری رقم اور زیورات برآمد ہو جائیں گے۔ وہ دل میں
ت اور حقارت سے کہہ رہی تھیں۔ ''مہراں! تم نے کالے جادو کا عمل کرایا تھا نا......؟ تم نے اس
ذریعے سے ہماری دولت ہتھیالی اور زیورات کو جلا کر راکھ کر دیا...... اب تم ہمارا جادو دیکھو
ب دیکھو...... پولیس تمہیں اور تمہارے شوہر اور بیٹی کو کیسا مزا چکھاتے ہیں۔ ہمارا جادو ہے
''

راں ایک طرف خاموشی سے کھڑی ہوئی تھی سپاہی الماری سے کپڑے درازیں اور دوسری
ل کر فرش پر پھینک رہے تھے۔ مہراں دل میں بڑی حیران تھی کہ...... بیگم صاحبہ کو اس پر اور اس
پر شک کیوں ہو گیا ہے۔ تلاشی لینے میں بمشکل صرف نصف گھنٹہ لگا۔ سامان تھا ہی کیا۔ نہ رقم
ی اور نہ زیورات...... نہ وہ پستول ملا جس کے بارے میں بتایا گیا تھا...... نہ نقاب جنہیں وہ پہن
تھے۔

پکٹر نے جھن جھلاتے ہوئے اللہ دتہ سے کہا۔ ''تم اپنی بیوی، لڑکی اور بھتیجے کے ساتھ چل کر گاڑی
......''

وہ کس لیے......'' عقرب نے کہا۔ ''ایسی کوئی چیز برآمد نہیں ہوئی جس سے ان کا جرم ثابت

اس لیے کہ تھانے چل کر پتا چلے گا کہ چوری کا مال تم لوگوں نے کہاں چھپا رکھا ہے۔'' انسپکٹر

تو آپ تشدد کر کے ہم سے جھوٹا اقبال جرم کروانا چاہتے ہیں......؟'' عقرب نے کہا۔
جب لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے ہیں تو ایسا ہی کرنا پڑتا ہے۔'' انسپکٹر نے کہا۔ ''تم

لوگ شرافت سے بتادو کہ رقم اور زیورات کہاں رکھے ہوئے ہیں۔ پھر ہم کچھ نہیں کریں
معاف کردیں......"

"آپ نے ان ماں بیٹی کی بات مان لی...... لیکن ہماری بات کا یقین نہیں کر رہے ؟
نے کہا۔

"سیدھی طرح چلتے ہو کہ نہیں......" انسپکٹر بھنا گیا۔ "مجھے ایسا لگ رہا ہے یہ سب
دھرا ہے۔"

دفعتاً نگہت کے موبائل کی گھنٹی بجی تو اس نے فوراً ہی آن کر کے ہیلو کہا اور باتیں کر
...... واقعی...... سچ......" نگہت کا چہرہ حیرت اور خوشی سے کھل اٹھا۔ "اچھا...... اچھا...... ہم
رہی ہیں۔"

نگہت نے گفتگو کا سلسلہ بند کیا تو عمرانہ نے پوچھا۔ "ممی! کس کا فون تھا......؟
آپ بہت خوش ہو رہی ہیں؟"

"تمہارے ڈیڈی کا ٹیلی فون تھا۔" نگہت نے جواب دیا۔ "ساری رقم اور تمام زیورات مل

"سچ......" عمرانہ حیرت وخوشی سے اچھل پڑی۔ "کیسے مل گئے......؟ کہاں تھے وہ......"

"کیاریوں میں ایک بریف کیس میں پڑے ہوئے تھے۔ مالی آیا تو اس کی نظر پڑی
کھول کر دیکھا تو اس میں رقم اور زیورات تھے چوکیدار نے تمہارے ڈیڈی کو اسپتال ٹیلی فون
گھر پہنچے۔ انہوں نے بریف کیس دیکھا تو اس میں واقعی رقم اور زیورات رکھے ہوئے تھے۔"

"مجھے یقین نہیں آ رہا ہے ممی!......؟" عمرانہ نے سرشاری سے کہا۔

"یقین تو مجھے بھی نہیں آ رہا ہے۔ ہمیں چلنا چاہیے۔" نگہت نے کہا۔

"ان لوگوں کے لیے کیا حکم ہے......؟" انسپکٹر نے نگہت سے پوچھا۔

"ان لوگوں کو چھوڑ دیں...... یہ لوگ بے قصور ہیں۔ دراصل ہمیں غلط فہمی ہو گئی تھی آپ
زحمت ہوئی۔ آئی ایم ویری ویری ساری......" نگہت نے جواب دیا۔

گھر جاتے ہوئے عمرانہ نے کہا۔ "ممی! رقم اور زیورات کا مل جانا کیا معجزہ نہیں ہے؟"

"میرا خیال ہے کہ کالا جادو کا عمل ایک دم سے الٹ ہو گیا۔ اس لیے ساری
گئیں۔" نگہت نے کہا۔ "دوسری طرف ہم اسے معجزہ بھی کہہ سکتی ہیں۔ واٹ اے سرپرائز۔"

جب ماں بیٹی گھر پہنچیں تو ڈاکٹر خورشید بے چینی سے انتظار کر رہا تھا۔ وہ خوشی سے پاگل
تھا۔ انہیں دیکھتے ہی اس نے بریف کیس کھول کر ان کے سامنے رکھ دیا۔ "یہ دیکھو......"

ماں بیٹی نے بریف کیس میں جھانکا۔ یہ خاصا بڑا اور گہرا بریف کیس تھا اس کے ایک طرف
حصے میں نوٹوں کی گڈیاں تھیں۔ دوسری طرف نصف حصے میں تمام زیورات بھرے ہوئے
نے ایک بڑا سا ہار اٹھایا تو وہ مٹی میں تبدیل ہو گیا۔ نگہت نے ہزار ہزار کے نوٹوں کی گڈی اٹھائی تو
مٹی ہو گئی۔ پھر دیکھتے ہی دیکھتے بریف کیس میں رکھے ہوئے نوٹ اور زیورات مٹی ہو گئے۔



کی مٹی بھر گئی۔

ڈاکٹر خورشید اس طرح اچھل پڑا جیسے اسے زبردست برقی جھٹکا لگا ہو۔ جیسے اسے کسی نے کسی اونچی
چھت سے نیچے پھینک دیا ہو۔ وہ ایک دم سے بھونچکا ہو گیا۔ اس کی کیفیت اس شخص کی سی ہو رہی
پر کوئی بجلی سی آ گری ہو۔ اس کے جسم کی نس نس میں خون سرد ہونے لگا اور پوروں تک سنسنی برقی
رح اتر گئی۔ اس کی پھٹی پھٹی آنکھوں میں دکھ، حیرت اور خوف جھانک رہا تھا۔ وہ ساکت وجامد
گیا تھا۔

کہ وہ پہلے تجوری میں رقم اور زیورات کی جگہ کالا سانپ دیکھ چکا تھا۔ سانپ نے اس سے باتیں
تھیں۔ اس نے اپنی زندگی میں ایک موذی سانپ کو باتیں کرتے ہوئے دیکھا تھا۔ بے زبان
ر پرند چرند بھی باتیں کر سکتے ہیں اس نے آج تک نہیں سنا اور نہ ہی کہیں پڑھا تھا اور پھر اس کی
تمام زیورات کو بھی بچھوؤں اور کیڑے مکوڑوں کی شکل میں اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا جو پلنگ پر
ے تھے۔ اس لیے رقم اور زیورات کو سفید مٹی میں تبدیل ہوتے ہوئے دیکھ کر کوئی ڈر اور خوف پیدا
بلکہ اس کی حیرت دو چند ہو گئی تھی۔ اگر وہ تحیر انگیز، نا قابل یقین اور خوف زدہ مناظر اس کی
سے گزر نہیں چکے ہوتے تو شاید وہ دہشت زدہ ہو جاتا لیکن یہ بات عجیب سی تھی کہ جب اس نے
س کھول کر رقم اور زیورات کو ہاتھ لگایا تو اس وقت یہ اپنی اصل حالت میں تھے۔ اب اس کی بیٹی
کے ہاتھ لگاتے ہی وہ سب مٹی بن گئے تھے اور اس پر سکتہ سا چھا گیا تھا۔

اں اور بیٹی کی بھی وہی حالت اور کیفیت تھی جو اس کی ہو رہی تھی۔ ان دونوں پر بڑی دیر تک سکتہ
رہا۔ کمرے میں گہرا سکوت چھا گیا تھا۔ ان تینوں کی نگاہیں بریف کیس میں بھری مٹی پر جمی ہوئی

"امی!" عمرانہ کی پھنسی پھنسی آواز نے کمرے میں چھائے ہوئے سکوت کو توڑا۔ "یہ سب کیا ہے؟"

"میری خود سمجھ میں نہیں آ رہا ہے کہ یہ سب کیا کھیل ہے؟ یہ کیا مذاق ہے؟" نگہت بکھری ہوئی
بولی۔

"مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ یہ سارا کھیل مہراں کے شوہر کا ہے۔ وہی کالا جادو سے ہمیں
ہے۔" ڈاکٹر خورشید نے کہا۔

"کیا کالا جادو اس قدر زبردست اور اس قسم کا ہوتا ہے؟" عمرانہ نے اپنی پلکیں جھپکاتے ہوئے

"ہاں۔" نگہت نے سر ہلایا۔ "پہلے میں نے سنا تھا کہ سفلی علم اور کالا جادو بہت خطرناک ہوتا ہے
ایسے ایسے کام لیے جاتے ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ مجھے توہمات پر یقین نہیں تھا لیکن آج
کچھ دیکھ کر یقین کرنا پڑ رہا ہے۔ اگر ہم یہ ساری باتیں کسی کو بتائیں تو شاید وہ ان کا یقین نہ
۔ یہ سب کچھ نا قابل یقین لگ رہا ہے۔"

"کیا مہراں کے گھر کی پولیس نے تلاشی لی تھی؟" ڈاکٹر خورشید نے پوچھا۔ "پولیس کو کوئی چیز ہاتھ

لگی تھی؟''

''جی ہاں ڈیڈی!'' عمرانہ کہنے لگی۔ ''پولیس نے اس گھر کی ایک ایک چیز دیکھ لی سارا
پلٹ کر گھر کا نقشہ ہی بدل کر رکھ دیا۔ وہ گھر اجاڑ اور ویران کھنڈر کی طرح ہو گیا۔ ہماری لو
موجود نہیں تھی۔''

''اس جادوگر نے شاید یہ دیکھ کر کہ پولیس اس گھر کی تلاشی لے رہی ہے بریف کیس کا
یہاں جادو کے زور سے لا ڈالا تا کہ وہ دھر لیے نہ جائیں۔ اتفاق سے چوکی دار کی نظر اس پر
پڑ گئی پھر جادوگر نے اپنے جادو کے زور سے اس کے اندر کی ساری چیزوں کو مٹی بنا دیا تا کہ
نہ لگ سکیں۔'' ڈاکٹر خورشید نے کہا۔

''ہاں..... میرا بھی یہی خیال ہے۔'' نگہت نے کہا۔ ''ان حرام زادوں نے ہمیں اور
بنا دیا۔''

''کیوں نہ ہم پولیس کو اچانک لے جا کر ان کے گھر پر چھاپہ مار دیں؟'' عمرانہ نے تجو
''اب اس سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔'' نگہت نے کہا۔ ''کیوں کہ پولیس ہماری بات کا
کرے گی ہم نے پولیس سے معذرت کر کے کہا تھا کہ ہمارے زیورات مل گئے ہیں وہ گھر
ہمیں غلط فہمی ہو گئی تھی۔ پولیس سے میں نے معذرت بھی کی تھی۔ پولیس والے کہہ سکتے ہیں کہ
ہے کیوں کہ وہاں کچھ نہیں ملے گا۔''

''وہاں کیوں کچھ نہیں ملے گا.....؟'' عمرانہ نے تکرار کی۔ ''ہم تو اچانک ہی جا دھمکیں
پولیس بھی اچانک ہی چھاپہ مارے گی۔''

''پہلے بھی تو چھاپہ اچانک ہی مارا گیا تھا۔'' نگہت نے کہا۔ ''اس کا کیا نتیجہ نکلا، تم جانتی
بھی یہی ہوگا۔''

''نہیں اچانک چھاپہ مارنے سے مال غائب کرنے کی مہلت نہیں ملے گی۔ پہلے جو چھاپہ
اس سے انہیں مہلت مل گئی تھی۔''

''جادوگروں کو ایک پل کی مہلت بھی کافی ہوتی ہے ہمیں تو کوئی اور ہی تدبیر کرنا ہوگی۔''
نے کہا۔

''کہیں ایسا تو نہیں کہ مہران کے گھر میں کوئی جادوگر موجود ہو اور وہ اپنے جادو کے زور
حرکتیں کر رہا ہو؟'' ڈاکٹر خورشید نے اپنا خیال ظاہر کیا۔ ''کیا اس گھر میں مہران کے شوہر اور
علاوہ کوئی اور شخص موجود تھا؟''

''جی ہاں.....'' نگہت سر ہلا کر کہنے لگی۔ ''وہاں جو شخص موجود تھا اس نے پولیس انسپکٹر
کہ وہ وکیل ہے۔ وہ نہ صرف انسپکٹر سے بری طرح الجھ گیا تھا بلکہ اس نے پولیس کے خلاف قانونی چارہ
جوئی کرنے کی دھمکی بھی دی تھی۔''

''وہ پولیس انسپکٹر سے کس بات پر الجھا تھا.....؟'' ڈاکٹر خورشید نے حیرت سے پوچھا۔



''وہ تلاشی کے خلاف تھا۔ اس سے سرچ وارنٹ مانگ رہا تھا۔ انسپکٹر نے اس کی باتوں پر کان نہیں
نہ ہی اس کے رعب میں آیا۔ اس نے سپاہیوں کو حکم دیا کہ وہ تلاشی لیں۔ سپاہیوں نے گھر کا کونہ
چھان مارا تھا۔''

''کیا وہ شخص اپنی وضع قطع سے کوئی پیر یا جادوگر جیسا دکھائی دیا تھا؟'' ڈاکٹر خورشید نے سوالیہ
سے اسے دیکھا۔

''جی نہیں۔'' عمرانہ کہنے لگی۔ ''وہ شخص بہت مہذب، شائستہ اور نفیس قسم کا لگ رہا تھا۔ بہت
اور صاف ستھرے لباس میں تھا۔ شاید وہ وکیل ہی ہو۔ وہ سادے لباس میں ملبوس تھا۔ پیر یا
نہیں لگتا تھا۔''

''میرا خیال تو یہ ہے کہ وہ وکیل نہیں کوئی جادوگر ہی ہے۔ اس نے وہاں سے رقم اور زیورات جادو
سے ہٹا دیئے۔ پھر اس نے اس بریف کیس کی نظر بندی کر دی۔ ساری حرکتیں اسی کی
ڈاکٹر خورشید نے کہا۔

''اب کیا کیا جائے.....؟ کیا رقم اور زیورات ملنے کی کوئی امید ہے؟'' عمرانہ نے باپ کو سوالیہ
سے دیکھا۔

''ہاں ہے.....'' ڈاکٹر خورشید نے اپنی بیٹی کو پرخیال نظروں سے دیکھا۔ ''مجھے اندھیرے میں
کرن نظر آ رہی ہے۔''

''وہ کس طرح سے مل سکتے ہیں.....؟ کیا آپ بتانا پسند کریں گے؟'' عمرانہ بولی۔

''جس طرح لوہے کو لوہا کاٹتا ہے اسی طرح ایک جادوگر دوسرے جادوگر سے مقابلہ کر کے اسے
کر سکتا ہے۔'' ڈاکٹر خورشید نے کہا۔ ''میرے ذہن میں یہ تدبیر آ رہی ہے کہ کیوں نہ ہم کسی بڑے
خدمات حاصل کریں؟''

''تو کیا وہ ساری رقم اور زیورات ہمیں مل سکتے ہیں؟'' عمرانہ بولی۔ ''وہ تو مٹی اور راکھ بن
؟''

''کیوں نہیں..... جادوگر، جادوگر ہوتا ہے۔ وہ اپنے جادو کے زور سے بہت کچھ کر سکتا ہے
خورشید نے بیٹی کو دلاسا دیا۔ ''تم فکر مند اور پریشان نہ ہو۔ ہمارا مال ہمیں مل جائے گا میں انہیں
نے نہیں دوں گا۔''

''کیا آپ کی نظر میں ایسا کوئی جادوگر ہے جو اپنے جادو کے زور سے ہمارا مال واپس
؟'' نگہت نے دریافت کیا۔ ''شہر میں جادوگروں، پیروں اور سنیاسیوں کی کوئی کمی
ہے۔ لیکن کوئی بھی جادوگر ہر جادوگر کا مقابلہ نہیں کر سکتا ہے یہ جو سفلی علم اور کالے جادو کے ماہر اپنی
لے بیٹھے ہیں ان میں بہت سارے فراڈ بھی ہیں۔ اصلی کا پتا چلانا بہت مشکل ہے۔ لیکن میں
اسی سے بات کروں گا۔ وہ تعویذ گنڈے فقیروں اور پیروں سے لیتا رہتا ہے۔ اس نے ایک بار
اس کی بیوی پر کسی نے جادو کر دیا تھا۔ وہ اس جادو کا زور توڑنے کے لیے ایک جادوگر کے پاس

گیا تھا اور اس جادوگر نے اس جادو کا زور توڑ دیا تھا۔ کیوں نہ ہم اس جادوگر کی خدمات حاصل...
''ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں کہ کس جادوگر کی...... خدمات حاصل کرنے کے لیے...
تو ہمارا مال چاہیے۔'' نگہت نے کہا۔ ''اگر جادوگر اپنا کمال دکھائے تو اس بریف کیس کی مٹی...
اور زیورات میں تبدیل ہو جائے گی۔ تم اس بریف کیس کو اپنے کمرے کی الماری میں رکھ...
جادوگر کو دکھایا جا سکے۔'' ڈاکٹر خورشید نے کہا۔

''لیکن ڈیڈی!......؟'' عمرانہ نے حیرت سے کہا۔ ''یہ مٹی کس طرح سے رقم اور زیور...
تبدیل ہو سکتی ہے؟''

''اسی طرح سے جس طرح سے رقم اور زیورات کو مٹی بنا دیا گیا ہے۔ یہ نظر بندی ہے کوئی...
دے رہی ہے۔ ہاتھ لگانے سے بھی مٹی ہی معلوم ہو رہی ہے لیکن در حقیقت یہ اب بھی رقم اور...
ہیں۔'' ڈاکٹر خورشید نے کہا۔

پولیس کے جانے کے بعد اللہ دتہ نے سکون و اطمینان کا گہرا سانس لیا۔ لیکن پولیس نے...
دردی سے تلاشی لی اور سامان نہ صرف الٹ پلٹ دیا بلکہ توڑ پھوڑ بھی دیا تھا اور ان کی بیٹی...
کپڑے اور کانچ کے جو برتن تھے ان کا بھی ستیاناس کر دیا تھا۔ کانچ کے سارے برتن ٹوٹ...
تھے گھر اور سامان کا یہ حشر نشر دیکھ کر ناجیہ اور مہراں رونے لگیں۔

''غریب ہونا بھی کتنا بڑا جرم ہے۔'' اللہ دتہ نے گلوگیر لہجے میں کہا۔ ''پولیس نے اور بیگم...
نے ہم پر ڈکیتی کی واردات اور رقم اور زیورات کی چوری کا الزام عائد کیا...... اگر صاحب کا ٹیلی فون...
اور بیگم صاحب یہ نہ کہتی کہ ہم بے قصور ہیں اور انہیں غلط فہمی ہوگئی ہے تو ہم سب کو حوالات... لے جا...
اور تشدد کیا جاتا۔ ایذائیں دی جاتیں۔''

''ایک بہت بڑی مصیبت ٹل گئی۔'' عقرب نے کہا۔ ''خدا دشمن کو بھی پولیس سے...
رکھے۔''

''ہاں بیٹے!'' اللہ دتہ نے سرہلاتے ہوئے گہرا سانس لیا۔ ''واقعی بہت بڑی مصیبت ٹل گئی...
کوئی ایک چیز بھی برآمد ہو جاتی اور صاحب کا ٹیلی فون نہ آیا ہوتا تو تھانے لے جا کر میری بیوی...
عزت کر دیا جاتا۔''

''نہیں چاچا ایسا نہیں ہوتا......'' عقرب نے کہا۔ ''صرف تشدد ہوتا۔ ایذائیں دیتے...
کرلو اور سامان دے دو۔''

''تم نے شاید کل کا اخبار نہیں پڑھا۔'' اللہ دتہ کہنے لگا۔ ''میں تمہیں وہ اخبار بعد میں...
لاہور میں ایس ایچ او نے اور اس کے دو ساتھیوں نے ایک باپ کے سامنے اس کی بیٹی کی عزت کو...
کیا آسمان اور عرش کانپ نہیں اٹھے ہوں گے۔ ہائی کورٹ کے جسٹس نے کہا کہ اس سے...
اور گھناؤنا فعل کیا ہو سکتا ہے۔ یہ کوئی پہلا اور نیا واقعہ نہیں ہے میں رکشا چلاتا ہوں میرے رکشا میں...
بیٹھتی ہیں ان کی باتیں سنتا ہوں۔ وہ ظلم بربریت اور ناانصافی کی اور پولیس کے مظالم کی جو کہا...



...بتاتے ہیں میں سن کر کانپ اٹھتا ہوں۔ کئی بار تو ایکسی ڈنٹ ہوتے ہوتے رہ گیا۔''

''اب کیا ہوگا......؟'' مہراں کی ہچکیاں بندھ گئیں ناجیہ دوسرے کمرے میں جا کر پھوٹ پھوٹ
...تھی۔ مہراں کی آنکھوں میں آنسوؤں کی جھڑی لگی ہوئی تھی ان ظالموں نے میری بچی کی شادی
...کپڑے تک پھاڑ دیئے۔ کتنی مشکل سے یہ جوڑے بنائے تھے۔ خدا غارت کرے بیگم صاحبہ
...تھوڑا سا زیور تھا وہ اور تین ہزار کی رقم بھی لے گئے۔''

''کیا......؟'' اللہ دتہ اچھل پڑا۔ ''زیور بھی لے گئے...... رقم بھی لے گئے...... وہ بارہ ہزار روپے کا

''ہاں......'' مہراں کے حلق میں گرہیں پڑ رہی تھیں۔ ''وہ جو دو سپاہی تھے نا انہوں نے اپنی اپنی
...ال لیے تھے۔ ناجیہ نے منع کیا تو ایک نے کہا۔ کیا تجھے اپنی عزت پیاری نہیں ہے۔ ہم تجھے
...ان کو بھی لے جائیں گے۔''

...یہ کہا تھا ان کالی بھیڑوں نے......'' اللہ دتہ کا خون کھول اٹھا۔ اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ ''تم نے
...یا نہیں......؟''

...کیسے بتاتی۔ ان سپاہیوں نے مجھے تمہارے پاس جانے نہیں دیا۔ اس کمرے میں روک کے رکھا

...آپ میرے ساتھ تھانے چلیں......'' عقرب نے کہا۔ ''ہم چل کر وہ رقم اور زیورات لے آتے

...ں سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ تین ہزار کیا تین روپے بھی نہیں ملیں گے۔ زیورات کے بھی ملنے کا
...نہیں ہوتا......''

...آپ میرے ساتھ چلیں تو سہی۔ کوشش کر کے دیکھنے میں کیا حرج ہے......؟'' عقرب نے کہا۔

...ں...... جاؤ...... کوشش کر کے دیکھو...... رقم اور زیورات حرام کے نہیں ہیں برسوں کی بچت،
...حلال کمائی کے ہیں رقم اور زیورات نہیں ملے تو بچی کی شادی کیسے ہوگی......؟ شادی کے کپڑوں کا
...ناس ہو گیا۔''

...ں پھر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ اس نے دوپٹے سے چہرہ ڈھانپ لیا۔

...پولیس والوں کو مجھ سے زیادہ نہیں جانتی ہو۔'' اللہ دتہ نے کہا۔ ''مجھے ان سے روزانہ واسطہ
...ہے۔ جب میں تھانے جا کر ان پولیس کے سپاہیوں کے خلاف شکایت کروں گا تو جانتی ہو کیا
...لوں کو حوالات میں بند کر دیا جائے۔''

...بھی نہیں ہوگا۔ آپ میرے ساتھ چلیں۔'' عقرب نے کہا۔ ''ہم خیریت سے رقم اور
...لے کر آجائیں گے۔''

...کہتے ہو تو چلتا ہوں...... اللہ ہمارا نگہبان ہو۔'' اللہ دتہ نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔

...'' عقرب نے کہا۔ ''آپ فکر مند اور پریشان نہ ہوں۔ انشاء اللہ ناجیہ کی شادی بہت اچھی

طرح اور وقت پر ہوگی۔ جہیز اور لین دین میں کوئی کمی نہ ہوگی۔ ناجیہ آپ کی بیٹی ہے لیکن
ہے جب بھائی موجود ہو تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اوپر والے کی ذات پر بھروسا رکھیں
اور سامان کی بربادی کی چنداں فکر نہ کریں۔"

"مجھے نہیں معلوم تھا کہ بیگم صاحب اس قدر خبیث قسم کی عورت نکلے گی۔ ہم غریبوں
کیا ملا ہوگا؟"

"اکثر ڈاکٹر ان کی بیویاں اور دولت مند لوگ بڑے خبیث، خودغرض، ذلیل، ڈاکو
قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ وہ کمزوروں اور غریبوں کو موقع ملتے ہی دباتے ہیں اور انہیں
ہیں۔ خیر کوئی بات نہیں۔ میں ڈاکٹر اور اس کی بیوی کو ایسا سبق دوں گا اور اس حرکت کا ایسا بدلہ
ساری زندگی یاد رکھیں گے۔ ہرجانہ بھی وصول کر کے دوں گا...... آپ ہماری واپسی تک
کر کے رکھ دیں کھانا بھی پکا دیں کوئی غم نہ کریں۔ بھول جائیں کہ کیا ہوا تھا؟"

"اگر ہم شام تک گھر نہ آئیں تو شاہ جی کے پاس چلے جانا اور انہیں سارا قصہ سنا
دینا......" اللہ دتہ نے کہا۔

انسپکٹر نے ان دونوں کو دیکھ کر منہ بنایا۔ سلام کا جواب بڑی ناگواری سے دے کر پوچھا
یہاں کس لیے آئے ہو؟"

"آپ کے آدمیوں نے گھر کی تلاشی لیتے وقت شادی کے نئے کپڑے پھاڑ دیئے اور
برتن جو جہیز میں دینے کے تھے وہ توڑ دیے۔ اس طرح میرے چچا کو پندرہ ہزار روپے کا زبردست
ہوا اس کا ذمہ دار کون ہے۔" عقرب نے پوچھا۔

"شکر کرو کہ...... تم دونوں بچ گئے۔ ورنہ تمہارے سر اور ہڈیاں بھی توڑ دی جاتیں۔ چلا
ہو جاؤ۔ تلاشی کے دوران ایسا ہی ہوتا ہے۔ اس کے ذمے دار ہم نہیں ہوتے ہیں۔" انسپکٹر
ڈھٹائی سے جواب دیا۔

"چلیے...... یہ نقصان تو ہم کسی نہ کسی طرح برداشت کر لیں گے۔" عقرب نے کہا۔ "آپ
کے دو آدمیوں نے الماری سے جو تین ہزار کی رقم اور پندرہ ہزار روپے کے زیور تلاشی کے دوران
سے نکال کر جیب میں رکھ لیے اسے تو دلا دیجیے۔"

"تمہارے پاس بات کا کیا ثبوت ہے کہ ان دونوں نے رقم اور زیور اڑا لیا......؟"
کر کہا۔

"آپ ان دونوں کو بلائیے۔ میں ان کی چوری کا ثبوت بھی پیش کیے دیتا ہوں۔" عقرب

"تم میرے آدمیوں پر چوری کا الزام لگا رہے ہو......؟" انسپکٹر کا پارہ چڑھ گیا۔ "تم
کو چور سمجھتے ہو؟"

"جو چوری کرے گا وہ چور کہلائے گا۔ اسے فرشتہ اور نیک آدمی تو نہیں کہا جائے گا۔"
بھی تیز لہجے میں کہا۔



"ایک بات یاد رکھو۔" انسپکٹر نے عقرب کو کھا جانے والی نظروں سے گھورا۔ "تمہارا یہ الزام غلط
ہوا اور تم ان کے خلاف ثبوت فراہم کرنے میں ناکام رہے تو نہ صرف تم دونوں کی کھال ادھیڑ دی
گی بلکہ حوالات میں بند کر دوں گا۔"

"مجھے منظور ہے۔" عقرب نے کہا۔ "بالفرض محال ان کا جرم ثابت ہو گیا تو آپ انہیں کیا سزا
گے؟"

"میں جانوں وہ جانیں...... تم کون ہوتے ہو پوچھنے والے......؟" انسپکٹر نے برہمی سے کہا۔

"مجھے اس سے کوئی غرض نہیں۔ ہمیں تو رقم اور زیور چاہیے۔" عقرب نے ٹھہرے ہوئے لہجے میں کہا۔

انسپکٹر نے گھنٹی بجا کر سپاہی کو بلایا۔ پھر اس نے عقرب سے پوچھا۔ "تمہیں کس پر شک ہے؟"

"غلام بندہ اور جمعرات خان پر......" عقرب نے جواب دیا۔

تھوڑی دیر کے بعد وہ دونوں کمرے میں داخل ہوئے۔ اللہ دتہ اور عقرب کو دیکھ کر وہ دونوں بری
چونکے۔ ادھر انسپکٹر کے دل میں ایک آوارہ سا خیال آیا تو اس کی نیت میں فتور پیدا ہوا۔ اس نے
کیوں نہ وہ کسی حیلے بہانے سے تین ہزار کی رقم اور زیور ہتھیا لے جو پندرہ ہزار کی مالیت کے
ور پھر اسے دوسری طرف ان دونوں سپاہیوں پر غصہ بھی آیا جو اس چوری کی اسے ہوا بھی لگنے نہیں
ایک طرح سے وہ دونوں مل کر سارا مال خود ہی ہڑپ کر لینا چاہتے تھے۔ ایسے ماحول میں اس کا
فیصد ہوتا تھا۔ وہ اگر اسے اس میں سے حصہ دے دیتے تو پھر وہ ان دونوں کو دھمکی دے کر بھگا

انسپکٹر نے ان دونوں کو خشمگیں نظروں سے گھورتے ہوئے کہا۔ "سنا ہے تم دونوں نے ان کے گھر
لیتے وقت تین ہزار روپے اور پندرہ ہزار کے زیور الماری سے نکال کر جیب میں رکھ لیے۔ کیا یہ
؟"

"جی نہیں......" غلام بندہ گھبرا گیا جمعرات خان کے چہرے کا رنگ بھی اڑ گیا۔ غلام بندہ نے
پیش کی۔ "جی نہیں یہ جھوٹ ہے۔"

"جمعرات خان تم کیا کہتے ہو......؟" انسپکٹر نے اسے تیز نظروں سے گھورا۔ "کیا یہ الزام درست

"یہ جھوٹ بول رہے ہیں...... ہم پر جھوٹا الزام لگایا گیا ہے۔" جمعرات خان نے لڑکھڑاتی زبان

"سن لیا تم دونوں نے......" انسپکٹر نے عقرب اور اللہ دتہ کی طرف باری باری دیکھا۔

"ان کے کہنے سے کیا ہوتا ہے؟" عقرب نے کہا۔ "یہ دونوں ہی چور ہیں جھوٹے ہیں مکار

"تم پولیس والوں پر الزام تراشی بند کرو......" انسپکٹر نے بگڑتے ہوئے کہا۔ "تم نے کہا تھا کہ ان
ف تمہارے پاس ثبوت موجود ہے کہاں ہے وہ ثبوت؟ مجھے ثبوت چاہیے میرے پاس فالتو وقت

نہیں ہے۔''

''رقم جمعرات خان کی جیب میں ہے۔''عقرب کہنے لگا۔''اس وقت اس کی جیب
ہزار سات سو روپے ہیں سترہ سو روپے رشوت کے ہیں جو اس نے گاڑی والے سے لیے
ایک بچے کو ٹکر مار کر زخمی کر دیا تھا۔اسے کل چار ہزار روپے ملے جس میں سے اس نے سترہ
بندہ کو دیئے سب انسپکٹر صاحب کو چھ سو روپے یہ کہہ کر دیئے کہ گاڑی والے نے آٹھ سو ر
سب انسپکٹر سے بھی جھوٹ بولا۔گاڑی والے کو لائسنس یک دے کر رفو چکر کرا دیا۔''

جمعرات کے چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگیں۔غلام بندہ سراسیمہ سا ہو گیا۔ان دونوں کا
چل رہا تھا وہ دل میں بھونچکے سے ہو رہے تھے کہ اسے ان چار ہزار کی خبر کیسے ہو گئی؟ جب کہ
انتہائی احتیاط اور رازدارانہ طور پر ہوا تھا۔ان دونوں نے فوراً ہی خود پر قابو پا لیا۔لیکن ان کی رنگت
سرد ہونے لگا تھا۔

''اس بات کا تمہیں کیسے اور کیوں کر پتا چلا؟''انسپکٹر نے حیرت سے عقرب کو دیکھا۔

''جب ہم دونوں رکشا سے اتر کے تھانے میں داخل ہو رہے تھے یہ دونوں گیٹ کے پاس
کھسر پھسر کر رہے تھے۔جمعرات خان کہہ رہا تھا کہ......انسپکٹر صاحب کو ہوا لگنے نہیں دینا......
سارا مال ہڑپ کر لیں گے۔''

''تم تینوں نے کس کی اجازت سے اس شخص کو جانے دیا۔سب انسپکٹر کہاں ہے؟''انسپکٹر
سرخ ہو گیا۔

''سر!یہ شخص ہمارے خلاف آپ کو بھڑکا رہا ہے گاڑی والے نے ایک پیسہ نہیں دیا۔کیوں
نے موبائل پر آئی جی صاحب سے رابطہ کیا تو انہوں نے سب انسپکٹر صاحب سے کہا تھا اس آدمی کو
دو۔سب انسپکٹر ہیڈ کوارٹر گئے ہوئے ہیں۔''غلام بندہ نے کہا۔''آپ اس کی بات کا اعتبار نہ کریں
بڑی کمینی چیز ہے۔''

''لیکن یہ جو رقم کے بارے میں کہہ رہا ہے کیا وہ غلط ہے؟تم دونوں کے پاس کیا واقعی ان
ہے؟''

''میرے پاس تو اس وقت دو ہزار روپے ہیں جو مجھے منی آرڈر کر کے گھر بھیجنا ہیں۔''غلام
نے کہا۔

''یہ جھوٹ بول رہا ہے۔''عقرب کہنے لگا۔''اس کے پاس تین سو روپے تھے۔رشوت کی رقم
دو ہزار روپے ہو گئے۔جمعرات خان نے گھر سے نکالی ہوئی رقم میں سے ابھی تک اسے حصہ نہیں دیا
زیور جو ہے وہ غلام بندہ کے پاس ہے۔ان دونوں نے یہ طے کیا تھا کہ چھٹی ہونے کے بعد کسی
دکان پر جا کر زیور بیچ دیں گے پھر گھر جا کر اپنا اپنا حصہ لے لیں گے۔آپ کو میری بات کا یقین
آ رہا ہے تو ان کی تلاشی لے کر دیکھ لیں آپ کو جھوٹ کا پتا چل جائے گا۔''

''تم دونوں ادھر آؤ اور مجھے اپنی اپنی تلاشی دو۔''انسپکٹر نے تیز لہجے میں کہا۔



پھر! معلوم نہیں اسے کیسے اندازہ ہو گیا کہ میرے پاس تین ہزار روپے ہیں؟''جمعرات خان
لہجے میں کہا۔''یہ رقم میں نے اپنے ایک دوست سے قرض لی ہے۔قرض لیے تھوڑی دیر ہی
وہ مجھے قرض دے کر ابھی گیا ہے۔اس نے شاید مجھے رقم لیتے ہوئے دیکھ لیا۔اس لیے یہ
اپنے باپ کی رقم سمجھ رہا ہے۔''

یہ رقم میرے چچا کی ہے تمہارے باپ کی نہیں۔''عقرب نے برہمی سے کہا۔''تم زبان سنبھال
کرو۔''

انسپکٹر سمجھ گیا تھا کہ اصل معاملہ کیا ہے۔جمعرات خان صاف جھوٹ بول رہا تھا۔وہ چوں کہ رقم اور
ہڑپ کرنے کے بارے میں سوچ رہا تھا اس لیے اس نے جمعرات خان کی طرف داری کی۔''اس
جو رقم ہے وہ قرض لی ہوئی ہے۔''

''انسپکٹر صاحب!یہ جھوٹ بول رہا ہے اسے کسی نے رقم نہیں دی ہے نہ میں نے اسے رقم لیتے
دیکھا ہے۔اس کے پاس جو تین ہزار روپے ہیں ان میں پانچ سو کے دو، ہزار کا ایک، سو کے پانچ
کے دس نوٹ ہیں۔میں ان کے نمبر بھی بتا سکتا ہوں مجھے تمام نوٹوں کے نمبر یاد ہیں آپ اپنی
ملتے ہیں۔''عقرب نے کہا۔

''جمعرات خان!تمہارے پاس جو تین ہزار روپے ہیں وہ مجھے دے دو۔میں دیکھتا ہوں کہ ان
بتا سکتا ہے یا نہیں۔''جمعرات خان مرتا کیا نہ کرتا اس نے اپنی جیب سے نوٹ نکال کر انسپکٹر کی
بڑھا دیئے۔اسے اس بات کا یقین تھا کہ عقرب ایک نوٹ کا نمبر بھی بتا نہیں سکے گا......اللہ دتہ جو
سے ایک تماشائی کی طرح حیران ہو رہا تھا یہ سن کر اس کی حیرت دوچند ہو گئی کہ عقرب ان نوٹوں
کیسے بتا سکے گا۔جب کہ وہ نوٹ الماری میں تھے اور عقرب نے دیکھے بھی نہ تھے۔

انسپکٹر نے جمعرات خان کے ہاتھ سے نوٹ لے کر انہیں میز کی دراز میں رکھا۔پھر ہزار کا نوٹ
اس کا نمبر پوچھا تو عقرب نے فوراً ہی اس کا نمبر بتا دیا۔پھر اس نے تمام نوٹوں کے نمبر صحیح
انسپکٹر اور جمعرات خان سے زیادہ حیران بلکہ بھونچکا اللہ دتہ ہوا تھا۔اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا
نے صحیح صحیح نمبر ایک ایک لمحے میں کیسے بتا دیئے۔

اب انسپکٹر کے لیے فرار کا راستہ نہیں رہا تھا کوئی ایسی تاویل نہیں تھی کہ اس رقم کو ہڑپ
آخر اس نے دل پر جبر کر کے رقم عقرب کی طرف بڑھا دی۔عقرب نے نوٹ لے کر جیب
لیے۔اس نے شکریہ کہنا مناسب نہیں سمجھا۔

''اچھا اب آپ غلام بندہ سے کہیں کہ وہ شرافت سے زیور ہمیں دے دے۔''عقرب نے انسپکٹر

''اس زیور کی نشانی بتاؤ۔کون کون سا زیور تمہارا ہے؟''انسپکٹر نے سوالیہ نظروں سے اسے اور اللہ
ا۔اللہ دتہ سے پہلے عقرب بول اٹھا۔''ایک لاکٹ ہے جس میں نیلے رنگ کا نگینہ لگا ہوا ہے۔دو
کڑے اور دو انگوٹھیاں ہیں۔ان میں صرف ایک انگوٹھی جڑاؤ ہے۔یہ ہے کل زیور......؟''

اللہ دتہ کی حیرت لمحہ بہ لمحہ دوچند ہوتی جارہی تھی۔ ادھر غلام بندہ کے پسینے چھوٹ نے انسپکٹر کے کہنے پر زیور جیب سے نکال کر انسپکٹر کے سامنے میز پر رکھ دیئے۔ انسپکٹر نے دیکھا۔ اس کی نیت میں فتور آچکا تھا اور وہ اسے ہر قیمت پر ہڑپ کرنا چاہتا تھا۔ زیورات اور قیمتی تھے۔ پندرہ ہزار سے زائد مالیت کے تھے۔ ان زیورات پر اس کا دل آ گیا تھا۔

''یہ زیور پندرہ نہیں پچیس تیس ہزار کی مالیت کے ہیں۔ لہٰذا یہ تمہارے نہیں ہیں۔ تم پندرہ ہزار روپے کے ہیں۔''

''میں نے تین سال قبل ایک دوست کی دکان سے خریدے تھے۔'' اللہ دتہ نے کہا۔ ''وہ اپنی دکان ختم کر کے سعودی عرب جارہا تھا اس لیے اس نے مجھے بہت ہی کم قیمت پر دیئے تھے۔''

''اچھا تم اس کی رسید دکھاؤ......'' انسپکٹر نے کہا۔ ''تاکہ پتا چلے کہ یہ تمہارے خریدے ہیں۔''

''رسید......؟'' اللہ دتہ چکرا گیا۔ ''رسید اس نے نہیں دی اور نہ میں نے مانگی۔ کیوں ضرورت نہیں تھی۔''

''یہ تم صاف صاف کیوں نہیں کہتے ہو کہ یہ زیور چوری کا مال ہے۔ تم نے کہاں تھا؟'' انسپکٹر کرخت لہجے میں بولا۔

''جی......'' حیرت اور دکھ سے اللہ دتہ کا منہ کھلا رہ گیا۔ وہ قدرے توقف کے بعد بولا۔ غریب آدمی سہی۔ لیکن شریف آدمی ہوں۔ محنت مزدوری کر کے پیٹ بھرتا ہوں مجھے کیا ضرورت کہ میں چوری کرتا پھروں۔''

''تم نے نہیں تو تمہاری بیوی نے کی ہوگی؟'' انسپکٹر نے اندھیرے میں تیر چلایا۔ ''تمہاری ماسی کا کام کرتی ہے نا؟''

''میری بیوی ایک ایمان دار عورت ہے وہ ماسی کا کام کرتی ہے لیکن اس نے کبھی ایک چوری نہیں کی۔''

''ڈاکٹر صاحب کی بیوی نے کہا تھا کہ تمہاری بیوی نے دو تین برس پہلے چوری کی تھی تھا لیکن اس حرکت کو اس لیے نظر انداز کر دیا تھا کہ اس وقت ان کی کوئی مجبوری تھی۔ اس واقعے بہت محتاط ہوگئی تھیں۔'' انسپکٹر نے پھر جھوٹ بولا۔

''انسپکٹر صاحب! اس بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے ہاں ہو جائے اور وہ کوئی ایکشن نہ لیں۔'' عقرب نے کہا۔ ''وہ اور اس کی بیوی نہ صرف چڑیل خبیث ہیں بلکہ ایک ایک پائی پر جان دینے والے ہیں۔ انہیں کسی غریب کو دس روپے دیتے ہوئے ہے آپ ان کی باتوں پر نہ جائیں۔ انہوں نے جھوٹا الزام لگایا ہے۔''

''میں چوری کے الزام میں نہ صرف تمہاری بیوی بلکہ تم دونوں کو بھی گرفتار کرتا ہوں۔'' رعونت سے کہا۔



''آپ صاف صاف بتائیں کہ کیا چاہتے ہیں۔'' عقرب نے کہا۔ ''آپ ہمیں بلاوجہ تنگ اور کس لیے کر رہے ہیں؟''

''تم بہت ہوشیار اور ذہین آدمی معلوم ہوتے ہو...... اب کیا صاف صاف کہنے کی ضرورت باقی رہ گئی؟''

عقرب نے تین ہزار روپے نکال کر انسپکٹر کی طرف بڑھائے۔ ''آپ یہ رقم اور زیورات رکھ لیں جانے کی اجازت دیں۔'' انسپکٹر نے رقم جیب میں اور زیورات میز کی دراز میں رکھ ٹھیک ہے اب تم دونوں جاسکتے ہو۔ لیکن ایک بات کان کھول کر سن لو۔ تم نے اس واقعے کا کسی کیا تو اچھا نہیں ہوگا۔ پولیس کے اعلیٰ افسروں سے شکایت کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا۔ تم نہیں ں کیسا حرامی شخص ہوں۔ میرے نام سے مجرم اور جرائم پیشہ افراد بہت ہی کانپتے ہیں۔''

''آپ بے فکر رہیں سر!'' عقرب نے بڑے اطمینان سے کہا۔ ''اس واقعے کی ہمارے فرشتوں کو ں ہوگی۔''

جب وہ دونوں باہر نکل گئے تو انسپکٹر غلام بندہ اور جمعرات خان پر برس پڑا۔ ''حرام زادو!...... تم نے مجھے بتایا تک نہیں۔ اکیلے اکیلے ہضم کر رہے تھے...... سزا کے طور پر تم دونوں کو اس میں سے ل بھی نہیں ملے گا۔ آئندہ تم دونوں نے ایسی ذلیل حرکت کی تو چوری کے الزام میں سزا دوں تم جاسکتے ہو۔ دفع ہو جاؤ۔''

ھانے سے باہر آنے کے بعد اللہ دتہ نے کہا۔ ''یہاں آ کر لینے کے دینے پڑ گئے۔ وہ ہم تینوں کو میں بند کر دیتا اگر اسے رقم اور زیور نہ دیا جاتا۔ میں اس لیے تھانے آنا نہیں چاہتا تھا تمہارے گیا۔''

''میں جانتا تھا کہ کیا ہوگا......؟'' عقرب نے کہا۔ ''میں کسی اور خیال کے زیر اثر یہاں آپ کو لے ے ہاں پولیس کے محکمے میں ایسی کالی بھیڑوں نے غریبوں اور شریفوں کا جینا حرام کر دیا ہے۔ دھجیاں اڑاتے ہیں۔ سیدھے سادے لوگوں کو ہراساں کرتے ہیں خیر کوئی بات نہیں۔ آپ رزیور کے جانے کا کوئی غم نہ کریں۔ اللہ آپ کو اس سے بڑھ کر دے گا۔ آپ مجھے صدر کے ں چھوڑ دیں میں ایک دو گھنٹے کے بعد آؤں گا کھانے پر میرا انتظار ضرور کریں۔''

''بیٹے!'' اللہ دتہ نے رکشا میں بیٹھتے ہوئے دل گرفتہ لہجے میں کہا۔ ''میں بڑا مایوس اور ناامید ہو گیا بیٹی کی شادی اس صورت میں ہوسکتی ہے کہ رکشا بیچ دوں۔ بیٹی کی شادی کے بعد رکشا کرائے پلاؤں۔''

''اللہ کی ذات سے ناامید ہونا کفر ہے۔'' عقرب نے دلاسا دیا۔ ''جب میں گھر آؤں گا تب ہم صلاح مشورے کریں گے۔ ہوسکتا ہے کہ...... اللہ نے چاہا تو کوئی صورت نکل آئے۔ رکشا نہ ''

''اب تم کہاں جارہے ہو بیٹے!'' اللہ دتہ نے گہرا سانس لیا۔ ''گھر کیوں نہیں چل رہے ہو؟''

"مجھے صدر میں ایک کام ہے۔ میں یہاں سے ایک دوست کی عیادت کے لیے ...
پھر ہوٹل سے سامان لیتا آؤں گا۔"

☆☆☆..........☆☆☆

انسپکٹر جب گھر پہنچا تو وہ بہت خوش تھا۔ وہ صرف آج ہی گھر خوش خوش نہیں پہنچا تھا ...
اسی طرح خوش خوش پہنچتا تھا کیوں کہ اس کی جیب گرم ہوتی تھی اور سارے جسم میں لہو ...
تھا۔ آج بھی اس کی جیب میں دن بھر کی بالائی آمدنی پچپن ہزار روپے کی صورت میں موجود ...
ہزار اور زیور الگ تھا جو اللہ دتہ کو ہراساں کر کے حاصل کیا تھا۔

انسپکٹر نے اپنے بیڈ روم میں جا کر دروازہ بند کیا۔ وہ ڈیوٹی سے آ کر اپنے کمرے ...
تو اس کی بیوی کے سوا کسی کو اس کی اجازت کے بغیر اندر آنے کی اجازت نہ تھی۔ اس کے ...
آ سکتے تھے اس وقت اس کی بیوی گھر پر موجود نہیں تھی۔ وہ پڑوس میں گئی ہوئی تھی۔ انسپکٹر نے ...
کے بعد دیوار پر لگی تصویر اتاری۔ دیوار میں تجوری نصب تھی۔ اس نے جیب سے چابی نکال ...
دروازہ کھولا۔ اس تجوری میں دو خانے بنے ہوئے تھے۔ اوپر والے خانے میں نوٹوں کی ...
انعامی بانڈ کی گڈیاں تھیں۔ دوسرے خانے میں سونے کے زیورات رکھے ہوئے تھے۔ وہ ...
دو بیٹیوں کی شادی کے لیے جمع کر رہا تھا۔ ان میں بیشتر زیورات وہ تھے جو اس نے گھروں کی ...
دوران ہڑپ کر لیے تھے اس وقت اس کے پاس چھ سات لاکھ کی مالیت سے زائد زیورات ...
بارہ لاکھ تھی۔ اس کی دولت میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔

اسی وقت دروازے پر دستک ہوئی تو اسے ناگوار سا لگا۔ اس نے کرخت لہجے میں کہا ...
ہے......؟"

"میں یاسمین ہوں۔" باہر سے اس کی بیوی نے مترنم لہجے میں جواب دیا۔ "دروازہ کھولو..."

انسپکٹر نے دروازہ کھولا۔ یاسمین نے اندر داخل ہو کر دروازہ بند کر کے چٹخنی لگا دی۔ انسپکٹر ...
بیوی کی طرف دیکھا۔ وہ اس وقت کاسنی رنگ کے شلوار سوٹ میں بڑی غضب کی دکھائی ...
تھی۔ بھڑکیلے لباس میں اس کا حسن وشباب اور گداز بدن اور غضب ڈھا رہا تھا۔ گزشتہ برس ...
بیوی کا انتقال ہو گیا۔ اس نے اپنی سالی سے شادی کر لی تھی۔ اس کی سالی شادی شدہ تھی جو ...
شوہر معمولی شخص تھا اس لیے اس نے طلاق لے کر اپنے بہنوئی سے شادی کر لی تھی۔ اس کے اور ...
بہنوئی کی عمروں میں بڑا فرق تھا۔ وہ پچیس برس چھوٹی تھی۔ اپنے بہنوئی کی دولت ٹھاٹ بھاٹ ...
تعیش زندگی پر ریجھ گئی۔ اس کا شوہر اسے طلاق دینا نہیں چاہتا تھا اس نے اپنی بیوی کو سمجھایا ...
دولت کی خاطر اس سے طلاق نہ لے۔ اس کے بہنوئی کی کمائی حرام کی ہے وہ ایک راشی پولیس ...
اور بہت بدنام بھی ہے۔ لیکن اس نے اس شریف آدمی کی بات نہیں مانی۔ اس شخص نے طلاق ...
انکار کیا تو انسپکٹر نے نہ صرف اس کے شوہر کو حوالات میں غیر قانونی طور پر بند کر دیا بلکہ اس کے گھر ...
کو ہراساں اور تنگ کرنا شروع کر دیا۔ جب اس غریب شخص پر ظلم وستم اور تشدد حد سے تجاوز ...



طلاق دے دی۔ یاسمین نے عدت بھی پوری نہیں کی اور اپنے بہنوئی سے شادی کر لی۔ شادی
... انسپکٹر کا سالی سے معاشقہ چل رہا تھا اور تعلقات بھی استوار تھے پہلی بیوی کے علم میں سب کچھ تھا
... شوہر کی بے وفائی اور اپنی بہن کی بدکاری کے غم میں اور صدمے سے مر گئی۔ ان کی شادی کو چھ ماہ
... ہو رہا تھا۔

پہلی بیوی سے اس کی دو لڑکیاں اور دو لڑکے تھے۔ دونوں لڑکیاں جوان تھیں اور کالج میں پڑھ رہی
... دونوں لڑکے چودہ اور بارہ برس کی عمر کے تھے۔ اس نے اپنی دونوں لڑکیوں کا رشتہ بھی راشی
... سے طے کیا ہوا تھا۔ آئندہ برس ان کی شادی ہونے والی تھی۔ یاسمین نے اپنے شوہر کے پاس
... کے گلے میں اپنی بانہیں حمائل کر دیں۔ پھر اس کا والہانہ پن سے ایک طویل بوسہ لیا۔ پھر اس
... کی دیر بعد پوچھا۔ "آج کیا رہا......؟ کیا اونچا ہاتھ مارا......؟"

"آج کا دن بھی بہت اچھا رہا۔ پچپن ہزار صرف ایک شخص سے موصول ہوئے۔ اس کے علاوہ
... روپے اور پچیس ہزار کے زیور ہاتھ لگے۔ کسی دن ایسا اونچا ہاتھ ماروں گا کہ امریکہ اور یورپ کی
... ہو جائے گی۔"

"بچیوں کی شادی کے لیے شاپنگ بھی تو کرنا ہے...... کیا سنگاپور چلنے کا ارادہ نہیں ہے؟" یاسمین
... تھا۔

"آئندہ ماہ کی دس تاریخ کا پروگرام بنا رہا ہوں۔" انسپکٹر نے کہا۔ "کیا بچوں کو بھی ساتھ لے
... ہیں چاہتا ہوں کہ وہ اپنی پسند کی خریداری کر لیں کہیں ایسا نہ ہو کہ ہماری پسند، ان کی پسند اور ان
... کی نہ ہو۔"

"لیکن وہ آئیں گے تو ہماری سیر وتفریحات متاثر ہو جائیں گی۔" وہ مخمور نگاہوں سے دیکھتی ہوئی

"تم فکر کیوں کرتی ہو...... ہم انہیں چھ سات دن کے بعد بلا لیں گے۔" انسپکٹر نے اس کی
... میں جھانکتے اور اس کے رخسار کا بوسہ لیتے ہوئے کہا۔ "ہم شادی کے بعد ہنی مون نہیں
... اب وہاں جا کر ہنی مون منائیں گے۔ باسی ہنی مون......"

"میں پڑوس میں فخر الزمان صاحب کے ہاں گئی تھی...... بیگم فخر الزمان نے مجھے خاص طور پر بلایا
... مین بولی۔

"وہ کس لیے......؟" اس نے پوچھا۔ "آج کل فخر الزماں صاحب بہت اونچے جا رہے ہیں
... کروڑ نوے لاکھ روپے کا ایک ٹھیکہ ملا ہے جس میں انہیں پانچ کروڑ کی زبردست بچت ہوگی۔ ان
... یوں بھی کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔"

"اس لیے کہ وہ آپ سے ایک بہت ہی اہم کام لینا چاہتی ہیں۔" یاسمین اسے لے کر پلنگ پر بیٹھ

"خیریت تو ہے...... مجھ سے ایسا کیا کام آن پڑا ہے......؟" اس نے متعجب نظروں سے بیوی کو

دیکھا۔

''وہ کہہ رہی تھیں کہ ان کے سابق داماد کو کیا قتل کے کسی جھوٹے کیس میں پھنسایا جاسکتا ہے۔''

''قتل کے کسی کیس میں کسی کو پھنسانا میرے بائیں ہاتھ کا کام ہے۔لیکن وہ اس کام پیش کریں گی......؟''

''یہ وہ جاننا چاہتی ہیں کہ تم کیا نذرانہ لو گے......؟ ان کی باتوں سے ایسا لگ رہا تھا نذرانہ دینے کے لیے تیار ہیں تم بتادو کہ کیا لو گے......؟ انہیں کل صبح تک جواب چاہیے۔ بتایا جاسکتا ہے۔''

''یہ تو میں بتادوں گا......لیکن کیا انہوں نے یہ بتایا کہ وہ داماد کو کیوں پھنسانا چاہتی ہیں کی دونوں بیٹیاں مطلقہ ہیں۔''

''پہلی بیٹی نے خود سے طلاق لی تھی کیوں کہ اس کے شوہر کو آزادی اور پارٹیوں میں تھا۔ دوسری بیٹی کو اس کے شوہر نے طلاق دی تھی کیوں کہ وہ اپنی بڑی بہن کی طرح آوارہ اور تھی۔ اس کے شوہر نے اسے پہلے بہت سمجھایا بھی تھا۔ جب اس نے ایک روز اپنے سسرال برس کے ملازم لڑکے کے ساتھ بستر میں اسے دیکھا تو اس نے ایک ہنگامہ کھڑا کردیا تھا۔ اور سسر سے کہہ دیا تھا کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے رہا ہے۔ ماں باپ نہیں چاہتے تھے کیوں رشتہ ایک ایسے اونچے گھرانے کے لڑکے سے طے ہوا تھا جس سے کروڑوں کا فائدہ ہونے والا تھا بیٹی کو طلاق دینے سے وہ رشتہ ٹوٹ گیا۔ ساٹھ کروڑ کا ایک پراجیکٹ محض اس وجہ سے ہاتھ اس لیے وہ اس سے بدلہ لینا اور پھانسی پر چڑھانا چاہتے ہیں۔ یہ سارے گھر والوں کی خواہش جیل میں سڑے اور پھانسی چڑھ جائے۔''

''ان سے کہو کہ پچیس لاکھ روپے دے دیں تو ان کا خواب پورا ہوسکتا ہے؟ میں پوری رقم پیشگی''

''میں ابھی کہہ کر آتی ہوں......لیکن اس بات کی گارنٹی ہے نا اسے پھانسی ہوجائے گی۔''

''سو فیصد گارنٹی......'' وہ کہنے لگا۔ ''میں اسے صرف قتل کے کیس میں ملوث نہیں کروں گا کے خلاف بہت سارے کیس بناؤں گا۔''

''مثلاً......؟'' یاسمین نے اس کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھا۔ ''مجھے بھی بتاؤ تا بتاسکوں۔''

''کمسن لڑکی پر مجرمانہ حملہ......شادی شدہ عورت کا اغوا اور اس کی آبروریزی...... وغیرہ۔''

یاسمین اسی وقت چلی گئی۔ تھوڑی دیر کے بعد آکر بولی۔ ''وہ تیار ہیں۔لیکن رقم وہ کل شام گی۔''

''سنگاپور سے واپسی کے بعد ہم امریکہ کی سیر وسیاحت کا پروگرام بنائیں گے......'' اس



ؤں کی گرفت میں لے کر کہا۔ ''میری جان! تم نے بہت بڑا کارنامہ انجام دیا ہے۔ وہ پانچ پر بھی راضی ہوجاتیں تو میں ان کا کام کردیتا۔ پچیس لاکھ بہت بڑی رقم ہے۔ مجھے صرف اس ہزار خرچ کرنا ہوں گے۔ چلو۔ ہم باہر چل کر اس خوشی میں کسی اچھے ہوٹل میں ڈنر لیتے

ٹر نے ہوٹل سے واپسی پر اپنے بچوں کو اپنی بڑی بہن کے ہاں چھوڑ دیا۔ کیوں کہ دوسرے دن ی کی مایوں کی تقریب تھی۔ دونوں میاں بیوی گھر آگئے۔ گھر میں ان دونوں کے سوا کوئی نہیں دو مسلح سپاہی پہرے پر مامور تھے۔ انسپکٹر بہت خوش تھا۔ اس نے خواب وخیال میں بھی نہیں ا اتنے سے کام کے پچیس لاکھ روپے مل سکتے ہیں۔ وہ خواب کی سی حالت میں تین گھنٹے رہا تھا یک عجیب سی سرشاری تھی۔

ڑے بدلنے کے بعد اس نے اپنی بیوی سے کہا۔ ''پچیس لاکھ روپے کی خوشی میں کیا آج رات اؤ گی......؟''

یوں نہیں۔'' یاسمین نے چہکتے ہوئے کہا۔ ''میری جان! کیا پینا پسند کرو گے......؟ وہسکی انڈی، بیئر یا شیری؟''

م جو پلادو۔'' اس نے یاسمین کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے قریب کرلیا۔ ''آج میں تمہاری پسند پینا چاہتا ہوں۔''

یوں نہ آج ہم شیمپین پئیں جو تم کسی وڈیرے کے ہاں سے لے آئے ہو۔'' میں ابھی فریج ف لے کر آتی ہوں۔ شیمپین کی بوتل بھی میں نے وہیں رکھی ہوئی ہے۔''

ہن جب برف اور شراب کی بوتل لے کر کمرے میں داخل ہوئی تو اس کے ہاتھ سے بوتل رش پر گر پڑی۔ وہ اچھل پڑی حیرت اور خوف سے اس کی آنکھیں پھیل گئیں۔ اسے جیسے یقین اس نے اس کمرے میں دو آدمیوں کو دیکھا۔ دونوں ہم شکل تھے۔ ایک ہی قد اور ایک ہی ایک چہرہ اور آنکھیں بھی بالکل ایک جیسی......وہ اس کے شوہر کے ہم شکل تھے۔ وہ دونوں ے کے مقابل کھڑے تھے۔ ان میں اس کا شوہر کون ہے فوراً ہی پہچان نہ سکی۔ اگلے لمحے اس وہر کو پہچان لیا۔ کیوں کہ اس کے شوہر کے چہرے پر خوف چھایا ہوا تھا اور آنکھیں پھٹی ہوئی ر وہ نظروں سے اپنے مقابل کھڑے ہوئے ہم شکل شخص کو دیکھ رہا تھا۔ ہم شکل شخص بڑے ینان سے کھڑا ہوا تھا۔

ٹر بھونچکا سا تھا کہ یہ ہم شکل شخص کون ہے اور اندر کیسے آگیا۔ یاسمین بھی یہی سوچ رہی ر یاسمین کے کمرے سے نکلنے کے بعد باتھ روم میں گھس گیا تھا جب وہ واپس آیا تو اس نے خص کو کمرے میں کھڑے ہوئے پایا تھا۔

م......تم کون ہو......؟'' انسپکٹر نے حیرت اور خوف سے پوچھا۔ وہ توہم پرست نہ تھا لیکن پھر ا گیا تھا۔

”میں کون ہوں......؟ میں تمہارا عکس ہوں۔“ ہم شکل نے بڑے پرسکون
”تمہارے اندر کا آدمی ہوں۔“

”تم اندر کیسے آئے......؟“ انسپکٹر کی آواز حلق میں پھنس رہی تھی۔ ”تمہیں
نہیں......دروازے اور کھڑکیاں بھی بند ہیں۔ تم کس لیے آئے ہو......؟“ انسپکٹر کی سا

”تم نے ایک ہی سانس میں سوالوں کی بوچھاڑ کر دی۔“ ہم شکل نے جواب دیا
آ گیا مجھے کوئی نہیں روک سکتا۔ تمہارے پہرہ دار سرونٹ کوارٹر میں بیٹھے وی سی آر
ہیں۔ انہیں بھلا خبر کیسے ہو سکتی ہے کہ کون اندر آیا اور کون باہر گیا۔ میرے لیے درواز
ہوں کھلی ہوئی ہوں کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔ رہا سوال کہ میں کس لیے آیا ہوں۔ میں اس
حساب بے باق کر سکوں۔ تمہیں راہ راست پر لا سکوں۔ تمہیں سبق دے سکوں۔“

”کون سا حساب......؟ کیسا حساب......؟“ انسپکٹر کا دماغ چکرا گیا۔ وہ الجھ سا گیا

”وہ حساب جو تم نے غریبوں مظلوموں اور شریف لوگوں کے ساتھ کیا ہے“
شکل کہنے لگا۔ ”ظلم و ستم کا حساب......ناانصافی کا حساب......تم نے اپنے ہاتھ کالے
قتل کیا......اپنی تجوری کالے دھن سے بھر لی......حرام دولت سے اپنی اولاد کی پرورش
بدکار عورت سے عشق کیا۔ تعلقات قائم کیے......اس بدکار عورت کی وجہ سے اس کی بہن
میں چلی گئی۔ اس چڑیل عورت کو اپنی بہن پر رحم نہیں آیا۔ اس نے اپنی بہن کی زندگی اجاڑ
اپنے محکمے کے تقدس کو پامال کیا......پورے تالاب کو گندا کر دیا......بتاؤ۔ تمہارے ساتھ

”یہ سراسر بہتان ہے۔ میں نے کسی پر کوئی ظلم نہیں کیا۔ میں نے اپنا فرض ادا کیا۔“
ہکلاتے ہوئے بولا۔

”تمہارے گناہوں کی فہرست بہت لمبی ہے بتانے اور سنانے بیٹھ جاؤں تو
جائے۔“ ہم شکل کہنے لگا۔ ”میں زیادہ پیچھے نہیں جاؤں گا۔ میں آج سے حال سے ہی
چہرہ دکھاتا ہوں۔ ڈاکٹر خورشید کی بیوی نگہت نے تمہیں پچیس ہزار روپے دیئے۔ کہ اللہ
بیوی کو ڈکیتی کے الزام میں حوالات میں ڈال دو۔ لیکن تم اس لیے گرفتار نہیں کر سکے کہ
کہ چوری نہیں ہوئی۔ غلط فہمی ہو گئی تھی۔ تمہارے سپاہیوں نے اللہ دتہ کے گھر کی تلاشی
ہزار روپے اور زیور چرا لیے۔ جب اللہ دتہ اور اس کے دوست کا لڑکا رقم اور زیور لینے
دونوں کو ڈرایا دھمکایا اور ان کا مال ہڑپ کر لیا۔ پھر وہ خاموشی اور شرافت سے چلے گئے
لا کر اپنی تجوری میں رکھ دیا۔ تین ہزار کی رقم ہوٹل لے جا کر اڑا دی۔“

انسپکٹر سے جواب نہ بن پڑا۔ وہ اس طرح سے گنگ ہو گیا تھا جیسے اس کی قوت گویائی
پھر ہم شکل نے اپنی بات جاری رکھی۔ ”آج تم نے ایک وڈیرے میر احمد جمالی
کیا۔ اس سے پچپن ہزار روپے پیشگی اس کے بیٹے کی ضمانت پر رہائی کے عوض لیے اور
روپے تمہیں اس وقت ملیں گے جب عدالت اسے باعزت طور پر بری کر دے گی۔ وہ



ملتا ہے جب اس کے خلاف جو شواہد ہیں وہ مٹا دیئے جائیں اس نے اپنے ایک ہم جماعت کو
کر دیا کہ کالج کے الیکشن میں وہ اس کے مقابلے میں بھاری اکثریت سے جیت گیا تھا۔
تمہاری بیوی یاسمین کو شام کے وقت تمہارے کروڑ پتی پڑوسی فخر الزمان کی بیوی نے بلایا تاکہ
سابق چھوٹے داماد کو قتل کے کسی جھوٹے کیس میں پھنسا کر اسے تختہ دار تک پہنچایا جا سکے۔
اس عورت کی بیٹی کو طلاق دینے کی وجہ سے اس کی بڑی بیٹی کا نہ صرف رشتہ ٹوٹ گیا بلکہ کروڑوں
پراجیکٹ ہاتھ سے نکل گیا۔ اصل بات یہ ہے کہ پراجیکٹ داماد کے باپ کو مل گیا۔ وہ سابق داماد
دلوا کر یہ بدلہ لینا چاہتی ہے اور اس کے عوض پچیس لاکھ روپے دینے پر تیار ہو گئی۔ اور تم امریکہ
سیاحت کے خواب دیکھنے لگے جب کہ رقم ابھی ہاتھ بھی نہیں آئی......کیا ایک تھانے کے ایس ایچ
او کو تمہیں یہ زیب دیتا ہے کہ ایک بے گناہ کو پھانسی کے تختے تک پہنچا دو......؟ تم نے نجانے
کتنا ہوں کو جیل میں سڑا دیا۔ لہٰذا میں تمہیں سزا دینے آیا ہوں۔ قانون تمہیں اس لیے سزا نہیں
کہ اس کے پاس تمہارے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہیں۔“
”کیا......کیا تم مجھے جان سے مار دو گے......؟“ انسپکٹر نے کہا۔ اس کی زبان لڑکھڑائی۔
”نہیں......میں تمہیں جان سے نہیں ماروں گا اور نہ مار سکتا ہوں۔ کیوں کہ زندگی دینے اور لینے
ہے۔ میں تمہیں صرف سزا دے سکتا ہوں ایک ایسی سزا جس کا تم تصور تک نہیں کر سکتے ہو۔ میری
ساری زندگی یاد رہے گی۔“
ہم شکل اتنا کہہ کر نظروں سے غائب ہو گیا۔ انسپکٹر اور یاسمین خوف اور سکتے کی سی حالت میں
رہے تھوڑی دیر کے بعد وہ دونوں چونکے۔ ان دونوں نے ایک دوسرے کی شکل دیکھی۔ انہیں
جیسے وہ کوئی خواب دیکھ رہے تھے۔
یاسمین نے جھک کر فرش سے شیمپین کی بوتل اٹھائی پھر وہ اس کی طرف بڑھتی ہوئی بولی۔ ”یہ سب
“

”میرا خیال یہ ہے کہ کوئی جن تھا......“ انسپکٹر نے کہا۔ ”وہ ڈرا دھمکا کر چلا گیا۔“
یاسمین میز پر بوتل رکھ کر اس سے چمٹ گئی اس کا جسم تھر تھر کانپ رہا تھا۔ ”مجھے ڈر لگ رہا ہے۔“
”وہ چلا گیا ہے۔“ انسپکٹر نے اسے بازوؤں میں سمیٹ کر دلاسا دیا۔ ”اب نہیں آئے گا۔ تم
خوف زدہ مت ہو۔“
”اس نے کیا کہا تھا تم نے سنا نہیں۔“ وہ دہشت زدہ ہو رہی تھی۔ ”اس نے کہا تھا کہ ایسی سزا دوں
کا تم تصور تک نہیں کر سکتے ہو......میری سزا تمہیں ساری زندگی یاد رہے گی؟“
”تمہیں گھبرانے اور پریشان ہونے کی چنداں ضرورت نہیں۔“ وہ اس کے بالوں کو سہلاتے
بولا۔ ”میں کل کسی بہت بڑے عامل کو لے کر آؤں گا وہ اس جن کو بھگا دے گا پھر وہ جن ہمارا کچھ
نہیں سکے گا۔“
”جانے کیوں میرا دل بہت بری طرح دھڑک رہا ہے ایسا لگ رہا ہے جیسے کچھ ہونے والا ہے۔“

اس کی آواز حلق میں پھنس رہی تھی۔ ''ایک منٹ.....'' انسپکٹر نے اسے سہارا دے کر...
پیگ پیو گی تو تمہاری طبیعت سنبھل جائے گی۔''
فرش پر قالین ہونے کی وجہ سے شیمپین کی بوتل ٹوٹی نہیں تھی۔ وہ باورچی خانے...
جو ڈیپ فریزر میں رکھی تھی اور گلاس بھی لیتا آیا۔ اس نے دو بڑے پیگ بنائے۔ ایک اس...
دیا اور خود دوسرا لے کر یاسمین کے پاس بیٹھ گیا۔ یاسمین اس قدر خوف زدہ اور بدحواس تھی کہ...
ہی سانس میں پیگ خالی کر دیا۔ انسپکٹر آہستہ آہستہ پینے لگا تھوڑی ہی دیر میں ان کے اعصاب...
طرح ہلکے ہو گئے۔ پھر یاسمین نے دوسرا پیگ بنایا۔ آہستہ آہستہ پینے لگی۔
تھوڑی دیر کے بعد دونوں جب بہکنے اور جھکنے لگے اچانک ان کی شادی کی وہ تصویر...
اوپر دیوار پر لگی ہوئی تھی جس کے پیچھے تجوری تھی وہ آپ ہی آپ فرش پر گر گئی اور اس کا...
ہو گیا۔ ان دونوں نے چونک کر دیکھا۔ وہ یہ سمجھا کہ اس نے شاید تصویر ٹھیک سے نہیں لگائی...
پر رکھ کر اٹھا تا کہ تصویر اور کرچیاں اٹھالے۔ ایک دم سے تجوری کا دروازہ کھل گیا۔ وہ بھی...
اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا تھا کہ کھلی کھڑکی سے تیز ہوا اندر آنے لگی۔ یہ ہوا کسی آندھی کی...
وہ تجوری میں داخل ہوئی اور اگلے لمحے نوٹوں کی گڈیاں اور زیورات کو ایک ایک کر کے...
سے باہر لے جانے لگی۔ ایک لمحے تک ان دونوں کی سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ جب...
آیا تو آدھی تجوری خالی ہو چکی تھی۔ انسپکٹر نے تو فضا میں اڑ کر باہر جاتی ہوئی نوٹوں کی گڈیوں...
کو پکڑنے کی کوشش کی۔ لیکن اس کی کوئی کوشش کامیاب نہ ہو سکی پھر وہ اچانک ہذیانی...
چیخا۔ ''یاسمین! تم کھڑکی بند کرو۔ میں تجوری بند کرتا ہوں۔''
پھر ان دونوں نے محسوس کیا کہ کسی نادیدہ طاقت نے ان کے پیر پکڑ لیے ہیں ان کے...
جیسے بیڑیاں ڈال دی گئی ہوں۔ وہ اپنی جگہ سے حرکت تک نہیں کر سکے ان دونوں نے بہت زور لگا...
پوری قوت صرف کر دی۔ لیکن جنبش تک نہ کر سکے۔ بے بسی سے اپنے لٹنے کا تماشا دیکھتے رہے...
دیکھتے انعامی بانڈ نوٹوں کی ساری گڈیاں اور تمام زیورات ہوا کھڑکی کے راستے لے کر نکل...
تجوری منہ چڑانے لگی۔ اب اس میں ڈھول بھی نہیں رہی تھی کھڑکی کے راستے تیز ہوا بھی آنا بند...
پھر ان دونوں نے محسوس کیا کہ ان کے پیر آزاد ہو گئے ہیں۔ انسپکٹر پاگلوں کی طرح بھا...
نے عقبی گلی میں دور دور تک جا کر دیکھا۔ نہ تو اسے زیور دکھائی دیا اور نہ نوٹوں کی ایک گڈی ملی۔...
انہیں کہاں اڑا کے لے گئی تھی۔

جب وہ گھر میں داخل ہو کر اپنے بیڈ روم میں گھسا تو اس کی حالت ایک مردے سے بھی...
تھی اور یاسمین پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔ اس کو ہم شکل نے جو سزا دی تھی وہ واقعی اس کا سوچ...
سکتا تھا اور نہ تصور کر سکتا تھا۔ اب وہ ایک مفلس اور قلاش شخص کی طرح ہو کر رہ گیا تھا۔ وہ سر پکڑ کر...
بیٹھ گیا۔ اس کی آنکھوں میں آنسو بھر گئے۔ اس کے پاس جو دولت تھی وہ ہوا آئی تھی جس طرح آئی...
طرح چلی گئی تھی۔



...عقرب، جب اللہ دتہ کے ہاں پہنچا تو اس وقت رات کے نو بج رہے تھے۔ اس کے ایک ہاتھ میں
...کیس اور دوسرے ہاتھ میں ایک بھورے رنگ کا بریف کیس تھا۔ پورے گھر پر ایک سوگواری سی
...تھی۔ ناجیہ مہراں اور اللہ دتہ ایک کمرے میں خاموش بیٹھے ہوئے تھے۔ دونوں بچے دوسرے
...میں اسکول کا ہوم ورک کر رہے تھے۔
...تھوڑی دیر تک عقرب مہراں اور اللہ دتہ سے رسمی باتیں کرتا رہا۔ پھر اس نے پوچھا۔ ''آپ لوگ
...پریشان اور وحشت زدہ سے کیوں ہو رہے ہیں.....؟ میں نے کہا نا کہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔''
...''ہم نے فیصلہ کر لیا ہے کہ رکشا بیچ کر ناجیہ کی شادی کر دیں۔'' مہراں نے کہا۔ ناجیہ اٹھ کر
...کمرے میں چلی گئی تو مہراں بولی۔ ''تمہارے چچا نے ایک سے بات کر لی ہے۔ وہ رکشا ایک
...ہزار روپے میں خریدنے کے لیے تیار ہے۔''
...''کیوں چچا.....؟'' عقرب نے سوالیہ نظروں سے اللہ دتہ کو دیکھا۔ ''آپ نے رکشا بیچنے کا تہیہ
...''
...''اس لیے کہ بیٹے شادی پر پچاس ساٹھ ہزار روپے کا خرچ آ رہا ہے ان حرام زادوں نے بچی کے
...کپڑے پھاڑ دیئے۔ رقم اور زیورات بھی گئے۔ اب از سر نو تیاری جو کرنا ہے۔ اس لیے رکشا بیچنے
...[کا فیصلہ] کیا ہے۔''
...عقرب نے بریف کیس کھولا۔ اس میں سے ایک لاکھ تیس ہزار کی رقم نکال کر اللہ دتہ کے ہاتھ پر
...''یہ رکشا میں نے خرید لیا۔'' اللہ دتہ نے حیرت سے اس کی شکل دیکھی۔ ''تم رکشا کا کیا کرو گے
...؟ اتنی بڑی رقم کیوں ضائع کر رہے ہو؟''
...''یہ رکشا میری طرف سے آپ کو تحفہ ہے.....'' عقرب نے کہا۔ ''آپ شادی کے بعد رکشا بیچ کر
...لیں۔''
...''نہیں بیٹے نہیں.....'' مہراں کی آواز بھرا سی گئی۔ ''ایک لاکھ تیس ہزار کوئی معمولی رقم نہیں ہے
...باپ کو معلوم ہو گا تو وہ کیا سوچیں گے؟ کیا کہیں گے؟ سارا الزام ہمارے سر پر آئے گا کہ ہم
...نے بے وقوف بنا کر ساری رقم اینٹھ لی۔''
...''اس رقم سے میرے والد کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ میرے پاس جو رقم ہے وہ میری اپنی ہے میرے
...بڑی رقم کہاں سے آئی؟ کس نے دی.....؟ آپ لوگوں کو سوچنے کی کوئی ضرورت نہیں۔
...اتنا کچھ ہے کہ آپ تصور نہیں کر سکتی ہیں۔ میرے پاس جو دولت ہے وہ ضرورت مندوں اور
...لیے ہے۔ اس لیے میں دل کھول کر خرچ کر رہا ہوں۔ میں جو کچھ کر رہا ہوں اپنی خوشی اور
..... آپ نہیں جانتیں کہ مجھے کسی کے کام آ کر کتنی خوشی محسوس ہوتی ہے۔''
...''اللہ تمہیں اتنا دے، اتنا دے کہ تم دنیا کے امیر ترین آدمی بن جاؤ۔'' مہراں نے اس کے سر پر
...ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔ ''ہمارے پاس تمہارے لیے صرف دعائیں ہیں ہم غریب صرف
...دعا دے سکتے ہیں۔''

عقرب نے سوٹ کیس اپنے پاس کھینچ کر اسے کھولا۔ اس میں سے ایک ڈبا نکال
میں تیس تولے کے سونے کا ایک بہت ہی خوبصورت سیٹ جگ مگا رہا تھا۔ اس میں ای
سونے کی چوڑیاں، کڑے اور انگوٹھیاں اور جھومر اور پازیب بھی تھی۔ مہراں اور اللہ دتہ
''یہ سیٹ تو بہت ہی خوبصورت ہے اور بہت قیمتی بھی ہوگا۔'' مہراں بولی۔ ''ایک
کیا کم ہوگا......؟''

''اس قدر مہنگا سیٹ خریدنے کی کیا ضرورت تھی۔ پانچ تولے کا سیٹ بھی کافی تھا۔'' اللہ
''ایک تو تم نے ایک لاکھ تیس ہزار کی رقم دی...... اتنا قیمتی سیٹ بھی لے آ
کہا۔ ''بیٹا! ہم بہت غریب اور معمولی لوگ ہیں۔ ہمارے اونچے خواب ہیں اور نہ
دولت کی ہوس ہے۔ تمہیں کیا ضرورت تھی اس قدر قیمتی سیٹ خرید کر لانے کی...... تم
کر دیا بیٹا!''

''آپ جانتی ہیں کہ میری نہ کوئی بہن ہے اور نہ بھائی...... یہ میں نے اپنی بہن
ہے۔ میں اپنی بہن کو جتنا دوں کم ہے...... اس سوٹ کیس میں ناجیہ کی شادی کے لیے
ہیں۔ سب سلے سلائے اور پیک ہیں۔ آپ کے چچا اور چھوٹے بھائیوں کے لیے چار
کے علاوہ میں مزید ایک لاکھ کی رقم دے رہا ہوں۔ جو صرف شادی اور کھانے پینے کے اخر
ہے۔ اس کے علاوہ دو لاکھ کی رقم ٹیکسی کی خریداری کے لیے ہے۔ نئی ٹیکسی قسطوں پر
ہے...... اب آپ لوگ اس ضمن میں کچھ نہیں بولیں گے۔ جلدی سے کھانا لگا دیجئے بڑے زور
رہی ہے...... پیٹ میں چوہے دوڑ رہے ہیں۔''

☆☆☆..................☆☆☆

نشست گاہ میں ڈاکٹر خورشید، نگہت، عمرانہ، اسپتال کا معمر چپراسی خادم اور وہ جادوگر
چپراسی خادم لے کر آیا ہوا تھا۔ یہ جادوگر چھ فٹ لمبا اور بھاری بھرکم بدن کا تھا۔ سارے
چڑھی ہوئی تھی۔ اس کے بال بہت لمبے لمبے تھے جو گردن تک پھیلے ہوئے تھے۔ اس ک
میں سفید بال بھی جھانک رہے تھے اس کی گردن بہت موٹی اور گینڈے کی طرح تھی۔ وہ
سؤر ہو رہا تھا۔

اس کے چہرے پر ساری دنیا کی خباثت چھائی ہوئی تھی۔ اس کی کینہ توز آنکھوں
ہو رہا تھا کہ ایک بدنیت شخص ہے پورا شیطان ہے خادم نے بتایا تھا کہ یہ پہنچا ہوا شخص
ماہر ہے کالا جادو پر اسے زبردست دسترس حاصل ہے یہ بدروحوں، جنات چڑیلوں اور بھوتوں
چاہے لے سکتا ہے پورے ملک میں اس پائے کا شاید ہی کوئی جادوگر ہو۔ علم نجوم کا ماہر ہے
موکل اس کے زیر اثر ہیں اس کا نام قابوس ہے۔

قابوس نے یہاں آنے کے لیے دس ہزار روپے طلب کیے تھے جو اسے فوری طور
گئے۔ اس میں سے ایک ہزار روپے بطور کمیشن چپراسی خادم نے اس سے لے لیے تھے



بھرے سے ایک جادوگر کم جرائم پیشہ زیادہ لگ رہا تھا۔ تعویذ گنڈے بھی کرتا تھا۔ ایک نمبری
دو چار سو بیس شخص بھی تھا۔
کے سامنے جو تپائی رکھی ہوئی تھی اس پر وہ بریف کیس کھلا ہوا رکھا تھا جس میں رقم اور زیورات
تھی۔ نگہت نے اسے تفصیل سے پوری کہانی من و عن سنائی تھی۔ قابوس جادوگر نے آنکھیں
ے غور اور توجہ سے سنا۔
نگہت اسے بتا چکی تو اس نے اپنی آنکھیں کھول دیں پھر ڈاکٹر خورشید کی طرف
اب! وہ جو بھی جادوگر ہے معمولی نہیں ہے اس سے ہر کوئی جادوگر مقابلہ نہیں کرسکتا ہے۔ میں
ہوں جو اس سے مقابلہ کرسکتا ہوں۔''
لیے تو آپ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں......'' ڈاکٹر خورشید نے کہا۔
پ لوگ مجھ سے کیا چاہتے ہیں؟ قابوس جادوگر نے پوچھا۔ ''کیا میں ان لوگوں کو ختم کردوں
جادوگر کی خدمات حاصل کر کے آپ کو پریشان کیا اذیت پہنچائی۔ خوف زدہ اور ہراساں کیا
نقصان پہنچایا۔''
م صرف اور صرف یہ چاہتے ہیں کہ ہماری رقم اور زیورات جو راکھ اور مٹی ہوگئے ہیں وہ سابقہ
آجائیں۔'' نگہت نے کہا۔ ''ہمیں کسی سے کچھ نہیں لینا ہے۔ ہمیں صرف اور صرف اپنے مال
''

ن اس کے لیے آپ کو ایک بڑی رقم بطور فیس ادا کرنا ہوگی۔'' اس نے کاروباری لہجے میں

پ فیس کی فکر نہ کریں...... آپ کی فیس کتنی ہے......؟'' نگہت نے اس کی طرف سوالیہ نظروں

یک لاکھ روپے......'' قابوس جادوگر نے بڑی بے نیازی سے نگہت کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔
یک نہیں ڈیڑھ لاکھ روپے لے لیں......'' عمرانہ نے کہا۔ ''ہماری شرط یہی ہے کہ ہمیں پورا مال
''

ا جائے گا۔ مل جائے گا۔'' قابوس جادوگر نے اپنی موٹی گردن ہلائی۔ ''پہلے ایک لاکھ روپے
''

م جو ایک طرف کھڑا ہوا سب کچھ دیکھ اور سن رہا تھا اس نے دل میں کہا۔ اپنی غرض ہو تو رقم کس
کلتی ہے اسپتال میں ہزار روپے کسی ضرورت کے وقت ایڈوانس مانگیں تو صاف انکار کر دیا
ہزار روپے تک نہیں ملتے ہیں۔ آدمی ایک دن بیماری کی وجہ سے چھٹی کرے تو دو دن کی تنخواہ
اتی ہے اس سے بڑا ظلم کیا ہوسکتا ہے۔ اس جادوگر نے صرف یہاں آنے کی فیس دس ہزار
تو اسے دے دی گئی۔ اس نے ایک لاکھ روپے پیشگی مانگے تو وہ بھی دیئے جا رہے ہیں۔
ت اپنے بیڈروم میں جا کر ایک لاکھ کی رقم لے آئی۔ یہ ہزار ہزار روپے کے نوٹوں کی گڈی

تھی۔ ادھر میاں بیوی کا دل اندر سے جل رہا تھا کہ رقم کس طرح برباد ہو رہی ہے۔ کبھی ایسا
اپنے دل میں اس گھڑی کو کوس رہی تھی جب مہراں نے دس ہزار روپے مانگے تھے۔ وہ
دے دیتی تو اس کی نوبت نہیں آتی۔ ایک لاکھ دس ہزار روپے اس جادوگر کو دینا نہیں
خورشید کو ایسا لگ رہا تھا کہ یہ ایک لاکھ دس ہزار نہیں بلکہ ایک کروڑ دس لاکھ روپے ہیں۔
میں چھری اترتی محسوس ہو رہی تھی لیکن وہ یہ اذیت سہنے کے لیے مجبور تھا۔

قابوس جادوگر نے ایک لاکھ کی رقم اپنی جیب میں رکھ لی۔ پھر وہ اپنی آنکھیں بند کر
لگا وہ تھوڑی دیر تک منتر پڑھتا رہا۔ آہستہ آہستہ، نشست گاہ میں موجود افراد کی نظریں اس
مرکوز تھیں۔ وہ اس کے چہرے کے تاثرات کو دیکھ رہے تھے جو گرگٹ کی طرح رنگ بدل ر
اس کا چہرہ سرخ ہو جاتا کبھی تمتمانے لگتا۔ وہ کسی ہندو پنڈت کے انداز میں جیسے جاپ کر رہا تھا

اس نے تھوڑی دیر کے بعد آنکھیں کھول کر بریف کیس میں بھری مٹی کو گہری
دیکھا۔ چند لمحوں تک پلکیں جھپکائے دیکھتا رہا پھر اس نے اپنا ہاتھ بڑھایا تاکہ مٹھی میں مٹی
نے جیسے ہی مٹی پر ہاتھ رکھا ایک دم سے اس طرح ہاتھ کھینچ لیا جیسے اس کے ہاتھ کو برقی جھٹکا لگا
اس نے بجلی کے ننگے تار پر ہاتھ رکھ دیا ہو۔ پھر اس طرح سے وہ اپنا ہاتھ جھٹکنے لگا جیسے اس نے
کوئی انگارہ دہک رہا ہو۔ پھر اس نے فوراً ہی کچھ پڑھ کر ہتھیلی پر پھونک ماری تو تب اسے
اس کے چہرے سے خوف ظاہر ہونے لگا۔ لیکن اس نے اگلے لمحے خود پر قابو پالیا۔

پھر وہ بریف کیس میں بھری مٹی کو قہر آلود نظروں سے گھورنے لگا۔ پھر اس نے ایک گلا
منگوا کر مٹی پر ڈالا تو مٹی کا رنگ آہستہ آہستہ تبدیل ہونے لگا۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ بہت
ڈھیلوں میں ڈھل گئی۔ بریف کیس مٹی کے ڈھیلوں سے بھر گیا۔ پھر وہ نوٹوں کی گڈیوں اور زیورا
شکل اختیار کرنے لگے۔ بریف کیس کے نصف حصے میں نوٹوں کی گڈیاں تھیں اور نصف
زیورات جگمگا رہے تھے یہ وہی رقم اور زیورات تھے جو مٹی ہو گئے تھے۔

ان سب کے چہرے حیرت اور خوشی سے دمک اٹھے اور وہ قابوس جادوگر کی جادوگری پر
کرا اٹھے تھے۔ ان کی ساری دولت ان کی نظروں کے سامنے تھی جو مٹی بن گئی تھی عمرانہ سے برد
ہو سکا۔ قابوس جادوگر نے اس کی طرف فاتحانہ نظروں سے دیکھا تو اس نے بے تابانہ ہاتھ بڑھا
ہار اٹھایا مگر اگلے ہی لمحے اس نے اس ہار کو اس طرح پھینک دیا جیسے وہ کوئی انگارہ ہو۔ پھر وہ بجلی
سرعت سے لپک کر ڈائننگ ہال کے کونے میں پہنچی جہاں واش بیسن تھا۔ اس نے نل کھول کر پا
دھار پر ہتھیلی کو رکھ دیا۔ اس کا ہاتھ بری طرح جل اٹھا تھا۔ اس کے منہ سے ایک کراہ سی نکل گئی تھی
کے پیچھے پیچھے نگہت بھی دوڑی ہوئی چلی آئی تھی۔ "کیا ہوا بیٹی!......؟" نگہت نے اسے حیرت او
بھری نظروں سے دیکھا۔ "خیریت تو ہے نا......؟"

"او مائی گاڈ ممی!" عمرانہ نے کراہتے ہوئے کہا۔ "اس ہار کو اٹھاتے ہی میرا ہاتھ جل گیا۔ ایسا
ہار نہیں انگارہ ہو۔"



"ٹھنڈا پانی پڑنے سے کیسا لگ رہا ہے؟" نگہت ششدر ہو کر بولی۔ "حیرت کی بات ہے یہ ہار
طرح گرم کیوں ہو گیا؟"

"اب جلن کم ہو گئی ہے۔" عمرانہ نل بند کر کے اپنا ہاتھ دیکھنے لگی۔ "میرا خیال ہے کہ رقم اور
ات ابھی اس جادوگر کے زیر اثر ہیں اس نے مٹی پر کوئی جادو کیا ہوا ہے۔ اس لیے زیورات انگاروں
رح دہک رہے ہیں۔"

جب وہ دونوں واپس نشست گاہ میں واپس آئیں تو قابوس جادوگر نے عمرانہ سے کہا۔ "آپ کو
قدر جلد بازی کی کیا ضرورت تھی یہ سارا مال ابھی بھی جادو کے زیر اثر ہے اس کا جادو توڑنے میں کچھ
لگے گی۔ آپ صبر سے بیٹھی رہیں۔"

"تمہارا ہاتھ کیسا ہے......؟" ڈاکٹر خورشید نے اپنی بیٹی کا ہاتھ ہاتھ میں لے کر دیکھا۔ "کیا ہو گیا تھا؟"

"اب ٹھیک ہے۔" عمرانہ بولی۔ "مجھے ایسا لگا تھا جیسے ہار کوئی دہکتا ہوا انگارہ ہو۔ میرا ہاتھ جھلس گیا تھا۔"

"آپ لوگ......پلیز باتیں مت کریں۔" قابوس جادوگر نے ناگواری سے کہا۔ "مجھے اپنا کام
نے دیں۔"

جب خاموشی چھا گئی تو قابوس جادوگر آنکھیں بند کر کے کوئی منتر پڑھنے لگا۔ دس منٹ تک منتر
ا رہا۔ پھر اس نے آنکھیں کھول کر بریف کیس میں پھونک ماری۔ چند ثانیوں کے بعد اس نے دل
رتے ڈرتے زیورات پر ہاتھ رکھا۔ زیورات ٹھنڈے تھے جیسے وہ برف کی ڈلیاں ہوں۔ پھر اس
و ایک زیورات کو ہاتھ میں لے کر اوپر اٹھایا اور فاتحانہ نظروں سے حاضرین کی طرف دیکھا۔ پھر اس
یورات بریف کیس میں رکھ دیے۔ پھر نوٹوں کی ایک گڈی اٹھائی۔ پھر نوٹوں کی گڈی واپس بریف
میں رکھ دی۔ پھر اس نے کچھ پڑھا۔ وہاں موجود لوگوں کی طرف باری باری دیکھا تو ان کی
ں کے آگے دھند سی چھا گئی۔ انہیں ایسا لگا جیسے وہ اندھے ہو گئے ہوں انہیں کچھ دکھائی نہیں دے
۔ قابوس جادوگر نے فوراً ہی ایک ہزار کے نوٹوں کی دو گڈیاں اٹھا کر دو جیبوں میں اس طرح ٹھونس
نظر نہ آسکیں۔ پھر اس نے دو گڈیاں اٹھا کر اپنے چرمی دستی بیگ میں رکھ کر زپ لگا دی۔

"یہ مجھے نظر کیوں نہیں آ رہا ہے؟" ڈاکٹر خورشید نے اپنی آنکھیں ملتے ہوئے کہا۔

"مجھے بھی کچھ دکھائی نہیں دے رہا ہے......؟ میری آنکھوں کے آگے دھند سی چھا گئی ہے۔"
بھی سراسیمہ ہو کر بولی۔

"یہ کیا ہو گیا ہے......؟ یہ کیا ہو رہا ہے......؟" عمرانہ ہذیانی لہجے میں چیخی۔ "یہ اندھیرا کیسا ہے؟"

"ایک منٹ صبر کریں آپ لوگ......" قابوس جادوگر نے کہا۔ "دشمن کے جادوگر نے جادو کر دیا
کہ آپ لوگ اندھے بن جائیں۔ لیکن میں ایسا ہونے نہیں دوں گا۔ ابھی آپ لوگوں کی بینائی
کر رہا ہوں۔"

چند لمحوں کے بعد اس نے باری باری ان لوگوں کی طرف دیکھتے ہوئے پھونک ماری۔ چند لمحوں
ند ان لوگوں نے محسوس کیا کہ دھند چھٹ رہی ہے۔ انہیں دکھائی دینے لگا ہے۔ چند لمحوں کے بعد

انہوں نے محسوس کیا کہ وہ پہلے کی طرح دیکھ رہے ہیں۔ ان لوگوں نے سکون واطمینان کا سانس
سے ان کی حالت بڑی غیر ہوگئی تھی۔ قابو میں ہی نہیں آرہی تھی۔

"اب آپ لوگ نوٹوں کی گڈیوں اور زیورات کو ہاتھ لگا کر دیکھیں اور اپنا اطمینان
قابوس جادوگر نے کہا۔ "میں نے اس خبیث جادوگر کا طلسم پارہ پارہ کر دیا ہے۔ ناکارہ کر دیا
کوئی جادو اب چل نہیں سکتا ہے۔"

پھر اس نے ان لوگوں کا اطمینان کرنے اور ان کے دلوں سے خوف و ہراس نکالنے
بریف کیس میں سے ہزار روپے کے نوٹوں کی ایک گڈی اور ایک نیکلس اٹھا کر فضا میں لہرایا۔
باری وہ ہر ایک کے پاس گیا اور کہا کہ وہ ہاتھ لگا کر اچھی طرح سے اپنی تسلی کر لیں۔ سب سے پہلے
خورشید نے ڈرتے ڈرتے ان دونوں چیزوں کو ہاتھ لگایا۔ وہ گرم نہ تھے۔ پھر اس کے بعد نگہت اور
نے..... جب تینوں نے اچھی طرح سے اپنا اطمینان کر لیا تب اس نے نوٹوں کی گڈی اور نیکلس
بریف کیس میں رکھ دیا۔

"اچھا اب اجازت دیں۔" قابوس جادوگر نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ "آپ لوگوں کو
ہوئی دولت مل گئی۔ مبارک ہو۔ اب اس جادوگر کے باپ کی بھی ہمت نہیں کہ وہ ادھر کا
کرے۔ بالفرض محال کبھی اس نے کوئی حرکت کی تو آپ فوراً ہی اس خادم کو طلب کر لیں پھر میں ا
سبق دوں گا کہ وہ ساری زندگی یاد رکھے گا۔"

جب وہ ڈاکٹر خورشید سے گرم جوشی سے ہاتھ ملا رہا تھا تب عمرانہ دہشت زدہ
چلائی۔ "سانپ..... سانپ۔"

جادوگر اور ڈاکٹر خورشید نے گھوم کر بریف کیس کی طرف دیکھا۔ بریف کیس میں زیورات
درمیان میں ایک کالا سانپ پھن اٹھائے ہوئے اپنی شعلہ بار نگاہوں سے انہیں گھور رہا تھا ڈاکٹر
نگہت اور عمرانہ نے پہچان لیا یہ وہی سانپ تھا جو تجوری میں موجود تھا اور اس نے انسانوں کی طرح
کی تھیں۔ یہ پھر سے زیورات کی تہ سے نکل آیا تھا۔

"یہ..... یہ..... وہی سانپ ہے جس نے انسانوں کی طرح مجھ سے باتیں کی تھیں۔" ڈاکٹر
نے قابوس جادوگر سے کہا۔

"آپ گھبرائیں نہیں۔" قابوس جادوگر نے اپنا بیگ میز پر رکھتے ہوئے اسے دلاسا دیا۔

"آپ جناب کہاں تشریف لے جا رہے ہیں قابوس جادوگر!" سانپ کا پھن لہرایا۔ "
جلدی ہے..... کیا آپ مجھ سے باتیں نہیں کریں گے..... دو دو ہاتھ نہیں کریں گے.....؟ یہ چور
طرح کیوں جا رہے ہیں.....؟"

قابوس جادوگر سانپ کو باتیں کرتے دیکھ کر چونک گیا۔ اس کے سارے بدن میں سنسنی دوڑ گئی۔
نے اپنی زندگی میں کبھی کسی جانور اور پرندوں چرندوں کو انسانی آواز میں باتیں کرتے ہوئے نہ دیکھا
سنا تھا اس سانپ کا لب ولہجہ ایک تعلیم یافتہ شخص کا سا تھا۔ پھر وہ سمجھ گیا کہ اس سانپ پر آسیب



لوں پر جب آسیب ہوتا تھا تب وہ اس طرح باتیں کرتے تھے۔

"اگر تم اپنی زندگی کی سلامتی چاہتے ہو تو بہتر ہے کہ جس طرح آئے ہو اسی طرح چلے جاؤ۔ اور
ھی ادھر آنے کی جرأت نہیں کرنا۔ تم نہیں جانتے ہو میں کون ہوں.....؟ کیا تمہیں اب بھی میرے
اور طاقت کا اندازہ نہیں ہوا؟"

"مجھے سب سے پہلے جو اندازہ ہوا وہ یہ کہ تم بہت بڑے چور، بدمعاش اور لفنگے ہو۔" سانپ نے کہا۔

"تم اپنی زبان کو لگام دو..... تمہیں شرم نہیں آتی مجھے چور اور بدمعاش کہتے ہوئے.....؟"

"کیا تم چور نہیں ہو.....؟" سانپ آدمی کی طرح قہقہہ مار کر بڑے زور سے ہنسا۔ "کیا تم نے
ی دیر پہلے چوری نہیں کی؟" قابوس جادوگر اس انکشاف پر سٹپٹا سا گیا پھر فوراً ہی سنبھل کر بولا۔ "تم
ام تراشی اس لیے کر رہے ہو کہ مجھ سے مقابلہ نہیں کر سکتے ہو۔ تم نے مجھ پر پھر الزام لگایا تو میں
ری گردن مروڑ کر رکھ دوں گا۔"

"یہ الزام غلط نہیں ہے۔" سانپ کہنے لگا۔ "تم نے تھوڑی دیر پہلے ان سب کو اپنے جادو کے عمل
اندھا بنا دیا۔ پھر ایک ہزار کے نوٹوں کی گڈیاں بریف کیس سے نکال کر جیبوں میں رکھ لیں۔ پھر
دستی بیگ میں چھپا لی۔ کیا یہ جھوٹ ہے؟"

"ہاں یہ جھوٹ ہے۔" قابوس جادوگر نے بڑی بے شرمی اور ڈھٹائی سے کہا۔ "تمہارے پاس کیا
ت ہے؟"

"ثبوت یہ ہے کہ تمہاری اور بیگ کی تلاشی لی جائے تو چوری کا مال برآمد ہو جائے گا۔ تین لاکھ کی رقم جو تم
چرائی ہے اس کا پتا چل جائے گا۔ یہ سب کے علم میں آ جائے گا کہ تم کس قدر ذلیل، خبیث اور بدمعاش
۔ بہت بڑے چور ہو..... تمہاری آنکھوں میں سؤر کا بال ہے۔ چوری کرنا تمہارا پیشہ بھی ہے۔"

سانپ نے اس کے بارے میں جو الفاظ کہے تھے اس سے اس کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔
ی رگوں میں لہو ابلنے لگا۔ اس کی آنکھیں شعلے برسانے لگیں۔ آنکھوں میں خون اتر آیا تھا۔ اس کا
یں چل رہا تھا ورنہ وہ اس کا قیمہ بنا کر کتوں کو کھلا دیتا۔ یوں بھی وہ سانپ کو باتیں کرتا دیکھ کر دل میں
طرح سے خوف زدہ ہو گیا تھا وہ سانپ کا منہ بند کرنے اور اسے ختم کرنے کے بارے میں سوچنے

"ڈاکٹر خورشید!" سانپ نے اسے خاموش پا کر کہا۔ "تم اس کی تلاشی لے کر دیکھو..... وہ تمہارے
لاکھ روپے چرا کر لے جا رہا ہے..... کیا یہ تمہارے لیے بہت بڑی رقم نہیں ہے؟ تم کسی کو تین سو
پے دینے کے روادار نہیں ہو۔ تم تین لاکھ روپے لے جانے دے رہے ہو؟"

"آپ اس کی باتوں میں نہ آئیں۔ یہ سانپ آپ کو میرے خلاف اس لیے بھڑکا رہا ہے کہ
نے اس کے آقا کا جادو ناکام بنا دیا۔" قابوس جادوگر نے کہا۔ "آپ دیکھیں۔ میں اس کا کیا کرتا
۔ اس کا کیسا تماشا دکھاتا ہوں۔"

"تم کیا تماشا دکھاؤ گے.....؟ تماشا میں دکھاتا ہوں۔ بڑا ہی دل چسپ اور سنسنی خیز
ا۔" سانپ نے کہا۔

اگلے لمحے سانپ نے قابوس جادوگر کی طرف پھونک ماری تو اس کے منہ سے ایک ننھا سا
جس نے قابوس جادوگر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ اس کی جیب سے تین نوٹوں کی گڈیاں آپ
نکل کر فرش پر گر پڑیں۔ ان میں وہ گڈی بھی تھی جو نگہت نے لاکر دی تھی پھر اس کے بیگ کی
نادیدہ ہاتھ نے کھولی پھر اس میں سے نوٹوں کی دو گڈیاں باہر آئیں اور ان گڈیوں میں شامل
فرش پر پڑی تھیں قابوس جادوگر کا کاٹو تو بدن میں لہو نہیں تھا۔ وہ بھونچکا سا ہو گیا۔ کمرے میں
کھڑے تھے اسے نفرت، حقارت اور غصے سے دیکھ رہے تھے وہ ان سب کی نظروں میں بری طرح
خوار ہو گیا تھا۔ وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ ایک سانپ بھی جادو دکھا سکتا ہے پھر اسے خیال آیا
کی پشت پر جادوگر ہے جو اپنے جادو کا زور دکھا رہا ہے وہ کمرے میں موجود ہے نادیدہ بن گیا
جادوگر جو بھی ہے اس سے مقابلہ آسان نہیں ہے لیکن وہ کسی قیمت پر لاکھوں کی رقم سے محروم
چاہتا تھا۔

اس نے اپنی جیب سے ایک قلم نکال کر اسے فرش پر اپنے پیروں کے پاس ڈال دیا۔ د
دیکھتے اس نے ایک ناگ کی شکل اختیار کر لی۔ ناگ کو دیکھ کر خادم تو کمرے سے نکل کر باہر بھاگ
ان تینوں کا بدن دہشت سے لرزنے لگا۔ ان کے اوسان خطا ہو گئے۔ یہ ناگ سات فٹ لمبا اور
موٹا اور خوفناک تھا وہ بریف کیس کی طرف رینگنے لگا۔ اس اثنا میں نوٹوں کی گڈیاں ایک دم سے سا
گئیں اور انہوں نے چاروں طرف سے ناگ کو دبوچ لیا پھر ناگ اور ان کے درمیان ایک خوفناک
جنگ شروع ہو گئی ان سانپوں کے منہ سے تھوڑی دیر کے بعد شعلے نکلنے لگے۔ دیکھتے ہی دیکھتے ان
نے ناگ کو جلا کر بھسم کر دیا تھوڑی دیر کے بعد فرش پر راکھ پڑی تھی ناگ کا کوئی نام و نشان نہیں تھا۔

قابوس جادوگر کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ کیا ہو گیا
اس کی ہمت اور جادو جواب دے گیا تھا۔ اسے یہاں آ کر لینے کے دینے پڑ گئے تھے وہ یہاں سے
راستہ ڈھونڈنے لگا۔ نوٹوں کی گڈیاں جو سانپ بنی ہوئی تھیں وہ پھر سے نوٹوں کی گڈیوں میں بدل کر
پھر فرش پر رقص کرنے لگیں جیسے جشن منا رہی ہوں۔

"قابوس جادوگر!...... تم کان کھول کر سن لو۔ تمہارا یہاں کوئی جادو چل نہیں سکتا ہے۔ نوٹوں کی
گڈیاں اور زیورات جو ہیں وہ پھر سے مٹی ہو جائیں گے...... تمہارے جادو سے مٹی، زیورات میں تبدیل
نہیں ہوئی تھی رقم اور زیورات ان تمام لوگوں کو پہنچا دیئے گئے ہیں جن کی تھے۔ اس خبیث لالچی
زر پرست ڈاکٹر نے غریب اور پریشان حال مریضوں کو لوٹا تھا۔ اس لیے میں نے اسے لوٹ لیا
اسے مہلت دے رہا ہوں۔ اگر اس نے اپنا رویہ، سلوک، سوچ اور مزاج مریضوں، غریبوں اور
کے اسٹاف سے نہیں بدلا تو پھر میں آ کر اسے ڈس لوں گا...... بہتر ہے تم بھی راہ راست پر آ جاؤ۔
، کالا جادو، جادو ٹونے اور اپنی اوچھی حرکتوں سے باز آ جاؤ۔ اور میں تمہارا جادو اور سفلی علم ناکارہ کر
جا رہا ہوں اب تمہارے پاس کوئی علم نہیں رہا ہے...... تم محنت مزدوری کر کے گزارہ کر سکتے ہو......"

اتنا کہہ کر سانپ زیورات کی تہ میں چلا گیا۔ پھر سے رقم اور زیورات مٹی ہو گئے لان کی طرف



کھڑکی کا ایک پٹ بڑے زور سے کھلا کمرے میں ایک زور دار لالا آندھی آئی ان سب نے اپنی
آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیے اور دہشت زدہ سے ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد آندھی تھمی تو ان سب نے دیکھا
بریف کیس خالی پڑا ہے اس میں مٹھی بھر مٹی تک نہ تھی۔

عقرب ہوٹل کے کمرے میں بستر پر نیم دراز تھا۔ وہ ان واقعات کے بارے میں سوچ رہا تھا جو
آج تک پیش آئے تھے۔ وہ بڑے پراسرار سنسنی خیز، خوفناک اور دہشت انگیز تھے عجیب و غریب
تھے۔ اگر وہ پراسرار علوم کا ماہر نہ ہوتا، اس کی ماں اور باپ نے اپنی ساری صلاحیتیں اور قوتیں اس
میں منتقل نہ کر دی ہوتیں تو وہ مظلوموں کی کوئی مدد نہیں کر سکتا تھا۔ وہ ایک نیک مشن پر نکلا تھا۔ ابھی اس
کا مشن پورا نہیں ہوا تھا۔ اس کے باپ نے اس سے کہا تھا کہ دنیا میں دکھی، پریشان حال اور مظلوموں کی
کمی نہیں ہے ظلم و ستم کی جڑیں بہت تیزی سے پھیلتی جا رہی ہیں طاغوتی طاقتیں انسانیت کو بڑی بے رحمی
سے پامال کر رہی ہیں۔ تم ان کے خلاف برسر پیکار ہو جانا۔ ظالم کو کیفر کردار تک پہنچا کر دم لینا۔ اسے
ہلاک نہیں کرنا ایسی سزا دینا کہ وہ ساری زندگی یاد رکھے۔

عقرب دوسرے دن، دن چڑھے تک سوتا رہا۔ کیوں کہ اب اسے کوئی کام نہیں تھا۔ ڈاکٹر خورشید کو
اس نے ایسا سبق دے دیا تھا کہ وہ ساری زندگی کسی مریض کے ساتھ بے رحمی اور کاروباری انداز سے
پیش نہیں آ سکتا تھا۔ اس کی فطرت میں ایک قصاب کی جو خصلت رچ بس گئی تھی وہ ختم ہو گئی تھی اس کی
بیوی نے مہراں کو دس ہزار روپے نہ دے کر ایک لحاظ سے ظلم کیا تھا اس پر الزام عائد کر کے لاکھوں
اینٹھے تھے۔ اب اس کی ساری زندگی کرب، دکھ اور پچھتاوے کا سبب بن گئی تھی۔ ڈاکٹر خورشید نے
دوسرے دن اسپتال جا کر اسٹاف کی تنخواہوں میں بیس فیصد اضافے اور دو بونس کا اعلان کیا تو کسی کو
یقین نہ آیا۔ ہر کسی نے اسے ایک مذاق اور لطیفہ سمجھا تھا۔ ادھر وہ رحمت اللہ کو وی آئی پی روم میں ٹھہرا
کر مزید ایک لاکھ روپے بھی دے کر آیا تھا جو ڈپازٹ کے علاوہ تھا۔ اس کے علاوہ اس نے اسپتال
کے زیر علاج مریضوں کی کسی نہ کسی حیلے بہانے سے مالی مدد کی تھی جو قرض لے کر علاج کرا رہے تھے
یا مزید اخراجات کی سکت نہ تھی کچھ ایسے بھی تھے جنہیں اپنے زیورات اور قیمتی اشیاء کوڑیوں کے
مول بیچنی پڑی تھیں۔ آپریشن اور لیبارٹری کے اخراجات کے لیے بہت فکر مند اور پریشان تھے ان میں
مستحق لوگوں میں صرف مریض ہی نہ تھے اسٹاف بھی شامل تھا۔

...دیتہ کی بھی اس نے دل کھول کر مالی مدد کی تھی۔ نگہت نے مہراں کو حقیر جانا تھا۔ اس نے
جو رقم ضرورت مندوں میں تقسیم کی تھی وہ ڈاکٹر خورشید کی تھی۔ جو زیورات دیے وہ بھی اس کے
تھے۔ اس کے پاس اتنی رقم پس انداز تھی کہ وہ بہت سارے ضرورت مندوں کے کام آ سکتی تھی وہ
...وں کے لیے تھی۔

...ڑ کی دولت بھی اس نے ان لوگوں میں بانٹ دی تھی جو اس کے ہاتھوں ستائے ہوئے تھے اور
...ا نے دھمکی اور تشدد سے وصول کی تھی۔ اس نے انسپکٹر کو قلاش اور تنگ دست اس طرح سے
...مدہ محتاج ہو گیا اور پائی پائی کو ترس رہا تھا۔ وہ پولیس محکمے کے تقدس پر ایک بدنما داغ تھا۔ اس

نے قانون کو جیب میں رکھ لیا اور گھر کی لونڈی بنا دیا تھا۔ اسے اس بات کی امید تھی کہ انسپکٹر راہ
آ جائے گا۔ نہ آنے کی صورت میں یہ اس کی اپنی بدقسمتی تھی۔

عقرب دوپہر کے وقت تفریح اور مٹرگشت کے خیال سے طارق روڈ جا پہنچا۔ طارق رو
میں بڑی چہل پہل اور رونق تھی خریداروں میں عورتوں اور نوجوان لڑکیوں کی اکثریت تھی جس
رنگینی اور دل کشی پیدا ہو گئی تھی لڑکیاں اور عورتیں عجیب بہار دے رہی تھیں ان کے لباس
پرکشش اور ہیجان خیز نشیب و فراز مردوں کی توجہ مبذول کر رہے تھے ان کی مستانہ خرامی دلوں پر
گر رہی تھی حسن و شباب آنکھوں کو خیرہ کر رہا تھا۔

طارق روڈ پر خریداری ایک فیشن اور نام و نمود کا اظہار بھی تھا۔ عورتیں اپنی پڑوسنوں اور
خاندان کی عورتوں کو جلانے کے لیے کہتی تھیں کہ وہ طارق روڈ سے خریداری کر کے آ رہی ہیں ا
کے سینوں پر سانپ لوٹ جاتے تھے جو طارق روڈ جا کر خریداری کی استطاعت نہیں رکھتی تھیں
کی خواہش اور کوشش ہوتی تھی کہ وہ طارق روڈ جا کر شاپنگ کریں۔ طارق روڈ کی دنیا بالکل ہی
اور خواب ناک تھی۔ اس دور میں لکھ پتی ہونا معمولی سی بات تھی۔ لاکھوں لکھ پتی تھے۔ اب کروڑ
کا دور تھا۔ ہزاروں کروڑ پتی اس غریب ملک میں موجود تھے۔ عقرب مردوں اور عورتوں
پڑھتا بھی جا رہا تھا جس سے نئی نئی کہانیاں اور نئی حیرت انگیز اور عجیب و غریب باتیں اس
آ رہی تھیں۔ یہ پی ای سی ایچ ایس سوسائٹی کا بازار تھا۔ یہ ایک اعلیٰ اقامتی علاقہ تھا لیکن اس
سارے بلاک میں بہت سارے اور ہر قسم کے بازار کھل گئے تھے۔ یہ بہت بڑا علاقہ تھا شہر کرا
سے قدیم اور اعلیٰ اقامتی علاقہ تھا یہاں ہر قسم کے خاندان آباد تھے اداکارائیں ماڈل گرلز اور کال
تھیں۔ پرائیوٹ قحبہ خانے اور رئیس زادوں کے عشرت کدے بھی تھے طارق روڈ پر اعلیٰ
طوائفیں بھی خریداری کرتی پھر رہی تھیں۔ ان کے چہرے مہرے اور وضع قطع سے بالکل بھی
رہا تھا کہ یہ بازاری عورتیں ہیں شریف اور اچھے گھرانوں کی بہو بیٹیاں لگ رہی تھیں۔

عقرب فٹ پاتھ پر سگنل کے پاس کھڑا ہوا تھا کہ علامہ اقبال روڈ کی ایک گلی سے ایک
سیاہ برقعے میں ملبوس تھی تیز تیز قدم اٹھاتی ہوئی دکھائی دی۔ عقرب نے محسوس کیا کہ اس عورت
غیر متوازن ہے اس کے پیر لڑکھڑا رہے ہیں وہ ذرا سی ٹھوکر کھانے یا کسی سے ٹکرانے سے
اسے تیز تیز قدم اٹھا کر چلنا دشوار ہو رہا ہے۔

گو اس کا چہرہ نقاب میں تھا لیکن اس کی بڑی بڑی خوبصورت سیاہ آنکھیں بے نقاب تھیں
ہاتھ جو گورے گورے اور سڈول تھے اور اس کے مکھن سے پاؤں اس کی بے مثال خوبصور
کھا رہے تھے برقع میں اس کا بھرا بھرا کیلا بدن فتنے جگا رہا تھا وہ دراز قد اور متناسب جسم کی تھی
کی کشش میں بے پناہ اضافہ ہو گیا تھا۔

عقرب نے اس کا ذہن نہ چاہتے ہوئے بھی پڑھ لیا۔ اس عورت کا نام شاداب تھا وہ
ہو گی۔ شادی شدہ اور دو بچوں کی ماں بھی تھی۔ اس وقت اس کے دماغ میں آندھیاں چل رہی



طرح دھڑک رہا تھا۔ سانسوں کا زیر و بم برقعے میں بھی چھپا نہیں رہ سکا۔ اس کا سینہ کٹ رہا تھا اندر
اس کی حالت بڑی غیر ہو رہی تھی اس کی ذہنی کیفیت قابو میں نہیں تھی۔

اس کی آنکھوں سے اس کی دلی کیفیت صاف ظاہر ہو رہی تھی اس نے اپنے آپ پر بڑا جبر کیا ہوا
ں نے بڑے ضبط و تحمل سے اپنے آنسوؤں پر قابو پایا تھا۔ ہمدردی کے ایک بول پر ضبط کا بند ٹوٹ سکتا
ں وقت اسے یکسوئی اور تنہائی کی ضرورت تھی۔ وہ اس وقت گھر جانا بھی نہیں چاہتی تھی۔ وہ سوچ رہی
کہ کہاں جائے؟ کس سہیلی کو اپنے اعتماد میں لے۔ لیکن بات کچھ ایسی تھی کہ وہ کسی کو بھی اعتماد میں لے
سکتی تھی اور نہ لینا چاہتی تھی کیوں کہ اس طرح وہ اپنی نظروں میں آپ گر جاتی۔

عقرب نے ایک لمحے میں بہت کچھ سوچ لیا تھا وہ سامنے والے فٹ پاتھ پر کھڑے ہو کر سگنل بند
ے کا انتظار کرنے لگی۔ چند ثانیوں کے بعد سگنل بند ہوا تو وہ سڑک پار کرنے لگی۔ گاڑیوں کے درمیان
لڑتی ہوئی۔ وہ بس اسٹاپ کی طرف جانا چاہتی تھی لیکن عقرب کی غیبی قوت نے اسے اپنی طرف
پر مجبور کر دیا۔ وہ کچے دھاگے سے بندھی چلی آئی۔ وہ جیسے ہی عقرب کے پاس سے گزرنے لگی اس
دم لڑکھڑائے اور وہ اپنا توازن قائم نہ رکھ سکی۔ وہ گرنے والی ہی تھی کہ عقرب کے مضبوط ہاتھوں نے
سنبھال لیا۔

شاداب نے سنبھل کر اس کی طرف دیکھا تو آنکھوں میں ممنونیت سی تھی۔ "آپ کا بہت بہت
یہ۔ دراصل میں ٹھوکر کھا گئی تھی۔"

"ٹھوکر کھانے سے ہی آدمی گرتا ہے۔ شکریئے کی کوئی بات نہیں۔ میں نے اپنا فرض ادا کیا
" عقرب نے کہا۔

شاداب نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔ "آپ ٹھیک کہتے ہیں۔" اس کی آواز میں اداسی گھلی
ی۔

"آپ میری بات کا غلط مطلب نہ لیں تو میں ایک بات عرض کروں۔"

"آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟"

"اس وقت آپ کو سکون، تنہائی اور یکسوئی کی ضرورت ہے۔" عقرب نے سرگوشی کے انداز میں کہا۔

"جی......" شاداب جیسے اچھل پڑی۔ اس نے مشکوک نظروں سے عقرب کو اوپر سے نیچے

"آپ......آپ کون ہیں؟ آپ کو کیسے اندازہ ہوا......؟" وہ چکرا سی گئی تھی۔

"آنکھیں دل کی ترجمان ہوتی ہیں آپ کی آنکھوں سے دل کی کیفیت صاف ظاہر ہے۔"
نے جواب دیا۔

"میں ایسی عورت نہیں ہوں جو آپ سمجھ رہے ہیں۔ آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔" شاداب نے اٹکتے
کہا۔

"بخدا۔ میں نے آپ کو بالکل بھی غلط عورت نہیں سمجھا۔ یہ بات آپ اپنے دل سے نکال دیں۔"

"آپ کیا چاہتے ہیں کھل کر کہیں؟" شاداب نے بڑی آہستگی سے لیکن تیز لہجے میں کہا۔

"میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ میرے ساتھ چل کر قریبی ریسٹورنٹ میں ایک کپ چا
لیں۔" عقرب نے کہا۔

"کیوں؟ کس لیے.....؟" وہ تنک کر بولی۔ اس کی آنکھوں میں شک کے سائے لہرانے

"اس لیے کہ میں آپ کی کچھ مدد کرنا چاہتا ہوں۔ میری ذات سے شاید آپ کو کچھ فا
جائے۔"

"آپ مجھے کسی اونچے گھر کے بگڑے ہوئے لڑکے معلوم ہوتے ہیں....." وہ ہذیانی
بولی۔ "آپ مجھے معاف رکھیں۔"

"آپ میرے بارے میں غلط انداز سے سوچ رہی ہیں۔" عقرب نے کہا۔ "میں آپ
میں چھ سات برس چھوٹا ہوں۔ میری بات کا ہرگز ہرگز وہ مفہوم نہیں ہے جو آپ لے رہی ہیں میں آ
پریشانی دور کرنا چاہتا ہوں۔"

"لیکن مجھے کوئی پریشانی لاحق نہیں ہے لیکن آپ کی باتیں مجھے پریشان کیے د
ہیں۔" شاداب نے زہر خند لہجے میں کہا۔

"آپ صاف جھوٹ بول رہی ہیں اس وقت آپ بہت پریشان اور فکر مند ہیں۔" عقرب
کہا۔

"یہ آپ نے کیسے کہہ دیا کہ میں جھوٹ بول رہی ہوں۔ مجھے کیا ضرورت پڑی ہے کہ
بولوں۔" شاداب سٹ پٹا گئی۔

"آپ کا بے جان لہجہ آپ کے جھوٹ کی چغلی کھا رہا ہے؟ آپ جھوٹ بول کر اپنے آپ کو
دے رہی ہیں؟"

"آپ میرے پیچھے ہاتھ دھو کر کیوں پڑ گئے ہیں۔ پلیز! مجھے جانے دیں ایک طرف
جائیں۔" وہ بولی۔

"آپ ایک بہت بڑی مصیبت میں گرفتار ہو چکی ہیں اس وجہ سے آپ بہت پر
ہیں۔" عقرب نے رک رک کر کہا۔

شاداب بھونچکی سی ہو کر اس کی شکل دیکھنے لگی۔ "یہ آپ سے کس نے کہہ دیا کہ میں بہت
مصیبت میں گرفتار ہو چکی ہوں۔"

"میں نے کہا نا کہ آپ کے بشرے اور آنکھوں سے ظاہر ہو رہا ہے لیکن آپ میری بات ما
کے لیے تیار نہیں ہیں۔"

"آپ مجھے بہت ہی خطرناک قسم کے آدمی لگ رہے ہیں ایک طرف ہو جائیں مجھے جا
دیں۔" وہ سخت لہجے میں بولی۔

عقرب ایک طرف ہو گیا جب وہ اس کے قریب سے گزرنے لگی تو اس نے کہا۔ "شاداب صا
میں ہی آپ کے کام آسکتا ہوں۔" وہ عقرب کی زبان سے اپنا نام سن کر بڑے زور سے چونکی



اس کی آنکھوں میں حیرانی بھر گئی۔ چند لمحوں تک ایک ٹک اسے دیکھتی رہی۔ "آپ۔ آپ میرا
ے جانتے ہیں.....؟ آپ کو کس نے میرا نام بتایا؟"

"یہ نہ پوچھیں تو بہتر ہے....." عقرب نے کہا۔ "اتفاقاً آپ کا نام میرے علم میں آ گیا۔ آپ کا
اب ہی ہے نا؟"

"آپ مجھے کیسے جانتے ہیں جب کہ میں آپ کو بالکل بھی نہیں جانتی ہوں آپ کو پہلی بار دیکھ رہی

"یہ کوئی ضروری تو نہیں کہ جو آپ کو جانتا ہو آپ بھی اس سے واقف ہوں۔" عقرب نے
آپ کے محلے میں آپ کو بہت سارے لوگ کسی نہ کسی طور جانتے ہوں گے کہ آپ کا نام شاداب
آپ راشد صاحب کی بیوی ہیں جب کہ آپ کو ان جاننے والوں کے نام اور ان کے ٹھکانے بھی
ں ہوں گے۔ ایک خوب صورت عورت کو سارا محلہ جاننے لگتا ہے۔"

"آپ تو میرے شوہر کے نام سے بھی واقف ہیں؟" شاداب الجھ کر بولی۔ "کہیں آپ ان کے
میں سے تو نہیں ہیں؟"

"میں نہ صرف ان کے نام بلکہ کام سے بھی واقف ہوں۔" عقرب کہنے لگا۔ "وہ سعودی عرب
میں ایک فرم میں ملازمت کر رہے ہیں وہ گزشتہ دو برسوں سے پاکستان نہیں آئے ہیں کیوں کہ
ن کی ملازمت چھوٹ گئی تھی۔ وہ دس مہینے تک بیروزگار رہے اب کوئی چار ماہ سے ایک جگہ
کر رہے ہیں۔ تنخواہ بھی بہت کم مل رہی ہے۔ میں ان کے دوستوں میں سے نہیں ہوں البتہ ان کا
ست میرا بھی دوست ہے کیا یہ کافی نہیں ہے۔"

"لیکن یہ بات کسی کے علم میں نہیں ہے سوائے میرے کہ میرے شوہر کی ملازمت چھوٹ گئی
؟" شاداب نے حیرانی سے کہا۔ "میں نے اپنی نند اور ساس تک کو نہیں بتایا۔ دیور کو بھی نہیں۔ نہ
کو اور نہ اپنے گھر والوں کو۔ ان کے دوستوں کو تو بتانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔ آپ کیسے
ں.....؟"

"ہم دونوں جو یہاں کھڑے ہو کر باتیں کر رہے ہیں آپ کے لیے مناسب نہیں ہے۔" عقرب
"ہم چل کر کسی قریبی ریسٹورنٹ میں بیٹھتے ہیں میں آپ کے ہر سوال کا جواب وضاحت سے
پ کو مطمئن کرنے کی کوشش کروں گا۔"

اچھا چلیے....." وہ بادل نخواستہ بولی۔ "میں صرف دس منٹ بیٹھوں گی کیوں کہ مجھے جلدی گھر

قرب اسے اپنے ہمراہ طارق روڈ کے سب سے بہترین ہوٹل میں لے کر داخل ہوا۔ شاداب
ا میں پہلی بار اتنے بڑے ہوٹل میں آئی تھی وہ اندر داخل ہونے کے بعد اس سے دو قدم پیچھے
اس نے تیز قدم اٹھا کر عقرب کے ساتھ ساتھ چلنا شروع کر دیا اسے ڈرنے یا پریشان ہونے
ت نہیں تھی ایسی کوئی بات نہ تھی کیوں کہ وہ ایک ہوٹل میں تھی کسی ویرانے یا ہوٹل کے کسی کمرے

میں نہیں......اس کے ساتھ ایک خوبصورت دراز قد نوجوان مرد تھا کوئی ڈاکو نہیں تھا۔
وہ ایک ساتھ اس ہوٹل کے ریسٹورنٹ میں داخل ہوئے۔ایک ہیڈ ویٹر ان کی طرف
عقرب نے اس سے کہا۔"ایک ایسی میز چاہیے جہاں ہم ڈسٹرب نہ ہوں۔سکون سے اطمینان
کر باتیں کر سکیں۔"
"جی ہاں۔ایک ایسی میز خالی ہے۔" ہیڈ ویٹر نے جواب دیا۔انہیں لے کر ایک طرف
پھر وہ ایک گوشے میں رکھی میز کے قریب جا کر رک گیا یہاں سے ریسٹورنٹ کا پورا ہال
تھا۔دو ستون اس میز کو پورے ہال سے علیحدہ کرتے تھے صرف ایک میز سامنے نظر آتی
ریسٹورنٹ ستونوں اور ایک محراب کی بدولت نگاہ سے اوجھل تھا۔
عقرب نے ویٹر سے کہا۔"دیکھیں۔اس میز پر کسی کو بیٹھنے نہ دیں ہم یہاں زیادہ دیر
گے۔"

ہیڈ ویٹر نے مؤدبانہ انداز سے جھک کر کہا۔"آپ بے فکر رہیں میں کیا پیش کروں....؟"
"دو کلب سینڈوچز اور کریم کافی۔" عقرب نے جواب دیا۔"ٹھنڈا پانی بھی چاہیے۔"
ہیڈ ویٹر رخصت ہوا تو عقرب کو احساس ہوا کہ دونوں کھڑے ہوئے ہیں۔عقرب
سے ایک کرسی کھسکائی۔"پلیز! آپ تشریف رکھیں۔آپ مناسب سمجھیں تو برقع سے نجات
کر لیں۔"

عقرب بیٹھ گیا۔ریسٹورنٹ میں بھی خوش گوار خنکی تھی اسپیکرز نجانے کہاں پوشیدہ تھے
ستونوں میں یا کہیں اور......لیکن نرم، دھیمی موسیقی ہر جانب تھی۔دیواروں پر جگہ جگہ مغلیہ انداز کی
تھیں خم کھائی ہوئی آنکھوں والی شہزادیاں کلاہ پہنے شہنشاہ، ہاتھی، رتھ اور نہ جانے کیا کیا۔اس کی
پر ہی تھی جب اسے احساس ہوا کہ شاداب نے برقع کا نچلا گاؤن نما حصہ اتار دیا۔اس
آسمانی رنگ کے بہت خوبصورت اور بہت قیمتی تھے اور سراپا بے مثال۔
کرسی پر بیٹھ کر شاداب نے برقعے کے نقاب والے حصے کی ڈوری کھینچی اور ایک جھٹکے سے
دیا گھنے سیاہ بال اچانک آزاد ہوئے اور اس کے چہرے پر بادل کی طرح چھا گئے پھر جب اس نے
تو نفاست سے ترشے ہوئے بال مچل کر پیچھے چلے گئے۔عقرب کے لیے یہ نظارہ بڑا دل فریب تھا۔
شاداب کا یہ چہرہ اس نے چشم تصور میں شاداب کے ذہن سے دیکھ لیا تھا۔کچھ دنوں پہلے
سرخ وگداز لبوں پر ایک دل کش مسکراہٹ بکھری ہوئی ہوتی اور ان بڑی بڑی گہری سیاہ آنکھوں
ستارے چمکتے تھے۔یہ لب و عارض جیسے اس کے لیے نئے نہ تھے اس کا حسن شہزادیوں جیسا لمبا
چاندی سی پیشانی تھی۔
"آپ مجھے اس طرح سے کیوں دیکھ رہے ہیں......؟" شاداب کا بدن کرسی پر کسمسایا۔
"میں آپ کو نہیں ایک ایسی عورت کو دیکھ رہا ہوں جو چودھویں کے چاند کی طرح ہے اور......"
نے دانستہ اپنا جملہ ادھورا چھوڑ دیا۔"مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ آپ کا تعلق کسی امیر کبیر گھرانے سے ہے۔"



"میرے شوہر سعودی عرب میں ملازمت کرتے ہیں یہ آپ کے علم میں ہے۔آپ نے کیسے
کیا؟"
"آپ کا لباس بے حد قیمتی ہے نفیس میک اپ، سونے کے کڑے برقع بھی دو تین ہزار سے کم
ہے پرس، سینڈل لباس سے جو خوشبو پھوٹ رہی ہے وہ سینٹ بازار میں چار ہزار تین سو روپے کا
آپ کے ٹھاٹ باٹ شہزادیوں جیسے ہیں۔"
شاداب کچھ کہنا چاہتی تھی۔ویٹر کو آتا ہوا دیکھ کر خاموش ہو گئی۔جب ویٹر رخصت ہو گیا تو وہ بولی۔
ودی عرب کی کمائی ایسی ہے کہ اس سے شاہانہ زندگی گزاری جا سکتی ہے یہ ٹھاٹ باٹ ریال کے
ن منت ہیں۔"
"لیکن میں ایک بات جانتا ہوں آپ کے شوہر جو رقم گھر کے اخراجات کے لیے بھیجتے ہیں اور بھیج
ہیں اس میں ایسے ٹھاٹ باٹ ممکن نہیں ہیں آپ ایک فیشن پرست خاتون ہیں عمدہ جامہ زیبی،
یات، ہوٹل بازی اور کچھ تفریحات آپ کی کمزوری ہیں اس کے علاوہ محلے میں آپ کی شخصیت
سے زیادہ نمایاں اور منفرد بھی ہے۔"
"آپ نے یہ نہیں بتایا کہ آپ میرے بارے میں اور میرے شوہر کے بارے میں کیسے اور کیوں
جانتے ہیں؟" شاداب نے موضوع بدلا۔"میں اس کے بارے میں آپ کو بعد میں بتاؤں
" عقرب نے کہا۔"میں آپ کو یہاں اس لیے لے کر آیا ہوں کہ آپ کی پریشانی دور
ں......اس وقت آپ کی ذہنی حالت بڑی ابتر ہے دل و دماغ قابو میں نہیں ہے۔"
"مجھے کوئی پریشانی لاحق نہیں ہے۔" شاداب کی آواز حلق میں پھنس گئی۔"آپ مجھے کیسے جانتے
؟"
"پھر جھوٹ بول رہی ہیں آپ......؟ میں اتفاقی طور پر آپ کو جانتا ہوں آپ سچ بولیں وہ سچ جو
کڑوا ہے۔کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ آپ اس وقت ایک بہت بڑی مصیبت کی دلدل میں گری ہوئی
ایک ایسی مصیبت جس سے نکلنا آپ کے بس اور اختیار میں نہیں ہے۔آپ کے چاروں طرف ایک
برا چھایا ہوا ہے کسی سمت ایک کرن تک دکھائی نہیں دے رہی ہے۔"
"یہ آپ سے کس نے کہہ دیا......؟" شاداب نے تکرار کے انداز میں کہا۔
"کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ سجاد آپ کو بلیک میل کر رہا ہے؟" عقرب نے اس کی آنکھوں میں
نکا۔
شاداب کے ہاتھ سے پیالی چھوٹتے چھوٹتے بچی اس کی آواز حلق میں پھنس گئی۔"کون
......؟"
"وہی جس کی طارق روڈ پر تین دکانیں ہیں جو ایک کروڑ پتی شخص ہے۔" عقرب نے پرسکون لہجے
کہا۔
"میں کسی سجاد کو نہیں جانتی۔اور پھر ایک کروڑ پتی شخص کو مجھے بلیک میل کرنے کی کیا ضرورت

پڑی......؟''

''آپ اسے بہت اچھی طرح سے جانتی ہیں۔اور وہ اس لیے آپ کو بلیک میل کر رہا
چاند کا ٹکڑا ہیں۔''

''آپ بھی شاید کوئی بلیک میلر ٹائپ کی چیز ہیں۔آپ مجھے اجازت دیں۔'' وہ اپنا برقع اٹھا

''میں بلیک میلر نہیں ہوں۔ایک مخلص شخص ہوں میں آپ کو مصیبت کے دلدل سے اس
چاہتا ہوں کہ آپ دو معصوم بچوں کی ماں ہیں۔ایک شریف نیک اور باعزت شخص کی بیوی
انجانے راستے پر چل پڑی تھیں۔لیکن اب آپ کو ہوش آیا جب پانی سر سے گزر گیا کیا میں
ہوں؟'' عقرب نے پوچھا۔

''آپ میری کردار کشی کر رہے ہیں۔پلیز! مجھ پر تہمت نہ لگائیں میں ماں اور بیوی
روہانسی ہوگئی۔ ''کاش! جس طرح چاند میں داغ ہے اسی طرح آپ کے دامن پر بھی داغ نہ ہوتا

''آپ......آپ۔'' اس کی زبان لڑکھڑائی۔ ''کیا آپ مجھے ایک آبرو باختہ عورت
میں ایک پاک دامن عورت ہوں۔آپ میری تذلیل وتوہین نہ کریں۔مجھے جانے دیں آپ کی
میرے لیے ناقابل برداشت ہو رہی ہیں۔''

''کیا آپ کو اس گھناؤنی حقیقت سے انکار ہے۔یہ بہت ہی تلخ سچ ہے۔''

شاداب کا چہرہ متغیر ہوگیا۔عقرب کو ایسا لگا جیسے وہ غش کھا جائے گی لیکن اس نے جلد ہی
کو سنبھال لیا پھر وہ زخم خوردہ لہجے میں بولی۔ ''آپ ایک شاطر اور فراڈی شخص ہیں جو مجھ پر تہمت
بلیک میل کرنا چاہتے ہیں لیکن میں ایسی عورت نہیں ہوں جو آپ کی جھولی میں پکے پھل کی
گر جاؤں۔میں مر جاؤں گی۔اپنے آپ پر آنچ آنے نہیں دوں گی۔''

''سنیے۔آپ کو جذباتی ہونے کی ضرورت نہیں اور نہ ستی ساوتری بننے کی۔مجھے آپ
وشباب سے کوئی دل چسپی نہیں ہے اور نہ ہی میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ مجھ پر مہربان ہو جائیں۔میں
ایک انسانی ہمدردی کے جذبے سے سوچا کہ آپ کو افتاد ناگہانی سے نجات دلاؤں۔وہ تصویریں
جس نے آپ کی زندگی عذاب ناک بنا دی ہے۔''

''تصویریں......؟ کون سی تصویریں......'' وہ اس طرح اچھل پڑی جیسے اسے برقی جھٹکا لگا
کا چہرہ سفید پڑتا چلا گیا۔

''وہ تصویریں سجاد کے پاس ہیں جس سے وہ آپ سے ناجائز فائدہ اٹھا رہا ہے اور آپ کو
کر رہا ہے کہ آپ اپنی نند کو اس کے بستر کی زینت بنا دیں۔ورنہ وہ آپ کی تصویریں آپ کے شوہر کو
دے گا۔''

''میں نہ تو کسی سجاد کو جانتی ہوں اور نہ ہی میری کوئی تصویریں اس کے پاس ہیں۔'' اس کا لہجہ
جان ہو رہا تھا۔

''سنیے محترمہ!......'' عقرب کہنے لگا۔ ''ایک برس پہلے کی بات ہے آپ کے پڑوس میں



خالدہ اور اس کے شوہر نے کرائے پر مکان لیا۔وہ عورت بڑی فیشن پرست اور آزاد خیال کی تھی۔
کے دل میں بھی بڑے ارمان تھے۔خالدہ کے شوہر کی بالائی آمدنی تھی وہ رشوت خور تھا۔اس کی
ای تھی آپ بھی اس کے ساتھ طارق روڈ شاپنگ کے لیے جانے لگیں وہ جس دکان سے کپڑے پر
میک اپ کا سامان خریدتی تھی اس کا مالک اسے کبھی کبھی ادھار دے دیا کرتا تھا۔خالدہ کی وجہ سے
بھی اس سے شناسائی ہوگئی۔وہ آپ پر ریشہ خطمی ہوگیا تھا آپ کے حصول کی تمنا کرنے لگا۔
ایک روز آپ نے اس کی دکان پر ایک ایسا پرفیوم اور شلوار سوٹ دیکھا کہ اسے خریدنے کے لیے
بے ہوگئیں۔خالدہ نے اسے خریدا تو آپ کے سینے پر سانپ لوٹ گئے۔دوسرے دن آپ پانچ
پے لے کر اس کی دکان پر پہنچیں۔اس لباس اور پرفیوم کی قیمت تین ہزار سات سو روپے بنتی تھی
آپ کو اکیلی دیکھا تو آپ کا والہانہ انداز سے استقبال کیا۔آپ کو دکان کے دفتر میں لے گیا۔
کے لیے فالودہ آئس کریم منگوائی جب آپ نے اس سے کہا کہ شلوار سوٹ اور پرفیوم ادھار
اس نے کہا کہ......جتنا ادھار چاہیے لے جائیں ہر ماہ سو پچاس روپے ادا کرتی رہیں پھر اس نے
اشاروں کنایوں میں کہا کہ آپ اکیلی سامان وغیرہ لینے آتی رہیں۔
پھر ادھار پر کپڑے لتے لینے کا سلسلہ چل پڑا۔اس کی جیولری شاپس بھی ہے اس نے دو سونے
بھی آپ کو ادھار میں دے دیئے۔آپ ہر ماہ سو دو سو روپے قسط وار ادا کرتی تھیں لیکن خریداری
ہزار روپے سے کم کی نہیں ہوتی تھی پھر ایک روز اس نے آپ سے کہا کہ۔اس کا ایک فلیٹ ہے
منگل کیا ہوا بہت قیمتی کپڑا اور فرانس کے پرفیوم بھی آئے ہوئے ہیں یہ سن کر آپ کے منہ میں پانی
آپ اس کے فلیٹ پر پہنچ گئیں۔یہ سات کمروں کا نہایت شان دار فلیٹ تھا اس کے دو کمروں میں
کپڑوں کے تھان رکھے ہوئے تھے دو کمروں میں پرفیوم کی دکان سجی تھی ایک کمرے میں اس کا دفتر
میں موٹے موٹے رجسٹر وغیرہ تھے ایک کمرہ اس کا بیڈ روم تھا۔
آپ نے دو ایک تھان سے تین سوٹ کا کپڑا لیا کچھ بے حد گراں قیمت کے فرانسیسی پرفیوم
جب سجاد نے بتایا کہ آپ پر چالیس ہزار سات سو روپے کا ادھار ہے تو آپ کے پیروں تلے
ین نکل گئی۔یہ ادھار آپ نے صرف ڈیڑھ ماہ میں لیا تھا اس ڈیڑھ ماہ میں آپ نے صرف سات
پے ادا کیے تھے۔آپ غش کھا گئیں تو وہ آپ کو گود میں اٹھا کر بیڈ روم میں لے گیا بستر پر لٹا دیا
نے آپ کو جوس پلایا تاکہ آپ کے اعصاب ہلکے پھلکے ہو جائیں۔
پھر اس نے آپ کے سامنے قرض کی ادائیگی کی ایک صورت رکھی جسے قبول کرنے کے سوا چارہ
تھا۔آپ کی پاک دامنی پر داغ لگ گیا۔لیکن آپ کو اس کے عوض بہت کچھ مل گیا۔سارا قرض بھی
ہوگیا آپ ہفتے میں دو مرتبہ فلیٹ پر اس کے ساتھ وقت گزارنے کے لیے چلی جاتی تھیں۔ایک
نے آپ کے جوس میں بے ہوشی کی دوا ملا کر آپ کی ایسی تصویریں اتار لیں کہ آپ اس کے رحم
ہوگئیں۔وہ آپ سے ایک کھلونے کی طرح کھیلتا رہا۔
ایک ہفتے پہلے کی بات ہے آپ اپنی نوجوان نند کے ساتھ کسی کام سے طارق روڈ آئیں تو سجاد

نے اسے دیکھ لیا۔ آپ کی نند صاعقہ جو سولہ برس کی ہے وہ بہت حسین ہے۔ اس پر سجاد در
آج آپ اس سے ملنے گئیں تو سجاد نے کہا کہ...... آپ اپنی نند سے اسے ملا دیں
آئیں۔ اسے فلیٹ پر دو گھنٹے کے لیے چھوڑ کر چلی جائیں۔ آپ نے انکار کیا تو اس نے
تصویریں آپ کے شوہر کو بھیج دے گا۔ اس نے آپ کو دو دن کی مہلت دی۔ آپ اس کے
کر آ رہی تھیں کہ میری آپ سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ کیا یہ کہانی جھوٹی، فرضی اور من گھڑت ہے؟''

شاداب بت بنی اس کی زبانی اپنی کہانی سنتی رہی تھی۔ ایک بات بھی غلط نہ تھی وہ اس بات
تھی کہ اس کے بارے میں یہ کہانی اس اجنبی شخص کو کس نے سنائی۔ وہ جو انجانے راستے پر
اس کے اور سجاد کے سوا کسی کو خبر نہیں تھی اس نے ایک لمحے کے لیے سوچا کہیں یہ سجاد کا دوست تو
......؟ کہیں سجاد نے اسے اعتماد میں تو نہیں لیا ہے؟ لیکن وہ جانتی تھی کہ سجاد کسی بھی دوست کو ا
میں نہیں لے سکتا کیوں کہ وہ شادی شدہ تھا اور اس کی ایک نوجوان بیٹی بھی تھی۔

سجاد اس قدر خبیث ثابت ہوگا اس نے خواب وخیال میں بھی نہیں سوچا تھا۔ وہ اس کی نند
مانگ رہا تھا جو اس کے لیے ممکن نہیں تھا اس کی نند ایک معصوم لڑکی تھی۔ اس لڑکی کو ناکردہ گنا
کیوں ملے؟ سزا تو اسے ملنی چاہیے جو اس نے خواب ناک راحتوں کے پیچھے بھاگ کر نہ صرف
داغ دار کر دیا بلکہ ممتا پر بھی داغ لگا دیا۔ اپنے شوہر سے بددیانتی اور بے وفائی کی مرتکب ہوئی
شوہر کے ہاتھوں اس کی شرمناک تصویریں پہنچ گئیں تو وہ اس سے ناتا توڑ لے گا طلاق دے د
کو بھی چھین لے گا۔ مطلقہ ہونے کے بعد وہ کہاں جائے گی کیا کرے گی؟ اس دنیا میں اس کے
ہیں نہ بھائی۔ دو بہنیں ہیں۔ بہنیں شادی شدہ ہیں وہ اسے سہارا کیوں دینے لگیں اس کے
ساری کالی لکیریں ہیں۔ کاش وہ خواہشات کی غلام نہ بنتی۔ خالدہ کے راستے پر نہیں چلتی پھرا
باتیں یاد آنے لگیں۔ سجاد ایک عیاش اور ہوس پرست تھا اس کی دکان کے بوڑھے دربان نے ا
ایک روز کہا تھا کہ سجاد ایک ناگ ہے وہ بہت ساری شادی شدہ عورتوں کو ڈس چکا ہے وہ صرف شا
عورتوں کا رسیا ہے نوجوان لڑکیوں کو بہت کم پسند کرتا ہے بوڑھے دربان نے اس سے یہ باتیں ا
کنایے میں کہی تھیں لیکن اس نے پروا نہیں کی تھی اب نند کو بھینٹ چڑھانے سے ہی اس کا گھر
سلامت رہ سکتا ہے کیا وہ خود غرض بن جائے؟

اس کا ذہن بری طرح ماؤف ہو چکا تھا ذہنی کشمکش سے وہ کسی فیصلے پر نہیں پہنچ سکی تھی۔
کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔ ایک شد نہ دو شد والا معاملہ تھا۔ یہ اجنبی شخص اس کے بارے میں
سے واقف ہو چکا تھا اسے بلیک میل کر سکتا تھا اسے بستر کی زینت بنا سکتا تھا وہ سجاد کے ہاتھوں
کھلونا بنی ہوئی تھی اگر اس شخص نے بھی اس طرح اسے کھلونا بنا لیا تو کیا ہوگا......؟ یہ سب
ہوئے اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے پھر وہ دوپٹے میں منہ دیئے گھٹ گھٹ کر رونے لگی۔

''اس معاشرے میں صرف آپ ایک ہی ایسی عورت نہیں ہیں بہت ساری عورتیں
خوابوں کو پانے کے لیے انجانے راستوں پر چل پڑتی ہیں۔ خواب ناک راتوں کا زہر پیتی ہیں



یاں اور اپنا مستقبل اپنے ہاتھوں سے برباد کر لیتی ہیں اپنے پیروں پر کلہاڑی مار کر روتی ہیں
ے اور اذیت کی آگ میں ساری زندگی جلتی رہتی ہیں۔ اب آپ ایک ایسے دوراہے پر آ کھڑی
ا کہ ایک طرف آپ کا مستقبل ہے اور دوسری طرف آپ کی معصوم نند ہے۔''

''اب آپ ہی بتائیں کہ میں کیا کروں......؟'' وہ سسک کر بولی اور اپنے آنسو دوپٹے
ب کرنے لگی۔

''میں آپ کو ایک شرط پر اس دلدل سے نکال سکتا ہوں۔'' عقرب نے ٹھہرے ہوئے لہجے میں کہا۔

''شرط......؟'' شاداب نے اس کی طرف چونک کر دیکھا۔ ''مجھے منظور ہے۔ میں آپ کی ہر شرط
رنے کو تیار ہوں بشرطیکہ آپ اس مردود سے میری تصویریں لے کر دے دیں آپ جب تک کہیں
آپ کو خوش کرتی رہوں گی۔''

''گویا آپ ایک دلدل سے نکل کر دوسری دلدل میں گرنے کے لیے تیار ہیں؟'' عقرب نے کہا۔

''مجبوری ہے۔ اب میرے لیے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں رہا ہے کہ میں کھلونا بنتی رہوں۔''

''میری شرط یہ نہیں ہے کہ میں آپ کو کھلونا بناؤں اور آپ کی مجبوریوں سے فائدہ اٹھاؤں۔''

''پھر کیا شرط ہے......؟'' شاداب نے متعجب نظروں سے اسے دیکھا اس کی پلکیں ساکت اور آنکھیں
ہو گئیں۔ ''میری شرط یہ ہے کہ آپ انجانے راستے پر نہیں چلیں گی......؟ سادگی اور قناعت کی زندگی
یں گی۔ خواب ناک زندگی کے خواب دیکھنے کے بجائے عزت کی زندگی گزارنا پسند کریں گی۔''

''مجھے منظور ہے۔'' شاداب کا چہرہ یکبارگی دمک اٹھا اور اس کی آنکھیں چمکنے لگیں۔ ''میں آپ
عدہ کرتی ہوں کہ بھولے سے بھی پلٹ کر نہیں دیکھوں گی۔ از سر نو ایک نئی عورت بن کر ایک نئی
ا کا آغاز کروں گی جو صاف ستھری اور عام سی ہوگی۔''

''یہ عہد مجھ سے نہیں اللہ سے کریں۔ توبہ استغفار ہی آپ کے سارے پاپ دھو سکتا ہے۔''

''آپ ٹھیک کہتے ہیں۔'' شاداب نے ایک مجرم کی طرح ندامت سے اپنا سر جھکا لیا۔

''میرے ذہن میں تصویریں حاصل کرنے کی ایک تدبیر آئی ہے۔ آپ غور سے سنیں۔'' عقرب
کہا۔

عقرب چاہتا تو اسی وقت شاداب کی تصویریں جادو کے زور سے حاصل کر لیتا۔ صرف ایک لمحہ
وہ تصویریں اس کی جیب میں آ سکتی تھیں یا وہ خود بھی جا کر لا سکتا تھا۔ وہ دانستہ طور پر ایسا کرنا نہیں
تا تھا کیوں کہ اسے سجاد کو سبق دینا مقصود تھا۔ سجاد نے بہت ساری شادی شدہ عورتوں اور کنواری
یوں کو کھلونا بنا کر ان کے دامن داغ دار کر دیئے تھے۔ اس میں ایک لحاظ سے سارا قصور ان لڑکیوں
عورتوں کا تھا جو خوابوں کے پیچھے بھاگ رہی تھیں۔

سجاد حسین بڑی بے چینی اور بے تابی سے اپنے فلیٹ کے بیڈ روم میں شاداب کے انتظار میں ٹہل
تھا۔ شاداب نے ٹیلی فون کر کے کہا تھا کہ وہ اپنی نند کو لے کر پہنچ رہی ہے۔ وہ تصویریں تیار
تھے۔ اس کے چشم تصور میں شاداب کی نند کا بے مثال حسن، سراپا اٹھان اور جسم کے نشیب وفراز کی دل

کشی لہرا رہی تھی۔ آج تک سولہ برس کی ایسی بھرپور لڑکی اس کی زندگی میں نہیں آئی تھی۔
نے اس لڑکی کو دیکھا تھا وہ اس کے دل کی دھڑکن اور خواب بن گئی تھی اس کی سب سے بڑی آرزو
ٹھیک چار بجے اطلاعی گھنٹی بجی تو وہ لپک کر دروازے پر پہنچا۔ دروازے پر شاداب
پیچھے شاداب کی نند کھڑی تھی اس کے چہرے پر نقاب پڑا ہوا تھا۔ لیکن حسن کی چاندنی نقاب
چھلک رہی تھی گورے گورے سڈول ہاتھ اس کے دل پر بجلی گرا رہے تھے اس نے ان دونوں کو
کا راستہ دیا۔ اس کی نند جب سجاد کے قریب سے گزری تو سجاد کو لگا صرف اس کا وجود ہی نہیں
رات کی رانی کی طرح مہک اٹھا ہے۔ شاداب اپنی نند کو بیڈروم میں بٹھا کر نشست گاہ میں آئی۔
اس کی طرف تصویروں والا لفافہ بڑھایا۔ وہ شاداب کو فوراً رخصت کرنا چاہتا تھا شاداب نے لفا
سے تصویریں اور نیگیٹوز نکال کر دیکھے اور اس سے بولی۔ ''رات نو بجے اسے میرے گھر پر لا کر چھوڑ
سجاد نے دروازہ بند کیا۔ اسے یقین نہیں آیا تھا کہ آرزوؤں سے بھری دولت بیڈروم میں
اس نے بہت کچھ سوچا ہوا تھا۔ سرفرازی کے بعد وہ اسے وہ جوس پلائے گا جس میں اس نے بے
دوا ملا رکھی ہے جب وہ بے ہوش ہو جائے گی اس کی بھی ایسی ہی تصویریں اتارے گا جیسے اس
شاداب کی اور بہت ساری لڑکیوں اور عورتوں کی اتاری تھیں۔ وہ ان تصویروں سے جب تک اس
نہیں بھر جاتا فائدہ اٹھاتا رہے گا۔

وہ بیڈروم میں داخل ہوا تو اس کا دل ایک نوجوان لڑکے کی طرح دھڑک رہا تھا۔ لڑکی نے نہ تو
اتارا تھا اور نہ ہی نقاب الٹا ہوا تھا۔ وہ گٹھڑی بنی بیٹھی تھی اس کے گورے گورے خوبصورت سڈول ہاتھ
برقعے سے باہر تھے اس نے پاس اور سامنے بیٹھ کر اس کے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے لیا
پھر اس نے جھک کر چوم لیا۔ پھر وہ ایک عاشق کے انداز میں بولا۔ ''میری جان! میں نے تمہیں تین دن
پہلے دیکھا تھا تم نے میرے دل پر قیامت ڈھا دی تھی میں تین راتوں سے سو نہیں سکا مجھے ایسا لگ رہا
کہ تم مجھے تین صدیوں کے بعد ملی ہو۔ میں نے انتظار کی یہ گھڑیاں کس طرح کاٹی ہیں یہ میرا دل جانتا
میرا خیال ہے کہ اب ہمیں باتوں میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ دل کے ارمان ایک ایک کر کے
پورے کرنے چاہئیں کیوں؟''

لڑکی نے جواب نہیں دیا۔ سجاد نے اس کے ہاتھ چھوڑ دیئے۔ پھر اس نے نقاب کو الٹ دیا چاند سا
چہرہ اس کی نظروں کے سامنے تھا وہ ایک ٹک اسے دیکھ رہی تھی آنکھیں اور چہرہ سپاٹ تھا۔ اگلے لمحے وہ
بڑے زور سے اچھلا۔ جیسے اسے برقی جھٹکا لگا ہو، اس کی نظروں کے سامنے شاداب کی نند نہیں اس کی بیٹی
بیٹھی ہوئی تھی۔

''مہتاب! تم...... تم......؟'' سجاد حسین کی آواز حلق میں پھنس گئی۔ اس کی آنکھوں کے سامنے دھند
سی چھا گئی۔

''جی ابو!'' مہتاب نے اپنی پلکیں جھپکاتے ہوئے سر ہلایا۔ ''آپ نے مجھے یہاں کیوں اور کس
لیے بلایا تھا؟''



''میں نے تمہیں تو نہیں بلایا تھا......؟'' سجاد حسین نے تحیر زدہ لہجے میں کہا۔
''آپ نے مجھے ٹیلی فون کیا تھا۔ آپ نے مجھ سے ٹیلی فون پر بات کی تھی اسی لیے تو میں چلی
......''

''میں نے تمہیں کوئی فون نہیں کیا۔'' سجاد حسین کی آنکھیں پھیل گئیں۔ ''مجھے کیا ضرورت پڑی تھی
فون کرنے کی؟''
''آپ نے فون کر کے مجھ سے کہا تھا کہ بس اسٹاپ پر شاداب آنٹی ملیں گی تم ان کے ساتھ ٹیکسی
آ جانا۔ میں بس اسٹاپ پر پہنچی تو شاداب آنٹی نے مجھے دیکھتے ہی پہچان لیا۔ مجھ سے اپنا تعارف
مجھ سے ساتھ چلنے کے لیے کہا۔ میں چلی آئی۔''
''کہیں ایسا تو نہیں کہ کسی اور شخص نے میرے لہجے کی نقل اتاری ہو اور تم دھوکا کھا گئیں......؟''
''جی نہیں ابو! کیا میں آپ کی آواز نہیں پہچانتی ہوں؟ کیا میں کوئی بچی ہوں......؟'' وہ مسکرا کے

''وہ کمینی تمہیں یہاں کیوں اور کس لیے لے کر آئی کیا اس نے بتایا تھا......؟'' سجاد حسین نے
ت کیا۔
''وہ تو مجھے آپ کے کہنے پر لے کر آئی۔ میں نے اس سے پوچھا کہ ابو نے مجھے کیوں بلایا ہے
نے کہا کہ کچھ غیر ملکی کپڑے کے تھان آئے ہوئے ہیں۔ وہ دکھانا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ میرا
ی لینا ہے تاکہ کپڑے سلائی کے لیے دے سکیں۔''
''لیکن برقع تم نے کیوں پہنا......؟ تم نے کبھی تو برقع نہیں پہنا......؟ کیا اس نے برقع پہننے کے
تھا؟''
''میں نے اس کے کہنے پر برقع پہنا......؟ اس نے مجھے برقع دیتے ہوئے کہا تھا کہ تمہارے
برقع پہن کر آنے کے لیے کہا ہے۔''
''اچھا......'' سجاد حسین اندر ہی اندر پیچ و تاب کھا گیا۔ اس نے سوچا۔ اس نے میرے ساتھ یہ
میلا اور تصویریں بھی لے گئی لیکن وہ بچ کر کہاں جا سکتی ہے۔ اس کے دستخط شدہ واؤچر جو میرے
ہیں۔ میں اس کے شوہر کو بھیج دوں گا۔ اگر اس نے اپنی نند کو لا کر پیش نہیں کیا۔ اپنا وعدہ پورا نہیں
مجھ سے بچ کر کہاں جائے گی۔
پھر وہ اپنی بیٹی کو لے کر دفتر کے کمرے میں پہنچا۔ پھر اس نے فائل نکالی جس میں کپڑے
ان کے شاداب کے دستخط شدہ واؤچر لگے ہوئے تھے۔ اس نے شاداب کی بھی الگ فائل بنا رکھی
وہ کچی گولیاں نہیں کھیلتا تھا اس نے فائل دیکھی اگلے لمحے وہ اچھل پڑا۔ اس نے ایک ایک کر کے
چر غور سے دیکھ لیے تمام واؤچر سادے پڑے ہوئے تھے۔ ان میں کچھ لکھا ہوا نہیں تھا۔ وہ
تھا کہ یہ کیسے ہو گیا......؟ اصل واؤچر گئے کہاں؟ پھر اسے یاد آیا کہ شاداب کو دو تین بار موقع ملا تھا
تھوڑی دیر کے لیے سو گیا تھا۔ تب شاداب نے ہاتھ کی صفائی دکھائی۔ اس نے تمام واؤچر فائل

سے نکال کر سادے واؤچر لگا دیئے۔ اب تو وہ اس کے خلاف کوئی کارروائی بھی نہیں کر سکتا تھا۔

مہتاب نے اسے الجھا ہوا اور پریشان دیکھ کر پوچھا۔ "کیا بات ہے ابو!......؟ آپ پریشان ہو رہے ہیں؟"

"کچھ نہیں بیٹی......" وہ بجھے ہوئے لہجے میں بولا۔ "اس فائل میں غلطی سے سادے واؤچر لگ گئے ہیں۔"

پھر اس نے غیر ارادی طور پر ان سات لڑکیوں اور عورتوں کی فائلیں اور لفافے الماری کی دراز سے نکالے جو آج کل اس کے ہاتھوں کھلونا بنی ہوئی تھیں۔ ان لفافوں میں ان کی تصویریں اور واؤچر تھے جن سے وہ انہیں بلیک میل کر رہا تھا۔ ان کی مجبوریوں سے فائدہ اٹھا رہا تھا۔ وہ یہ دیکھ کر بھونچکا رہ گیا کہ ان فائلوں میں بھی ایک واؤچر بھی لکھا ہوا اور دستخط شدہ نہیں ہے۔ تمام فائلیں سادے واؤچر سے بھری ہوئی تھیں۔ پھر اس نے لفافے دیکھے۔ سارے لفافوں میں صرف سادے کاغذ اور نیگیٹو تھے۔ شاداب ساری چیزیں لے گئی......؟ وہ ایسی شاطر اور چالاک عورت ہے؟ لیکن اس نے یہ خفیہ دراز کھول لی؟ چابی تو اس کی جیب میں تھی......؟ اگر اس کے پاس ساری تصویریں چلی گئی ہیں تو وہ ان کو بلیک میل کر کے ہزاروں روپے کمائے گی......؟ اس نے کتنی زبردست چوٹ دی۔ اب اسے ایسی حسین و جمیل اور پرکشش لڑکیاں اور عورتیں کہاں ملیں گی؟

اس کی آنکھوں میں خون اتر آیا تھا اور رگوں میں لہو ابلنے لگا۔ اس کے جی میں تو آیا وہ ابھی اسی وقت ریوالور لے کر جائے اور شاداب کو شوٹ کر دے جس نے اس کی بیٹی کو ورغلا کر اس کے عشرت کدے میں بٹھا دیا۔ پھر اس نے موقع پا کر ہاتھ خالی کر دیئے۔ اب وہ ایک خالی برتن کی طرح تھا۔ پھر سے شکار پھانسنا اس قدر آسان نہیں تھا۔ ایک تو شکار آسانی سے جال میں نہیں آتے تھے۔ بھی شکار کو جال میں پھانسنے کے لیے جو جال بچھایا جاتا تو اس کے لیے صبر کرنا اور مال بھی خرچ کرنا پڑتا۔ اس پر بڑی محنت کرنا پڑتی۔ دو ایک لڑکیاں ایسی بھی ٹکرائی تھیں جو عشرت کدے پر پہنچ گئیں لیکن وقت پر بدک کر اس کی درگت بنا کر چلی گئی تھیں پھر دو تین طوائفیں بھی اسے بے وقوف بنا گئی تھیں۔ شریف گھرانوں کی لڑکیوں کی طرح وہ دکھائی دیتی تھیں۔ پھر وہ اچانک پراسرار طور پر غائب ہو گئیں اس کے فرشتوں کو بھی خبر نہ ہو سکی۔ پھر وہ محتاط ہو گیا تھا۔ شاداب نے اسے جو دھچکا پہنچایا تھا وہ ناقابل برداشت اور اذیت ناک تھا۔ اس کے دل پر جو بیت رہی تھی وہی جانتا تھا۔

تھوڑی دیر تک وہ کرسی پر ایک مردے کی طرح بیٹھا رہا۔ پھر اسے خیال آیا کہ بیٹی کو گھر آ جانا چاہیے۔ پھر وہ اس خیال سے اٹھا۔ وہ جیسے ہی فلیٹ سے باہر آیا اس اثناء میں ایک کہکشاں زینے پر پہنچ چکی تھی۔ اس نے اس لڑکی کو بھی پھانسا ہوا تھا۔ وہ کچھ دنوں سے اس کی نے ابھی تک اس کی تصویریں نہیں بنائی تھیں۔ وہ بڑی شوخ اور طرحدار تھی۔ اس کی ہر رات کا اس لیے مرد اس کے والہانہ پن اور وارفتگی سے شیدائی بن جاتے تھے اسے مردوں کو خوش تھا۔



مہتاب کو دیکھتے ہی وہ شوخی سے بولی۔ "ڈارلنگ! تم نے بڑا زوردار ہاتھ مارا ہے۔"

اس کی بات سنتے ہی سجاد حسین کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔ اس کے جی میں آیا کہ کہکشاں کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ رسید کر دے پھر اس نے سوچا کہ...... کہکشاں کو کیا معلوم یہ اس کی بیٹی ہے۔ وہ اسے کیا بتانے والا تھا کہ وہ چہکی۔ "تم بڑے لکی ہو۔ ایسے نگینے نصیب والوں کو ملتے ہیں۔ تم کب سے اس کافر کے ساتھ موج اڑا رہے ہو۔"

"کہکشاں!......" وہ اپنا غصہ ضبط کرتے ہوئے بولا۔ "یہ میری بیٹی ہے۔ تمہیں ایسی باتیں نہیں کرنا چاہیئں۔"

"کیا میں تمہاری بیٹی کو نہیں جانتی ہوں۔ تمہاری ایک ہی تو بیٹی ہے اس کا نام مہتاب ہے۔ تم نے اس سے اپنی دکان پر ملایا تھا۔ یہ مہتاب تھوڑی ہے۔ میں اس سے دو مرتبہ مل چکی ہوں۔ میں اس کا چہرہ کیسے بھول سکتی ہوں۔"

"یہ مہتاب ہے۔ برقع میں ہونے کی وجہ سے تمہیں دھوکا ہو رہا ہے۔ تم اسے پہچان نہیں پا رہی ہو۔" سجاد حسین نے کہا۔

"تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے نا......؟" کہکشاں نے سنجیدگی سے کہا۔ "یہ برقعے میں کہاں ہے۔ یہ لڑکی مہتاب کہاں سے ہو گئی؟"

سجاد حسین نے حیرت سے کہا۔ "اصل میں تمہارا دماغ چل گیا ہے۔ یہ میری بیٹی مہتاب......" اتنا کہہ کر وہ مڑا۔ اس کی بیٹی پیچھے کھڑی تھی۔ وہ پھر جیسے اچھل پڑا۔ اس کی بیٹی کی جگہ شاداب کی نند کھڑی تھی عطیہ۔ وہی عطیہ جس نے اس کی نیندیں حرام کر دی تھیں۔ وہ برقعے میں نہیں تھی۔ وہ چکرا سا گیا۔ یہ کیا ماجرا ہے......؟ کہیں وہ خواب تو نہیں دیکھ رہا ہے۔

لیکن یہ خواب کیسے ہو سکتا ہے......؟ اس نے سوچا۔ پھر اسے خیال آیا کہ اس نے صبح جو پرانی شراب پی تھی کہیں یہ اس کا خمار تو نہیں ہے؟ اس نے عطیہ کو مہتاب سمجھا۔ اسے تمام واؤچر اور تصویریں اور نیگیٹوز سادے دکھائی دیئے اس نے اپنا سر زور سے جھٹکا۔ پھر وہ کہکشاں سے بولا۔ "تم اس وقت جاؤ۔ مجھے عطیہ سے ضروری کام ہے۔ تم کل اسی وقت آ جانا......"

"ٹھیک ہے۔" وہ شوخ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔ "جاؤ، عیش کرو۔ میں کباب میں ہڈی بننے کو پسند نہیں کرتی ہوں۔ اس لیے میں بھی کباب میں ہڈی نہیں بنوں گی۔ تم لڑکیوں کے معاملے میں بڑے خوش نصیب ہو۔"

سجاد حیران اور خوش، عطیہ کو لے کر فلیٹ میں پہنچا۔ بیڈ روم میں پہنچ کر اسے بازوؤں میں سمیٹ لیا۔ وہ اس کے چہرے پر جھکنے لگا اس نے دیکھا یہ عطیہ نہیں اس کی بیٹی مہتاب ہے۔ وہ اسے پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔

"ابو...... آپ میرے ساتھ یہ کیا حرکت کر رہے ہیں......؟" مہتاب اس کے بازوؤں میں کسمساتی ہوئی اسے خوف زدہ نظروں سے دیکھنے لگی۔ "میں آپ کی بیٹی ہوں۔ یہ آپ کو کیا ہو گیا

ہے......؟"

سجاد حسین نے اپنی بیٹی کو برقی سرعت سے بازوؤں کی گرفت سے اس طرح نکال دیا
عفریت ہو۔ پھر وہ خجل سا ہو گیا۔ اس میں اتنی تاب نہیں تھی کہ وہ اپنی بیٹی سے نظریں ملا سکے۔
سوچا۔ یک لخت اسے احساس ہوا۔ یہ سب کچھ کیا ہو رہا ہے؟ یہ کیا مذاق ہے؟ یہ کیا خواب
مہتاب...... کبھی عطیہ...... کبھی مہتاب......؟ کہیں اس کا دماغ صدمے سے چل تو نہیں گیا ہے
سر پکڑ کر بستر پر بیٹھ گیا۔ اس نے چند لمحوں کے بعد سر اٹھا کر دیکھا تو کمرے میں کوئی نہیں تھا۔

اسے ایک خیال آیا تو اس نے فوراً ہی ریسیور اٹھا کر گھر کا نمبر گھما دیا۔ اگلے لمحے اس طرف
ریسیور اٹھا کر اس کی بیوی نے کہا۔ "ہیلو۔"

"ہیلو......" اس نے کہا۔ "میں سجاد بول رہا ہوں۔ عطیہ کہاں ہے؟"

"عطیہ کمرے میں سو رہی ہے۔ اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ اسے ہلکا ہلکا بخار ہو گیا ہے۔"

"لگتا ہے کہ میں پاگل ہو جاؤں گا۔" اس نے ریسیور کریڈل پر پٹختے ہوئے سوچا۔

☆☆.................☆☆

عقرب ایک بک اسٹال پر کھڑے ہو کر رسالوں کا جائزہ لے رہا تھا۔ ایک انگریزی رسالے
رنگین سرورق نے اس کی ساری توجہ اپنی طرف کھینچ لی۔ یہ شوبزنس کا میگزین تھا۔ سرورق پر ایک ما
تصویر تھی۔ وہ بہت حسین تو نہیں تھی لیکن اس کے جسم کی نمائش ہو رہی تھی۔ عقرب نے غیر ارادی
رسالہ اٹھا لیا۔ اس کی ورق گردانی کرنے لگا۔ اندرونی صفحات پر سرورق والی ماڈل گرل کی رنگین تصو
مختلف زاویوں اور لباسوں میں چھپی ہوئی تھی۔ وہ تصویریں دیکھ رہا تھا کہ اس کے کان میں ایک نامانو
آواز گونجی۔ "کہیں تو آپ کو اس سے بھی حسین لڑکی دکھاؤں......؟ تنہائی دور کرنے کے لیے۔"
نے اپنی نظریں رسالے سے ہٹا کر دیکھا۔ اس کے قریب چھتیس برس کی عمر کا ایک شخص کھڑا ہوا تھا۔
شکل اور خوش پوشاک تھا۔ وہ عقرب کو مسکراتی ہوئی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

عقرب نے رسالہ بند کر کے رکھ دیا۔ پھر اس کی طرف متوجہ ہو گیا۔ ایک لمحے میں اس نے بھا
کہ یہ شخص کون ہے! کیا ہے! عقرب نے انجان بن کر اس سے پوچھا۔ "آپ نے کیا کہا...... میں
نہیں۔ پھر سے کہیں؟"

بک اسٹال پر چونکہ دو ایک لوگ کھڑے ہوئے تھے اس لیے وہ عقرب کو ایک طرف لے گیا
اس نے سرگوشی میں کہا۔ "میرے ہاں چھ سات ایسی حسین لڑکیاں ہیں کہ پورے شہر میں ڈھونڈنے
بھی نہیں ملیں گی۔"

"تو کیا آپ میری کسی ایک لڑکی سے شادی کرانا چاہتے ہیں؟" عقرب نے مسکراتے ہوئے کہا

"آپ اسے شادی ہی سمجھیں۔ ایک رات کی شادی، ایک رات کی دلہن۔ ایک سہاگ رات

"میں اب بھی آپ کی بات نہیں سمجھا۔" عقرب اس سے تفریح لینے لگا۔ "یہ کیسی شادی ہے؟"

"یہ بہت ہی آسان اور سستی شادی ہے۔" اس نے جواب دیا۔ "ایک ایسی شادی جس کا لطف ا



اور ہے۔"

"کہیں شادی بھی آسان اور سستی ہوتی ہے؟" عقرب نے کہا۔ "ایک شخص شادی کرتا ہے تو اسے
کم پچاس ساٹھ ہزار روپے چاہئیں۔ شادی آسان اور سستی کیسے ہو گئی۔ آپ کی منطق میری سمجھ میں
آ رہی ہے۔"

"اس شادی پر ایک رات پر صرف پانچ سے دس ہزار روپے خرچ ہوتے ہیں۔" دو کہنے لگا۔ "وہ
اپنی پسند کی حسین اور نوجوان لڑکی کے ساتھ وقت گزاریں۔ نہ مہر، نہ نکاح اور نہ ہی کسی قسم کی جھن
ے۔ دوسرے دن کے لیے چاہیں تو دوسری لڑکی پسند کر کے دو تین گھنٹے گزاریں۔ جیب گرم ہو تو رات
کو ایک سے ایک نئی دلہن مل سکتی ہے۔"

"کسی لڑکی کو دلہن بنا کر ساری رات رکھنے کی صورت میں کیا رقم ادا کرنا ہو گی؟" عقرب نے پوچھا۔

"بیس سے تیس ہزار روپے۔ جیسی دلہن ہو گی ویسے پیسے آپ کو ادا کرنے ہوں گے......؟" اس
نے کہا۔

"اچھا چلیں۔" عقرب نے چند ثانیوں تک سوچنے کے بعد کہا۔ "وہ لڑکیاں کہاں رہتی ہیں؟"

"زیادہ دور نہیں۔" اس نے جواب دیا۔ "یہاں سے صرف چار پانچ منٹ کی مسافت ہے۔ آپ
ں گاڑی ہے تو صرف دو منٹ میں پہنچ جائیں گے؟"

یہ ڈیفنس سوسائٹی کا علاقہ تھا۔ عقرب اس علاقے کو دیکھنے کے لیے اس لیے آیا تھا کہ اب وہ اپنے
انا چاہتا تھا۔ اسے نہ صرف اپنا گھر اور ماں باپ یاد آ رہے تھے بلکہ اپنی جگہ جہاں وہ پیدا ہوا
بڑا تھا۔ وہ کچھ عرصہ وہاں گزارنا چاہتا تھا۔ یہاں جس ارادے سے آیا وہ تقریباً پورا ہو چکا تھا۔ اس
اں کی دنیا دیکھی، معاشرہ دیکھا اس نے محسوس کیا کہ اس قدر برائیاں اور خرابیاں موجود ہیں کہ وہ
ور نہیں ہو سکتی ہیں۔ لوگ بڑی تیزی سے تنزلی پستی اور غلاظت کی دلدل کی طرف جا رہے ہیں جس
کے لیے ملک بنایا گیا تھا وہ فوت ہو چکا اور پامال کر دیا گیا اور اسے اس بے رحمی اور بے دردی سے
ا رہا تھا جیسے کوئی لاش مسخ کی جا رہی ہو۔ مذہب اور سیاست تجارت بن گئی تھی۔ مذہب کی دھجیاں
جا رہی تھیں فرقہ وارانہ اور لسانی فسادات مقدر بن گئے تھے۔ غلام ذہنیت پیدا ہو گئی تھی۔ بھانڈ
پ کو فن کار کہتے تھے پاکستان ثقافت اور تہذیب کا نمائندہ۔ عورت بے حیا، بے شرم، بے غیرت
ہوتی چلی جا رہی تھی۔ گندا ماحول اور فضا کی آلودگی ملک وقوم کو نقصان پہنچا رہی تھی۔ اوپر سے
ہر شخص کرپٹ تھا۔ اسے ملکی مفاد نہیں اپنا مفاد عزیز تھا۔ وہ خود غرض بن گیا تھا۔ وہ یہ کہتا تھا کہ ملک
اڑ میں۔ اسے ملک سے کوئی محبت اور دلچسپی نہ تھی۔ دین ایمان اور خدا صرف پیسہ تھا۔ یوں تو
ور معاشرہ ہی بہت بگڑا ہوا تھا۔ لیکن شہر کے پوش علاقے ایسے تھے جہاں تہذیب نام کی کوئی چیز نہ
ں میں کلفٹن، ڈیفنس، کے ڈی اے اسکیم نمبر ایک اور پی ای سی ایچ ایس کی جو برگر فیملیز تھیں وہ ہر
سب سے زیادہ کرپٹ تھیں۔

شخص سات منزلہ عمارت کے سامنے پہنچ کر رکا۔ اس عمارت میں آٹھ بلاک تھے۔ اس عمارت

میں سارے کے سارے لگژری فلیٹ تھے۔ہر فلیٹ میں کل سات عدد کمرے اور سرونٹ کوارٹر بھی تھا۔
عمارتوں میں صرف مہذب تعلیم یافتہ اور دولت مند لوگ رہتے تھے۔اس کا اندازہ نہ صرف ان
فلیٹوں سے ہوتا تھا بلکہ احاطے میں پارکنگ لاٹ جو تھے ان میں کھڑی ہوئی گاڑیوں سے
تھا۔ایک سے ایک شان دار، نئی اور قیمتی گاڑیاں تھیں۔

سیکورٹی کا زبردست نظام تھا۔تین مسلح چاق و چوبند پہرے دار تھے۔وہ کلاشنکوفوں سے
باوردی تھے۔وہ اس شخص سے چونکہ واقف تھے اس لیے نہ تو روکا گیا اور نہ شناخت کرنے کے لیے
گیا۔نہ انٹرکام پر رابطہ کیا گیا۔سی بلاک میں دوسری منزل پر دونوں فلیٹ آنٹی کے تھے۔اس
جس کا نام شہزاد تھا اس نے بتایا آنٹی کے ہاں ملک کی نامور شخصیات آ چکی ہیں اور آتی بھی رہتی ہیں
کیوں کہ ایسا مال شاید ہی کسی آنٹی کے پاس ہو۔

شہزاد نے اطلاعی گھنٹی کا بٹن دبایا تو وہ گنگنا اٹھی۔ایک چالیس برس کی عورت نے دروازہ
اپنی وضع قطع اور چہرے مہرے سے ملازمہ لگ رہی تھی۔اس نے بڑا صاف ستھرا اور بھڑکیلا لباس پہنا
تھا اس میں خاصی دل کشی موجود تھی۔اس نے بڑے مودبانہ انداز سے سلام کیا۔پھر شہزاد اسے
داخل ہوا۔نشست گاہ سے گزر کر ایک نہایت آراستہ و پیراستہ بیڈروم میں لے گیا جو بہت بڑا تھا۔
دو عدد صوفہ سیٹ اور سنگھار میز بھی تھی اس کے علاوہ اور دیواروں پر اور چھت پر بڑے بڑے آ
تھے ان آئینوں سے کمرے کو آراستہ کرنے کا مقصد سمجھ میں صاف آتا تھا۔

شہزاد اسے بٹھا کر کمرے سے نکل گیا۔ملازمہ اس کے لیے ٹھنڈا جوس لے آئی۔تھوڑی دیر
شہزاد ایک پچاس برس کی سرخ و سفید عورت کے ساتھ اندر داخل ہوا۔عورت نہ صرف حسین بلکہ
تھی۔بڑی مہذب اور شائستہ مزاج بھی تھی۔وہ کسی بڑے صاحب کی بیگم لگ رہی تھی۔دراز قد تھی
بھی متناسب تھا اس نے عقرب کو سلام کیا۔وہ بھورے رنگ کی ساڑی میں ملبوس تھی اس کے بال
تک نفاست سے ترشے ہوئے تھے۔

عقرب بڑے صوفے کے کنارے بیٹھا ہوا تھا۔وہ اسی صوفے پر بیٹھ گئی پھر اس نے عقرب
پوچھا۔''کیا آپ کو مسٹر شہزاد نے رسمی باتیں بتائیں......؟''

''جی نہیں۔'' عقرب نے کہا۔''انہوں نے صرف لڑکیوں کے حسن و جمال کی اور ان کی
تھی۔''

''اس وقت میرے فلیٹ میں کل سات کنواری لڑکیاں ہیں۔واقعی ان کا حسن
ہے۔'' آنٹی نے کہا۔

''بالفرض محال کسی وجہ سے کوئی لڑکی پسند نہ آئی تب کیا صورت ہوگی......؟'' عقرب نے کہا۔

''اس صورت میں آپ کو فی لڑکی منہ دکھائی پچاس روپے دینے ہوں گے۔'' آنٹی نے جواب
دیا۔''بالفرض محال آپ کو کوئی لڑکی پسند آ جاتی ہے اور سودا طے ہو جاتا ہے تو پھر آپ سے منہ دکھائی
جائے گی۔''



''ایک ایک لڑکی آئے گی یا ایک ساتھ پوری سات لڑکیاں سامنے آ کر کھڑی ہو جائیں
گی؟'' عقرب نے سوال کیا۔

''ایک ایک لڑکی آئے گی۔'' آنٹی بولی۔''آپ بڑے اطمینان اور آرام سے لڑکی کو دیکھ سکتے
جتنی دیر آپ اس سے رکنے کے لیے کہیں گے وہ اتنی دیر رک جائے گی۔''

''ایک بات بتائیں کہیں یہ بازار حسن سے تعلق تو نہیں رکھتی ہیں؟''

''میرے فلیٹ پر جو لڑکیاں آتی ہیں وہ تعلیم یافتہ بھی ہیں اور ان کا اچھے گھرانوں سے تعلق بھی
وہ اپنے شوق پورے کرنے اور شادی کے لیے جہیز جمع کرنے کے لیے یہاں آتی ہیں۔وہ صحت مند
ستھری اور شائستہ بھی ہیں ان سے ایڈز جیسا موذی مرض بھی لاحق نہیں ہو سکتا۔آپ اطمینان
آپ کہیں گے تو ان کے معائنے کے طبی سرٹیفکیٹ بھی میں آپ کو دکھا سکتی ہوں۔آپ انہیں شوق
یکھ سکتے ہیں۔''

پہلی سے لے کر چھ لڑکیاں جو یکے بعد دیگرے اپنی اپنی باری پر آئیں ان کی عمریں سولہ سے لے
یس برس کی تھیں۔واقعی وہ بہت حسین، عمدہ جامہ زیب، شائستہ اور تعلیم یافتہ دکھائی دیتی تھیں انہیں
اس ہونے کی ضرورت نہیں تھی۔ان کے لباس کے بھڑکیلے پن نے انہیں بے لباس کر دیا تھا۔وہ
یشن ایبل تھیں اور ان کے بال بھی نفاست سے گردن تک ترشے ہوئے تھے وہ اس قدر حسین تھیں
نا میں سے کسی ایک کا انتخاب بہت مشکل تھا وہ اس قدر پرکشش تھیں کہ مردوں کے دلوں پر بجلی بن کر
ہوں گی۔یہ ساری نگینوں کی طرح دکھائی دے رہی تھیں۔عقرب کے لیے دکھ اور حیرت کی بات تھی
ہی حسین لڑکیاں خوابوں کے پیچھے انجانے راستے پر چل رہی تھیں اس بڑے شہر میں ایک ریس ہو رہی
ں ریس نے ہر شخص کو جیسے اندھا کر دیا اور اسے کچھ سجھائی نہیں دے رہا تھا۔

آخر میں جو ساتویں لڑکی آئی وہ ان سب میں سب سے زیادہ حسین و جمیل تھی اس میں بے انتہا
بت اور دل کشی موجود تھی۔اس نے ایسا لباس نہیں پہنا ہوا تھا جو اسے عریاں کر دے۔اس نے دوسری
ں کی طرح نہ تو شوخی دکھائی اور نہ ہی اس نے جسم کی نمائش کی۔نہ ہی کبھی اس کی آنکھوں میں جھانکا
ے میں داخل ہو کر سلام کر کے ایک طرف کھڑی ہو گئی۔

عقرب نے آنٹی کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔''اس لڑکی کی رات بھر کی کیا قیمت ہوگی؟''

''بیس ہزار روپے۔'' آنٹی نے جواب دیا۔''شراب کی ضرورت ہو تو وہ بھی مل سکتی ہے لیکن اس
یے الگ ہوں گے۔میرے پاس ہر قسم کی شراب موجود ہے۔ہر ایک کے دام الگ الگ ہیں۔''

''اس لڑکی کے ہوتے ہوئے شراب کی کیا ضرورت ہے یہ خود سرتاپا شراب ہے۔'' عقرب نے

''برابر والے فلیٹ میں کمرہ چاہیے تو مل سکتا ہے۔ساری رات کے لیے کمرہ جو ملے گا وہ ایئر
نڈ ہوگا اس کا کرایہ دو ہزار روپے۔اگر آپ اسے ساتھ لے جانا چاہیں تو لے جا سکتے ہیں۔'' آنٹی
ا۔

''میں تو اس لڑکی کو ابھی اپنے ساتھ لے جا رہا ہوں۔'' عقرب نے کہا۔ ''رات کا کھانا لا... رات گیارہ بجے آئیں گے۔ میرے لیے ایک کمرہ بک کر کے رکھیں۔ میں ساری رات یہیں... گا۔''

''ٹھیک ہے۔'' آنٹی نے سرہلایا۔ ''آپ بائیس ہزار کی رقم ادا کردیں میں پیشگی رقم لیتی ہوں۔''

عقرب نے اس لمحے چشم تصور میں وہ جگہ دیکھی جس میں آنٹی اپنی آمدنی رکھتی تھی۔ وہ... پچاس فیصد دیتی تھی۔ پچاس فیصد اس کی جیب میں ہوتا تھا ڈیرے اور کالی آمدنی کے جو لوگ یہاں... تھے وہ ان سے پچاس ساٹھ ہزار روپے فی لڑکی فی رات وصول کرتی تھی۔ اس کے علاوہ شراب... ملا کر پیش کرتی جس سے اس کی آمدنی دگنی ہوجاتی تھی۔ اس کی یومیہ آمدنی چالیس ہزار روپے... تھی۔ بڑی بڑی فرمیں، ٹھیکیدار اور سپلائرز آرڈر، بل پاس کروانے اور چیک کی وصولی کے لیے... کی خدمات آنٹی کی معرفت حاصل کرتے تھے۔ یوں آنٹی کی پانچوں گھی میں اور سر کڑاہی میں... میں سے پچاس ہزار کے نوٹوں کی ایک گڈی اس کی جیب میں آ گئی۔ اس نے اسی وقت اس... بائیس ہزار روپے نکال کر آنٹی کے ہاتھ پر رکھ دیئے۔

عقرب نے ایک گاڑی کرائے پر لی ہوئی تھی۔ اس لڑکی نے اپنا نام عروج بتایا تھا۔ وہ... گاڑی میں لے کر کلفٹن کی طرف نکلا۔ اس نے ایک کولڈ کارنر پر گاڑی روکی۔ اس کے برابر دہی بڑے... آلو چھولے کی دکان تھی۔ اس دکان کا آدمی آیا تو اس نے اپنے لیے دہی بڑے اور عروج کے لیے... چھولے منگوائے۔

جب لڑکا آرڈر لے کر چلا گیا عروج نے کہا۔ ''آپ نے خوامخواہ زحمت کی اس لڑکے کو... کردیں۔''

''وہ کس لیے......؟'' عقرب نے باہر سے نظریں ہٹا کر اس کے چہرے پر مرکوز کردیں۔

''اس لیے کہ مجھے بالکل بھی بھوک نہیں ہے۔'' عروج نے اپنی نظریں نیچی کر کے کہا۔

''آپ جھوٹ بول رہی ہیں۔ آپ نے صبح سے کچھ کھایا پیا نہیں ہے۔'' عقرب نے کہا۔

اس نے چونک کر نگاہیں اٹھا کر متعجب نظروں سے عقرب کو دیکھا۔ ''یہ آپ سے کس نے کہا... آنٹی نے......؟''

''آپ کا چہرہ بتا رہا ہے کہ آپ صبح سے بھوکی پیاسی ہیں۔ آپ کے منہ میں کھیل تک اڑ... ہے؟''

عروج نے جواب نہیں دیا۔ اس کی آنکھوں میں حزن و کرب چھا گیا۔ وہ انجانے راستے... والی لڑکی نہیں لگ رہی تھی وہ اداس اور خاموش تھی اس کے چہرے پر گہری سنجیدگی طاری تھی وہ باہر... دیکھ رہی تھی۔

دکان والا لڑکا آلو چھولے اور دہی بڑے کی پلیٹ لے کر آ گیا۔ وہ آلو چھولے کھانے لگی۔... پلیٹیں لینے آیا تو اس نے دوبارہ آرڈر دیا تو عروج نے کہا۔ ''آپ اپنے لیے منگوا لیجیے۔ میرے...



...الی تھی۔''

''میں نے اس لیے دوسری پلیٹ منگوائی ہے کہ آپ کو آلو چھولے اچھے لگے اور آپ کو آلو چھولے ...ند ہیں۔ اور آپ کی بھوک بھی کھل اٹھی ہے آپ کا دل اور کھانے کو کر رہا تھا۔ میں ٹھیک کہہ رہا ہوں...''

وہ چونک کر حیرت سے بولی۔ ''ایسا لگتا ہے کہ آپ دل کا حال چہرے پر پڑھ لیتے ہیں۔''

''یہی سمجھ جائیے۔'' عقرب مسکرایا۔ ''دراصل میں قیافہ شناس ہوں۔''

تھوڑی دیر کے بعد وہ ساحل سمندر پر آ گئے اس وقت سورج غروب ہو رہا تھا وہ غروب آفتاب کا ...تے رہے پھر ریت کے ایک ٹیلے پر جا بیٹھے۔ وہ سمندر کی لہروں کو دیکھنے لگی۔

''آپ شادی شدہ ہیں نا......؟'' عقرب نے اچانک اس سے سوال کیا۔

''جی......جی نہیں......میں شادی شدہ نہیں ہوں۔'' وہ سراسیمہ سی ہو کر بولی۔ ''یہ آپ سے کس ...دیا؟''

''آپ کی سنجیدگی، خاموشی اور بردباری بتا رہی ہے کہ آپ ایک شادی شدہ عورت ہیں آپ کی ...تین ماہ ہوئے ہیں۔''

''جی نہیں۔'' اس کا لہجہ بے جان سا تھا۔ ''آپ نے میرے بارے میں غلط اندازہ لگایا ہے۔''

''آپ کے شادی شدہ ہونے یا نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔'' عقرب کہنے ...نے آپ کی فیس ادا کردی ہے آپ کس لیے پریشان ہو رہی ہیں۔ مجھے اس لیے شک ہوا ہے ...شادی شدہ ہیں کہ آپ کی قیمت صرف بیس ہزار مقرر کی گئی جب کہ آپ تمام لڑکیوں میں سب ...ن ہیں ان میں اور آپ میں یہ فرق ہے کہ وہ شوخ ہیں ان میں الہڑپن ہے جب کہ آپ ان کے ...ہیں اس لیے کہ آپ شادی شدہ ہیں۔''

''کیا شادی شدہ عورتیں انجانے راستوں پر نہیں چلتی ہیں؟'' وہ دھیمے لہجے میں بولی۔

''چلتی ہیں......'' عقرب نے کہا۔ ''مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ آپ کی شادی شدہ زندگی میں آج کا ...اور تاریک رات ہے اور میں آپ کے جسم کا پہلا خریدار ہوں۔''

''جی ہاں۔ جی نہیں۔'' وہ بدحواس سی ہو گئی۔ ''آپ کو یہ بات کس نے بتائی۔''

''پہلے آپ یہ بتائیں کہ کیا میرا اندازہ درست ہے؟'' عقرب نے اس کی آنکھوں میں جھانکتے ...چھا۔

''میں شادی شدہ عورت ہوتی تو یہ گھناؤنا پیشہ کبھی اختیار نہیں کرتی......اور پھر میرا شوہر یہ کیسے ...کرتا؟''

''اس معاشرے میں آج کل کیا کچھ نہیں ہو رہا ہے۔ نجانے کتنی عورتیں اپنی ضرورت کے لیے اور ...الوں کے لیے اپنے شوہروں کی آنکھوں میں دھول جھونک کر اس گھناؤنے راستے پر چل رہی ...پھر ایسے بے غیرت اور ذلیل شوہروں کی کوئی کمی نہیں ہے جو اپنی بیویوں کو گھناؤنے راستوں پر

چلاتے ہیں اور انہیں چلنے پر مجبور کرتے ہیں۔ آپ بھی ان میں سے ایک ہیں۔"
عروج کا چہرہ متغیر ہو گیا۔ اس کا چہرہ سفید پڑتا چلا گیا۔ وہ سہم کر بولی۔ "ایسی کوئی ب
ہے۔ میں ایک شریف عورت ہوں۔"
"آپ اس بات کا اعتراف اس لیے نہیں کر رہی ہیں کہ آپ کے شوہر نے اس بات
کے لیے کہا ہے؟" عقرب نے کہا۔ "وہ بہت ظالم ہے آپ اس سے بہت ڈر اور خوف کھاتی ہیں
آپ کو جان سے نہ مار ڈالے۔"
"کیا آپ کسی اور موضوع پر بات نہیں کر سکتے ہیں......؟" عروج نے پھیکی سی ہنسی سے کہا
"نہیں۔" عقرب نے کہا۔ "آخر آپ اس موضوع پر بات کرنے سے کس لیے
اور پریشان ہو رہی ہیں جب کہ آپ کا بے غیرت اور ذلیل شوہر یہاں نہیں ہے۔ اس لیے
موجود نہیں ہیں۔"
"میں اس موضوع پر بات کر کے کیا کروں جب کہ اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں
ٹوٹے ہوئے لہجے میں بولی۔
"آپ مجھ سے بہت کچھ چھپا رہی ہیں لیکن میں آپ کو بتاتا ہوں کہ اصل حقیقت کیا
کیا کہانی ہے؟ آپ کی آپ بیتی کیا ہے۔" عقرب کہنے لگا۔ "آپ کا اصل نام فرحانہ ہے۔ آپ
بہنیں اور دو بھائی ہیں۔ بہنوں میں آپ سب سے بڑی ہیں سب سے حسین بھی ہیں آپ
بھائی اپنی پسند کی شادی کرنے کے بعد بیویوں کے غلام بن گئے اور الگ ہو گئے۔ آپ کے
سارے رشتے آنے لگے آپ کے والدین کی خواہش تھی کہ لڑکا نہ صرف خوبصورت ہو بلکہ اس
بھی بہت اچھی ہو۔ چار مہینے پہلے قوی مرد کا رشتہ آیا وہ بہت خوبصورت اور وجیہہ تھا۔ اس کے
گاڑی بھی تھی اس نے آپ کے والدین کو بتایا کہ وہ مختلف کمپنیوں کو مال سپلائی کرتا ہے۔ اس
آمدنی تیس سے چالیس ہزار کے درمیان ہے وہ اکیلا رہتا ہے نہ تو اس کے والدین حیات ہیں
بھائی بہن ہیں صرف آپ ہی نہیں آپ کے والدین بھی یہی چاہتے تھے کہ آپ کی شادی کسی
سے ہو جو اکیلا ہو، ساس، نند اور دیور نہ ہوں پھر آپ کی قوی سے شادی ہو گئی۔ آپ کا گھرانہ
مالی حالات زیادہ اچھے نہیں تھے۔ آپ کے والد نے قرضہ لے کر شادی کی پھر وہ زیر بار ہو
اس بات کا شدید احساس تھا۔
آپ کا شوہر ہنی مون کے لیے آپ کو سوات لے گیا۔ پندرہ دن تک آپ دونوں سوات
اس نے آپ کو اعلیٰ ہوٹلوں میں ٹھہرایا ہنی مون سے واپس آنے کے بعد وہ کراچی میں آپ کو
زندگی کا عادی بنانے لگا آپ نے کبھی ایسی زندگی کا تصور نہیں کیا اور نہ ہی خواب دیکھے تھے لیکن ان
محرومیاں بہت زیادہ تھیں۔ اس نئی اور رنگین زندگی نے آپ کو بہت متاثر کیا۔ آپ کا شوہر
سے اٹھارہ برس بڑا تھا لیکن اس کی فکر نہ تھی۔ پھر ایک روز اس نے آپ سے کہا۔ "فرحانہ!
تین لاکھ روپے کا شدید نقصان ہو گیا ہے اس کے علاوہ دو لاکھ روپے کا مقروض الگ ہو گیا



ہوں نے میرا جینا حرام کر دیا ہے۔ میں کیا کروں۔"
آپ نے اپنی شادی کے زیورات اس کے سامنے رکھ دیئے۔ "یہ کسی کام آ سکتے ہیں تو انہیں بیچ
ا۔"
"چالیس ہزار کے زیورات سے کیا ہوگا؟" آپ کے شوہر نے کہا تھا۔ "میری گردن پانچ لاکھ کی
ں پھنس گئی ہے۔"
"میرے والدین اس پوزیشن میں نہیں ہیں کہ پانچ ہزار بھی دے سکیں۔ کاش میں آپ کے لیے
کچھ کر سکتی۔"
"تم چاہو تو بہت کچھ کر سکتی ہو...... تین چار مہینے میں نہ صرف تمام قرض ادا ہو جائیں گے بلکہ اتنی رقم
آ جائے گی کہ ہم پھر سے شاہانہ زندگی گزارنے کے قابل ہو جائیں گے......" قوی نے کہا تھا۔
"میں کیا کچھ کر سکتی ہوں......؟ کیا میں کہیں ملازمت کر لوں؟ کیا میری ملازمت سے مشکل حل
ہے۔"
"ہاں تم میرے لیے اس قرض کی ادائیگی کے لیے بہت کچھ کر سکتی ہو۔ تمہاری ملازمت سے میرا
قرض ادا ہو سکتا ہے۔"
"میں انٹر پاس ہوں۔ میرے پاس ایسا کوئی تجربہ نہیں ہے جس سے ملازمت مل جائے۔ بالفرض
ملازمت مل بھی گئی تو اس سے کیا ہوگا۔ دو تین ہزار روپے ہر ماہ ملیں گے۔ لاکھوں کا قرض ادا کرنے
میں تیس برس لگ جائیں گے۔"
"لیکن ایک ایسی ملازمت میری نظر میں ہے جس سے ایک سال کے اندر اندر تمام قرض ادا
ہو جاتا ہے۔"
"ایسی کون سی ملازمت ہے؟" آپ نے شدید حیرت سے کہا اور سوالیہ نظروں سے دیکھا۔
"ایک ایسی ملازمت جس سے تمہیں ماہانہ اسی ہزار سے سوا لاکھ روپے بھی مل سکتے ہیں۔" قوی نے
کہا۔
"واقعی......" آپ کو جیسے یقین نہیں آیا۔ کہ کس طرح سے اور کہاں اتنی بڑی ملازمت مل سکتی ہے۔
"میرے جاننے والوں میں ایک آنٹی ہیں ان کے پاس پانچ چھ لڑکیاں ملازمت کرتی ہیں اور ہر
ماہ لاکھ روپے کی پیدا کر کے لے جاتی ہیں۔ وہ لڑکیاں بہت حسین اور نوجوان ہیں ان کا حسن و شباب
آمدنی ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ تم بھی اپنا حسن و شباب ذریعہ آمدنی بنا لو۔ صرف ایک سال کے اندر
میرا تمام قرض ادا ہو جائے گا۔"
"کیا......؟" آپ بھونچکی ہو گئیں۔ آپ کو یقین نہیں آیا کہ آپ کا شوہر گھناؤنا پیشہ اختیار کرنے
لیے کہہ بھی سکتا ہے۔
"ہاں۔" قوی نے کہا تھا۔ "تم ان تمام لڑکیوں سے کہیں حسین ہو جو آنٹی کے ہاں آمدنی کے لیے
ہیں۔"

"نہیں......نہیں......" آپ نے ہذیانی لہجے میں کہا تھا۔ "یہ بدکاری ہے۔ میں کوئی طوائف ہوں جو بدکاری کروں۔"

"دیکھا جائے تو دنیا کی ہر بیوی بدکاری کرتی ہے۔ کس طرح......؟ میں بتاتا ہوں۔ ایک لڑکی کی شادی ایسے شخص سے کی جاتی ہے جو اچھا کماتا ہے تاکہ بیوی سکھ اور آرام سے رہ سکے۔ وہ اپنی بیوی کا ہر طرح سے خیال رکھتا ہے۔ اس کے لیے کپڑے اور ضروریات کی چیزیں لاتا ہے۔ اچھا کھانا کھلاتا ہے۔ سیر و تفریح کراتا ہے۔ غرض ہر خوشی اور ہر آرام اسے پہنچاتا ہے اس کے عوض عورت کو اپنا جسم پیش کرنا پڑتا ہے۔ جسم پیش نہ کرنے کی صورت میں مرد اسے کچھ بھی نہیں دے گا بلکہ اسے گھر سے نکال دے گا۔ اس کا حسن و شباب ذریعہ ہوتا ہے، بہت کچھ حاصل کرنے کے لیے......کیا یہ بدکاری کے زمرے میں نہیں آتی ہے؟"

"آپ ایک روحانی اور مقدس رشتے کو بدکاری کا نام نہ دیں۔" آپ نے بگڑ کر برہمی سے کہا تھا۔

"شوہر ہو یا کوئی بھی شخص ہو تمہیں حسن و شباب کے عوض ایک بڑی رقم نذرانہ پیش کرے تو قبول کر لینا چاہیے۔ اب تم میری بیوی ہو۔ میری ملکیت ہو۔ میں نے تمہارے باپ کو پچاس ہزار روپے دیئے تاکہ وہ تمہاری شادی مجھ سے کر سکے۔ میں تم سے جو کام چاہے لے سکتا ہوں۔ تمہیں میری مرضی پر چلنا ہوگا۔ ورنہ میں تمہاری جوان بہنوں کو اغوا کرا دوں گا۔ ان کی بے حرمتی کرا دوں گا۔ تمہارے چہرے پر تیزاب پھینک دوں گا۔ جب تک قرض ادا نہیں ہو جاتا تمہیں میری ہر بات ماننا ہوگی۔"

اس نے دوسرے دن آپ سے آنٹی کے فلیٹ پر چلنے کے لیے کہا۔ آپ نے صاف انکار کر دیا۔ پھر اس نے آپ کو خوب مارا پیٹا۔ پھر اس نے تیسرے دن بھی کہا۔ آپ نے پھر انکار کر دیا۔ پھر اس نے آپ کو برہنہ کر کے رسی سے پلنگ پر باندھ دیا۔ پھر اس نے جلتا ہوا سگریٹ آپ کی آنکھوں کے سامنے لہراتے ہوئے کہا۔ "کیا تم پسند کرو گی کہ میں تمہارے خوبصورت اور بے داغ جسم اور اس چہرے کو داغ دوں جس پر تمہیں بڑا ناز و غرور ہے۔"

پھر اس نے الماری سے ایک بوتل نکالی جس میں تیزاب بھرا ہوا تھا۔ آپ نے چونکہ اس کی بات کا جواب نہیں دیا تھا اس لیے اسے غصہ آ گیا تھا۔ پھر اس نے تیزاب کی بوتل دکھاتے ہوئے کہا تھا۔ "اس کے چند قطرے تمہاری آنکھوں میں ڈال دوں گا۔ چند چند تمہارے جسم کے ہر حصے پر...... پھر تمہارے چہرے پر۔ پھر تم دنیا کی حسین ترین عورت کہلاؤ گی۔ بتاؤ۔ تم میرا کہا مانو گی یا نہیں۔ مان جاؤ گی تو پھر تمہیں معاف کر دوں گا۔"

آپ جو خوف و دہشت سے کانپ رہی تھیں آپ نے لرزتی آواز میں کہا۔ "میں آپ کی ہر بات مانوں گی۔"

"شاباش! یہ ہوئی نا بات۔" وہ خوش ہو گیا تھا۔ "اب تم سیدھی راہ راست پر آ گئیں۔ پہلے ہی میری بات مان لیتیں۔"

پھر اس نے الماری میں سے کیمرہ اور ہنٹر نکالا۔ پھر اس نے آپ کی مشکیں کھول دیں۔ پھر اس نے



فضا میں ہنٹر لہراتے ہوئے کہا تھا۔ "مستو! میں تمہاری تصویریں کھینچ رہا ہوں۔ جیسی بھی تصویریں کھنچواؤں تم چوں چرا نہیں کرو گی۔ اگر تم نے میری بات نہیں مانی تو میں تمہاری کھال ادھیڑ دوں گا۔"

پھر اس نے مختلف زاویوں سے آپ کی کوئی درجن بھر تصویریں اتاریں پھر اس نے دوسرے دن دھلی ہوئی تصویریں دکھائیں۔ آپ کو اندازہ تھا کہ تصویریں کیسی اتری ہیں۔ اس نے ایک ایک تصویر لہراتے ہوئے کہا تھا۔ "اگر تم اپنے ماں باپ کے گھر جا کر بیٹھ گئیں تو میں اس کی کاپیاں بنا کر تمہارے محلے میں رشتہ داروں اور پڑوسیوں میں بانٹ دوں گا۔ نہ صرف تمہاری بلکہ تمہارے والدین کی بھی بدنامی ہوگی۔ تم نے خودکشی کی تو بھی یہ تصویریں بانٹ دوں گا تاکہ تمہاری بہنوں کی شادی نہ ہو۔ تم نہ صرف آنٹی کے فلیٹ پر جا کر ذریعہ معاش بنو گی بلکہ تمہیں جس کسی کے پاس ایک رات یا ایک ہفتہ کے لیے بھی بھیجوں تمہیں جانا ہوگا تم دو دن کے بعد فلیٹ پر چلو گی۔ آنٹی کی ہر بات مانو گی۔ آنٹی لڑکیوں سے بھی دل بہلاتی رہتی ہیں۔"

آپ کا شوہر ایک کنجر آدمی ہے وہ آنٹی کے ہاں جو لڑکیاں آتی ہیں ان کے لیے گاہکوں کو پھانستا ہے۔ اسے پانچ فیصد کمیشن ملتا ہے۔ اس کے پاس ان لڑکیوں کی البم ہے جو آنٹی کے ہاں پیشہ کرتی ہیں اس البم میں ان لڑکیوں کی نیم عریاں تصویریں لگی ہوئی ہیں وہ آج سہ پہر کے وقت آپ کو آنٹی کے فلیٹ لے گیا۔ آنٹی آپ کو دیکھ کر پھڑک اٹھی۔ پھر اس نے اپنی خواب گاہ میں آپ کو لے جا کر اس طرح سے دیکھا جیسے قربانی کا جانور دیکھا جاتا ہے اتفاق سے میں پہنچ گیا اور میں نے آپ کا سودا کر لیا۔ شہزادی آپ کا شوہر ہے۔ وہ دلال ہے۔ اس کا ایمان صرف اور صرف پیسہ ہے۔"

عروج کی آنکھوں میں ہی نہیں اس کے حسین چہرے پر بھی شدید حیرت کے آثار تھے وہ دل میں ششدر تھی کہ اس شخص کو ان تمام باتوں کے بارے میں کیوں کر اور کس طرح سے علم ہوا ہے۔ رتی رتی بات تک اسے معلوم ہے۔ وہ بت بنی ساکت پلکوں اور منجمد آنکھوں سے عقرب کو دیکھنے لگی۔ اس کا ذہن چکرا رہا تھا۔ اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔

"آپ چاہتی کیا ہیں؟" عقرب نے پوچھا۔ "مجھے کھل کر اور صاف صاف بتائیں مجھے اپنا دوست سمجھیں۔"

"پہلے آپ یہ بتائیں کہ آپ ہیں کون......؟ آپ کو ان تمام باتوں کی خبر کیسے ہوئی......؟ کیا میرے خبیث شوہر نے بتائی ہیں؟"

"میں ایک خادم اور خیر خواہ شخص ہوں۔ آپ اپنے خبیث شوہر سے نجات چاہتی ہیں تو میرے سوال کا جواب دیجیے۔ آپ اس بات سے کوئی سروکار نہ رکھیں کہ میں کون ہوں۔ مجھے یہ ساری باتیں کیسے اور کیوں کر معلوم ہوئیں۔"

"میں اپنے ذلیل، خبیث اور کنجر شوہر سے نجات چاہتی ہوں۔ لیکن یہ مجھے بہت مشکل بلکہ ناممکن لگتا ہے۔"

"کیوں......ناممکن کیوں ہے؟" عقرب نے کہا۔ "آپ اپنے شوہر سے بہت زیادہ خوف زدہ

ہیں نا......؟"

"اس لیے کہ اس نے میرے والد کو پچاس ہزار کی رقم قرض دی ہوئی ہے۔" وہ کہنے لگی۔ "اس
پاس میری نامناسب قسم کی تصویریں ہیں۔ اور پھر اس نے دھمکی دی ہوئی ہے کہ وہ میری
کر کے ان کی بے حرمتی کر سکتا ہے۔ میں نہیں چاہتی کہ میری ذات سے میرے گھر والوں اور
نقصان پہنچے۔ وہ دنیا والوں کی نظروں میں ذلیل وخوار ہوں۔"

"آپ بے فکر رہیں۔" عقرب نے اسے دلاسا دیا۔ "میں آپ کے سارے مسائل چٹکی
ہی حل کر دوں گا۔"

عقرب اسے ساحل سمندر پر لے کر بہت دیر تک ٹہلتا رہا۔ پھر اسے ایک بہت بڑے ہوٹل میں
آیا۔ جب دونوں رات کا کھانا کھا کر آنٹی کے فلیٹ پر پہنچے تو رات کے گیارہ بج رہے تھے۔ اس
نشست گاہ میں دو وڈیرے دو لڑکیوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے بہک رہے تھے۔ لڑکیاں چہک
تھیں۔ آنٹی بھی ایک بوڑھے مرد کے ساتھ بیٹھی شراب پی رہی تھی۔

پھر وہ دونوں بیڈ روم میں چلے گئے۔ عروج نے اس سے کہا۔ "کیا آپ میرے ساتھ
گزاریں گے......؟"

"کیا آپ کو کوئی اعتراض ہے......؟" عقرب نے اس کی آنکھوں میں جھانکا جس میں
تیر رہی تھی۔

"جی نہیں۔ آپ نے مجھے خریدا ہے میں آپ کے رحم وکرم پر ہوں۔ میں آپ کا ہر حکم مانوں گی۔"

"میرا حکم یہ ہے کہ آپ بستر پر اکیلی سوئیں گی اور میں صوفے پر۔" عقرب نے مسکراتے ہوئے کہا۔

جس وقت عقرب سو رہا تھا تب عروج کمرے سے نکلی۔ اس وقت صبح کے دس بج رہے تھے۔
اس کے انتظار میں نشست گاہ میں بیٹھا ہوا تھا۔ پھر وہ اسے لے کر گھر پہنچا۔ پھر اس نے اپنی جیب سے
ہزار کی رقم نکال کر دکھائی۔ "دیکھا میری جان ایک رات کے تمہیں بیس ہزار روپے ملے۔ آنٹی نے
ہزار روپے اپنے حصے کے لیے...... میں یہاں کوئی گاہک لایا تو اس کے پسند کرنے پر بیس سے تیس
روپے مل سکتے ہیں۔ میں یہاں کسی کو بھی لاؤں تم اس سے گرم جوشی اور والہانہ انداز سے پیش آنا تم
بھی مرد کو جتنا خوش کرو گی وہ تمہیں اتنی ہی زیادہ رقم دے گا۔ رات کیسی گزری......؟"

"بہت اچھی......" عروج نے رسمی انداز سے جواب دیا۔ "وہ شخص بہت اچھا آدمی تھا۔"

"اس نے تمہیں بخشش وغیرہ دی......؟" شہزاد نے پوچھا اور وہ اس کا پرس کھول کر دیکھنے لگا۔

"ہاں......" عروج نے اس کے ہاتھ سے اپنا پرس جھپٹ لیا۔ "مجھے جو بخشش ملی ہے وہ
ہے۔"

شہزاد ہنسنے لگا۔ "اچھا تمہاری ہی ہے لیکن یہ بتاؤ کہ اس نے کتنی بخشش دی؟"

"سو روپے۔" عروج نے جھوٹ بولا۔ عقرب نے اسے دس ہزار روپے دیئے تھے۔ یہ آنٹی کی
تھی۔



"صرف سو روپے......؟" شہزاد نے تمسخر سے کہا۔ "لعنت ہے اس پر۔ تم جیسی عورت کو سو روپے
ق دی۔"

"مجھے یہ زندگی پسند نہیں ہے۔ تم مجھے طلاق دے دو اور کسی نوجوان لڑکی سے شادی کر کے اپنا دھندا
ی رکھو۔"

"میں تمہیں طلاق دے دوں گا لیکن ابھی نہیں۔ دو ایک سال کے بعد۔ کیوں کہ مجھے تمہارے حسن
ب سے پندرہ بیس لاکھ روپے کمانے ہیں۔ تم میرے لیے سونے کا انڈا دینے والی مرغی ہو۔" شہزاد
ایا۔

"تم کیسے بے غیرت اور ذلیل شوہر ہو جو اپنی بیوی کو غیر مردوں کے بستر پر دیکھ کر خوش ہوتے ہو۔"
نے تنک کر کہا۔

"اب تم نے جو ذلیل اور بے غیرت کہہ دیا لیکن آئندہ نہیں کہنا۔ میں تم پر احسان کر رہا ہوں تم مجھے
ل دے رہی ہو؟"

"تم جو میری جسم فروشی کر کے اپنی جیب گرم کر رہے ہو کیا یہ احسان ہے......؟" عروج نے
ائی لہجے میں کہا۔

"اور نہیں تو کیا۔" وہ بڑے زور سے ہنسا۔ "تم کتنی خوش نصیب عورت ہو کہ تمہاری زندگی میں روز
نیا مرد آئے گا۔ رات جو پہلا مرد آیا تھا وہ کیسا خوبصورت اور وجیہہ تھا۔ اب تم روز ہی نئے مرد کے
سہاگ رات مناؤ گی۔"

"مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ تم کسی طوائف کی اولاد ہو۔ کیا تمہاری ماں اور بہن بھی روز غیر مردوں کے
سہاگ رات مناتی تھیں؟" عروج اپنا غصہ برداشت نہ کر سکی۔ "تم یہ کیوں بھول رہے ہو کہ میں
شریف عورت ہوں۔"

"تم......تم...... حد سے تجاوز کر رہی ہو۔ تم نے میری ماں کو بہن کو طوائف کہا۔ میں تجھے بخشوں گا
۔"

"میں حد سے تجاوز نہیں کر رہی ہوں بلکہ سچ کہہ رہی ہوں۔ تم دلال ہو۔ کنجر ہو۔ طوائف کی اولاد۔
لیے اپنی بیوی کی جسم فروشی کر رہے ہو۔ اس کے لیے گاہک پھانس کر لانا چاہتے ہو۔ شاید تم اپنی ماں
ن کے لیے بھی گاہک لاتے رہے ہو گے۔ ذلیل۔ کمینے...... حرام زادے۔ تم مجھے طلاق دے دو۔"

عروج کی آنکھیں شعلے برسانے لگی تھیں۔ شہزاد نے کب کسی سے ایسی باتیں اور گالیاں سنی تھیں
نے لپک کر الماری سے ہنٹر نکال لیا۔ پھر اس نے وحشیانہ انداز سے عروج کے کپڑے تار تار کر دیئے۔
کے لباس کی دھجیاں فرش پر بکھر گئیں اس نے عروج کے ننگے بدن پر ہنٹر برسانے کے لیے ہاتھ اٹھایا
دروازے پر کسی نے دستک دی۔

"اس وقت کون مردود آ گیا۔" وہ غصے سے بپھرتے ہوئے بولا۔ پھر اسے اچانک یاد آ گیا کہ اس
ایک وڈیرے کو اپنے ہاں بلایا تھا تاکہ اپنی بیوی کو دکھا اور ملا کر سودا طے کر لے۔ اس نے عروج کی

طرف گھوم کر کہا۔ ''تیری قسمت اچھی تھی جو تو بچ گئی۔ تو اندر جا کر کپڑے پہن کر نشست گاہ میں آ
وڈیرے صاحب آئے ہیں تجھے شاید ایک ہفتے کے لیے لے جائیں گے۔ ایک ڈیڑھ لاکھ رو
گے..... ان سے اچھی طرح ملنا۔ نخرے نہیں دکھانا۔''

شہزاد اتنا کہہ کر دروازے کی طرف بڑھا تو عروج بیڈ روم میں گھس گئی۔ شہزاد نے جا کر
کھولا۔ اس نے دیکھا۔ دروازے پر عقرب کھڑا ہوا ہے۔ وہ اسے دیکھ کر حیرت سے بولا۔ ''آپ

''جی ہاں۔'' عقرب نے سر ہلایا۔ ''میں عروج سے ملنے اور اسے لے جانے آیا ہوں۔ کیا میں
آ سکتا ہوں۔''

''آ جائیے۔'' شہزاد نے ایک طرف ہٹ کر اسے اندر آنے کا راستہ دیا۔

پھر وہ اسے لے کر نشست گاہ میں آیا۔ جب عقرب بیٹھ گیا تو اس نے کہا۔ ''آپ کو میرا پتا
نے بتایا.....؟''

''جی ہاں..... یہی سمجھ لیجیے۔'' عقرب نے کہا۔ ''عروج صاحبہ کہاں ہیں؟ وہ نظر نہیں آ رہی ہیں۔''

''وہ کپڑے بدل رہی ہیں۔'' شہزاد نے کہا۔ ''آپ اتنی جلدی آ گئے۔ اسے دو گھنٹے بھی تو
ہوئے آپ کے پاس سے آ کر۔''

''آپ کی بیگم نے مجھ پر ایسا جادو کر دیا کہ میں جدائی برداشت نہ کر سکا۔ دل کے ہاتھوں مجبور ہو
چلا آیا۔''

شہزاد کو آنٹی پر سخت غصہ آیا تھا۔ اس نے آنٹی کو سختی سے منع کیا ہوا تھا کہ وہ کسی کو اس کے گھر کا
نہیں بتائے اور نہ کسی کو یہ بھی معلوم ہو کہ عروج اس کی بیوی ہے۔ اس نے ناگواری سے کہا۔ ''عروج آ
کے ساتھ جا نہیں سکے گی؟''

''وہ کس لیے.....؟'' عقرب نے مصنوعی حیرت سے پوچھا۔

''اس لیے کہ ایک وڈیرے صاحب آنے والے ہیں۔ وہ شاید اسے ایک ہفتہ کے لیے
جائیں۔'' شہزاد نے کہا۔

اس اثنا میں عروج نشست گاہ میں داخل ہوئی۔ وہ عقرب کو دیکھ کر خوش ہو گئی۔ ''عقر
صاحب! آپ؟''

''جی ہاں۔'' عقرب نے سر ہلایا۔ پھر اس نے شہزاد سے کہا۔ ''میں عروج کو ہمیشہ کے لیے
لے جانے کے لیے آیا ہوں۔''

''یہ میری بیوی ہے۔ آپ اسے ہمیشہ کے لیے لے جا نہیں سکتے ہیں؟'' شہزاد نے کہا۔

''بیوی ہوئی تو کیا ہوا۔ آپ دوسری بیوی لے آئیں۔ کیا دنیا میں لڑکیوں کی کوئی کمی
ہے؟'' عقرب نے کہا۔

''میں کچھ دنوں کے لیے لے جانے تو دے سکتا ہوں وہ بھی اس شرط پر کہ آپ دو لاکھ روپے
کریں۔'' شہزاد نے کہا۔



''میں نے کہا نا کہ میں عروج کو ساتھ لے جا رہا ہوں۔ سدا کے لیے، لہٰذا آپ اسے طلاق دے
ں۔''

''طلاق دے دوں۔ زبردستی۔'' شہزاد کے چہرے پر حیرت چھا گئی۔ ''وہ کس لیے.....؟''

''اس لیے کہ یہ ایک شریف گھرانے کی عورت ہے۔ آپ جیسے کنجر شخص کی بیوی کوئی طوائف ہو سکتی
ہے۔''

''یہ..... آپ کیا کہہ رہے ہیں.....؟'' شہزاد نے تیز لہجے میں کہا۔ ''آپ مجھے کنجر کہہ رہے ہیں۔''

''نہیں تو اور کیا کہوں۔ کیا آپ کنجر نہیں ہیں؟ کیا دلال نہیں ہیں.....؟ کیا اپنی بیوی کو جسم فروشی پر
نہیں کر رہے ہیں؟''

''یہ میرا ذاتی کام ہے۔ معاملہ ہے۔ آپ کون ہوتے ہیں میرے ذاتی معاملات میں دخل دینے
لے۔''

عقرب نے اپنی جیب سے ٹائپ شدہ کاغذات نکال کر شہزاد کی نظروں کے سامنے لہرائے۔ ''یہ
ق نامہ ٹائپ کروا کر لایا ہوں۔ آپ اس پر دستخط کر دیں بطور گواہ میں بھی دستخط کر دوں گا۔''

''ہاں تم مجھے طلاق دے دو۔'' عروج نے ہذیانی لہجے میں کہا۔ ''میں اب تمہارے ساتھ ایک منٹ
ں رہ سکتی۔''

''اچھا تو تم دونوں نے پہلے سے منصوبہ بنایا ہوا ہے۔ میں کسی قیمت پر طلاق نہیں دوں گا۔'' شہزاد
روختہ ہو گیا۔

''طلاق تم کیا تمہارا باپ بھی دے گا۔'' عروج نے کہا۔ ''تم نے طلاق نہیں دی تو میں ان کے
ھ چلی جاؤں گی۔''

''تم چلی جاؤ گی.....؟ میں دیکھتا ہوں کہ تم کیسے جاتی ہو۔ میرے حکم کے بغیر تم یہاں سے ہل بھی
ں سکتی ہو؟'' شہزاد غرایا۔

''اگر تم نے طلاق نہیں دی تو پچھتاؤ گے۔ شرافت سے طلاق دے دو۔ کیوں کہ میں ہر قیمت پر
رج کو یہاں سے لے جاؤں گا۔''

''میں ان کے ساتھ جا رہی ہوں۔ تمہارے طلاق دینے یا نہ دینے سے کوئی فرق
ں پڑتا۔'' عروج نے تکرار کی۔

''تمہارا باپ میرا پچاس ہزار روپے کا مقروض ہے۔ وہ کون دے گا؟'' شہزاد نے حقارت آمیز
ے میں کہا۔

''میرا حق مہر، پچاس ہزار ہے۔ وہ اس میں برابر ہو گیا۔'' عروج نے جواب دیا۔

''میرے پاس تمہاری ایک درجن تصویریں ہیں میں ان کے پرنٹ بنوا کر تمہارے محلے اور رشتہ
وں میں تقسیم کر دوں گا۔''

''تم ان تصویروں کی بات کر رہے ہو.....؟'' عقرب نے جیب سے لفافہ نکال کر اس میں سے

ایک تصویر نکالی۔ پھر اس نے وہ تصویر شہزاد کی طرف بڑھائی۔ "یہ ساری تصویریں اور ان میرے پاس ہیں۔"

شہزاد نے جیسے ہی اس کے ہاتھ سے تصویر لے کر دیکھی وہ اچھل پڑا۔ اس کے ہاتھ چھوٹ کر فرش پر گر پڑی تو عروج نے برقی سرعت سے لپک کر تصویر اٹھالی اور اس کے پرزے کر کے فرش پر پھینک دیئے۔ پھر عقرب نے تصویروں اور ان کے نیگیٹوز کے پرزے پرزے کے منہ پر دے مارے۔

"میرے پاس سے تمہارے پاس یہ تصویریں کیسے آ گئیں؟ تم نے اسے چرا کر دی ہوں گی۔"

شہزاد نے غضب ناک ہو کر ہنٹر اٹھا لیا۔ اس نے ہنٹر عروج کو مارنے کے لیے اٹھایا تھا کہ وہ کے ہاتھ سے نکل گیا۔ پھر فضا میں بلند ہوا پھر ایک نادیدہ ہاتھ شہزاد کی پیٹھ پر ہنٹر برسانے لگا۔ سے بچنے کے لیے کمرے میں بھاگنے لگا۔ لیکن ہنٹر نے اس کا پیچھا نہیں چھوڑا۔ وہ دہشت زدہ چلانے لگا۔ "مجھے بچاؤ...... بچاؤ...... میں مر جاؤں گا۔"

عقرب نے آنکھوں سے اشارہ کیا تو ہنٹر فضا میں معلق ہو گیا۔ عقرب نے اس سے پوچھا۔ "طلاق نامے پر دستخط کر رہے ہو یا نہیں؟"

"ہاں...... ہاں۔ کر دوں گا۔" وہ دیوار کے سہارے کھڑے ہو کر لمبی لمبی سانس لینے لگا۔ ضربوں نے اس کی کھال ادھیڑ دی تھی۔

عقرب نے قلم اور طلاق نامہ اس کی طرف بڑھا دیا۔ عروج نے جو خوف اور حیرت سے یہ منظر رہی تھی اسے یقین نہیں آیا تھا۔ اگلے لمحے سب کچھ اس کی سمجھ میں آ گیا کہ عقرب کوئی جادوگر ہے اس وہ اس کے ماضی سے بھی واقف تھا۔

جب شہزاد نے طلاق نامے پر دستخط کر دیئے تو عقرب نے طلاق نامہ عروج کی طرف بڑھا دیا۔ "اب آپ آزاد ہیں۔ اب یہ آپ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا ہے۔ اب اس کے پاس تصویریں بھی نہیں رہی ہیں۔"

"آپ کا بہت بہت شکریہ۔" عروج نے اسے ممنون نظروں سے دیکھا۔ "لیکن اس خبیث مجھے یہ بھی دھمکی دی تھی کہ میں نے اس کا کہنا نہیں مانا اور اپنے والدین کے پاس چلی گئی تو میری بہنوں کو اغوا کر کے ان کی بے حرمتی کرائے گا۔"

"وہ کچھ نہیں کر سکے گا۔" عقرب نے دلاسا دیا۔ "کیوں کہ اسے ایک ایسی عبرتناک سزا ملنے والی جس کا وہ تصور بھی نہیں کر سکتا ہے۔ آپ اپنے کپڑے اور زیورات لے لیں تا کہ میں آپ کو گھر چھوڑ دوں۔"

شہزاد ایک طرف خاموشی سے کھڑا ہوا عروج کو دیکھ رہا تھا جو الماری میں سے اپنے کپڑے اور زیورات نکال کر سوٹ کیسوں میں بھر رہی تھی۔ عروج نے الماری میں سے اس کی ہزاروں کی رقم بھی نکال کر سوٹ کیس میں رکھ لی تھی۔ وہ کچھ کہہ نہیں سکتا تھا اور نہ اسے کوئی چیز لے جانے سے باز رکھ سکتا تھا کیوں کہ ہنٹر اس کے سر پر لٹک رہا تھا۔ وہ ابھی تک معلق تھا۔



ان دونوں کے کوئی ایک گھنٹے کے بعد فلیٹ سے نکلتے ہی وہ ہنٹر زمین پر آ رہا۔ وہ ایک دم سے بیڈ طرف لپکا۔ اس نے ریوالور الماری کی خفیہ دراز میں رکھا ہوا تھا۔ اس نے ریوالور اٹھا لیا اور کی جانب لپکا تا کہ ان دونوں کو شوٹ کر دے۔ وہ تپائی سے ٹھوکر کھا کر گرا۔ جب سنبھل کر اس نے محسوس کیا کہ اسے کچھ دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھایا ہوا اس کی بینائی زائل ہو گئی۔ وہ اندھا ہو چکا ہے۔ ہمیشہ کے لیے۔

عقرب واپس جا رہا تھا۔ وہ چاہتا تو پلک جھپکتے اپنی جگہ پہنچ جاتا لیکن وہ ریل گاڑی سے واپس جا رہا یوں کہ اسے یہ سفر بہت اچھا لگتا تھا سفر سے آدمی بہت کچھ سیکھتا اور پاتا ہے۔

وہ اپنے باپ کے کہنے سے سوات سے سفر کرتا ہوا کراچی پہنچا تھا۔ لاہور میں بھی اس نے قیام کیا نے بدی اور برائیوں کے خلاف محاذ بنایا تھا۔ طاغوتی طاقتوں سے بھی جنگ کی تھی۔ ہمیشہ مظلوموں جوں کی مدد کی اور ساتھ دیا۔ کبھی اس نے کسی کے ساتھ زیادتی اور ناانصافی نہیں کی۔ ماں باپ نے غیر معمولی طاقتوں کا مالک اور غیر معمولی اور ناقابل تسخیر انسان بنایا۔ وہ جس قدر طاقتور اور مضبوط کا دل بھی اتنا ہی نرم اور محبت سے بھرا ہوا تھا۔

اس دوران مشن اس سے دو ایک لڑکیوں نے محبت کی لیکن وہ ان سے محبت نہ کر سکا۔ نہ اس نے آپ کو بھولے سے غلاظت کی دلدل میں گرنے دیا۔ وہ اچھائی کے راستے پر ثابت قدم رہا۔ کبھی اس لغزش نہ ہوئی۔ جوانی اسے بہکا نہ سکی۔ نہ دل اور جذبات کے ہاتھوں مجبور ہوا۔ اس کے سینے میں ایک دل دھڑکتا تھا۔ دل، دل ہی ہوتا ہے۔ پتھر نہیں ہوتا ہے۔

یہ ریزرو کمپارٹمنٹ تھا۔ عقرب کے ہم سفر میں ایک مرد ایک لڑکا اور تین عورتیں تھیں۔ یہ جیم خان کا تھا۔ ان کی بیوی کا نام فضیلہ بانو تھا۔ ان کا نوجوان بیٹا اس کی سترہ برس کی عمر ہو گی۔ دو لڑکیاں تھیں ں سے ایک لڑکی جو بڑی تھی اس کا نام چاندنی تھا۔ وہ بیس برس کے لگ بھگ ہو گی۔ دوسری بیٹی کا نارہ تھا وہ اٹھارہ برس کی ہو گی۔ ان کے پاس بڑا مختصر سا سامان تھا۔ وہ پشاور شہر جا رہے تھے ان کے ناشتہ دان بھی نہ تھا۔ اتنے لمبے سفر پر جانے والوں کے پاس نہ صرف سامان زیادہ ہوتا تھا بلکہ دو وقتوں انا بھی لے کر چلتے تھے۔

عقرب سب سے پہلے پہنچا تھا۔ گاڑی کی روانگی سے سات منٹ پہلے یہ کنبہ پہنچا تھا۔ ان تمام پر ایک عجیب وحشت سوار تھی ان پر سراسیمگی کی سی کیفیت طاری تھی۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ کسی بت سے خوف زدہ ہوں اور وہ ان کے تعاقب میں ہو۔ ان کے پاس ایک بڑا صندوق، ایک دستی اور صرف ایک بستر تھا۔

جیم خان بہت الجھے الجھے، فکرمند، پریشان اور ہراساں سے لگ رہے تھے۔ یہ سارا کنبہ اپنے لباس نام قسم کا لگ رہا تھا۔ ان کی بیوی اور بڑی بیٹی سخت پردے میں تھیں۔ انہوں نے کالے رنگ کا عربی برقع ا تھا۔ جب کہ چھوٹی لڑکی چادر میں تھی۔ ماں اور بیٹیوں کے ہاتھ اور پیر جو بے نقاب تھے ان سے ان کی ظاہر تھی۔ بہت خوبصورت، گورے گورے اور سڈول ہاتھ تھے جسم بھی چھریرے اور متناسب

تھے۔قامت بھی ساڑھے پانچ فٹ کے لگ بھگ تھی جس کی وجہ سے ان کا پرشکوہ سراپا بے
ہو گیا تھا اور قیامت ڈھا رہا تھا۔

جب تک گاڑی کراچی کینٹ اسٹیشن سے روانہ نہیں ہوئی تھی اس وقت تک جیم خان نو
نظروں سے باہر جھانکتے رہے تھے۔ان کے چہرے کا رنگ اڑا ہوا تھا۔ان کے سارے جسم میں
اور ایک بے چینی سی تھی۔گاڑی کی روانگی کے تھوڑی دیر بعد ان کے اعصاب معمول پر آ
تھے۔کچھ دیر کے بعد وہ قدرے پرسکون نظر آنے لگے تھے۔

عروج کے گھر والوں نے ایک بہت بڑا ٹفن ساتھ رکھ دیا تھا۔اس میں دو وقتوں کا اتنا سارا کھا
کہ چھ سات آدمی سیر ہو کر کھا سکتے تھے۔جب کھانے کا وقت آیا تو جیم خان ایک ریلوے اسٹیشن
چھولے اور روٹیاں خریدنے لگے تو عقرب نے انہیں منع کر دیا۔اس کے پاس بہت سارا کھانا تھا
نے کھانے میں ان سب کو شریک کر لیا۔

جیم خان نے اسے اپنے بارے میں جو کچھ بتایا تھا اس میں صداقت کم تھی۔انہوں نے اسے
تھا کہ وہ پشاور ایک عزیز کی بیٹی کی شادی میں شرکت کے لیے جا رہے ہیں لیکن بات کچھ اور تھی۔
ایک نیک، متقی، پرہیز گار، تہجد گزار اور بااصول شخص تھے۔ایسا شخص سچا کھرا اور برائیوں کے سخت خلا
ہوتا ہے۔ان کے محلے میں زردار خان تھا۔وہ ایک جرائم پیشہ شخص تھا۔اس سے سارا محلہ پریشان تھا
خان کی بنارس کالونی ہی میں جوتوں و چپلوں کی ایک چھوٹی سی دکان تھی۔وہ اس لیے خوب چلتی تھی
بہت کم منافع لیتے اور معیاری چیز رکھتے تھے۔کم منافع کے باعث انہیں زندگی بڑی سادگی اور قناعت
گزارنا پڑ رہی تھی۔وہ خوش تھے اور ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کرتے تھے۔وہ اس قتل کے عینی گواہ تھے
زردار خان نے کیا تھا۔جب وہ دکان بند کر کے رات دس بجے گھر لوٹ رہے تھے تب انہوں نے
دیکھا تھا کہ زردار خان نے ایک ویران اور سنسان گلی میں حاکم خان کو ریوالور سے نشانہ بنا کر ہلا
کر دیا۔محلے کے دو اور آدمیوں نے بھی دیکھا تھا۔مقتول کے لواحقین نے قاتل کے خلاف ایف آ
آر کٹوا دی تھی۔زردار خان نے عینی گواہوں کو دھمکی دی تھی کہ اگر انہوں نے اس کے خلاف عدالت
پولیس میں گواہی دی تو اس کی جان و مال کی خیر نہ ہوگی۔جیم خان نے تھانے اور عدالت میں عینی گواہ
اس کے خلاف گواہی دی تھی جس پر وہ ان کا سخت دشمن ہو گیا۔زردار خان ابھی تک گرفتار نہ
تھا۔کیوں کہ وہ پولیس کی کالی بھیڑوں کی بدولت آزاد اور دندناتا پھر رہا تھا۔وہ نہ صرف منشیات فرو
تھا بلکہ اسلحہ بھی کرائے پر دیتا اور بیچتا تھا۔اس نے دھمکی دی تھی کہ وہ ان کی دونوں بیٹیوں کو اغوا کر کے
جائے گا۔ایک رات اس نے ان کے گھر پر اپنے دو ساتھیوں کی مدد سے دھاوا بول دیا تھا خوش قسمتی
اس رات وہ اور ان کی بیوی اور بچیاں گھر پر نہیں تھیں۔شادی کی ایک تقریب میں گئی ہوئی تھیں زردار خا
نے دوسرے دن کہلا بھیجا تھا کہ آئندہ پیشی پر وہ عدالت میں منحرف ہو جائیں۔ورنہ ان کی بیٹیوں کو
صرف اغوا کر لیا جائے گا بلکہ لڑکے کو ہلاک کر کے اس کی لاش بنارس کالونی کے چوراہے پر پھینک
جائے گی۔پہلے تو انہوں نے سوچا کہ کیوں نہ وہ پولیس کی مدد طلب کریں لیکن وہ جانتے تھے کہ اس



حاصل نہ ہوگا۔کیوں کہ زردار خان زیادہ طاقت ور اور بااثر ہے۔جرائم پیشہ ہونے کے ناتے ہر ماہ
بھیڑوں کی مٹھی گرم کرتا رہتا ہے۔انہیں اپنی جان کا کوئی خوف نہیں تھا۔انہیں اپنی جوان بیٹیوں کی
آبرو اپنی جان سے زیادہ عزیز تھی۔اس لیے انہوں نے یہ شہر چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔

انہوں نے جو منصوبہ بنایا اس کے بارے میں کسی دوست یا پڑوسی کو بھی اعتماد میں نہیں لیا
بیوی اور بیٹیوں کے سوا کسی کو بھی اس بات کی خبر نہ تھی۔حتیٰ کہ بیٹے کو بھی اعتماد میں نہیں لیا
سب سے پہلے انہوں نے ریلوے اسٹیشن جا کر ٹکٹیں بک کرائیں۔ان کا ایک دوست جو قصبہ موڑ
تا تھا اس کے پاس ایک ٹیکسی تھی۔اسے رات تین بجے بلا لیا۔انہوں نے بیوی بچیوں کو سختی سے
کر دی تھی کہ زیادہ سامان نہ لیں ورنہ محلے والوں کو شبہ ہو جائے گا کہ وہ ہمیشہ کے لیے گھر چھوڑ کر
ہے ہیں بالفرض محال کسی پڑوسی کو معلوم ہو گیا اور اس نے پوچھا تو وہ کہہ دیں گے حیدر آباد ایک
کی بیٹی کی شادی میں شرکت کے لیے جا رہے ہیں۔ان کے علم میں یہ بات آ چکی تھی کہ زردار
نے محلے میں دو ایک بدمعاشوں کو مخبر کے طور پر لگا دیا ہے۔رات میں وہ مخبری کرنے سے رہے
سے پہلے انہوں نے اپنی دکان کے بوڑھے ملازم کو اعتماد میں لیا۔وہ سولہ برس سے ان کے ساتھ
دکان پر تھا۔وہ جب بھی یعنی سال دو سال میں اپنی بیوی اور بچوں کے ہمراہ پشاور جاتے تھے تو گھر
چابیاں اور گھر اس کے حوالے کر جاتے تھے۔وہ ان کا نیک اور بااعتماد اور جانثار ملازم
انہوں نے اس سے کہا تھا کہ وہ واپسی کے بارے میں خط لکھ کر بتائیں گے۔وہ دکان اور گھر
ل لے اپنی بیوی بیٹی اور بہو کو لا کر رکھ لے۔انہوں نے ایک رقعہ بھی اس کے نام لکھ دیا تھا تا کہ
اسے پریشان نہ کر سکے۔

چونکہ گاڑی کی روانگی میں خاصی دیر تھی اس لیے وہ اپنے ٹیکسی ڈرائیور کے ایک دوست کے
میں آ گئے جس میں وہ تنہا رہتا تھا۔وہ گھر پر نہیں تھا پنجاب اپنے گھر کچھ دنوں کے لیے گیا ہوا
وہاں صرف چائے اور بسکٹ سے پیٹ بھرا گیا۔وہ سب ہراساں، فکرمند اور پریشان تھے ان کے
صرف چھ ہزار کی رقم تھی۔پشاور پہنچ کر اس رقم سے انہیں اپنی نئی زندگی کا آغاز کرنا تھا۔پشاور میں
ایک بیاہی ہوئی بہن رہتی تھی۔وہ سال دو سال میں بہن اور اس کے شوہر اور بچوں سے ملنے
تے تھے۔کبھی بہن بھی آ جاتی تھی۔

ڈبے میں روشنی کبھی بالکل مدھم پڑ جاتی کبھی اتنی تیز ہو جاتی کہ آنکھیں چکا چوند ہونے لگتیں۔
جاگ رہا تھا۔گاڑی اندھیرے میں اپنا سفر تیزی سے طے کر رہی تھی۔ادھر اچھی خاصی گنجائش اس
ہوئی تھی کہ دو نشستیں جو کھڑکی کے پاس بغیر برتھ کی تھیں وہ عقرب نے ٹکٹ چیکر کی مٹھی گرم کر کے لے
ان دو مسافروں کو حیدر آباد سے سوار ہو کر پشاور جانا تھا۔لڑکا سب سے نیچے والی برتھ پر، جیم خان
کی بیوی درمیان والی اور سب سے اوپر والی دونوں برتھوں میں سے ایک برتھ پر چاندنی اور دوسری
ستارہ کو دے دی گئی تھی۔سب سے نیچے والی برتھ خالی تھی وہ عقرب کی تھی لیکن عقرب ان دو نشستوں
اس جو کھڑکی کے پاس آ گیا تھیں۔اس نے ایک نشست سے پیٹھ ٹکائی اور دوسری نشست پر دونوں

پیر رکھ دیئے۔

ستارہ دیوار کی طرف منہ کیے سو رہی تھی۔اس کا جسم اور سراپا چادر سے ڈھکا ہوا تھا۔ان
کونے میں دیوار سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔اس نے اب بھی برقع اتارا اور نہ چہرے سے نقا
تھا۔صرف اس نے ستارہ کا چہرہ دیکھا تھا جو بہت خوبصورت تھی۔عقرب نے چاندنی کا بھی چہرہ
کوشش نہیں کی تھی۔وہ کھانے کے دوران نوالہ نقاب میں لے جاتی تھی اور پانی بھی اسی طرح
اسے یہ بات مناسب لگی تھی کہ وہ ان تینوں عورتوں کے چہرے دیکھے۔اس نے بڑا پاس لحاظ کیا تھا
بات کو جیم خان نے بھی محسوس کیا۔ان کے دل میں عقرب کی بڑی عزت اور احترام پیدا ہو گیا۔انہوں
اسے آج کے عام نوجوانوں سے ہٹ کر اور بڑا نیک پایا۔بے حد مخلص بھی ثابت ہوا تھا۔اس نے
آنے تک چائے اور مشروبات اپنی جیب سے پلائی تھیں اور انہیں ایک پیسہ بھی خرچ کرنے نہیں دیا
بڑے شرمندہ سے رہے۔ان کی آنکھ لگ جاتی لیکن وہ ہر دس منٹ کے بعد خوف سے جاگ اٹھتے
متوحش نظروں سے ادھر ادھر دیکھتے۔انہوں نے کئی بار عقرب کو دیکھا جو جاگ رہا اور کھڑکی
جھانک رہا تھا۔انہوں نے رات کے کسی بھی لمحے عقرب کو ان کی لڑکیوں کی طرف دیکھتے ہوئے نہیں
تھا۔پھر وہ مطمئن سے ہو جاتے اور ان کی آنکھ لگ جاتی ان کے دل میں جو ایک خوف دامن گیر تھا
ہو جاتا۔انہیں ایک دھڑکا سا لگا ہوا تھا کہ زردار خان ان کی تلاش اور تعاقب میں ہے۔وہ کسی بھی
کی بیٹیوں کو اغوا کرنے کے لیے آ سکتا ہے۔شاید اسے کسی نہ کسی طرح معلوم ہو گیا ہے کہ وہ اپنی
بچوں سمیت فرار ہو گئے ہیں۔مخبروں نے شاید اطلاع دے دی ہوگی۔"

چاندنی نے ابھی تک نقاب ڈھیلی نہیں کی تھی کھانا ان دونوں کو جب بھی دیا گیا انہوں نے آ
بیٹھ کر کھایا تھا چاندنی گھٹی بیٹھی ہوئی تھی۔جیم خان اس سے دو تین بار سرگوشی میں آہستگی سے کہہ بھی
تھے کہ......اب اتنے سخت پردے کی ضرورت نہیں ہے۔خطرہ ٹل چکا ہے۔سفر میں اتنا سخت پردہ نہیں
جاتا ہے لیکن چاندنی نے باپ کی نہ سنی تھی۔

عقرب نے جو کھڑکی کی طرف منہ کیا ہوا تھا اس نے ایسا ظاہر کیا کہ جیسے اسے نیند کا غلبہ ہو۔
کے بعد چاندنی اوپر والی برتھ سے نیچے آ گئی۔اسے برقعے میں ملبوس ہونے اور اوپر بیٹھنے کی وجہ سے
اور گھٹن محسوس ہو رہی تھی۔صندوق جو زیادہ چوڑا ہونے کی وجہ سے برتھ کے نیچے سے اس قدر نکل آیا
کہ اس پر ایک شخص بیٹھ سکتا تھا۔وہ کھڑکی کے پاس ہی تھا۔چاندنی اس پر بیٹھ گئی تا کہ تازہ ہوا میں سانس
لے سکے۔کھڑکی کھلی ہوئی تھی۔ہوا سے اس کی نقاب اڑی اڑی جاتی تھی۔اس نے عقرب کی طرف
اور ہاتھ سے اپنی نقاب روک لی۔جب اس نے محسوس کیا کہ عقرب نیند کی آغوش میں ہے پھر اس
ہاتھ ہٹا لیا اور اڑتی نقاب سے اس کا چہرہ جلنے لگا اس بلب کی طرح جو ایک لمحے روشن ہوتا ہے اور دوسرے
لمحے بجھ جاتا ہے یا پھر ان بدلیوں کی طرح جو کبھی چاند پر چھا جاتی ہیں کبھی چاند ان پر۔چاندنی چودھویں
چاند تھی۔حسن بے مثال اور ایسا حسن تھا کہ نظر لگ جائے۔اس کی آنکھیں جھکی ہوئی تھیں اور چہرے
خوابیدگی طاری تھی۔شہابی رنگت پر ایک دھند سی غالب تھی۔وہ کیا سوچ رہی ہے وہ عقرب کے ذہن



ل ہو رہا تھا۔وہ سوچ رہی تھی کہ یہ فرشتہ صفت نوجوان کون ہے۔آخر اس نے ان لوگوں کی اتنی خاطر
رت کس لیے کی؟ کہیں وہ اس کے حسن و جمال سے متاثر ہو کر تو نہیں۔نہیں ایسی بات نہیں ہے۔اس
ں نے کسی لمحے نظر بھر کے بھی نہیں دیکھا۔اب ہم لوگ پشاور جا رہے ہیں۔ابو کو کیا ضرورت تھی اس
ل کے خلاف گواہی دینے کی۔سچ بولنے کی کتنی بڑی قیمت ادا کرنا پڑتی ہے۔اس رات وہ بدمعاش
ے اور اس کی بہن کو اغوا کرنے کے لیے آئے تھے تا کہ ان کی بے حرمتی کر کے باپ کو اذیت ناک سزا
ے سکیں۔قدرت نے ان کی عزت و آبرو سلامت رکھی۔ایک اتفاق نے انہیں بچا لیا۔ایک جرائم پیشہ
ا کا یہ بدترین دشمن بن گیا ہے۔کیوں کہ اس بدمعاش پر فرد جرم عائد کر دی گئی تھی۔وہ چاہتا ہے کہ اس
ے ابو منحرف ہو جائیں تا کہ وہ پھانسی کی سزا سے بچ جائے۔اس کے ابو نے بھی صاف کہہ دیا تھا کہ وہ
جائیں گے لیکن ہرگز ہرگز منحرف نہیں ہوں گے۔

جب تک چاندنی صندوق پر کھڑکی کے پاس بیٹھی رہی تو ڈبے میں جیسے چاندنی چٹکتی رہی۔پھر وہ
ر والے برتھ پر چلی گئی۔کونے میں سکڑ اور سمٹ کر بیٹھ گئی۔پھر اس کی آنکھ لگ گئی پھر عقرب اٹھا تا کہ
چے والی جو برتھ خالی ہے اس پر سو جائے۔ذرا کمر سیدھی کر لے دائیں جانب کی سب سے نیچے والی برتھ
یم خان محو خواب تھے۔

عقرب سونے کے لیے دراز ہو گیا۔جلد ہی اس کی آنکھ لگ گئی۔پھر اس کی آنکھ کھل گئی۔اس نے
یکھا۔ڈبے کا نقشہ ہی بدلا ہوا تھا۔اس پورے ریزرویشن ڈبے میں اس نے چار مسلح بدمعاشوں کو دیکھا
چہروں پر ڈھاٹے باندھے ہوئے تھے۔ان کی آنکھیں خون خوار درندوں کی طرح چمک رہی تھیں۔ان
ں سے دو بدمعاشوں نے دونوں سروں پر مورچہ بنایا ہوا تھا۔ان کے ہاتھوں میں کلاشنکوفیں
یں۔دو بدمعاش جنہوں نے جیم خان کے کنپٹی کو نشانے کی زد میں لیا ہوا تھا۔ان میں سے ایک تڑختے
ئے لہجے میں کہہ رہا تھا۔"اگر کسی مسافر نے زنجیر کھینچی۔چالاکی اور ہوشیاری دکھائی تو مردوں میں سے
ے بھی نہیں بچ سکے گا۔ان کی عورتوں کی زندگی پامال کر دی جائے گی۔عورت جا ہے۔جس عمر کی بھی
اس کی عزت محفوظ نہیں رہ سکے گی۔"

جیم خان دونوں برتھوں کے درمیان فرش پر کھڑے تھے ان کی بیوی لڑکا اور دونوں لڑکیاں ان کے
یچھے سہمی ہوئی سی کھڑی تھیں۔ماں اور بیٹیوں کے برقعے ان بدمعاشوں نے نوچ کر ایک طرف ڈال
یئے تھے جیم خان چٹان بنے ہوئے تھے۔ان کے چہرے اور آنکھوں میں خوف و دہشت کا نام و نشان
ہ نہ تھا۔عورتیں تھر تھر کانپ رہی تھیں۔

"جیم خان!" زردار خان استہزائی لہجے میں کہنے لگا۔"تم چوروں اور بزدلوں کی طرح اپنی بیوی
بچوں کو لے کر منہ اندھیرے فرار ہو گئے۔لیکن تم یہ بھول گئے کہ زردار خان کے ہاتھ بہت لمبے
یں۔کوئی اس کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتا۔اسے کوئی بے وقوف نہیں بنا سکتا۔مجھے اطلاع ذرا
ر سے ملی۔راستے میں گاڑی خراب ہو گئی۔ورنہ ہم تمہیں روہڑی اسٹیشن پر چھاپ لیتے۔کوئی بات نہیں۔
یں اپنی اس محنت کا نہ صرف میٹھا بلکہ خوبصورت پھل ملنے والا ہے۔"

''زردار خان!'' جیم خان نے بڑے پرسکون لہجے میں کہا۔ ''میں تمہارا دشمن ہوں۔ میری بیوی اور بچے نہیں ہیں۔''

''ہم تمہاری بیوی اور بچیوں کو اس وقت تک لے جا کر رکھیں گے جب تک تم عدالت میں اپنے سابقہ بیان سے منحرف نہیں ہو جاتے اس وقت تک ہم ان کی مہمان داری کرتے رہیں گے۔ پہلے تو ارادہ نہیں تھا کہ تمہاری بیوی کو بھی اغوا کر کے لے جائیں کیوں کہ ہم نے پوری بنارس کالونی میں صرف تمہاری لڑکیوں کے حسن و جمال کے چرچے سنے تھے۔ تمہاری بیوی کے بارے میں نہیں سنا تھا۔ لیکن تمہاری بیوی۔ اس عمر میں بہت حسین اور لاجواب چیز ہے۔ اپنی بیٹیوں کی بڑی بہن لگتی ہے۔''

''زردار خان!'' جیم خان نے نفرت اور غصے سے کہا۔ ''تم کچھ بھی کر لو لیکن میں اپنے بیان سے منحرف نہیں ہوں گا۔ تم آدمی نہیں ہو۔ ملعون ہو۔ خبردار! جو تم نے میری بیوی اور بچیوں کو ہاتھ لگایا یا بری نظروں سے دیکھا۔''

''ارے میں کب ان بچیوں اور تمہاری بیوی کو بری نظروں سے دیکھ رہا ہوں۔ بہت پیاری اور محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا ہوں اور ان کے حسن و شباب کی داد دے رہا ہوں۔ یہ تو بجلیاں ہیں۔ بجلیاں...... میرے دل پر گر رہی ہیں۔''

''خان......'' زردار خان کے ساتھی نے کہا۔ ''اتنی باتیں کرنے اور وقت ضائع کرنے سے کیا حاصل......؟ تم اسے گولی مار کر کھڑکی سے باہر پھینک دو۔ اس کی بیوی اور بچیوں کو لے چلو۔ دیکھو۔ ہماری گاڑی بھی ساتھ ساتھ چلی آ رہی ہے۔''

''اسے قتل کرنے سے بات بنی ہوتی تو میں اسے کب کا قتل کر چکا ہوتا۔ عدالت میں اس کی گواہی جو ہے وہ مجھے پھانسی تک پہنچا دے گی۔ اسے قتل کرنے سے میرے خلاف کیس اور مضبوط ہو جائے گا۔ اس لیے اس کا عدالت میں منحرف ہونا بہت ضروری ہے۔''

''تو پھر ایسا کرو کہ اسے بھی ساتھ لے چلو۔ جب ہم ان کی نظروں کے سامنے اس کی بیوی اور بچیوں سے دل بہلائیں گے تو پھر یہ آپ ہی آپ راہ راست پر آ جائے گا نیک کام میں دیر مت کرو۔'' زردار خان کے ساتھی نے مشورہ دیا۔

''تم ٹھیک کہہ رہے ہو۔ لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے ہیں۔'' زردار خان نے تائیدی لہجے میں کہا۔

''میرا خیال ہے کہ جو اسٹیشن آنے والا ہے وہ یہاں سے ابھی خاصا دور ہے لہٰذا زنجیر کھینچ لو۔ پھر ان دونوں کو بلا لو۔ اس کے سر پر بٹ دے مارو تا کہ بے ہوش ہو جائے۔ ہم سب ایک ایک لڑکی کو کندھے پر ڈال کر اتر جاتے ہیں میں جیم خان کو اٹھا لوں گا۔ لڑکے کو رہنے دو۔ وہ پہلے ہی بے ہوش ہو چکا ہے۔'' زردار خان نے کہا۔

زردار خان کے ساتھی نے آگے بڑھ کر زنجیر کھینچی لیکن زنجیر کھنچ نہ سکی۔ وہ ایک دم سے اسے جام لگی۔ اس نے پورا زور لگا دیا پھر بھی زنجیر جنبش تک نہ کر سکی۔



''زردار خان!......'' جیم خان نے ہذیانی لہجے میں کہا۔ ''کچھ تو خوف خدا کرو۔ مجھے مار ڈالو۔ لیکن میری بیوی اور بچیوں کو ہاتھ نہ لگاؤ۔ ان کا کیا قصور ہے ان کی عزت سے تو نہ کھیلو یہ معصوم بچیاں ہیں۔''

''ابا جان۔'' چاندنی نے بڑے حوصلے اور بے خوفی سے کہا۔ ''آپ ایک خبیث، کمینے شخص سے رحم کی بھیک مانگ رہے ہیں۔ آپ ایسا نہ کریں۔ ہم مر جائیں گی لیکن اپنی عزت پر آنچ آنے نہیں دیں گی۔''

''ہاں ابو۔'' ستارہ بھی بول اٹھی۔ ''یہ ہمیں ہاتھ تو لگا کر دیکھیں۔ ہم ان کی آنکھیں پھوڑ دیں گی اور نکالی جائیں گی۔''

''زندگی اور موت۔ عزت و ذلت اوپر والے کے ہاتھ میں ہے۔ اللہ پر بھروسا رکھیں۔ یہ ہمارا بال بیکا نہیں کر سکیں گے۔'' فضیلہ بانو نے کہا۔ ''ان حرام زادوں کو شاید اب تک کسی عزت دار عورت سے واسطہ نہیں پڑا ہے۔''

''زردار خان!'' اس کے ساتھی نے کہا۔ ''زنجیر بالکل کام نہیں کر رہی ہے بالکل جام ہو چکی ہے۔ کیا کریں؟''

''میٹھے خان سے جا کر کہو کہ وہ فوراً ہی برابر والے کمپارٹمنٹ میں جا کر زنجیر کھینچ لے۔'' زردار خان نے کہا۔

ڈبے میں سارے مسافر دم بخود اور خوف زدہ تھے۔ وہ سب کچھ سن رہے تھے۔ ان میں جوان اور لڑکے بھی تھے۔ لیکن وہ ان چار مسلح بدمعاشوں کی وجہ سے خاموش اور مجبور تھے۔ ان بدمعاشوں کے ہاتھوں میں کلاشنکوفیں تھیں۔ ان میں سے کوئی بھی آگے بڑھ کر اور دخل دے کر اپنی موت کو دعوت دینا نہیں چاہتا تھا۔

عقرب ایک طرف خاموشی سے کھڑا ہوا سن رہا تھا۔ ابھی وہ دخل اندازی کرنا اور ان بدمعاشوں کو سکھانا نہیں چاہتا تھا۔ جیسے وہ تماشا دیکھ رہا تھا۔ وہ ان عورتوں کا جذبہ بے خوفی اور عزم و حوصلہ دیکھ کر خوش ہو گیا تھا۔

اچانک گاڑی کی رفتار کم ہونے لگی تو زردار خان نے پوچھا۔ ''کیا کوئی اسٹیشن آ رہا ہے؟''

اس کے ساتھی نے کھڑکی میں سے اپنا نصف جسم نکال کر جھانکا پھر اس کے پاس آ کر کہا۔ ''اسٹیشن آ رہا ہے سگنل بند ہے۔''

''تو پھر جلدی کرو۔'' زردار خان نے کہا۔ پھر وہ جیم خان کی طرف منہ کر کے بولا۔ ''اب تم شرافت سے چل رہے ہو یا ہم تم سب کو قربانی کے جانوروں کی طرح لے جائیں......؟''

''میرا مشورہ تو یہ ہے کہ تم لوگ جس طرح آئے ہو اسی طرح شرافت سے واپس چلے جاؤ۔'' عقرب نے اچانک کہا۔

زردار خان اور اس کے ساتھی نے چونک کر اس کی شکل دیکھی۔ پھر زردار خان غرایا۔ ''تم کون ہو......؟''

''میں ان کا بھتیجا ہوں۔'' عقرب نے سخت لہجے میں جواب دیا۔ ''ان میں سے کوئی ایک بھی

تمہارے ساتھ نہیں جائے گا۔"

زردار خان قہقہہ مار کر بڑے زور سے ہنسا۔ اس نے عقرب کے کندھے پر اپنا ہاتھ رکھا
آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں۔ "تم ایک فلمی ہیرو کی طرح بات کر رہے ہو۔ یہ کوئی فلم
ہے۔ لگتا ہے کہ تم ان کی بیٹی کے عاشق ہو۔"

"میں کوئی ہیرو نہیں ہوں۔ نہ مجھے ہیرو بننے کی ضرورت ہے ان کی دونوں بیٹیاں
باعث عزت واحترام ہیں۔ میں ان کی بیٹیوں اور اپنی چچی کی عزت و آبرو کو تم جیسے خبیثوں
برباد ہوتے نہیں دیکھ سکتا۔" عقرب نے اپنے کندھے سے اس کا ہاتھ جھٹک دیا۔ "یہ تم نہیں بول
ہو تمہاری شامت بول رہی ہے۔" زردار خان نے کہا۔ "تم کیا چیز ہو۔ ہم تمہیں اٹھا کر کھڑکی
پھینک دیں گے۔ تمہاری یہ بہادری اور شیخی دھری رہ جائے گی تم ایک طرف کھڑے ہو جاؤ۔"

عقرب جیم خان کے آگے کھڑا ہو گیا۔ وہ ڈھال بن گیا تھا۔ "تمہارے دل میں یہ آرزو
کر کے دیکھ لو۔"

زردار خان نے عقرب کے سینے پر کلاشنکوف کی نال رکھ دی تو جیم خان، فضیلہ بانو، چاند
ستارہ کی چیخیں نکل گئیں چاندنی ہذیانی لہجے میں چلائی۔ "نہیں۔ نہیں۔ انہیں نہیں مارو۔"

"اس سے کہو کہ وہ ایک طرف ہٹ جائے ورنہ میں اسے شوٹ کر دوں گا۔" زردار خان
کھاتے ہوئے کہا۔

"مگر تم نے تو کہا تھا کہ مجھے کھڑکی سے باہر پھینک دو گے۔" عقرب نے کہا۔ "پھینک کیوں
دیتے ہو؟"

"پہلے ہم ان سے نمٹ لیں۔" زردار خان نے برہمی سے کہا۔ "آخر میں تمہاری باری آئے گی۔"

عقرب ایک طرف ہٹ کر کھڑا ہو گیا تو زردار خان نے اپنے ان دونوں ساتھیوں کو آواز د
بلا لیا جو دروازوں پر کھڑے پہرہ دے رہے تھے اور مسافروں پر نظر رکھے ہوئے تھے۔ زردار خان
جیم خان کی طرف بڑھا تو عقرب نے ان سے کہا۔ "آپ لوگوں کو ڈرنے اور گھبرانے کی ضرور
نہیں۔ یہ آپ لوگوں کو ہاتھ لگاتے ہیں تو لگانے دیں۔"

زردار خان نے آگے بڑھ کر جیسے ہی جیم خان کا ہاتھ پکڑا اسے کرنٹ لگا۔ اسے ایسا لگا جیسے اس
بجلی کی ننگی تار کو چھو لیا ہو۔ اس نے فوراً ہی اپنا ہاتھ ہٹا لیا۔ اسے جیسے یقین نہیں آیا۔ پھر اس نے ا
دوسرے ہاتھ سے جیم خان کا دوسرا ہاتھ پکڑا تو پھر اسے زوردار کرنٹ لگا۔ پھر وہ اچھل پڑا۔ اس کی آنکھ
حیرت اور خوف سے پھیل گئیں۔ اس کی کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ اسے کرنٹ کیوں لگا۔ جیم خان کے سار
جسم میں کرنٹ دوڑ رہا ہے؟

"کیا ہوا زردار خان!......؟" اس کے ساتھی نے حیرت سے پوچھا۔ "تم نے اپنے ہاتھ اتنی
سے کیوں جھٹکے......؟"

"معلوم نہیں کیا بات ہے۔ اسے دو مرتبہ ہاتھ لگایا تو دونوں مرتبہ کرنٹ لگا۔" زردار خان



ب دیا۔

"تمہیں وہم ہو گیا۔ چلو ہٹو۔ میں اسے پکڑ کر دیکھتا ہوں۔" اس کے ساتھی نے کہا۔

اس نے جیسے ہی آگے بڑھ کر جیم خان کا ہاتھ پکڑا اسے ایسا زبردست برقی جھٹکا لگا کہ وہ اچھل کر
ت سے جا لگا اور فرش پر دھڑام سے آ رہا۔ اس کے ہاتھ سے کلاشنکوف چھوٹ کر فرش پر گر گئی۔ اس برقی
نے اس کے سارے جسم میں خون جیسے خشک کر دیا اور وہ بری طرح دہشت زدہ ہو گیا۔ فرش پر گرنے
اس کے جسم میں سخت چوٹیں آئی تھیں۔ وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے جیم خان کو دیکھنے لگا۔ اسے یقین نہیں
زردار خان نے اس سے غلط نہیں کہا تھا۔

عقرب نے زردار خان کی طرف دیکھا۔ جیم خان ان کی بیوی لڑکا اور لڑکیاں بھی حیران تھیں۔ یہ کیا
ان کے جسم کو ہاتھ لگاتے ہی ان بدمعاشوں کو کرنٹ کیسے اور کیوں کر لگا۔ جب کہ ایسی کوئی بات
نے ان میں محسوس نہیں کی تھی وہ ان کے ساتھ ہی کھڑے ہوئے تھے اور جسم بھی مس ہو رہا تھا۔ ان
زیادہ حیران پریشان اور ہراساں زردار خان اور اس کے ساتھی تھے۔ زردار خان کے ساتھی نے جیسے
پنی کلاشنکوف فرش سے اٹھائی اسے کرنٹ لگا۔ اس کی کلاشنکوف میں بھی کرنٹ دوڑ رہا تھا۔ اسے
یک جھٹکا لگا۔

ان بدمعاشوں کو کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ آخر یہ سب کچھ کیا ہو رہا ہے۔ زردار خان اچانک جیم
کو دھکا دے کر چاندنی کی طرف لپکا تا کہ اسے اور ستارہ کو کھینچ کر لے جائے۔ ستارہ، چاندنی کے پیچھے
ی ہوئی تھی۔ اس نے چاندنی کا ہاتھ پکڑا۔ چاندنی کا ہاتھ پکڑتے ہی اسے جیسے دس ہزار وولٹ کا برقی
لگا۔ وہ فضا میں اڑتا ہوا مخالف سمت والی کھڑکی سے باہر جا گرا۔ اس کی چیخ گاڑی کے پہیوں کی گر
ہٹ میں دب گئی۔

زردار خان کے ساتھیوں نے جب اس کا یہ حشر دیکھا تو وہ دروازے کی طرف لپکے۔ انہوں نے
کلاشنکوفیں بھی نہیں اٹھائیں۔ پھر وہ دروازہ کھول کر چلتی گاڑی سے اتر گئے۔ اس وقت گاڑی کی رفتار
کم ہو گئی تھی اور ہوتی جا رہی تھی۔ عقرب نے تینوں کلاشنکوفیں اٹھا کر کھڑکی سے باہر پھینک دیں۔

ڈبے کے مسافروں نے یہ عجیب و غریب تماشا دیکھا۔ جو ان کے لیے انوکھا اور جادوئی تھا۔ یہ سب
انہیں کسی جادوئی فلم کے مناظر کی طرح لگا اور محسوس ہوا تھا جیم خان کی بھی وہی حالت کیفیت اور
سات تھے جو مسافروں اور ان کی بیوی بچوں کے تھے۔ اس تائید غیبی نے جیم خان کو اور ان کی بیوی اور
ں کی عزت و آبرو کو بچا لیا تھا۔

مسافروں میں سے ایک بزرگ نے آ کر کہا۔ "مجھے ایسا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کوئی نیک جن
ہ ہے۔ جس نے آپ کو اور آپ کے گھر کی عورتوں کی عزت و آبرو کو بچا لیا۔ جن ماموں نے اس
اش کو اٹھا کر کھڑکی سے اس طرح باہر پھینک دیا جیسے وہ پلاسٹک کا گڈا ہو۔"

"میرا بھی یہی خیال ہے۔" دوسرے صاحب بولے۔ "جنات کے کمالات کے میں نے بہت
واقعے نہ صرف سنے ہیں بلکہ اپنی آنکھوں سے بھی دیکھا ہے۔ مگر میں نے ایسا انوکھا واقعہ آج تک

نہیں دیکھا۔"

"کتنی عجیب سی بات ہے کہ میرے سارے جسم میں کرنٹ دوڑ رہا تھا لیکن بالکل
نہیں ہو رہا تھا۔" جیم خان نے کہا۔ "اس کے علاوہ ان کی کلاشنکوفیں فرش پر گریں۔ گرتے ہی ان
کرنٹ دوڑ گیا تھا۔"

"جن صاحب نے آپ کی اور آپ کے کنبے کی جانیں اور عزت بچانے کے لیے یہ کمال
ہے۔ نیک جنات جو ہوتے ہیں وہ نیک لوگوں کی اسی طرح مدد کرتے ہیں آپ بہت ہی نیک آدمی
ہیں۔"

"آپ کی بیٹی کے جسم میں اس قدر زوردار کرنٹ تھا کہ اس نے بدمعاش کو باہر ہی
دیا۔" ایک عمر رسیدہ عورت نے کہا۔ "چھ فٹ کے لمبے چوڑے آدمی کو ایک جن ہی اس طرح اٹھا کر
سکتا ہے۔"

"معلوم نہیں وہ زندہ ہے یا مر گیا! شاید مر گیا ہو۔ اسے مر جانا چاہیے۔" ایک اور صاحب بولے

"میرا خیال ہے کہ وہ زندہ ہے مرا نہیں ہوگا۔ اس کے جسم کی ہڈیاں اور ہاتھ پیر ٹوٹ گئے
گے۔ وہ ایک طرح سے معذور اور اپاہج ہو گیا ہوگا۔ میرے خیال میں اس کے تینوں ساتھی بھی چلتی گا
سے بدحواسی اور خوف زدہ ہو کر اترنے کی کوشش میں گر کر اپنی ہڈیاں تڑوا بیٹھے ہوں گے۔ صبح ہو
زردار خان اور اس کے ساتھی پولیس کے ہتھے چڑھ جائیں گے۔"

"اس ڈبے میں جن بابا نہ ہوتے تو ہم سب کی بھی شامت آ جاتی۔ آپ لوگ بھی آرام کریں
انہیں بھی آرام کرنے دیں۔"

جب سب اپنی اپنی نشستوں پر چلے گئے تب یہ لوگ بھی نہایت سکون واطمینان اور آرام سے
گئے۔ چاندنی، ستارہ اور فضیلہ بانو نے برقع پہننا ضروری نہیں سمجھا۔ جیم خان نے ا... بدمعاش سے
پانے کی خوشی میں سجدہ شکر ادا کیا۔ وہ برتھ پر بیٹھ کر سجدے میں گر گئے تھے جب انہوں نے سجدے
سر اٹھایا تو ان کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے تھے۔

"اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے۔" فضیلہ بانو نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھا دیئے۔ "ہم تیرا جتنا ش
کریں وہ کم ہے تیرا بڑا احسان ہے کہ تو نے ذلت و رسوائی سے بچایا۔ ہماری جانیں اور عزت
سلامت رکھی۔" پھر ان کی آواز بھرا گئی۔ آنکھیں بھی بھر آئیں۔

کچھ دیر تک خاموشی رہی۔ لیکن ڈبے میں مسافر چہ میگوئیاں اور اس واقعے پر اپنے اپنے خیالا
اظہار کر رہے تھے۔ تھوڑی دیر کے بعد چاندنی نے اپنے باپ سے کہا۔ "ابو! میں نے اس جن
آنکھوں سے دیکھا ہے جنہوں نے یہ کمالات دکھائے ہمارے جسموں میں اپنے جادو کے زور سے
پیدا کر دیا تاکہ یہ بدمعاش ہمیں ہاتھ نہ لگا سکیں۔"

"تم نے جن کہاں اور کیسے دیکھ لیا......؟" فضیلہ بانو نے چونک کر حیرت سے پوچھا۔

"جن صاحب ہم لوگوں کے ساتھ کھڑے تھے۔ وہ انسانی روپ میں تھے۔" چاندنی دل کش



لرائی تو عقرب کو ایسے لگا جیسے پورے ڈبے میں چاندنی چٹک گئی ہو۔

"وہ انسانی روپ میں تھے تو تم نے انہیں کیسے اور کیوں کر پہچان لیا؟" جیم خان کے چہرے پر
ب چھا گیا۔

"میں نے ان کی حرکات وسکنات سے جان لیا کہ یہ جن ہیں۔" چاندنی نے جواب دیا۔

"ان کی حرکات وسکنات کس قسم کی اور کیا تھیں......؟" جیم خان نے حیرت سے دریافت کیا۔

"وہ اپنی آنکھوں اور ہاتھوں سے پراسرار انداز اور غیر محسوس طریقے سے اشارے کر رہے تھے۔
ے ہونٹ بھی غیر محسوس انداز سے بدبدا رہے تھے ان کے جادو سے ہم سب کے جسموں میں کرنٹ
ے لگا تھا۔"

"لیکن وہ جن صاحب کہاں کھڑے ہوئے تھے اور وہ کیسے تھے؟" فضیلہ بانو نے پوچھا۔

"یہ تو جن صاحب ہیں۔" چاندنی نے مسکراتی نظروں سے عقرب کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"کیا......؟" ایک سنسنی سی دوڑ گئی لفظ کیا بیک وقت سب کی زبان سے نکلا تھا۔

"چاندنی!" فضیلہ بانو نے اسے تیز نظروں سے دیکھا۔ "یہ کوئی مذاق کا وقت ہے۔" پھر وہ عقرب
لیں۔ "معاف کرنا بیٹے! میری بیٹی کو ہر وقت مذاق سوجھتا رہتا ہے۔ آپ اس کی باتوں کا کچھ خیال
ں۔"

"امی! میں مذاق نہیں کر رہی ہوں۔" چاندنی سنجیدہ ہو گئی۔ "عقرب صاحب نے ہی ہم سب کو
ے یہ جن ہیں یا انسان ہیں یہی بتا سکتے ہیں۔ میرے خیال میں عقرب صاحب جن ہیں یا پھر کوئی
۔ آپ میں سے کسی نے یہ بات نوٹ نہیں کی کہ جب انہوں نے بدمعاشوں کی کلاشنکوفیں اٹھا کر
ہیں تب انہیں کرنٹ کیوں نہیں لگا۔ ایک بات اور یہ کہ آپ ابو کے سامنے ڈھال بن کر کھڑے
جب کہ کوئی دوسرا شخص ایسا نہیں کر سکتا۔ کیوں کہ ہر ایک کو اپنی زندگی عزیز ہوتی ہے۔"

سب کی نگاہیں عقرب پر مرکوز ہو گئیں۔ ان میں حیرت، خوف اور تجسس بھی تھا۔ عقرب نے
تے ہوئے کہا۔ "نہ تو میں جن ہوں اور نہ ہی کوئی جادوگر۔ میں آپ لوگوں کی طرح ایک عام قسم کا
ہوں۔ اصل بات یہ ہے کہ جس وقت زردار خان آپ سے باتیں کر رہا تھا اور دھمکیاں دے رہا تھا
ت میں نے اپنے جسم میں ایک عجیب سی سنسناہٹ محسوس کی۔ پھر میں نے ایسا محسوس کیا کہ کوئی
ہ وجود میں سما رہا ہے۔ پھر میں نے محسوس کیا کہ میرے وجود میں کوئی پوری طرح سما گیا ہے۔ پھر اس
نے مجھے آپ کی ڈھال بنا دیا۔ پھر میں ہٹ گیا۔ پھر میں نے بلکہ اس وجود نے اپنی آنکھوں سے
سب کو باری باری دیکھا۔ اس نے آپ کے جسموں میں اپنی آنکھوں سے برقی رو خارج کر کے
لمحے میں بھر دی تاکہ بدمعاش آپ میں سے کسی کو بھی اغوا کر کے لے جا نہ سکیں۔ اس لیے آپ کو اور
الو لے جا نہ سکے۔ آپ کو زردار خان نے ہاتھ لگایا تو اسے ایک ایسا زبردست برقی جھٹکا لگا کہ اس
وہ طبق روشن ہو گئے۔ جب اس ذلیل نے چاندنی کو ہاتھ لگایا تو میرے اندر کا وجود مشتعل
میں نے دیکھا کہ وہ وجود میرے وجود سے باہر آیا۔ پھر اس نے زردار خان کو اس طرح اٹھا لیا جیسے

وہ کھلونا ہو۔ پھر اسے گیند کی طرح کھڑکی سے باہر پھینک دیا۔ ہر کوئی سمجھا کہ اسے برقی جھٹکے۔ ۔ ۔ با
پھینک دیا۔ اس وجود نے بدمعاشوں کے ہاتھوں سے چھوٹ کر گری ہوئی کلاشنکوفوں میں بھی برا
دوڑا دی تھی۔ زردار خان کے تینوں ساتھی دہشت زدہ اور بدحواس ہو کر دروازے کی طرف لپکے۔ جب
چلتی گاڑی سے اترنے لگے تو اس وجود نے انہیں اس بری طرح اور اس طرح گرایا کہ وہ مریں نہیں ا
شدید زخمی ہو جائیں اور ان کے جسم کی ساری ہڈیاں ٹوٹ جائیں۔ اس وجود نے زنجیریں جام کر دی
اور اس وجود نے ان بدمعاشوں کی جیپ جس میں سے زردار خان ایک اسٹیشن پر اتر کر سوار ہوا تھا اور
گاڑی کے ساتھ ساتھ چل رہی تھی اسے بھی الٹ دیا۔ اس جیپ میں تین مسلح بدمعاش تھے۔ وہ بھی شد
زخمی ہو کر بے ہوش ہو گئے کچھ دیر کے بعد وہ وجود میرے وجود سے نکل گیا۔ اب میں اپنے آپ کو۔۔۔
ہلکا پھلکا سا محسوس کر رہا ہوں۔"

عقرب نے یہ سب کچھ قدرے تفصیل سے بتایا تو وہ سب اس کی باتوں سے مطمئن ہو گئے۔
ایسی منطقی باتیں تھیں کہ وہ جھٹلا نہیں سکتے تھے۔ عقرب نے محسوس کیا کہ چاندنی جتنی حسین ہے اتنی ہی ذ
بھی ہے۔

"ایک بات جو میری سمجھ میں نہیں آ رہی ہے وہ یہ کہ جن صاحب صرف آپ کے وجود میں کیوں
اور کس لیے سمائے تھے؟" چاندنی نے پوچھا۔ "یہاں اور لوگ بھی موجود تھے۔ انہوں نے اس میں۔۔۔
کسی اور کا انتخاب کس لیے نہیں کیا......؟"

"آپ کا سوال کچھ عجیب و غریب ہے۔" عقرب نے کہا۔ "کاش! جن صاحب یہ سن رہے ہوں
وہی اس سوال کا جواب دیں۔ وہی بتا بھی سکتے ہیں۔ اگر جن صاحب کا وجود آپ کے بھائی میں سما جاتا
تو شاید آپ پھر یہ سوال کرتیں کہ جن صاحب نے میرے بھائی کا انتخاب کیوں کیا۔ یہ جن صاحب
جانیں۔ معلوم نہیں اس میں جن صاحب کی کیا مصلحت تھی۔"

"لیکن میرا دل نجانے کیوں یہ بات نہیں مان رہا ہے کہ یہ کسی جن کا کارنامہ اور کمال تھا؟" چاندنی
نے کہا۔

"آپ کا دل کیوں نہیں مان رہا ہے......؟ کیا اس میں اب بھی کسی شک و شبہے کی کوئی گنجائش باقی
ہے؟" عقرب نے کہا۔

"جی ہاں......" چاندنی نے اپنا خوشنما سر ہلایا۔ "میرا خیال ہے کہ یہ جن صاحب کا کارنامہ ہرگز
نہیں ہے۔"

"پھر کس کا ہو سکتا ہے......؟" ستارہ شوخ لہجے میں بولی۔ "باجی! کہیں یہ آپ کا کارنامہ تو نہیں
ہے؟"

"عقرب صاحب۔ مجھے یہ عقرب صاحب کا کارنامہ معلوم ہوتا ہے۔ یہ مجھے جادوگر معلوم ہوتے
ہیں۔" چاندنی نے کہا۔

"آخر تم کس لیے یہ جن صاحب کا کارنامہ ماننے کے لیے تیار نہیں ہو؟" جیم خان نے کہا۔ "یہ



تم کس بنا پر کہہ رہی ہو؟"

"میں اس بنا پر کہہ رہی ہوں کہ عقرب صاحب کا تعلق کالام کے علاقے سے ہے۔" وہ بولی۔

"کالام کا باشندہ ہونے کا کیا یہ مطلب ہے کہ عقرب جادوگر واقع ہوئے ہیں؟" جیم خان نے
تعجب نظروں سے دیکھا۔

"ابو...... میں نے کالام کے بارے میں بہت کچھ پڑھا ہے۔ کالام کا علاقہ کالام کے نام سے زیادہ
ور قدیم علاقہ ہے۔" وہ کہنے لگی۔ "قدیم عہد میں آتش پرستی اور ناگ پرستی کے زمانے میں ان
ب کا مرکز رہا ہے۔ جہاں پر ناگا پال کی حکومت تھی اور جو پورے علاقے میں اپنی قوت اور جادو کے
شہور تھا۔ وقت کے ساتھ ساتھ جادوگروں میں کمی آتی گئی لیکن ابھی بھی باقیات موجود ہیں۔ جب
رس پیشتر آپ ہمیں سوات کی سیر کو لے گئے تو کالام میں لے گئے تھے اس کی وادیوں کی سیر کو گئے
زوڑ کی وادی میں جب ہم گھوم رہے تھے جانے کہاں سے ایک بہت بڑا اژدھا نکل آیا۔ اس وقت
ب کی حالت خراب ہو گئی۔ نظروں کے سامنے موت ناچنے لگی۔ یہ اژدھا کوئی بیس فٹ لمبا تھا۔ جب
ری طرف بڑھنے لگا تو ہم سب چیخیں مار کر بھاگنے کو تھے کہ ایک بہت ہی خوبصورت شخص جانے کہاں
ل آیا۔ اس نے ہمیں دلاسا دیا کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اس نے زمین پر سے ایک چھوٹا سا
ھا کر اس پر دے مارا۔ عجیب سی بات تھی کہ وہ اژدھا اس پتھر کی ضرب سہہ نہ سکا اور کسی کتے کی طرح
کر بھاگ گیا۔ اس محسن نے ہمیں اپنا نام سلیل بتایا۔ کیا عقرب صاحب کی شکل ان سے نہیں ملتی
"

فضیلہ بانو اور جیم خان نے چونک کر غور سے عقرب کی شکل دیکھی۔ "ہاں۔ ان میں سلیل صاحب
بت مشابہت ہے۔ جب ہم ڈبے میں سوار ہوئے تھے تب حواس میں کہاں تھے۔ بعد میں مجھے یہ شکل
ی لگی تھی۔ میں نے ذہن پر بہت زور دیا بہت سوچا کچھ یاد نہیں آیا۔ تمہاری یادداشت بڑے غضب
ہے بیٹی!...... کیوں بیٹے عقرب میری بیٹی ٹھیک کہہ رہی ہے؟ آپ سلیل کے بیٹے ہیں...... ہیں
؟"

"جی ہاں۔" عقرب ہنس پڑا۔ "واقعی چاندنی صاحبہ کی یادداشت بڑے غضب کی ہے۔ داد دینا
ہے۔"

"میری یادداشت بھی باجی سے کم نہیں ہے۔" ستارہ بولی۔ "سلیل صاحب نے ہم لوگوں کو اپنے
مدعو کیا تھا۔ پر تکلف مقامی کھانے کھلائے۔ ان کی امی کتنی خوبصورت اور پیاری تھیں کتنے اچھے
نے کھلائے۔ کتنی محبت سے پیش آئی تھیں۔"

"مجھے بھی یاد ہے۔" عقرب نے کہا۔ "آپ کا بٹوہ کہیں کھو گیا تھا اسے میں نے تلاش کر کے دیا
ں میں دس ہزار کی رقم تھی۔"

"ہاں یاد آیا۔" جیم خان نے کہا۔ "آپ کے والد نے جس طرح مدد کی آج آپ نے بھی کی۔ ہم
پ بیٹے کا یہ احسان ساری زندگی رہے گا ہم اسے کبھی بھول نہ سکیں گے۔"

"آپ کے ابو امی کے بارے میں سنا تھا کہ وہ دونوں بہت بڑے جادوگر ہیں۔ اب تو آپ اقرار کرلیں کہ آپ نے اپنے جادو کا کمال دکھایا تھا......؟" چاندنی نے کہا۔

"آپ کہتی ہیں تو میں اقرار کرلیتا ہوں۔" عقرب نے کہا۔ "بہتر ہے موضوع بدل دیں۔ ہم سفروں نے سن لیا تو پھر میں تماشا بن جاؤں گا۔"

"معلوم نہیں کیا بات تھی جو مجھے وادی سوات اور خصوصاً کالام کا علاقہ بہت پسند آیا اور آج بھی مجھے بہت پسند ہے۔" چاندنی کہنے لگی۔

"جب کہ یہ دس برس پہلے کی بات ہے ابو کراچی جانے سے پہلے اس خیال سے وادی سوات کی سیر و سیاحت کو لے کر آئے تھے کہ کراچی جا کر مستقل طور پر بس جانے کے بعد پھر یہ وادی دیکھنے کو نہیں ملے گی۔ لیکن مجھے آج بھی ایسا لگتا ہے کہ جیسے یہ کل کی بات ہو۔ اس علاقے میں کوئی سحر تھا جس نے اب بھی جکڑ رکھا ہے۔ اس علاقے کو جادونگری کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ ہم سب سے زیادہ دن کالام ہی میں رہے تھے۔ وہاں سے جانے کو دل نہیں چاہتا تھا۔ میں نے ابو سے بھی کہا تھا کہ وہ کراچی کا خیال دل سے نکال دیں۔ یہاں کوئی کاروبار کرلیں یہاں بس جائیں۔ لیکن ابو نے میری ایک نہ سنی۔"

"ہاں بیٹی...... میں نے کراچی میں مکان خرید کر اور دکان لے کر اپنی زندگی کی بہت بڑی غلطی کی جس کی سزا میں آج بھگت رہا ہوں۔" جیم خان نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "اس شہر میں بڑی اچھی آمدنی ہے گو یہ بہت بڑا شہر ہے۔ دولت کی افراط ہے لیکن اس شہر کے باشندے سکون کی دولت سے محروم ہیں۔ اصل دولت تو سکون ہے۔"

"اگر اب آپ کو احساس ہوگیا ہے تو آپ کیوں نہیں کالام میں رہائش اور کاروبار کرلیتے۔" چاندنی نے کہا۔

"میں بھی یہی سوچ رہا ہوں لیکن اس کے لیے تھوڑا انتظار کرنا ہوگا۔ مجھے کراچی جا کر دکان اور مکان بیچنا ہوگا۔"

"اس نیک کام میں دیر نہ کریں ابو!" چاندنی بولی۔ پھر وہ خوف زدہ سی ہو کر بولی۔ "کہیں ایسا نہ ہو کہ زردار خان آپ کو نقصان پہنچائے۔ وہ اور اس کے آدمی آپ کی جان کے دشمن بن چکے ہیں۔"

"اب تو وہ بال تک بیکا نہیں کرسکتا۔" عقرب نے کہا۔ "وہ ایک اشتہاری ملزم ہے۔ صبح ہوتے ہی وہ اور اس کے ساتھی گرفتار کرلیے جائیں گے۔ اس نے جو جرم کیا ہے اس کی سزا پھانسی ہے۔ اس کے علاوہ وہ پولیس کو بہت سارے مقدمات میں مطلوب بھی ہے۔"

"معلوم نہیں کالام میں اب تک کیا کچھ تبدیلیاں اور رونما ہوگئی ہوں گی۔" چاندنی بولی۔ "آپ کا مکان تو مجھے بہت پسند آیا تھا وہ بالکل میرے خوابوں کی طرح تھا۔ دریائے سرسوتی کے کنارے آپ کی امی ابو نے وہ گھر بنایا تھا۔ اگر آپ کے والدین وہ گھر بیچنا چاہیں تو بتادیں اسے ہم خرید لیں گے۔"

"کالام میں آپ کو ایک سے ایک خوبصورت مکان مل جائیں گے۔" عقرب مسکرایا۔ "پہلے آپ کے ابو تو کراچی کی دکان اور مکان فروخت کردیں شاید اس میں ایک برس لگ جائے۔"



"ایک برس......؟" چاندنی کا چہرہ بجھ سا گیا۔ "ایک برس تو ایک صدی سے کم نہیں ہوگا۔"

"ابو یہ بھی تو کرسکتے ہیں کہ کالام میں ایک مکان خرید کر ہمیں وہاں بسا دیں۔ پھر کراچی چلے جائیں۔ کاروبار سمیٹ کر اور مکان فروخت کرکے چلے آئیں۔ باجی کی دیرینہ آرزو بھی پوری ہوجائے گی۔" ستارہ نے کہا۔

"مجھے سوچنے دو بیٹی!" جیم خان نے فکرمندی سے کہا۔ "اس واقعے نے مجھے ہلا کر رکھ دیا ہے۔"

پشاور ریلوے اسٹیشن پر گاڑی سے اترنے کے بعد عقرب نے اجازت چاہی تو جیم خان نے اسے جانے نہیں دیا۔ اسے اپنی بہن کے ہاں لے آئے۔ یہ حویلی نما مکان تھا۔ ان کی بہن زیتون بیگم بھائی کے خاندان کو اچانک اور بغیر اطلاع دیئے آنے پر دیکھ کر پریشان ہوگئی تھیں۔ کیوں کہ کبھی ایسا نہیں ہوا تھا۔ ان کے بہنوئی قیصر خان کو بہت تعجب ہوا تھا۔ ان کی کوئی اولاد نہ تھی لیکن دولت کی فراوانی تھی۔ جب ان بہنوئی کو عقرب کے بارے میں معلوم ہوا تو انہوں نے اس سے کچھ دن ٹھہرنے کے لیے کہا تھا۔

سفر کے دوران اس واقعے نے عقرب کو جیم خان کے گھر کے فرد کی طرح بنادیا تھا۔ چوں کہ زردار خان کی کہانی ختم ہوگئی تھی اس لیے اس سے دونوں بہنوں کا پردہ نہ رہا تھا بلکہ منزل تک دونوں اس سے باتیں بھی کرتی رہی تھیں۔ اس حویلی میں آنے کے بعد پھر سے عقرب اور چاندنی اور ستارہ کے درمیان پردہ حائل ہوگیا تھا۔ چاندنی پہلی لڑکی تھی جو اسے پسند آئی تھی۔ اس نے سوچا کہ اب اسے واپس چلے جانا چاہیے۔ آج اسے تیسرا دن تھا وہ چاندنی کی شکل دیکھنے کو ترس گیا تھا۔ اس نے دوسرے دن یہاں سے چلے جانے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ لیکن وہ جانے سے پہلے چاندنی سے آخری بار ملنا اور بات کرنا چاہتا تھا۔

مردانے سے باہر اس حویلی نما مکان میں سناٹا چھایا ہوا تھا۔ سہ پہر بارش ہوجانے سے موسم خنک ہوگیا تھا۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے سرسرا رہے تھے اس کے لیے ایک کمرہ مخصوص کردیا گیا تھا اس وقت رات کے گیارہ بج رہے تھے عقرب کو نیند نہیں آرہی تھی وہ مردانے سے ملحق چھوٹا کمرہ عبور کرکے چند ہی قدم چلا تھا کہ ٹھٹھک کے رک گیا۔ سامنے وسیع کھلے حصے کے اس طرف دالان میں روشنی ہورہی تھی اور کوئی دیوار کے سہارے ننگے فرش پر بیٹھا ہوا تھا کتاب پڑھ رہا تھا اس کے ذہن میں جو سب سے پہلے نام آیا وہ چاندنی کا تھا اس نے سفید رنگ کا لباس پہن رکھا تھا وہ دودھیا چاندنی لگ رہی تھی دوپٹا کرتہ اور شلوار بھی کا رنگ سفید تھا۔ عقرب اس کے پاس جا پہنچا۔

"آپ ابھی تک جاگ رہی ہیں......؟" عقرب نے اس کے چہرے پر نظریں مرکوز کرکے پوچھا۔

"جی ہاں......" وہ سپاٹ سے لہجے میں بولی۔ اس میں بے رخی سی تھی۔

"کیا بات ہے آپ مجھ سے ناراض معلوم ہوتی ہیں۔" عقرب نے کہا۔

"ہم کون ہوتے ہیں محسنوں سے ناراض ہونے والے۔" وہ کتاب بند کرکے بولی۔ "میں نے سنا ہے کہ آپ دو دن سے جانے کی رٹ لگا رہے ہیں اور کل سنا کہ آپ چلے جائیں گے۔"

''تو کیا آپ مجھ سے شکایت کرنے کے لیے یہاں بیٹھی ہوئی ہیں؟'' عقرب مسکرا دیا۔

''میں نے سوچا کہ آپ سے آخری بار مل کر شکریہ ادا کروں کہ آپ کے جادو نے ہمیں برباد ہونے سے بچالیا۔''

''اگر میں ساری رات اپنے کمرے میں رہتا اور اس طرف نہ آتا تو پھر آپ کو شکریہ ادا کرنے کا موقع نہیں ملتا۔ کیوں؟''

چاندنی نے اس کی بات کا جواب نہیں دیا۔ فرش پر نگاہیں جمائے چپ کھڑی رہی۔ عقرب کو اسے غور سے دیکھنے کے لیے چند لمحے مل گئے۔ سفید لباس میں اس کا رنگ روپ اور نکھر آیا تھا تین دن میں وہ اسے کچھ دبلی سی لگی پھر اسے شاید احساس ہوگیا تھا کہ وہ عقرب کی نظروں کی گرفت میں ہے۔

وہ کچھ توقف کے بعد بے دلی سے بولی۔ ''آخر آپ کو اتنی جلدی واپس جانے کی کیوں ہے دس بارہ دن رک جائیں کیوں کہ ہم لوگ بھی دس بارہ دن کے بعد کراچی چلے جائیں گے۔''

''مجھے اس لیے واپس جانا ہے کہ میرے گھر والے میرا بے چینی سے انتظار کررہے ہیں؟''

''وہ کس لیے......؟'' چاندنی کے منہ سے بلا ارادہ نکل گیا۔

''اس لیے کہ وہ میری شادی کرنا چاہتے ہیں میں نے جو لڑکی پسند کی ہوئی ہے اس کے بارے میں انہیں بتانا بھی ہے۔''

''اوہ......'' چاندنی کے چہرے کی چاندنی پھیکی پڑگئی۔ اس کے سینے میں آواز اٹک گئی۔

''میں چاہتا ہوں کہ میری منگنی جلدی سے ہوجائے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس لڑکی کا رشتہ کہیں اور طے ہوجائے۔''

''کیا وہ لڑکی بہت حسین وجمیل ہے جو آپ اس کے لیے اس قدر پریشان ہورہے ہیں؟'' چاندنی نے بجھے ہوئے لہجے میں پوچھا۔

''جی ہاں۔ حسین لڑکیوں کا کوئی بھروسا نہیں ہوتا ہے۔ ان کا رشتہ طے ہونے میں دیر نہیں لگتی۔''

''کیا آپ نے اس لڑکی کو دیکھا ہوا ہے؟''

''جی ہاں۔'' عقرب نے جواب دیا۔ ''جب سے اسے دیکھا ہے دل ودماغ کی عجیب سی حالت ہوگئی ہے جیسے اس نے مجھ پر کوئی جادو کردیا ہے۔ جادو سے مجھے اپنا اسیر بنالیا ہے۔ یہ حسن وجمال بھی کیسا جادو ہے اس کے آگے بڑے سے بڑا جادو بھی نہیں چلتا ہے۔''

''اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ لڑکی بھی آپ کو بہت چاہتی ہے۔ اس لیے اس نے آپ پر جادو کردیا کیا وہ جادوگرنی ہے؟''

''ہمارے علاقے میں ابھی تک جادو جاننے والے بہت سارے لوگ موجود ہیں میرے خیال میں دنیا کی ہر حسین لڑکی ایک طرح سے جادوگرنی ہوتی ہے۔ مردوں پر اس کا جادو چلتا ہے۔ وہ جادو کے زور سے مردوں کو اپنا غلام بنالیتی ہے۔''

''میاں بیوی جادوگر ہوں تو کیا زندگی خوش گوار گزرتی ہے۔ گزر سکتی؟'' چاندنی نے پوچھا۔



''ڈاکٹر مرد اور عورت آپس میں شادی کرکے کیا خوش گوار زندگی نہیں گزارتے ہیں؟'' عقرب نے جواب دیا۔

''کیا آپ جاتے ہی منگنی کرلیں گے......؟'' چاندنی نے ایک گہری سانس لی۔

''جی ہاں......'' عقرب نے کہا۔ ''کیا ایسا ممکن نہیں ہے کہ آپ لوگ میری منگنی کی تقریب میں شرکت کرکے ہماری عزت افزائی کریں۔''

''آپ ابو سے بات کریں اگر وہ راضی ہوگئے تو ہم سب ایک دن کے لیے آجائیں گے۔'' چاندنی نے کہا۔

''ایک دن کے لیے کیوں......؟'' عقرب نے حیرت سے کہا۔ ''کچھ دن کے لیے کیوں نہیں......؟''

''اس لیے کہ ہم آپ کے گھر والوں کو زیادہ دن تکلیف دینا نہیں چاہتے ہیں۔'' چاندنی بولی۔

''آپ اسے اپنا ہی گھر سمجھیں۔ جب تک جی چاہے آپ ٹھہر سکتی ہیں۔ اس میں تکلیف اور تکلف کی کیا بات ہے۔''

''میرا دل تو کررہا ہے کہ میں ایک ہفتہ قیام کرلوں۔ لیکن ابو نہیں مانیں گے۔''

''اگر میں انہیں رضامند کرلوں تو کیا آپ زیادہ دنوں کے لیے رک جائیں گی؟'' عقرب اس کی آنکھوں میں جھانکنے لگا۔

''ویسے وہ راضی نہیں ہوں گے۔ میں ابو کو جانتی ہوں۔ وہ خوددار طبیعت کے ہیں۔'' چاندنی نے پلکیں جھکائیں۔

''میں اپنی امی اور ابو کو بھیج دوں گا کہ وہ صرف آپ کو لینے آئیں آپ کے ابو نہیں آتے ہیں نہ سہی۔''

''یہ کیسے ہوسکتا ہے......ابو امی مجھے اکیلی جانے نہیں دیں گے کیوں کہ آپ لوگوں سے کوئی رشتہ ناتا نہیں ہے۔''

''کیوں نہیں جانے دیں گے۔ ہر لڑکی رخصت ہوکر اکیلی ہی جاتی ہے۔ جب آپ کو ہمارے ہاں لایا جائے گا تب رشتہ ناتا ہوجائے گا۔ آپ کو ہمیشہ کے لیے ہمارے گھر آکر رہنے میں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ کیوں کہ آپ کو کالام اور ہمارا گھر بہت پسند ہے۔ ہے نا؟''

''جی......جی......'' چاندنی ششدر ہوکر اس کی شکل دیکھنے لگی۔

''جی......جی ہاں......میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ کے ابو کراچی جانے سے پہلے منگنی اور شادی کرکے جائیں۔''

''لیکن۔'' عقرب کے ہونٹوں نے اس کے ہونٹوں کو کچھ کہنے نہیں دیا۔ اس نے چاندنی کی ساری مٹھاس اپنے ہونٹوں میں جذب کرلی۔